دار العلوم دیوبند کا ترجمان

ماہنامہ

دار العلوم



مدیر حبیب الرحمٰن اعظمی

دارالعلوم دیوبند کا ترجمان

ماہنامہ

دارالعلوم

شمارہ:۱	محرم الحرام ۱۴۲۹ھ مطابق جنوری ۲۰۰۸ء	جلد:۹۲

مدیر	نگراں
حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب استاذ دارالعلوم دیوبند	حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند

ترسیل زر کا پتہ: دفتر ماہنامہ دارالعلوم دیوبند - ۲۴۷۵۵۴ یوپی

ہندوستان سے فی شمارہ -/۱۵ روپئے، سالانہ -/۱۵۰ روپئے

سعودی عرب، افریقہ، برطانیہ، امریکہ، کناڈا وغیرہ سے سالانہ -/۸۰۰ روپئے

بنگلہ دیش سے سالانہ -/۲۰۰ روپئے، پاکستان سے ہندوستانی رقم -/۲۰۰ روپئے

Tel. : 01336-222429 Fax : 01336-222768
Mob. : 09411649303 *(Manager)*
Web : http://www.darululoom-deoband.com
www.darululoom-deoband.com/urdu/magazine
E-mail: info@darululoom-deoband.com

R. N. I. No. 2133/57

DARUL ULOOM Monthly (Urdu) Printed, Published by Maulana Marghubur Rahman, Owned by Darul Uloom Grush. Published From Deoband, Saharanpur, U.P.
Printed at Darul Uloom Printing Press Deoband, Saharanpur
Editor : Maulana Habibur Rahman Azmi

فہرست مضامین

نمبرشمار	نگارش	نگارش نگار	صفحہ
۱	حرفِ آغاز	حبیب الرحمٰن اعظمی	۳
۲	اسلام امن وسلامتی کا مذہب (مسلمانوں کی تاریخ حکمرانی سے چند نمونے)	مفتی اختر امام عادل قاسمی	۷
۳	قطع حیات بہ جذبۂ رحم (Euthanasia)		
۴	کی شرعی حیثیت	مفتی محمد شمیم اختر قاسمی	۲۰
۵	مولانا احمد اللہ شاہ شہیدؒ	مولانا محمد میاں صاحبؒ	۳۳
۶	تحریر میں رموز اوقاف کی اہمیت وضرورت	فاروق اعظم عاجزؔ کھگڑیاوی	۵۱

ختم خریداری کی اطلاع

○ یہاں پر اگر سرخ نشان ہے تو اس بات کی علامت ہے کہ آپ کی مدت خریداری ختم ہوگئی ہے۔

- ہندوستانی خریدار منی آرڈر سے اپنا چندہ دفتر کو روانہ کریں۔
- چونکہ رجسٹری فیس میں اضافہ ہوگیا ہے۔اس لیے وی پی میں صرفہ زائد ہوگا۔
- پاکستانی حضرات جناب مولانا شیر محمد صاحب ناظم جامعہ مدنیہ، کریم پارک، راوی روڈ، لاہور کو اپنا چندہ روانہ کریں۔
- ہندوستان و پاکستان کے تمام خریداروں کو خریداری نمبر کا حوالہ دینا ضروری ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حرفِ آغاز

حبیب الرحمٰن اعظمی

اسلام ایک زندہ مذہب ہے، تاریخ کے مختلف ادوار میں وہ خواہ کسی حال اور پیمانے میں رہا، اور راہ حیات میں اسے چاہے کیسے ہی ناسازگار حالات سے گزرنا پڑا، مگر وہ اپنی مکمل شکل میں کائنات ہست و بود میں موجود رہا، اور بغیر کسی پس وپیش اور ادنیٰ تردد کے یہ دعویٰ کیا جاسکتا ہے کہ اس پر کوئی ایسا زمانہ نہیں آیا کہ اس کی اساسی حیثیت پورے طور پر مٹ گئی ہو، اور اگلے زمانہ میں پھر نئے سرے سے طلوع اسلام ہوا ہو۔

دین اسلام کی اصل غایت اللہ تعالیٰ سبحانہ کی معرفت، اس کی رضا کی طلب، اور اس کے احکام کی تعمیل ہے۔ خدائے وحدہ لاشریک لہ، شاہراہِ اسلام کی آخری منزل ہے، سارے پیغمبر اسی ایک کی طرف دعوت دیتے رہے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ”مَنْ اَنْصَارِیْ اِلَی اللّٰہِ“ کا آوازہ بلند کرکے دنیا کو بتایا کہ میں خدائے واحد کی طرف بلانے والا ہوں، رحمتِ عالم خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اپنی منزل کی نشاندہی ان الفاظ میں فرمائی ”قُلْ ھٰذِہٖ سَبِیْلِی ادعوا اِلَی اللّٰہِ عَلٰی بَصِیْرَۃٍ“

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اس شاہراہ کے داعی صحابۂ کرام تھے، وہ اپنے اپنے دائرۂ عمل میں اللہ کے بندوں کو اس کی دعوت دیتے رہے، اور آئندہ آنے والے لوگ ان ہی سے اس شاہراہ کا نشان لیتے رہے۔ جس طرح خدائے واحد کی طرف بلانا تمام پیغمبروں کا اجتماعی نقطہ تھا، ساری امت کو نبیٔ رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کے نقش قدم پر لانا تھا، اصحاب رسول کا اجتماعی نقطہ تھا، حضرت

فاروق اعظم نے ایک موقع پر حضرات صحابہ کے اس داعیانہ کردار کو ان الفاظ میں واضح فرمایا تھا:
"ایھا الناس قد سنّت لکم السنن، وفرضت لکم الفرائض، وترکتم علی الواضحۃ الا ان تضلّوا بالناس یمیناً وشمالاً" اے لوگو! تمہاری راہیں متعین ہوچکی ہیں، اور تمہاری ذمہ داریاں طے کی جاچکی ہیں، تم ایک شاہراہ پر چھوڑے گئے ہو، دیکھنا دائیں بائیں دیکھ کر، (اور دوسری قوموں کے متوازی نظریات سے متاثر ہوکر) گمراہ نہ ہوجانا۔"

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے شاہراہ اسلام کے اولین قافلے سے متصل رہنے کی تلقین وہدایت ان الفاظ میں فرمائی ہے:

من کان مستنّا فلیستنّ بمن قدمات فان الحیّ لا تؤمن علیہ الفتنۃ، اولئک اصحاب محمد صلی اللّٰہ علیہ وسلم کانوا افضل ھذہ الامۃ، ابرّھا قلوبًا واعمقھا علمًا، واقلّھا تکلفاً، اختارھم اللّٰہ لصحبۃ نبیّہ ولاقامۃ دینہ، فاعرفوا لھم فضلھم، واتبعوھم علی اثرھم، وتمسکوا بما استطعتم من اخلاقھم، وسیرھم فانھم کانوا علی الھدی المتسقیم"

جس کو کسی راہ پر چلنا ہو، اسے چاہئے کہ ان لوگوں کی راہ پر چلے جو اس دنیا سے جاچکے ہیں، کیونکہ زندوں پر فتنہ وآزمائش (میں مبتلا ہوجانے سے بالکلیہ) امن واطمینان نہیں ہے، وہ وفات یافتہ جن کی راہ اختیار کرنی چاہئے وہ اصحاب رسول ﷺ ہیں، یہ طبقہ اسلامی امت کا بہترین طبقہ تھا، ان کے دل بہت نیک تھے، ان کا علم سب سے عمیق اور گہرا تھا، ان میں تکلف اور بناوٹ نہیں تھی، اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنے نبی کی صحبت ورفاقت اور اپنے پسندیدہ دین کی اقامت کے لئے منتخب کرلیا تھا، ان کی فضیلت اور برتری کا اعتراف کرو اور پہچانو، بلاشبہ وہ سیدھی راہ پر تھے۔

درسگاہ نبوت کے تربیت یافتہ، فقیہ امت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد محض ایک اتفاقی اور وقتی نصیحت نہ تھی، وہ آئندہ برپا ہونے والے فتنوں میں امت کو راہ حق بتارہے تھے۔

کھول کر آنکھیں میرے آئینۂ گفتار میں   آنے والے دور کی دھندلی سی ایک تصویر دیکھ

حضرات صحابہ سے اسلام کا یہ دینی وعلمی ورثہ تابعین اور ائمہ مجتہدین کو پہنچا، غرضیکہ اسلام کی شاہراہ مسلسل جو "خیر القرون قرنی، ثم الذین یلونھم، ثم الذین یلونھم" کی بشارت

نبوی میں صحابہ وتابعین سے مسلسل چلی آرہی تھی، اکابر محدثین، وفقہائے مجتہدین نے اس پر پہرہ دیا اوراس کے کل وجز کی مکمل صیانت وحفاظت کی، اسی سے تمسک دین مسلسل سے وابستگی ہے،اوریہی دین قیم،اورایک زندہ و پائندہ مذہب ہے، پھراسلام کی پندرہ صدیوں میں ہرصدی میں اللہ رب العزت نے اپنی قدرت کاملہ، وحکمتِ بالغہ سے ایسے لوگ پیدا کرتے رہے جنھوں نے اسلام کے اصول وعقائد،اوراساس اعمال واخلاق کو ہر قیمت پر زندہ رکھا،اوراس کی تاریخ میں کوئی ایسا دورنہیں آیا جب کہ قرآن وحدیث اوراسلام کی تعبیر کلیتہً تحریف کی نذر ہوگئی ہو، اگرایسا ہوا ہوتا تو اسلام ایک زندہ مذہب نہ رہتا، اللہ سبحانہ تعالیٰ کے ان اولوالعزم بندوں نے اپنی حیات کے لمحے لمحے کواظہارحق اورابطال باطل کے لئے وقف کردیا، نامساعد حالات،اور الحادوزندقہ کی لہریں اٹھیں مگرانھیں ایک انچ بھی اس شاہراہ عظیم سے نہ ہٹاسکیں، یہی اسباب کی وہ دنیا ہے جس کے ذریعے دین حق کی ابدی حفاظت ہوئی،اورخدائے حکیم وقدیر کا یہ وعدہ پورا ہوتا رہا ”اِنَّا نَحنُ نَزَّلنَا الذِّکرَ وَاِنَّا لَه لَحَافِظُونَ“

صحابۂ کرام سے چلا یہ سلسلہ نسلاً بعدنسلٍ بارہویں صدی میں مسند ہند حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے خاندان تک پہنچا،اوراپنے بعدوالوں کے لئے یہی خاندان روشنی کا مینار رہا۔

حضرت شاہ صاحب کے خلف رشیداورفرزند اکبرحضرت شاہ عبدالعزیز نے حدیث وفقہ کی مسند سنبھالی، اوراپنے والد ماجد کے افکار ونظریات کو بروئے کار لانے میں اپنی ساری توانائیوں کو داؤ پر لگا دیا، بعد میں آنے والے سب اہل علم اسی خانوادے سے استناد پکڑتے ہیں،اوربطورخاص برصغیر میں یہی خاندان اہل حق کا مرکز اعتماد ہے۔

دارالعلوم دیوبند درحقیقت انھیں محدثین دہلی کے نظروفکر کی نشأۃ ثانیہ ہے،جس نے اپنے ابتدائے قیام سے اسلامی علوم وثقافت کی ترویج واشاعت میں جونمایاں خدمات انجام دی ہیں وہ ہماری تاریخ کا ایک زریں باب ہے۔ دارالعلوم سے وابستہ علماء مکمل طور پر صحابہ سے لے کر محدثین دہلی تک اسناد اسلام کی ہرکڑی سے پورے وفادار رہے اورسلف صالحین کی اتباع کی یہاں تک پابندی کی کہ چھوٹی سے چھوٹی کسی ایجاد بندہ کو دین نہیں بننے دیا۔

دنیا نے اپنے آپ کو بدلا گھڑی گھڑی
یہ اہل عشق ہیں کہ جہاں تھے وہیں رہے

تسلسل اسلام اور اسناد دین کو کمزور کرنے والے مختلف طبقوں سے دارالعلوم اور اس کے اکابر نے کوئی اختلاف کیا تو یہ اس لئے نہیں کہ وہ اختلاف پسند ہیں بلکہ محض اس لئے کہ اسلام جس مبارک سلسلے سے ہم تک پہنچا ہے اس سے پوری وفا کی جائے ان طبقوں کے الحادی اور اسلام مخالف نظریات کی تخریب اس لئے ضروری ہے کہ اس کے بغیر اسلام کی تعمیر اور بقا کی کوئی صورت نہیں ہے۔ دارالعلوم دیوبند اور اس کے ہم نوا علماء دین کا یہی وہ طرۂ امتیاز ہے، جو اسلام مخالف طاقتوں کی آنکھوں میں کانٹے کی طرح کھٹک رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام بیزار طاقتیں آج متحد ہوکر دارالعلوم دیوبند اور علماء دین کے درپئے آزار ہیں اور نت نئے حربوں سے انھیں نشانہ بنارہی ہیں، اور حد تو یہ ہے کہ بعض بیرونی طاقتوں کی خوشنودی میں ہماری قومی حکومت بھی اس مہم میں شریک ہوگئی ہے، جس کی تفصیل انشاء اللہ کسی موقع پر پیش کی جائے گی؛ لیکن ان طاقتوں کو یہ سمجھ لینا چاہئے کہ یہ علماء دین اور ان کے ادارے بالخصوص دارالعلوم دیوبند، ماضی میں بھی اسلام کے سچے وفادار رہے ہیں، زمانۂ حال میں بھی وہ اسلام ہی کے وفادار ہیں اور انشاء اللہ مستقبل میں بھی اسلام کے ساتھ ان کی مکمل وفاداریاں قائم ودائم رہیں گی۔ حلیہ وتدبیر، کذب و بہتان، دجل وفریب، مکاری وعیاری، اور جبر وتشدد کے ذریعہ اسلام کے ساتھ ان کی وفاداری کو ختم نہیں کیا جاسکتا ہے۔

ادھر آ اے ظالم ہنر آزمائیں
تو تیر آزما ہم جگر آزمائیں

❁ ❁ ❁

اسلام امن وسلامتی کا مذہب

(مسلمانوں کی تاریخ حکمرانی سے چند نمونے)

از: مفتی اختر امام عادل قاسمی
مہتمم جامعہ ربانی منوروا شریف (بہار)

اسلام سے قبل دنیا اندھیری تھی، ہر طرف ظلم وجور کا دور دورہ تھا، امن وامان نام کی کوئی چیز موجود نہ تھی؛ کبھی رنگ ونسل کے نام پر، کبھی زبان وتہذیب کے عنوان سے اور کبھی وطنیت وقومیت کی آڑ میں انسانیت کو اتنے ٹکڑوں میں بانٹ دیا گیا تھا اوران ٹکڑوں کو باہم اس طرح ٹکرایا گیا تھا کہ آدمیت چیخ پڑی تھی، اس وقت کی تاریخ کا آپ مطالعہ کریں گے تو اندازہ ہوگا کہ پوری دنیا بدامنی وبے چینی سے لبریز تھی، وہ پسماندہ علاقہ ہو یا ترقی یافتہ اور مہذب دنیا، روم وافرنگ ہو یا ایران وہندوستان، عجم کا لالہ زار ہو یا عرب کے صحرا، وریگزار؛ ساری دنیا اس آگ کی لپیٹ میں تھی اسلام سے قبل بہت سے مذہبی پیشواؤں اور نظام اخلاق کے علمبرداروں نے اپنے اپنے طور پر امن ومحبت کے گیت گائے اوراپنے اخلاقی مواعظ وخطبات سے اس آگ کو سرد کرنے کی کوشش کی جس کے خوشگوار نتائج بھی سامنے آئے مگراس عالمی آتش فشاں کو پوری طرح ٹھنڈا نہیں کیا جاسکا۔

اسلام نے پہلی بار دنیا کو امن ومحبت کا باقاعدہ درس دیا اوراس کے سامنے ایک پائیدار ضابطۂ اخلاق پیش کیا جس کا نام ہی ”اسلام“ رکھا گیا یعنی دائمی امن وسکون اور لازوال سلامتی کا مذہب“ یہ امتیاز دنیا کے کسی مذہب کو حاصل نہیں، اسلام نے مضبوط بنیادوں پر امن وسکون کے ایک نئے باب کا آغاز کیا اور پوری علمی واخلاقی قوت اورفکری بلندی کے ساتھ اس کو وسعت دینے کی کوشش کی، آج دنیا میں امن وامان کا جو رجحان پایا جاتا ہے اور ہر طبقہ اپنے اپنے طور پر کسی گہوارۂ سکون کی تلاش میں ہے یہ بڑی حد تک اسلامی تعلیمات کی دین ہے۔

اسلام میں امن سکون کی ہدایات

جس معاشرہ کا شیرازۂ امن بکھرتا ہے اس کی پہلی زد انسانی جان پر پڑتی ہے۔اسلام سے قبل انسانی جانوں کی کوئی قیمت نہ تھی مگر اسلام نے انسانی جان کو وہ عظمت واحترام بخشا کہ ایک انسان کے قتل کو ساری انسانیت کا قتل قرار دیا۔ قرآن کریم میں ہے:

☆ من اجل ذلك كتبنا على بنى اسرائيل انه من قتل نفسا بغير نفس آو فساد فى الارض فكانما قتل الناس جميعا و من احياها فكأنما احيا الناس جميعا (المائدہ:۳۲)

ترجمہ:''اسی لئے ہم نے بنی اسرائیل کے لئے یہ حکم جاری کیا کہ جو شخص کسی انسانی جان کو بغیر کسی جان کے بدلے یا زمینی فساد برپا کرنے کے علاوہ کسی اور سبب سے قتل کرے اس نے گویا ساری انسانیت کا قتل کیا اور جس نے کسی انسانی جان کی عظمت واحترام کو پہچانا اس نے گویا پوری انسانیت کو نئی زندگی بخشی۔''

انسانی جان کا ایسا عالم گیر اور وسیع تصور اسلام سے قبل کسی مذہب وتحریک نے پیش نہیں کیا تھا۔

❁ اسی آفاقی تصور کی بنیاد پر قرآن اہل ایمان کو امن کا سب سے زیادہ مستحق اور علمبر دار قرار دیتا ہے۔ارشاد باری ہے:

فاى الفريقين احق بالامن ان كنتم تعلمون، الذين آمنوا ولم يلبسوا ايمانهم بظلم اولئك لهم الامن وهم مهتدون (الانعام:۸۱،۸۲)

ترجمہ:''دونوں فریقوں (مسلم اور غیر مسلم) میں امن کا کون زیادہ حقدار ہے؛ اگر تم جانتے ہو تو بتاؤ جو لوگ صاحب ایمان ہیں اور جنھوں نے اپنے ایمان کو ظلم وشرک کی ہر ملاوٹ سے پاک رکھا ہے امن انہی لوگوں کے لئے ہے اور وہی حق پر بھی ہیں۔''

❁ اسلام قتل وخونریزی کے علاوہ فتنہ انگیزی، دہشت گردی اور جھوٹی افواہوں کی گرم بازاری کو بھی سخت ناپسند کرتا ہے وہ اس کو ایک جارحانہ اور وحشیانہ عمل قرار دیتا ہے۔ارشاد باری تعالیٰ ہے:

ولا تفسدوا فى الارض بعد اصلاحها (الاعراف:۵۶)

ترجمہ:''اصلاح کے بعد زمین میں فساد برپا مت کرو''

ان اللّٰه لايحب المفسدين (القصص:۷۷)

ترجمہ: ''اللہ تعالیٰ فسادیوں کو پسند نہیں کرتے۔''

اس مضمون کی متعدد آیات قرآن پاک میں موجود ہیں۔

❁ امن ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ قرآن نے اس کو عطیۂ الٰہی کے طور پر ذکر کیا ہے۔

فلیعبدوا رب ھذا البیت الذی اطعمھم من جوع وآمنھم من خوف (القریش:۴،۵)

ترجمہ: ''اہل قریش کو اس گھر کے رب کی عبادت کرنی چاہئے جس رب نے انہیں بھوک سے بچایا کھانا کھلایا اور خوف وہراس سے امن دیا''

اسلام میں امن کی اہمیت کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی جائے ولادت (حرم مکہ) کو گہوارۂ امن قرار دیا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

من دخله کان آمنا.

ترجمہ: ''اس کے سایہ میں داخل ہونے والا ہر شخص صاحب امان ہوگا۔''

احادیث میں بھی زمین میں امن وامان برقرار رکھنے کے سلسلے میں متعدد ہدایات موجود ہیں مثلاً:

❁ رسول اکرم ﷺ نے ''صاحب ایمان'' کی علامت یہ قرار دی ہے کہ اس سے کسی انسان کو بلاوجہ تکلیف نہ پہنچے۔ حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ:

المسلم من سلم المسلمون من لسانه ویده والمؤمن من آمنه الناس علی دمائھم واموالھم (ترمذی: حدیث نمبر ۲۶۲۷)

ترجمہ: ''مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں اور مومن وہ ہے جس سے لوگوں کے جان ومال کو کوئی خطرہ نہ ہو۔''

❁ ایک اور موقعہ پر ظلم وتنگ نظری سے بچنے کی تاکید کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

اتقوا الظلم فان الظلم ظلمات یوم القیامة واتقوا الشح فان الشح اھلك من کان قبلکم حملھم ان سفکوا دمائھم واستحلوا محارھم (مسلم: حدیث نمبر ۲۵۷۸)

ترجمہ: ''ظلم سے بچو اس لئے کہ ظلم قیامت کی بدترین تاریکیوں کا ایک حصہ ہے، نیز بخل وتنگ نظری سے بچو اس چیز نے تم سے پہلے بہتوں کو ہلاک کیا ہے اسی مرض نے ان کو خونریزی اور حرام کو حلال جاننے پر آمادہ کیا۔''

❁ بخاری میں حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے:

''رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا؛ کہ اللہ کی قسم! مومن نہیں ہوسکتا، اللہ کی قسم مومن نہیں

ہوسکتا، کسی نے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ (ﷺ) کون مومن نہیں ہوسکتا؟ فرمایا کہ جس کے شر سے اس کے پڑوسی محفوظ نہ ہوں۔'' (بخاری: حدیث نمبر ۶۰۱۶)

❁ حضرت جریر بن عبداللہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

لا یرحم اللّٰہ من لا یرحم الناس (بخاری: حدیث نمبر ۷۳۷۶)

ترجمہ: ''اللہ اس شخص پر رحم نہیں کرتا جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا۔''

❁ ایک موقعہ پر ارشاد فرمایا:

خیرکم من یرجی خیرہ یومن شرہ؛ وشرکم من لا یرجی خیرہ ولا یومن شرہ.

❁ ایک اور موقعہ پر آپ ﷺ نے عصبیت و تنگ نظری کی مذمت کرتے ہوئے فرمایا:

''وہ ہم میں سے نہیں؛ جو عصبیت کی طرف بلائے اور جو عصبیت کی بناد پر قتال کرے'' (ابوداؤد: کتاب الآداب، باب العصبۃ، حدیث نمبر ۱۵۲۱)

❁ نیز اہل معاہدہ اور کمزوروں پر ظلم کی نکیر کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:

الا من ظلم معاهدا او انتقض او کلفه فوق طاقته او اخذ منه شیئا بغیر طیب نفس فانا حجیجه یوم القیامة . (ابوداؤد: کتاب الخراج والامارۃ: حدیث نمبر ۳۰۵۲)

ترجمہ: ''خبردار! جو کسی معاہد پر کوئی ظلم کرے گا، یا اس کے حقوق میں کمی کرے گا، یا طاقت سے زیادہ اس پر بوجھ ڈالے گا، یا اس کی مرضی کے بغیر اس سے کوئی چیز حاصل کرے گا؛ تو قیامت کے دن میں خود اس کے خلاف دعویٰ پیش کروں گا۔''

❁ اسی طرح ایک موقعہ پر ارشاد فرمایا:

''جس نے کسی معاہد (ذمی غیر مسلم) کو قتل کیا؛ وہ جنت کی خوشبو سے بھی محروم رہے گا۔''

(مسند احمد، حدیث نمبر: ۲۰۴۶۴، ابن ماجہ کتاب الدیات: حدیث نمبر ۲۶۸۶، نسائی باب القسامہ، حدیث: ۴۷۵۲)

اس طرح کی متعدد روایات کتب احادیث میں موجود ہیں جن میں ظلم و جبر سے بچنے، پرامن زندگی گذارنے، دوسروں کے حقوق کی ادائیگی، فتنہ و شرانگیزی سے اجتناب اور خیر کی اشاعت، عمل خیر میں زیادہ سے زیادہ شرکت، روئے زمین میں ایک امن پسند خوشگوار اور مثبت ماحول کی تشکیل، عام انسانوں کے ساتھ (خواہ وہ کسی بھی مذہب وقوم سے تعلق رکھتا ہو) فراخدلی و رواداری اور ہر مذہب وقوم کے مذہبی روایات و شخصیات کے احترام کی پرزور تلقین کی گئی ہے۔ نیز اس سلسلے میں عہد رسالت کے جو قیمتی ''علمی'' نمونے ہیں وہ ان کے علاوہ ہیں۔

مسلم تاریخ حکمرانی سے امن وامان کے چند نمونے

امت مسلمہ نے ان اخلاقی اور قانونی ہدایات اور عہد رسالت کے علمی نمونوں کو ہر دور میں پوری اہمیت دی اور روئے زمین پر ایک پرامن قوم کی حیثیت سے اپنی پہچان قائم کی۔ مسلمانوں نے اس مقصد کے لئے غیرمسلموں کے ساتھ بھی فراخدلانہ رویہ اختیار کیا، ان کے حقوق وجذبات کی رعایت میں کوئی کسر نہیں چھوڑی اور ہر ممکن کوشش کی کہ کسی طرح قیام امن کا عمل متاثر نہ ہو خواہ اس کے لئے ان کو بڑی سے بڑی قربانی ہی کیوں نہ دینی پڑے۔ مسلمانوں کی انہی کوششوں کا نتیجہ ہے کہ مسلمانوں کی صدیوں پرانی تاریخ میں فرقہ وارانہ فسادات اور خونریز ہنگاموں کا دور دور تک کوئی نشان نہیں ملتا۔ مسلمانوں کے امن پسند ہونے کی اس سے بڑی شہادت کیا ہوسکتی ہے؟

اسلامی عہد حکومت کے مختلف ادوار سے بعض نمونے پیش کئے جاتے ہیں:

عہد صدیقی

عہد رسالت کے بعد تاریخ اسلامی کا سب سے قیمتی عہد؛ عہد صدیقی ہے۔ اس عہد کا ابتدائی حصہ اگرچہ ہنگامی حالات سے لبریز ہے مگر اس کا زیادہ تر تعلق خارجی ہے۔ داخلی طور پر ملک میں کوئی بدامنی نہیں تھی اور بالخصوص غیرمسلموں کے ساتھ پوری رواداری اور فراخدلی کا ماحول قائم تھا۔ چنانچہ حضرت ابوبکر صدیق کے عہد میں جو ممالک فتح ہوئے؛ وہاں غیرمسلم آبادی کے حقوق کا مکمل لحاظ رکھا گیا۔ حیرہ فتح ہوا تو وہاں کے عیسائیوں سے یہ معاہدہ ہوا کہ ان کی خانقاہیں اور گرجا گھر منہدم نہ کئے جائیں گے، ان کا وہ قصر نہیں گرایا جائے گا جس میں وہ ضرورت کے وقت دشمنوں کے مقابلہ میں قلعہ بند ہوتے ہیں، ان کے ناقوس اور گھنٹے بجانے پر پابندی نہ ہوگی، تہوار کے موقع پر صلیب نکالنے پر ممانعت نہ ہوگی، اسی معاہدہ میں یہ بھی تھا کہ یہاں کے ذمیوں کو فوجی لباس کے علاوہ ہر طرح کی پوشاک پہننے کی اجازت ہوگی بشرطیکہ وہ مسلمانوں سے مشابہت پیدا کرنے کی کوشش نہ کریں۔

آپ کے عہد خلافت میں ایک غیرمسلم عورت کا ہاتھ ایک مسلمان افسر نے صرف اس جرم میں کٹوادیا تھا کہ وہ مسلمانوں کی ہجو میں اشعار گاتی تھی۔ حضرت صدیق اکبر نے اس افسر کو تنبیہ فرمائی کہ اگر وہ عورت مسلمان تھی تو کوئی معمولی سزا دینی چاہئے تھی اور اگر ذمی تھی تو جب ہم نے

اس کے کفر وشرک سے درگذر کیا تو یہ تو اس سے فروتر چیز تھی۔

عہد فاروقی

حضرت فاروق اعظمؓ کا عہد پوری دنیائے حکمرانی کی تاریخ میں ایک امتیازی حیثیت کا حامل ہے۔ ملک کی ترقی وخوشحالی، امن وامان کی بحالی، داخلی سلامتی، خارجی سیاست، پیداوار میں اضافہ، ایجادات واکتشافات اور علمی تحقیقات کے لحاظ سے یہ عہد اپنی مثال آپ ہے۔ حضرت فاروق کے بعد چشم فلک نے اس سرزمین پر اتنا خوبصورت عہد حکومت دوبارہ نہیں دیکھا جس میں ہر شخص اپنے کو محفوظ اور ترقی پسند محسوس کرتا تھا اور مسلمانوں کے علاوہ غیر مسلم اقلیتوں کے ساتھ بھی مکمل رواداری ملحوظ رکھی جاتی تھی۔

آپ کے عہد میں بیت المقدس فتح ہوا تو خود حضرت عمر فاروق کی موجودگی میں وہاں کے لوگوں سے یہ معاہدہ ہوا کہ: یہ وہ فرمان ہے جو خدا کے غلام امیر المومنین نے ایلیاء کے لوگوں کو دیا؛ کہ ان کا مال، گرجا، صلیب، تندرست بیمار اور ان کے تمام مذہب والوں کیلئے ہیں۔ اس طرح کہ ان کے گرجاؤں میں نہ سکونت کی جائے گی اور نہ وہ ڈھائے جائیں گے، نہ ان کو اور نہ ان کے احاطے کو نقصان پہنچایا جائے گا، اور نہ ہی ان کے صلیبوں اور ان کے مال میں کچھ کمی کی جائے گی، مذہب کے بارے میں ان پر جبر نہ کیا جائے گا، ایلیا والوں میں سے جو شخص اپنی جان ومال لے کر یونانیوں کے ساتھ منتقل ہونا چاہے تو ان کو اور ان کے گرجاؤں اور صلیبوں کو امن ہے؛ یہاں تک کہ وہ اپنی جائے پناہ تک پہنچ جائے اور جو کچھ اس تحریر میں ہے اس پر خدا کا، رسول کا، خلفاء کا اور مسلمانوں کا ذمہ ہے بشرطیکہ وہ لوگ جزیہ مقررہ ادا کرتے رہیں۔" (الفاروق، شبلی ۲/۱۳۷)

ایک مرتبہ غسان کا نصرانی بادشاہ حضرت عمر سے ملنے آیا تو اتفاقاً ایک اعرابی نے نادانستہ اسے دھکا دیا اس پر بادشاہ نے خفا ہوکر اسے مارا۔ اعرابی کی نالش پر حضرت عمر نے یہ فیصلہ سنایا کہ وہ بادشاہ کو مارے اس پر بادشاہ نے کہا: اے امیر المومنین! کہیں یہ بھی ہوسکتا ہے کہ ایک شخص بادشاہ کو ہاتھ لگائے؟ حضرت عمر نے جواب دیا: اسلام کا قانون یہی ہے۔ انصاف کے باب میں اسلام کے نزدیک امیر وغریب، بادشاہ اور رعایا سب برابر ہیں۔ (اسلام کا نظام امن ص:۴۹ مفتی ظفیر الدین صاحب)

اسی طرح ایک مرتبہ مصر میں گھوڑوں کی ریس ہورہی تھی حضرت عمرو بن عاص (جو مصر کے

فاتح اوراس کے پہلے اسلامی گورنر تھے) ان کے صاحبزادہ بھی اس ریس میں شریک تھے۔ مقابلہ میں ایک قبطی کا گھوڑا ان کے گھوڑے سے آگے بڑھنے لگا تو انھوں نے اس کے گھوڑے کو ایک کوڑا رسید کیا۔ وہ احتجاج کر گیا تو انھوں نے اس قبطی کو ایک کوڑا لگایا اور کہا کہ: میں ایک شریف زادہ ہوں تم نے مجھ سے آگے بڑھنے کی کوشش کیوں کی؟ قبطی نے اس واقعہ کا مقدمہ حضرت عمر فاروق کے یہاں پیش کیا۔ آپ نے گورنر صاحب اور ان کے صاحبزادہ دونوں کو طلب کیا اور فرمایا: تم نے لوگوں کو کب سے غلام بنالیا ہے؟ حالاں کہ سارے انسان اپنی ماں کے پیٹ سے آزاد پیدا ہوئے ہیں، پھر آپ نے قبطی کے ہاتھ میں کوڑا دے کر حکم فرمایا کہ: اس شریف زادہ کے سر پر ویسا ہی پھیرو جیسا کہ اس نے تمہارے سر پر پھیرا تھا۔'' (خلفاء اربعہ ص۲ مولانا علی میاں ندویؒ)

حضرت عمر فاروق ہی کے عہد خلافت کا واقعہ ہے کہ جب ملک شام کے ایک بڑے حصہ پر مسلمان قابض ہوگئے تو ہاں کے لوگوں نے انطاقیہ کے حکمراں ہرقل کو ایک زبردست فوج لے کر حمص کی طرف بڑھنے پر آمادہ کیا جہاں حضرت ابوعبیدہؓ اپنے ساتھیوں کے ساتھ خیمہ زن تھے۔ حضرت ابوعبیدہ کو غنیم کے لشکر جرار کی خبر ملی تو انھوں نے مجلس مشاورت منعقد کیا جس میں یہ رائے طے پائی کہ حمص کو خالی کرکے دمشق کو محاذ بنایا جائے؛ مگر حمص چھوڑنے سے پہلے حضرت ابوعبیدہ نے یہ حکم جاری کیا کہ اب وہ اس کے باشندوں کو دشمنوں سے بچانے کی طاقت نہیں رکھتے۔ اس لئے ان سے جزیہ یا خراج کے نام پر جو کچھ لیا گیا تھا وہ انہیں واپس کردیا جائے؛ کیوں کہ یہ جزیہ حفاظت کی خاطر وصول کیا جاتا ہے۔ چنانچہ اہل حمص کو ان کی پوری رقم واپس کردی گئی۔ اس رقم کی واپسی سے اہل حمص بہت متاثر ہوئے اور کہا کہ: ہم مسلمانوں کی فوجوں کے کاندھے سے کاندھا ملاکر ہرقل کی فوج سے آخری دم تک لڑیں گے۔'' یہودیوں نے بھی توارۃ کی قسم کھاکر یہی بات کہی۔ اہل حمص نے مسلمانوں کو دعائیں دیں کہ خدا تمہیں دوبارہ فتح عطا کرے اور یہاں واپس لائے۔ آج تمہاری جگہ اگر رومی ہوتے تو وہ کچھ بھی واپس نہ کرتے بلکہ ہماری باقی ماندہ چیزیں بھی لوٹ لیتے۔'' (فتوح البلدان ج:۱ص:۱۴۴، الفاروق ج۱ص:۱۲۷، ۱۲۸)

۲۱ھ میں اسکندریہ فتح ہوا تو وہاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ایک تصویر تھی۔ تصویر اسلام میں ناپسندیدہ امر ہے۔ اس بناء پر کسی مسلم سپاہی نے اپنے تیر سے تصویر عیسیٰ کی ایک آنکھ پھوڑ ڈالی۔ اس پر عیسائیوں کو تکلیف ہوئی، جس کی وجہ سے عیسائیوں نے حضرت عمرو بن عاص کے پاس مقدمہ کا پھر مطالبہ کیا کہ: حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی ایک تصویر بناکر ان کو دی جائے؛ تاکہ وہ بھی ان

کی ایک آنکھ پھوڑ ڈالیں؟ حضرت عمرو نے جواب دیا: تصویر کی کیا ضرورت ہے؟ ہم لوگ موجود ہیں؛ تم جس کی آنکھ چاہو پھوڑ ڈالو!! پھر اپنا خنجر ایک عیسائی کے ہاتھ میں دے کر اپنی آنکھیں سامنے کردی۔ یہ سن کر عیسائی کے ہاتھ سے خنجر گر پڑا اور وہ اپنے دعوی سے یہ کہہ کر دستبردار ہوگیا کہ: جو قوم اس درجہ دلیر، فیاض، انصاف پسند اور فراخدل ہو اس سے انتقام لینا بے رحمی اور بے قدری ہے۔'' (خطباب شبلی ص:۳۰،۴۷،۷)

عہد عثمانی

حضرت عثمان غنیؓ کا عہد بھی امن وامان کی بحالی، مختلف قوموں کے ساتھ رواداری، داخلی سلامتی اور ترقی وخوشحالی کے لحاظ سے مثالی تھا۔ متعدد ممالک کی داخلی صورت حال سے باخبر رہنے کیلئے آپ سرکاری وفود بھیجا کرتے تھے۔ جمعہ کے دن منبر پر پہنچ کر اطراف ملک کی خبریں پوچھتے اور عام اعلان کرتے کہ: اگر کسی کو کسی سرکاری افسر سے شکایت ہو تو حج کے موقع پر آکر بیان کرے۔ اس موقعہ پر تمام افسروں کو بھی فوری طور پر طلب کرلیتے تھے؛ تاکہ شکایتوں کی تحقیقات ہوسکے۔'' (مسند احمد بن حنبل ص:۳۰،۷)

آپ کے دور میں نجران کے عیسائیوں کو بعض مسلمانوں سے کچھ شکایات پیدا ہوئیں تو آپ نے فوراً ان کی طرف توجہ کی۔ حاکم نجران ولید بن عتبہ کے نام خصوصی مکتوب تحریر فرمایا اور امن وامان کی صورت حال بگڑنے نہ دی۔ (کتاب الخراج لابی یوسف، ص:۲۷۶)

عہد حضرت علیؓ

حضرت علی کا عہد بظاہر سخت انتشار وخلفشار سے پر ہے اور سخت ہنگاموں سے حضرت علیؓ کو فرصت نہ مل سکی مگر اس کے باوجود غیر مسلم اقلیتوں، اسی طرح غیر جانبدار طبقات کی سلامتی کے باب میں کسی جزء پر انگلی رکھنے کی گنجائش نہیں ہے۔ آپ کے عہد میں ایک گورنر عمرو بن مسلم کی سخت مزاجی کی بعض شکایات آپ کو ملیں تو آپ نے فوراً اس کے ازالہ کی طرف توجہ فرمائی۔

اسی طرح غیر مسلموں کی آب پاشی کی ایک نہر پٹ گئی تھی حضرت علی نے وہاں کے گورنر طرفہ بن کعب کو لکھا کہ: اس نہر کو آباد کرنا مسلمانوں کا فرض ہے۔ میری عمر کی قسم! مجھے اس کا آباد رہنا زیادہ پسند ہے۔ (تاریخ اسلام، ج:۱،ص:۳۶۸ شاہ معین الدین)

یہ تو خیر خلفائے راشدین کا عہد تھا جس سے بہتر اسلامی حکمرانی کا نمونہ ملنا مشکل ہے؛ لیکن بعد کے ادوار میں بھی مسلم حکمرانوں نے غیرمسلموں کے ساتھ رواداری اور مروت کی اس روایت اور نظام امن کے اس سلسلے کو باقی رکھا اور تاریخ حکمرانی میں اس کی زریں مثالیں قائم کیں۔

محمد بن قاسم

خود ہمارے ہندوستان میں مسلم حکمرانی کا دور۷۱۲ء میں شروع ہوا محمد بن قاسم ۷۱۲ء میں پہلی بار سندآئے ان کی عمر اس وقت سولہ (۱۶) برس تھی۔ انھوں نے سندھ آکر اپنی پالیسی کا اعلان اس طرح کیا: ''ہماری حکومت میں ہر شخص مذہب میں آزاد ہوگا، جو شخص چاہے اسلام قبول کرلے جو چاہے اپنے مذہب پر رہے، ہماری طرف سے کوئی تعرض نہ ہوگا۔''

محمد بن قاسم صرف ساڑھے تین سال ہندوستان میں ٹھہرے، بہت سے مندر بنوائے بہت سوں کی مرمت کرائی، مندروں کو جاگیریں دیں اور برہمنوں اور پجاریوں کے وظائف بحال رکھے، ان کے دورحکومت میں بڑے بڑے عہدے غیرمسلموں کے پاس تھے۔ (ہندوستان میں اسلام، جناب عبدالباری ایم،اے)

تاریخ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ محمد بن قاسم کی عدل پروری اور محاسن کا رعایا پر اتنا اثر پڑا کہ جب وہ سند سے رخصت ہوئے تو ان کی یاد میں ایک دھرشالہ تعمیر کیا گیا کچھ ہندوؤں اور بودھوں نے محمد بن قاسم کا اسٹیچو بنا کر ان کی پرستش شروع کردی۔ (آئینۂ حقیقت ۱/۱۰۱ بحوالہ اسلام امن وآشتی کا علمبردار ص:۷۳)

سلطان محمود غزنوی

سلطان محمود غزنوی کے عہد کو غیرمسلموں کے خلاف شدت پسندی کے عنوان سے بدنام کیا جاتا ہے۔ سومناتھ مندر کا حوالہ دے کر محمود کو متعصب ثابت کیا جاتا ہے جبکہ سومناتھ کا مندر اس وقت محمود کے مخالفین کی سرگرمیوں کا مرکز تھا، سارے شکست خوردہ راجاؤں نے وہاں اپنا مرکز بنالیا تھا۔

محمود اگر ایسا ہی کٹر پنتھ تھا تو اس دور میں ہزاروں مندر کیوں محفوظ رہے؟ اور جو غیرمسلم تھے ان کو بزور اس نے مسلمان کیوں نہیں بنالیا تھا؟؟

محمد غزنوی کے یہاں ہندوؤں کی باقاعدہ فوج موجود تھی جس میں ''تلک سندر اور بیجناتھ'' جیسے جنرلوں کے نام کافی نمایاں ہیں، محمود غزنوی کے بیٹے مسعود کو پنجاب میں امن قائم کرنے کیلئے اپنے ہی بھائی سے جنگ کرنا پڑی تو اس نے تلک سندر کی سرکردگی میں اپنی فوج بھیجا۔ (مذہبی رواداری، بحوالہ پالی ٹکس ان پری مغل ٹائمس ص:۴۵،۴۶)

غیاث الدین بلبن

غیاث الدین بلبن کا عہد (۱۲۶۵ تا ۱۲۸۶ء) ملک کی ترقی وخوشحالی، ہندو مسلم تعلقات اور قیام امن کے باب میں کافی مثالی ہے۔اس دور کی رعایا پروری، عدل گستری اور رواداری کا اندازہ سنسکرت کے اس کتبہ سے بھی ہوتا ہے جو''پالم'' میں پایا گیا اور دہلی کے آثار قدیمہ کے عجائب گھر میں موجود ہے؛ اس میں بلبن کے متعلق لکھا ہے:

''جب سے اس سلطان ذیشان نے دنیا کا بوجھ اپنے کندھوں پر لیا ہے؛ دنیا کو سہارا رکھنے والے شیش ناگ دھرتی کے بوجھ سے سبکدوش ہو بیٹھے ہیں اور وشنو بھگوان نگہبانی کا خیال چھوڑ کر اطمینان سے دودھ کے سمندر پر محو استراحت ہے۔'' (دیکھئے: ہندوستان کے معاشرتی حالات ازمنۂ وسطی میں ازعبداللہ یوسف علی ص:۹۸)

علاء الدین خلجی

علاء الدین خلجی کو ایک متعصب حکمراں سمجھا جاتا تھا لیکن اس نے ہندوؤں کے پیشواؤں کی بڑی عزت وتوقیر کی۔ کہا جاتا ہے کہ فرقۂ دیگر کے پیشوا ''پورنا چندر'' اور ''سوئمبر یوگی'' کے ''رام چندر سوری'' کی پذیرائی سلطان کے یہاں بہت تھی۔ (اسلام امن وآشتی کا علمبردار ص:۴۷ حیدرآباد)

مغلیہ عہد

ظہیر الدین بابر نے ہندوستان میں مغلیہ حکومت کی بنیاد ڈالی۔ بابر مذہبی رواداری کی ایک اعلیٰ مثال تھا اس کے بارے میں مؤرخین کی شہادت ہے کہ اس نے ہندو عوام کی دلداری کا ہمیشہ خیال رکھا اس نے مرض الموت میں اپنے بیٹے ہمایوں کو وصیت کی: اے فرزند! ہندوستان کی سلطنت مختلف مذاہب سے بھری ہوئی ہے خدا کا شکر ہے کہ اس نے تم کو اس کی بادشاہت عطا کی۔

تم پر لازم ہے کہ اپنے لوح دل سے تمام مذہبی تعصّبات کو مٹا دو اور ہر مذہب کے طریقہ کے مطابق انصاف کرو۔'' (حوالۂ بالا)

بابر کے بارے میں پروفیسر شری رام شرن شرما لکھتے ہیں:

''ہمیں کوئی ایسی شہادت دستیاب نہیں ہوئی کہ بابر نے کسی مندر کو منہدم کیا ہو اور کسی ہندو کو ہندو ہونے کی وجہ سے ایذاء دی ہو۔'' (مغل امپائر آف انڈیا ص:۵۵)

پروفیسر رام پرساد کھوسلہ نے لکھا ہے:

''بابر نمایاں طور پر مذہبی تعصب اور تنگ نظری سے پاک تھا'' (مغل کنگ شپ اینڈ نوبلٹی، ص:۲۰۷)

بابر نے رانی چندیری کو اپنی بہن بنایا تھا بعد میں ہماریوں نے بھی اس رشتے کو نبھایا اور رانی چندیری کی مدد کیلئے وہ باقاعدہ لشکر لے کر راجپوتانہ گیا۔ (مسلمانوں کے بارے میں غلط فہمیوں وضاحتوں کا یونیورسل پیس فاؤنڈیشن، ص:۱۶)

بابر کے بعد دوسرے حکمرانوں نے بھی اس اعلیٰ روایت کو برقرار رکھا اور کبھی بھی ملک میں نقص امن کی صورت پیدا نہیں ہونے دی۔

اورنگ زیب عالمگیر

اورنگ زیب کو بدنام کرنے کے لئے طرح طرح کے افسانے تراشے گئے؛ لیکن آج تک وہ وثیقے محفوظ ہیں جن کے ذریعہ اورنگ زیب نے ہندوؤں کو بڑی بڑی جاگیریں دیں، اورنگ زیب کے سپہ سالار غیر مسلم تھے اورنگ زیب کی اصل طاقت راجہ جے سنگھ تھا۔''

بنگالی مؤرخ سرجادوناتھ سرکار نے ''تاریخ اورنگ زیب'' میں اعتراف کیا ہے:

''اورنگ زیب کی تاریخ ہندوستان کی ۶۰ سال کی نہایت شاندار تاریخ ہے۔ اس نے کبھی ہندو کو جبراً مسلمان نہیں بنایا، نہ امن کی حالت میں کسی ہندو کی جان لی۔''

(غلط فہمیاں وضاحتیں، ص:۱۶)

''تاریخ ہند'' کے مصنف رام پرساد کھوسلہ لکھتے ہیں:

''اورنگ زیب نے ملازمت کے لئے اسلام کی شرط کبھی نہیں لگائی۔ بادشاہ کو اسلام کا محافظ ضرور سمجھا جاتا تھا مگر غیر مسلم رعایا پر کوئی جبر اور دباؤ نہیں تھا، بابر سے اورنگ

زیب تک مغلوں کی تاریخ تنگ نظری اور فرقہ پرستی سے پاک ہے۔‘‘ (حوالۂ بالا)

سلطان ٹیپو شہید

مزید آگے بڑھ کر جب ہم ماضی قریب کے مسلم حکمرانوں کا مطالعہ کرتے ہیں تو سلطان ٹیپو شہید ان میں سرفہرست نظر آتے ہیں۔ سلطان ٹیپو ایک وطن پرور اور اسلام نواز بادشاہ تھا؛ مگر اس کے عہد میں بھی ہم دیکھتے ہیں کہ اس نے ہندوؤں، برہمنوں اور غیرمسلموں کو بڑے بڑے عہدوں پر فائز کیا اور انہیں اعزاز بخشا۔ ٹیپو سلطان کا وزیراعظم ایک برہمن تھا جن کا نام ’’پونیا‘‘ (Punnayya) تھا۔ اور ٹیپو کا فوجی سپہ سالار بھی ’’کرشنا راؤ‘‘ نامی برہمن تھا اور ٹیپو ایک سو چھپن (۱۵۶) مندروں کو سالانہ امداد دیا کرتا تھا۔ (مذہبی رواداری، ۳/ ۳۱۷، اسلام امن وآشتی کا علمبردار، ص: ۷۵)

دکن کا اسلامی عہد

❁ دکن میں مسلم حکمرانوں کا عہد بھی اس سلسلے میں کافی اہمیت کا حامل ہے۔ خوشحالی، فارغ البالی اور امن وامان کے لحاظ سے یہ پورا دور مثالی مانا جاتا ہے۔ بلالحاظ مذہب وملت، ہندو، مسلم، پارسی، سکھ، عیسائی سب اس عہد میں مل جل کر رہتے تھے۔

❁ قطب شاہی عہد کے فرمانروا سلطان ابراہیم قطب شاہ کی رواداری کے متعلق ڈاکٹر حمیدالدین شرفی لکھتے ہیں:

’’سلطان ابراہیم بڑے عزم والا تھا، اس نے گولکنڈہ کو استحکام بخشا، اس نے ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان محبت وبھائی چارگی کو فروغ دیا۔‘‘ (تاریخ حیدرآباد، ص: ۸)

اسی طرح سلطان ابوالحسن تاناشاہ نے غیرمسلموں کو بڑے بڑے عہدوں سے سرفراز کیا ’’مادنّا‘‘ (جو ایک برہمن تھا اس) کو وزیر اعلیٰ بنایا اور اس کے بھائی ’’اِکنّا‘‘ کو فوج کی کمانڈری کا عہدہ سونپا اور یہ دونوں بھائی چند دنوں میں سلطنت کے مختار کل بن گئے۔ (تاریخ حیدرآباد، ص: ۱۰)

رواداری کا یہ ماحول سلطان ابوالحسن تاناشاہ کے دور حکومت میں پورے آب وتاب کے ساتھ پروان چڑھتا نظر آتا ہے، زندگی کا کوئی شعبہ اور حکومت کا کوئی محکمہ ایسا نہ تھا جس میں ہندو مسلمان دوش بدوش کام نہ کرتے ہوں، دونوں اعلیٰ عہدوں پر فائز تھے، دونوں کو برابر کا مرتبہ حاصل تھا۔‘‘ (آصف سابع میر عثمان علی خان اوران کا عہد، ص ۲۹، از طیبہ بیگم)

❁ قطب شاہی عہد کے بعد دکن میں آصف جاہی سلطنت کی بنیاد پڑی اس عہد میں امن واماں اور مذہبی رواداری کو جوفروغ ہوا اس کی نظیر نہیں ملتی۔ یہاں ہر ایک کو مذہبی آزادی حاصل تھی، مسجد، مندر، گرودوارے، کلیسا، اور آتش کدے سبھی کوعزت کی نظر سے دیکھا جاتا تھا، اذان کے ساتھ مندر کے ناقوس کی گونج بھی سنائی دیتی تھی، آتش کدوں میں آگ دہکتی اور گرجاؤں میں گھنٹے بجتے۔ (حوالۂ بالا ص:۳۲)

آصف جاہ سابع میر عثمان علی خاں نے اس باب میں ایسی مثال قائم کی جس کا متعصب سے متعصب شخص بھی انکار نہیں کرسکتا۔ فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور خوشحالی زندگی کے ہر شعبہ میں نمایاں تھی، مسلمانوں کے ساتھ ہندوقوم کو بھی اعلیٰ عہدے حاصل تھے۔ ان کے دورحکومت میں مہاراجہ ''کشن برشاد'' وزیراعظم تھے۔ وینکٹ رامار یڈی، کوتوال بلدہ مسٹر تاراپوروالی مشیر مال حضور نظام تھے۔ راجہ نرسنگ راج مہتمم سیونگ بینک نظامت ٹپہ تھے۔ جہاں آصف سابع نے مسجدوں، عاشورخانوں، درگاہوں کی امداد کی وہیں مندروں، گرودواروں، کلیساؤں اور آتش کدوں کی مالی سرپرستی بھی کی۔ پارسیوں کونوروز کی، عیسائیوں کوکرسمس کی، سکھوں کوگرونانک کے جنم دن کی، اور ہندوؤں کو دیوالی، دسہرہ اور دوسرے تہواروں کی، اور مسلمانوں کوعیدوں اور میلادوں کی تعطیل ملتی تھی۔ دورعثمانی کی رواداری کا اندازہ اس سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ اس وقت حکومت کے زیرنگرانی ۲۷ مساجد، ۱۰ عاشورخانے، ۱۲ الاوے، ۲۷ درگاہیں، ۱۳ تکئے، ۲۱ مندر، ۱۲ مٹھ، دوگرودوارے اور ۳ آتش کدے تھے۔'' (آصف سابع میر عثمان علی خاں ص:۳۳، ۱۰۱)

غرض! اسلامی حکمرانی کی پوری تاریخ امن واماں اور رواداری کے واقعات سے لبریز ہے۔ دنیا کی کوئی تاریخ ایسی شاندار مثالیں پیش نہیں کرسکتی۔ آج ضرورت ہے کہ دنیا کی حکومتیں اس سے سبق حاصل کریں اور ان خوبصورت نمونوں کو پیش نظر رکھ کر ایک خوبصورت سماج پیدا کرنے کی کوشش کریں۔

اقبال نے کہا تھا ؎

مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا
ہندی ہیں ہم وطن ہے ہندوستاں ہمارا

❁ ❁ ❁

قطع حیات بہ جذبۂ رحم (Euthanasia) کی شرعی حیثیت

(۲)

از: مفتی محمد شمیم اختر قاسمی
ریسرچ اسکالر: شعبۂ دینیات (سنی)
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

احکام شریعت میں مرض کی رعایت:

بیماری کی وجہ سے مریض کے ہونے والے خطرات اوراندیشے کا اسلام کو پوری طرح اندازہ ہے۔ اسلام نے شریعت کے احکام کے نفاذ میں اس کی پوری رعایت رکھی ہے۔ چنانچہ نماز جو دین کا اہم ستون ہے بیماری کی حالت میں اگر حرکت کرنے سے اس کے مرض میں اضافہ کا خطرہ ہے تو ایسے وقت میں وہ بیٹھ کر یا اشارے سے نماز پڑھے۔ حدیث رسول ﷺ میں اس کی صراحت موجود ہے:

"صلی قائما فان لم تستطع فقاعدا فان لم تستطع فعلی جنب". (۳۸)

جسم کو پاک رکھنے کے لیے غسل ضروری ہے۔ لیکن مرض کی حالت میں پانی کا استعمال اس کے لیے خطرہ کا سبب بن سکتا ہے تو وہ پاکی حاصل کرنے کے لیے تیمّم کرے۔ اسی طرح سردی کے زمانہ میں پانی کے استعمال سے مرض بڑھنے یا جسم وجان کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو ایسے وقت میں نماز ادا کرنے کے لیے پانی سے وضو کرنے کے بجائے تیمّم کی اجازت ہے۔ (۳۹) حالت سفر میں نہ صرف نماز فرض کے قصر کی اجازت ہے بلکہ وہ روزہ بھی نہ رکھے تو کوئی حرج نہیں، کیوں کہ یہ شارع کی طرف سے رخصت ہے۔ البتہ بعد میں اس کی قضا ضروری ہے۔ رمضان کے مہینہ میں کوئی مریض روزہ رکھنے کی حالت میں نہیں ہے تو وہ اس کی قضا کرسکتا ہے۔ قرآن کریم میں اس سہولت پر اس انداز سے روشنی ڈالی گئی ہے:

وَمَنْ كَانَ مَرِيضاً اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ، يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ. (البقرہ:۱۸۵)

(تم میں سے جو شخص مریض ہو یا سفر کی حالت میں ہو تو دوسرے دنوں میں روزہ کی تعداد پوری کرے اللہ تمہارے ساتھ نرمی چاہتا ہے سختی نہیں۔)

حفظانِ صحت کے لیے محرمات سے بھی استفادہ کیا جاسکتا ہے:

اللہ نے بیماری بھی پیدا کی تو اس کا علاج بھی پیدا کر دیا۔ اور تاکید فرمائی کہ حلال چیزوں کے ذریعہ علاج کرایا جائے۔ مگر بعض وقت ایسا بھی آتا ہے کہ مریض کا حلال اشیا کے ذریعہ علاج نہیں ہو پاتا۔ البتہ محرمات کے ذریعہ اس کا علاج آسانی سے ہو جاتا ہے۔ یہی حال حفاظت جان کے لیے حلال چیزیں میسر نہ ہو اور حال یہ ہو گیا ہو کہ اگر اسے کھانے پینے کی اشیا نہ ملے تو اس کو جان کا خطرہ ہے اور اس وقت اس کے سامنے سوائے حرام اشیا کے کچھ بھی نہیں ہے تو ایسی بے بسی کے عالم میں اسلام اجازت دیتا ہے کہ وہ حرام چیزوں کا استعمال کر کے اپنی جان کو بچالے اور اگر وہ ایسا نہیں کرتا اور اس کی جان ختم ہو جاتی ہے تو اسے خودکشی قرار دی جائے گی اور اس پر خودکشی کے احکام نافذ ہوں گے۔(۴۰) ارشاد باری تعالیٰ ہے:

فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (المائدہ:۳)

(جو شخص بھوک سے مجبور ہو کر حرام چیزوں کا استعمال کرے اور اس کا رجحان گناہ کی طرف نہ ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں، بے شک اللہ معاف کرنے والا ہے)

ایک دوسرے مقام پر حفظانِ صحت کے لیے مردار چیزوں اور سور کے گوشت کے استعمال کی بھی اجازت دی گئی ہے۔ قرآن میں ہے:

اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ. اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ. (البقرہ:۱۷۳)

(اللہ نے تمہارے لیے مراد اور خون اور سور کا گوشت اور جس جانور کو اللہ کے نام کے علاوہ دوسرے کے نام پر ذبح کیا گیا ہو ان کو حرام قرار دیا ہے؛ لیکن اس کے باوجود جو شخص اضطرار کی حالت میں ہو وہ ان میں سے کسی چیز کا استعمال کر سکتا ہے اور اس کا ارادہ نافرمانی اور زیادتی کا نہ ہو تو اس میں کوئی گناہ نہیں ہے، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے)

بعض مواقع پر اللہ کے رسول ﷺ نے بھی ناپاک اشیا کے ذریعہ علاج کرانے کا حکم دیا ہے۔ جیسا کہ ایک روایت میں ذکر ہوا ہے کہ عرینہ کے کچھ لوگ مدینہ آئے اور رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کی اور وہ مسلمان ہوگئے۔ کچھ دنوں تک یہ لوگ مدینہ ہی میں مقیم رہے، مگر اس درمیان یہاں کی آب و ہوا ان کے لیے سازگار نہ ہوئی اور وہ بیمار پڑ گئے تو اللہ کے رسول ﷺ نے ان لوگوں کو مدینہ سے باہر ایک اونٹ کے چراگاہ میں جانے کا حکم دیا اور فرمایا کہ تم اونٹ کا دودھ اور پیشاب استعمال کرو، اس طرح تم صحت یاب ہوجاؤ گے۔ جب ان لوگوں نے ان دونوں چیزوں کا استعمال کیا تو وہ صحت یاب اور تندرست ہوگئے:

”عن ان قال قد اناس من عكل او عرينة فاجتووا المدينة فامرهم النبى ﷺ فلقاح وان يسربوا من ابوالها والبانها فانطلقوا فلما صحوا“. (۴۱)

ضرورت ممنوع چیزوں کو مباح کردیتی ہے۔ (۴۲) کی روشنی میں علمائے اسلام نے یہ مسئلہ استخراج کیا ہے کہ جو شخص مردار خون اور سور کا گوشت کھانے پر مجبور ہونے کے باوجود اسے نہ کھائے اور وہ ہلاک ہوجائے تو وہ جہنم میں جائے گا الا یہ کہ اللہ اسے معاف کردے۔

”وقد قال علماء من اضطر الى اكل الميتة والدم ولحم الخنزير فلم يأكل دخل النار الا ان يعفو الله عنه“. (۴۳)

علامہ ابوبکر جصاص نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ مضطر کے لیے مردار کا کھانا فرض ہوجاتا ہے اور اضطرار ممانعت کو ختم کردیتا ہے۔ اس لیے مضطر اگر اسے نہ کھائے اور اس کی موت واقع ہوجائے تو وہ خود اپنا قاتل ہوگا اس شخص کی طرح جس کے مکان میں روٹی اور پانی ہو اور وہ کھانا پینا چھوڑ دے اور مرجائے تو اللہ تعالیٰ کا نافرمان اور خودکشی کرنے والا ہوگا۔

”اكل الميتة فرض على المضطر والاضطرار يزيل الحرز ومتى امتنع المضطر من اكلها حتى مات صار قاتلا لنفسه فمنزلة من ترك اكل الخبز وشرب الماء فى حال الامكان حتّٰى مات كان عاصيا للّٰه جانيا علىٰ نفسه“. (۴۴)

اسی طرح فقہائے کرام نے علاج کے مسئلہ میں یہ رعایت پیش کی ہے کہ اگر حلال چیزوں کے ذریعہ علاج ممکن نہ ہو اور تحقیق سے یہ بات عیاں ہوچکی ہو کہ مریض کا علاج حرام اشیا کے ذریعہ ہی ہوسکتا ہے تو ایسی صورت میں حرام چیزوں کا استعمال جائز ہوجائے گا۔ (۴۵) نیز کسی مضطر کے سامنے مردار اور دوسرے شخص کا کھانا دونوں موجود ہو، مگر دوسرے شخص کے کھانے کے سلسلے میں اسے شک کا گمان ہو تو ایسی صورت میں بعض فقہا مردار کھانے کی اجازت دیتے ہیں،

بسا اوقات دوسرے کا کھانا نتائج کے لحاظ سے زیادہ ضرر رساں ثابت ہوتا ہے۔(۴۶)

جن لوگوں نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت کہ ''اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے کسی حرام چیز میں تمہاری شفا نہیں رکھی ہے'' (۴۷) کو دلیل بنا کر حرام چیزوں سے علاج نہ کرنے کی ممانعت کی ہے وہ عمومی کیفیت میں ہے، اضطراری کیفیت سے اس کا تعلق نہیں ہے۔ جیسا کہ اس حدیث کا مطلب ردالمحتار میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر مرض کا علاج رکھا ہے۔ اگر یہ علاج کسی حرام چیز سے ہو تو اس کی حرمت ختم ہو جائے گی اور وہ مباح قرار پائے گی۔ اس لیے کہ اللہ نے کسی حرام چیز میں تمہارے لیے شفا نہیں رکھی ہے۔(۴۸) حاصل کلام یہ کہ اللہ تعالیٰ نے جس نفس کو وجود بخشا ہے اس کی حفاظت اور اس کو تندرست رکھنے کی بھی تدبیر بیان کردی ہے، اگر وہ ان تدبیروں سے مستفید نہیں ہوتا تو اپنی جان کو خود ہی ہلاک کرنے والا شمار کیا جائے گا جس کو اسلام نے اچھی نگاہ سے نہیں دیکھا ہے۔ البتہ اس اجازت کو بلا ضرورت کام میں لانا، ضرورت کی حد سے تجاوز کرنا، غلط استعمال کرنا یہ سب صورتیں ممنوع ہیں۔ شریعت کی جو رخصتیں اور سہولتیں ضرورت کی بنا پر ہوتی ہیں وہ بس ضرورت ہی کی حد تک معتبر ہوتی ہیں، اس سے زیادہ کی گنجائش نہیں ہوتی۔

خودکشی حرام ہے:

اسلام نے موت کی دعاء کرنے کی ممانعت کی ہے تو پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ وہ مصائب و مشکلات اور بیماری وغیرہ سے دوچار ہونے کے بعد انسان کو خودکشی کی اجازت دے دے۔ اگر کوئی شخص خودکشی کرتا ہے تو وہ فعل حرام کا مرتکب ہوتا ہے اور اس کی سزا بڑی سخت ہوگی۔ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

اَلْكَبَائِرُ: اَلْإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ وَعُقُوقُ الْوَالِدَيْنِ وَقَتْلُ النَّفْسِ وَالْيَمِيْنُ الْغَمُوْسِ.(۴۹)

(کبیرہ گناہوں میں ہے: اللہ کے ساتھ شریک کرنا، والدین کی نافرمانی کرنا، کسی نفس کو قتل کرنا اور جھوٹی قسم کھانا۔)

انسان کتنا ہی متقی اور پرہیزگار ہو اور کتنی ہی نیکیاں کمائی ہو اور بھلائی کا کام کیا ہو، اگر وہ دنیاوی پریشانیوں اور ناکامیوں سے دوچار ہو کر یہ اقدام کرتا ہے تو اس کے سارے اچھے اعمال رائیگاں اور برباد ہو جائیں گے اور اس کا ٹھکانہ جہنم کے علاوہ اور کہیں نہ ہوگا۔ موت کا وقت متعین ہے اور جس نے انسان کو پیدا کیا ہے وہی اس کا اختیار رکھتا ہے کہ کب تک اسے زندہ رہنا ہے اور

رہنا چاہیے۔ارشاد ربانی ہے:

فَاِذَا جَاءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ. (النحل:۶۱)

(جب موت کا وقت آجاتا ہے تو ایک ساعت بھی آگے پیچھے نہیں ہوسکتا۔)

خودکشی کا اقدام مشکلات سے فرار کا راستہ ہے۔ یہ دنیا دارالامتحان ہے۔ ہر وقت اور ہر منزل پر آدمی کا واسطہ نئے نئے مسائل سے پڑتا ہے اور وہی شخص اس میں کامیاب ہے جو ہر طرح کی پریشانیوں کا جم کر مقابلہ کرے اور زندگی کی آخری منزل تک پہنچ جائے۔ جو شخص شدائد ومشکلات میں صبر کا دامن چھوڑ بیٹھے اور جلد بازی و بے صبری میں متاع حیات ہی کو ختم کردے وہ موت کے بعد جو اس کی دوسری زندگی شروع ہونے والی تھی کو اپنے ہی کرتوتوں سے درہم برہم کردیا۔اس دوسری زندگی میں بھی وہی شخص کامران ہوگا اور اس کا لطف اٹھائے گا جس نے اس دنیا میں نازک ترین لمحات میں بھی خدا کا بندہ ہونے کا ثبوت دیا اور زندگی کے آخری سانس تک وہ اس پر قائم رہا۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام نے اس دنیا کو آنے والی دوسری دنیا کا ضمیمہ قرار دیا ہے۔ یہاں جو عمل اچھا یا برا کیا جائے گا اس کا بدلہ اسے دوسری زندگی میں مل کر رہے گا۔خودکشی بھی ایک غلط اور ناپسندیدہ عمل ہے۔جس سے آدمی کی آخرت خراب ہوگی۔

روایتوں میں آتا ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کسی غزوہ میں بڑی شجاعت اور بہادری کا مظاہرہ کیا اور ہر محاذ پر دشمنوں کا مقابلہ کرتا رہا۔اس کی اس بہادری کو دیکھ کر ہر طرف سے تحسین وتعریف ہونے لگی۔ بالآخر وہ لڑتے لڑتے شدید زخمی ہوگیا،اور زخم کی تکلیف برداشت نہ کرسکا تو وہ اپنی ہی تلوار کی نوک اپنے سینے میں پیوست کرلی جس سے اس کی موت ہوگئی۔ رسول ﷺ کو اس کے اس فعل کی خبر ہوئی تو آپ نے اسے جہنمی قرار دیا۔(۵۰)

اسی طرح حضرت جندب بن عبداللہ بجلی روایت کرتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا تم میں سے پہلے جو قومیں گزرچکی ہیں،ان میں کے ایک شخص کا واقعہ ہے کہ اسے زخم لگا وہ اس کی تکلیف برداشت نہ کرسکا اور چاقو سے اپنا ہاتھ کاٹ ڈالا۔اس سے اس قدر خون بہا کہ اس میں اس کا انتقال ہوگیا۔اس پر اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا کہ میرے بندہ نے جلدی کی قبل اس کے کہ میں اس کی روح قبض کرتا،اس نے خود ہی اپنے آپ کو ختم کردیا۔لہٰذا میں نے اس کے لیے جنت حرام کردی:

”کان فیمن کان قبلکم رجل به جرح فجزع فاخذ سکینا فحزلها یده فما رقا الدم حتی مات قال الله عزوجل بادرنی عبدی بنفسه فحرمت علیه الجنة“(۵۱)

خودکشی کرنے والے کے ساتھ نہ صرف خدا کا معاملہ دردناک ہوگا بلکہ دنیا میں بھی ایسے

لوگوں کی کوئی وقعت نہیں ہوتی اوراس کے برے نتائج سے اس کے گھر والے اور عزیز واقارب دوچار ہوتے ہیں اوران کے گھر والوں کے ساتھ طعن وتشنیع کا معاملہ کرتے ہیں اورسماج ومعاشرہ کی ہمدردی سے بھی وہ محروم ہوجاتا ہے۔خودکشی کرنے والا تو چلا گیا مگراس کے اس غلط عمل سے ان کے احباب کوکتنا نقصان پہنچتا ہے اس کا اندازہ اگراسے ہوجائے تو کوئی شخص اس فعل حرام کا مرتکب نہیں ہوگا۔یہی وجہ ہے کہ جب اللہ کے رسول ﷺ کوایک مسلمان کے خودکشی کرنے کی خبرملی تو آپ برہم ہوگئے اور فرمایا کہ میں اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھوں گا۔(۵۲)

اسلام نے کسی بھی حال میں خودکشی کی اجازت نہیں دی ہے۔ اندازہ لگایئے جس نے انسان کو پیدا کیا، ماں کے شکم سے لے کر زندگی کے آخری حصے تک اس کی حفاظت ونگرانی فرمائی اوراس نے اپنے بندوں کوسکون وراحت کی نعمت سے سرفراز کیا۔تو وہی اللہ اپنے بندوں کومصائب ومشکلات میں مبتلا کرتا ہے۔ جب اس کوخوشی ملتی ہے تو وہ عیش کرتا ہے اور جب پریشانی آتی ہے تو وہ اس سے فرار کی راہ اختیار کرتا ہے اوراپنے اوپر موت کوطاری کرتا ہے، یہ کیسی بوالعجبی ہے۔ کچھ لوگ خودکشی کے حق میں یہ دلیل دیتے ہیں کہ انسان اپنی جان کا مالک ہے اوراسے اختیار ہے کہ وہ اسے ختم کردے یاباقی رکھے۔مزید طرفہ تماشا یہ کہ بعض مواقع پر تواس عمل کووہ پسند نہیں کرتے مگر بیماری اورتکلیف کی حالت میں اس عمل کو بروئے کارلانے میں کوئی قباحت نہیں سمجھتے اور کہتے ہیں کہ ایسا شخص زندگی کواس لیے ختم کررہا ہے کہ وہ تکلیف کا باعث بن گئی ہے اوراس کی وجہ سے وہ سخت اذیت محسوس کررہا ہے، وہ معاشرہ کے حقوق ادا کرنے کی حالت میں جب نہیں ہے تو ان سے گریز کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا۔

کسی کی جان کب لی جائے گی؟

کوئی شخص کسی شدید بیماری میں مبتلا ہوتا ہے تو نہ صرف اس کے قریب ترین رشتہ دار اور احباب کے لیے ضروری ہے کہ وہ ان کی بیماری کا جو بہتر سے بہتر علاج ہوسکتا ہے اور جو اس کی احتیاطی تدابیر ہوسکتی ہیں اسے بروے کارلائے۔اسی طرح معالج کا بھی فریضہ ہے کہ مریض کی بیماری کورفع کرنے کی سنجیدہ کوشش کرے۔ایسا نہ ہوکہ اس کی تکلیف کودیکھ کراس کے زندہ رہنے کا حق ہی ختم کردے۔ جب کوئی شخص کسی کوایک لمحہ کی زندگی نہیں دے سکتا تو اسے اس کا بھی اختیار نہیں ہے کہ کسی کی جانب ایک لمحہ پہلے ختم کردے۔ اسلام نے ہرشخص کی جان کومحترم قرار دیا ہے تواس کا تقاضا ہے کہ اس کے ساتھ احترام کا معالہ کیا جائے۔ البتہ کسی وجہ سے حالات ایسے

ناسازگار ہوجائیں اور کسی نفس کا قتل کرنا ضروری ہوجائے تو اس صورت میں اسلام کا موقف یہ ہے کہ سماج کے ایسے ناسور کو ختم کردیا جائے۔ ارشاد ربانی ہے:

وَلَا تَقْتُلُوْ النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰہُ اِلَّا بِالْحَقِّ. (الانعام:۱۵۱)

وہ حالات کیا ہیں جن کی وجہ سے انسان کا قتل مباح ہوجاتا ہے اس کی تفصیل قرآن میں یہ بیان کی گئی ہے:

مَنْ قَتَلَ نَفْساً بِغَیْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِیْ الْاَرْضِ فَکَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جمیعا و من احیاھا فکانما احیا الاناس جمیعا. (المائدہ:۳۲)

(جوکوئی کسی نفس کو قتل کرے بغیر اس کے کہ اس نے کسی کو قتل کیا ہو یا زمین میں فساد پھیلایا ہو تو اس نے گویا سب انسانوں کا قتل کیا، جس نے کسی نفس کو زندہ رکھا گویا اس نے سب انسانوں کو زندہ کیا۔)

فقہائے اسلام نے ان تمام حالات اور مواقع کی تفصیل بیان کردی ہے جس میں بطور سزا یا دیت کے انسان کا قتل روا ہے۔(۵۳)

قطع حیات کے لیے مریض کی رائے قابل اعتبار ہوگی:

مذکورہ تفصیلات کی روشنی میں یہ اندازہ بآسانی لگایا جاسکتا ہے کہ اسلام میں انسان کی جان محترم ہے۔ اس سے اس بات پر بھی غور کیا جاسکتا ہے کہ جس اسلام نے ہلکی پھلکی تکلیف پر نہ صرف دواؤعلاج کو ضروری قرار دیا بلکہ مرض کی تکلیف سے دوچار ہوکر موت کی تمنا کرنے کی بھی ممانعت کردی، اس کے بعد خودکشی کو مصائب ومشکلات سے فرار کی راہ قرار دیتے ہوئے اور سماجی ودینی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کی وجہ سے جو نقصانات ہوتے ہیں اس کے پیش نظر اسے حرام قرار دیا۔ ایسی صورت میں یوتھینیز یا (Enthunasia) پر عمل کرنے کی اسلام کیسے اجازت دے سکتا ہے اور اس سلسلے میں اسلام کی ہمدردی کیوں کر ہوسکتی ہے جو بہ جذبہ رحم قتل ہے۔ نہ تو مریض پریشانیوں سے دوچار ہوکر اپنی مرضی سے اسے بروئے کار لاسکتا ہے۔ جیسا کہ ہمفری کی رائے ہے اور نہ وہ ڈاکٹر کو اس کی اجازت دے سکتا ہے کہ وہ پریشانی بسیار کے وقت اس کی جان ختم کردے، تاکہ اسے تکلیف سے نجات مل جائے۔ چہ جائے کہ یہ اجازت ہوش وحواس کی سلامتی کے وقت دے یا بے ہوشی کے عالم میں۔ کسی بھی طرح اس کا یہ اقدام یا اجازت معتبر نہ ہوگی اور اگر وہ خود سے اس عمل کو انجام دیتا ہے تو وہ خودکشی کرنے والا قرار پائے گا اور ایسے وقت میں سماج

ومعاشرہ کی ہمدردی بھی اس سے ختم کرلی جائے گی۔خودکشی یا یوتھینیزیا پرعمل کرنے سے جو مفاسد سماج ومعاشرہ پر مرتب ہوں گے اسے بہرصورت ذہن میں رکھنا ہوگا۔ کیوں کہ اس سے نہ صرف لوگوں کا مفاد وابستہ ہے بلکہ یہ سماج اور معاشرہ کے ساتھ دھوکہ وفریب دینے کی بھی ایک صورت ہے۔ مثلاً یہ کہ کوئی شخص کسی کا قرض لیے ہوا ہے یا وہ بینک سے بھاری رقم لے چکا ہے جس کو بروقت وہ ادا کرنے کی حالت میں نہیں ہے اور اس کی وجہ سے بعض حدود وقیود کا بھی پابند ہونا پڑے گا۔ پریشانی سے نجات پانے کے لیے مقروض اس عمل کو رازدارانہ طریقے سے بھی انجام دے سکتا ہے اور ڈاکٹروں سے وہ کہہ سکتا ہے کہ چوں کہ میری تکلیف میں کمی نہیں ہورہی ہے اور مرض بھی لاعلاج ہے تو ایسی صورت میں تارحیات کاٹ دیا جائے۔ اسی طرح وہ انسورنش سے بھی قبل از وقت فائدہ اٹھانے کے لیے یہ عمل اختیار کرسکتا ہے۔

بیماری اور تکلیف ایک اضافی چیز ہے جو ہر ایک کے ساتھ لاحق ہوتی ہے۔ جیسا کہ عرض کیا گیا کہ اسلام میں بیماری کو گناہوں کا کفارہ قرار دیا گیا ہے اور مسلمان بندہ اس تکلیف کو بہ طیب خاطر برداشت کرتا اور اسے عطیہ خداوندی سمجھتا ہے تو آخرت میں اس کا درجہ بہت بلند ہے۔ فقہ اسلامی میں یہ اصول موجود ہے کہ المشقة تجلب التيسير. (۵۴) مشقت اپنے ساتھ سہولت لاتی ہے۔ اسی لیے فقہا نے لکھا ہے:

”اس دنیا میں انسان کی ساری حالتیں مشقت کی ہیں، حتی کہ کھانا پینا اور دوسرے تمام کام مشقت سے خالی نہیں ہیں۔ مگر اللہ تعالیٰ نے انسان کو ایسی قدرت وطاقت دی ہے کہ وہ ان مشقتوں پر حاوی ہے نہ یہ کہ مشقتیں انسان پر حاوی ہیں۔“ (۵۵)

شریعت کے اس اصول کو اگر انسان نے اپنے ذہن میں جگہ دے دی تو وہ زندگی بھر کے مشکلات ومصائب اور تکالیف کو بآسانی جھیل سکتا ہے اور اس طرح نہ خودکشی کا فعل انجام پاسکتا ہے اور نہ ہی لاعلاج اور شدید تکلیف میں مبتلا مریض اپنے لیے موت کو دعوت دے سکتا ہے اور نہ ہی مریض کے رشتہ دار اس کے تارحیات کو کاٹنے کا خیال ذہن وفکر میں لاسکتے ہیں۔ قتل بہرحال قتل ہے چاہے مریض کی مرضی سے کیا جائے یا اس کے احباب کی اجازت سے اور قتل کے لیے چاقو استعمال کیا جائے یا بندوق کی گولی، یا پھر مہلک دوا یا زہریلے مادے۔ ہمدردی کے رشتہ سے کیا جائے یا دشمنی سے۔ ہرصورت میں قتل ہی ہوگا جو قابل مواخذہ ہے۔ اس پس منظر میں مندرجہ ذیل اقتباس قابل ملاحظہ ہے:

”اسلامی نقطۂ نظر سے قتل کا جرم اس وجہ سے ہلکا نہیں ہوتا کہ کسی کو اس کی اجازت

سے قتل کیا گیا، کوئی شخص جیسا کہ عرض کیا گیا اپنی ذات کا مالک نہیں ہے۔اس وجہ سے جس طرح اسے خودکشی کا حق حاصل نہیں ہے، اسی طرح اسے یہ حق بھی حاصل نہیں ہے کہ وہ کسی دوسرے فرد کو اپنی زندگی ختم کرنے کی اجازت دے۔فقہا نے لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص کسی مضطر اور مجبور انسان کو یہ پیش کش کرتا ہو کہ اس کے جسم کا کوئی عضو کاٹ کر کھالے تو وہ اسے کھا نہیں سکتا، اس کی وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ حالت اضطرار میں بھی انسان کا گوشت جائز نہیں ہے، نہ وہ اسے قتل کرکے اپنا اضطرار دور کرسکتا ہے اور نہ اس کی پیش کش سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے، یہ اس احترام کے خلاف ہے جس کا حکم دیا گیا ہے۔اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اس میں پیش کش کرنے والے کی ہلاکت کا خطرہ ہے جس طرح مجبور و مضطر شخص کی جان محترم ہے، اسی طرح اجازت دینے والے کی جان محترم ہے۔'' (۵۶)

یہ تصریح دراصل اس خیال کی تردید کرتی ہے کہ جو یہ کہتے ہیں کہ کوئی شخص اپنی مرضی سے چاہے تو قطع حیات کراسکتا ہے اور شدید تکلیف میں مبتلا ہونے سے قبل وہ اپنے رشتہ دار یا ڈاکٹر کو اس عمل کے انجام دینے کی پیش کش کرسکتا ہے۔مگر مریض نے شدید تکلیف میں مبتلا ہونے کے دوران یہ پیش کش کی تو اس کے متعلق مولانا فرماتے ہیں کہ شدید کرب میں مبتلا شخص ذہنی لحاظ سے اس لائق نہیں ہوتا کہ وہ اپنی موت و حیات کے بارے میں کوئی سنجیدہ فیصلہ کرسکے۔ایسے مریض بھی ہوتے ہیں جو بولنے اور مافی الضمیر ادا کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔بعض آدمی اچانک اس صلاحیت سے محروم ہوجاتے ہیں، اس طرح کے افراد زندہ رہیں یا نہ رہیں اس کے فیصلہ کرنے کا حق کس کو دیا جائے ڈاکٹر یا ان کے رشتہ دار کو؛ لیکن ان میں سے کسی کو بھی یہ حق دینا مریض کے حق حیات پر شب خوں مارنے کے ہم معنی ہے۔(۵۷)

قطع حیات کی اجازت کا اختیار مریض کے رشتہ داروں کو حاصل ہے:

جہاں تک قریبی رشتہ داروں کا تعلق ہے کہ وہ کب تک مریض کی وجہ سے اپنے روزمرہ کے معمولات اور نظام زندگی کو متاثر کریں گے۔تو کیا مریض کی پریشانی اس پریشانی سے زیادہ ہے کہ جب اس کی ماں نے اسے ۹ ماہ اپنے شکم میں رکھا تھا، پھر ولادت کے بعد اسے دو سالوں تک دودھ پلاتی رہی، اس کے بعد بھی پرورش و پرداخت کا سلسلہ بند نہیں ہوجاتا بلکہ یہ سلسلہ اس کی بلوغیت تک جاری رہتا ہے اور اس پرورش پرداخت میں باپ کا جو رول ہوتا ہے وہ سب پر عیاں

ہے۔ مرض تو عطاء خداوندی ہے اور جو اس کے اعمال کا کفارہ ہے، اسے یک دم کیوں ختم کرنے کا اختیار ان کے رشتہ داروں کو حاصل ہوسکتا ہے اور کون یقین کے ساتھ یہ کہہ سکتا ہے کہ مریض زندہ ہی نہیں رہے گا یا اس کی تکالیف میں کمی نہ ہوگی یا وہ سرے سے صحت یاب نہیں ہوگا۔ ایسی کئی مثالیں ہیں کہ جس مریض کو ڈاکٹروں نے لاعلاج قرار دے دیا اور اس کی زندگی کے بارے میں یہ رائے ظاہر کردی کہ مریض نہیں بچے گا باوجود اس کے بعض مریض کی صحت بحال ہوگئی اور وہ زندہ ہیں۔ اس لیے مریض کے رشتہ داروں کو بھی اس کا حق نہیں کہ مریض سے ہمدردی جتا کر اور اپنی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کے لیے مریض کی دوا روک دینے یا آلات تنفس ہٹانے کی اجازت ڈاکٹر کو دے۔ ہمفری نے جو کہا ہے کہ شدید تکالیف کو نہ برداشت کرتے وقت مریض اپنی مرضی سے اس کی اجازت دے، اس میں اس کے رشتہ داروں کو دخل نہ دیا جائے۔ (۵۸) جیسا کہ عرض کیا گیا ہے کہ تکلیف دہ بیماری میں مبتلا ہونے سے قبل کسے اندازہ ہوتا ہے کہ کل اس پر کیا گزرے گی اور اسے کس طرح کی بیماریوں میں مبتلا ہونا پڑے گا۔ ایک شخص عمر کے آخری حصے میں ہے باوجود اس کے وہ تندرست ہے اور اچانک اس کی موت آجاتی ہے۔ یا ایک شخص کمزور و ناتواں ہے مگر شدید تکلیف میں مبتلا نہیں ہے۔ رہی بات جب وہ ناقابل برداشت تکلیف میں مبتلا ہے تو اس وقت وہ اپنی مرضی سے اس رائے کا اظہار کرے تو یہ بھی محال ہے، اس وقت کی رائے اس کی کیوں کر معتبر ہوسکتی ہے۔ آدمی کو اس سے ہلکی تکلیف ہوتی ہے مثلاً وہ پیٹ کے درد میں مبتلا ہوتا ہے تو وہ اس کو برداشت نہیں کر پاتا اور جزع وفزع کرنے لگتا ہے تو پھر بات آ کر رکے گی اس کے رشتہ دار پر کہ اس وقت اس سے زیادہ بہی خواہ، ہمدرد، اس کی دیکھ بھال اور خدمت کرنے والے یہی لوگ ہیں وہ اس کے بارے میں بہتر فیصلہ کریں گے کہ اسے زندہ رہنے دیا جائے یا ماردیا جائے۔ اگر انہیں یہ حق دے دیا جائے تو کتنے مفاسد سے سماج دوچار ہوگا اس کا اندازہ مندرجہ ذیل اقتباس سے لگایا جاسکتا ہے:

> ''یہاں اس پہلو کو کیسے نظر انداز کیا جاسکتا ہے کہ انسان مفاد کا بندہ ہے۔ مسائل پر سوچتے وقت خودغرضی اس پر چھا جاتی ہے۔ لہٰذا یہ کچھ بعید نہیں ہے کہ وہ مریض کی خدمت سے نجات پانے کے لیے اور اس کے مال و دولت پر جلد از جلد قبضہ کرنے کے لیے اسے ختم کردے۔ اسے مریض کی صحت اور زندگی سے زیادہ اسے دنیا سے رخصت کرنے کی فکر بھی ہوسکتی ہے۔ اس صورت میں ناقابل علاج مریض کے رشتہ داروں کو اس کی زندگی اور موت کا فیصلہ کرنے کا حق دینے سے بڑی پیچیدگی پیدا

ہوسکتی ہے۔ اس سے بہت سے قابل علاج مریض بھی نا قابل علاج قرار پا سکتے ہیں اور مریض نا قابل برداشت ہونے سے پہلے ہی اس دنیا کو چھوڑنے اور سفر آخرت اختیار کرنے پر مجبور ہوسکتے ہیں۔ اسی خطرہ کے پیش نظر اسلام نے یہ اصول مقرر کیا ہے کہ القاتل لا یرث یعنی قاتل مقتول کی وراثت کا حق دار نہ ہوگا۔ اس حدیث کے الفاظ عام ہیں، اس لیے امام شافعی اور فقہائے احناف نے یہاں تک کہا ہے کہ غلطی سے بھی اگر کوئی شخص کسی کو قتل کردے تو اس کا وارث نہ ہوگا۔'' (۵۹)

اس سلسلہ میں یہ مسئلہ بھی بڑا ہی اہم ہے کہ لا علاج بیماری میں مبتلا شخص کی مالی حیثیت بہت کمزور ہے جس کی بنا پر وہ شدید تکلیف دہ پریشانی سے نجات پانے کے لیے مہنگا علاج نہیں کراسکتا۔ یہی حالت اس کے رشتہ داروں کی بھی ہے۔ ایسی صورت میں اس کا کسی بھی طرح علاج نہ ہوسکے گا۔ ایسے وقت میں اسلام میں اس مریض کے ساتھ کیا رعایت برتی گئی ہے، یہ بھی ایک اہم مسئلہ ہے۔ کیا وہ یوتھینیز یا پر عمل کرکے آسانی سے اپنے اوپر موت طاری کرسکتا ہے۔ کیا یہ شقاوت نہ ہوگی؟

معلوم ہونا چاہیے کہ ایسا واقعہ تو کم ہی رونما ہوتا ہے۔ اسپتال میں سارے مریض ایسے نہیں ہوتے اور نہ سارے مسلمان اس طرح کی بیماریوں میں مبتلا ہیں۔ ہمدردی کے جذبہ کو ملحوظ رکھا جائے تو یہ نوبت نہیں آسکتی۔ جب مسلمانوں کو امت محمدیہ کہلانے کا اعزاز حاصل ہے اور وہ اس کا دم بھرتے ہیں اور سارے مسلمانوں کو اپنا بھائی تصور کرتے ہیں تو دوسرے بھائی کو یہ احساس ضرور ہونا چاہیے کہ میرا ایک بھائی بستر مرض پر موت وحیات کی کش مکش میں مبتلا ہے اور تکلیف سے ایڑیاں رگڑ رہا ہے صرف اس وجہ سے کہ اس کے پاس علاج کے پیسے نہیں ہیں۔ ایسی صورت میں محلّہ و پڑوس کے لوگ اور اس سے آگے بڑھ کر ثروت و دولت والے مسلمان بھائی کے لیے ضروری ہے کہ سب مل کر اس کے دواؤ علاج کی فکر کریں اور انہیں تڑپتا ہوا نہ چھوڑیں۔ تبھی جا کر مسلمان امت محمدیہ کا صحیح دم بھرنے والے ہوں گے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ.

(حجرات: ۱۰)

قرآن کریم میں اصلاح اور فساد کی اصطلاح بڑی معنی خیز ہے اور جسے بڑی اہمیت دی گئی ہے۔ اس میں وہ سب چیزیں داخل ہیں کہ جس سے سماج اور معاشرہ میں خرابی آتی ہے اس کی اصلاح کی جائے۔ مریض کے ساتھ ہمدردی اور ان کا تعاون کرنا بھی تو صلاح میں داخل ہے۔

اللہ کے رسول ﷺ نے اسی لیے تو فرمایا ہے کہ ایک مسلمان دوسرے مسلمان کے لیے اس طرح ہیں جیسے جسم کا کوئی عضو کہ اگر جسم کے کسی حصہ میں کوئی تکلیف ہوتی ہے تو اس تکلیف سے سارا جسم متاثر ہوتا ہے، آنکھوں کی نیند ختم ہوجاتی ہے اور جسم حرارت و بخار میں مبتلا ہوجاتا ہے۔

تَرَی الْمُومِنِیْنَ فِی تَرَاحُمِهِمْ وَتَوَادُهِمْ وَتَعَاطُفِهِمْ کَمَثَلِ الْجَسَدِ اِذَا اشْتَکَی عَضُواً تَدَاعَیی لَهٗ سَائِرُ جَسَدِهٖ بِاَسْهَرِ وَالْحُمیِ. (۶۰)

اگر یہ تصور عام ہوجائے تو انشاء اللہ یہ نوبت ہی نہیں آئے گی کہ ایک مسلمان قبل از وقت ہی روپے کی مجبوری کی وجہ سے موت کی آغوش میں چلا گیا۔

کیا ڈاکٹر کو قطع حیات کی اجازت ہوگی؟

ڈاکٹر کا دینی واخلاقی فریضہ ہے کہ وہ مریض کے ساتھ ہم دردی کا معاملہ کرے، اس کی بیماری کو سمجھے اور ہر ممکن مریض کی تکلیف کو دور کرنے کی کوشش کرے۔ ایسا نہ ہو کہ ذرا سی حالت نازک ہوئی اور اس نے ہمت ہاردی اور بڑی آسانی سے یہ رائے ظاہر کردی کہ اس کا علاج ناممکن ہے۔ یا پھر تکلیف میں مبتلا شخص کی خواہش سے یا اس کے احباب کی اجازت سے کسی تدبیر کے ذریعہ اسے موت کی نیند سلادے۔

اس میں کوئی حرج نہیں کہ وہ اس رائے کا اظہار تو کرسکتا ہے کہ مریض قابل علاج ہے یا لاعلاج، اس کی صحت کی توقع کی جاسکتی ہے کہ نہیں؛ لیکن اسے یہ حق ہرگز نہیں کہ وہ یہ فیصلہ کرے کہ مریض کو زندہ رہنے دیا جائے یا نہیں۔ اگر ڈاکٹر مریض یا اس کے رشتہ داروں کی اجازت سے مریض کی حیات کو ختم کرتا ہے تو اسلامی نقطۂ نظر سے اس کا اقدام قابل مواخذہ ہے اور اس سے قصاص لیا جائے گا۔ قتل چھری سے کیا جائے یا بندوق کی گولی سے، یا تلوار سے یا زہریلی دوا پلاکر یا زہریلے انجکشن کے ذریعہ۔ تمام صورتوں میں اس اقدام کو قتل پر محمول کیا جائے گا۔ (۶۱) فقہا نے لکھا ہے اگر کسی شخص کو قتل کرنے پر مجبور بھی کیا جائے اور اس میں خود اس کی جان جانے کا بھی خطرہ ہو تو اسے قتل نہیں کرنا چاہیے ورنہ وہ بھی گنہ گار ہوگا۔ امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں کہ اس صورت میں مجبور کرنے والا قاتل متصور ہوگا اور اس سے قصاص لیا جائے گا۔ لیکن امام مالک اور امام احمد فرماتے ہیں کہ قتل پر مجبور کرنے والا اور عملاً قتل کرنے والا دونوں ہی قاتل ٹھہریں گے اور دونوں سے قصاص لیا جائے گا۔ (۶۲)

بیماری اور صحت یہاں تک کہ موت وحیات کا اختیار اللہ ہی کو ہے۔ اس نے علاج ومعالجہ

کے لیے ڈاکٹروں کو ذریعہ بنایا ہے۔ اس کا تقاضا ہے کہ وہ اپنی ساری صلاحیت اور تجربات کو اس کے علاج کے لیے آخر تک صرف کرتا رہے جب تک کہ اس کی زندگی باقی ہے۔ اگر مریض کی صحت فوری طور پر بحال نہیں ہوتی ہے تو وہ مریض کی صحت کے تعلق سے مایوس نہ ہو اور نہ مریض کے رشتہ داروں کو مایوس اور حراساں کرے۔ ایسا نہ ہو کہ مریض کی صحت نے نازک رخ اختیار کیا اور دوا نے بھی کام کرنا چھوڑ دیا تو وہ ہمت ہار کر اس کے علاج سے الگ ہو گیا جس کی وجہ سے مریض کی تکلیف میں افاقہ کی جو بھی ٹوٹی پھوٹی امید تھی وہ بھی فوت ہوگئی اور مریض ایڑی رگڑ رگڑ کر مر گیا۔ ایسی حالت میں ڈاکٹروں سے مریض کا رشتہ مشکوک ہو کر رہ جائے گا جو کسی دوسرے بڑے سانحہ سے کم نہ ہوگا۔ جیسا کہ مولانا جلال الدین عمری لکھتے ہیں:

> ''طب کا مقصد انسان کی زندگی کو بچانا اور اسے آرام پہنچانا اب تک رہا ہے اور یہی اس کا مقصد ہے۔ انسان کی زندگی کو ختم کرنے کے لیے اس کا استعمال اس کے مقصد ہی کو بدل کر رکھ دے گا۔ اس کی بعض صورتیں بڑی معصوم معلوم ہوتی ہیں اور مصیبت زدہ انسانوں کی ہمدردی کی شکل میں ہمارے سامنے آرہی ہیں؛ لیکن اس کے بڑے خطرناک نتائج رونما ہو سکتے ہیں۔ صاف بات ہے کہ اگر یہ تصور پیدا ہو جائے کہ مریض کو ختم بھی کیا جا سکتا ہے تو اسے بچانے کی کوشش کم زور پڑے گی اور یہ طبی دنیا کے لیے کسی سانحہ سے کم نہ ہوگا۔'' (۶۳)

جہاں تک لاعلاج بیماری میں مبتلا مریض کی نئی اضافی تکلیف کا سوال ہے کہ اس کا علاج کیا جانا چاہیے یا نہیں کیوں کہ وہ پہلے سے ہی مہلک بیماری میں مبتلا ہے۔ اس نئی بیماری کے علاج سے اس کی صحت پر کوئی اثر پڑنے والا نہیں ہے۔ یہ تو یقینی نہیں ہے کہ اس اضافی بیماری سے اس کی صحت پر خاصا اثر پڑے گا؛ مگر یہ یقینی ہے اس اضافی بیماری کے علاج سے اور اس کی تکلیف کے انسداد سے اس کی پہلے والی بیماری کی تکلیف میں کمی ہوگی۔ کبھی کبھی چھوٹی بیماری بڑی بیماری کا پیش خیمہ ہوتی ہے، یعنی یہ اس اضافی تکلیف کے ختم ہونے سے پہلے والی بیماری ختم ہو جاتی ہے، جیسا کہ اطبا کا خیال ہے۔ ہر نئی بیماری کا پہلی بیماری یا تکلیف سے تعلق ہوتا ہے۔ کبھی ڈاکٹر پہلے واقع ہونے والی بیماری کا علاج نہیں کرتا، بلکہ بعد میں ہونے والی ہلکی پھلکی تکلیف کا علاج کرتا ہے اور اس طرح اس اضافی تکلیف میں افاقے کا اثر ماقبل بیماری میں مفید ہوتا ہے۔

(باقی آئندہ)

❁ ❁ ❁

مولانا احمد اللہ شاہ شہیدؒ

از: حضرت مولانا محمد میاں صاحبؒ

عزم وہمت، حمیت ملّی اور غیرتِ وطن کا وہ شعلۂ جوالہ جو ''چنیا پٹن'' (۱) سے اُٹھا، دہلی اور آگرہ میں چمکا، سرزمین اودھ میں چٹخا، روہیل کھنڈ میں شعلہ افشاں ہوا۔ پھر اسی کے ایک گوشہ میں محوِ سکون ہوگیا۔ اس کو ۱۸۵۷ء کی جانِ مضطرب کہا جائے یا شہداء ۱۸۵۷ء کا سرتاج، دونوں درست۔ اپنے تو اپنے غیر بھی (۲) اس کے علم وعمل، قوتِ روحانی اور جرأتِ ایمانی کے معترف ہیں۔

اصل نام، ولدیت اور سلسلۂ نسب

تاریخِ آزادی کے ہیرو، وطنِ عزیز کے بہادر فرزند، فدا، ملک وملّت، سلطان فتح علی عرف سلطان ٹیپو (شہید) کے ایک مصاحب، سیّد محمد علی نواب چنیا پٹن تھے۔ انہیں نواب محمد علی کے یہاں ۱۲۰۴ھ میں ایک لڑکا پیدا ہوا۔ باپ کے نام کی مناسبت سے احمد علی نام رکھا گیا۔ مگر عجیب بات یہ ہے کہ اصل نام سے شہرت بہت کم ہوئی۔ پہلے ضیاء الدین عرف رہا، دلاور جنگ خطاب۔ اور جب یہ لڑکا عمر عزیز کی تقریباً چھ دہائیاں طے کرنے کے بعد جدوجہد آزادی کا علمبردار ہوا تو احمد اللہ شاہ کہلانے لگا۔ رحمہ اللہ۔

سیّد محمد علی، سیّد جلال الدّین عادل کے فرزند ارجمند تھے۔ سیّد جلال الدّین جو خاندانِ قطب شاہی (فرمانروائے گولکنڈہ) کی یادگار (۳) تھے۔ ایک طرف چنیا پٹن کے رئیس اور نواب تھے تو دوسری جانب ایک باخدا بزرگ تھے جو اپنے زمانہ کے ولی اور قطب سمجھے جاتے تھے۔

تعلیم وتربیت اور طبعی رجحانات

خاندانی عظمت کے بموجب آپ کی تعلیم وتربیت امیرانہ ہوئی اور اس زمانہ کے رواج کے مطابق علومِ دینی کے ساتھ فنونِ حرب کا بھی ماہر بنایا گیا۔ ہوش سنبھالا تو طبیعت کا میلان اورادو

وظائف کی طرف تھا۔ نماز، روزہ اور احکامِ شریعت کے سخت پابند تھے۔ ہر عمل میں سُنّتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع ضروری سمجھتے تھے۔ والدین سے ٹیپو سلطان کی شہادت اور سلطنت خداداد کی تباہی کا حال سُنا تو حکومت اور مال و دولت سے دل بیزار ہو گیا۔(۴)

سیاحت و بیعت

جوانی کا آغاز تھا کہ سیاحت کا شوق ہوا۔ پہلے حیدر آباد گئے۔ پھر یورپ کا سفر کیا۔ انگلستان جا کر ملکہ وکٹوریہ کے مہمان ہوئے۔ وہاں سے واپس ہو کر عربی ممالک کا دورہ کیا۔ حج بیت اللہ شریف سے مشرف ہوئے۔ پھر ایران ہو کر چمن کے راستہ سے ایک عرصہ کے بعد ہندوستان پہنچے۔ یہاں ''سانبھر'' کے علاقے میں ڈیرے ڈال دیئے۔(۵)

پھر مراحلِ سلوک طے کرنے اور رُوحانی کمالات حاصل کرنے کی تڑپ پیدا ہوئی حضرت قربان علی شاہ کی شہرت سن کر جے پور گئے۔ ریاضت و مجاہدہ اور چلّہ کشی کے انوار پہلے سے موجود تھے۔ بیعت نے فوراً ہی نسبت مشائخ کا کیف پیدا کر دیا۔ حضرت قربان علی شاہ صاحب نے جس طرح رُوحانی فیوض و کمالات سے مالا مال کیا، اصلاح صوفیاء اور تنظیمِ مجاہدین کا فرض بھی آپ کے ذمہ کر دیا، اور ہاں محفلِ سماع کی بھی اجازت دے دی۔(۶) بہر حال مولانا احمد اللہ شاہ صاحب جے پور سے ٹونک تشریف لے گئے نواب وزیر الدولہ سے مجلسیں گرم رہیں۔

ٹونک کی آب و ہوا آپ کے ذوقِ سماع کے موافق نہیں تھی۔(۷) مگر ذوقِ جہاد کے لئے سب سے موافق آب و ہوا اسی ٹونک کی تھی۔(۸) جو حضرت سیّد احمد شہید کے پس ماندگان کا مرکز تھا اور ابھی چند سال ہوئے، حضرت مولانا نصیر الدین صاحب دہلوی کا جہادی قافلہ، وزیر الدولہ کے دماغ کو سرشار کرتا ہوا یہاں سے گذرا تھا۔

حضرت مولانا سیّد احمد اللہ شاہ صاحب ٹونک سے رُخصت ہو کر گوالیار پہنچے یہاں ایک بزرگ محراب(۹) شاہ قلندر تھے۔ ان کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اُن کے مشائخانہ اطوار نے آپ کے دل کو موہ لیا۔ یہ قلندر صاحب بھی عجیب تھے۔ دنیا و مافیہا سے بے خبر، مگر راہ و رسمِ انقلاب سے باخبر۔ ظالم فرنگی کے دشمن اور استخلاصِ وطن کے دلدادہ۔

مولانا سیّد احمد اللہ شاہ صاحب نے قلندر صاحب کے حلقۂ ارادت میں داخل ہونا چاہا تو داخلہ کی شرط یہ تھی کہ جہاد کی سوکھی رگوں میں تازہ خون دوڑائیں گے اور وطنِ عزیز کو انگریزوں سے نجات دلائیں گے۔ شاہ صاحب نے بسر و چشم یہ شرط منظور کی اور سلسلۂ قادریہ میں آپ سے

بیعت ہوکر خرقۂ خلافت حاصل کرلیا۔(۱۰) یہ بتانا مشکل ہے کہ کتنے عرصہ آپ نے گوالیار میں قیام کیا۔ البتہ اس موقعہ پر یہ فراموش نہ ہونا چاہئے کہ تقریباً تیس سال پہلے جب حضرت سیّد احمد شہید رحمۃ اللہ علیہ جہاد کے لئے روانہ ہوئے تھے تو سب سے پہلے تقریباً دو ہفتہ تک آپ کا قیام یہیں رہا تھا۔ پھر راجہ ہندوراؤ اسی ریاست کے مدار المہام تھے جن کے نام سیّد صاحب نے مرکزِ جہاد سے خط لکھ کر اُن کو جنگِ آزادی کے لئے اُبھارا تھا۔

دہلی مرکزِ سیاست اور اس کی موجودہ حالت

جہادی قلندر حضرت محراب علی شاہ کے دستِ مبارک پر عہدِ جہاد کرنے کے بعد عزم وعمل کا وقت آیا تو قدرتی طور پر حضرت مولانا سیّد احمد اللہ شاہ صاحب کی نظر دہلی کی طرف اُٹھی کیونکہ:

(۱) اگرچہ انگریزی اقتدار کا مرکز کلکتہ اور اس کا فورٹ ولیم تھا مگر ہندوستانیوں کی سیاست کا مرکز اب بھی دہلی تھا۔

(۲) یہاں مغل سلاطین کا جانشین موجود تھا جو سیاسی لحاظ سے مفلوج و مجبور ہونے کے باوجود اُن بیشمار ہندوستانیوں کے جذبات پر حکمراں تھا جو مغلِ اعظم ہی کے کسی وارث کو سلطنت وحکومت کا صحیح مستحق سمجھتے تھے۔

(۳) یہی دلّی تھی جس کی ولی اللّٰہی تربیت گاہ میں ''رُوحِ انقلاب'' نے جنم لیا تھا۔ جہاں شاہ عبدالعزیز صاحب کی تربیت گاہِ سیاسی میں وطنِ عزیز کو نجات دلانے کی تحریک پروان چڑھی تھی اور اُس نے اپنا دورِ شیرخوارگی پورا کیا تھا۔ جہاں جنگ حریت کے سب سے علمبردار سید احمد شہید کو پرچم قیادت عطا ہوا تھا۔ جہاں سے چند سال پہلے مولانا نصیرالدین صاحب دہلوی کی زیرِ سیادت سرفروشانِ حریّت کا آخری قافلہ روانہ ہوا تھا۔

(۴) یہی دلّی تھی جہاں بقول مولانا عبیداللہ سندھی اب بھی ولی اللّٰہی تحریک کی وہ مرکزی جماعت موجود تھی جس کی رہنمائی حضرت مولانا شاہ اسحاق صاحب اپنی ہجرت گاہ مکہ معظّمہ سے فرمارہے تھے۔

اس قسم کی متعدد وجوہات تھیں جن کی بنا پر مولانا سیّد احمد اللہ شاہ صاحب کا قدم سب سے پہلے دہلی کی سمت اُٹھنا ضروری تھا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ لیکن اس وقت کی صورتِ حال نے جو نزاکتیں پیدا کردی تھیں، اُن کا احساس مولانا سیّد احمد اللہ شاہ صاحب کو گوالیار میں نہیں ہوسکا یا پوری طرح نہیں ہوسکا۔ مثلاً:

(۱) گذشتہ چالیس سال میں جس طرح دہلی حضرت سیّد احمد شہیدؒ، حضرت مولانا اسمٰعیل شہیدؒ، حضرت مولانا نصیرالدین دہلوی شہیدؒ، حضرت مولانا شاہ اسحاق صاحب رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ کی تحریکات کا مرکز رہی۔ اس کا تقاضا تھا کہ بقول مولانا عبیداللہ سندھی:

''یہاں ریزیڈنٹ کی نگاہ بہت سخت ہو۔''

(۲) شاطرانِ انگریز یہ طے کر چکے تھے کہ بہادر شاہ پر بادشاہت کے موجودہ طمطراق کو بھی ختم کر دیا جائے۔ لال قلعہ جو عظمتِ ہندوستان کا آخری نشان سمجھا جاتا تھا، اس کو بہادر شاہ کے جانشین سے خالی کرالیا جائے۔ اس کے لئے جو تدبیریں عمل میں لائی جارہی تھیں اور جس طرح شاہزادوں سے ساز باز کا سلسلہ جاری تھا، اس کا یہی تقاضا تھا کہ ریزیڈنٹ کی نگاہیں سخت اور محتاط رہیں۔

(۳) حضرت مولانا سیّد احمد اللہ شاہ صاحب کے دہلی تشریف لانے کا سال معین نہیں ہوسکا۔ قیاس[۱] یہ ہے کہ ۱۸۴۶ء یا ۱۸۴۷ء میں آپ دہلی تشریف لائے ہوں گے یعنی تقریباً ۱۲۶۴ھ۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ پنجاب میں سکھ حکومت کو ختم کیا جارہا تھا۔ جس سے پورے پنجاب میں بددلی پھیلی ہوئی تھی۔ علاقہ ملتان کی فوجیں زیر قیادت دیوان مول راج انگریزوں سے جنگ کی تیاریاں کررہی تھیں۔ پٹھانوں نے زیر قیادت سلطان محمد خاں و دوست محمد خاں علمِ بغاوت بلند کررکھا تھا۔ بالاکوٹ کا رئیس سیّد ضامن شاہ انگریزوں کے دوست گلاب سنگھ مہاراجہ کشمیر سے برسرِ پیکار تھا اور اُس کی امداد کے لئے مرکز صادق پور سے مجاہدین کا ایک دستہ مولانا ولایت علی صاحب کی زیر قیادت بالاکوٹ پہنچ چکا تھا اور شہادتِ مجاہدانہ کی پُرانی تمنائیں سرفروشی سے پوری کررہا تھا۔ اور جیسا کہ اسی سلسلہ کی تیسری جلد میں بیان کیا گیا ہے بقول مسٹر دیبی پرشاد مصنّف گلشنِ پنجاب، پورے ہندوستان بالخصوص شمال مغربی صوبہ (پنجاب و فرنٹیئر و کشمیر) میں غلغلہ مچ رہا تھا۔

ان نزاکتوں کے علاوہ سیاسی مصلحتوں کا بھی تقاضا یہی تھا کہ جو تحریک موجودہ حالات کے مطابق چلائی جائے، اُس کا مرکز دہلی نہ ہو۔

اسلامی جہاد کی نوعیت سے جو تحریک سیّد احمد شہیدؒ، مولانا اسمٰعیل شہیدؒ اور ان کے بعد مولانا نصیرالدین صاحب دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے چلائی تھی، اس کی ناکامی ثابت ہوچکی تھی، اب ایک عوامی تحریک کی ضرورت تھی۔ دہلی اگرچہ مرکزِ سیاست تھی، مگر یہاں تحریکِ حریت ایک خاص حلقہ سے مخصوص تھی۔ یہ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے شاگردوں اور مریدوں کا حلقہ تھا۔ بے شک اس حلقہ کے اثرات پورے ہندوستان میں پھیلے ہوئے تھے مگر شاطرانِ برطانیہ نے وہابیت کے جس الزام سے حضرت سیّد احمد صاحب کی تحریک کو سرحد میں ناکام کیا تھا۔ جیسا کہ

شاندار ماضی کی جلد دوم میں واضح کیا جاچکا ہے وہ الزام اگر چہ قطعاً بے بنیاد تھا مگر کچھ اپنوں کی ناعاقبت اندیشی اور زیادہ تر کلکتہ کے سرکاری دارالافتاء نے مسلسل پروپیگنڈہ کر کے اس بیس سال کے عرصہ میں اس الزام کو اس حد تک حقیقت کا درجہ ضرور دے دیا تھا کہ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ یا حضرت سیّد احمد شہید صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے تعلق رکھنے والا حلقہ صرف سیاسی نہیں رہا بلکہ مذہبی نقطۂ نظر سے ایک مکتبہ خیال بن گیا تھا۔

اب تدبّر اور سیاسی دُور اندیشی کا مطالبہ یہ تھا کہ آئندہ تحریک کی دعوت ایسے انداز سے دی جائے کہ جو عناصر اس مکتبۂ خیال سے تعلق نہیں رکھتے وہ بھی تحریک سے وابستہ ہوں اور مکتبۂ خیال کی حد بندی ان کی شرکت یا قیادت کے راستہ میں حائل نہ ہوسکے۔ اس مصلحت کے پیش نظر حضرت مولانا سیّد احمد اللہ شاہ صاحب بہترین شخص تھے جن کی قدرت کے پوشیدہ اشاروں نے خود بخود دہلی کے سیاسی مدبّرین کے پاس پہنچا دیا تھا۔

دہلی کے بعد آگرہ

شاہ جہاں آباد (دہلی) اور اکبر آباد (آگرہ) کا پُرانا رشتہ اگر چہ اب کمزور ہو چکا تھا مگر تعاون اور اعتمادِ باہمی کی رُوح ابھی فنا نہیں ہوئی تھی، اور اگر چہ چند سال پہلے آگرہ ملّی رجحانات اور قومی جذبات کے لحاظ سے ایک شہر خموشاں[۱۲] بن چکا تھا مگر جب سے وہ برطانوی صوبہ کا دارالحکومت بنا تھا اس میں پھر چہل پہل ہوگئی تھی اور ذی استعداد صاحبِ فکر علماء وفضلاء کا ایسا مجمع اس کو میسر آ گیا تھا جس کی نظیر کوئی دوسرا شہر مشکل سے پیش کرسکتا تھا۔ ان علماء میں اگر چہ زیادہ وہ تھے جو حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب قدس اللہ سرہ العزیز سے تلمذ اور (بالواسطہ یا بلاواسطہ) شاگردی کا تعلق رکھتے تھے۔ مگر غالباً ایسا کوئی بھی نہیں تھا جو ایک مکتبۂ خیال کے پابند کی حیثیت سے حضرت شاہ عبدالعزیز صاحبؒ یا حضرت سیّد احمد شہیدؒ سے وابستہ ہو۔

مختصر یہ کہ مختلف مکاتبِ خیال اور مختلف سلسلہ تلمذ کے اور فضلاء یہاں رونق افروز تھے اور آگرہ گلہائے رنگارنگ کا گلدان بنا ہوا تھا۔ ایک عوامی تحریک کا لالہ زار ایسا ہی گلستان بن سکتا تھا۔ دہلی کے اربابِ بصیرت نے اسی مصلحت سے آگرہ کو منتخب کیا اور حضرت مولانا سیّد احمد اللہ صاحب شہید کی عنانِ توجہ دہلی کے آگرہ کی طرف منعطف کی۔

لیکن آگرہ حضرت مولانا سیّد احمد اللہ شاہ صاحب کے لئے بالکل اجنبی شہر تھا۔ اس کے لئے ایک عرصہ درکار تھا کہ مولانا سیّد احمد اللہ شاہ صاحب آگرہ پہنچ کر اعتماد حاصل کریں اور وہاں کے

سربراہوں اور کلیدی حضرات تک پہنچ سکیں۔

حضرت مولانا مفتی صدرالدین صاحب جیسا اعلیٰ مدبّر جس نے حضرت سیّد احمد اللہ شاہ صاحب کی سیاسی تگ ودو کے لئے آگرہ کا میدان منتخب فرمایا۔ آپ نے خود ہی اس کی ذمّہ داری بھی لی کہ حضرت مولانا شاہ احمد اللہ صاحب جیسے ہی آگرہ پہنچیں، بلاکدوکاوش کلیدی حضرات تک اُن کی رسائی ہوجائے اور یہ اُن کا اعتماد حاصل کرلیں۔ چنانچہ حسبِ روایت مفتی انتظام اللہ صاحب شہابی:

> مفتی انعام اللہ خان بہادر جو محکمہ شریعت کے مفتی رہ چکے تھے، اب سرکاری وکیل تھے۔ حضرت آزردہ (مفتی صدرالدین صاحب آزردہ) کے خط کے ذریعہ شاہ صاحب (مولانا احمد اللہ شاہ صاحب) اُن کے یہاں آکر مقیم ہوئے۔ اُن کا گھر علماء کا مرکز بنا ہوا تھا۔ مفتی صاحب کے صاحبزادے مولوی اکرام اللہ صاحب ''تصویر الشعراء'' مرید ہوئے۔

مجلسِ علماء

علماء وفضلاء کرام کا یہ گلدستہ جس کی شیرازہ بندی اب تک علمی اور ادبی ذوق نے کررکھی تھی، مولانا احمد اللہ شاہ صاحب کے پہنچنے کے بعد اُس میں سیاسی رنگ پیدا ہونا شروع ہوا، اور مجلس کی شکل میں اس اجتماع کی تشکیل کی گئی اس کے ارکان کی مختصر فہرست ملاحظہ ہو۔

مولوی شیخ اعتقاد علی بیگ صاحب، مولوی امام بخش صاحب، سیّد باقر علی صاحب ناظم محکمہ دیوانی، مولوی نورالحسن صاحب، سیّد مراتب علی صاحب، مولوی خواجہ تراب علی صاحب، سیّد حسن علی صاحب، رحمت علی صاحب، مفتی ریاض الدین صاحب، مولوی غلام جیلانی صاحب، غلام مرتضی صاحب، شیخ محمد شفیع صاحب، مولوی عبدالصمد صاحب، مولوی منصب علی صاحب، مولوی محمد عظیم الدین حسن صاحب، رسول بخش صاحب، باسط علی صاحب، مومن علی صاحب، محمد قاسم صاحب داناپوری، معین الدین صاحب، مولوی کریم اللہ خان صاحب صدرالصدور، قاضی محمد کاظم علی صاحب، تاج الدین صاحب، طفیل احمد صاحب خیرآبادی، مولانا غلام امام شہید، مفتی عبدالوہاب صاحب گوپامئوی، ڈاکٹر وزیرخاں صاحب، مولوی فیض احمد صاحب بدایونی، مفتی انعام اللہ صاحب۔

یہ حضرات صدارت نظامت کے مختلف عہدوں پر فائز تھے، یا وکلاء تھے، جنھوں نے اس

مجلس کی رُکنیت منظور کی، اور دامے درمے قدمے شاہ صاحب کی تائید و اعانت شروع کردی۔

حلقۂ ارادت

حضرت سیّد احمد شہید رحمۃ اللہ علیہ کے حالات شاندار ماضی جلد دوم میں گذر چکے ہیں۔ انہیں کا نمونہ حضرت مولانا سیّد احمد اللہ شاہ صاحب کے حالت میں بھی نظر آتا ہے۔فرق یہ ہے کہ جو گرمی وہاں صرف ذکر اللہ سے پیدا کی جاتی تھی، شاہ احمد اللہ صاحب کے یہاں اس کے لئے ''سماع'' سے بھی کام لیا جاتا تھا۔(۱۳)

بہرحال حضرت سیّد احمد اللہ شاہ صاحب کے حلقۂ بیعت وارادت نے وسعت اختیار کی۔ محفلِ سماع خود ایک کشش رکھتی ہے۔ یہاں علم وفضل کے ساتھ قوتِ خطابت کا یہ عالم تھا کہ جہاں آپ کے وعظ کا اعلان ہوتا، ہندو مسلمانوں کا بے پناہ ہجوم ہوجاتا۔ اب ایک وقت ذکر و شغل اور مراقبہ کا سلسلہ ہوتا، دوسرے وقت محفلِ سماع کی گرمجوشی(۱۴) کبھی عام جلسے ہوتے جن میں دس دس ہزار کا اجتماع ہوتا۔ سُننے والے بے قرار ہوجاتے۔ ہر شخص قربان اور فدا ہونے کا عہد کرتا۔ دوسرے تیسرے روز نمازِ عصر کے بعد قلعہ اکبرآباد کے میدان میں فنِ سپہ گری کی مشق کرائی جاتی۔ خود شاہ صاحب بہترین نشانہ باز تھے۔تلوار کے ہاتھ بھی بہت جچے تُلے ہوتے تھے۔

آپ کہیں تشریف لے جاتے تو مریدین کا ہجوم ساتھ ساتھ رہتا۔آگے آگے ڈنکا بجتا۔اس لئے آپ کو ڈنکے والا پیر یا ڈنکا شاہ کہا جاتا۔

وہی آگرہ جس کی جامع مسجد کو جمعہ کے روز بمشکل بیس پچیس نمازی نصیب ہوتے تھے۔ اب اس کی ایک ایک مسجد میں سینکڑوں کا ہجوم ہوتا تھا۔ جو مسجدیں عرصہ سے ویران تھیں، اب اُن کی آبادی پر لوگ حیرت کرتے تھے۔آگرہ شہر اس طرح مسخر ہوگیا تو آپ نے مضافات کا قصد کیا۔ جہاں آپ پہنچتے، مریدین کی جماعت ساتھ رہتی اور ایک ہی دورہ میں اس کا رنگ بدل جاتا۔عوام کو یاد ہو یا نہ یاد ہو، مگر انگریز کو حضرت سیّد احمد شہیدؒ کا دَور یاد تھا۔حضرت مولانا سیّد احمد اللہ شاہ کے اس دَور میں وہی رنگ دیکھا تو تیس سال پہلے کی تمام تاریخ سامنے آگئی۔

حضرت شاہ صاحب سے تعلق رکھنے والوں پر مقدمہ

انگریز بہادر نے حضرت شاہ صاحب پر ہاتھ نہیں ڈالا، یا بقول مولوی سیّد طفیل احمد صاحب مرحوم، پولیس نے اُن کو (مجسٹریٹ کے حکم پر) گرفتار کرنے سے انکار کردیا(۱۵) البتہ وہ جماعت

جوانگریزوں سے ملازمت کا تعلق رکھتی تھی اوراب شاہ صاحب سے وابستہ ہوگئی تھی اورانہیں کے ذریعہ حضرت شاہ صاحب آگرہ میں قیام کرکے اپنا اثر جما سکے تھے، اُس پر رشوت کا مقدمہ چلادیا۔ مرادآباد کے جج مسٹر ولسن مقدمہ کی سماعت کے لئے مقرر کئے گئے۔ حضرت شاہ صاحب اس وقت قصبات ومضافات کے دورہ پر باہر تشریف لے گئے تھے۔ آپ کو سفر ہی میں اس مقدمہ کا علم ہوا تو آپ نے فرمایا۔ یہ امتحان کی پہلی منزل ہے۔ گھبرائیں نہیں، انشاء اللہ کامیاب ہوں گے۔ کسی پر بھی کوئی آنچ نہیں آئے گی۔

بہرحال مقدمہ شروع ہوا۔ پولیس نے گواہ پیش کئے۔ مگر یہ بناوٹی گواہ بیکار ثابت ہوئے۔ خدا جانے پولیس نے کیا کہہ کر اُن کو تیار کیا ہوگا۔ مگر جب وہ اجلاس میں یہ دیکھتے کہ جس کے برخلاف وہ گواہی دینا چاہتے ہیں، وہ ایک باخدا عالِم دین ہے تو گھبرا جاتے اور بقول مفتی انتظام اللہ شہابی:

''جھوٹی گواہی دینے کی جرأت نہ ہوتی۔''

بہرحال جوں توں کرکے ابتدائی عدالت میں سخت سخت سزائیں تجویز کی گئیں۔ مولوی غلام جیلانی وکیل صدر، مولوی غلام احمد شہید پیش کار اور مفتی سراج الدین پیش کار کو چار چار سال کی قید بامشقّت، مفتی محمد قاسم صاحب داناپوری مسل خواں کو تین سال مولوی بدرالحسن صاحب مسل خواں اور مولوی آل حسن منصف کو دو دو سال۔

ایک اخبار ''سعدالاخبار'' نے اس خبر کو شائع (۱۶) کرتے ہوئے لکھا:

''دیکھنے کی بات یہ ہے کہ مولانا محمد قاسم داناپوری جن کا شمار اولیاء کرام میں ہے اور اُن کے ہزارہا مرید صاحبِ ریاضت ومجاہدہ ہیں، اُن کو رشوت سے متہم کیا جاتا ہے، تعجب ہے۔ دوسرے صاحب مولانا غلام امام شہید جو عاشقِ رسول کہلاتے ہیں، اُن کے بھی ہزارہا مرید آگرہ حیدرآباد و مرادآباد میں ہیں، اُن پر بھی رشوت کا الزام ہے۔''

بہرحال فوراً ہی اپیل دائر کیا گیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سب حضرات بری کردیئے گئے۔ بقول حضرت شاہ صاحب کسی کا بھی بال بیکا نہ ہوا۔

خان بہادر مفتی انعام اللہ صاحب(۱۷) وکیل صدر جن کے نام شاہ صاحب حضرت مولانا مفتی صدرالدین صاحب آزردہ کا خط لائے تھے، جو سب سے پہلے حضرت شاہ صاحب کے میزبان بنے تھے، یہ بھی معطل کئے گئے۔ الزام یہ تھا کہ مُشتبہ خطوط اُن کے یہاں سے برآمد ہوئے ہیں۔(۱۸)

آگرہ سے کانپور اور لکھنؤ

مولانا احمد اللہ شاہ صاحب آگرہ میں مقیم تھے کہ اودھ میں مولانا امیر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی شہادت کا ہنگامہ پیش آ گیا۔ آپ کو اس کی تفصیلات کا علم ہوا تو آپ نے فرمایا۔ ''اب ہمارے کام کا وقت آ گیا۔'' چنانچہ آپ نے سفر کی تیاری شروع کر دی۔ مریدین کا بھی ایک جم غفیر ساتھ ہو لیا۔ اس طرح کہ ہر ایک مرید نے توشہ ساتھ لے لیا تھا اور گھربار کا معقول انتظام کر دیا تھا۔ ماؤں نے بیٹوں کو اجازت دی تھی، اور بیویاں شوہروں کو رخصت کر رہی تھیں۔ ہر ایک کا دل مگن تھا۔ مرشد ساتھ ہے کوئی خطرہ نہیں ہے۔[19]

شاہ صاحب آگرہ سے روانہ ہو کر پہلے کانپور پہنچے۔ وہاں عظیم اللہ خاں وغیرہ سے ملاقاتیں رہیں۔ پھر آپ اُناؤ ہوتے ہوئے لکھنؤ پہنچے۔ گھاس منڈی میں قیام کیا۔ وہیں مولانا فضل حق صاحب خیر آبادی سے ملاقات ہوئی۔ مفتی انتظام اللہ صاحب شہابی تحریر فرماتے ہیں:

> ''مولانا فضل حق صاحب خیر آبادی جو خالص سرکاری آدمی تھے اُن دنوں لکھنؤ میں صدر الصدور تھے۔ کچھ دن گذرے تھے کہ مولوی عبدالرزاق صاحب فرنگی محلی کی تائید میں مولانا امیر علی شاہ[20] صاحب کے خلاف فتویٰ صادر کر چکے تھے۔ وہ (مولانا خیر آبادی) شاہ صاحب سے ملنے آئے۔ شاہ صاحب سے ایسی گفتگو ہوئی کہ گھر جاتے ہی صدر الصدوری سے استعفیٰ دیدیا اور الور چلے گئے اور انگریزوں کے جتنے خیر خواہ تھے، اُتنے ہی[21] دشمن ہو گئے۔[22]

لکھنؤ نے تقریباً چالیس سال پیشتر حضرت سیّد احمد شہید کا استقبال بھی بڑی شان سے کیا تھا۔ وہی روح وہاں بھی کارفرما تھی، اور اہلِ لکھنؤ حضرت سیّد صاحب کے زمانہ کی بہ نسبت اب زیادہ زخم خوردہ ہو چکے تھے۔ انتہا یہ کہ اُن کا بادشاہ واجد علی شاہ جس کو انگریز خواہ کچھ بھی کہیں مگر حقیقت یہ ہے کہ وہ لکھنؤ والوں کی آنکھ کا تارا اور باشندگانِ اودھ کی آزادی کا آخری نشان تھا، وہ بھی انتہائی ذلّت وخواری کے ساتھ اُن سے جُدا کر دیا گیا تھا، یا جدا کیا جانے والا تھا۔

بہر حال حضرت سیّد صاحب شہیدؒ کی طرح حضرت مولانا احمد اللہ شاہ صاحب بھی مقبول اور محبوب ہونے لگے اور باشندگانِ لکھنؤ کی والہانہ وابستگی آپ سے دن بدن بڑھنے لگی۔ مگر اس انتہائی نازک دَور میں کہ بارک پور والی فوج برخواست کی گئی تھی جس کے سپاہی زیادہ تر اودھ کے رہنے والے تھے۔ ادھر واجد علی شاہ کو معزول کر کے گرفتار کر لیا گیا تھا یا گرفتار کرنے کا منصوبہ تیار کیا جا رہا تھا۔ حضرت مولانا احمد اللہ شاہ صاحب جیسے انقلابی امام کا لکھنؤ میں قیام کرنا خود شاہ صاحب کے لئے خطرناک تھا، اور تحریک کے لئے بھی تشویش ناک۔ اس لئے شاہ صاحب نے لکھنؤ کا قیام

مختصر کر کے فیض آباد کا رُخ کیا۔اب شاہ صاحب نے تمام تکلفات برطرف کردیئے تھے اور بقول مولانا فتح محمد تائب لکھنوی:

نصاریٰ سے جو حکم پیکار تھا ہر ایک شخص سے اس کا اظہار تھا

اس عریانی کا نتیجہ ظاہر تھا۔ایسٹ انڈیا کمپنی کے عمال نے آپ کو گرفتار کرنا چاہا۔مگر عوام کے ہجوم اور اُن کی بے پناہ عقیدت کے باعث پولیس یہ جرأت نہ کرسکی،تو فوج سامنے آئی۔حضرت شاہ صاحب اور آپ کے ساتھیوں نے مقابلہ شروع کردیا۔مگر چونکہ فوج کا یہ اقدام دفعتہً تھا،شاہ صاحب اور آپ کے ساتھی پہلے سے تیار نہ تھے اس لیے یہ مقابلہ بھی ناکام ہی رہا۔حضرت شاہ صاحب کسی فوجی کی تلوار کی ضرب سے بے ہوش ہوکر گر پڑے۔آپ کو فوراً گرفتار کرکے جیل خانہ بھیج دیا گیا۔آپ کے ساتھی بھی گرفتار کرلئے گئے۔

تحریکِ انقلاب ۱۸۵۷ء کا آغاز

یہ ۱۸۵۶ء کے اواخر یا ۱۸۵۷ء کے شروع کا واقعہ ہے چند ماہ بعد ۱۰رمئی ۱۸۵۷ء کی طوفان انگیز تاریخ آئی جس نے پورے شمالی ہند کی زمین ہلادی۔حضرت شاہ صاحب اس وقت جیل میں تھے۔فیض آباد میں عنانِ قیادت ایک اور صاحب نے سنبھالی۔اُن کا اسم گرامی مولانا سکندر شاہ صاحب فیض آبادی تھا۔آپ نے جیل خانہ پر دھاوا بول کر حضرت شاہ صاحب کو تو چھڑا لیا لیکن خود انگریزی فوج کے ہاتھوں گرفتار ہوگئے۔مگر مولانا احمد اللہ شاہ صاحب نے جھنڈے کو گرنے نہیں دیا۔اپنی رہائی کے بعد پورے ہندوستان کی رہائی کے لئے پرچم لہرایا،اور جو فدایان وطن جمع ہوئے تھے اُن کو ساتھ لے کر لکھنؤ کا رُخ کیا۔(۲۳)

بقول مولانا عبدالحلیم شرر لکھنوی مرحوم:

> جس طرح میرٹھ وغیرہ کے باغی سمٹ کر دہلی میں جمع ہوئے تھے اور ظفر کو ہندوستان کا شہنشاہ بنایا تھا، ویسے ہی الہ آباد اور فیض آباد کے باغی بھی ۱۸۵۷ء میں جوش و خروش کے ساتھ لکھنؤ پہنچے۔اُن کے آتے ہی یہاں کے بہت سے بے فکرے اُٹھ کھڑے ہوئے اور برجیس قدر کی بادشاہی قائم کردی۔تھوڑی سی انگریزی فوج اور یہاں کے تمام یورپین عہدہ دارانِ مملکت جو باغیوں کے ہاتھ سے جاں بر ہو سکے ''بیلی گارڈ'' میں قلعہ بند ہوگئے۔(گذشتہ لکھنؤ)

بہرحال مولانا شرر کے الفاظ استعمال کیجیے یا ان کو انقلاب پسند محبانِ وطن کہیے، تاریخی

حقیقت یہ ہے کہ برجیش قدر جن کی عمر صرف دس سال تھی، بادشاہ [۲۴] بنائے گئے۔ اُن کی والدہ حضرت محل جو ایک بہادر خاتون تھیں، اُن کی ولی اور سرپرست مقرر ہوئیں۔ ناصر الدولہ علی محمد خاں عرف مموخاں وزیر اعظم یا مدار المہام مقرر ہوئے، لیکن اس قیامت خیز دَور میں جس کے بل بوتے پر یہ سب کچھ ہوا، وہ مولانا احمد اللہ شاہ صاحب تھے جن پر سُنّی اکثریت پورا اعتماد کرتی تھی۔

مقابلہ، ناکامی اور وجوہاتِ ناکامی

بے شک کا نقشہ قائم ہوگیا۔ عام ہندو مسلمانوں نے دلوں کی گہرائیوں سے وفاداری کا عہد بھی اس حکومت سے کرلیا مگر جو مرض دہلی میں تھے، وہی بیماریاں لکھنؤ کی فضا میں بھی موجود تھیں بلکہ اُن سے کسی قدر زیادہ۔

یہاں شیعہ سُنّی کا مسئلہ بھی موجود تھا۔ اربابِ اقتدار کی جنگی نااہلیت بھی اپنا رنگ جمائے ہوئے تھی، اور مرزا مغل کی طرح مموخاں کی ریشہ دوانیاں بھی احمد اللہ شاہ جیسے بہادر اور دیانت دار جرنیل کے راستہ میں ہر قدم پر رکاوٹ کے لئے موجود تھیں۔ نتیجہ ظاہر تھا۔ یعنی بہادرانہ معرکوں کے باوجود ناکامی۔ جس کی تفصیل کے لئے مستقل جلد کی ضرورت ہے۔

مولانا احمد اللہ شاہ صاحب لکھنؤ سے ہٹ کر شاہ جہان پور پہنچے۔ شاہزادہ فیروز، جنرل بخت خاں، تجمل حسین خاں رئیس فرخ آباد، جنرل اسمٰعیل خاں (فتح گڈھ)، نانا راؤ پیشوا، غرض تمام ہی سرغنہ جنھوں نے بار بار شکست اُٹھانے کے بعد بھی ہمت نہیں ہاری تھی اور جو پورے عزم کے ساتھ طے کرچکے تھے ع

یا جاں رسد بجانا یا جاں زتن برآید

یہ سب جمع ہوگئے۔ شاہ جہان پور میں جو معرکے ہوئے، اُن کا مختصر تذکرہ واقعات شہاجہان پور کے سلسلہ میں پہلے گذر چکا ہے، اور جب یہاں بھی ناکامی ہوئی تو شاہ صاحب اپنے بچے کھچے ساتھیوں کے ساتھ قصبہ محمدی پہنچے اور یہاں از سرِ نو تنظیم کی۔ ایک عارضی حکومت بھی قائم کرلی۔ جس کی کابینہ کے ارکان یہ تھے:

جنرل بخت خاں	وزیر جنگ
مولانا سرفراز علی صاحب	قاضی القضاۃ (جیف جسٹس)
نانا راؤ پیشوا	دیوان (وزیر مال)

مولانا لیاقت علی صاحب الہ آبادی، ڈاکٹر وزیر خاں صاحب اکبر آبادی، مولانا فیض اللہ

صاحب بدایونی، شاہزادہ فیروز شاہ — ارکانِ حکومت۔

سکّہ زد بر ہفت کشور خادم محراب شاہ

حامیِ دین محمد احمد اللہ بادشاہ

پھر کیا ہوا؟ تاریخ شاہ جہان پور اور صحیفۂ زریں کے حوالہ سے مفتی انتظام اللہ شہابی تحریر فرماتے ہیں:

ابھی شاہ صاحب پوری طرح جمنے نہ پائے تھے کہ سر کالن کیمبل نے قصبہ محمدی پر حملہ کر دیا۔ خوب خوب مقابلہ رہا۔ شاہ صاحب کے ہٹتے ہی محمود خاں(۲۵) معہ حضرت محل اور نانا راؤ، عظیم اللہ خاں اور بخت خاں وغیرہ نیپال کی طرف چلتے ہوئے۔

لیکن شاہ صاحب نے پوائیں کا رُخ کیا جو بنڈیل کھنڈ اور اودھ کی سرحد پر شاہ جہان پور سے شمال مشرق تقریباً ۱۸ میل ہے۔ راجہ پوائیں اگر تعاون کے لئے آمادہ ہو جاتا تو شاہ صاحب کو پھر سانس لینے کا موقع مل سکتا تھا۔ مگر اُس نے غداری کی۔ اوّل وہ آپ سے گفتگو کے لئے آمادہ ہوا، اور جب شاہ صاحب گفتگو کے لئے پہنچے تو راجہ نے اپنی گڑھی کا پھاٹک بند کر لیا اور اُوپر سے گولیوں کی بوچھاڑ کر کے شاہ صاحب کو شہید کر دیا۔ اب مفتی انتظام اللہ صاحب شہابی کا بیان ہے کہ:

راجہ بلدیو سنگھ نے سر مبارک جسم اطہر سے اُتارا، اور صاحب کلکٹر بہادر شاہ جہانپور کے سامنے پیش کر دیا جو عرصہ تک کوتوالی پر لٹکا رہا۔ نعش کو آگ میں پھونک دیا۔ اس پر سرکار برطانیہ نے پچاس ہزار روپیہ نقد اور خلعتِ فاخرہ راجہ پوائیں کو عطا کیا۔ یہ واقعۂ شہادت ۵/جون ۱۸۵۸ء مطابق ۱۳/ذی قعدہ ۱۲۷۵ھ کو پیش آیا۔ دریا پار محلّہ جہاں آباد متصل احمد پور مسجد کے پہلو میں سر دفن کر دیا گیا۔ مولوی سیّد طفیل احمد صاحب (علیگ مصنف روشن مستقبل و حکومت خود اختیاری) نے کتبۂ تاریخ نصب کرا دیا۔ (۲۶)

شاہ صاحب کے متعلق جو لکھا گیا، اس کی تصدیق کے لئے چند انگریز مؤرخین کے بیانات ملاحظہ فرمائیے۔ چارلس نال لکھتا ہے:

ایک لمبا، لاغر مگر مضبوط آدمی، دُبلے جبڑے، لمبے پتلے ہونٹ، اُونچا بانسہ، بڑی بڑی آنکھیں، تیغ نما ابرو، لمبی داڑھی، سخت کالے بالوں کی زُلفیں دونوں کانوں پر پڑی رہتی تھیں۔

چارلس نال حلیہ بیان کرنے کے بعد لکھتا ہے:

اودھ کے باغیوں کی تجاویز اور سازش کی تحقیق کی گئی تو معلوم ہوا کہ اس مولوی کو انگریزی حکام بحیثیت احمد شاہ فقیر اور صوفی عرصے سے جانتے تھے۔ شمال مغربی صوبجات میں ظاہرً ا مذہبی تبلیغ کی خاطر دورہ کر چکے تھے۔ لیکن فرنگیوں کے لئے یہ راز ہی رہا۔

اپنے سفر کے دوران وہ ایک عرصے تک آگرہ میں مقیم رہے۔ حیرت انگیز اثر شہر کے مسلم باشندوں پر تھا۔ شہر کے مجسٹریٹ ان کی جملہ نقل وحرکت پر نظر رکھتے تھے۔ عرصہ بعد یقین ہوگیا، کہ وہ برطانوی حکومت کے خلاف ایک سازش کررہے ہیں لیکن پھر بھی اُن کو کسی باغیانہ جرم میں ملوث نہ پایا گیا۔ وہ آزاد رہے۔ آخرکار جب بغاوت رونما ہوئی اور فیض آباد کے فوجیوں میں بھی یہ لوگ پہنچے تو یہ مولوی جو سابقاً غیر منظّم طریقے پر اپنے مریدوں کو اُبھار رہا تھا، گارڈ کی نگرانی میں تھا۔ ہنگامہ کرنے والوں نے اُن کو چھڑا کر اپنا سردار بنالیا۔ اس طرح مولوی صاحب ایک طاقت ور فوج کے سپہ سالار بن گئے۔ اگرچہ کچھ عرصہ تک دوسرے باغی سرداروں کی طاقت چھپی رہی لیکن اس شخص کا اثر باغیوں پر بھرپور تھا لیکن یہ قابل آدمی تھا، اور ظلم کے دھبے سے پاک تھا جو نانا صاحب کے انتقامی جوش کی خصوصیت تھی، اس سے یہ بالکل پاک صاف تھا۔ اس لئے برطانیہ بھی ایک حد تک ان کو اچھا اور قابل نفرت نہیں سمجھتی تھی۔ (۲۷)

جنرل ٹامسن جو ایک بہادر انگریز تھا اور ہنگامۂ ۱۸۵۷ء میں شریک تھا، شاہ صاحب کی بابت لکھتا ہے:

مولوی احمد اللہ شاہ بڑی لیاقت وقابلیت رکھتا تھا۔ وہ ایسا شجاع تھا کہ خوف اُس کے نزدیک نہیں آتا تھا۔ یہ عزم کا پکا، ارادہ کا مستقل تھا۔ باغیوں میں اس سے بہتر کوئی سپاہی نہیں تھا۔ یہ فخر اسی کو حاصل ہے کہ اُس نے دومرتبہ سر کالن کیمبل کو میدانِ جنگ میں ناکام رکھا۔ وہ بہ نسبت اور باغیوں کے خطاب شاہ کا زیادہ مستحق تھا۔ اگر محبّ وطن ہونے کے یہ معنی ہیں کہ اپنے ملک کی آزادی کے لئے جو غلطی برپا ہوگئی ہو، سازشیں کی جائیں اور لڑائیاں لڑی جائیں، تو مولوی یقیناً اپنے ملک کا محبّ صادق تھا۔ اُس نے کبھی تلوار کو مخفی اور سازشی قتل سے خون آلود نہیں کیا وہ بہادرانہ اور معجزانہ طور پر ان سے معرکہ آرا ہوا جنھوں نے اُس کا ملک چھین لیا تھا۔ دنیا کی

ساری قومیں اس کو تعظیم وادب کے ساتھ جو شجاعت وصداقت کے لئے لازمی تھیں اور جن کا مستحق تھا، اس کو یاد کریں گی۔ (۲۸)

فارسٹر کا ایک اور نذرانۂ عقیدت ملاحظہ فرمائیے:

جن کو فیض آبادی مولوی کہا جاتا ہے، اُن کے متعلق یہ بتادینا ضروری ہے کہ وہ عالم باعمل ہونے کی وجہ سے مولوی تھا۔ رُوحانی طاقت کی وجہ سے صوفی اور جنگی مہارت کی وجہ سے سپاہی اور سپہ سالار تھا۔ اس کی طبیعت ظلم سے پاک تھی۔ ہر انگریز اس کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ (۲۹)

رفقاء

مفتی انتظام اللہ صاحب شہابی نے چند اسماء گرامی اس عنوان کے تحت نقل کیے ہیں۔ ان فداکارانِ حریت کے نام ہم بھی زیبِ صحیفہ کرتے ہیں:

امیر احمد، شاہ آفاق، قطب شہید، رستم علی، اسمٰعیل خاں، غلام محمد خاں، کفایت اللہ تلہری، فرقان علی، محمد شاہ خاں شہید، سعد اللہ خاں شہید، نور احمد، احمد یار خاں تحصیل دار، نواب غلام قادر خاں (بٹول) عبدالرؤف خاں۔

اکثر انڈمان بھیجے گئے۔ کچھ کو دار نصیب ہوئی۔ کچھ گوشہ گیر ہوئے۔

نہ شیشہ، نہ مے، نہ ساقی رہا
فقط شکوۂ بخت باقی رہا

❁ ❁ ❁

حواشی:

(۱) واقعات ۱۸۵۷ء کے ممتاز مؤرخ مفتی انتظام اللہ صاحب شہابی جن کی مشہور اور مسلّم تصنیفات سے اس مضمون میں خوشہ چینی کی گئی ہے، چنیاپٹن کی تاریخ اس طرح بیان فرماتے ہیں:

''پامان گھاٹ'' کے راجہ رانل کے زمانہ میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے کارندوں نے کاسری کے زمیندار اور اُس کے دیوان سے اتحاد واتفاق کرکے دریائے شور کے کنارے تجارت گاہ تعمیر کرنے کے لئے ایک موضع ''مکدراس کویم'' حاصل کیا۔ جو تعلقہ ''پونا ملی'' سے متعلق تھا۔ راجہ نے اس کی سند طلائی لوح پر کندہ کراکے کارندوں کے حوالہ کی اور ایک ہزار دوسو 'ہون' سالانہ اس کا پیش کش مقرر کیا، اور موضع کی مناسبت سے اس کا نام 'مدراس' رکھا۔ کچھ دنوں بعد چند مواضع اور حاصل کرلئے گئے۔ چم، نایک، کویم، ارپوکم اور پپل پنہ۔ یہ بھی تعلقہ پونا ملی سے متعلق تھے۔ چم، نایک، کویم چونکہ مدراس کی آبادی میں شامل کرلئے گئے تھے، اسلئے قدیم نام کی مناسبت سے اس کا نام 'چنیاپٹن' رکھا گیا۔

(۲) جی، ڈبلیو، فارسٹر کی شہادت ملاحظہ فرمایئے:

وہ عالم باعمل ہونے کی وجہ سے مولوی تھا۔ روحانی طاقت کی وجہ سے صوفی تھا اور جنگی مہارت کی وجہ سے وہ سپاہی اور سپہ سالار تھا۔ احمد شاہ نام تھا۔ ظلم طبیعت میں نہیں تھا۔ ہر انگریز اس کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ (ہسٹری دی انڈین نیوٹی)

(۳) ۱۶۸۷ء میں اورنگ زیب عالمگیر نے ''گولکنڈہ'' پر قبضہ کرکے قطب شاہی خاندان کا خاتمہ کیا۔ آخری بادشاہ ابوالحسن تانا شاہ تھے جو عبداللہ قطب شاہ کے داماد تھے۔ جب اس خاندان میں حکومت نہ رہی تو ابوالحسن کے پوتے ''چنیا پٹن'' جا بسے اور وہاں کے نواب کہلائے۔ اس خاندان کے نامور بزرگ سید جلال الدین عادل تھے۔ رحمۃ اللہ (مفتی انتظام اللہ شہابی)

(۴) مولوی احمد اللہ شاہ اور پہلی جنگ آزادی، از مفتی انتظام اللہ شہابی۔

(۵) ایضاً ص: ۱۰۔

(۶) ایضاً ص: ۱۰۔

(۷) نواب وزیر الدولہ نے حضرت سید احمد شہیدؒ اور مولانا اسمٰعیلؒ صاحب شہید سے تربیت پائی تھی۔ یہ بزرگ سماع کے سخت مخالف تھے۔ پھر نواب صاحب موصوف حضرت مولانا سید نصیر الدین صاحب دہلوی سے بیعت ہوئے تھے۔ مولانا نصیر الدین صاحب بھی حضرت سید صاحب شہید سے تربیت یافتہ اور اُن کے خلفاء میں سے تھے۔ جس کی تفصیل پہلے گذر چکی ہے۔

(۸) منشی ذکاء اللہ خاں صاحب کی شہادت پہلے گذر چکی ہے کہ ۱۸۵۷ء کے جہاد میں شریک ہونے والے وہابی مجاہدین سب سے زیادہ ٹونک سے آئے تھے جن کی تعداد دو ہزار تھی۔

(۹) آپ گوالیار کے ایک رئیس کے یہاں پیادوں میں ملازم تھے۔ رئیس کا نام سردار ستولے تھا۔ (ایسٹ انڈیا کمپنی اور باغی علماء، ص: ۹)

(۱۰) مولوی احمد شاہ اور مفتی انتظام اللہ صاحب۔

(۱۱) چند صفحات بعد آپ ملاحظہ فرمائیں گے کہ آگرہ میں مولانا سید احمد اللہ شاہ کے ہم نواؤں پر ایک مقدمہ چلایا گیا تھا۔ مارچ ۱۸۵۰ء میں ابتدائی عدالت سے اس کا فیصلہ سُنایا گیا۔ مولانا سید احمد اللہ شاہ صاحب دہلی سے آگرہ تشریف لے گئے تھے۔ آگرہ پہنچ کر حلقۂ اثر قائم کرنے اور اس درجہ رسوخ حاصل کرنے میں (کہ حکومت اُن کے اُن ہمنواؤں پر جو حکومت کے اعلیٰ منصبوں پر فائز تھے مقدمہ چلانے پر مجبور ہوئی) تین چار سال یقیناً صرف ہوئے ہوں گے۔

(۱۲) مفتی انتظام اللہ صاحب شہابی آگرہ کے قدیم باشندے تھے۔ آپ سے زیادہ آگرہ کے حالات اور ماضی قریب کی تاریخ سے کون واقف ہوسکتا ہے۔ آپ تحریر فرماتے ہیں:

جاٹوں اور مرہٹوں کے زمانہ میں آگرہ کی حالت بیحد زبوں ہوچکی تھی۔ (۱) مُلا ولی محمد شاہ کی درس گاہ محلّہ بالوگنج میں تھی۔ مولوی شمس الضحیٰ اور مولوی بدرالدّجی اور میر اعظم علی اعظم اسی درسگاہ کے فارغ التحصیل عالم تھے۔ (۲) مولوی محمد معظم جن سے مکتب میں مرزا غالب نے پڑھا۔ (۳) میاں نظیر کا مکتب محلّہ مائی تھان میں تھا۔ یہاں ہندوؤں کے چند بچے تعلیم پاتے تھے۔ حکیم غلام قطب الدین خاں باطن (صاحب نغمۂ عندلیب) وخلیفہ گلزار علی اسیر یہ اُن کی درسگاہ کے تعلیم یافتہ تھے۔ (۴) مولوی امجد علی اصغر کا مدرسہ محلّہ تاج گنج میں تھا۔ یہ تھی کل کائنات اکبرآباد کے درس وتدریس کی۔ گنتی کے چند لوگ پڑھے لکھے تھے قاضی سید باسط علی خاں ہمدانی آگرہ کے قاضی القضاۃ تھے۔ مرہٹوں نے اُن کو معزول کرکے للّو بھٹ کو قاضی القضاۃ بنادیا۔ باسط علی خاں مرافعہ کرنے شاہ عالم ثانی کے پاس دلی پہنچے۔ البتہ مرہٹوں نے کچھ خانقاہوں کو جاگیریں ضرور دیں۔ بہرحال حکمران طبقہ کا اثر یہ تھا کہ مسلمان شعائر اسلامی سے دُور ہٹ گئے تھے۔ نماز روزہ کی طرف سے تغافل برتا جاتا تھا۔ متولیانِ مسجد جامع اکبری نے مسجد کی زیریں دکانیں ہندوؤں کے ہاتھ رہن رکھ دی تھیں۔ جامع مسجد کا مصرف صرف یہ رہ گیا تھا کہ اس کے صحن میں کبوتروں کی قلقلیں کھڑی کی جاتی تھیں اور سوتی رسی بٹنے کے کرگھے لگے ہوئے تھے۔ بیچ کے در میں چند چٹائیاں پڑی رہتی تھیں۔ گنتی کے لوگ نماز پڑھتے تھے۔ جمعہ

کی نماز میں بیس پچیس مسلمان شریک ہوتے تھے۔امیر الامراء ذوالفقار الدولہ نجف خاں کے زمانہ سے البتہ تعزیہ داری کا رواج بڑھ گیا تھا۔تعزیوں پر عرضیاں چڑھتیں۔ چڑھاوا صدہا روپیہ کا چڑھتا۔تعزیہ کا ساتویں اورنویں کی شب میں ''ناف شہر'' کا گشت کرایا جاتا تھا۔عمائدشہر باندھ کر ساتھ ساتھ تعزیہ کے ساتھ چلتے اور کاندھا دیتے۔دسویں کی صبح الوداع پڑھی جاتی۔ہزارہا مسلمان عورت مرد جمع ہوتے تھے حتیٰ کہ مولانا غلام امام شہید الوداع پڑھتے تھے۔بچوں کو تعزیہ پر رہن رکھا جاتا وغیرہ وغیرہ۔مسلمانوں میں عام طور سے ہندوانی رسوم کی گرم بازاری تھی۔دیوالی اور ہولی میں برابر ہندوؤں کے شریک ہوتے۔اس کیفیت کا پورا نقشہ میاں نظیر نے اپنی نظمیات میں کھینچا ہے۔اُن کے پوتے سوانگ بھرتے تھے اور شہر کا گشت لگاتے۔سیتلا کے مندر کے ہندو اور مسلمان ہر دو مجاور اور مہنت چڑھاوے کے برابر کے حصہ دار ہوتے تھے۔یہی حال کمال خاں کے کنویں کا تھا۔یہ تھی عام حالت مسلمانوں کی۔صدر نظامت ۱۸۲۵ء میں الہ آباد سے آگرہ آیا تو علماء جو وابستگانِ صدر تھے وہ بھی ساتھ آئے۔تب یہاں علماء کی صورتیں نظر آنے لگیں۔پہلے جمعہ میں مولی سراج الاسلام پیش کار نے نماز جمعہ پڑھائی تو اسّی (۸۰) آدمی اس میں شریک تھے۔ تمام شہر میں یہ شہرہ تھا کہ عظیم الشان جمعہ ہوا (مولوی احمد اللہ شاہ از مفتی انتظام اللہ شہابی،ص:۱۲تا۱۴)

(۱۳) مولوی احمد اللہ شاہ از مفتی انتظام اللہ شہابی،ص:۱۵۔

(۱۴) مفتی انتظام اللہ صاحب شہابی راوی ہیں کہ شاہ صاحب کے یہاں محفل سماع کا خاص اہتمام ہوتا تھا۔مریدین پر توجہ ڈالی جاتی۔ادھر لوہے کے کڑاہوں میں کوئلہ کے انگارے بھرے رہتے تھے۔وہ مجلس میں پھیلا دیئے جاتے تھے۔اُن پر مریدین لوٹتے تھے۔آگ اُن پر بالکل اثر نہ کرتی تھی۔میری پھوپھی محترمہ عمدۃ النساء زوجہ خواجہ غلام غوث خاں بہادر ذوالقدر بیخبر الہ آبادی فرمایا کرتی تھیں کہ اُن کے چھوٹے بھائی ڈاکٹر الہام اللہ مرحوم پر شاہ صاحب کی خاص توجہ تھی اور وہ اُن کے مرید تھے۔وہ بھی شریک محفل سماع ہوتے اور دہکتے ہوئے کوئلوں پر مثل ماہی بے آب تڑپتے،مگر جسم پر نشان تک نہ پڑتا۔(ایسٹ انڈیا کمپنی اور باغی علماء،ص:۲۳)

(۱۵) روشن مستقبل،ص:۸۰(بار چہارم)

(۱۶) سعد الاخبار،ص:۱۴۸ جلد اوّل مورخہ ۱۷؍جمادی الاوّل ۱۲۶۶ھ مطابق مارچ ۱۸۵۰ء ۔

(۱۷) خان بہادر مفتی انعام اللہ ابن مفتی محمد اسحاق سہروردی ابن مفتی محمد ولی نبیرہ ملّا وجیہ الدین (یکے از ترتیب دہندگان فتاویٰ عالمگیری)۱۲۰۶ھ میں پیدا ہوئے۔والد ماجد سے علوم عربی کی تحصیل کی۔فراغت کے بعد لکھنؤ گئے۔عرصہ تک نظامت کی تمنا میں رہے۔ناکامی پر مرشد آباد گئے۔پھر کلکتہ پہنچے۔وہاں سر ایڈورڈ کولبرک سے تعلق ہوگیا۔ان کا لڑکا مسٹر شیران اُن سے فارسی پڑھتا تھا۔کولبرک دلی کے ریزیڈنٹ مقرر ہوئے تو مفتی صاحب اس کے ہمراہ دلّی آئے۔اُس نے اپنے محکمہ کا سررشتہ کردیا۔عرصہ تک وہاں رہے۔محکمہ قضا میں بعہدہ وکالت (مفتی) مقرر ہوئے۔جس زمانہ میں صدر نظامت الہ آباد میں قائم ہوا،محکمہ قضا شکست ہوگیا۔آپ الہ آباد آئے اور محکمہ صدر میں وکیل مقرر ہوئے۔صدر آگرہ آیا تو آپ بھی اس کے ہمراہ آگرہ آگئے۔۱۲۶۶ھ عہدہ دارانِ صدر پر رشوت کا مقدمہ چلایا گیا،تو آپ کو بھی اس الزام میں معطل کردیا گیا کہ آپ کے یہاں سے کچھ خطوط برآمد ہوئے تھے۔اپیل میں آپ بحال کردیئے گئے لیکن آپ اس تعلق سے خاطر برداشتہ ہوچکے تھے۔بحالی کے بعد آپ نے استعفیٰ دیدیا۔پھر آپ نواب وزیر الدولہ کے پاس ٹونک چلے گئے۔وہاں آپ کو بندوبست کا مہتمم بنادیا گیا۔وہیں سے آپ حضرت مولانا احمد اللہ شاہ صاحب کو امداد پہنچاتے رہے۔انقلاب ۱۸۵۷ء کے بعد ۲۱؍ذی الحجہ ۱۲۷۵ھ/۱۸۵۸ء کو آپ کا انتقال ہوا۔(ایسٹ انڈیا کمپنی اور باغی علماء،ص:۲۷و۲۸)

(۱۸) ایسٹ انڈیا کمپنی اور باغی علماء،ص۲۷۔

(۱۹) ایضاً ص:۳۳۔

(۲۰) مولانا رحمان علی صاحب مصنف تذکرہ علماء ہند نے آپ کا پورا نام امیر الدین علی لکھا ہے۔وطن عزیز امیٹھی تھا۔یہی اجودھیا جہاں ۱۹۵۰ء سے بابری مسجد کا قصہ چل رہا ہے کہ ہندوؤں نے اس بناء پر کہ اس مسجد کے ایک حصہ کو وہ رام چندر جی کا

رسوئی گھر کہتے ہیں، اس پر قبضہ کرکے اس میں مورتی رکھ دی ہے، مسلمان اس کے خلاف قانونی کارروائی کرنے پر مجبور ہیں۔ چنانچہ مقدمہ چل رہا ہے۔ اسی اجودھیا میں ایک قطعہ کا نام ہنومان گڑھی ہے جہاں عالمگیر کی بنوائی ہوئی ایک قناتی مسجد تھی۔ سو سال پیشتر ۱۸۵۵ء میں بھی یہاں یہی شورش ہوئی تھی۔ چنانچہ اس قناتی مسجد پر اور ساتھ ہی بابری مسجد پر ہندوؤں نے قبضہ کرلیا تھا۔ واجد علی شاہ کا دَورِ حکومت تھا۔ وہ بذاتِ خود کمزور ہو یا مضبوط۔ مگر اس کی حکومت کے ساتھ انگریزی ریزیڈنٹ کے غیر معمولی اقتدار اور جابجا مداخلت نے جو دوعملی کررکھی تھی، اُس کا قدرتی اور لازمی نتیجہ یہ تھا کہ نظامِ حکومت معطل اور مفلوج ہوکر رہ گیا تھا۔ اجودھیا اور اس کے قرب وجوار کے ہندوؤں نے بذاتِ خود یا کسی کے ایما سے اس کمزوری کا فائدہ اُٹھایا اور من مانی کارروائی کرلی۔ واجد علی شاہ کے عُمّال نے اس دست درازی کو ختم کرنا چاہا تو آس پاس کے زمیندار اور بااثر ہندو مقابلہ پر آگئے۔ واجد علی شاہ کے افسروں کے پاس مصالحت کے سوا چارۂ کار نہ تھا۔ لیکن مسلمان ایسی صلح پر راضی نہ تھے جس کے نتیجہ میں اُن کو مسجد سے دستبردار ہونا پڑے۔ چنانچہ غلام حسین شاہ کی زیر قیادت مسلمانوں کی ایک جماعت خانۂ خدا کو دوبارہ اذان ونماز سے آباد کرنے کے لئے وہاں پہنچی۔ اُن کے رفقاء اور معاونین میں مولوی محمد صالح، حسن علی خاں ابن احسان علی خاں رسالدار، رستم علی خاں و بہادر علی خاں کسی قدر ذی حیثیت اور نمایاں تھے۔ باقی ساتھی وجاہت دُنیا سے بے نیاز، شوقِ شہادت سے سرشار تھے۔ انگریز اور ہندوستانی افسر بھی پولیس اور فوج کی جمعیت کے ساتھ وہاں پہنچے۔ لیکن عجیب بات یہ ہے کہ ان سب کی موجودگی میں ان تمام مسلمانوں کو جو مسجد میں دو تین روز سے بھوکے پیاسے پڑے تھے، ذبح کردیا گیا۔ ان کی تعداد ۲۶۹ بتائی جاتی ہے (قیصر التواریخ جلد دوم، ص:۱۱۲ و تاریخ اودھ جلد ۵، ص:۲۰۶) عذر یہ کیا گیا کہ حملہ آوار ہندوؤں کی تعداد زیادہ تھی جس پر پولیس اور فوج کی موجودہ تعداد قابو نہیں پاسکتی تھی۔ یہ حادثہ ۱۲/ذی قعدہ ۱۲۷۱ھ، ۲۸/جولائی ۱۸۵۵ء کو پیش آیا۔ بلغ العُلیٰ بکمالہٖ (۱۲۷۱ھ) سے اس کی تاریخ نکالی گئی۔ بہرحال اس ہنگامہ سے پورے ہندوستان میں بے چینی پھیل گئی۔ واجد علی شاہ کی حکومت نے کچھ ہندوؤں سے معذرت کرا کرا اور کچھ تحقیقات کا سلسلہ شروع کرا کرا اس قصہ کو رفع دفع کرانا چاہا۔ مگر دوسری طرف عام اضطراب جو دن بدن بڑھ رہا تھا۔ بقول سیّد کمال الدین حیدر حسنی الحسینی مصنف قیصر التواریخ، جب فساد و ہنگامۂ ہنود بڑھا اور بظاہر ثابت ومتحقق ہوا کہ رعایت و پاسداری ہنود بطمع دنیا اراکین دولت کو منظور ہے۔ مولوی سیّد امیر علی بندگی میاں کے پوتے ساکن قصبہ امیٹھی نسبتی بھائی شیخ حسین علی کارندہ راجہ نواب علی خاں رئیس محمود آباد، بہ سبب جوشِ حرارت اہلِ اسلام چاہا کہ دفع توہین اسلام کریں۔ چنانچہ پہلے سندیلہ میں اہلِ اسلام نے مولویوں کی تحریک سے بعد مشورہ اجماع کمر جہاد پر باندھی۔ (قیصر التواریخ، ص:۱۲۰)۔ بہرحال یہ پس منظر تھا مولوی امیر علی شہید کے جہاد کا۔ مولانا امیر علی رحمۃ اللہ علیہ نے جب علم جہاد بلند کیا تو مولانا رحمان علی کے الفاظ میں، علماء سُنّی وشیعہ بہ پس وپیش افتادند کسے بفقدانِ شرائطِ فرضیتِ جہاد لب کشادہ، دیگرے شرط امامت پیش نہادہ۔ علماء کی یہ پس وپیش اور واجد علی طفل تسلّی اور لیت ولعل جاری رہی۔ مگر جو موت کو زندگی پر ترجیح دے چکا تھا۔ جس کو مولانا رحمان علی صاحب امیر المجاہدین فرماتے ہیں وہ ''عزم بالجزم بسوئے مقصود کردہ روانہ شد''۔ واجد علی شاہ اب بھی پس وپیش ہی میں تھے۔ ریزیڈنٹ نے کپتان بارلوگی کو حکم دیا وہ لشکرِ جرّار اور توپ خانہ لے کر پہنچا۔ شجاع گنج میں تمام مجاہدین کا محاصرہ کرکے توپ دم کردیا۔ مجاہدین کی تعداد چھ سو تھی۔ سب ہی شہید ہوگئے۔ مگر مقابلہ بھی ایسا کیا کہ توپوں کی زد میں ہونے کے باوجود اپنے سے دو چند ۱۲۵۰ کو مقتول و مجروح کردیا۔ خاص معرکہ کے وقت کسی ارادت مند نے حضرت شاہ امیر علیؒ سے عرض کیا۔ حالات اچھے نہیں۔ کسی محفوظ مقام پر نکل چلئے۔ شہید کی زبانِ حق ترجمان نے فوراً جواب دیا۔ ''سرِ میدان کفن بردوش دارم''۔ عجیب اتفاق، شہادت کے بعد تاریخ کی جستجو ہوئی تو یہی مصرعہ موزون ہوا منشی ظہیر الدین خلف منشی مسعود بلگرامی نے اس کی تظمین کرکے یہ قطعہ بنادیا۔

بتاریخ شہیدانِ کفن پوش — چہ حاجت تاسنش من برنگارم

کہ خود فرمود آں میرِ شہیداں — سرِ میدان کفن بردوش دارم

(تذکرہ علماء ہند، ص:۳۰) ۱ ۲ ۷ ۱ ھ

(۲۱) بے شک یہ حضرت شاہ صاحب کی گفتگو اور اُن کی قوتِ ارادی کا اثر ہے کہ حضرت مولانا فضل حق صاحب خیرآبادی کی زندگی میں انقلاب برپا ہوگیا۔ لیکن یہاں حضرت مولانا صدرالدین صاحب آزردہ کی فرزانگی اور دُوراندیشی کی بھی داد دینی چاہئے کیونکہ اگر زمامِ قیادت حضرت مولانا اسمٰعیل شہید کے کسی جانشین کے ہاتھ میں ہوتی، اور مرکز دہلی ہوتا تو شاید مولانا خیرآبادی میں یہ انقلاب اب بھی برپا نہ ہوتا۔

(۲۲) باغی علماء، ص:۳۸

(۲۳) لکھنؤ میں مولانا احمد سعید سبط شاہ غلام علی نے عَلمِ محمدی اُٹھا رکھا تھا اور عوام میں عام بے چینی پیدا ہوگئی تھی مگر کرتا دھرتا کوئی نہیں تھا۔ حضرت احمد اللہ شاہ کے پہنچتے ہی ہر ایک ان کی خدمت میں حاضر ہونے لگا اور تمام منتشر مجاہدین آپ کے پاس جمع ہوئے۔ سرہنری لارنس چیف کمشنر لکھنؤ نے حتی الوسع بغاوت کو فرو کرنا چاہا مگر سعی بے نتیجہ رہی۔ (باغی علماء، ص:۳۸)

(۲۴) جولائی ۱۸۵۷ء کو رسالدار سیّد برکات احمد اور راجہ لال سنگھ اور شہاب الدین وغیرہ نے شہزادہ مرزا برجیش قدر خلف واجد علی شاہ کو اودھ کا بادشاہ بنا کر تخت پر بٹھا دیا۔ مسند نشینی کے وقت جہانگیر بخش صوبہ دار توپ خانہ فیض آباد نے ۲۱ ضرب توپ کی سلامی دی۔ شرف الدولہ محمد ابراہیم علی خاں کو خلعت وزارت عطا ہوا۔ جرنیلی کا خلعت حسام الدولہ کو ملا۔ مگر کل وجزو کے اختیارات ناصرالدولہ علی محمد خاں عرف مموخاں کے ہاتھ میں تھے۔ (باغی علماء، ص:۳۸)

(۲۵) مموخاں، اصل نام علی محمد خاں، داروغہ دیوان خاص۔ برجیش قدر کو مسند حکومت تک پہنچانے میں ان کی کوشش کو خاص دخل تھا۔ حضرت محل کے خاص معتمد تھے۔ مگر اس عارضی شوکت واقتدار کے دور میں بھی زیادہ ستانی اور خویش پروری کی شکایت رفع نہیں ہوئی، بلکہ زیادہ ہوگئی جس کی بناء پر حضرت مولانا احمد اللہ شاہ صاحب کو بار بار مداخلت کرنی پڑی۔ جس کی وجہ سے مموخاں حضرت شاہ صاحب سے بھی برگشتہ ہوگیا تھا۔ حضرت محل کے ساتھ لکھنؤ سے نکلا اور جب حضرت محل اور برجیش قدر نیپال روانہ ہوئے تو یہ بھی اُن کے ہمراہ تھا۔ دونوں ماں بیٹوں کو نیپال کے افسروں نے اپنے یہاں رہنے کی اجازت دی۔ اُن کے لئے بطور مدد معاش ایک ہزار روپیہ ماہانہ جاری کردیا۔ مگر مموخاں کی آشفتہ مزاجی اور تندخوئی اس نازک موقع پر بھی ختم نہ ہوئی۔ اُس نے نیپالی افسروں سے ایسا انداز اختیار کیا کہ انھوں نے مموخاں کو اجازت نہیں دی۔ دوسرے سپاہیوں کی طرح یہ بھی انگریزوں کی گرفت میں آگیا۔ گرفتار ہوا۔ مقدمہ چلا۔ مموخاں نے انگریزوں کی وفاداری کے ثبوت میں بہت سی چٹھیاں بھی جو بالواسطہ یا بلاواسطہ ملی تھیں، پیش کیں۔ بڑے شدومد سے دعویٰ کیا کہ میر واجد علی جس کو کمپنی نے دس لاکھ روپیہ عطا کیا ہے میرا نائب تھا۔ اُس نے جو کچھ انگریزوں کی وفاداری میں کارروائیاں کیں وہ سب میرے مشورہ سے کیں۔ بہرحال ان تمام صفائیوں کا نتیجہ اتنا ہی برآمد ہوا کہ پھانسی کی سزا منسوخ ہوئی۔ چندسال کی قید تجویز کی گئی۔ مگر آپ نے فرار ہونے کی کوشش کی۔ کوشش ناکام رہی۔ دوبارہ گرفتار ہوئے اور انڈمان بھیج دیئے گئے۔ تقریباً پانچ سال جزیرہ انڈمان میں گذارے۔ پھر سراوک بھیج دیئے گئے۔ وہیں انتقال ہوا۔ (قیصرالتواریخ جلد دوم، ص:۳۶۷ و ۳۶۸ وتواریخ عجیب، ص:۴۳ و ۴۴)

(۲۶) ایسٹ انڈیا کمپنی اور باغی علماء، ص:۴۹۔

(۲۷) انڈین میونٹھ۔ از جی، ڈبلیو فارسٹر اسکولر، ص:۲۴؛ باغی علماء، ص:۴۳۔

(۲۸) تاریخِ شاہ جہان پور بحوالہ باغی علماء، ص:۴۹ و ۵۰۔

(۲۹) ہسٹری دی انڈین نیوٹی۔

❁ ❁ ❁

تحریر میں رموز اوقاف کی اہمیت وضرورت

از: فاروق اعظم عاجزؔ کھگڑیاوی
شعبہ انگریزی، دارالعلوم دیوبند

انسان جب آپس میں گفتگو کرتا ہے، تو اس کے مختلف اسلوب وانداز ہوتے ہیں، بات کبھی مثبت ہوتی ہے تو کبھی منفی، کوئی لمحہ غم کا ہوتا ہے تو کوئی خوشی کا، لہجہ کبھی سخت ہوتا ہے تو کبھی نرم، کوئی بات اسے تعجب میں ڈالتی ہے تو کبھی اسے خوف کا سامنا کرنا پڑتا ہے؛ غرض کہ روزمرہ میں نرمی، سختی، خوشی، غم، تعجب، استفہام، خوف، غصہ؛ اس طرح کے نشیب وفراز اور اتار چڑھاؤ پائے جاتے ہیں اور یہی حال قلم کا بھی ہے؛ اس لیے کہ قلم بھی انسان کی خاموش زبان ہے اور زبان کے ذریعہ نکلنے والے دلی احساسات وجذبات کا ترجمان بھی۔

انسان جہاں اپنی گفتگو کو مؤثر بنانے کے لیے اس کے آداب کی مکمل رعایت کرتا ہے، وہیں اس کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ زبان کے ساتھ اپنے قلم سے نکلی ہوئی تحریر میں بھی اس کو ملحوظ رکھے؛ اس لیے کہ ایک قلم کار اپنی تحریر کے ذریعہ دنیا کو عظیم پیغام دیتا ہے اور اپنے طبقہ کو ترقیات کے بامِ عروج پر دیکھنے کا خواہاں ہوتا ہے؛ اور یہ اس وقت تک ناممکن ہے، جب تک کہ آلہ کو آلہ کے اصول کے مطابق نہ چلایا جائے، یعنی قلم بھی ایک آلہ؛ بلکہ ابلاغ کا ایک مؤثر ذریعہ ہے اور اس کے بھی کچھ اصول وضوابط ہیں جن کی رعایت ناگزیر ہے؛ یہی وجہ ہے کہ ہر نبی اپنے زمانہ کا سب سے بڑا فصیح وبلیغ ہوا کرتا تھا جس کی شہادت قرآن میں صراحتاً موجود ہے۔

قلم کے مسافر کے لیے جس طرح دیگر اصول وضوابط کی ہم رکابی ضروری ہے، اسی طرح اپنی تحریر میں ''رموز اوقاف'' کا توشہ بھی ناگزیر ہے؛ اور نہ صرف رموز اوقاف کی محض معلومات؛ بلکہ ان کا برمحل استعمال مقصود ہے۔

آج ایک طبقہ تو شاید ''رموز اوقاف'' کے رموز سے واقف ہی نہیں اور اگر ہے بھی، تو ان کی

رعایت ''آٹے میں نمک'' کے برابر ہے؛ ہاں ادبی تحریروں میں تو ان کی رعایت کی جاتی ہے؛ لیکن رموز اوقاف کا تعلق محض ادبی تحریروں ہی سے نہیں ہے؛ بلکہ مطلق اس کا تعلق کسی زبان کے تحریری مواد سے ہے۔

اسی جذبہ کے پیش نظر رموز اوقاف سے متعلق مختلف کتابوں۔ بطور خاص بابائے اردو مولوی عبدالحق صاحب کی معروف کتاب ''قواعد اردو'' -کو سامنے رکھ کر چند باتیں سپرد قرطاس کی جاتی ہیں۔

تحریروں میں استعمال ہونے والی علامات اور اس کے نام:

(۱) سکتہ	(،)	(۲) وقفہ	(؛)
(۳) رابطہ	(:)	(۴) تفصلیہ	(:-)
(۵) ختمہ	(۔/.)	(۶) سوالیہ	(؟/?)
(۷) مجائیہ،ندائیہ	(!)	(۸) قوسین	(()/[])
(۹) خط	(—)	(۱۰) واوین	('' '')

سکتہ (،) ان چھوٹے چھوٹے جملوں کے درمیان اس کا استعمال ہوتا ہے جن سے مل کر ایک بڑا جملہ بنتا ہے اور ایک بات مکمل ہوجاتی ہے۔ جیسے:- استاذ محترم آئے، درسگاہ میں داخل ہوئے، کرسی پر بیٹھے اور سبق پڑھایا۔

مختلف اسما کو جوڑنے کے لیے بطور حرف عطف کے بھی استعمال ہوتا ہے؛ خواہ وہ معطوف معطوف علیہ ہوں۔ جیسے:- حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عمر، حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ ایک ہی شمع کے چار پروانے تھے۔ یا اسم مصدر ہوں۔ جیسے:- لڑنا، جھگڑنا اور گالی دینا بری بات ہے۔ یا ایک موصوف کی کئی صفتیں ہیں، تو متعدد صفات کے درمیان اس علامت کو لائیں گے۔ جیسے: عادل ذہین، محنتی، باادب اور خوش خلق طالب علم ہے۔ اسی طرح کئی منادیٰ ہوں تو ان کے درمیان میں بھی اس کو لایا جاتا ہے۔ جیسے:- میرے بھائیو!، بزرگو! اور دوستو! ایسے ہی شرط وجزا اور صلہ وموصول کے درمیان اس کا استعمال ہوتا ہے۔ جیسے:- جب حق آیا، تو باطل خود بخود چھٹ گیا۔ انسان وہ ہے، جس کے اندر انسانیت ہو۔

اسی طرح اس کو مستثنیٰ مستثنیٰ منہ کے درمیان بھی لایا جاتا ہے۔ جیسے:- آج کا دور، ترقیاتی دور کہلاتا ہے، لیکن سکون مفقود ہے۔ انگریز ہندوستان سے تو گئے، مگر دو ٹکڑے کر کے۔ درسگاہ

پابندی سے آؤ، پر موبائل نہ لاؤ۔

مبتدا اور خبر کے درمیان جب موصوف اور صفت کا اشتباہ ہونے لگے، تو اس وقت سکتہ کا لانا ضروری ہے۔ مثلاً: اردو زبان میں سیرت کی سب سے شاہکار کتاب، سیرت النبی ہے۔ ہندوستان کے اسلامی مصنّفین میں ایک نمایاں نام، مولانا مناظر احسن گیلانیؒ کا بھی ہے۔

وقفہ (؛) اس کا استعمال جملوں کے بڑے بڑے اجزا کے درمیان ہوتا ہے، جہاں سکتہ کے (،) بالمقابل زیادہ ٹھہراؤ کی گنجائش ہو۔ جیسے: ''سرخیاں بنانے کے طریقے؛ سرخیوں کی قسموں؛ ان کے لیے مطلوبہ صلاحیتوں؛ اخبار کی زینت کاری وغیرہ کے مسائل کو اس طرح بیان کیا ہے کہ قاری کو کسی خشکی کا احساس نہیں ہوتا۔''

اسی طرح جملوں میں ''ورنہ''، ''اس لیے''، ''لہٰذا''، ''اگر چہ''، ''لیکن'' وغیرہ جیسے ربط دینے والے الفاظ سے پہلے وقفہ کی علامت ہوگی۔ جیسے: مشک کی تعریف کرنا خود اپنی قیمت کو بڑھانا ہے؛ ورنہ مشک تعریف وتوصیف سے اعلیٰ اور کہیں برتر وبالا ہوتا ہے۔ ❁ مستقل مزاجی سے تھوڑا کام بھی بہتر ہے اس کام سے جو مستقل مزاجی سے نہ ہو؛ اس لیے کسی بھی فن میں کمال پیدا کرنے کے لیے استقلال ضروری ہے۔ ❁ ادب واحترام، پابندی وقت انسان کو آگے بڑھانے والی چیزیں ہیں؛ لہٰذا: ادب کے ساتھ وقت کی انمول دولت کی حفاظت کرو!۔ ❁ محنت اور جد وجہد کو نہ چھوڑو؛ اگر چہ بھوک کی تکلیف برداشت کرنا پڑے اور رات کی نیند قربان کرنا پڑے۔ ❁ دنیا روشن پیدا کی گئی ہے؛ لیکن یہی روشنی کبھی تاریکی میں بھی تبدیل ہوجاتی ہے۔

رابطہ (:) مقولہ یا کہاوت وغیرہ کو بیان کرنے کے لیے اس کو استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے: علامہ اقبالؒ نے کہا: ''دیوبندی نہ فرقہ ہے نہ مذہب، ہر معقول پسند، دین دار آدمی کا نام دیوبندی ہے''۔ سچ ہے: ''وقت ایک انمول سرمایہ ہے''۔ کہتے ہیں: ''زبان شیریں ملک گیری''۔

تفصیلیہ (:-) کسی لمبے اقتباس یا کسی فہرست کو پیش کرتے وقت اس کا استعمال ہوتا ہے۔ اس کا استعمال اب متروک سا ہوگیا ہے؛ لیکن پرانی تحریروں میں اس کا استعمال کثرت سے دیکھنے کو ملتا ہے۔ جیسے: ہمارے ملک میں مختلف مذاہب کے ماننے والے رہتے ہیں:- مسلمان، ہندو، سکھ اور عیسائی وغیرہ۔ اسی طرح جملوں میں ''خلاصہ کلام یہ ہے''، ''مختصر کلام یہ ہے''، ''غرض کہ'' کی جگہ بھی یہ کام آتا ہے۔ جیسے: ہندوستان میں مسلمان آئے، یہاں کی زمین ہموار کی، خونِ جگر سے اسے سینچا، بے شمار خوب صورت عمارتیں تعمیر کرائیں:- آج بھی بڑے بڑے فنکار محوِ حیرت

ہیں۔ایسے ہی ''مثلاً'' یا ''جیسے'' کی جگہ بھی اس کا استعمال ہوتا ہے۔ جیسے: صرف علم ہی کارآمد نہیں ہے:-ابلیس ہی کو لے لیجیے!

ختمہ (-/٠) اس علامت کو وقف تام بھی کہا جاتا ہے۔اس کا استعمال بات یا جملہ کے مکمل ہوجانے پر کیا جاتا ہے۔ جیسے: مذہبِ اسلام امن عالم کا عَلَم بردار ہے۔ ہندوستان گنگا جمنی تہذیب کا عظیم گہوارہ ہے۔

نوٹ: (-) یہ علامت عام طور پر اردو زبان میں مستعمل ہے؛ لیکن عربی وانگریزی زبان میں (٠) اس علامت کو استعمال کیا جاتا ہے۔

واوین ('' '') کسی مضمون میں موضوع کی مناسبت سے بعینہ کسی مصنف وادیب کے قول یا کسی کتاب کے اقتباس کو نقل کرتے وقت اس کا استعمال ہوتا ہے۔ جیسے: ''شورش لکھتے ہیں: ایک نورانی جزیرہ ہے، جس میں فضیلتوں کے آبشار بہہ رہے ہیں، احد سونے کا پہاڑ ہے، اس کے دامن میں شہدا کی جھیل ہے، اس جھیل میں چاندی کا پانی بہہ رہا ہے اور سونے کی موجیں اچھل رہی ہیں۔'' ٹیپو سلطانؒ فرماتے ہیں: ''گیدڑ کی سوسالہ زندگی سے شیر کی ایک دن کی زندگی بہتر ہے۔''

اسی طرح جملوں کے درمیان میں، اہمیت کے پیش نظر، کسی خاص نام ومقام کو بھی واوین میں لکھا جاتا ہے۔ جیسے: ''عصری علوم سے مسلمانوں کو آراستہ کرنے میں ''سرسید احمد خاں'' کا اہم کردار رہا ہے جو ''علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی'' کی شکل میں آج ''ہندوستان'' میں قائم ہے''۔

فجائیہ وندائیہ (!) کسی خاص کیفیت اور جذبہ کے اظہار کے وقت یہ علامت لگائی جاتی ہے۔ جیسے: حیرت، خوف، غصہ اور حقارت وغیرہ کے وقت اس کا استعمال ہوتا ہے، ایسے ہی جذبہ کی شدت میں کمی وبیشی کے اعتبار سے ایک سے زیادہ علامتوں کا استعمال بھی ہوتا ہے۔

جیسے: سبحان اللہ! بہت خوب!، معاذ اللہ!، اللہ پناہ!، خبر لیتا ہوں!، بس کرو! رہنے دو!!، فرقہ واریت اور ملک کی ترقی!!! محال ہے۔

ندائیہ: (!) خطاب کے وقت اسی علامت کو ندائیہ کہا جاتا ہے۔ جیسے: بچو! محنت، مشقت، ادب اور وقت کی قدر تمہیں ستاروں سے آگے پہنچا سکتی ہے۔ سہیلیو! آنکھیں ترسیں گی ساری عمر ساتھ کی جھولا جھولنے والیوں کو، دل ڈھونڈے گا زندگی بھر پاس بیٹھ بیٹھ کر اور لیٹ لیٹ کر کہانی سننے والیوں کو!۔

سوالیہ (؟/?) کچھ پوچھنے یا دریافت کرنے کے وقت اس علامت کا استعمال ہوتا ہے۔

نوٹ: داہنی طرف سے لکھی جانے والی زبانوں میں اس کی علامت اس طرح (؟) ہوگی۔ جیسے: عربی، فارسی اور اردو وغیرہ، اور بائیں طرف سے لکھی جانے والی زبانوں میں اس طرح (?) مثلاً: آپ کا نام کیا ہے؟ تقریر میں عطاء اللہ شاہ بخاری اور تحریر عبدالماجد دریا آبادی بننا چاہتے ہیں؟ عقابی روح آپ کے اندر بیدار ہے؟ کبھی آپ نے سوچا؟ کہ آپ کی منزل آسمانوں میں ہے؟۔

خط (—) جملہ معترضہ کے لیے اس کو کام میں لایا جاتا ہے۔ جیسے: جگن ناتھ آزاد اور فراق گورکھپوری کا کہنا ہے- اگرچہ ان کی اپنی رائے ہے- کہ علامہ اقبال شاعر اسلام نہیں؛ بلکہ شاعر اعظم تھے۔

قوسین (( )) اس کا کام بھی تقریباً وہی ہے جو خط کا ہے؛ ہاں کسی غیر مانوس لفظ کی وضاحت کے لیے عام طور پر قوسین ہی کا استعمال ہوتا ہے۔ جیسے: وہ ''ادارہ'' (دارالعلوم دیوبند) استعماریت سے آزادی کی جنگ کا اعلان بھی تھا اور اپنے قومی مذہبی، تہذیبی تشخص کی بقا کی جدوجہد کا آغاز بھی۔ عبدالرحمان (صدر سجاد لائبریری دارالعلوم دیوبند) ذہین وفطین، محنتی اور انتہائی فعال شخص ہے۔

نقطے (.....) کسی محذوف عبارت کی جگہ اس کا استعمال ہوتا ہے؛ یعنی کسی لمبی عبارت کو نقل کرتے وقت، اختصار کے پیش نظر عبارت کا کچھ حصہ نقل کرتے ہیں اور بقیہ عبارت کی جگہ ان نقطوں کا استعمال کرتے ہیں؛ عام طور پر قلتِ جگہ یا قلتِ وقت کی بنا پر ایسا کیا جاتا ہے۔ جیسے: اردو شعراء کے مشہور تذکرہ نویس ''محمد حسین آزاد'' نے ''ولی دکنی'' کو شعراء کا ''باوا آدم'' کہا ہے، اور.....

اسی طرح جب کسی شعر وغیرہ کو مضمون کی سرخی بنانا ہو، اور مقصد صرف آدھے مصرع ہی سے پورا ہو رہا ہو، تو بھی نقطے کا استعمال کرتے ہیں؛ ہاں اگر مصرع کے جزو اول کو لینا ہے تو جزو آخر کی جگہ نقطے لگائیں گے، اور جزو آخر کو لینا ہو تو جزو اوّل کی جگہ اس کا استعمال ہوگا۔ جیسے:

ع- ......لوح وقلم تیرے ہیں۔ ع- من اپنا پرانا پاپی ہے......

چند علامات اور جن کا تحریروں میں کثرت سے استعمال ہے۔

(۱)	؎	علامت شعر وہندسہ	(۲)	ع	علامت مصرع
(۳)	ؔ	تخلص	(۴)	؏	علامت ہندسہ
(۵)	〃	علامت ایضاً (بھی)	(۶)	۱۲	بات ختم ہونے کی علامت
(۷)	ر	تاریخ یا اعداد شمار کے اختتام پر	(۸)	ص، صـ	صفحہ کا مخفف

(۹) ج جلد کا مخفف	(۱۰) ق م قبل مسیح کا مخفف
(۱۱) م متوفی کا مخفف	(۱۲) ف فوت کا مخفف
(۱۳) ر (وفات) رخصت کا مخفف	(۱۴) پ پیدائش کا مخفف
(۱۵) ء عیسوی کا مخفف	(۱۶) ھ ہجری کا مخفف
(۱۷) الخ الیٰ آخرہٖ کا مخفف	(۱۸) اھ انتہی کا مخفف
(۱۹) ؐ،صلعم صلی اللہ علیہ وسلم کا مخفف	(۲۰) ؑ علیہ السلام کا مخفف
(۲۱) ؓ رضی اللہ عنہ کا مخفف	(۲۲) رح رحمۃ اللہ علیہ کا مخفف
(۲۳) ج/ص جلد وصفحہ کا مخفف	

رموز اوقاف کے متعلق یہ چند باتیں تھیں جو سپرد قلم کردی گئیں، اس سے پہلے بھی اس سلسلے کی بے شمار تحریریں آئی ہیں اور آئندہ بھی آتی رہیں گی؛ لیکن مقصد اتنا ہے کہ ہم اپنی تحریروں میں ان کا لحاظ کرنے لگیں۔ تحریر کے لیے جہاں تحسین خط اور صفائی ستھرائی ضروری ہے، وہاں رموز اوقاف کی پابندی بھی انتہائی ناگزیر ہے؛ ایک قلم کار کی تحریر اپنی معنویت کے ساتھ ساتھ ظاہری خوبیوں سے بھی معمور ہو، تو پڑھنے والے کا ذہن ودماغ فطری طور پر متاثر ہوتا ہے اور وہ مصنف کی بات کو لیتا ہے، اس کے پیغام سے ملنے والے لعل وجواہر سے اپنا دامن دل بھرتا ہے؛ گویا لکھنے والا جس مقصد کے پیش نظر کچھ لکھتا ہے اس میں اسے بھرپور کامیابی ملتی ہے اور ایک قلم کے شہسوار کے لیے اس سے بڑھ کر کوئی فتح نہیں ہوسکتی۔

❁ ❁ ❁

دارالعلوم دیوبند کا ترجمان

ماہنامہ

دارالعلوم

جلد: ۹۲	صفر المظفر ۱۴۲۹ھ مطابق فروری ۲۰۰۸ء	شمارہ: ۲

نگراں	مدیر
حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند	حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب استاذ دارالعلوم دیوبند

ترسیل زر کا پتہ: دفتر ماہنامہ دارالعلوم دیوبند - ۲۴۷۵۵۴ یوپی

ہندوستان سے فی شمارہ -/۱۵ روپئے، سالانہ -/۱۵۰ روپئے

سعودی عرب، افریقہ، برطانیہ، امریکہ، کناڈا وغیرہ سے سالانہ -/۸۰۰ روپئے

بنگلہ دیش سے سالانہ -/۲۰۰ روپئے، پاکستان سے ہندوستانی رقم -/۲۰۰ روپئے

Tel. : 01336-222429 Fax : 01336-222768
Mob. : 09411649303 *(Manager)*
Web : http://www.darululoom-deoband.com
www.darululoom-deoband.com/urdu/magazine
E-mail: info@darululoom-deoband.com

R. N. I. No. 2133/57

DARUL ULOOM Monthly (Urdu) Printed, Published by Maulana Marghubur Rahman, Owned by Darul Uloom Grush. Published From Deoband, Saharanpur, U.P.
Printed at Darul Uloom Printing Press Deoband, Saharanpur
Editor : Maulana Habibur Rahman Azmi

فہرست مضامین

صفحہ	نگارش نگار	نگارش	نمبرشمار
۳	حبیب الرحمٰن اعظمی	حرفِ آغاز	۱
۶	ڈاکٹر محمد مسعود عالم قاسمی	ہجرت حبشہ مسلم اقلیت کے لیے اسوہ	۲
۱۹	مولانا سعید احمد جلال پوری	ٹی وی پر علماء کرام کا آنا مثبت و منفی پہلو	۳
۲۹	پروفیسر بدرالدین الحافظ	قیام دارالعلوم دیوبند کا دینی وسیاسی پس منظر	۴
۳۵	ڈاکٹر ظہورالحق	دارالعلوم دیوبند- میرے چند مشاہدات و تجربات	۵
۳۹	مفتی تنظیم عالم قاسمی	خواب کی حقیقت اوراس کے احکام	۶
۴۵	مفتی محمد شمیم اختر قاسمی	قطع حیات بہ جذبۂ رحم (Euthanasia) کی شرعی حیثیت	۷

ختم خریداری کی اطلاع

○ یہاں پر اگر سرخ نشان ہے تو اس بات کی علامت ہے کہ آپ کی مدت خریداری ختم ہوگئی ہے۔

۞ ہندوستانی خریدار منی آرڈر سے اپنا چندہ دفتر کو روانہ کریں۔

۞ چونکہ رجسٹری فیس میں اضافہ ہوگیا ہے۔اس لیے وی پی میں صرفہ زائد ہوگا۔

۞ پاکستانی حضرات جناب مولانا شیر محمد صاحب ناظم جامعہ مدنیہ، کریم پارک، راوی روڈ، لاہور کو اپنا چندہ روانہ کریں۔

۞ ہندوستان و پاکستان کے تمام خریداروں کو خریداری نمبر کا حوالہ دینا ضروری ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حرفِ آغاز

حبیب الرحمٰن اعظمی

ہمارے ملک ہندوستان کو بجاطور پر دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت کا اعزاز حاصل ہے، جمہوریت کی مستحکم و پائیدار روایت کے سبب کوئی بھی طاقت مطلق العنان نہیں ہوسکتی، اس کے باوجود کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ کسی جزوی واقعہ یا فرد کے ناروا اور ناپسندیدہ عمل کو سامنے رکھ کر پورے فرقہ کو نشانہ بنادیا جاتا ہے، یہ روش اور وطیرہ کبھی سیاسی حکمت عملی، کبھی سرکاری افسران کی بداعمالیوں اور کبھی دیگر اعلیٰ اداروں کے افراد کی بددیانتی کی بناء پر فروغ پارہا ہے۔ بسا اوقات یہ رویہ اس قدر قوی ہوجاتا ہے کہ تمام سماجی رویوں کو متاثر کرنے لگتا ہے، اس کی بدترین مثال دہشت گردی کے نام پر سرکاری ایجنسیوں کی کارروائیاں ہیں، جن کا نشانہ بطور خاص ملک کی سب سے بڑی اقلیت بنتی رہی ہے۔ ہماری حکومتوں کی اس عادت بدنے کہ وہ ملک کے دستور، اس کے سیکولر نظام، اور قانون وانصاف کی بجائے بیرونی طاقتوں کے چشم وابرو کو دیکھتی ہیں، صورت حال کو مزید سنگین بنادیا ہے کہ دہشت گردی کے عنوان سے پوری قوم مسلم کو مشکوک ومشتبہ بنانے کی شرمناک اور مجرمانہ پالیسی کو بروئے کار لانے کے لئے سرکاری اہل کار سرگرم ہیں، وشو ہندو پریشد، بجرنگ دل، شیوسینا جیسی کھلی مسلم دشمن تنظیموں کی پالیسیاں سب کو معلوم ہیں، لیکن سیکولرزم اور جمہوریت پر یقین کا دعویٰ کرنے والے اور اقلیتوں کی بہی خواہی کا دم بھرنے والے جب اس سازش میں ملوث ہوجائیں تو یقیناً ہم کو زیادہ چوکنا ہونا پڑے گا، اور از سرنو اپنے رویہ کے بارے میں سوچنا پڑے گا۔

ملک میں قائم دینی مدارس صرف علم دین ہی کے محافظ نہیں بلکہ انسانیت، اخلاق، تہذیب و شرافت، حب الوطنی اور وفاداری کے مضبوط قلعے ہیں، یہی ایثار وقربانی کے وہ مراکز ہیں جہاں سے جہاد آزادی کی تحریک کو اصل سرمایہ ملا۔

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی، سید احمد شہید بریلوی، مولانا محمد اسماعیل شہید، مولانا عبدالحئی بڈھانوی، مولانا محمد جعفر تھانیسری، مولانا سید نصیرالدین دہلوی، مولانا ولایت علی صادق پوری،

مولانا عنایت علی، مولانا فضل حق خیرآبادی، مفتی عنایت احمد کاکوروی، مولانا احمد اللہ شاہ، مولانا سرفراز علی گورکھپوری، مولانا فیض احمد بدایونی، مولانا عبدالقادر لدھیانوی، مولانا رحمت اللہ کیرانوی، حاجی امداداللہ تھانوی، مولانا محمد قاسم نانوتوی، مولانا رشید احمد گنگوہی، مولانا محمود حسن شیخ الہند، مولانا عبیداللہ سندھی، مولانا مفتی کفایت اللہ دہلوی، مولانا سید حسین احمد مدنی شیخ الاسلام، مولانا معین الدین اجمیری، مولانا ثناء اللہ امرتسری، مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد بہاری، مولانا ابوالکلام آزاد، مولانا محمد شاہد ناصری، مولانا احمد سعید دہلوی، مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی، وغیرہ مجاہدین آزادی جن کی فہرست بڑی طویل ہے، انھیں دینی مدارس کے ساختہ پرداختہ تھے، جنھوں نے نہ صرف انگریزوں سے مقابلہ کیا بلکہ دوسروں کے اندر بھی اس کا جذبہ پیدا کیا، ملک عزیز کے لئے خود تڑپے اور دوسروں کو بھی تڑپایا، ملک کی عزت وآزادی کی خاطر ہر قربانی دی، اور دوسروں کو قربانی کا حوصلہ بخشا۔

یہ مدرسے صدیوں سے قائم ہیں، حکومتیں آئیں اور چلی گئیں، بساط سیاست بچھی اور لپیٹ دی گئی، لیکن حق وصداقت اور انسانیت وشرافت کے یہ قلعے محفوظ رہے، اور انشاء اللہ آئندہ بھی محفوظ رہیں گے۔

آج ان مدارس کو دہشت گردوں کا اڈہ بتانا، ان پر قدغن لگانے کے لئے ان کی فہرست تیار کرانا، ان سے منسلک طلبہ وعلماء کو بیجا طور پر پریشان کرنا اور بغیر کسی معتبر ثبوت کے انھیں گرفتار کرنا ایک ایسا گھناؤنا اور بدترین جرم ہے جسے کسی طرح برداشت نہیں کیا جائے گا، ان مدرسوں کے طلبہ کی شرافت، انسانیت اور بلند اخلاق کا اعتراف ہر ضلع اور شہر کے حکام کو ہے، ان مدارس کا کوئی طالب علم نہ بسوں کے شیشے توڑتا ہے، نہ ریلوں کی چین پلنگ کرتا ہے، نہ پتھر چلاتا ہے نہ کسی پر بیجا ہاتھ اٹھاتا ہے، نہ اس نے کسی مندر کو توڑا، نہ دھرم شالہ کو، اس نے احتجاج اور مظاہروں کے عام طریقوں کو بھی اختیار نہ کیا پھر بھی اس پر الزام تراشی، اس کو بدنام کرنے اور قومی مجرم بنانے کی سازش حکومت اور اس کے اہل کاروں کا کھوکھلا پن، اور ایک دہشت گردانہ کارروائی ہے۔ کیا حکومت کے ذمہ داروں کو ملک میں لاکھوں نہتے، اور بے گناہ مسلمانوں پر وحشیانہ مظالم کرنے والے مجرم دکھائی نہیں دیتے، کیا انہیں بابری مسجد شہید کرنے والوں کی دہشت گردی اور درندگی نظر نہیں آتی، دہشت گردوں کو تلاش کرنا ہے تو کورٹ سے ان مجرموں کی فہرست طلب کی جائے جنھوں نے گجرات جیسے پرامن شہر میں بربریت اور وحشیت کا ایسا ننگا ناچ کیا جس سے چنگیز اور ہٹلر کی روحیں بھی شرمشار ہوئے بغیر نہیں رہ سکی ہوں گی۔ دہشت گردوں کو تلاش کرنا ہے تو آر ایس، ایس، وشو ہندو پریشد اور شیوسینا کے اداروں میں تلاش کیا جائے، اور کیا بعید ہے کہ

دہشت گرد خود انتظامیہ میں چھپے ہوں، اور اپنی دہشت گردی کا سبق پرامن شہریوں کو نہ پڑھایا جائے ورنہ پورا ملک خون کے سمندر میں ڈوب جائے گا۔

ان مذکورہ بالا حقائق کا تقاضا ہے کہ ہم مندرجہ ذیل امور پر بطور خاص توجہ دیں:

(۱) دینی مدارس ملّی تشخص کے پاسبان ہیں، انھیں مدارس سے آپ کو علماء، فضلاء، داعی، مرشد، مفسر، محدث، فقیہ اور ملّی قائدین ملتے رہے ہیں۔ اگر ان کی عزت پر آنچ آتی ہے اور ان کا وقار مجروح ہوتا ہے، تو اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ پوری ملت کی آبرو اور عزت پر حملہ کیا جارہا ہے، جس کو ملت کبھی گوارا نہیں کرے گی۔

(الف) لہٰذا تمام مسلم خواص وعوام اور تمام تنظیموں کے ذمہ دار متحد ومتفق ہوکر جمہوری تقاضوں کے مطابق مدارس کے تحفظ کے لئے سرگرم عمل ہوجائیں۔ اور مرکزی وریاستی حکومتوں سے مطالبہ کریں کہ وہ اعلان کردیں کہ یہ دینی مدارس انسانیت اور تہذیب وشرافت کے محافظ ہیں، ان کا دہشت گردی سے کوئی سروکار نہیں، جس کا ثبوت یہ ہے کہ بار بار کی تفتیش کے باوجود بھی انتظامیہ کو ان مدارس میں کوئی مجرم نہ مل سکا۔

(ب) آئندہ ایسی تمام کارروائیوں کا سدباب کیا جائے تو دینی مدارس کے وقار کو مجروح کرتی ہوں، اور آئین ہند سے حاصل دینی، تعلیمی اور تہذیبی ورثہ کی حفاظت وترویج کے حق میں قدغن لگاتی ہوں۔

(۲) ہمیں یہ سمجھنا چاہئے کہ ہمارے خلاف پورے ملک میں فرقہ وارانہ منافرت پھیلائی جارہی ہے، کھلے اور چھپے فسطائی عناصر ہمارے وجود کو برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں، ہمیں اشتعال دلاکر اور ہمارے جذبات بھڑکاکر ہمیں پولیس اور فوج کی گولیوں کا نشانہ بنانے کی مسلسل منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔

(الف) اس صورت حال میں ہمیں ہوشیار رہنا ہے اور اپنے اندر شعور کی پختگی اور بالغ نظری پیدا کرنا ہے، اپنے دین اور سنت رسول ﷺ پر مضبوطی سے قائم رہتے ہوئے اپنی دینی قیادت کا ساتھ دینا ہے۔

(ب) ہم اپنے عوام سے خصوصی طور پر کہتے ہیں کہ فرقہ پرست طاقتوں سے ہوشیار رہیں، اور ملک کے پرامن شہریوں سے اپنے تعلقات استوار رکھیں، ان سے کبھی بھی اشتعال کی بات نہ کریں، اور انھیں اطمینان دلائیں کہ ہمارا آپ سے کوئی اختلاف نہیں ہے، ہم اور آپ ایک کشتی کے سوار ہیں، ہمارا اختلاف اور لڑائی صرف ان طاقتوں سے ہے جنھوں نے ملک کی سیکولر قدروں کو پامال کرکے ظلم وجارحیت کو اپنا شیوہ بنالیا ہے۔

ہجرتِ حبشہ مسلم اقلیت کے لیے اسوہ

از: پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود عالم قاسمی
صدر شعبہ دینیات مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

مسلمانوں کی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں اسوۂ رسول ﷺ کی بڑی اہمیت اور قدر و قیمت ہے۔ یہ اسوہ مسلمانوں کے لیے مشعلِ راہ بھی ہے اور معیار ہدایت بھی ہے۔ اسی لیے مسلمان جہاں کہیں اور جن حالات میں ہوتا ہے اپنے مسائل کا حل رسول اللہ ﷺ کے اسوہ میں ڈھونڈتا ہے اور اپنی زندگی کا سفر اسی کی رہنمائی میں طے کرتا ہے۔ اگر وہ ایسا نہ کرے تو راستہ سے بھٹک جائے گا، منزل اس سے دور ہوجائے گی، وہ اپنی قومی پہچان اور تہذیبی تشخص کو بھی کھودے گا اور مقصد حیات سے بھی محروم ہوجائے گا۔

اس وقت مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد ایسے ملکوں میں آباد اور مقیم ہے جہاں مسلمانوں کی حکومت اور اکثریت نہیں ہے۔ اکثریت دوسری قوموں کی ہے اور حکومت بھی انھی کی ہے۔ ان میں بعض ممالک تو وہ ہیں جہاں کسی عہد میں مسلمانوں کی حکومت تھی مگر انقلاب زمانہ نے ان کی حکومت کو ختم کردیا اور ان کی جگہ وہاں کے دوسرے باشندوں نے لے لی۔ مثلاً بھارت، یوگنڈا، ہسپانیہ، گرجستان وغیرہ۔ اور بعض ممالک وہ ہیں جہاں مسلمان تلاش معاش اور ملازمت و تجارت کی خاطر گئے، وہاں جاکر آباد ہوگئے اور وہاں کی شہریت اختیار کرلی، یا وہاں کے مقامی باشندوں نے قبول اسلام کیا۔ جیسے برطانیہ، امریکہ، اسٹریلیا، جاپان وغیرہ اور بعض ممالک وہ بھی ہیں جہاں مسلمان ابتدا، ہی سے قبول اسلام کے بعد مقیم ہیں اور اقلیت کے طور پر رہ رہے ہیں، مثلاً نیپال اور چین وغیرہ۔ ان ممالک میں مسلمانوں کو مختلف قسم کے سماجی، معاشی، سیاسی، مذہبی اور تہذیبی مسائل و مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ بہت سے مسائل ملکوں، حکومتوں اور معاشروں کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں اور بہت سے مسائل مزاج اور نوعیت کے اعتبار سے یکساں ہوتے ہیں۔ مسلمان اپنے مسائل کو حل کرنے کے لیے جہاں ملکی قانون اور معاشرتی طور وطریق کا سہارا

لیتا ہے وہاں وہ اپنے مذہبی حوالہ اور تہذیبی ورثہ کی طرف بھی دیکھتا ہے۔ یعنی وہ مقصد زندگی اور ضرورت زندگی دونوں میں توازن اور ہم آہنگی قائم کرکے اپنے وجود کو باقی رکھنا چاہتا ہے۔

ان ممالک میں جہاں مسلمانوں کے علاوہ دوسری قومیں رہتی اور بستی ہیں اور ایک مذہب کے بجائے کئی مذاہب اور ایک قومیت کے بجائے کئی قومیتوں کے لوگ ایک ساتھ رہتے ہیں، اسوۂ رسول سے استفادہ اور راہ نمائی حاصل کرنے کی اگر سعی کی جاتی ہے تو ہمارا ایک مذہبی طبقہ رسول کریم ﷺ کی مکی زندگی کو اسوۂ کاملہ قرار دیتا ہے، کیونکہ کفار و مشرکین کے درمیان رہ کر جن مشکلات ومصائب کا آپ نے مقابلہ کیا اور جس طرح صبر و استقامت اور حکمت کے ساتھ دین کی دعوت دی اس سے بڑھ کر کوئی اور قابل تقلید نمونہ نہیں ہوسکتا۔

دوسرا مذہبی طبقہ مدنی زندگی کو اسوۂ کاملہ کے طور پر دیکھتا ہے، کیونکہ احکام کی تکمیل، سماجی اور سیاسی اصولوں کی تطبیق اور تکمیل اسلام کا مرحلہ یہی ہے اور ہمیشہ کے لیے رہنما ہے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ مکی اور مدنی دونوں زندگیاں احتیاج واختیار کے لحاظ سے اپنی اپنی اہمیت رکھتی ہیں اور اجتماعی معاملات میں ہمارے لیے دلیل راہ کا کام دیتی ہیں، مگر رسول اللہ ﷺ کی پوری زندگی کا اتباع اور انطباق مومن کا نصب العین ہے۔ اس لیے اس کے ہر پہلو کو نظر میں رکھنا ضروری ہے اور ہر مرحلہ دعوت سے رہنمائی حاصل کرنا ناگزیر ہے۔

رسول اللہ ﷺ کی دعوتی زندگی میں ایک اہم مرحلہ جو عموماً نظر انداز ہوجاتا ہے حالانکہ کثیر قومی معاشرہ میں براہ راست ہماری رہنمائی کرسکتا ہے وہ ہجرت حبشہ کا ہے۔ ہجرت حبشہ ۶۱۵ء یعنی نبوت کے پانچویں سال ہوئی تھی اور حبشہ سے مسلمانوں کی واپسی مختلف وقتوں میں ہوئی آخری وفد میں حضرت جعفر طیار مدینہ منورہ ۷ھ میں تشریف لائے۔ اس طرح حبشہ میں مسلمانوں کے قیام کی مدت اوسطاً پندرہ سال ہوتی ہے۔

محدثین اور سیرت نگاروں نے ہجرت حبشہ کا بیان اختصار سے کیا ہے۔ مہاجر صحابہ کرام کی حبشہ کی زندگی کی تفصیلات اور مقامی باشندوں کے ساتھ ان کے تعلقات اور لین دین کی جزئیات کا احاطہ نہیں کیا ہے۔ اس کے باوجود جو کچھ معتبر روایات اور تاریخی واقعات سے ثابت ہوتا ہے وہ بجائے خود اتنا روشن اور حوصلہ بخش ہے کہ آج ہم ان کی روشنی میں تکثیری معاشرہ میں مسلمانوں کے اجتماعی حالات کو دیکھ سکتے ہیں اور لائحہ عمل طے کرسکتے ہیں۔

ہجرت کی اسلام میں جو اہمیت ہے اس کے متعلق اتنا جان لینا کافی ہے کہ رسول پاک ﷺ نے اسے تمام گناہوں کا خاتمہ کرنے والا بتایا ہے۔ الاسلام یهدم ما كان قبله والهجرة

تهدم ما كان قبلها. (۱) اسلام ماقبل کے سارے گناہ ختم کر دیتا ہے اور ہجرت ماقبل کے سارے گناہ مٹا دیتی ہے۔

ہجرت حبشہ اسلام میں پہلی ہجرت تھی۔ یہ ہجرت جن حالات میں ہوئی وہ اسلام اور پیغمبر اسلام اور جاںنثارانِ اسلام کے لیے نہایت صبر آزما اور حوصلہ شکن تھے، قریش کی مخالفت کا طوفان تضحیک، طنز اور دشنام طرازی کی حدوں سے گذر کر جسمانی اذیتوں، ناقابل برداشت زیادتیوں اور قتل و غارت گری میں داخل ہو چکا تھا، ایمان آزمائش میں اور جان خطرہ میں تھی۔ ابن اسحاق کے بیان میں اس کی ہلکی سی جھلک ملتی ہے۔

''کفار نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھیوں پر دشمنی کی انتہا کردی، ہر قبیلہ اپنے اندر کے مسلمانوں پر حملہ آور تھا، وہ ان کو قید کرتا، ان کو مارتا پیٹتا اور ٹارچر کرتا، ان کو بھوکا پیاسا رکھتا اور جب دھوپ تیز ہو جاتی تو مکہ کی تپتی ہوئی ریت پر لٹا دیتا، جو کمزور مسلمان ہوتے ان کو اذیت دے کر دین سے باز رکھتا، چنانچہ بعض مسلمان ناقابل برداشت ظلم سے مجبور ہوکر دین سے پھر جاتے اور بعض ہمت اور حوصلہ سے کام لیتے اور اللہ ان کی حفاظت کرتا۔'' (۲)

نبی ﷺ کیلئے ان حالات میں ایک ہی راستہ تھا کہ وہ اپنے ساتھیوں کو مکہ چھوڑ کر کہیں اور چلے جانے کا حکم دیں۔ مگر سوال یہ تھا کہ آخر کہاں جائیں، کونسا ملک ان کو اپنے یہاں پناہ دیگا؟ جس طرح قریش اختلاف مذہب کی بنا پر قتل و غارت گری پر آمادہ تھے اسی طرح ہر ملک کے لوگ اپنے مذہب کا مخالف سمجھ کر یہی سلوک کریں گے۔ سرزمین حجاز سے ملی ہوئی سرحد ملک یمن کی تھی، آپ ﷺ اہل یمن کی حکمت کے قائل تھے اور یمن میں آپ کے بعض صحابہ بھی موجود تھے، چنانچہ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ یمن ہی کے رہنے والے تھے، رسول پاک کے پاس حاضر ہوئے، ایمان لائے اور ایمان وعمل کی اصولی تعلیمات حاصل کرکے یمن واپس چلے گئے۔ (۳) مگر آپ ﷺ نے اپنے ساتھیوں کو یمن ہجرت کرنے کا حکم نہیں دیا، کیونکہ وہاں کا حکمراں ظالم تھا، جس سال آپ ﷺ کی پیدائش ہوئی اسی سال وہاں کے گورنر ابرہہ نے ہاتھیوں کا لشکر لے کر خانہ کعبہ کو مسمار کرنے کیلئے مکہ پر حملہ کردیا تھا۔ حضور کے دادا عبدالمطلب نے اس موقع پر رب کعبہ سے جو التجا کی تھی اس کا یہ مشہور شعر ہے۔

لاهمّ ان العبد يمنع رحله فامنع حلالك

لا يغْلبو في صليبهم ومحالهم ابدا محالك (۴)

اے اللہ! بندہ اپنے گھر کی حفاظت کرتا ہے تو اپنے گھر کی حفاظت فرما، کبھی ان کی صلیب اور ان کی تدبیریں تیری تدبیروں پر غالب نہ آئیں۔

دوسری وجہ یہ بھی تھی کہ اہل یمن سے اہل مکہ کی شناسائی تھی، مسلمان وہاں ہجرت کر کے جاتے تو اہل مکہ بآسانی اہل یمن کو ان کو واپس کرنے پر آمادہ کر لیتے، ہجرت کا عمل بے معنی ہو کر رہ جاتا اور کفار کا تشدد اور بڑھ جاتا۔

رسول پاک ﷺ کی نگاہ انتخاب جزیرہ نمائے عرب سے باہر دوسرے براعظم افریقہ کے ملک حبشہ پر اٹھی۔ اگرچہ اس ملک کا بھی سرکاری مذہب عیسائیت تھی، مگر وہاں کا حکمراں انصاف پسند تھا۔ عرب اور حبشہ کے درمیان سمندر حائل تھا، وہاں سے مہاجرین کو واپس لانا قدرے آسان نہ تھا۔ چنانچہ حضرت رسالت مآب ﷺ نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا:

”لو خرجتم الی الارض الحبشة فان فيها ملكا لا يظلم عنده احد وهی ارض صدق حتى يجعل الله لكم خرجا مما انتم فيه“(۵)

(تم لوگ سرزمین حبشہ کو نکل جاؤ، وہاں کا بادشاہ ایسا انصاف پسند ہے کہ اس کے یہاں کسی پر ظلم نہیں ہوتا، وہ سچائی کی سرزمین ہے، تا آنکہ اللہ تعالیٰ تم کو ان مصیبتوں سے نجات دے جن میں آج تم گھرے ہوئے ہو)

اس ہجرت میں خود رسول کریم ﷺ شامل نہ تھے، بلکہ آپ مکہ میں مقیم رہے، کفار کے ظلم وستم برداشت کرتے رہے اور دین کی دعوت پر لگے رہے۔ شاید اس میں یہ مصلحت شامل رہی ہو کہ ساتھیوں کو حبشہ بھیج کر اور خود مکہ میں رہ کر اسلام کے پیغام کو آفاقی سطح پر پیش کر سکیں گے۔ اس طرح اسلام کے لیے دو مراکز عرب اور افریقہ میں بن جائیں گے۔

حضور ﷺ حبشہ کی حکومت اور معاشرت سے متعارف تھے۔ آپ کے گھر میں دایہ حضرت ام ایمن کا تعلق حبشہ سے تھا اور حضرت بلال حبشی کے والدین بھی حبشہ ہی کے تھے۔

بلکہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ حبشہ کے بادشاہ نجاشی سے رسول اللہ ﷺ کے خاندانی مراسم بھی تھے، اسی لیے نجاشی کی شخصیت پر اعتماد کر کے اپنے صحابہ کو ان کے ملک بھیج رہے تھے۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ حضرت جعفر طیارؓ کو ہجرت کے وقت رسول پاک نے ایک خط بھی دیا تھا کہ اسے نجاشی کو دے دینا۔ حدیث وسیرت کے موجودہ ریکارڈ کی بنا پر یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ حضور کی زندگی کا یہ پہلا خط تھا، اس سے پہلے غالباً آپ نے کوئی خط کسی کو نہیں لکھا، اس خط میں تحریر تھا کہ:

”میں اپنے چچازاد بھائی جعفر کو آپ کے پاس بھیج رہا ہوں اس کے ساتھ کچھ اور مسلمان ہیں، جب یہ آپ کے پاس پہنچیں تو ان کی مہمان نوازی کریں۔“(۶)

دوسرا منظوم خط حضرت ابو طالب نے نجاشی کو اس وقت لکھا تھا جب مکہ کے سردار مہاجرین کو

واپس لانے کے لیے دونفری وفد حبشہ روانہ کرر ہے تھے، اس خط میں لکھا تھا:

الا لیت شعری کیف فی النای جعفر
وعمـرو واعـداء العـدو اقـارب
فهل نـال افعـال النجاشی جعفـرا
واصحابـه او عـاق ذالك شاغب
تعـلّم ابیت اللعـن انك مـاجـدٌ
کـریم فلا یشقی لـدیك المجانب
تعـلـم بـان اللّٰه زادك المجـانب
واسباب خیـر کلهـا بك لازب
وانك فیض ذو سجـال غـزیـرة
ینـال الاعـادی نفعها والاقارب (۷)

کاش مجھے معلوم ہوتا کہ دور دراز علاقہ میں جعفر اوران کے شدید ترین ہم وطن دشمن عمرو بن العاص کے درمیان کیا معرکہ ہوا، کیا جعفر اوران کے ساتھیوں سے نجاشی نے حسن سلوک کیا، یا رکاوٹوں نے اس کا فیض روک دیا؟ اے نجاشی لعنت آپ سے دور ہے، آپ شریف اور معزز ہیں، آپکے دربار میں کوئی اجنبی محروم نہیں رہ سکتا، اللہ تعالیٰ نے آپ کو عزت و دولت اور ہر قسم کے اسباب خیر عطا کیے ہیں۔ آپ سخاوت کا گہرا سمندر ہیں جس سے دوست اور دشمن سبھی فائدہ اٹھاتے ہیں۔

ہجرت حبشہ کا سب سے مفصل بیان ام المومنین حضرت ام سلمہؓ سے مروی ہے جس کو امام احمد بن حنبل نے مسند میں ابن ہشام نے سیرۃ النبی میں اور ابونعیم اصفہانی نے دلائل النبوۃ میں مکمل نقل کیا ہے۔ ماحصل اس روایت کا یہ ہے کہ دربار رسالت سے ہجرت کا حکم ملا تو حضور ﷺ کے جانثار ساتھی حبشہ کے لیے نکل کھڑے ہوئے۔ ان میں گیارہ مرد اور پانچ عورتیں شامل تھیں، ان کے نام اس طرح ہیں:

(۱) عثمان بن عفانؓ	(۲) ان کی اہلیہ حضرت رقیہؓ بنت محمدؐ
(۳) عبدالرحمٰن بن عوف	(۴) زبیر بن عوام
(۵) ابوحذیفہ بن عتبہؓ	(۶) ان کی بیوی سہلہ بنت سہل
(۷) مصعب بن عمیر	(۸) ابوسلمہ بن عبدالاسد
(۹) ان کی بیوی ام سلمہ	(۱۰) عثمان بن مظعون

(۱۱) عامر بن ربیعہ (۱۲) ان کی بیوی لیلیٰ بنت ابی حثمہ

(۱۳) سہیل بن بیضاء (۱۴) ابوسیرہ بن ابی رہب عامری

(۱۵) ان کی بیوی ام کلثوم بنت سہل بن عمر (۱۶) حاطب بن عمر۔(۸)

یہ ہجرت نبوت کے پانچویں سال ماہ رجب میں ہوئی تھی۔ سولہ افراد پر مشتمل مہاجرین کا یہ قافلہ جب شعیبہ کی بندرگاہ پر پہنچا تو ان کو حبشہ جانے والی دو کشتیاں مل گئیں اور وہ فوراً روانہ ہوگئے۔ اہل مکہ کو جب یہ اطلاع ملی تو انھوں نے ان کے پیچھے آدمی دوڑائے مگر اس وقت تک کشتیاں ساحل سے دور جا چکی تھیں، لہٰذا وہ ناکام واپس لوٹے۔(۹)

حبشہ میں نجاشی نے مہاجروں کا خیر مقدم کیا اور ان کو پناہ دی۔ شعبان اور رمضان کے دو ماہ حبشہ میں گذرے تھے کہ مسلمانوں کو یہ اطلاع ملی کہ مکہ کے کفار مسلمان ہوگئے ہیں اور ظلم وستم بند ہوگیا ہے، اس لیے یہ حضرات مکہ لوٹ آئے۔ مگر یہاں آکر معلوم ہوا کہ اطلاع غلط تھی۔ چنانچہ بااثر مہاجرین اپنے کفار دوستوں کی پناہ لے کر مکہ میں مقیم رہے۔(۱۰) کفار مکہ نے نئے سرے سے مسلمانوں پر مظالم ڈھانا شروع کیا اور اب زیادہ زور وشور سے اذیت پہنچائی۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے دوبارہ مسلمانوں کو مکہ سے حبشہ ہجرت کرنے کی تلقین فرمائی، اس ہجرت میں ۸۳ مرد اور ۱۸ خواتین یعنی کل ۱۰۱ اصحابہ وصحابیات شریک رہے۔(۱۱)

اہل مکہ نے جب یہ سنا کہ نجاشی نے مہاجروں کو اپنے یہاں پناہ دی، ان کا خیر مقدم کیا اور ان کے ساتھ حسن سلوک کیا تو وہ اسے برداشت نہ کرسکے اور طے کیا کہ ہر حال میں مہاجروں کو حبشہ سے نکلوانا ہے اور مکہ واپس لانا ہے۔

حبشہ سے اہل مکہ کا تجارتی رابطہ تھا، چنانچہ دو تجربہ کار نمائندوں عبداللہ بن ربیعہ اور عمرو بن العاص کو نجاشی اور ان کے وزراء کے لیے تحفہ تحائف دے کر حبشہ روانہ کردیا۔ ان تحائف میں بیش ترچمڑے کی مصنوعات تھیں۔ کفار کے نمائندوں نے حبشہ پہنچ کر نجاشی کے تمام وزیروں کو تحفے پیش کیے اور ان سے وعدہ لے لیا کہ وہ بادشاہ کو مہاجرین کو واپس کرنے پر آمادہ کریں گے۔ قریشی نمائندے آخر میں نجاشی کی خدمت میں تحفے لے کر حاضر ہوئے اور عرض مدعا رکھا:

> ”چند بے وقوف نوجوان اپنے قومی دین کو چھوڑ کر آپ کے ملک میں آگئے ہیں مگر آپ کے دین میں داخل نہیں ہوئے؛ بلکہ ایک ایسے دین کا اتباع کرتے ہیں جس سے نہ ہم واقف ہیں اور نہ آپ۔ ان کی قوم کے بزرگوں نے ہمیں آپ کے پاس اس لیے بھیجا ہے کہ آپ ان کو لوٹا دیں، کیونکہ وہی لوگ ان کے سرپرست ہیں، وہی

جانتے ہیں کہ ان میں کیا عیب ہے اور کیوں ان سے ناراض ہیں۔'' (۱۲)

نجاشی سے وفد نے گذارش کی کہ ان مہاجروں کو اپنی بات کہنے کا موقع دیے بغیر ان کے حوالے کیا جائے۔ وزیروں نے بھی وفد کی تائید کی اور بغیر مہاجروں کی بات سنے ان کو وفد کے حوالہ کرنے کی درخواست کی مگر بادشاہ انصاف پسند تھا فطری انصاف کے تقاضوں سے واقف تھا اس نے ناراضگی کا اظہار کیا اور کہا کہ میں اس طرح ان کو تمہارے حوالہ نہیں کرسکتا، جو لوگ میرے ملک میں آئے، میرے پڑوس میں رہے، میری پناہ کو دوسروں کے مقابلہ میں ترجیح دی، میں ان کو ضرور بلاؤں گا اور ان سے تمہارے عائد کردہ الزامات کے سلسلہ میں ضرور پوچھ گچھ کروں گا اگر وہ تمہارے الزامات کی تصدیق کریں گے تو میں ان کو تمہارے حوالہ کردوں گا اور واپس بھیج دوں گا اور اگر وہ دوسری بات کہتے ہیں تو میں ان کو ہرگز حوالہ نہیں کروں گا، بلکہ بدستور حسن سلوک کروں گا۔ (۱۳)

مسلمانوں کی پریشانی یہ تھی کہ وہ رسول اللہ ﷺ سے اس قدر دوری پر تھے کہ براہِ راست ان سے رہنمائی حاصل کرنا ممکن نہ تھا، ہر مشکل کو خود ہی باہمی مشورہ سے حل کرنا تھا، ان کے پاس حضور کی اصولی رہنمائی تھی قریش کے نمائندے کے الزام اور مطالبہ کا جواب دینے کے لیے جب نجاشی نے صحابہ کرام کو بلوایا تو حضرات صحابہ نے آپس میں مشورہ کیا کہ اس وقت کیا حکمت عملی اختیار کی جائے جس سے وہ کفار کے شکنجہ میں پھنسنے سے محفوظ رہ سکیں، اسلام کی تاریخ میں اجنبی ملک میں مسلمانوں کا یہ پہلا مقدمہ تھا اور اس پر اسلام کے مستقبل کا انحصار تھا۔ حضرت جعفر صحابہ کرام کے سربراہ تھے اور حضرت ابوہریرہؓ کے بقول نبی ﷺ کے بعد سب سے افضل انسان تھے۔ (۱۴) صحابہ کرام نے اس وقت جو موقف اپنایا وہ دو نکتوں پر مشتمل تھا، پہلا نکتہ یہ تھا کہ ہم اپنے نبی کی تعلیم کے خلاف کوئی بات نہیں کہیں گے چاہے جو کچھ بھی ہو جائے۔ (۱۵)

دوسرا نکتہ یہ تھا کہ وہ بادشاہ کے نظام انصاف کا سہارا لیں گے۔

صحابہ کرام کو حضور ﷺ سے معلوم ہو چکا تھا کہ بادشاہ انصاف پرور ہے اور خود ان حضرات نے بادشاہ کے پڑوس میں رہ کر اس کی انصاف پسندی کا عملاً مشاہدہ اور تجربہ کرلیا تھا لہٰذا ان کو اعتماد تھا کہ حق وانصاف کی جنگ میں وہ فتح یاب ہوں گے لہٰذا انھوں نے اسی انصاف کے نظام میں اپنے دفاع کی راہ نکالی۔

نجاشی نے وزراء، علماء، مشاہدین، مدعی اور مدعا علیہ سے بھرے دربار میں جب ان کے سامنے قریش کے وفد کا مقدمہ رکھا تو مہاجرین کے قائد حضرت جعفر طیار نے نجاشی کے ذریعہ اپنے دفاع میں تین سوالات قریش کے نمائندوں سے کیے۔

(۱) کیا ہم کسی کے غلام ہیں؟ جو اپنے آقا سے بھاگ کر آئے ہیں، اگر ایسا ہے تو ہمیں ضرور واپس کیا جائے۔

نجاشی نے عمرو بن العاص سے جواب طلب کیا تو انھوں نے کہا کہ نہیں یہ لوگ آزاد اور شریف ہیں۔

(۲) کیا ہم کسی کو قتل کرکے بھاگے ہیں؟ اگر ہم نے ناحق خون کیا ہے تو ہمیں مقتول کے وارثوں کے حوالہ کردیا جائے۔

نجاشی نے وفد سے جواب طلب کیا تو عمرو بن العاص نے کہا کہ نہیں ایک قطرہ خوں بھی نہیں بہایا۔

(۳) کیا ہم کسی کا مال لے کر بھاگے ہیں؟ اگر ایسا ہے تو ہم اس کو ادا کرنے کے لیے تیار ہیں۔

نجاشی نے وفد سے جواب مانگا تو انھوں نے کہا نہیں ایک پیسہ بھی لے کر نہیں بھاگے۔(۱۶)

حضرت جعفر طیارؓ نے نجاشی کی عدالت میں قریش کے الزامات کے جواب میں جو سوالات اٹھائے تھے وہ اتنے معقول، برمحل اور عام ذہن کو اپیل کرنے والے تھے کہ عدالت میں موجود ہر شخص نے مہاجرین کی بے گناہی اور کفار قریش کی ایذا رسانی کا اندازہ لگالیا، پھر بھی نجاشی نے مقدمہ خارج نہیں کیا بلکہ قریش کے وفد کے لگائے الزامات پر بحث شروع کی، انھوں نے حضرات صحابہ سے اس سوال کا جواب طلب کیا کہ وہ کونسا دین ہے جس کے باعث تم نے اپنی قوم کو چھوڑا، نہ ہمارے مذہب میں داخل ہوئے اور نہ دنیا میں موجود دوسرے مذاہب میں شامل ہوئے؟۔

اس سوال کے جواب میں حضرت جعفر نے اپنے دینی موقف اور مذہبی تعلیم کی وضاحت نہایت معقولیت اور بصیرت کے ساتھ کی، انھوں نے کہا۔

''بادشاہ سلامت! ہم جاہلیت میں مبتلا تھے، بتوں کی پوجا کرتے تھے، مردار کھاتے تھے، بدکاری کا ارتکاب کرتے تھے، رشتہ داروں سے قطع تعلق کرتے تھے، پڑوسیوں سے برا سلوک کرتے تھے، ہمارا طاقت ور کمزور کو دبالیتا تھا، ہم اسی حالت میں تھے کہ اللہ نے ہمارے درمیان ایسا رسول بھیجا جس کے نسب، سچائی، امانت اور پاکدامنی سے ہم واقف ہیں۔

انھوں نے ہمیں دعوت دی کہ ہم صرف ایک معبود کی پرستش کریں، اس کے علاوہ پتھر وغیرہ کے وہ تمام بت جن کی ہم اور ہمارے آباء واجداد پرستش کرتے تھے چھوڑ دیں، انھوں نے ہمیں سچ بات بولنے کی، امانت داری کی، صلہ رحمی کی، پڑوسیوں سے حسن سلوک کی، حرام کاموں اور دوسروں کا خون بہانے سے پرہیز کرنے کی تعلیم دی۔

انھوں نے ہمیں بدکاری سے، جھوٹی بات کہنے سے، یتیم کا مال کھانے سے، پاک دامن عورتوں پر الزام لگانے سے روکا۔ انھوں نے ہمیں حکم دیا کہ ہم اللہ وحدہ لاشریک کی عبادت کریں، نماز، زکوٰۃ اور روزہ وغیرہ کا حکم دیا۔ چنانچہ ہم نے ان کی تصدیق کی، ان پر ایمان لے آئے، اور اللہ کی طرف سے لائے ہوئے احکام میں ان کی پیروی کی، ایک اللہ کی عبادت کی، شرک چھوڑ دیا، جس کو حرام کہا اسے حرام جانا، جسے حلال کہا اسے حلال سمجھا۔

بادشاہ سلامت! یہی وہ جرم تھا جس کی بنا پر ہماری قوم نے ہم سے دشمنی کی ہمیں ٹارچر کیا، ہمارے دین کی خاطر آزمائش میں ڈالا تاکہ اللہ کی عبادت چھوڑ کر ہم پھر بتوں کی پوجا کرنے لگیں، اور جاہلیت کی طرح گندے کاموں کو جائز سمجھیں۔ جب انھوں نے ہم پر قہر ڈھایا، ہم پر ظلم کیا، ہمارا جینا دوبھر کر دیا اور ہمارے مذہب کے درمیان رکاوٹ ڈالی تو ہم وطن سے نکل کر آپ کے ملک میں چلے آئے، دوسروں کے مقابلہ میں آپ کو ترجیح دی، آپ کی ہمسائیگی اختیار کی اس امید پر کہ آپ کے یہاں ہم پر ظلم نہ ہوگا۔ (۱۷)

نجاشی اور ان کی عدالت عالیہ جب مطمئن ہوگئی کہ قریش کا الزام غلط اور مسلمانوں کا بیان درست ہے، تو نجاشی نے آخری سوال مہاجرین صحابہ سے یہ کیا کہ جس خدائی حکم اور تعلیم کا تم حوالہ دے رہے ہو اس کے متن کا کوئی حصہ تمہارے پاس ہے؟۔

تب حضرت جعفر طیارؓ نے کہا جی ہاں موجود ہے اور موقع کی مناسبت سے سورہ مریم کے ابتدائی رکوع کی تلاوت شروع کی۔ تلاوت کیا کی ع از دل خیزد بر دل ریزد، کا سماں باندھ دیا، حضرت جعفر سورہ مریم کی تلاوت کی تو باران خشت برسنے لگی، نجاشی نے روتے روتے داڑھی تر کر لی، پادریوں نے روتے روتے اپنے صحیفے بھگو لیے، حضرت جعفر کے تین نکاتی سوالات نے عدالت کو پہلے ہی مطمئن کر دیا تھا اور اب ان کی تلاوت قرآن نے عدالت عالیہ کے دلوں کو فتح کر لیا۔ نجاشی انصاف پرور ہی نہیں، صاحب دل اور صاحب معرفت بھی تھے، انھوں نے عدالت میں فیصلہ سنا دیا۔

”ان هـذا والذی جاء به عیسیٰؑ لیخرجن من مشكاة واحدة، انطلقا فلا والله لا اسلمهم الیكما“ (۱۸)

(بے شک یہ تعلیم اور جس تعلیم کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام لے کر آئے وہ ایک ہی سرچشمہ نور کی ضیاپاشیاں ہیں۔ قریش کے نمائندو تم واپس جاؤ میں ہرگز ان مہاجرین کو تمہارے حوالہ نہیں کر سکتا۔)

قریش کے نمائندے مقدمہ ہار گئے، مگر نچلے نہ بیٹھے، انھوں نے طے کیا کہ اگلے دن وہ نئے

الزامات لے کر بادشاہ کی خدمت میں حاضر ہوں گے اور مہاجر مسلمانوں کی جڑ کاٹ کر رکھ دیں گے۔ عبداللہ بن ربیعہ نے عمرو بن العاص کو سمجھایا کہ ایسا نہ کرنا اگر چہ وہ ہمارے دھرم کے مخالف ہیں مگر ہیں تو ہمارے ہی بھائی بندے، مگر عمر بن العاص نے نہیں مانا اور کہا میں ضرور بادشاہ کو بتاؤں گا کہ یہ مسلمان حضرت عیسیٰؑ کو عبد یعنی بندہ سمجھتے ہیں۔ (۱۹)

اگلے دن پھر دربار لگا، قریش کے وفد نے نئی چارج شیٹ داخل کی اور بادشاہ سے درخواست کی کہ مسلمانوں سے جواب طلب کریں۔ مہاجرین عدالت میں حاضر ہوئے۔ بادشاہ نے پوچھا کہ تم حضرت عیسیٰؑ کے بارے میں کیا عقیدہ رکھتے ہو؟ قریش کے نمائندوں نے یہ سوچ کر چال چلی تھی کہ گذشتہ دن ان کے مشرکانہ مذہب کی خلاف مسلمانوں نے جو بیان دیا تھا اس معاملہ میں بادشاہ اور مسلمانوں کا موقف ایک تھا اس لیے بادشاہ کا فیصلہ ان کے حق میں ہوگیا۔ آج جب کہ بادشاہ کے عقیدہ کے خلاف مہاجروں کو بیان دینا ہوگا تو یقیناً بادشاہ بھڑک جائے گا اور فیصلہ ہمارے حق میں ہو جائے گا۔

مسلمانوں نے باہمی مشورہ سے طے کیا تھا کہ جس عقیدہ کی خاطر انھوں نے وطن چھوڑا ہے اسے بادشاہ کی پسند و ناپسند پر نہیں چھوڑیں گے بلکہ حق بات کہیں گے، چنانچہ بھری عدالت میں حضرت جعفر طیار نے بیان دیا۔

”ہم ان کے بارے میں وہی کہتے ہیں جو اللہ اور اس کے رسول نے کہا ہے کہ وہ اللہ کے بندے، اس کے رسول، اس کی روح اور اس کا کلمہ تھے جسے کنواری مریم پر اللہ نے القا کیا تھا“ (۲۰) نجاشی نے یہ سن کر زمین سے ایک لکڑی اٹھائی اور کہا جو تم نے کہا ہے حضرت عیسیٰ اس سے اس لکڑی کے برابر بھی مختلف نہ تھے، تم لوگ جاؤ اور میرے ملک میں امن وسکون کی زندگی گزارو، جو تم پر زیادتی کرے گا اس سے مواخذہ ہوگا۔“ (۲۱)

بعض سیرت نگار یہ بھی لکھتے ہیں کہ نجاشی نے نہ صرف مہاجر مسلمانوں کے عقیدہ کی تائید کی تھی بلکہ رسول کریم کی رسالت کی شہادت دے کر حلقہ بگوش اسلام ہو گئے تھے۔ (۲۲) ابن سعد کا بیان ہے کہ نجاشی سن ۷ ہجری میں اس وقت اسلام لائے جب رسول پاک ﷺ نے ان کو خط لکھ کر اسلام کی دعوت دی۔ (۲۳) حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی روایت میں یہ بھی ذکر ہے کہ نجاشی نے فرمایا اگر میرے اوپر ملک کی ذمہ داریاں نہ ہوتیں تو میں رسول ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتا اور ان کی جوتیاں اٹھاتا۔ (۲۴)

اجنبی ملک میں یہ پہلا مقدمہ تھا جو مسلمانوں نے جیتا تھا۔ اس کے بعد مسلمان تقریباً ۱۵

سال تک حبشہ میں مقیم رہے۔ وہاں انھوں نے شادی بیاہ کی، ان کی اولادیں ہوئیں اور ایک پرامن شہری کی زندگی گذارتے رہے۔ قرائن سے یہ تو معلوم ہوتا ہے کہ مسلمان نجاشی کے قریب آباد تھے، سوآدمیوں پر مشتمل ایک کالونی آباد ہوگئی تھی اور حبشہ کی یہ پہلی مسلم کالونی تھی مگر ان کا ذریعہ معاش کیا تھا، سماجی معاملات کیسے تھے، کتب سیرت میں اس کی جزئیات نہیں ملتیں البتہ اتنا معلوم ہوتا ہے کہ نجاشی نے مہاجرین کی لباس اور طعام کی شکل میں امداد کی۔ (۲۵) مسلمان وہاں چھوٹا موٹا کاروبار بھی کرتے تھے اور محنت ومشقت سے روزی کماتے تھے۔ مہاجرین جب تک حبشہ میں رہے ملک کے خیرخواہ اور نجاشی کے لیے دعا کرتے رہے چنانچہ جب نجاشی کے خلاف اس کے ایک شہری نے بغاوت کی تو مسلمانوں نے نجاشی کی کامیابی کے لیے خشوع وخضوع کے ساتھ دعائیں کیں۔

حضرت ام سلمہؓ روایت کرتی ہیں:

”فدعونا اللّٰہ تعالیٰ للنجاشی بالظھور علی عدوہ والتمکین لہ فی بلادہ“ (۲۶)

ہم لوگوں نے نجاشی کے لیے دعا کی اللہ اسے دشمن پر فتح عطا کرے اور اس کے ملک پر اس کا اقتدار جمادے۔

حضرت جعفر نے اسلام کے تعارف پر مشتمل جو تقریر نجاشی کے دربار میں کی تھی اس میں رسول پاک کی چودہ تعلیمات کا ذکر تھا:

(۱) توحید (۲) سچائی (۳) امانت داری (۴) صلہ رحمی (۵) پڑوسیوں سے اچھا سلوک (۶) حرام کاموں سے پرہیز (۷) خونریزی سے گریز (۸) بدکاری سے پرہیز (۹) جھوٹی بات سے پرہیز (۱۰) مال یتیم سے پرہیز (۱۱) عورتوں پر الزام تراشی سے گریز (۱۲) نماز قائم کرنا (۱۳) زکوٰۃ دینا (۱۴) روزہ رکھنا۔

ان تعلیمات میں، مذہب، اخلاق اور سماج سب کچھ کی رہنمائی موجود ہے۔ یہی وہ بنیادی تعلیم ہے جو اسلامی معاشرہ کی اساس ہے۔

مہاجرین صحابہ کی اجتماعیت کو ایک دھکا اس وقت لگا جب کہ ان میں سے ایک مہاجر عبیداللہ بن جحش نے اسلام چھوڑکر عیسائیت اختیار کرلی۔ خواہ اس کی وجہ معاشی حالت رہی ہو یا تربیت کی کمی رہی ہو یا نجاشی کے حسن سلوک سے متاثر ہوکر اس نے یہ اقدام کیا ہو، بہرحال اس کے ارتداد سے مسلمانوں کو ذہنی اذیت پہنچی اور ان کی اجتماعیت کو دھکا لگا۔ مگر مسلمانوں نے اس صدمہ کو برداشت کیا، عبیداللہ بن جحش کا اسی حال میں انتقال ہوگیا۔ اس کی بیوی ام حبیبہؓ جو سردار مکہ ابوسفیان کی بیٹی تھیں، اب بیوہ ہوچکی تھیں، رسول کریم نے نجاشی کو خط لکھا کہ وہ ان سے نکاح

کرنے کے لیے تیار ہیں۔ لہٰذا غائبانہ عقد کرکے ان کے پاس مکہ بھیج دیں۔ چنانچہ سن ۷ ہجری میں نجاشی نے عقد کے ساتھ اپنی طرف سے مہر کی رقم ادا کرکے حضرت ام حبیبہ کو رسول پاک کے پاس بھیج دیا۔ رسول پاک نے اس طرح ان کو شوہر کے ارتداد کی وجہ سے سماجی رسوائی کا صدمہ سہنے سے بچالیا اور اپنی زوجیت میں رکھ کر ان کا رتبہ بھی بڑھادیا۔ (۲۷)

کتب سیرت سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ مہاجر مسلمانوں نے حبشہ کے مقامی باشندوں کو اسلام کی دعوت دینی شروع کردی تھی، چنانچہ ان کی دعوتی سرگرمیوں کے نتیجہ میں چالیس پچاس حبشیوں نے اسلام قبول کرلیا تھا۔ (۲۸)

مہاجرین حبشہ کے مقدمہ، بیانات اور اجمالی حالات سے مختصراً یہ نتائج برآمد ہوتے ہیں:

(۱) مسلمان جہاں کہیں ہوں وہ حق پر قائم رہیں اور حق بات ہی کہیں حالات جیسے بھی ہوں، یہی ان کی مذہبی اور تہذیبی زندگی کی اساس ہے۔

(۲) دین کی دعوت، حکمت، معقولیت اور مدلل طریقہ سے اپنے ہم وطنوں کو دین اور ہمیشہ طاقت کا مقابلہ حکمت سے کرنے کی سعی کریں۔ اقلیت کے لیے یہ ہتھیار زیادہ کارگر ہے۔

(۳) جس ملک میں رہیں اس کے خیر خواہ اور محبّ وطن بن کر رہیں، چنانچہ نجاشی کے لیے دعاؤں کا اہتمام کرکے صحابہ نے اسی خیر خواہی کا ثبوت دیا تھا۔

(۴) ملک کے نظام عدل سے واقفیت حاصل کریں اور اسے اپنے تحفظ کے لیے اور اپنا حق حاصل کرنے کیلئے استعمال کریں، حضرت جعفر نے نجاشی کی عدالت میں یہی کارنامہ انجام دیا تھا۔

(۵) جس ملک میں رہیں وہاں امن پسند شہری کی حیثیت سے رہیں اور تخریبی کارروائیوں ملوث نہ ہوں۔ حضرت جعفر کی تقریر کا یہ جملہ کہ ''رسول اللہ نے ہمیں پڑوسیوں سے حسن سلوک کی، حرام کاموں سے بچنے اور خونریزی سے گریز کرنے کی تعلیم دی'' یہی سبق اور نصیحت دیتا ہے۔

(۶) مسلمان جہاں بھی ہوں باہمی اتحاد و اتفاق، مشاورت اور یک جہتی سے کام لیں، اپنا کوئی امیر بھی منتخب کریں، چنانچہ حضرت جعفر طیار کی امارت میں مہاجر صحابہ کا باہمی مشورہ سے ایک موقف طے کرنا ہمیں یہی اسوہ فراہم کرتا ہے۔

(۷) اپنے موقف، مقصد حیات اور طرز زندگی سے ہم وطنوں کو واقف کرائیں تاکہ وہ غلط فہمی میں مبتلا نہ ہوں۔ ان کے لیے تحفظ کے مسائل پیدا نہ کریں اور اسلام کو حریف کے طور پر نہ سمجھیں۔ حضرت جعفر کی پوری تقریر کا لب لباب یہی ہے۔

(۸) ہم وطنوں کے مذہب، مزاج اور تہذیبی شعار سے ضروری واقفیت حاصل کریں تاکہ بقائے

باہم کی راہ ہموار ہو۔ ہجرت حبشہ سے قبل سورہ مریم کا نزول اور نجاشی کی عدالت میں حضرت جعفرؓ کی تلاوت سے اس کی طرف واضح اشارہ ملتا ہے۔

(۹) مسلمانوں کو اگر کوئی مذہبی یا سماجی صدمہ سے دوچار ہونا پڑے تو وہ صبر واستقلال اور دوراندیشی سے کام لیں، عجلت اور جذباتیت سے ممکن حد تک گریز کریں، جیسا کہ عبیداللہ بن جحش کے ارتداد پر مسلمانوں کے محتاط ردعمل سے معلوم ہوتا ہے۔

(۱۰) مسلمان جس ملک میں ہوں محنت ومشقت اور حلال روزی کو اپنا وطیرہ بنائیں۔

مختصر یہ ہے کہ آج کے وہ ممالک جہاں حکومت اور اکثریت دوسرے مذاہب کے حاملین کی ہے اور مسلمان وہاں اقلیت کی حیثیت سے جی رہے ہیں، حبشہ کے مہاجر صحابہ کے حالات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے پرامن زندگی گذارنے کا منصوبہ بنا سکتے ہیں۔

ملک کے آئین اور عدالت سے حق حاصل کرسکتے ہیں اور اپنے حقوق وفرائض کو یقینی بنا سکتے ہیں۔

❀ ❀ ❀

حوالہ جات

(۱) الصحیح المسلم، کتاب الایمان، باب فضل ان الاسلام یھدم ما کان قبلہ

(۲) عبدالملک ابن ہشام، سیرۃ النبی جلد۱، ص:۳۳۹، دارالفکر ۱۹۸۱ء

(۳) ابن حجر عسقلانی، الاصابہ فی تمییز الصحابہ، جلد۲، ص ۳۵۹ مکتبہ مثنی بغداد

(۴) اسماعیل ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، جلد۴، ص ۵۸۵ (سورہ الفیل) دارالخیر دمشق ۱۹۹۰ء

(۵) سیرۃ النبی جلد۱، ص ۳۵۶ (۶) محمد حمیداللہ، خطبات بھاول پور، ص ۶۳ نئی دہلی ۱۹۹۷ء

(۷) سیرۃ النبی جلد۱، ص ۳۵۶ (۸) ایضاً، ۳۵۳، نیز دیکھیے فتح الباری، جلد۷، ص ۱۴۳

(۹) ابن سعد، الطبقات الکبری، جلد۱، ص ۲۰۴، بیروت ۱۹۶۰ء (۱۰) ایضاً ص ۲۰۶

(۱۱) ایضاً، نیز دیکھیے احمد بن محمد القسطلانی، المواھب اللدنیہ، جلد۱، ص ۲۵۹، گجرات، سیرۃ النبی جلد۱، ص ۳۵۳

(۱۲) سیرۃ النبی، جلد۱، ص ۳۵۸، نیز ابونعیم اصفہانی، دلائل النبوۃ جلد۱، ص ۸۲، دائرۃ المعارف العثمانیہ حیدرآباد ۱۳۲۰ھ

(۱۳) ایضاً، نیز دیکھیے مسند امام احمد بن حنبل حدیث نمبر ۱۷۴۰، جلد۲، ص ۳۵۶، دارالحدیث قاہرہ، ۱۹۹۵ء

(۱۴) الاصابہ فی تمییز الصحابہ، جلد۱، ص ۲۳۷ (۱۵) سیرۃ النبی جلد۱، ص ۳۵۸

(۱۶) دلائل النبوۃ جلد۱، ص:۸۰ (۱۷) سیرۃ النبی جلد۱، ص ۳۵۹، نیز دیکھیے مسند امام احمد بن حنبل، حدیث نمبر ۱۷۴۰

(۱۸) سیرۃ النبی جلد۱، ص ۳۵۹ (۱۹) ایضاً ص ۳۶۰ (۲۰) ایضاً (۲۱) ایضاً

(۲۲) المواھب اللدنیہ جلد۱، ص ۲۵۹ (۲۳) الطبقات الکبریٰ جلد۱، ص ۲۰۷

(۲۴) مسند امام احمد بن حنبل، حدیث نمبر ۴۴۰۰، جلد۴، ص ۲۴۶

(۲۵) دلائل النبوۃ جلد۱، ص ۸۱ (۲۶) سیرۃ النبی جلد، ص ۳۶۰

(۲۷) المواھب اللدنیہ جلد۲، ص ۸۵ (۲۸) خطبات بھاول پور، ص ۲۰۸

ٹی وی پر علماء کرام کا آنا مثبت و منفی پہلو

از: مولانا سعید احمد جلال پوری

جیسا کہ سب کو معلوم ہے کہ آج کل میڈیا اور ٹی وی چینلوں پر یہودی لابی، ان کے وفاداروں اور نمک خواروں کا قبضہ ہے، وہ اسلام اور احکام اسلام کو مسخ کرکے پیش کرتے ہیں، وہ مسلمانوں کو تشدد پسند، دہشت گرد اور اسلام کو ناقابل عمل دین و مذہب باور کراتے ہیں، اسی طرح وہ روز مرہ مسائل اور عقائد و نظریات پر جو مکالمے دکھاتے ہیں، اس میں بھی باطل اور باطل پرستوں کے عقائد و نظریات کو حق و صواب اور اہلِ حق کے موقف کو اس طرح بے وزن کرکے پیش کرتے ہیں کہ سیدھا سادا قاری حق و سچ اور باطل و جھوٹ میں امتیاز نہیں کر پاتا، وہ حق کو باطل اور باطل کو حق سمجھنے لگتا ہے؛ بلکہ اچھے خاصے پڑھے لکھے لوگ اور اہلِ حق سے وابستہ افراد بھی اپنے عقائد و نظریات کے سلسلہ میں شکوک و شبہات کا شکار ہوجاتے ہیں، اور یہ سوچنے لگتے ہیں کہ ہمیں جو کچھ بتلایا اور پڑھایا گیا تھا، شاید حقائق اس سے مختلف ہیں، ایسی پریشان کن صورت حال سے بے چین ہوکر، دین کا درد رکھنے والے مسلمانوں کی خواہش اور شدید تقاضا ہے کہ اہلِ حق علماء کو ان ٹی وی پروگراموں میں آنا چاہئے اور اس فتنہ کا مقابلہ اس میدان میں اتر کر کرنا چاہئے اور عوام کو اصل حقائق سے آگاہ کرنا چاہئے، اور ٹی وی، سی ڈیز اور کیبل چینلز کے جواز کا فتویٰ دے دینا چاہئے، چنانچہ ایسے ہی ملی درد رکھنے والے بعض علماء سے بھی سنا گیا ہے کہ اب تو ٹی وی، سی ڈیز اور کیبل چینلز کی اس دلدل اور کیچڑ میں گھس کر اس میں غرق ہونے والے مسلمانوں کو نکالنا چاہئے، اگر اس سے تغافل برتا گیا تو وہ دن دور نہیں جب اسلام اور اسلامی اقدار کا تشخص نابود ہوجائے۔

ان ہمدردانِ قوم و وطن اور دین و ملت کا اصرار ہے کہ اگر یہ ممکن نہ ہو تو کوئی ایسا اسلامی چینل کھولا جائے جس کو دیکھ کر مسلمان اپنا دین، مذہب اور ایمان و عقیدہ محفوظ رکھ سکیں، اور اس کے ذریعے مادر پدر آزاد اور لادین ٹی وی چینلوں کے زہر اگلتے پروگراموں سے نئی نسل کو محفوظ کیا جاسکے اور دین و مذہب، ایمان و عقیدہ اور علم و عمل کو قرآن و سنت کی کسوٹی پر رکھ کر دنیا بھر کی مسلم

امت کی راہنمائی کی جاسکے۔

دیکھا جائے تو ان ''مخلصین'' کی فکر وسوچ اخلاص پر مبنی ہے، اور ان کا جذبہ صادق ہے، اور بادی النظر میں ایسا کرنے کی ضرورت بھی ہے، اس لئے کہ ٹی وی اور سی ڈیز کے مادر پدر آزاد پروگرام، لچر وواہیات ڈرامے، ننگی فلمیں اور حیا سوز مناظر اتنا نقصان نہیں پہنچا رہے، جتنا یہ نام نہاد دینی پروگرام مسلمانوں کے عقائد ونظریات کو برباد کررہے ہیں، اس لئے کہ کوئی شخص فلم کو نیکی اور ثواب سمجھ کر نہیں دیکھتا، اور نہ ہی اس کے کرداروں کو حق وصواب جان کر اپناتا ہے، بلکہ ادنیٰ سے ادنیٰ مسلمان بھی ان کو قبیح، بُرا اور گناہ سمجھ کر دیکھتا ہے، جب کہ اس کے برعکس ان نام نہاد پروگراموں کو دینی اور مذہبی پروگرام سمجھ کر دیکھا جاتا ہے اور ان کی روشنی میں ہی ناظرین اپنی زندگی کے خطوط متعین کرتے ہیں، اس لئے اگر یہ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا کہ موجودہ ٹی وی چینلوں کے نام نہاد دینی پروگرام نئی نسل کے لئے ننگی اور بلیو پرنٹ فلموں سے بھی زیادہ نقصان دہ ہیں۔

اب سوال یہ ہے کہ اس کا سدباب کیونکر اور کیسے ہو؟ اس سلسلہ میں دو قسم کی آرا پائی جاتی ہیں، ایک طبقہ کا خیال ہے کہ ٹی وی چینل میں ثقہ علماء کو آنا چاہئے اور ٹی وی کے میدان میں اتر کر دشمنانِ دین سے دو بدو مقابلہ کرنا چاہئے یا پھر اپنا الگ ٹی وی چینل قائم کرکے اس کا توڑ کرنا چاہئے، جیسا کہ سطور بالا میں عرض کیا جاچکا ہے۔

مگر علماء امت کی ایک قابل اعتماد جماعت کو اس سے نہ صرف اختلاف ہے بلکہ شدید ترین اختلاف ہے، ان کا موقف ہے اور بالکل بجا موقف ہے کہ:

۱- ان السیئة لا تدفع بالسیئة. گناہ کا ازالہ گناہ سے نہیں کیا جاسکتا۔ لہٰذا ٹی وی پر آکر ٹی وی کی خباثتوں کا سدباب کرنا، ایسا ہی غلط ہے جیسے پیشاب کی غلاظت کو پیشاب سے دھونا یا پیشاب کی ناپاکی کو پیشاب سے پاک کرنا، جیسے یہ غلط ہے ایسے وہ بھی غلط ہے۔

۲- ٹی وی اور سی ڈیز کا کوئی پروگرام تصویر کے بغیر نہیں ہوتا اور تصویر بنانا یا بنوانا مطلقاً ناجائز اور حرام ہے، اس پر آنحضرت ﷺ نے لعنت فرمائی ہے، تصویر خواہ پرانے اور دقیانوسی زمانے کے لوگوں کے ہاتھ کی بنائی ہوئی ہو، یا جدید سائنسی اور ترقی یافتہ دور کی، اس کی حرمت پر پوری امت کا اجماع ہے۔

۳- تصویر سازی پر آنحضرت ﷺ نے بدترین عذاب کی وعید ارشاد فرمائی ہے، اور فرمایا ہے کہ: قیامت کے دن تصویر بنانے والوں سے کہا جائے گا کہ دنیا میں تم نے جاندار کی تصویر بنا کر

میری ہمسری اور برابری کی کوشش کی تھی، لہٰذا آج اس تصویر میں روح پھونک کر اوراس کو زندہ کر کے دکھلاؤ، ظاہر ہے یہ انسانی اختیار میں نہیں ہوگا تو اس کی پاداش میں ان کو سخت ترین عذاب سے دوچار ہونا پڑے گا۔ اس وضاحت کے بعد کیا کوئی عقل مند انسان اس کی اجرأت کرسکتا ہے کہ جان بوجھ کر عذابِ الٰہی کو گلے لگائے؟

۴- چونکہ ٹی وی اور ڈی وی ڈی کی وضع اور ساخت ہی لہو ولعب کے لئے ہے، اس لئے ان کو دینی مقاصد کے لئے استعمال کرنا نہ صرف غلط ہے، بلکہ دین کی توہین و بے حرمتی کے مترادف ہے۔ اس لئے کہ اگر شریعت مطہرہ نے شراب کے مخصوص برتن مثلاً حنتم، دبا، نقیر، مزفت کو پاک کر کے استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی؛ بلکہ ان کو توڑنے کا صرف اس لئے حکم فرمایا کہ وہ شراب کی علامت اور ایک حرام مشروب کے لئے مخصوص وموضوع تھے، جیسا کہ آنحضرت ﷺ نے وفد عبدالقیس کی آمد پر بطور خاص ان برتنوں کے استعمال سے منع فرمایا، جیسا کہ ارشاد ہے:

”و نهاهم عن اربع عن الحنتم و الدباء و النقير و المزفت“ (بخاری، ص:۱۳)

”یعنی آپ نے ان کو شراب کے لئے مخصوص وموضوع چار قسم کے برتنوں: حنتم، دبا، نقیر اور مزفت کے استعمال سے منع فرمایا تھا۔“

اگر شریعت مطہرہ اور پیغمبر اسلام نے ایک حرام و ناپاک مشروب کے لئے مخصوص برتنوں یا شراب کی علامت شمار ہونے والے ظروف کو استعمال کرنے یا ان سے نفع اٹھانے کی اجازت نہیں دی، تو ٹی وی، ڈی وی ڈی یا اس طرح کی دوسری چیزیں جو لہو ولعب کے علاوہ کسی دوسرے مقصد کے لئے استعمال ہی نہیں ہوتیں، ان سے نفع اٹھانے کی کیونکر اجازت ہوگی؟ یا ان کے ذریعہ دعوت وتبلیغ کی اجازت کیونکر دی جاسکتی ہے؟

۵- اسی طرح یہ منطق بھی ناقابلِ فہم ہے کہ دوسروں کو گناہ اور گمراہی سے بچانے کے لئے خود اسی گناہ اور گمراہی کی راہ اختیار کرلی جائے، جس سے دوسروں کو منع کیا جارہا تھا، کیا کوئی معمولی عقل وفہم کا انسان یہ گوارا کرسکتا ہے کہ ایک گناہ کو دور کرنے کے لئے دوسرے گناہ کا ارتکاب کیا جائے؟ جب کوئی شخص دوسرے کی زندگی بچانے کے لئے اپنی دنیاوی زندگی داؤ پر نہیں لگاسکتا تو محض اس امکان پر کہ شاید دوسرا راہِ راست پر آجائے، کیا اپنی آخرت کی دائمی زندگی برباد کی جاسکتی ہے؟ یا اس کو داؤ پر لگایا جاسکتا ہے؟ یا کوئی اس کے لئے تیار ہوگا؟ اگر کوئی عقلمند ایسا کرے تو شرعاً، اخلاقاً اس کی گنجائش ہے؟ اگر جواب نفی میں ہے اور یقیناً نفی میں ہے تو علماء کو اس

خودکشی کا درس کیوں دیا جاتا ہے؟ اور اگر جواب اثبات میں ہے تو کیا آنحضرت ﷺ سے لے کر آج تک کی چودہ صدیوں سے اس کی کوئی ایک آدھ مثال پیش کی جاسکتی ہے؟ کہ کسی نے دوسرے کی ہدایت کی خواہش پر خود گمراہی اختیار کرلی ہو، اگر ایک لمحہ کے لئے اس کو تسلیم بھی کرلیا جائے تو کیا شریعت اس کی اجازت دیتی ہے؟ یا انسان اس کا مکلّف ہے؟ نہیں، نہیں، ہرگز نہیں۔

۶- اگر علماء کرام اور مقتدیانِ ملت ٹی وی پر آنا شروع کردیں تو سوال یہ ہے کہ پھر عوام کو اس آلہ لہوولعب کی تباہ کاریوں سے کیسے بچایا جاسکے گا؟ بلکہ اس وقت تو معاملہ اور بھی مشکل اور سنگین ہوجائے گا، جب علماء کرام خود ٹی وی کی اسکرین پر تشریف فرما ہوں گے اور دوسروں کو اس کے دیکھنے اور استعمال کرنے سے منع فرمارہے ہوں گے، کیا اس وقت ان کا روکنا ممکن ہوگا؟ یا ان کی تلقین مؤثر ہوگی؟

اسی طرح دنیا بھر میں امت مسلمہ کی ایک قابل قدر جماعت آج تک اس کے استعمال کو ناجائز اور نئی نسل کے لئے مہلک وسم قاتل سمجھتی آئی ہے، کیا اس اجازت یا نرمی سے وہ متاثر نہیں ہوگی؟ کیا ان گھروں میں جدید تہذیب یا بے دینی کے داخلہ کے ذمہ دار وہ علماء نہیں ہوں گے جو ٹی وی کے جواز کے لئے کوشاں ہیں؟

۷- بالفرض اگر علماء کرام عوام کو اس سے روکنا بھی چاہیں، تو کیا عوام کو یہ کہنے کا حق نہیں ہوگا کہ جس طرح آپ دینی پروگراموں کے لئے ٹی وی پر تشریف لاتے ہیں...اور یہ جائز ہے تو... اگر ہم نے محض دینی پروگرام دیکھنے کی غرض سے ٹی وی خریدا ہے، اور اس غرض سے ٹی وی دیکھتے ہیں، تو یہ کیونکر ناجائز ہے؟ بتلایا جائے اس کا کیا جواب ہوگا؟

اگر بالفرض علماء کرام جائز پروگرام دیکھنے کے لئے ٹی وی کو جائز قرار دے دیں اور ٹی وی گھروں میں گھس جائے تو پھر اس کی کیا ضمانت ہے کہ اس پر لچر، واہیات، فحش اور ایمان سوز پروگرام نہیں دیکھے جائیں گے؟ یا اس پر دنیا جہاں کی ننگی فلمیں نہیں دیکھی جائیں گی؟ کیا اس سے گناہ اور بدکاری کی راہ نہ کھل جائے گی؟ کیا گھر میں ٹی وی آجانے کے بعد جائز وناجائز کی تحقیق ثانوی درجہ میں نہیں چلی جائے گی؟

۸- اگر علماء کرام ٹی وی پروگراموں میں آنا شروع کردیں اور ٹی وی مباحثوں میں شریک بھی ہونا شروع کردیں تو اس کی کیا ضمانت ہے؟ کہ یہود وہنود کی اولاد، علماء کے افکار و ارشادات کو ہوبہو ٹی وی میں نقل بھی کردیں؟

جب کہ صورت حال یہ ہے کہ بارہا ایسا ہوا ہے کہ جب کسی عالم دین نے حقائق کا اظہار کرنا شروع کیا تو نہ صرف اس کو بولنے کا موقع نہیں دیا گیا؛ بلکہ اس کی جو بات ٹی وی اور بین الاقوامی قوتوں کے ذوق ومزاج کے خلاف تھی، اسے سنسر کر دیا گیا۔ چنانچہ طالبان حکومت کے موقع پر حضرت مولانا مفتی نظام الدین شامزی شہیدؒ اسی قسم کے ایک مکالمہ میں شریک ہوئے، تو انھوں نے خود بتلایا کہ مذاکرے کا میزبان پہلے تو مجھے بولنے نہ دے رہا تھا، جب میں نے بولنا شروع کیا تو اس نے بارہا میری بات کاٹنے کی کوشش کی، لیکن جب میں نے اس پر برہمی کا اظہار کیا تو اگرچہ اس نے مداخلت تو بند کردی، لیکن میرے انٹرویو کے وہ حصے جو حکومت اور بین الاقوامی قوتوں کے ذوق ومزاج کے خلاف تھے، حذف کردیئے گئے، چنانچہ حضرت مفتی صاحب مرحوم نے خود فرمایا کہ:

”میں نے سوچا تھا کہ شاید اس طرح عوام کے سامنے حقائق آجائیں گے...اور اسی لئے میں شریک بھی ہوا تھا...مگر بعد میں اندازہ ہوا کہ میری سوچ صحیح نہیں تھی اور ایسے پروگراموں میں شریک ہونا درست نہیں؛ کیوں کہ ان مذاکروں کا مقصد حقائق کی نشاندہی نہیں؛ بلکہ حقائق کو مسخ کرنا ہوتا ہے۔“

۹- دنیا جانتی ہے کہ ٹیوی اور سی ڈیز کا مقصد اصلاح نہیں، بگاڑ ہے، بلکہ دیکھا جائے تو ٹی وی اور ڈی وی ڈی کا مقصد مغربی تہذیب وتمدن اور لادین کلچر کا فروغ ہے، ظاہر ہے جس پروگرام میں دین وشریعت اور اسلامی تہذیب وتمدن کی صحیح صحیح نشاندہی کی جائے گی، اسے یہودی لابی اور ان کے ایجنٹ کیونکر برداشت کرسکیں گے؟

۱۰- اگر بالفرض مسلمان اپنا ٹی وی چینل ایجاد کرلیں تو سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ جانداروں کی تصویر کے ہوتے ہوئے وہ کیونکر جائز ہوجائیگا؟ اور تصویر کے بارہ میں حکم شرعی پہلے آچکا ہے۔

چلو اگر ایک منٹ کے لئے تصویر کو برداشت بھی کرلیا جائے تو کیا عام ناظرین ایسے ٹی وی چینل کو دیکھنا پسند کردیں گے؟ اگر جواب اثبات میں ہے تو بتلایا جائے کہ محراب ومنبر کی آواز پر کان کیوں نہیں دھرے جاتے؟ حالانکہ محراب ومنبر سے بھی یہی بات کہی جاتی ہے، آپ ہی بتلایئے کہ جو بات محراب ومنبر سے کہنے پر نہیں سنی جاتی وہ ٹی وی سے کیوں سنی جائے گی؟ دراصل لوگ ٹی وی دیکھتے ہی صرف اس لئے ہیں کہ ٹی وی اسکرین پر اور ”بہت کچھ دیکھنے کو ملتا ہے“ جو محراب ومنبر سے نہیں دیکھا جاسکتا، لہٰذا ایسا ٹی وی جس میں عوام کی مطلوبہ رنگینی نہیں ہوگی اس کو کوئی بھی نہیں دیکھے گا۔

عوام کی اس رنگین مزاجی پر میراثی کا وہ لطیفہ بالکل فٹ بیٹھتا ہے، جس میں اس نے اہلِ

جنت وجہنم کی نشاندہی کرتے ہوئے اپنے سامعین کو مخاطب کرکے کہا:

''ارے سنتے ہو! ایک دفعہ میں نے دیکھا کہ میں مرگیا ہوں، مجھے دفن کردیا گیا، میرا حساب وکتاب ہوا تو فرشتوں نے کہا: تیرے گناہ اورنیکیاں برابر ہیں، جہاں چاہے، تجھے بھیج دیتے ہیں، میں نے مولویوں سے سن رکھا تھا کہ جنت بہت اچھی جگہ ہے،اس لئے میں نے کہا: مجھے جنت بھیج دو، جب مجھے جنت لے جایا گیا تو میں یہ دیکھ کر حیران رہ گیا، وہاں کوئی رونق تھی نہ راگ ورنگ تھا اورنہ تفریح طبع کا دوسرا سامان، بس مسجد کے میاں جی، چند داڑھیوں والے جن کے ہاتھ میں لوٹے اورمصلّے تھے، یا پھر علاقے کے غریب غربا اوربس۔

میں نے فرشتوں سے کہا: اس سے کوئی اچھی جگہ بھی ہے؟ انھوں نے کہا اس سے اچھی جگہ تو کوئی نہیں، البتہ اگر چاہو تو تمہیں جہنم دکھاسکتے ہیں، میں نے کہا ضرور! چنانچہ جب مجھے جہنم لے جایا گیا تو کیا دیکھتا ہوں: اپنے گاؤں کے چودھری صاحب، ملک صاحب، خان صاحب علاقہ کے سارے نامی گرامی لوگ موجود تھے، وہاں کچھ گلوکارائیں گانا گارہی تھیں اورکچھ اداکارائیں ناچ بھی رہی تھیں، محفل جمی ہوئی تھی، چلم بھری تھی اور سارے روشن خیال اور ترقی پسند دوست و احباب جمع تھے،وہاں جاکر تو مزہ ہی آگیا۔''

اگرچہ یہ ایک لطیفہ ہے، لیکن اگر غور کیا جائے تو عوام آج کل اس رنگینی کی تلاش میں ہیں چاہے اس کے لئے ان کو جہنم ہی کیوں نہ جانا پڑے اوران کو سادگی اور خالص دین وشریعت کے پروگرام ناقابل قبول ہیں، چاہے اس کے عوض جنت ہی کیوں نہ ملتی ہو۔

چلو اس کو بھی مان لیا جائے کہ لوگ ''خالص دینی اورشرعی ٹی وی'' کو دیکھیں گے تو سوال یہ ہے کہ یہودی ایجنٹ اور بین الاقوامی لابیاں اس چینل کو چلنے بھی دیں گی؟ نہیں ہرگز نہیں، چنانچہ ''الجزیرہ'' ٹی وی کی نشریات کا جام کیا جانا سب کے سامنے ہے، اس کے علاوہ کیا وہ ٹی وی چینل پوری دنیا کے ٹی وی قوانین کی مخالفت مول لے کر اپنا کام جاری رکھ سکے گا؟ نہیں، نہیں، ہرگز نہیں، چنانچہ اس کے لئے افغانستان کی طالبان حکومت بطور مثال کافی ہے کہ امریکا بہادر اوراس کے اتحادیوں نے اس کی اینٹ سے اینٹ صرف اورصرف اس لئے بجائی ہے کہ وہ بین الاقوامی کافرانہ نظام کا حصہ بننے کے لئے تیار نہیں تھی، ٹھیک اسی طرح ایسی ٹی وی چینل کا بھی حشر ہوگا۔

۱۱- رہی یہ بات کہ اربابِ کفر والحاد نے اگر ٹی وی کو اسلام کے خلاف بطور ہتھیار استعمال کیا ہے تو کیوں نہ ہم بھی اس کو اشاعت اسلام کے لئے استعمال کریں؟ نظر بظاہر یہ جذبہ نیک ہے، مگر اس میں مشکل وہی پیش آتی ہے کہ اشاعت اسلام کے لئے کسی ناجائز اور حرام ذریعہ کو استعمال کرنا جائز نہیں ہے۔

اگر اشاعت اسلام کے لئے ناجائز ذرائع کے اپنانے کی اجازت ہوتی تو چوروں کی اصلاح کے لئے چوروں اور زانیوں کی اصلاح کے لئے زانیوں کے گروہ میں شامل ہونا بلکہ کافروں کی اصلاح کے لئے کافروں کے گروہ میں شامل ہونا بھی جائز ہوتا، مگر دنیا جانتی ہے کہ دنیا کا کوئی مہذب قانون اس کی اجازت نہیں دیتا۔

اس کے علاوہ اگر بالفرض اشاعت اسلام کے لئے کسی منکر، ناجائز اور حرام کو اپنانے کی اجازت بھی دے دی جائے تو کیا آئندہ کے لئے نہی عن المنکر کا دروازہ بند نہیں ہو جائے گا؟ اس لئے کہ ہر مجرم اپنے جرم کی یہی تاویل اور جواز پیش کرے گا کہ میں نے یہ سب کچھ اسلام کی اشاعت کے لئے کیا ہے، چنانچہ جہاں کہیں کوئی چور، ڈاکو، زانی، شرابی یا قاتل رنگے ہاتھوں پکڑا جائے گا، وہ یہ کہہ کر چھوٹ جائے گا کہ میں چور، زانی، ڈاکو، شرابی اور قاتل نہیں ہوں، بلکہ میں نے تو ان لوگوں کی اصلاح کے لئے یہ شکل اختیار کر رکھی ہے، بتلایا جائے اس سے سارا معاشرہ جرائم اور گناہوں کی آماجگاہ نہیں بن جائے گا؟

۱۲- اشاعت اسلام کے لئے ہم اس کے تو مکلّف ہیں کہ جتنا حلال و جائز اسباب و ذرائع مہیا ہوں ان کو ممکنہ حد تک استعمال کریں اور کفر و باطل کی راہ روکنے کی کوشش کریں، لیکن اس کا یہ معنی بھی نہیں کہ ہم خواہ مخواہ نت نئے انداز اور جائز و ناجائز حربے استعمال کرنے کی سعی و کوشش میں ہلکان ہوا کریں۔

اگر اس کی ضرورت ہوتی تو اللہ تعالیٰ اپنے نبی ﷺ کو اس کی اجازت دیتے اور وہ تمام اسباب و ذرائع جو کفر و شرک کی اشاعت میں استعمال ہوتے ہیں، ان کی پیغمبر ﷺ کو بھی اجازت ہوتی، حالانکہ ایسا نہیں ہے۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ نے شیطان کو اغوائے انسانی کے لئے اولاد آدم کے قلوب میں وساوس ڈالنے، دور بیٹھ کر ان پر تسلط حاصل کرنے کا اختیار دیا ہے، مگر نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو یہ اختیار نہیں دیا گیا، اسی طرح حدیث نبوی کے مطابق: شیطان انسان کے بدن میں ایسے

دوڑتا ہے جیسے خون دوڑتا ہے، سوال یہ ہے کہ کیا آنحضرت ﷺ کو انسانی خون میں دوڑنے کی اجازت تھی؟ نہیں، ہرگز نہیں۔

ایسے ہی شیطان انسانی قلوب واذہان کی اسکرین پر اپنے وساوس کے ذریعے گناہوں اور بدکاریوں کی ننگی اور بلیو پرنٹ فلم دکھا کر ان کو گناہوں اور بدکاریوں پر آمادہ کرتا ہے، جبکہ آنحضرت ﷺ کو انسانی قلوب واذہان پر تسلط نہیں دیا گیا بلکہ فرمایا گیا: "ان انت الا نذیر" (فاطر:۲۳) ''آپ تو صرف ڈر سنانے والے ہیں'' اسی طرح دوسری جگہ فرمایا: "لست علیھم بمصیطر" (غاشیہ:۲۲) ''یعنی آپ ان کے نگراں نہیں ہیں کہ نہ مانیں تو آپ سے پوچھ ہوگی''۔

اگر اس کی اجازت یا ضرورت ہوتی جس قدر شیطان کو کفر و شرک کی اشاعت کے لئے یہ قوت واستعداد دی گئی تھی، اس سے زیادہ ضروری تھا کہ آنحضرت ﷺ کو بھی اشاعت اسلام کے لئے ان چیزوں سے نوازا جاتا، مگر جب اللہ تعالیٰ نے اس کی ضرورت نہیں سمجھی تو کیا نعوذ باللہ! ہم اللہ تعالیٰ سے زیادہ اشاعت اسلام کے خواہاں اور انسانوں کی ہدایت وراہنمائی کے لئے فکر مند ہیں؟ اگر نہیں اور یقیناً نہیں، تو ہمیں شرعی حدود سے نکل کر اشاعت اسلام کے لئے زیادہ فکر مند ہونے کی ضرورت نہیں۔

۱۳- اسی طرح ٹی وی کے جواز اور ضرورت کیلئے یہ استدلال بھی کچھ زیادہ اہمیت نہیں رکھتا کہ اگر ہم نے ٹی وی پر آکر مسلمانوں کی راہنمائی نہ کی تو لادین قوتیں اس کو دین کے بگاڑنے کیلئے استعمال کریں گی؟ اور اسلام کا حلیہ بگڑ جائیگا اور اسلام اپنی اصلی حالت میں باقی نہیں رہے گا۔

اس لئے کہ سنت اللہ یہی چلی آئی ہے کہ بے شک اسلام کو ڈھانے اور مٹانے کی کوششیں تو ضرور ہوں گی اور ہوتی بھی آئی ہیں، مگر اسلام ختم ہو جائے یا اس میں تحریف ہو جائے یا اس کا حلیہ بگڑ جائے یا اسلام اپنی اصلی حالت میں نہ رہے، ایسا ناممکن ہے، جیسا کہ حدیث شریف میں ہے کہ: ''مسلمانوں میں ایک جماعت ایسی رہے گی جو اسلام کو اصلی حالت پر برقرار رکھنے میں محنت و کوشش کرتی رہے گی، اور اہل ہوا و بدعت کی اڑائی دھول کو صاف کرتی رہے گی اور ان پر کسی مخالفت گر کی مخالفت کا کوئی اثر نہیں ہوگا''

چنانچہ سوا چودہ سو سال ہو گئے ہیں، الحمد للہ! آج بھی اسلام اسی طرح تر و تازہ ہے۔ حتی کہ شیطان کے انسانی قلوب پر تسلط حاصل ہونے کے باوجود اگر آج تک اسلام محفوظ ہے تو آئندہ بھی انشاء اللہ محفوظ ہی رہے گا، اور آئندہ بھی اس کو تحریف سے بچایا جائے گا۔

۱۴- ٹی وی اور ویڈیو فلم سے تبلیغ کا کام لینا یوں بھی ناقابل فہم ہے کہ ٹی وی دیکھنے والے کسی نیک جذبے اور اصلاح کی غرض سے یہ پروگرام نہیں دیکھتے بلکہ تفریح طبع کے لئے یہ پروگرام دیکھے جاتے ہیں، اس لئے کہ دنیا جانتی ہے کہ ٹی وی پر آنے والے لوگ قابل اعتماد اور ثقہ نہیں بلکہ بازاری اور شہرت کے خواہاں ہوتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ آج تک نہیں سنا گیا کہ کسی نے ٹی وی کی ''برکت'' سے اسلام قبول کیا ہو، اس سلسلہ میں حکیم العصر حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہیدؒ کا ایک جواب پڑھئے اور سر دھنئے!

''یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ویڈیو فلم اور ٹی وی سے تبلیغ اسلام کا کام لیا جاتا ہے، ہمارے یہاں ٹی وی پر دینی پروگرام بھی آتے ہیں لیکن کیا میں بڑے ادب سے پوچھ سکتا ہوں کہ ان دینی پروگراموں کو دیکھ کر کتنے غیر مسلم دائرۂ اسلام میں داخل ہوگئے؟ کتنے بے نمازیوں نے نماز شروع کردی؟ کتنے گناہ گاروں نے گناہوں سے توبہ کرلی؟ لہٰذا یہ محض دھوکا ہے، فواحش کا یہ آلہ جو سرتاپا رجس العین ہے اور ملعون ہے اور جس کے بنانے والے دنیا وآخرت میں ملعون ہیں وہ تبلیغ اسلام میں کیا کام دے گا؟ بلکہ ٹی وی کے یہ دینی پروگرام گمراہی پھیلانے کا ایک مستقل ذریعہ ہیں، شیعہ، مرزائی، ملحد، کمیونسٹ اور ناپختہ علم لوگ ان دینی پروگراموں کے لئے ٹی وی پر جاتے ہیں اور اناپ شناپ جوان کے منہ میں آتا ہے کہتے ہیں، کوئی ان پر پابندی لگانے والا نہیں اور کوئی صحیح وغلط کے درمیان تمیز کرنے والا نہیں، اب فرمایا جائے کہ یہ اسلام کی تبلیغ واشاعت ہورہی ہے یا اسلام کے حسین چہرے کو مسخ کیا جارہا ہے؟؟ رہا یہ سوال کہ فلاں یہ کہتے ہیں اور یہ کرتے ہیں، یہ ہمارے لئے جواز کی دلیل نہیں۔'' (آپ کے مسائل اوران کا حل، ج:۷، ص:۳۹۸)

۱۵- علماء کو ٹی وی پر آنے کے مشورہ کو اس زاویہ سے بھی دیکھنا چاہئے کہ خدانخواستہ کہیں ایسا نہ ہو کہ دوسروں کی اصلاح کی فکر میں ٹی وی پر آنے والے حضرات خود ہی بے وزن ہوجائیں، اس لئے عین ممکن ہے کہ یہ بھی ایک شیطانی چال ہو کہ جو حضرات ٹی وی پر آنا شروع کریں گے کم ازکم وہ متفق علیہ تو نہیں رہیں گے، خصوصاً جو حضرات ٹی وی کی حرمت کے قائل ہیں، ان کے ہاں ایسے حضرات کے کسی قول، فعل اور عمل بلکہ فتویٰ کا کوئی اعتبار نہیں رہے گا، گویا دوسروں کی اصلاح ہو یا نہ ہو، کم ازکم یہ تو متنازعہ بن جائیں، اور کیونکہ ہادیانِ قوم ووطن کا متنازعہ بن جانا، شیطان

اوراس کے پجاریوں کے لئے بہت بڑی فتح ہے۔اس لئے کہ باطل پرستوں کی کبھی یہ خواہش نہیں رہی کہ مسلمان، کافر یا مشرک بن جائے، بلکہ ان کی خواہش اور کوشش یہ رہی ہے کہ مسلمان، مسلمان نہ رہے، یا کم ازکم قابل اعتماد نہ رہے، اگرایسا ہوتو سوچنا چاہئے کہ ٹی وی پر آنے والے اوراس کے جواز کے قائل علماء جب ٹی وی پر آئیں گےتو وہ اپنے موقف کی حقانیت وصداقت اور مخالفین کی تغلیط فرمائیں گے، ٹھیک اسی طرح جوحضرات مخالف ہوں گے، وہ بھی اپنے موقف کو دلائل وشواہد سے مبرہن کریں گے، اوراپنے مخالفین کے موقف کی تغلیط کریں گے... جوان کا فطری اور منطقی حق ہے... یوں اختلافات کا لامتناہی سلسلہ شروع ہوجائے گا،اوراہل حق کے آپس میں دست وگریبان ہوتے ہی اسلام دشمنوں کا مقصد پورا ہوجائے گا، کیونکہ وہ دراصل مسلم امہ اور علماء کے اتفاق واتحاد سے ہی سب سے زیادہ خائف اورالرجک ہیں۔

۱۶- ٹی وی پر وعظ وبیان اورتقریرومکالمہ کی ضرورت پرزوردینے والوں کواس انداز سے بھی سوچنا چاہئے کہ جس اسٹیج اور جس جگہ پرعصیان وطغیان پر مبنی حیاء سوز اور ایمان کش فلمیں، لچر واہیات پروگرام اور گانے گائے جاتے ہوں اور وہاں ''خدا کے لئے'' جیسی خالص کافرانہ اور ملحدانہ فلمیں اورڈرامے دکھائے جاتے ہوں، وہاں اللہ کا پاک، پاکیزہ کلام، احادیث مبارکہ اور قرآن وسنت کی تعلیمات پر مبنی لیکچروں کا سنانا اور دکھانا جائز بھی ہوگا؟ کہیں یہ قرآن وسنت اور دین وشریعت کی توہین وتنقیص یا سوء ادبی تونہیں ہوگی؟

کیونکہ سیّدابراہیم الدسوقی رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ:

''اپنے منہ کوتلاوت قرآن مجید کے لئے پاک وصاف رکھا کرو، کیونکہ جوشخص منہ کو حرام بات یا حرام کھانے سے آلودہ کرکے بغیرتوبہ کے قرآن مجید پڑھنے لگے،اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی قرآن کوناپاکی پر رکھے، ایسے آدمی کو جوحکم ہونا چاہئے وہ سب کومعلوم ہے، بعض اولیاء اپنے مشاہدے میں اس کو باطنی گندگیوں سے زیادہ پلید دیکھتے اور سمجھتے ہیں۔'' (معارف بہلوی ص:۴۱، ج:۴)

نیز اس پر بھی غور فرمایا جائے کہ گندی اور ناپاک جگہ اور غلاظت خانہ یا باتھ روم میں اللہ کا ذکر کرنا اگرممنوع ہےتوٹی وی ایسے غلاظت کدہ میں کیااس کی اجازت ہوگی؟

واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہٖ سیدنا محمد وآلہ واصحابہ اجمعین.

قیام دارالعلوم دیوبند کا دینی وسیاسی پس منظر

از: پروفیسر بدرالدین الحافظ
جامعہ نگر، نئی دہلی-۲۵

ایشیا کی مایۂ ناز دانش گاہ اور ہزاروں فیض یافتگان علوم اسلامیہ کی مادر علمی دارالعلوم دیوبند جس کو آج بجا طور پر ازہر الہند کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے، کن حالات اور اسباب کی بنا پر وجود میں آئی اس کو سمجھنے کے لیے ہمیں بہت دور تک تاریخ کی چھان بین کرنی ہوگی کیونکہ اس کی جڑیں ہندوستانی تاریخ کی کئی صدیوں میں پھیلی ہوئی نظر آتی ہیں۔

اس سلسلے میں بظاہر تو ۱۶۱۵ء میں انگلستان کے فرماں روا جیمز اوّل نے اپنے سفیر سرٹامس رو کو جہانگیر کے دربار میں بھیج کر تین سال کے لیے تجارتی مراعات حاصل کی تھی۔ جو تجارت کے بہانے ہندوستان میں عیسائیت کی جڑیں جمانے کا عیارانہ حربہ تھا ع

سادگی اپنوں کی دیکھ اوروں کی عیاری بھی دیکھ

مگر حقیقت میں مختلف ملکوں کی عیسائی مشنریز یہاں بہت پہلے سے سرگرم عمل تھیں اور کم فہم نادان عوام کو لالچ دے کر یا زبردستی مسیحیت میں داخل کرنے کا عمل جاری تھا۔ اس کے بعد شاہ جہاں کے عہد میں انگریزوں نے ہوگلی بنگال کے قریب کچھ دیہاتوں کو اپنی گرفت میں لے کر عیسائی تبلیغ کا کام زور وشور سے شروع کیا اور رفتہ رفتہ یہ تحریک شہری علاقوں میں پھیلنے لگی۔ یہاں تک کہ جو کمزور آدمی نظر آتا، اسے عیسائی بنا کر انگلستان بھیج دیا جاتا۔ مرنے والوں کا مال ضبط کرلیا جاتا، نابالغ ہندو مسلمان یتیم بچوں کو عیسائی بنا کر غلام بنالیا تھا۔

۱۶۹۳ء میں کچھ مسلمان حج کے لیے جارہے تھے، ان کو گرفتار کیا۔ جو مسلمان جہاز پر تھے، ان کو لوٹنے کے بعد برہنہ کیا۔ مستورات کی بے حرمتی کی جس کی وجہ سے شرم کی ماری بہت سی عورتیں ڈوب کر مرگئیں۔(۱) اس کے علاوہ عیسائی مذہب پھیلانے کے لیے پرتگیزیوں اور

انگریزوں نے بڑے رکیک ہتھکنڈے بھی استعمال کرتے ہوئے اپنی لڑکیوں کو بادشاہوں کے حرم میں پہنچانے سے بھی گریز نہیں کیا۔ چنانچہ اکبر بادشاہ کی بیوی مریم زمانی، عالمگیر کی بیوی مسیح النسار، شاہ عالم کی بیوی مس ہنری، اور نصیرالدین حیدرشاہ کی بیوی مخدرہ عالیہ ہوئیں جنھوں نے عیسائی مذہب کی ترویج وترقی میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی، مگران تمام کوششوں کے باوجود عام طور پر مسلمانوں نے اس کا اثر قبول نہیں کیا۔ سوائے گنے چنے چند کمزور لوگوں کے اوراس کی وجہ یہ تھی کہ اس دور میں مسلمانوں کا معاشی اور مذہبی نظام کافی حد تک مستحکم تھا۔ لیکن جوں ہی بادشاہ عالمگیر کا وصال ہوا، یہاں سے مسلمانوں کا اقتدار کمزور ہوتا چلا گیا۔ ذہنوں پر بے حسی، بے بسی طاری ہوگئی۔ پھر ۱۷۴۷ء میں مدراس پر انگریزوں کے قبضے نے حالات میں اور ابتری پیدا کردی۔

اب انگریزوں کا معمول بن گیا تھا کہ جس مقام پر قبضہ کرتے، وہاں برطانوی، امریکی اور جرمنی عیسائی مشنریوں کی ٹڈی دل فوج شہروں، قصبوں، دیہاتوں اور محلوں میں پھیل جاتی اور مسیحی مذہب کی ہر ممکن طریقے سے تبلیغ کرتی۔ اسکول کھولے جاتے، اسپتال قائم کیے جاتے، طالب علموں اور مریضوں میں ہر طریقے سے نصرانیت کی حقانیت ثابت کرنے کی کوشش کی جاتی اور اسلام کی تہذیب وتحقیر کی بھرپور کوشش ہورہی تھی۔ اسی طرح ۱۸۹۱ء میں بشپ کالج کلکتہ میں قائم کیا گیا۔ اس کے ہر طالب علم کو یہ قسم کھانی پڑتی تھی کہ وہ تعلیم سے فارغ ہونے کے بعد مشنری کے کاموں میں حصہ لے گا۔ اور یہی نہیں دوران تعلیم لڑکوں کو انجیل کے اقتباسات پڑھائے جاتے اوران سے سوال کیے جاتے کہ تمہارا خدا کون ہے؟ نجات دہندہ کون ہے؟ اس کا جواب عیسائی مذہب کے مطابق بتانے والے کو انعام دیا جاتا۔

اسکولوں کالجوں کے علاوہ فوجیوں کو بھی اپنے مذہبی شعار اختیار نہ کرنے پر مجبور کیا جانے لگا۔ چنانچہ ۱۸۰۸ء میں پہلی بار مقام ویلور مدراس میں ایک کمانڈران چیف نے فوجی قوانین میں تین باتوں کا اضافہ کیا اور حکم دیا، فوجی اپنے ماتھے پر تلک نہ لگائیں، داڑھیاں منڈوائیں اور اپنی ہندوستانی وضع کی ٹوپیاں چھوڑ کر انگریزی ہیٹ استعمال کریں۔

اس کے علاوہ عام محلوں سڑکوں اور بازاروں میں جو عیسائی مذہب کی تبلیغ کی جارہی تھی بعض کمزور مسلمانوں پر اس کا اثر ہونے لگا تھا جیسا کہ عمادالدین پانی پتی مع اپنی اولاد کے عیسائی ہوگئے اوران کے والد چراغ الدین، بھائی خیرالدین نے بھی اسلام کو خیرباد کہہ کر عیسائی مذہب قبول کرلیا تھا۔ اسی طرح صفدر علی بھی اسلام سے برگشتہ ہوکر عیسائی ہوگئے تھے۔

مگر عیسائیوں کی ان تمام کوششوں کے باوجود جن لوگوں نے اپنی ذات مصالح کی بناپر اس مذہب کو قبول کیا، ان کی تعداد بہت کم تھی، جس کا خود عیسائی مبلغ گارسان رتاسی اپنے ایک خطبہ میں ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ ہندوستان میں ان مسلمانوں کی تعداد بہت کم ہے جنھوں نے دین مسیح کو قبول کیا۔(۲) اوراس کے ساتھ وہ یہ بھی شکوہ کرتا ہے کہ یہ بات تو آسانی سے سمجھ میں آتی ہے کہ ہندولوگ اسلام میں شامل ہورہے ہیں لیکن یہ بات سمجھ میں نہیں آتی بعض عیسائی نہ معلوم کیوں اسلام قبول کرکے اوراپنی وضع قطع بدل کراسلام کی تبلیغ کرتے پھر رہے ہیں۔(۳)

غرض تبدیلئ مذہب کے واقعات اورعیسائیوں کی بھرپور کوششوں کے علاوہ یہاں مرہٹوں جاٹوں اورسکھوں کی مسلم مخالف جنگجویانہ سرگرمیوں نے بھی مسلمانوں کے لیے مشکلات میں اور اضافہ کردیا تھا جس کو دردمند قلوب بخوبی محسوس کررہے تھے۔ چنانچہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نجیب الدولہ کے نام اپنے ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں ”اگر غلبہ کفر معاذ اللہ اسی انداز پر رہا تو مسلمان اسلام فراموش کردیں گے اورتھوڑا ہی زمانہ گزرے گا کہ یہ مسلم قوم ایسی قوم بن جائے گی کہ اسلام اورغیراسلام میں تمیز نہ کرسکے گی“۔(۴)

اس کے علاوہ ۱۷۳۲ء میں جب حضرت شاہ صاحب زیارت حرمین شریفین سے واپس تشریف لائے اور یہاں کے معاشرہ کا حال دیکھا تو تڑپ اٹھے کیونکہ اس دور میں حکمراں طبقہ اپنی رنگ رلیوں میں مست تھا۔ علماء وقت جو کچھ درس وتدریس کا کام کررہے تھے، وہ بھی دین کی روح سے کوسوں دور تھے اورعوام تو بے روک ٹوک شکم پروروں کے چکر میں افعال دین سمجھ کر بے دینی کے غلیظ تالابوں میں غوطہ زن تھے۔ ان مندرجہ بالا حالات سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ ہندوستان میں دعوتِ دین اورتبلیغ اسلام کی صحیح کوشش کی کتنی اہم ضرورت تھی۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ ایک طرف تو باصلاحیت علماء نے عیسائی مشنریز اورنصرانیت کے مبلغین پر قدغن لگانے اور بے دینی کے سیلاب کو روکنے کی بھرپور کوشش کی اوران کے مقابلے میں سینہ سپر ہوگئے۔ چنانچہ ۱۸۴۴ء میں مولانا آل حسنؒ نے ردنصاریٰ پر ایک کتاب استفسار شائع کی، جس میں پادری فنڈر کی کتاب میزان الحق کے اعتراضات کے جوابات بھی تھے۔

اس کے بعد مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ نے رد نصاریٰ پر بہت سی چھوٹی بڑی کتابیں تحریر فرمائیں جن میں اظہار الحق میزان الحق کا ایسا بھرپور اورمدلل جواب تھا جس کا اب تک توڑ نہ کیا جاسکا اورآج بھی اس کے تراجم مختلف ملکوں میں پڑھے اور پڑھائے جاتے ہیں۔

اس کے ساتھ ساتھ انھوں نے اسی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ آگرہ میں پادری فنڈر کی کوٹھی پر اسلام کی حقانیت ثابت کرنے اور عیسائیت کی تکذیب کے لیے خود پہنچے اور اس کو مناظرہ کی دعوت دینے کی کوشش کی۔ اتفاقاً وہ اس وقت نہیں ملا تو بعد میں اپریل ۱۸۵۴ء میں ایک دوروزہ مناظرہ کا آگرہ میں اہتمام کیا گیا جس میں پادری فنڈر نے اعتراف کیا کہ انجیل مقدس میں تحریف ہوئی ہے۔ اس تاریخی مناظرہ سے صرف ہندوستان کے مسلمانوں میں ہی نہیں بلکہ یہاں کی ہر قوم میں انگریزوں کے خلاف ایک بیداری پیدا ہوئی اور یہ مناظرہ ذہنی آمادگی پیدا کرنے کے لیے ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کا پیش خیمہ ثابت ہوا۔ اس کے علاوہ مولانا رحمت اللہ کے حامیوں نے کس طرح عیسائیوں کی کوشش کا قلع قمع کیا اس کی تفصیلات مولانا امداد صابری مرحوم کی کتاب فرنگیوں کے جال میں دیکھی جاسکتی ہے۔ پھر اس سلسلے میں حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ کے مشہور مناظرے، شاہجہانپور، روڑکی وغیرہ کی طرف اشارہ کافی ہے۔ جن کی تفصیلات کا یہ موقع نہیں ہے۔

مختصراً یہاں پر یہ تذکرہ بھی ضروری ہے کہ دینی مدارس کے قیام کے اسباب میں انگریزوں کے مندرجہ ذیل عزائم بھی کارفرما تھے جیسا کہ برطانوی پارلیمنٹ کے ممبر مسٹر ملکنگلیس نے آغاز ۱۸۵۷ء میں دارالعلوم میں تقریر کرتے ہوئے کہا تھا کہ خداوند نے ہمیں یہ دن دکھایا ہے کہ ہندوستان کی سلطنت انگلستان کے زیرنگیں ہے تاکہ عیسیٰ مسیحؑ کا جھنڈا ہندوستان کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک لہرائے۔ لہٰذا ہر شخص کو اپنی تمام تر قوت پورے ہندوستان کو عیسائی بنانے کے عظیم الشان کام کی تکمیل میں صرف کرنا چاہیے اور اس میں کسی طرح کا تساہل نہ کرنا چاہیے۔(۵)

پھر اس عزم و ارادوں کی تکمیل کے لیے انگریزوں نے تبلیغ کے علاوہ جو تدابیر اختیار کیں ان میں مال و منال چشم غزال نوکریوں کا لالچ جیسے ہر ہتھکنڈے کو اختیار کیا گیا تھا۔ انگریزی اسکولوں میں مفت تعلیم اور غربت و افلاس میں ہر ممکن اضافہ کرکے عیسائیوں کی جھولیوں میں آنے کے لیے مجبور کرنا شامل تھا اور سب سے زیادہ یہ کہ علوم اسلامیہ کو مٹانے کے لیے ہر ممکن کوشش کی گئی جیسا کہ شاہ عبدالرحیمؒ کا قائم کردہ مشہور مدرسہ رحیمیہ مہندیان میں ختم کیا گیا۔

پھر لارڈ میکالے نے صاف لفظوں میں کہہ ڈالا کہ ہماری تعلیم کا مقصد ایسے نوجوان پیدا کرنا ہے جو رنگ و نسل کے اعتبار سے ہندوستانی ہوں اور دل و دماغ کے اعتبار سے انگلستانی۔(۶)

ان تمام حالات پر ایک طائرانہ نظر ڈالنے کے بعد جو ہم بارہویں صدی ہجری میں حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اور آپ کے اہل خاندان کی خدمات کا جائزہ لیتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ

ایک طرف تو آپ نے رجوع الی القرآن کے مقصد سے آسان تفہیم کے لیے فتح الرحمٰن نامی فارسی ترجمہ کی خدمت انجام دی اور آپ کے صاحبزادوں میں حضرت شاہ عبدالعزیز نے فارسی میں ایک عظیم تفسیر لکھنی شروع کی جو مکمل نہ ہوسکی اور اس تشنگی کا آج بھی اہل علم میں احساس پایا جاتا ہے۔ پھران کے بعد آپ کے برادران حضرت شاہ عبدالقادر وفات ۱۲۳۰ھ اور شاہ رفیع الدین وفات ۱۲۳۳ھ نے بامحاورہ اور تحت اللفظ ترجمے تحریر فرمائے جو بعد کے تفسیری کام کے لیے بنیاد کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ دینی مدارس کے نصاب کے لیے آپ نے مختلف علوم وفنون پر کتابیں مدون فرمائیں جو آئندہ مدارس کے لیے ایک مشعل ہدایت ثابت ہوئیں۔

اس کے ساتھ ساتھ ملک کے سیاسی حالات سے بھی یہ لوگ بے حد فکرمند تھے۔ چنانچہ حضرت شاہ عبدالعزیزؒ وفات ۱۲۳۹ھ نے انگریزوں کی دین مخالف تحریکات کو دیکھتے ہوئے جب یہ سنا کہ مغلوں کی لڑکھڑاتی سلطنت کے شہنشاہ شاہ عالم کی حکومت اب دہلی کے پالم علاقہ تک محدود رہ گئی ہے تو ۱۸۰۳ء میں ہندوستان کے دارالحرب ہونے کا فتویٰ صادر فرمایا، جس نے ایک طرف مسلمانوں کے حوصلے بلند کردیے اور حریت وطن کی خاطر سینہ سپر ہوجانے کا جذبہ عطا کیا۔ دوسری طرف انگریز حکومت اس فتوے سے لرزہ براندازہوگئی، کیونکہ وہ ولی اللّٰہی خاندان کے فتوے کی اہمیت سے بخوبی واقف تھی۔(۷)

اس کے علاوہ حضرت شاہ ولی اللہ اور ان کے ہمنوا علماء کرام نے ایک انقلابی جماعت کی بنیاد ڈالی جس کے تیسرے امام حضرت شاہ عبدالغنیؒ اور آپ کی وفات کے بعد چوتھے امام حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی (وفات ۱۳۱۷ھ ۱۸۹۹ء)(۸) مقرر ہوئے۔ نیز آپ کے شرکا میں حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی (وفات ۱۳۲۳/۶/۸ھ) اور حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ خاص طور پر شامل تھے۔ ان حضرات نے ایک طرف عملاً انگریز کے خلاف جہاد کا آغاز کیا جو بہمہ وجوہ کامیابی سے ہمکنار نہ ہوا۔ دوسری طرف حضرت حجۃ الاسلام مولانا محمد قاسم نانوتوی (وفات ۱۲۹۷ھ-۱۸۸۰ء) اور آپ کے رفقاء نے اپنی فراست ایمانی اور دیدہ بصیرت سے اندازہ لگایا تھا کہ ان نازک حالات میں اگر مسلمانوں کو قرآن وحدیث اور دیگر علوم اسلامیہ سے واقف کرانے کا کوئی معقول اور مستحکم بندوبست نہ کیا گیا تو سخت خطرہ ہے کہ مسلمان کہیں نصرانیت کے جال میں نہ پھنس جائیں۔ بس انھیں خیالات کے پیش نظر مورخہ ۱۵رمحرم الحرام ۱۲۸۳ھ بمطابق ۱۸۶۷ء بروز جمعرات کو دیوبند کی مبارک سرزمین پر چھتہ کی مسجد میں انار کے درخت کے نیچے ہدایت کا یہ

شجرطوبیٰ وجود میں آیا۔اس طرح ابتدا میں یہ مدرسہ عربی اور پھر دارالعلوم کے معروف نام سے موسوم ہوا۔

اس کی مقبولیت کا اندازہ صرف ان اعداد وشمار سے لگایا جاسکتا ہے کہ ۱۲۸۷ھ سے لے کر ۱۴۲۷ھ تک یعنی تقریباً ۱۴۴ سال میں ایک لاکھ پچھتّر ہزار اٹھارہ فضلاء دارالعلوم سے فارغ ہوکر دنیا کے گوشے گوشے میں پہنچ چکے ہیں۔(۹) اور دین مبین کی والہانہ خدمت کا فریضہ انجام دینے میں مصروف ہیں۔اللہ تعالیٰ ان تمام حضرات کی مساعی جمیلہ کو قبولیت سے نوازے اور دارالعلوم کا چشمہ فیضان تشنگان علوم دینیہ کو سیراب کرتا رہے۔آمین۔

❁ ❁ ❁

حوالہ جات

(۱) سوانح علماء دین دیوبند اوّل،ص:۳۸۲۔

(۲) تاریخ ہند۔ذکاء اللہ (جلداوّل) ص:۲۹۹۔بحوالہ سوانح علماء دیوبند اوّل،ص:۳۸۸ تاریخ ہند۔

(۳) پروفیسر خلیق احمد نظامی۔شاہ ولی اللہ کے سیاسی مکتوبات،ص:۲۲-۲۳۔

(۴) حوالہ سابقہ

(۵) علماء حق اوران کے مجاہدانہ کارنامے،ص:۱۶ بحوالہ سوانح علماء دیوبند (جلد دوم) ص:۲۲۔

(۶) اخبار مدینہ،بجنور۔اشاعت ۲۸/جنوری ۳۶۔بحوالہ سوانح علماء دیوبند (۲) ص:۲۵۔

(۷) فتاویٰ عزیزیہ جلد:۱،ص:۷۔بحوالہ باغی ہندوستان ترجمہ:الثورۃ الہندیہ،ص:۲۰۸۔المجمع الاسلامی مبارک پور ضلع اعظم گڑھ

(۸) ہندوستان کی پہلی جنگ آزادی ۱۸۵۷ء میں مسلمانوں کا حصہ،مرتبہ مولانا مفتی عطاء الرحمٰن قاسمی شاہ ولی اللہ انسٹی ٹیوٹ،نئی دہلی۔۳،اشاعت جنوری ۲۰۰۸ء۔

(۹) فیاض وفا،دارالعلوم دیوبند ۱۴۲۷ھ۔

❁ ❁ ❁

دار العلوم دیوبند
میرے چند مشاہدات و تجربات

از: ڈاکٹر ظہور الحق

میرے خاندان کے افراد دینی علوم کی تحصیل کے لیے مظاہر العلوم سہارنپور جایا کرتے تھے۔ میں وہ پہلا شخص ہوں جو عربی اور دینی تعلیم کی تکمیل کے لیے دارالعلوم، دیوبند گیا۔ اِس مخزنِ علوم اور مایۂ ناز ادارے کی کشش کے جہاں بہت سے اسباب تھے ان میں سے ایک بنیادی سبب یہ تھا کہ یہاں کے اساتذۂ کرام اور طلبہ نے برطانوی استعماریت اور اس کے تند و تیز طوفان کے خلاف جس جہد مسلسل اور بلند حوصلگی سے کام لیا اور اپنی ملت کی بقا، قوم و ملک کے تحفظ اور ایک علمی، اخلاقی اور ملی نصب العین کے لیے انھوں نے جو بے لوث قربانیاں دیں اُن سے میرے دل و دماغ پر ایسے اثرات مرتب ہوئے تھے جن کی گرفت روز بروز مضبوط ہوتی جارہی تھی اور دارالعلوم پہنچنے کی لگن تیز سے تیز تر۔ اس کے علاوہ میرا یہ خیال تھا کہ وہاں میرے علمی ذوق کی تشنگی کا سامانِ سیرابی بڑے پیمانے پر مہیا ہوسکے گا اور بحث و مباحثے کی صلاحیتوں اور قوتوں کے اظہار کے لیے مجھے وسیع میدان ملے گا، تعلیم و تدریس کے اصول و قواعد سیکھنے اور انھیں برتنے کا سلیقہ آئے گا اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ملت کے قابل فخر رہنماؤں اور ان کی عظیم شخصیتوں کا قرب میرے لیے اخلاقی و روحانی فیض کا باعث بنے گا۔

مجھے اندیشہ تو یہ تھا کہ میرے خاندان والے میرے خیال کی تائید نہ کرتے ہوئے میرے اس باغیانہ اقدام کو ناپسند کریں گے اور میرا خواب شرمندۂ تعبیر نہ ہوسکے گا مگر برخلاف اس کے جب میری خواہش اور میرے فیصلے کا خیر مقدم کیا گیا اور بخوشی مجھے دارالعلوم جانے کی اجازت دے دی گئی تو میری مسرتوں کا کوئی ٹھکانہ نہ رہا۔

دارالعلوم دیوبند میں قدم رکھتے ہی میرا خیال یقین میں بدل گیا۔ تصور ایک جیتی جاگتی حقیقت بن گیا۔ مجھے اپنے فیصلے پر خود ہی رشک آنے لگا۔ مظاہر العلوم کے مقابلے میں یہاں اساتذہ اور طلبہ کی تعداد دوگنی سے بھی زیادہ تھی۔ روح پرور ماحول، دینی و مذہبی افکار سے سرشار

فضا، علم کے شیدائی کا اجتماع، گویا مجھے پکار پکار کر دعوتِ فکر وعمل دے رہا تھا۔ میں نے یہاں اکابرِ ملت اور اساتذۂ کرام کی شفقت ومحبت، محنت ولگن اور استغنا، وتوکل کے وہ نمونے دیکھے جنھیں میں کبھی نہیں بھول سکتا۔ طلبہ کو یہاں تعمیر سیرت اور کردار سازی کے مواقع دوسرے اداروں کی بہ نسبت اس لیے زیادہ ملتے ہیں کہ یہاں کے اساتذہ اپنے مثالی کردار، بلند اخلاق اور پاکیزگیٔ افکار کے گہرے نقوش ان پر ثبت کرتے ہیں۔ کتابوں سے کہیں زیادہ اساتذہ کا حسنِ عمل اور بے غرضانہ خلوص طلبہ کی شخصیتوں اور ان کے اذہان کے لیے موثر ثابت ہوتا ہے۔ میں اِس سلسلے میں اپنے چند مشاہدات وتجربات پیش کرنا چاہوں گا۔ جہاں تک اساتذہ کی شفقت ومحبت کا تعلق ہے تو حقیقتاً وہ اپنے طلبہ سے اِسی طرح پیش آتے تھے جس طرح والدین آتے ہیں۔ اقامت گاہوں میں پابندی سے تشریف لاتے۔ طلبہ کی تمام ضروریات کا خیال رکھتے۔ ہر طرح سے ان کی خیر خبر لیتے۔ اگر کوئی طالب علم مالی تنگی کی وجہ سے ہوسٹل میں قیام نہیں کرسکتا تھا تو اس کی دلجوئی کرتے، اس کا حوصلہ بڑھاتے اور اس کو ہر ممکن مدد دیتے۔ خود میرے قریب کے کمرے میں ایک نوارد طالب علم کا واقعہ ہے کہ داخلے کے امتحان میں اس کو اتنے اچھے نمبر نہ مل سکے کہ وظیفے کی اتنی رقم پانے کا مستحق ہوتا جس سے وہ اپنے اخراجات پورے کرسکتا اس کو تو تحصیل علم کا شوق کشاں کشاں دیوبند لے آیا تھا ورنہ اس کی معاشی حالت اس کی اجازت نہ دیتی تھی۔ وظیفہ نہ ملنے کی صورت میں اس نے مجبوراً اپنے گھر جانے کا فیصلہ کرلیا تھا۔ میں نہیں کہہ سکتا کہ اساتذہ تک اس کی خبر کس طرح پہنچی۔ بہر حال چوبیس گھنٹے کے اندر اندر تین استاد باری باری اس لڑکے کے پاس آئے اور صورتِ حال معلوم کی۔ جب ان کو لڑکے کے فیصلے کا علم ہوا تو انھوں نے پوری ذمے داری کے ساتھ اس کے سارے تعلیمی مصارف کی کفالت اپنے سر لے لی۔ اس کو تسلی وتشفی دی اور ہوسٹل میں اس کے قیام کا انتظام کردیا۔ مجھے یہ لکھتے ہوئے بڑی مسرت ہے کہ وہی طالب علم آج پاکستان کے ایک بڑے دینی مدرسے میں قال اللہ قال الرسول کی صدا بلند کیے ہوئے ہے۔ اس کے علاوہ اور بہت سی مثالیں ایسی ہیں جو استادان دارالعلوم کے پرخلوص رویے، ان کی بے پناہ ہمدردی اور قومی وملی درد سے بھرپور جذبات کی آئینہ دار ہیں۔

یوں تو دارالعلوم میں رسمی طور پر صرف چھے گھنٹے تعلیم حاصل ہوتی ہے مگر عملاً بعد فجر سے گیارہ بجے رات تک اساتذہ وطلبہ درس وتدریس میں مشغول رہتے ہیں۔ کوئی بھی استاذ بغیر مطالعہ کیے ہوئے درسگاہ میں پڑھانے نہیں آتا۔ شیخ الادب والفقہ استاذی مولانا اعزاز علی نور اللہ مرقدہ فجر کی نماز کے بعد ''ہدایہ آخرین'' کا درس دینے کے لیے درجے میں آجاتے اور ڈھائی گھنٹے اپنی بارعب

آواز میں اس دلچسپی اور محنت سے پڑھاتے کہ طلبہ دنیا ومافیہا سے بے خبر اِس میں محو ہو جاتے۔ حضرت مولانا یہ کتاب کم از کم بیس بار پڑھا چکے تھے مگر اس کے باوجود وہ بغیر مطالعہ کیے ہوئے کبھی نہ پڑھاتے۔ اگر کتاب کے حاشیے کو پڑھ کر کوئی طالب علم سوال کرتا تو جواب دینے کی بجائے اس سے یہ کہتے کہ ''مولوی صاحب آپ نے جہاں سے سوال کیا ہے وہیں اس کا جواب موجود ہے۔'' وہ ہمیشہ طلبہ سے علمی، سنجیدہ اور بلند سطح کے سوالات کرنے کی توقع رکھتے۔ دورانِ درس وہ ایسے طلبہ کی تلاش میں رہتے جو محنتی، مطالعے کے شوقین اور ضرورت مند ہوتے وہ ان کو یا تو اپنے مطالعے کے کمرے میں بلاتے یا خود ان کے کمروں میں جا کر بعد سلام کے ان کی خیریت معلوم کرتے اور سب سے چھپا کر حسب گنجائش امدادی رقم دینے کے بعد سلام کر کے چلے آتے۔ تحفہ اور ہدیہ قبول کرنے سے ہمیشہ گریز کرتے۔ میں نے اپنے ایک ساتھی سے یہ سنا کہ بڑی منت سماجت کے بعد اس نے حضرت مولانا کی خدمت میں ایک قیمتی رومال تحفہ پیش کیا جس کو انھوں نے بڑی مشکل سے قبول کیا۔ کسی غلطی کی بناء پر یہ طالب علم دارالعلوم کی طرف سے سزا کا مستحق قرار پایا گیا۔ پانچ مہینے بعد یہی طالب علم اپنے اسی معاملے میں حضرت مولانا کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان سے اپنا مسئلہ رجوع کیا۔ حضرت مولانا کچھ جواب دینے کی بجائے اٹھے، الماری کھولی اور وہ تحفہ جو اسی طرح ابھی الماری میں محفوظ تھا، شکریے کے ساتھ واپس کیا اور فرمایا کہ ''میری طرف سے آپ اس کو استعمال کریں'' پھر کہا ''آپ قاعدے کے مطابق درخواست دیں جو جو مدد ممکن ہوگی میں اس کے لیے حاضر ہوں۔'' دارالعلوم کے قاعدے کے مطابق اس کی سزا معاف نہیں ہوسکتی تھی۔ صرف مہتمم کو اختیار خصوصی کی بنا پر اس سزا کی معافی کا حق تھا۔ حضرت مولانا نے اس کی عرضی پیش کرتے ہوئے مہتمم صاحب سے ہمدردی کی درخواست کی۔ اس طرح وہ طالب علم بری ہو گیا۔ پھر حضرت مولانا اس کے کمرے میں پہنچے اور پہلے اس سے اِس اذیت کے لیے معذرت چاہی جو ان کے سخت رویے سے اُسے پہنچی تھی۔ اس کے بعد اس کو بری ہونے کی خوشخبری سنائی۔

حکیم اسلام استاذ مکرم مولانا طیب صاحب کے انداز تدریس کو کبھی نہیں بھلایا جاسکتا۔ وہ شاہ ولی اللہ کی حجۃ اللہ البالغہ کا درس دیا کرتے تھے حالانکہ ان کی زندگی مصروف ترین زندگی تھی۔ دارالعلوم کے اندر اور باہر کے بے شمار ایسے مسائل تھے جس کی وجہ سے ان کا وقت کبھی خالی نہ رہتا۔ مگر جب بھی مولانا دیوبند میں ہوتے اپنی گوناں گوں مصروفیتوں میں سے وقت نکال کر حجۃ اللہ البالغہ کا درس دینے مقررہ کمرے میں آتے اور انتہائی پرسکون طریقے سے عالمِ استغراق میں پڑھانا شروع کرتے۔ اِس وقت ان کے ذہن میں کوئی مسئلہ اور اُلجھن نہ ہوتی۔ ان کی تمام تر توجہ

درس پر مرکوز ہوتی۔ وہ علمی مسائل پر اس طرح بحث کرتے اور اس کو اس دلنشیں انداز میں سمجھاتے کہ کوئی پہلو تشنہ نہ رہتا۔ مولانا کے حکیمانہ اور متکلمانہ اندازِ بیان، علوم میں ان کی گہری بصیرت اور ان کی بارعب و پرکشش شخصیت کے انمٹ نقوش ہمیشہ میرے ذہن میں رہیں گے۔

یہاں کے اساتذہ میں توکل اور استغنا کی جو کیفیت دیکھی اس سے ادارے سے ان کی وابستگی اور دینی واخلاقی اقدار کا اندازہ ہوتا ہے۔ دوسرے اداروں میں اساتذہ کی کوشش یہ ہوتی ہے کہ وہ کسی طرح زیادہ سے زیادہ آمدنی کے ذرائع تلاش کریں مگر یہاں کے اساتذہ اپنی قلیل تنخواہوں پر ہی اکتفا کرتے ہیں اور ادارے کی خدمت کو عین سعادت سمجھتے ہیں۔ کبھی کبھی تو بڑی تنخواہوں کی پیشکش کو بھی قابل اعتنا نہیں سمجھتے اور اپنے عزیز ادارے سے وابستگی کو باعثِ فخر خیال کرتے ہیں۔ میں نے علی گڑھ کے بعض باا ثر ذمہ داروں کی ایما سے وہاں سے استاد کو یہ لکھا کہ ان کی قابلیت واہلیت اور تجربے کے مطابق ایک اچھی آسامی خالی ہے۔ تقرر کی قوی امید ہے درخواست بھیج دیجئے میرے اس خط کے جواب میں ان صاحب نے درخواست کا مقررہ فارم واپس کردیا اور لکھا ''الحمدللہ میں یہاں بہت مطمئن ہوں۔ اکابر کی خدمت کے مواقع میسر ہیں۔ دارالعلوم کی ملازمت میرے لیے صرف ایک ذریعہ معاش نہیں ہے بلکہ ایک سعادت ہے۔ میرے اکابر اور اساتذہ اگر مجھے وہاں کی خدمت کے لیے حکماً بھیجیں تو مجھے انکار کی مجال نہیں ورنہ میں اپنے دارالعلوم کو رہتی زندگی تک چھوڑنے کو تیار نہیں ہوں۔ آپ کی توجہ اور مہربانی کا میں شکر گذار ہوں۔ اللہ آپ کو اس کا اجر دے۔''

استغناء کی ایسی کئی مثالیں مل جائیں گی جن کی روشنی میں یہ حقیقت کھل کر سامنے آجاتی ہے کہ دارالعلوم دیوبند کے قیام کا مقصد قوم میں سے ایسے افراد تیار کرنا تھا اور ہے جو ایک طرف دینی علوم کے ماہر اسلامی روح وجذبے سے سرشار شخصیت کے مالک اور اسلامی شعار کے جیتے جاگتے نمونے ہوں تو دوسری طرف قوم وملت کے بےلوث خادم اور بہی خواہ اور اس کے محافظ۔ دارالعلوم کی تاریخ ایسی ممتاز شخصیتوں سے مزین ہے جنھوں نے اپنی زندگیاں اعلاء کلمۃ اللہ کے لیے وقف کردیں اور جو اپنے علم وعمل، بلندی اخلاق وکردار اور مثالی کمالات وفضائل کی وجہ سے زندہ جاوید رہیں گی۔

دارالعلوم دیوبند اور وہاں کے اساتذۂ گرامی کے فیضان ہی کی بدولت میرے افکار کو جلا اور میری زندگی کو صحیح منزل ملی ہے وہاں کی کیف آگیں یادیں اور روح پرور صحبتیں، وہاں کے شب و روز اور علمی مشاغل اور وہاں کے استادوں کی عنایتیں اور شفقتیں، زندگی کا وہ انمول سرمایہ ہیں جو میرے نہاں خانۂ دل میں محفوظ ہیں۔

خواب کی حقیقت اور اس کے احکام

از: مفتی تنظیم عالم قاسمی
استاذ حدیث دارالعلوم سبیل السلام، حیدرآباد

انسان کبھی نیند کی حالت میں بہت سی ایسی چیزیں دیکھتا ہے جو بیداری اور جاگنے کی حالت میں نہیں دیکھ سکتا۔ عرف عام میں اس کو خواب کے لفظ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ خلاصۃ التفاسیر میں ہے کہ خواب میں روح جسم سے نکل کر عالم علوی اور عالم سفلی میں سیر کرتی ہے جو جاگنے میں نہیں دیکھ سکتی وہ دیکھتی ہے۔ اسے حسِ روحانی کہنا چاہیے، حس جسمانی صرف حاضر پر حاوی ہوسکتی ہے اور حس روحانی حاضر وغائب دونوں کا ادراک واحساس کرتی ہے، اس لئے خواب میں ایسے احوال وکیفیات مشاہدہ میں آتی ہیں جن سے خود خواب دیکھنے والے کو بڑی حیرت ہوتی ہے، کبھی مسرت انگیز اور کبھی خوفناک تصویریں ذہن میں ابھرتی ہیں اور بیداری کے ساتھ ہی یہ تمام کہانی یکلخت مٹ جاتی ہے۔ قرآن کے متعدد مقامات میں مختلف نوعیّتوں سے خواب کا تذکرہ کیا گیا ہے اور احادیث میں بھی رسول اکرم ﷺ نے اس کی قدرے تفصیل بیان فرمائی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ خواب کا وجود حق ہے۔ انبیاء کرام کے علاوہ دیگر افراد کا خواب اگرچہ حجت شرعی نہیں تاہم یہ فیضان الوہیت اور برکات نبوت سے ہے۔ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اچھا خواب نبوت کے چھیالیس حصوں میں سے ایک حصہ ہے۔ اس سے مراد علم نبوت ہے یعنی رویاء صالحہ علم نبوت کے اجزاء اور حصوں میں سے ایک جزو حصہ ہے۔ (صحیح بخاری ومسلم) غور کیا جائے تو اس حدیث میں آپ ﷺ نے اچھے اور بہتر خواب کی فضیلت ومنقبت بیان فرمائی ہے اور اسے نبوت کا پرتو قرار دیا ہے۔

واضح رہے کہ خواب تین طرح کے ہوتے ہیں: پہلی قسم نفس کا خیال ہے، یعنی انسان دن بھر جن امور میں مشغول رہتا ہے اور اس کے دل ودماغ پر جو باتیں چھائی رہتی ہیں وہی رات میں

بصورت خواب متشکّل ہوکر نظر آتی ہیں، مثلاً ایک شخص اپنے پیشہ وروزگار میں مصروف رہتا ہے اور اس کا ذہن وخیال ان ہی باتوں کی فکر اور ادھیڑ بن میں لگا رہتا ہے جو اس کے پیشہ وروزگار سے متعلق ہیں تو خواب میں اس کو وہی چیزیں نظر آتی ہیں، یا ایک شخص اپنے محبوب کے خیال میں مگن رہتا ہے اور اس کے ذہن پر ہروقت اسی محبوب کا سایہ رہتا ہے تو اس کے خواب کی دنیا پر بھی وہی محبوب چھایا رہتا ہے۔ غرض کہ عالمِ بیداری میں جس شخص کے ذہن وخیال پر جو چیز زیادہ چھائی رہتی ہے، وہی اس کو خواب میں نظر آتی ہے۔ اس طرح کے خواب کا کوئی اعتبار نہیں۔

دوسری قسم ڈراؤنا خواب ہے، یہ خواب اصل میں شیطانی اثرات کا پرتو ہوتا ہے۔ شیطان چوں کہ ازل سے بنی آدم کا دشمن ہے اور وہ جس طرح عالم بیداری میں انسان کو گمراہ کرنے اور پریشان کرنے کی کوشش کرتا ہے اسی طرح نیند کی حالت میں بھی وہ انسان کو چین نہیں لینے دیتا۔ چنانچہ وہ انسان کو خواب میں پریشان کرنے اور ڈرانے کے لیے طرح طرح کے حربے استعمال کرتا ہے۔ کبھی تو وہ کسی ڈراؤنی شکل وصورت میں نظر آتا ہے جس سے خواب دیکھنے والا انتہائی خوفزدہ ہوجاتا ہے، کبھی اس طرح کے خواب دکھلاتا ہے جس میں سونے والے کو اپنی زندگی جاتی نظر آتی ہے جیسے وہ دیکھتا ہے کہ میرا سر قلم ہوگیا وغیرہ وغیرہ اسی طرح خواب میں احتلام کا ہونا کہ جو موجب غسل ہوتا ہے اور بسا اوقات اس کی وجہ سے نماز فوت یا قضا ہوجاتی ہے اسی شیطانی اثرات کا کرشمہ ہوتا ہے۔ پہلی قسم کی طرح یہ بھی بے اعتبار اور ناقابل تعبیر ہوتی ہے۔ اسی طرح کے ڈراؤنے اور برے خواب سے حفاظت کے لیے حدیث میں اس دعا کی ہدایت دی گئی ہے۔

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ غَضَبِہٖ وَعَذَابِہٖ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنَ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنَ. (ابوداؤد وترمذی) ”میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے کلمات تامات کے ذریعہ خود اس کے غضب اور عذاب سے اور اس کے بندوں کے شر سے اور شیطانی وساوس واثرات سے اور اس بات سے کہ شیاطین میرے پاس آئیں اور مجھے ستائیں“۔

خواب کی تیسری قسم وہ ہے جس کو منجانب اللہ بشارت کہا گیا ہے کہ حق تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے اس کے خواب میں بشارت دیتا ہے اور اس کے قلب کے آئینہ میں بطورِ اشارات وعلامات ان چیزوں کو متشکل کرکے دکھاتا ہے جو آئندہ وقوع پذیر ہونے والی ہوتی ہے یا جن کا تعلق مؤمن کی روحانی وقلبی بالیدگی وطمانیت سے ہوتا ہے وہ بندہ خوش ہو اور طلب حق میں تروتازگی محسوس کرے، نیز حق تعالیٰ سے حسن اعتقاد اور امید آوری رکھے، خواب کی یہی وہ قسم ہے

جو لائق اعتبار اور قابل تعبیر ہے اور جس کی فضیلت و تعریف حدیث میں بیان کی گئی ہے۔ (مظاہر حق جدید)

اچھا خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے بشارت اور خوشخبری ہوتی ہے کہ وہ بندہ خوش ہو اور اس کا وہ خواب اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس کے حسن سلوک اور امید آوری کا باعث اور شکر خداوندی میں اضافہ کا موجب بنے اور برا خواب شیطانی اثرات کا عکاس ہوتا ہے یعنی برے خواب سے انسان فطری طور پر پریشان اور غمگین ہوتا ہے جس سے شیطان بڑا خوش ہوتا ہے، اس لیے آپ ﷺ نے ہدایت دی ہے کہ جو شخص برا اور ناپسندیدہ خواب دیکھے اس کو چاہیے کہ بائیں طرف تین بار تھتکار دے اور تین بار شیطان سے اللہ کی پناہ مانگے اور اپنی اس کروٹ کو تبدیل کردے جس پر وہ خواب دیکھنے کے وقت سو رہا تھا۔ (مشکوٰۃ:۳۹۴)

دوسری حدیث میں ہے کہ جب کوئی اس طرح کا خواب دیکھے تو اس طرف توجہ نہ دے اور نہ اس کو کسی دشمن یا دوست کے پاس بیان کرے، اللہ کی پناہ مانگنے اور تین بار تھتکارنے سے انشاء اللہ وہ اس برے خواب کے مضر اثرات سے محفوظ رہے گا۔ ایسا خواب کسی دشمن یا دوست کے سامنے بیان نہ کرنے کی حکمت یہ ہے کہ سننے والا خواب کی ظاہری حالت کے پیش نظر جب خراب تعبیر دے گا تو اس کی وجہ سے فاسد وہم میں مبتلا ہونا لازم آئے گا۔ دل و دماغ میں مختلف قسم کے اندیشے، وسوسے اور مختلف اوہام وخیالات پیدا ہوں گے جن سے وہ شخص پریشان ہوگا اور خواہ مخواہ اس کا سکون وچین متاثر ہوگا، اسی کے ساتھ یہ بھی ممکن ہے کہ سننے والے شخص نے جس خراب تعبیر کی نشاندہی کی ہے وہ واقع ہوجائے۔ اس لیے کہ خواب کے وقوع پذیر ہونے میں خواب کو ایک خاص تاثیر حاصل ہے کہ خواب سننے والا جو تعبیر دیتا ہے اللہ تعالیٰ کے حکم سے ویسا ہی وقوع پذیر ہوجاتا ہے، چنانچہ ابورزین عقیلیؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وھی علی رجل طائر مالم یحدث بھا فاذا حدث بھا وقعت (مشکوٰۃ:۳۹۶) ''خواب کو جب تک بیان نہ کیا جائے وہ پرندہ کے پاؤں پر ہوتا ہے اور جب اس کو کسی کے سامنے بیان کردیا جاتا ہے تو وہ واقع ہوجاتا ہے''... علی رجل طائر یعنی پرندہ کے پاؤں پر ہونا دراصل عربی کا ایک محاورہ ہے جو اہل عرب کسی ایسے معاملہ اور کسی ایسی چیز کے بارے میں استعمال کرتے ہیں جن کو قرار وثبات نہ ہو، مطلب یہ ہوتا ہے کہ جس طرح پرندہ عام طور پر کسی ایک جگہ ٹھہرا نہیں رہتا بلکہ اڑتا اور حرکت کرتا رہتا ہے اور جو چیز اس کے پیروں پر ہوتی ہے وہ بھی کسی ایک جگہ قرار نہیں پاتی بلکہ ادنیٰ سی حرکت

سے گر پڑتی ہے۔اسی طرح یہ معاملہ اور یہ چیز بھی کسی ایک جگہ پر قائم وثابت نہیں رہتی لہٰذا فرمایا گیا ہے کہ خواب کا معاملہ بھی ایسا ہی ہے کہ جب تک اس کو کسی کے سامنے بیان نہیں کیا جاتا اور اس کو اپنے دل میں پوشیدہ رکھا جاتا ہے اس وقت تک اس کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا اور نہ وہ واقع ہوتا ہے لیکن جب اس کو کسی کے سامنے بیان کردیا جاتا ہے اور جوں ہی اس کی تعبیر دی جاتی ہے وہ اسی تعبیر کے مطابق واقع ہوجاتا ہے۔ اس لیے کسی کے سامنے اس طرح کے خواب کا تذکرہ نہیں کرنا چاہیے۔اچھے خواب میں اگرچہ ناخوشگوار باتوں کی طرف ذہن منتقل نہیں ہوتا تاہم اسے بھی کسی جاہل، دشمن اور نااہل کے پاس بیان نہیں کرنا چاہیے، اس لیے کہ اس کے غلط تعبیر بتانے کے سبب خواب کا رخ بدل سکتا ہے، البتہ اہل علم، تعبیر خواب کے ماہر اور دانا دوستوں سے بتانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

برصغیر کے مایۂ ناز محدث حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے اچھے اور بہتر خواب کی درج ذیل ۹ صورتیں بیان کی ہیں:

(۱) نبی اکرم ﷺ کو خواب میں دیکھنا۔

(۲) جنت یا جہنم کو خواب میں دیکھنا۔

(۳) نیک بندوں اور انبیائے کرام علیہم السلام کو خواب میں دیکھنا۔

(۴) مقاماتِ متبرکہ جیسے بیت اللہ کو خواب میں دیکھنا۔

(۵) آئندہ پیش آنے والے واقعات کو خواب میں دیکھنا، پھر وہ واقعہ ویسا ہی رونما ہو جیسا اس نے دیکھا ہے مثلاً دیکھا کہ ایک حاملہ کو لڑکا پیدا ہوا پھر واقعی لڑکا پیدا ہو۔

(۶) گذشتہ واقعات کو واقعی طور پر خواب میں دیکھنا مثلاً دیکھا کہ کسی کا انتقال ہوگیا پھر انتقال کی خبر آئی۔

(۷) کوئی ایسا خواب دیکھنا جو کوتاہی پر آگاہ کرے مثلاً خواب دیکھا کہ کتا اس کو کاٹ رہا ہے۔ اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ غصیلا ہے، اپنا غصہ کم کرے۔

(۸) انوار اور ستھرے کھانوں کو خواب میں دیکھنا مثلاً دودھ، شہد اور گھی کا پینا۔

(۹) ملائکہ کو خواب میں دیکھنا۔ (حجۃ اللہ البالغہ: ۲/۲۵۳)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ رسولِ اکرم ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: أصدق الرؤیا بالأسحار (ترمذی) یعنی رات کے آخری حصے کا خواب زیادہ سچا

ہوتا ہے کیونکہ پچھلا پہر عام طور پر دل و دماغ کے سکون کا وقت ہوتا ہے، اس وقت نہ صرف یہ کہ خاطر جمعی حاصل رہتی ہے بلکہ وہ نزول ملائکہ، سعادت اور قبولیت دعا کا بھی وقت ہے۔ اس لیے اس وقت کا دیکھا ہوا خواب زیادہ سچا ہوتا ہے تاہم کسی خواب کے بارے میں یقین کے ساتھ نہیں کہا جاسکتا ہے کہ یہ خواب سچا ہے اور اس کا وقوع یقینی ہے۔ اس لیے کہ اچھا خواب اللہ کی طرف سے محض ایک رہنمائی ہوتی ہے کوئی حجت شرعی نہیں۔ خواب میں دیکھی ہوئی چیز جب واقع ہوجائے تو اس کے متعلق یقین ہوجائے گا کہ خواب سچا تھا، لیکن یاد رہے کہ اگر رسول اکرم ﷺ کو کسی نے خواب میں دیکھا تو وہ خواب سچا اور صحیح ہوگا، اس میں جھوٹ یا دھوکہ کا کوئی شائبہ نہیں، حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ''جس شخص نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے درحقیقت مجھ کو ہی دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کرسکتا۔ (مشکوٰۃ: ۳۹۴)

غلط خواب کا تعلق شیطان سے ہوتا ہے یہ اسی کی کارستانی ہے کہ مختلف غلط اور جھوٹے خیالات و اوہام دل و دماغ میں پیدا کرتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ کی مبارک تصویر و شباہت پر شیطان حاوی نہیں ہوسکتا۔ اس لیے جس نے بھی حضور اکرم ﷺ کو خواب میں دیکھا درحقیقت اس نے آپ کا ہی مشاہدہ کیا ہے اور یہ خواب دیکھنے والے کے تقویٰ، بزرگی اور قربت الٰہی کی دلیل ہے کہ اس کے کسی عمل سے خوش ہوکر اللہ نے اپنے فضل وکرم سے اپنے نبی کا دیدار کرایا ہے۔ البتہ اہل تحقیق اور اصحاب نظر نے اس میں کلام کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھنا کب معتبر ہوگا۔ بعض کا خیال ہے کہ آپ ﷺ کا جو حلیہ اور صورت احادیث میں بیان کی گئی ہے اسی صورت کیساتھ اگر دیکھا جائے تو یقین کے ساتھ کہا جاسکتا ہے کہ گویا اس نے آپ ﷺ ہی کو دیکھا ہے۔ اسی وجہ سے منقول ہے کہ حضرت محمد بن سیرین جو تعبیر فن کے امام تھے، ان کے پاس اگر کوئی آنحضرت ﷺ کو دیکھنے سے متعلق اپنا خواب بیان کرتا تو آپ ان سے دیکھے ہوئے حلیہ اور شکل وصورت کے بارے میں سوال کرتے اگر وہ آنحضرت ﷺ کا حلیہ بیان نہ کرپاتا تو اس سے کہتے کہ بھاگ جاؤ تم نے آنحضرت ﷺ کو خواب میں نہیں دیکھا ہے۔

اس بارے میں شارحِ مسلم حضرت امام نوویؒ کی رائے یہ ہے کہ جس شخص نے آنحضرت ﷺ کو خواب میں دیکھا اس نے بہر صورت آپ ﷺ کو دیکھا خواہ اس نے اس مخصوص صورت و حلیہ میں دیکھا ہو جو آپ ﷺ کے بارے میں منقول ہے یا کسی اور شکل و شباہت میں دیکھا ہو کیوں کہ شکل و شباہت کا مختلف ہونا ذات کے مختلف ہونے کو ضروری قرار نہیں دیتا۔ علاوہ ازیں یہ

نکتہ بھی ملحوظ رہنا چاہیے کہ شکل وشباہت میں اختلاف وتفاوت کا تعلق خواب دیکھنے والے کے ایمان کے کمال ونقصان سے بھی ہوسکتا ہے یعنی جس شخص نے خواب میں آنحضرت ﷺ کو اچھی شکل وصورت میں دیکھا۔ یہ اس کے ایمان کامل اور عقیدے کے صالح ہونے کی علامت قرار پائے گا اور جس شخص نے اس کے برخلاف دیکھا یہ اس کے ایمان کی کمزوری اور عقیدے کے فساد کی علامت قرار پائے گی۔ اسی طرح ایک شخص نے آپ ﷺ کو بوڑھا دیکھا، ایک شخص نے جوان دیکھا، ایک شخص نے رضامند دیکھا، ایک شخص نے خفگی کے عالم میں دیکھا، ایک شخص نے روتے ہوئے دیکھا، ایک شخص نے شاد وخوش دیکھا اور ایک شخص نے ناخوش دیکھا تو یہ ساری حالتیں خواب دیکھنے والے کے ایمانی احوال کے فرق وتفاوت پر مبنی ہوں گی کہ جو شخص جس درجہ کے ایمان کا حامل ہوگا وہ آپ ﷺ کو اسی درجہ کی مثالی صورت میں دیکھے گا۔ اس اعتبار سے آنحضرت ﷺ کو خواب میں دیکھنا گویا اپنے احوال ایمانی کو پہچاننے کا معیار ہے۔ لہٰذا یہ چیز سالکین طریقت کے لیے ایک مفید ضابطہ کی حیثیت رکھتی ہے کہ وہ اس کے ذریعہ اپنے باطن کی حالت کو پہچان کر اس کی اصلاح کریں۔ (مظاہر حق جدید ۵/ ۳۱۷)

اس حدیث کے تحت اہل تحقیق نے یہ بھی وضاحت کی ہے کہ رسول اکرم ﷺ کو خواب میں دیکھنے کا یہ مطلب نہیں کہ اس شخص پر وہ احکام عائد ہوں جو واقعتاً آنحضرت ﷺ کے دیدار وصحبت کی صورت میں ہوتے ہیں یعنی نہ تو ایسے شخص کو صحابی کہا جائے گا اور نہ اس چیز پر عمل کرنا اس کے لیے ضروری ہوگا جس کو اس نے اپنے خواب میں آنحضرت ﷺ سے سنا ہوگا۔ بہرحال اس انسان کی خوش نصیبی کا کیا کہنا جس نے سرکار دوعالم ﷺ کا کم سے کم خواب میں ہی دیدار کیا ہو۔ یہ اس کے لیے عظیم نعمت اور بڑی سعادت مندی کی بات ہے۔ اسی طرح دوسرے اچھے اور بہتر خواب کا دیکھنا بھی خوش آئند بات ہے اسے اللہ کی طرف سے اچھی خبر سمجھنا چاہیے جو انسان کے دل ودماغ کو فطری طور پر خوش کردیتی ہے۔

❀ ❀ ❀

قطع حیات بہ جذبۂ رحم (Euthanasia) کی شرعی حیثیت

(۳)

از: مفتی محمد شمیم اختر قاسمی
ریسرچ اسکالر: شعبۂ دینیات (سنی)
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

قبل اس کے کہ ہم یوتھینیزیا کے عمل کو بروئے کار لانے کی حلت وحرمت کا فیصلہ کریں ضروری ہے کہ اس سلسلے میں ہونے والے ایک مباحثہ کی تفصیل بیان کردیں تاکہ نفس مسئلہ کو اچھی طرح سمجھا جاسکے اوراس طرح شریعت کے احکام آشکارا ہوجائیں۔ یہ وہ مباحثہ ہے جو قاضی شریعت مولانا مجاہدالاسلام کی موجودگی میں ہوا تھا اور جس پر قاضی صاحب نے اپنا عالمانہ تبصرہ بھی فرمایا تھا؛ مگر چوں کہ اس وقت یہ مسئلہ نیا تھا اوراس سے لوگ کم واقف تھے کہ اس عمل کو بروئے کار لانے میں کیا نقصان اور فوائد ہوسکتے ہیں، اس لیے اس پر کوئی حکم لگانے کے بجائے موخر کردیا اور اسے فقہ اکیڈمی کے سالانہ سیمینار کا موضوع بحث بنانے کی کوشش کی گئی جس پر کافی عرصہ بعد عمل کیا گیا اور پھر اکیڈمی نے متفقہ طور پر اپنا فیصلہ صادر کیا۔ جس کی تفصیل آگے آرہی ہے۔ مذکورہ مباحثہ میں ۸/ممتاز علمائے ہند نے حصہ لیا تھا اوراپنے قیمتی آراء وخیالات سے نواز کر علمائے عظام اور مفتیان کرام کو دعوت ملاحظہ پیش کیا تھا کہ اس صورت میں اسلام کے موقف کو سمجھنے میں غلطی اور تاخیر کی گئی تو بھیانک نتائج برآمد ہوسکتے ہیں۔ تو نیچے ان آٹھوں علمائے کرام اور قاضی شریعت کا تبصرہ ملاحظہ فرمائیں:

''مولانا عبدالعزیز صاحب سابق مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور فرماتے ہیں:

ایکٹیو یوتھینیزیا کی وہ صورت جس میں ڈاکٹروں کو مریضوں کی جان لینے کے لئے کوئی مثبت عمل کرنا پڑتا ہے، مثلاً: کوئی تیز انجکشن، یا دوا استعمال کرادی جائے، جس سے مریض کی سانس بند

ہوجائے، یہ جائز نہیں ہے، یہ قتل نفس ہے جس کی قرآن واحادیث میں ممانعت وارد ہے:

"وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ" (سورۂ انعام:۱۵۱)

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"لا یحل دم امرئ مسلم یشهد أن لا اله الا الله وأنی رسول الله إلا باحدی ثلث: النفس بالنفس، والثیب الزانی، والمارق لدینه، التارك للجماعة" (متفق علیہ)

(کسی مسلمان کی جان لینا جو اللہ کی توحید اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی گواہی دیتا ہو درست نہیں، الا یہ کہ وہ قاتل ہو، یا شادی شدہ زانی ہو، یا دین سے نکل جانے والا اور جماعت کو چھوڑ دینے والا ہو)

اگر کسی مریض کی سانس کسی مصنوعی آلہ کے ذریعہ سے چلائی جارہی ہو اگر اس آلہ کو ہٹادیا جائے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے، کیونکہ یہ ترک تدبیر ہے۔

پیسیو یوتھینیز یا کی دونوں صورتوں میں یہی ترک علاج ہے، ایسے مریضوں کا اگر علاج نہ کیا جائے تو اس میں کوئی گناہ نہیں ہے، اسلام اس کی اجازت دیتا ہے۔

مولانا احمد بیمات، دارالعلوم فلاح دارین فرماتے ہیں:

اطباء اور ڈاکٹروں کی اصطلاح میں ایسے مریض، جن کا علاج ممکن نہیں، ان کی صحت کی امید نہیں، ان کے لئے ایسی دوا تجویز کرنا، جس سے مریض جلدی سے مرجائے، ایسا مثبت علاج، دوا خود مریض استعمال کرے یا ڈاکٹر جائز نہیں، حرام ہے۔

اگر ڈاکٹر، طبیب ایسا علاج کرے گا تو قتل نفس کا گناہ اور مریض کرے گا تو خودکشی کا ارتکاب ہوگا، اسلئے کہ قرآن وحدیث کی روشنی میں تمام فقہاء نے لکھا ہے کہ:

"یکره تمنی الموت لغضب، أو ضیق عیش، وفی صحیح مسلم: لا یتمنین أحدکم الموت لضرّ نزل بہ" (شامی ۵/۲۷۰)۔

(غصہ یا تنگدستی کے باعث موت کی تمنا کرنا مکروہ ہے، اور صحیح مسلم میں ہے کہ تم میں سے کوئی موت کی تمنا کسی تکلیف کی وجہ سے ہرگز نہ کرے)

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے معلوم ہوا کہ کسی ضرر (پریشانی) اور تکلیف کی وجہ سے موت کی تمنا کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ "مرقاۃ" میں لکھا ہے کہ: "حیات وزندگی اللہ کا امر اور حکم ہے، اور موت کی تمنا حکم الٰہی سے فرار ہے، حکم الٰہی سے عدم رضا ہے، لہٰذا جائز نہیں۔" (حاشیہ مشکوٰۃ ۱/۱۳۹)

مومن کی حالت "سلب ارادہ" اور مولی خالق جن احوال میں رکھے، اس سے راضی رہنا

ہے، لہٰذا طبیب کا فعل قتل نفس ہوگا، اور مریض کا فعل خودکشی کا ارتکاب ہوگا، لہٰذا اس باب میں جو روایات وعید وعذاب کی وارد ہوئی ہیں، ان کا مصداق ہوگا، أعاذنا اللّٰہ منہ.

لیکن ڈاکٹر کی دوا یا طبیب کا علاج صحت کے ارادہ سے تھا، مگر اس کا الٹا اثر ہوا، تو ان وعیدوں کا مستحق نہیں ہوگا، اس لئے کہ مسلم شریف میں موجود ہے کہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ: ''سابق زمانہ میں ایک انسان تھا اس کو زخم نکلا، صبر نہیں کیا اور اپنے تیر سے زخمی کرلیا تا کہ مرجائے، اور اس طرح اس کا انتقال ہوگیا، تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ: میں نے اس پر جنت حرام کردیا ہے'' (مسلم شریف ۷۲/۱)۔

علامہ نوویؒ نے تحریر فرمایا:

"استعجالا للموت أو لغير مصلحة، فإنه لو كان على طريق المداواة التي يغلب الظن على نفعها، لم يكن حراما" شرح مسلم للنووی ۷۳/۱)

''یعنی کوئی ایسا عمل جس کا مقصد موت کو جلدی بلانا ہو، یا اس میں کوئی مصلحت نہ ہو (درست نہیں) ہاں اگر بطریق علاج معالجہ جس میں غالب امید نفع کی ہو تو حرام نہیں ہوگا۔''

لہٰذا طبیب کا ایسا علاج، جس میں مریض جلد از دم توڑ دے، حرام ہے، اس لئے کہ مریض کو حکم الٰہی سے حالت مرض میں صبر کرنا چاہئے، حکم مولی سے راضی رہنا چاہئے، اس لئے موت تو کیا موت کی تمنا بھی دنیاوی تکلیف کی وجہ سے حرام ہے۔

سوال مذکور دوسری صورت (Passive Euthanasia) یعنی لاعلاج مریضوں کا علاج نہ کرنا، ترک علاج جائز ہے، اور یہ جائز ہو، یا ناجائز، لاعلاج مریضوں کے لئے عدم استعمال کی گنجائش ہے، ترک دوا سے مریض یا اولیاء مریض گنہگار نہیں ہوں گے، لیکن اس باب میں ترجیح مریض کی ہوگی، عالمگیری میں ہے:

''پس اگر کوئی شخص بیمار ہوجائے یا آشوب چشم کا شکار ہوجائے، پس علاج نہیں کرائے یہاں تک کہ مرجائے تو گنہگار نہیں ہوگا، ایسے ہی ''ملتقط'' میں ہے، اور اگر کسی آدمی کو دست آنے لگے یا آنکھ آجائے پس اس نے علاج نہیں کرایا، یہاں تک کہ وہ کمزور ہوکر مرگیا تو اس پر گناہ نہیں۔'' (عالمگیری ۲۳۶/۶)۔

''شامی'' میں ہے:

''علاج معالجہ اگر چہ حلال دواؤں کے ذریعہ ہو، اگر چھوڑ دیا اور مرگیا تو گنہگار نہیں ہوگا،

جیسا کہ لوگوں نے اس کی تصریح کی ہے، اس لئے کہ دواؤں سے شفا (یقینی نہیں) بلکہ ظنی ہے، جیسا کہ ہم نے پہلے بیان کیا ہے" (ردالمحتار ۵/۳۴۳)۔

"مجمع الانہر" میں ہے:

"بخلاف اس شخص کے جو دوا کھانے سے باز رہا یہاں تک کہ مر گیا (وہ گنہگار نہیں ہوگا) اس لئے کہ اس کا یقین نہیں ہے کہ اس کو شفا مل ہی جائے گی۔" (مجمع الانہر ۲/۵۲۵)۔

اور "ملتقی الابحر" میں ہے:

"پس ایسا شخص (جو دوا نہ کھائے) گنہگار نہیں ہوگا، اس لئے کہ اس کا یقین نہیں ہے کہ یہ دوا اس کو شفا دے گی، اور شاید وہ بغیر علاج ہی تندرست ہو جائے، جیسا کہ "اختیار" میں ہے" (ملتقی الابحر ۲/۵۲۵)۔

فقہاء کے ان اقوال سے معلوم ہوا کہ دواؤں سے بیماری کی شفا یقینی نہیں ہے، ظنی یا وہمی ہے، لہٰذا ان علاج ومعالجات کو چھوڑنا جائز ہے، شافیٔ حقیقی اللہ ہے، اگر دوا کو مؤثر سمجھتا ہے تو کفر ہے، طبیب اور ڈاکٹر کو شافی سمجھے گا تو ایمان سے نکل جائے گا، دوا، علاج، معالجہ اسباب کے درجہ میں ہیں، لہٰذا مؤثر حقیقی، شافی حقیقی پر بھروسہ رکھ کر علاج چھوڑ دے تو جائز ہے، لیکن اس عدم علاج ومعالجہ کو نہ سمجھے کہ وہ اس سے جلدی مر جائے گا، جلدی موت آجائے گی، موت مقررہ وقت پر ہی آنے والی ہے، علاج کرے یا نہیں۔

"الاشتغال بالتداوی، لا بأس به إذا اعتقد أن الشافی هو الله تعالیٰ، وأنه جعل الدواء سببا، أما إيا أعتقد أن الشافی هو الدواء فلا، كذا فی السراجية" (عالمگیری ۶/۲۳۶)

"دوا علاج کرانے میں کوئی حرج نہیں، اگر اعتقاد یہ ہو کہ شفا دینے والا اللہ تعالیٰ ہے، اور اسی نے دوا کو شفا کا ذریعہ بنایا ہے، لیکن اگر کوئی شخص دوا ہی کو شفا دینے والا مانے تو پھر یہ صحیح نہیں ہوگا، ایسا ہی سراجیہ میں ہے۔"

عالمگیری میں ایک جزئیہ لکھا ہے کہ ماہر طبیبوں کی رائے ہے کہ مریض لاعلاج ہے، زندہ رہنے کی کوئی امید نہیں ہے تو علاج کو چھوڑ دے۔

"وإن قيل: لا ينجو أصلا. لا يتداوى بل يترك، كذا فی الظهيرية" (عالمگیری ۶/۲۳۹)

مولانا عبدالجلیل صاحب قاسمی، قاضی شریعت بتیا، مغربی چمپارن لکھتے ہیں:

دوا کے استعمال کے ذریعہ زندگی کو ختم کرنا، اگر مریض خود کرے تو خودکشی ہے اور اگر دوسرا

کرے تو قتل نفس ہے، اس کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔

اس غرض سے علاج نہ کرنا کہ مریض کی زندگی جلد ختم ہو، جائز ہوگا، اس لئے کہ علاج فرض نہیں ہے کہ جس کا نہ کرانا گناہ ہو، خاص کر ایسی حالت میں جب کہ صحت کی امید غالب نہ ہو۔

حضرت مولانا مفتی نظام الدین صاحبؒ سابق مفتی دارالعلوم دیوبند کی رائے مندرجہ ذیل ہے:

ان دونوں تدبیروں کی غرض، مریض کو یا اس کے متعلقین کو تکلیفوں سے نجات دلانا، یا ان کی تکالیف کو کم کرنا مذکور ہے۔... روایت جمع کرنے کا اس وقت محل نہیں ہے، احادیث سے رجوع کر کے اسکی تفصیل معلوم کی جاسکتی ہے کہ مریض کو جو تکالیف غیر اختیاریہ پہنچتی ہیں، اور وہ اس پر صبر کرتا ہے، اور اپنے کو خدا کے سپرد کرتا ہے، تو اسکے لئے یہ تکالیف اس کے گناہوں کا کفارہ بنتی ہیں، اور آخرت میں درجات بلند ہوتے ہیں، اور اچھی زندگی نصیب ہوتی ہے، حتیٰ کہ مرنے والا معصوم یا نابالغ بچہ ہوتا ہے تو اس کی ان تکالیف سے اس کے والدین اور متعلقین و تیمارداروں کو جب وہ اس پر صبر کرتے ہیں اور کلفت برداشت کر کے تفویض الی اللہ کرتے ہیں تو ان کے گناہ بھی جھڑتے ہیں اور آخرت سنورتی ہے۔

بالکل یہی حال بالغین وغیر معصومین کے متعلقین اور تیمارداروں کا بھی ہوتا ہے کہ ان کی تکالیف پر صبر کرنے اور ان کی صحت و بھلائی کی تدبیر میں مشغول رہنے والے کے لئے یہ تکالیف کفارۂ ذنوب اور آخرت میں بلندی درجات کا ذریعہ بنتی ہیں، اور پھر ہمیشہ ہمیشہ ابدالآباد تک راحت اور چین ملتا ہے۔

اسلئے ان مذکورہ دونوں تدبیروں میں سے کسی تدبیر کا حکم، یا اجازت شرعاً ہرگز نہ ہوگی، البتہ دونوں تدبیروں کے حکم میں فرق یہ ہوگا کہ: ۱- میں (یعنی غیر طبعی موت دوا وغیرہ کے ذریعہ طاری کرنے میں) تو ایسا کرنے والے پر قتل کا گناہ اور وبال پڑے گا اور بسا اوقات شرعاً دیت یا ضمان وغیرہ بھی لازم آئے گا، اور ۲- میں یہ حکم (قتل کا گناہ) تو نہ ہوگا، لیکن ترک تدبیر اور صحت کے لئے ترک سعی، فعل مذموم و قبیح اور منشا شرع و شارع کے خلاف ضرور ہوگا، اور اگر سستی یا لاپرواہی سے ایسا کیا گیا تو اس پر مواخذہ بھی ضرور ہوگا۔

حضرت مولانا برہان الدین سنبھلی، دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ رقم کرتے ہیں:

ڈاکٹروں کا مریض کو موت تک پہنچانے کے لئے کوئی مثبت عمل کرنا، یعنی کوئی ایسی مہلک دوا دینا یا تدبیر کرنا، جس سے عادتاً موت واقع ہوجاتی ہو، شریعت اسلامیہ کی رو سے قطعاً حرام ہے، کیونکہ جب تک انسان میں جان رہتی ہے، وہ نفس محترم ہے، اور کسی بھی ''نفس محترم'' کو ہلاک

کرنے کا ذریعہ بنانا نہ صرف یہ کہ "وَلا تَقتُلُوا النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰہُ" (سورہ انعام:۱۵۱) نص قرآنی سے حرام ہے، بلکہ ایسا کرنے والا بعض شکلوں میں خون بہا، اور بعض میں قصاص کا مستوجب شرعاً ہوگا، رہا یہ احتمال کی یہ مریض صحت یاب نہیں ہوسکتا تھا، اس لئے اسے موت تک پہنچانا راحت دینا ہے، یہ شرعاً بے وزن ہے، کیونکہ حد مایوسی تک مریض کا پہنچنا اوراس کے بعد موت کا آنا زیادہ سے زیادہ تخمینی اور ظنی بات ہے، اوراس مریض کا اس وقت موجود وزندہ ہونا یقینی ہے، پھر یہ بھی واقعہ ہے کہ بسا اوقات ایسے مریض جن کی زندگی سے مایوسی ہوچکی تھی، اور ڈاکٹروں نے بھی لاعلاج قرار دے دیا تھا، وہ صحت یاب ہوگئے، البتہ وہ آلہ ہٹالینا یا دوا نہ دینا یقینی ذریعہ ہلاکت نہیں ہے (اس لئے کہ یہ سب تدابیر ظنی ہیں) اس وجہ سے (اس طریقہ سے اگر مریض کو موت ہوجاتی ہے) تو یہ عمل ''اہلاک'' نہیں کہلائے گا، بلکہ اسے علاج ومعالجہ کا ترک کہنا صحیح ہوگا، جواصلاً حرام نہیں ہے، جیسا کہ کتب معتبرہ فقہیہ ''عالمگیری'' وغیرہ میں ہے:

"الأسباب المزیلة للضرر تنقسم إلی مظنون کالفصد وسائر أبواب الطب وترکه لیس محظورا" (عالمگیری کتاب الکراہیۃ باب الثامن عشر)

(وہ سبب جس کے استعمال سے ضرر کے دور ہوجانے کا یقین نہیں ہو بلکہ گمان ہو، جیسے فصد اور دوسری طبی تراکیب، اس طرح کہ اسباب کو چھوڑ دینا ممنوع نہیں ہے)

اس کا جواب بھی مذکورہ بالا جواب میں آگیا کہ ترک علاج اصلاً حرام نہیں ہے، البتہ نیت ''اہلاک'' سے ترک علاج (إنما الاعمال بالنیات) کے قاعدہ سے معصیت بن جائے گا، مگر حقیقی اہلاک سے کم درجہ کی معصیت۔ شامی (۵/۵۱۲) میں ہے:

"بخلاف من امتنع عن التداوي حتی مات (یعنی لایکون عاصیًا)"

(بخلاف اس شخص کے جو دوا علاج سے باز رہا، یہاں تک کہ مرگیا (یعنی وہ گنہگار نہیں ہوگا)

مولانا زبیر احمد قاسمی، ناظم مدرسہ اشرف العلوم کنہواں لکھتے ہیں:

اسلامی اصول وعقائد کے مطابق تمام ذی روح کی حیات وموت کا ایک دن متعین ہے، قرآن کہتا ہے: "وَلَکُمْ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ إلیٰ حِیْنٍ" (سورہ بقرہ:۳۶) دوسری جگہ قرآن نے یوں تصریح کی ہے: "فَإذَا جَآءَ أَجَلُهُمْ لَا یَسْتَأْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا یَسْتَقْدِمُوْنَ" (سورۂ اعراف:۳۴) جس سے معلوم ہوتا ہے کہ انسان کو اس دنیا میں ایک معینہ مدت تک رہنا ہے، اورجب اس کی موت کا وقت آئے گا تو بلا کسی تقدیم وتاخیر کے وہ اس دنیا سے کوچ کرکے

رہے گا، پھر کوئی طاقت اسے اس دھرتی پر زندہ رہنے کا حق نہیں دے سکتی... اس کے ساتھ ہی قرآن کا حکم ہے: "وَلَا تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ" (سورۂ بقرہ:۱۹۵) یعنی کسی کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ اپنے آپ کو معرضِ ہلاکت میں ڈالے اور دیدۂ ودانستہ کوئی ایسا اقدام کرے جو اس کی ہلاکت وبربادی کا سبب بن جائے، اسی طرح دوسروں کو ناحق قتل کرنا بھی شرعاً ممنوع ہے، قرآن میں صراحت ہے: "وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ" (سورۂ انعام:۱۵۱) دوسری جگہ قرآن کہتا ہے: مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ أَوْ فَسَادٍ فِي الْأَرْضِ فَكَأَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيعًا" (سورۂ مائدہ:۳۲) حدیث پاک میں رسول اللہ ﷺ سے مروی ہے: "قال: لو أن أهل السماء والأرض اشتركوا في دم مومن لأكبتهم الله في النار" (رواہ الترمذی، مشکوۃ ص ۲۲۰، ترجمہ: اگر آسمان وزمین کے سارے ہی لوگ کسی ایک مومن شخص کے قتل میں شریک ہوں تو اللہ ان سب کو جہنم میں ڈالے گا)

ساتھ ہی ساتھ احادیث میں کھلی ہدایت موجود ہے کہ کسی کو دنیاوی مصائب وشدائد سے تنگ آکر موت کی تمنا کرنا بھی جائز نہیں۔ "قال النبي ﷺ لا يتمنين أحدكم الموت من ضرّ أصابه" (بخاری بہامش فتح الباری ۱/۱۰۷)

دوسری روایت میں آتا ہے کہ: ایک زخمی شخص نے تکلیف سے تنگ آکر خودکشی کا اقدام کیا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "بادرني عبدي لنفسه فحرمت عليه الجنة" (مشکوۃ:۳۳۰)۔ اس کے علاوہ اسلامی عقیدہ کے مطابق اس دنیا کی تمام مصیبتیں اور تکالیف محض وقتی اور ظاہری ہیں، ورنہ درحقیقت انسانوں کے حق میں یہ ساری مصیبتیں اللہ تعالیٰ کی رحمتوں اور نوازشوں کا ہی ایک دوسرا روپ ہیں، چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "ما يصيب المسلم من نصب ولا وصب ولا هم ولا حزن ولا اذى ولا غم حتى الشوكة يشاكها إلا كفّر الله بها من خطاياه" (بخاری علی ہامش فتح الباری ۱۹/۱۰۔ یعنی مومن کو کوئی بھی غم، تکلیف، مصیبت، ایذا اور دکھ پہنچے یہاں تک کہ کانٹا چبھ جائے تو اللہ تعالیٰ ان تکلیفوں کو اس کے لئے گناہوں کا کفارہ بنادیتے ہیں)

دوسری حدیث میں آتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "لا يتمنى أحدكم الموت إما محسنا فلعله أن يزداد وإما مسيئا فلعله أن يستعتب" (بخاری علی ہامش فتح الباری ۱۱۰/۱۰)

ان نصوص کی روشنی میں پہلے مسئلہ "یوتھینیزیا" سے متعلقہ سوالات کے جواب یہ ہوئے:

اسلام عمداً کسی ایسی تدبیر اور مثبت عمل کی ہرگز اجازت نہیں دیتا جو کسی کی موت کا سبب بن جائے کسی کو ناحق مارنے کی جو بھی صورتیں ہوسکتی ہیں وہ شرعاً انتہائی مذموم اور ناجائز ہوں گی، ان کا

مرتکب مجرم و گنہگار ہوگا۔

کسی معذور مریض کی تمام تر تکلیفیں چونکہ خود مریض اور معذور کے حق میں نتیجتاً اور مآلاً رحمت خداوندی اور حقیقتاً باعث خیر ہیں، اس لئے اسے موت کے قریب کرنے کی تدبیریں حقیقتاً رحم و کرم نہیں، بلکہ جور و ظلم ہی کہلائیں گی، اسی طرح مجبور مریض کی تیمار داری اور خبر گیری جوان کے اعزہ واقرباء کا صرف اخلاقی فریضہ نہیں ہے بلکہ "الغرم بالغنم" کے تحت شرعی ذمہ داری بھی ہے، اس ذمہ داری کے نباہنے میں ان کو بھی جن مشکلات اور پریشانیوں سے سابقہ پڑتا ہے وہ بھی "ما یصیب المسلم من نصب و لا وصب و لاھم و لا حزن (الحدیث)" کے تحت ان کے حق میں کفارۂ سیئات اور موجب اجر و ثواب ہیں، اس لئے نہ تو مریض کی ذات پر ترس کھانے کے عنوان سے اور نہ اعزہ واقرباء کو طویل تکلیفوں سے نجات دلانے کے نام پر ہی اس کی اجازت دی جاسکتی ہے، کہ کوئی ایسا مثبت عمل اور ایجابی تدبیر اختیار کی جائے جس کے نتیجہ میں اس کی موت جلد از جلد آجائے، قرآن نے کھل کر کہا ہے: عَسٰی أَنْ تَکْرَھُوْا شَیْئًا وَّھُوَ خَیْرٌ لَّکُمْ وَعَسٰی أَنْ تُحِبُّوْا شَیْئًا وَّھُوَ شَرٌّ لَّکُمْ" (سورہ بقرہ ۲۱۶) (یعنی بسا اوقات تم کچھ چیزوں کو پسند نہیں کرتے لیکن وہ تمہارے لئے بہتر ہوتی ہیں، اور بہت سی چیزوں کو تم پسند کرتے ہو لیکن وہ تمہارے لئے بری ہوتی ہیں)

"و لَا تُلْقُوْا بِأَیْدِیْکُمْ إِلَی التَّھْلُکَۃِ" (سورہ بقرہ: ۱۹۵) کے تحت نفس و جان کی حفاظت ایک امر مامور بہ ہے، اور حفاظت نفس کے جمیع اسباب و وسائل کا اپنی وسعت کے مطابق فراہم کرنا ہر انسان پر لازم ہے، اس لئے شرعاً یہ بھی جائز نہیں ہوسکتا کہ وسعت کے ہوتے ہوئے کوئی ترک معالجہ کرکے موت کو دعوت دے، ہاں! ممکنہ علاج کے بعد صحت و شفاء سے بظاہر اسباب مایوس ہوکر یا وسائل کے فقدان کے سبب مجبوراً ترک معالجہ کرنا جائز ہوسکتا ہے، یا پھر "إنما الاعمال بالنیات" کے تحت رضا بالقضاء کے طور پر ترک معالجہ کی اجازت ہوسکتی ہے۔ اور بس، واللہ اعلم۔

مولانا عبدالرزاق صاحب، قاضی شریعت کٹیہار کی رائے قابل ملاحظہ ہے:

الجواب و باللہ التوفیق للصواب:

اس کا جواب حسب ذیل تین مقدموں پر موقوف ہے:

پہلا مقدمہ: خودکشی اور دوسرے کو قتل کرنا، دونوں کا ایک حکم ہے۔

دوسرا مقدمہ: کسی کو ناقابل برداشت کوئی تکلیف پہنچی اس سے نجات حاصل کرنے کے لئے اس نے خودکشی کرلی یہ فعل ایسا ہی حرام ہے، جیسا کہ بلاوجہ خودکشی کرلینا حرام ہے۔

تیسرا مقدمہ: یہ کہ تکلیف سے نجات حاصل کرنے کے لئے بجائے خودکشی کے کسی ایسے فعل کا ارتکاب کرنا جو منجر الی الموت ہو بحکم خودکشی کے ہے۔

پہلے مقدمہ کا ثبوت

مسلم شریف "کتاب الایمان باب بیان غلظ تحریم قتل الإنسان نفسه" کی پہلی حدیث: عن أبی هريرة قال: قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه عليه وسلم: من قتل نفسه بحديدة فحديدته في يده يتوجأ بها في بطنه في نار جهنم" ومن شرف سما فقتل نفسه (الحديث)" کے تحت (فتح الملہم: ۵۶۲/۱) میں ہے: "قوله فحديدته في يده، قال ابن دقيق العيد: ... ويؤخذ منه أن جناية الإنسان على نفسه كجنايته على غيره في الإسلام، لأن نفسه ليست ملكا له مطلقا بل هي للّٰه تعالىٰ فلا يتصرف فيها إلا بما أذن فيه" عبارت سے معلوم ہوا کہ اپنے کو قتل کرنا اور دوسرے کو قتل کرنا دونوں کا حکم ایک ہی ہے۔

اسی باب کی چھٹی حدیث: "عن أبی هريرة قال: شهدنا مع رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم حُنيناً فقال (عليه السلام) لرجل: ممن يدعى بالاسلام هذا من أهل النار فلما حضرنا القتال قاتل الرجل قتالا شديدا فأصابته جراحة" ساتویں حدیث میں ہے: "فجرح الرجل جرحاً شديداً فقيل يا رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم! الرجل الذی قلت له: أنفًا أنه من أهل النار، فإنه قاتل اليوم قتالا شديدًا وقدمات، فقال النبی صلی اللّٰه عليه وسلم: أى النار، فكاد بعض المسلمين أن يرتاب فبينما هم على ذلك إن قيل: أنه لم يمت، ولكن به جراحاً شديدًا، فلما كان من الليل لم يصبر على الجراح فقتل نفسه فأخبر النبی صلی اللّٰه عليه وسلم: فقال: اللّٰه أكبر أشهد أنی عبد اللّٰه ورسوله. (الحديث)"

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کسی تکلیف سے نجات پانے کی غرض سے خودکشی حرام ہے، مذکور فی الحدیث شخص نے اپنی ناقابل برداشت تکلیف سے نجات پانے کیلئے ہی خودکشی کی تھی۔

مسلم شریف باب مذکور کی آٹھویں حدیث ہے: شیبان بن فرح کہتے ہیں: سمعت الحسن يقول: إن رجلاً ممن كان قبلكم خرجت به قرحة فلما آذته انتزع سهما من كنانته فنكأها فلم يرقأ حتى مات قال ربكم عزوجل: قد حرمت عليه الجنة ثم مد (الحسن) يده إلى المسجد فقال: اى واللّٰه لقد حدثنی بهذا الحديث جندب عن

رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فی ھذا المسجد“

اس میں مذکور ہے کہ کسی کے پھوڑا نکلا تھا اس کی تکلیف سے نجات پانے کے لئے اس نے تیر کے نوک سے پھوڑے کو بہادیا، پھوڑے سے اتنا خون بہا کہ وہ مرگیا، اس سے ظاہر ہے اس نے خودکشی نہیں کی بلکہ ایسے فعل کا ارتکاب کیا جو اس کی موت کا ذریعہ بنا، براہ راست خودکشی نہ کرنے پر بھی خدا نے اس فعل کو خودکشی کا حکم دیا۔

دوسرے اور تیسرے مقدمہ میں ثابت کیا گیا ہے کہ کسی کا اپنی شدید تکلیف سے نجات پانے کی غرض سے خودکشی کرنا اور بجائے خودکشی کے ایسے فعل کا ارتکاب کرنا جو اس کو موت تک پہنچادے، دونوں حرام ہیں۔

اور پہلے مقدمہ میں ثابت کیا گیا ہے کہ خودکشی اور دوسرے کو قتل کرنا، دونوں کا ایک حکم ہے، لہٰذا ڈاکٹروں کا کسی ایسے مریض کو جس کے زندہ رہنے کی مظنون توقع نہ ہو، یا اس کی زندگی ڈاکٹروں کے ظنی علم کے مطابق محض ایک بوجھ ہو، اس کی شدید تکلیف سے نجات دلانے کے لئے ”یوتھینیز یا“ کی دونوں قسمیں مریضوں کو قتل کرنے کے حکم میں ہیں اور ڈاکٹر حضرات ان مریضوں کے قاتل شمار کئے جائیں گے۔

اس طرح مسئلہ یوتھینیز یا کا پہلا سوال حل ہوگیا کہ کسی مریض کو اس کی شدید تکلیف سے نجات دلانے کے لئے عمداً مریض کو موت تک پہنچا دینے کی اجازت اسلام نہیں دیتا ہے۔

دوسرا سوال جس کا تعلق ”یوتھینیز یا پیسیو“ سے ہے جس کا مطلب یہ تھا کہ مریض کی جان لینے کے لئے ”یوتھینیز یا ایکٹیو“ کی دونوں قسموں میں سے کوئی عملی تدبیر نہیں کی جاتی ہے؛ بلکہ اسے زندہ رکھنے کے لئے جو ضروری علاج کیا جانا چاہئے وہ نہیں کیا جاتا ہے، مثلاً کینسر، یا طویل بیہوشی، یا دماغی چوٹ، یا منجائٹس کا مریض جس کے زندہ رہنے کی توقع نہ ہو، یا وہ بچے جو شدید طور پر معذور ہوں جن کی زندگی خود ان کے لئے اور ان کے والدین کے لئے محض بوجھ ہو ایسے مریضوں کو ایک نیا قابل علاج مرض مثلاً: نمونیہ لاحق ہوگیا لیکن ڈاکٹر اس نمونیہ کا علاج نہ کرے تاکہ مریض آسانی سے مرجائے کیا اسلام اس مقصد کی خاطر نمونیہ کا علاج چھوڑ دینے کی اجازت دیتا ہے؟ اس کا جواب اس بات پر موقوف ہے کہ ڈاکٹروں کی ذمہ داری اور ان کا فرض منصبی متعین کیا جائے، ظاہر ہے کہ ڈاکٹروں کی ذمہ داری مریضوں کو بذریعہ معالجہ صحت یاب کرنا ہے، پس جب کوئی شخص اپنا نمونیہ والا مریض جو پہلے سے کینسر، دماغی چوٹ وغیرہ میں مبتلا تھا، ڈاکٹروں کے پاس لے گیا تو اب ڈاکٹروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ نمونیہ کا علاج کریں، اس کے برعکس

ڈاکٹروں کا اس خیال سے نمونیہ کا علاج نہ کرنا تاکہ مریض جلد مرجائے اور کینسر کی شدید تکلیف سے نجات پائے، دودھاری تلوار ہے، نمونیہ کی نسبت سے اپنے فرض اور ذمہ داری سے گریز کرنا ہے، اور کینسر کی نسبت سے ایک ایسے (منفی) فعل کا ارتکاب کرنا ہے جو مریض کو موت تک پہنچادینے والا ہے، اور جو پہلے اور تیسرے مقدمہ کے مطابق مریض کو قتل کرنے کے حکم میں ہے، پس نمونیہ کا علاج نہ کرنا ''یوتھینیز یا پیسیو'' ہے اور ایکٹیو بھی، اس لئے اسلام اس علاج کے چھوڑ دینے کی اجازت دونوں وجوہ سے نہیں دیتا ہے۔

مولانا خالد سیف اللہ رحمانی جنرل سکریٹری اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا تحریر فرماتے ہیں:

موت میں تعاون:

اسلام کا تصور یہ ہے کہ انسان اپنی اصل کے اعتبار سے کائنات کی کسی شئی کا یہاں تک کہ خود اپنا مالک بھی نہیں ہے، اس لئے جس طرح اس کے لئے یہ درست نہیں کہ وہ کسی دوسرے کی زندگی کے درپے ہو، اور اسے ہلاک کردے، یا اس کے جسم کو جزوی نقصان پہنچائے، اسی طرح یہ بات بھی روا نہیں ہے کہ وہ اپنے آپ کو ہلاک کرلے، اور کسی شرعی مصلحت کے بغیر اپنے کسی حصہ جسم ہی کو ضرر پہنچائے، اس کا جسم دراصل اس کے ہاتھوں میں اللہ کی امانت ہے، جس کی حفاظت اس کا فریضہ ہے، اور جس کا استعمال حکم خداوندی کے مطابق اس کو کرنے کی اجازت ہے، مگر اس نوعیت کا تصرف کسی طور پر جائز نہیں ہے۔

یہ طرز فکر بجائے خود اس بات کو ثابت کرنے کے لئے کافی ہے کہ ایسی مہلک دواؤں کا استعمال جائز نہ ہوگا، چنانچہ روایت میں ہے: حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''من تردّی من جبل فقتل نفسه فهو فی نار جهنم یتردّی فیها خالدًا مخلدًا فیها ابدًا، ومن تحسّی سمًا فقتل نفسه فسمه فی یده یتحساه فی نار جهنم خالدًا مخلدًا فیها ابدًا، ومن قتل نفسه بحدیدة فحدیدته فی یده یتوجأ بها فی بطنه فی نار جهنم خالدًا مخلدًا ابدًا'' (مسلم مع فتح الملہم ۱/۲۶۵)۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ چاہے قتل کے لئے کسی آلۂ حادہ کا استعمال کیا جائے یا ''آتشیں اسلحہ'' کا یا کسی مشروب کا، ہر ایک خودکشی کے زمرہ میں آئے گا، اسی طرح وہ دوائیں جو جسم میں داخل ہوکر اعضاء کو کاٹ ڈالتی ہوں ''آلہ حادہ'' میں کسی خاص عضو کو اپنی حدت سے جلادیتی ہوں ''آتشیں اسلحہ'' میں، اور اس طرح کی تکلیف کے بغیر زہر بن کر ہلاک کردیتی ہوں،

جیسے بعض انجکشن اور دوائیں وغیرہ ''مشروب زہر'' میں شمار ہوں گی، اور حرام ہوں گی۔

یہاں یہ شبہ پیدا ہوسکتا ہے کہ حدیث میں عام حالات میں خودکشی سے منع کیا گیا ہوگا، لیکن اگر شدت اذیت کی وجہ سے محض ایک واقعی تکلیف سے بچنے کا ارادہ ہوتو مصلحتاً اس کی اجازت ہوگی، مگر دوسری احادیث نے اس مسئلہ کو بھی واضح کردیا ہے، چنانچہ حضرت جندب بن عبداللہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا:

”کان فیمن کان قبلکم رجل به جرح فجزع فأخذ سکیناً فحزّبها یده فما رقأ الدم حتی مات قال اللّٰه تعالیٰ: بادرنی عبدی بنفسه فحرمت علیه الجنة“

خود عہد رسالت کا واقعہ حضرت جابرؓ ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں:

”إن الطفیل بن عمرو الدوسی لما هاجر النبی ﷺ إلی المدینة هاجر إلیه وهاجر معه رجل من قومه فمرض فجزع فأخذ مشاقص له فقطع بها براجمه فشخبت یداه حتی مات فرآه الطفیل بن عمرو فی منامه وهیئته حسنة ورآه مغطیا یدیه، فقال له: ما صنع بك ربك! فقال: غفرلی بهجرتی إلی نبیه ﷺ فقال مالی أراك مغطیا یدیك، قال: قیل لی: لن نصلح منك ما أفسدت فقصها الطفیل علی رسول اللّٰه ﷺ، فقال رسول اللّٰه ﷺ: اللهم ولیدیه فاغفر“

یہ تصریحات بتاتی ہیں کہ غیر معمولی جسمانی اذیت اور کلفت سے بچنے کے لئے بھی ایسا طرز عمل اختیار کرنا حرام ہے، اس کو آپریشن یا علاجاً بعض اعضاء کی تراش وخراش اور جسم سے قطع وبرید پر قیاس نہیں کرنا چاہئے، اس لئے کہ کسی عضو کو علاجاً کاٹنے میں جسم کے دوسرے حصوں کو اس کے اثرات سے محفوظ رکھنا اور جان بچانا مقصود ہوتا ہے، اور اس اہم شرعی اور جسمانی مصلحت کے پیش نظر کمتر نقصان کو گوارا کرلیا جاتا ہے، جب کہ یہاں مقصود ہی ہلاک کرنا ہے، چنانچہ ایک غزوہ کے موقع سے ایک صحابی کا ہاتھ اس طرح کٹ گیا کہ چمڑا لگا ہوا تھا، اور ہڈیاں لٹک رہی تھیں، نیز اس کی وجہ سے مقابلہ میں دشواری پیش آرہی تھی انھوں نے اپنا ہاتھ کھینچ کر علیحدہ کردیا، اس عمل سے اپنے آپ کو ہلاک کرنا مقصود نہ تھا بلکہ اپنے آپ کو دفاع کے قابل بنانا تھا، جس میں ان کی جان کی حفاظت مضمر تھی، اس لئے یہ گویا جائز تھا۔ (باقی آئندہ)

❁ ❁ ❁

دارالعلوم دیوبند کا ترجمان

ماہنامہ

دارالعلوم

شمارہ: ۳	ربیع الاوّل ۱۴۲۹ھ مطابق مارچ ۲۰۰۸ء	جلد: ۹۲

مدیر	نگراں
حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب استاذ دارالعلوم دیوبند	حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند

ترسیل زر کا پتہ: دفتر ماہنامہ دارالعلوم دیوبند - ۲۴۷۵۵۴ یوپی

ہندوستان سے فی شمارہ -/۱۵ روپئے، سالانہ -/۱۵۰ روپئے

سعودی عرب، افریقہ، برطانیہ، امریکہ، کناڈا وغیرہ سے سالانہ -/۸۰۰ روپئے

بنگلہ دیش سے سالانہ -/۲۰۰ روپئے، پاکستان سے ہندوستانی رقم -/۲۰۰ روپئے

Tel. : 01336-222429 Fax : 01336-222768
Mob. : 09411649303 *(Manager)*
Web : http://www.darululoom-deoband.com
www.darululoom-deoband.com/urdu/magazine
E-mail: info@darululoom-deoband.com

R. N. I. No. 2133/57

DARUL ULOOM Monthly (Urdu) Printed, Published by Maulana Marghubur Rahman, Owned by Darul Uloom Grush. Published From Deoband, Saharanpur, U.P.
Printed at Darul Uloom Printing Press Deoband, Saharanpur
Editor : Maulana Habibur Rahman Azmi

فہرست مضامین

نمبرشمار	نگارش	نگارش نگار	صفحہ
۱	حرفِ آغاز	مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب	۳
۲	سیرت النبی ﷺ کی ایک جھلک	مفتی صہیب احمد قاسمی	۱۳
۳	نبی ؐ-فکری اور اجتہادی بصیرت کے چند جلوے	مفتی شکیل منصور الحسنی القاسمی	۲۵
۴	''فلم خدا کیلئے'' قہرِ الٰہی کو دعوت	مولانا سعید احمد جلال پوری	۳۶
۵	معاشرہ کو اعلیٰ اخلاق واقدار کی تلاش	مولانا اسرار الحق قاسمی	۴۳
۶	شیطانی تہذیب کا جبر اور اصلاحِ معاشرہ	ڈاکٹر ایم اجمل فاروقی	۴۷
۷	قرآن، ویلڈرز اور غیر مسلم دانشور!	سعید الظفر ٹانڈوی قاسمی	۵۲

ختم خریداری کی اطلاع

○ یہاں پر اگر سرخ نشان ہے تو اس بات کی علامت ہے کہ آپ کی مدت خریداری ختم ہوگئی ہے۔

- ہندوستانی خریدار منی آرڈر سے اپنا چندہ دفتر کو روانہ کریں۔
- چونکہ رجسٹری فیس میں اضافہ ہوگیا ہے۔اس لیے وی پی میں صرفہ زائد ہوگا۔
- پاکستانی حضرات جناب مولانا شیر محمد صاحب ناظم جامعہ مدنیہ، کریم پارک، راوی روڈ، لاہور کو اپنا چندہ روانہ کریں۔
- ہندوستان و پاکستان کے تمام خریداروں کو خریداری نمبر کا حوالہ دینا ضروری ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حرفِ آغاز

خطبہ صدارت

از حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم
مہتمم دارالعلوم دیوبند

رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دارالعلوم دیوبند کے زیر اہتمام ۱۷؍صفر ۱۴۲۹ھ موافق ۲۵؍فروری ۲۰۰۸ء بروز دوشنبہ کو مدرسہ ثانویہ دارالعلوم دیوبند کے وسیع میدان میں ”دہشت گردی مخالف کل ہند کانفرنس“ کا انعقاد عمل میں آیا جس میں ملک کے تقریباً تمام مسلک و مذہب کے نمائندوں نے بذات خود یا اپنے پیغامات کے ذریعہ شرکت کی اس موقع پر صدر کانفرنس والا مراتب حضرت مہتمم صاحب دارالعلوم دیوبند نے جو وقیع ترین اور اپنے موضوع پر ہمہ گیر تاریخی خطبہ صدارت پیش فرمایا تھا اس کی اہمیت کے پیش نظر بطور حرف آغاز کے ہدیۂ ناظرین ہے۔ (مدیر)

الحمد للّٰہ رب العٰلمین والصلوٰة والسلام علیٰ سیدنا محمد وآلہ وأصحابہ اجمعین. أما بعد:

اللہ رب العزت کا بے پایاں احسان وکرم ہے کہ اس نے ہم سب کو اپنے سچے دین کا پیروکار بنایا اور خاتم النّبیین رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں شامل فرماکر ہم پر اپنی نعمت کی تکمیل فرمادی، نیز صراط مستقیم پر گامزن، سلف صالحین کے کاروانِ رشد وہدایت میں شمولیت کی توفیق سے بہرہ ور فرمایا، مزید یہ کہ ہمیں اسلامی مدارس کی خدمت کے لئے منتخب فرمایا جو دین مبین کی صحیح و بے غبار تعلیم وتشریح کے حامل، خیر وفلاح کی دعوت کے امین اور امن وسلامتی کے پاسبان ہیں، بلاشبہ یہ سب حق تعالیٰ کے الطاف وعنایات ہیں جن کے لئے ہم اس کی بارگاہِ عزت وکرم میں سجدۂ شکر بجالاتے ہیں اور دعاء کرتے ہیں کہ وہ ہمیں حیات مستعار کے ہر لمحہ میں خیر کی توفیق سے نواز کر حسن خاتمہ کی دولت سے مالا مال فرمائے آمین۔

مہمانان عالی وقار! بارگاہ الٰہی میں ہدیۂ شکر وسپاس پیش کرنے کے بعد میرا

خوشگوار اخلاقی فریضہ ہے کہ میں آپ حضرات کی خدمت میں اپنی اور تمام خدام دارالعلوم دیوبند کی جانب سے نذرانۂ تشکر پیش کروں کہ آپ نے اپنی اہم اور قیمتی مصروفیات سے صرف نظر فرما کر ہماری حقیر دعوت کو شرف قبولیت سے نوازا اور زحمت سفر برداشت کی۔ اسی کے ساتھ میں دل کی گہرائی سے معذرت خواہ بھی ہوں کہ ہم آپ جیسے موقر مہمانوں کے شایان شان ضیافت کا اہتمام نہ کر سکے، ہمیں امید ہے کہ جس جذبۂ خلوص اور احساس ذمہ داری نے آپ کو آمادۂ سفر کیا ہے وہی آپ کے لئے حسن جزاء کا ضامن بھی ہوگا، خدارا آپ حق ضیافت میں ہماری کوتاہی کو معاف فرمائیں اور دعاء فرمائیں کہ رب کریم اس کانفرنس کو حسن قبول کی دولت اور مقصد میں کامیابی سے ہمکنار فرمائے، آمین۔

حضرات گرامی! جہاں تک اس عظیم الشان دہشت گردی مخالف کل ہند کانفرنس کے مقصد کا تعلق ہے وہ اجمالی طور پر دعوت نامہ سے آپ کے علم میں آچکا ہے، دعوت نامہ میں نہایت اختصار کے ساتھ جس صورت حال کی طرف اشارہ کیا گیا ہے، اس کی سنگینی آپ جیسے ارباب بصیرت سے مخفی نہیں ہوسکتی۔ دہشت گردی اور اس کے تعلق سے پیدا ہونے والے حالات آج عمومی طور پر ہر امن پسند انسان کے لئے تشویش کا باعث ہیں؛ لیکن مدارس اسلامیہ اور دینی فکر سے وابستہ لوگوں کے لئے یہ ایک خطرناک چیلنج کی حیثیت اختیار کر گئے ہیں، ایک طرف دہشت گردوں کی سرگرمیاں اور تخریبی کارروائیاں ہیں جن سے امن پسند عوام کا سکون غارت ہوتا رہتا ہے اور بے گناہوں کی جانیں قربان ہوتی ہیں، دوسری طرف قانون وانتظام کے رکھوالوں کا غیر ذمہ دارانہ کردار ہے جو، ہر دہشت گردانہ واقعہ کے بعد بغیر سوچے سمجھے شک کی سوئی، مسلمانوں کی طرف پھیر دیتے ہیں اور حقیقی مجرموں تک رسائی کی سنجیدہ کوشش کئے بغیر کچھ بے قصوروں کو مورد الزام قرار دے کر فرض منصبی کی ادائیگی میں اپنی کوتاہی کی پردہ پوشی کرتے ہیں۔ ان حالات نے مدارس اسلامیہ کی ذمہ داریوں کو دوچند کر دیا ہے اس لئے کہ آج بھی امت مسلمہ صحیح رہنمائی کے لئے انہی مدارس کی طرف دیکھتی ہے اور انہی کا موقف خاص طور پر ہندوستان جیسے ممالک میں امت مسلمہ کے نمائندہ موقف کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس لئے وقت کے تقاضے کو ملحوظ رکھتے ہوئے مدارس اسلامیہ کو اس محاذ پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ دہشت گردی کے بارے میں اپنے متوازن نظریہ کا واضح اعلان واظہار کر کے دشمنانِ دین وایمان کا منھ بند کرنا ہوگا، ساتھ ہی مسلمانوں اور مدارس سے وابستہ افراد کے خلاف مسلسل جاری ناروا طرز عمل کے مقابلہ کے لئے لائحۂ عمل تیار کرنا ہوگا۔

دانشـــوران قـــوم! اس سلسلے میں سب سے پہلے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ دہشت گردی کے بارے میں مدارس اسلامیہ کے اس طے شدہ، متفقہ موقف کا واضح اعلان کردیا جائے کہ ہمارا دہشت گردی سے کوئی واسطہ نہیں، ہم ہر قسم کی دہشت گردی کو مسترد کرتے ہیں اور اس سلسلے میں کسی تفریق کو قطعاً روا نہیں رکھتے۔ دہشت گردی کلی طور پر ایک غلط اور عاقبت نااندیشانہ عمل ہے خواہ اس کا مرتکب کسی بھی مذہب وملت سے وابستہ ہو اور معاشرہ کے کسی بھی طبقے سے تعلق رکھتا ہو، دہشت گردی، اسلامی تعلیمات کے بھی سراسر منافی ہے، اسلام دین رحمت ہے، دین امن ہے اس لئے دہشت گردی کی ہر ایسی کارروائی جس کا نشانہ بے قصور افراد بنتے ہوں اسلام کے تصور امن سے متصادم ہے۔

اس بارے میں اسلامی تعلیمات اس قدر واضح اور قطعی ہیں کہ ان کی روشنی میں بلاخوف تردید، یہ دعویٰ کیا جاسکتا ہے کہ آج اگر دنیا کے پاس امن وسلامتی اور صلح وآشتی کا کوئی جامع، بامقصد اور ہمہ گیر تصور موجود ہے تو وہ فقط اسلام کا عطیہ ہے۔ اسلام نے ایک بے قصور انسان کے قتل کو پوری انسانیت کا قتل قرار دیا۔ ارشاد ہے:

مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ أَوْ فَسَادٍ فِي الْأَرْضِ فَكَأَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيعًا. (سورہ مائدہ آیت:۳۲)

جس نے کسی انسان کو بغیر جان کے عوض یا زمین میں فساد کے بغیر قتل کیا تو گویا اس نے تمام انسانوں کو قتل کردیا۔

اسلام نے صراحت کے ساتھ مسلمانوں کو ہدایت دی کہ اگر دیگر اقوام کی جانب سے تمہارے جان ومال اور امن وامان کے لئے کوئی خطرہ نہ ہو تو ان کے ساتھ رواداری اور حسن سلوک کا معاملہ کرو، ارشاد ہے:

لَا يَنْهَاكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِينَ لَمْ يُقَاتِلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَلَمْ يُخْرِجُوكُمْ مِنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوهُمْ وَتُقْسِطُوا اِلَيْهِمْ ط اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ (الممتحنہ:۸)

اللہ تمہیں اس بات سے نہیں روکتا کہ تم ان لوگوں کے ساتھ نیکی کرو جنھوں نے تم سے دین کے بارے میں جنگ نہیں کی اور تمہیں تمہارے گھروں سے نہیں نکالا بیشک اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

اسلام نے عہد کی پابندی کو لازم کیا:

وَاَوۡفُوا بِالۡعَهۡدِ اِنَّ الۡعَهۡدَ كَانَ مَسۡئُولًا. (بنی اسرائیل آیت:۳۴)

اور عہد کو پورا کرو، بیشک عہد کے بارے میں باز پرس ہوگی۔

اسلام نے صلح کو بہتر قرار دیا: والصلح خير. (نساء آیت:۱۲۸) اور صلح بہترین چیز ہے۔

اسلام نے تمام انسانوں کی برابری کا اعلان کیا، قرآن کریم میں ارشاد ہے:

يٰاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقۡنٰكُمۡ مِّنۡ ذَكَرٍ وَّاُنۡثٰى وَجَعَلۡنٰكُمۡ شُعُوۡبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوۡا (حجرات آیت:۱۳)

اے لوگو! ہم نے تمھیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تمھیں مختلف گروہوں اور قبیلوں میں کردیا تاکہ آپس میں پہچان ہوسکے۔

اسی طرح رسول اکرم ﷺ نے، حقوق انسانی کے اولین اور جامع ترین عالمی منشور (خطبۂ حجۃ الوداع) میں ارشاد فرمایا:

لافضل لعربی علیٰ عجمی ولا عجمی علی عربی ولا لأحمر علیٰ أسود ولا لأسود علی احمر كلكم بنو آدم وآدم من تراب، إن أكرمكم عند الله أتقٰكم.

کسی عربی کو کسی عجمی پر، کسی عجمی کو کسی عربی پر، کسی گورے کو کسی کالے پر، کسی کالے کو کسی گورے پر فضیلت نہیں ہے۔ تم سب آدم علیہ السلام کی اولاد ہو اور آدم کی تخلیق مٹی سے ہوئی تھی، اللہ کے نزدیک تم میں سب سے معزز وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہو۔

اسلام نے بدلہ لینے میں بھی برابری کی تلقین کی، زیادتی کی اجازت نہیں دی، ارشاد ہے:

وَاِنۡ عَاقَبۡتُمۡ فَعَاقِبُوۡا بِمِثۡلِ مَا عُوۡقِبۡتُمۡ بِهٖ (النحل آیت:۱۲۶)

اگر بدلہ لو تو اسی قدر بدلہ لو جتنی تم کو تکلیف پہنچائی گئی ہو۔

اسلام نے دوستی یا دشمنی دونوں صورتوں میں عدل وانصاف پر کاربند رہنے کی تلقین کی:

يٰاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا كُوۡنُوۡا قَوّٰمِيۡنَ بِالۡقِسۡطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوۡ عَلٰٓى اَنۡفُسِكُمۡ اَوِ الۡوَالِدَيۡنِ وَالۡاَقۡرَبِيۡنَ. (نساء آیت:۱۳۵)

اے ایمان والو! انصاف پر قائم رہنے والے اور اللہ کی مرضی کے مطابق گواہی دینے والے بنو خواہ اس میں تمہارا یا ماں باپ اور رشتہ داروں کا نقصان ہو۔

دوسری جگہ ارشاد ہے:

وَلَا يَجۡرِمَنَّكُمۡ شَنَاٰنُ قَوۡمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعۡدِلُوۡا (مائدہ آیت:۸)

اور کسی قوم کی دشمنی تمھیں انصاف سے ہٹانے کا باعث نہ بن جائے۔

اسلام نے تمام انسانوں پر رحمت وشفقت کی تلقین کی، ارشاد نبوی ہے:

الراحمون یرحمھم الرحمٰن ارحموا من فی الارض یرحمکم من فی السماء.

رحم کرنے والوں پر اللہ رحم کرتا ہے تم زمین والوں پر رحم کرو تم پر آسمان والا رحم کرے گا۔

اسلام نے تمام مخلوق کو اللہ کا کنبہ قرار دیا، ارشاد نبوی ہے:

الخلق عیال اللّٰہ فاحب الخلق إلی اللّٰہ من أحسن إلٰی عیالہ.

اسی مضمون کو حالی مرحوم نے ان الفاظ میں ادا کیا ہے۔

یہ پہلا سبق ہے کتاب ہدیٰ کا
کہ مخلوق ہے ساری کنبہ خدا کا

خلاصہ یہ ہے کہ اسلام نے ہر حال میں امن وانصاف اور رحمت وشفقت کی تلقین کی اور فرد وجماعت کو حدود کا پابند بنایا، اسلام کسی بھی حال میں فتنہ وفساد کو روا نہیں رکھتا۔ اس لئے دہشت گردی کی کسی بھی صورت کا تعلق اسلام سے نہیں ہوسکتا؛ لہٰذا مدارس اسلامیہ جو اسلامی تعلیمات کے حقیقی علمبردار ہیں، کسی تحفظ کے بغیر دہشت گردی سے بیزاری کا واضح لفظوں میں اعلان کرتے ہیں۔

پاسبانان ملت! دہشت گردی کے بارے میں اپنے اس واضح موقف کے اظہار کے بعد دوسری قابل غور چیز وہ صورت حال ہے جو اس حوالے سے خاص طور پر ہمارے ملک میں پیدا کردی گئی ہے جس کا نشانہ عمومی طور پر تمام ہی مسلمان ہیں اور خاص طور پر دین دار مسلمان یا مدارس اسلامیہ کے علماء وفضلاء اور ان سے وابستہ طبقہ، کہ ان میں سے کسی کو بھی کسی دہشت گردانہ کارروائی کے سلسلے میں ملزم یا کم ازکم مشتبہ قرار دینے کے لئے نہ تو کسی غور وفکر کی ضرورت محسوس کی جاتی ہے نہ کسی احتیاط کو کام میں لایا جاتا ہے اور نہ قرائن وشواہد جمع کرنے کی کوئی سنجیدہ کوشش کی جاتی ہے؛ بلکہ ان کے سر الزام ڈالنے کے لئے اتنا کافی سمجھا جاتا ہے کہ وہ مسلمان ہیں یا ان کا تعلق مدارس یا کسی دینی جماعت سے ہے۔ اور اب تو صورت حال اس حد تک سنگین ہوگئی ہے کہ فرقہ پرست طاقتیں تمام دہشت گردوں کا تعلق مدارس اسلامیہ سے منسلک کررہی ہیں؛ بلکہ بعض دریدہ دہن لوگوں نے تو مذہبی تعلیم ہی کو دہشت گردی کی اساس اور منبع قرار دے دیا ہے، جیسا کہ اخباری اطلاعات کے مطابق حال ہی میں ''اسلامک مدرسے بے نقاب'' نامی کتاب میں کہا گیا ہے جس میں دینی مدارس اور دین اسلام کے متعلق بہت سی بے بنیاد، اشتعال انگیز باتیں اور بھی مذکور ہیں۔

اور یہ ساری افتراء پردازی اس حال میں ہورہی ہے کہ مسلمانوں کا امن پسندانہ کردار، وطن عزیز سے ان کی بے غبار وفاداری اور تحریک آزادی میں تمام مسلمانوں اور خاص طور پر مدارس کے علماء کی بے مثال قربانیاں تاریخ ہند کی ایسی روشن حقیقت کی حیثیت رکھتی ہیں، جس پر ایوان عدالت سے زندان عقوبت تک اس سرزمین کا ذرہ ذرہ گواہ ہے۔ کیا کوئی انصاف پسند شخص یہ کہنے کی جرأت کرسکتا ہے کہ مدارس اسلامیہ اور ان کے بوریہ نشین علماء کی جدوجہد کے بغیر برطانوی استعمار کے شکنجہ سے وطن کی آزادی کا خواب شرمندۂ تعبیر ہوسکتا تھا؟ ان بزرگوں نے پسینہ کی جگہ خون بہایا اور وطن کی عزت و سربلندی کے لئے تن من دھن کی بازی لگادی اور پھر یہ حقیقت بھی تاریخ میں آب زر سے لکھی جانے کے لائق ہے کہ یہ ساری قربانیاں ستائش کی تمنا اور صلے کی پرواسے بے نیاز ہوکر پیش کی گئیں، اسی لئے حصول آزادی کے بعد یہی علماء مدارس جو دار ورسن کی ہر آزمائش میں سب سے آگے تھے، ہر انعام وجزاء سے دست کش ہوکر یکسوئی کے ساتھ تعمیر انسانیت کے کام میں مشغول ہوگئے۔

یہی کام ان مدارس اسلامیہ کا نصب العین ہے جن کو آج دہشت گردی کا مرکز یا ملک دشمن سرگرمیوں کی آماجگاہ بتایا جارہا ہے۔ جب کہ حقیقت صرف اور صرف یہ ہے کہ یہ مدارس ملک وملت اور انسانیت کے لئے خیر وفلاح کے سرچشمے ہیں، یہ ملک کو امن پسند، ایمان دار اور فرض شناس شہری فراہم کرتے ہیں، یہ انسان دوستی اور صلح وآشتی کا درس دیتے ہیں، یہاں نفرت نہیں محبت سکھائی جاتی ہے، یہاں پڑھنے والے کا فکری خمیر، امن وسلامتی، دردمندی، خیرخواہی، غریب پروری، وطن دوستی اور احترام انسانیت کے جذبات سے تیار ہوتا ہے۔ اور یہ وطن دوستانہ، امن پسندانہ کردار صرف دارالعلوم دیوبند یا چند بڑے مدارس کے ساتھ خاص نہیں ہے بلکہ ملک کے طول وعرض میں پھیلے ہوئے تمام مدارس اسی طرز فکر کے حامل ہیں اس لئے کہ دارالعلوم دیوبند اور دیگر مرکزی مدارس سے جو رجال کار تیار ہوئے انھوں نے اپنے اکابر کی اسی فکر کو اپنایا اور پورے ملک میں چراغ سے چراغ جلانے کا کام کیا اور اپنی مثبت سوچ اور اعلیٰ ترین کردار سے چپے چپے کو منور کردیا اور اپنے بزرگوں کے پیغام امن وانسانیت کو گاؤں گاؤں پھیلا دیا اس لئے اگر یہ کہا جائے تو قطعاً مبالغہ نہ ہوگا کہ مدارس اسلامیہ دہشت گردی کی راہ میں سد سکندری کی حیثیت رکھتے ہیں جس کا ایک قوی ترین شاہد یہ تاریخی حقیقت ہے کہ یہ مدارس، صدیوں سے اپنے اسی دینی نصاب ونظام کے ساتھ سرگرم عمل ہیں؛ لیکن کبھی بھی ان کے کردار پر حرف نہیں آیا؛ بلکہ ان سے جمہوریت پسند، محبّ وطن، امن پرور اور ملک وقوم کے وفادار علماء دین تیار ہوتے رہے ہیں جن کی وطن دوستی ہر

شک شبہ سے بالاتر رہی اور وہ اپنے بلند کردار اور اعلیٰ تعلیمات کے ذریعہ ہر قسم کی تفریق پسندانہ ذہنیت کے مقابلہ میں سینہ سپر رہے۔ ان کے اسی کردار نے ہمارے وزیر اعظم کو اس کا موقع فراہم کیا کہ وہ اقوام متحدہ میں فخر کے ساتھ کہہ سکیں کہ ہندوستانی مسلمان دہشت گردی میں ملوث نہیں ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ مدارس کا کردار بالکل آئینہ کی طرح صاف ہے، یہاں کے نظام میں کوئی چیز راز نہیں ہے سب کچھ کھلا ہوا ہے ایسے شفاف کردار پر جب کیچڑ اچھالی جاتی ہے تو قلب و دماغ ایک حیرتناک اذیت سے دوچار ہوتے ہیں

ع دل ہی تو ہے نہ سنگ وخشت، درد سے بھر نہ آئے کیوں

علماء ذی وقار! اس تاریخی موقع پر ضروری معلوم ہوتا ہے کہ دہشت گردی کے نازک مسئلہ پر اپنی حکومت، برادران وطن اور ارباب مدارس کی خدمت میں کچھ صاف صاف باتیں عرض کردی جائیں۔

جہاں تک حکومت اور اس کے انتظامی اداروں کا تعلق ہے تو ان سے ہم یہ کہنا چاہیں گے کہ

(۱) امن واستحکام کے قیام اور بدامنی کے خاتمہ کے لئے عدل وانصاف پر مبنی مساویانہ سلوک کی ضرورت کو آپ سے زیادہ کون سمجھ سکتا ہے؟، اگر آپ دہشت گردی کی لعنت کا مقابلہ کرنے میں سنجیدہ ہیں تو نہایت پختگی اور مضبوطی کے ساتھ انصاف کا دامن تھام کر کام کیجئے اور عقیدہ ومذہب کی بنیاد پر کسی بھی تفریق سے کلی اجتناب کیجئے، حقیقی مجرموں کو تلاش کر کے کیفر کردار تک پہنچایئے اور بے قصوروں کی آہوں سے اپنے کو محفوظ رکھنے کی کوشش کیجئے تاکہ ملک کی وحدت وسالمیت برقرار رہے اور وہ تیزی کے ساتھ ترقی کی راہ پر آگے بڑھتا رہے۔

(۲) دہشت گردی کی حقیقت اور اس کے پس منظر کو سمجھئے، واقعہ یہ ہے کہ دہشت گردی، بنیادی طور پر ہمارے ملک کا مسئلہ نہیں ہے؛ بلکہ یہ اُن عالمی طاقتوں کی تقسیم کردہ لعنت ہے جن کے نظریات کی بنیاد صہیونیت پر ہے، جن کا واحد ایجنڈہ صہیونی عزائم کی تکمیل ہے اور وہ فساد فی الارض کے علمبردار ہیں ورنہ کیا وجہ ہے کہ اربوں ڈالر اور لاکھوں فوجی دہشت گردی کے خاتمہ کے لئے جھونک دینے کے باوجود آج تک کامیابی کے آثار نظر نہیں آتے: بلکہ ان کی ناکامی کی انتہا، تو یہ ہے کہ آج تک وہ دہشت گردی کا مفہوم ہی طے نہیں کر پائے۔ ان کے طرز عمل سے تو فقط یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان کے مذموم توسیع پسندانہ عزائم کی راہ میں حائل ہونے یا ہوسکنے والا ہر شخص دہشت گرد ہے، جب کہ زمانہ واقف ہے کہ آج دنیا میں

دہشت گردی کی لعنت صہیونی طاقتوں کے ہی دم سے زندہ ہے اسی لئے ان کے طریقۂ کار پر نظر رکھنے والے مبصرین کا کہنا ہے کہ ہمارے وطن عزیز میں پیش آنے والی دہشت گردانہ کارروائیوں کی جانچ بہت گہرائی سے کیا جانا ضروری ہے کیوں کہ بعض واقعات میں طریقۂ کار کی مماثلت محسوس ہوتی ہے، کہیں ایسا نہ ہو کہ ہماری ادھوری یا غلط رُخ پر ہونے والی تحقیقات اصل مجرموں کی پردہ پوشی اور بے قصوروں کو مجرم قرار دینے کی ناانصافی کا ذریعہ بنتی رہیں۔

(۳) حکومت کو دہشت گردی کے مسئلے سے نمٹنے میں اس حقیقت کو پیش نظر رکھنا چاہئے کہ تاریخ میں بارہا ایسا ہوا ہے کہ حکومتوں کے مجرم قوموں کے ہیرو کہلائے ہیں، خاص طور پر وہ جن کے شدت پسندانہ رویہ کا سبب، حکومت کی ناانصافی اور ظلم ہو۔ اس تاریخی حقیقت پر نظر رکھتے ہوئے کوشش ہونی چاہئے کہ ہر ایسا عمل ترک کر دیا جائے جس کا ردعمل دہشت گردی کی شکل میں سامنے آسکتا ہے۔

(۴) کسی ایک فرد یا چند افراد کے طرز عمل کے لئے پوری قوم کو ذمہ دار قرار نہیں دیا جاسکتا، ورنہ دنیا کے تمام بڑے مذاہب اور تمام معزز قوموں کو دہشت گرد قرار دینا پڑے گا، جو یقیناً ایک غلط بات ہوگی۔ یہی بات مسلمانوں پر بھی منطبق کیجیے، مسلمان اس ملک کی تاریخ وثقافت کا اٹوٹ حصہ ہیں ان کو غیر مطمئن کر دینا ملک وقوم کے حق میں کسی بھی طرح مفید نہیں ہوسکتا۔

(۵) اس پر بھی غور کیا جائے کہ مسلمان، آج ہی کس طرح دہشت گرد بن جائیں گے جب کہ آزادی کے بعد سے اب تک ہر قسم کے مشکلات ومصائب جھیلنے اور امتیازی سلوک کا نشانہ بننے کے باوجود انھوں نے اپنے وطن کے دوستانہ کردار کو برقرار رکھا، اپنے حقوق کے مطالبہ کے لئے ہمیشہ جمہوری اور آئینی طرز عمل اختیار کیا، شدت پسندانہ رویہ سے احتراز کیا، کبھی کسی طرح کی ملک دشمن سرگرمی میں حصہ نہیں لیا اور نہ ہی ملک کے مختلف علاقوں میں سرگرم شدت پسند تنظیموں سے کوئی رابطہ رکھا، آخر وہ اپنے اس ملک کو کیوں نقصان پہنچائیں گے جس کی آزادی کے لئے انھوں نے اپنی ہر عزیز متاع کو داؤ پر لگایا، خاص طور پر جب کہ کسی بھی دہشت گردانہ کارروائی کا نقصان دوسروں سے پہلے خود انھیں کو پہنچنا یقینی ہے، ان نکات پر غور کر کے ہر صاحب عقل سمجھ سکتا ہے کہ مسلمانوں کا دہشت گرد ہونا خلاف واقعہ بھی ہے اور ناممکن بھی۔

دوسری بات ہمیں برادران وطن سے کہنی ہے کہ ہم اور آپ بھائی بھائی ہیں اور صدیوں سے اس ملک میں اچھے پڑوسیوں کی طرح رہتے آئے ہیں، ہماری مشترکہ قربانیوں سے وہ تہذیب وجود میں آئی ہے جسے گنگا جمنی تہذیب کہا جاتا ہے، ہم نے ملک کی ہر لڑائی شانہ بشانہ لڑی ہے، اگر آپ نے فرقہ پرست طاقتوں کے گمراہ کن پروپیگنڈے کو حقیقت سمجھ لیا اور مسلمانوں کی تابناک تاریخ کو نظر انداز کردیا تو یہ ہماری ہی نہیں آپ کی اور اس ملک کی بھی بدقسمتی ہوگی، اس لئے آپ ہمارے قریب آکر ہمیں دیکھئے اور ملک کے امن وامان اور وحدت وسالمیت کی حفاظت میں مشترکہ جدوجہد جاری رکھئے۔

اکابر ملک وملت! بندے کا یہ مقام ہرگز نہیں ہے کہ وہ آپ سے بات کرتے ہوئے ناصحانہ طرز کلام اختیار کرے اور نہ ہی آپ اس کے محتاج ہیں؛ لیکن وقت کے تقاضے کے تحت ایک بھائی کی حیثیت سے چند ضروری باتیں عرض کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے۔

سب سے اہم اور بنیادی بات یہ ہے کہ مدارس اسلامیہ ہمارے ہاتھ میں ہمارے اسلاف اور ملت اسلامیہ کی نہایت قیمتی امانت کی حیثیت رکھتے ہیں، اس امانت کی ہر پہلو سے حفاظت اور اس کا حق ادا کرنا ہمارا سب سے اہم فریضہ ہے۔

اس فریضہ کی تکمیل کے لئے ضروری ہے کہ ہم ہر وقت مدارس کے نصب العین کو سامنے رکھیں، ہمارے اکابر رحمہم اللہ نے شریعت اسلامی کے علمی ورثہ کو اس کے مخصوص مزاج اور متوارث منہاج کے مطابق اس کی صحیح شکل میں محفوظ رکھنے کے لئے یہ مدارس قائم کئے تھے، ان کے پیش نظر ایسے رجال کار تیار کرنا تھا جو اسلامی علوم وفنون کے ماہر اور اعلیٰ اسلامی اخلاق وکردار کے حامل ہوں، جو اپنی علمی مہارت، فکری گہرائی وگیرائی اور کردار کی پختگی سے ملت اسلامیہ کی باشعور نمائندگی اور ہوشمندانہ قیادت کا فریضہ انجام دے سکیں۔

ایسے افراد کی تیاری کے لئے ضروری ہے کہ ہم اپنے طلبہ کو ہر قسم کے مضر خارجی اثرات سے محفوظ رکھنے کی پوری کوشش کریں، ان کو مادیت کی لہر اور مغربی تہذیب کی لعنت سے بچائیں، ان کی ٹھوس ذہنی تربیت کا اہتمام کریں جس کے نتیجے میں وہ نہ تو کسی اسلام دشمن تحریک کی زد میں آسکیں اور نہ ہی ان کو اسلام کے نام پر کسی غیر قانونی سرگرمی کے لئے آلۂ کار بنایا جاسکے۔

دوسری نہایت ضروری بات یہ ہے کہ مدارس کے حالات، امن پسندانہ کردار اور تعلیمی سرگرمیوں سے اپنے ماحول کو واقف کرایا جائے، بہت سی غلط فہمیوں کی بنیاد ناواقفیت ہوتی ہے اگر ہمارا رابطہ اپنے

ماحول سے مسلسل رہے گا، اور ہماری سرگرمیاں حکومت اور اس کے نمائندوں کے سامنے آتی رہیں گی تو فرقہ پرستوں کے پروپیگنڈے کا ایک مؤثر جواب ہوجائے گا، ہمیں کسی کو خواہ مخواہ اپنا دشمن بنانے یا سمجھنے کی ضرورت نہیں؛ بلکہ اپنے پیغامِ محبت کو عام کرنے کی ضرورت ہے۔

اور آخر میں نہایت دردمندی کے ساتھ ایک گذارش ملت کے تمام ہی مکاتب فکر کے اکابر کی خدمت میں کرنا چاہوں گا اور وہ یہ کہ آج کے پرآشوب حالات میں امت مسلمہ کا اتحاد، گذشتہ ہر دور سے زیادہ ضروری ہوگیا ہے، کیا یہ ممکن نہیں ہے کہ ہم اپنے فروعی اختلافات کو اپنے گھر تک محدود رکھیں اور دشمنوں کے مقابلے میں ایک متحد امت کا کردار پیش کریں؟ کیا ہمارے لئے صحابی رسول ﷺ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا یہ عمل بہترین اسوہ نہیں؟ کہ انھوں نے عین اس زمانہ میں جب وہ سیدنا حضرت علی رضی اللہ عنہ سے برسرپیکار تھے روم کے بادشاہ کی جانب سے حضرت علی رضی اللہ کے خلاف متحدہ محاذ بنانے کی دعوت کو پائے حقارت سے ٹھکرادیا اور ملت میں تفریق کے اُس داعی کو یا کلب الروم کے الفاظ سے مخاطب کرکے ٹھوس لفظوں میں بتادیا کہ اگر اُس نے حضرت علیؓ کے زیر حکومت علاقوں کی طرف نظر اٹھاکر بھی دیکھا تو حضرت علیؓ کے لشکر کے سب سے پہلے سپاہی کا نام معاویہ ہوگا۔ آج اس کردار کو زندہ کرنا وقت کی آواز ہے، ضرورت ہے کہ ہم اس آواز کو سنیں اور اسی کے مطابق اپنا لائحۂ عمل تیار کریں۔

اسی کے ساتھ اپنے داخلی نظام کو بہتر بنانا ازبس ضروری ہے، ہمارا مالیاتی نظام آئینہ کی طرح شفاف ہونا چاہئے، اسی طرح ہمارے مدارس کے ماحول کو ایک بہترین معیاری اسلامی ماحول کا نمونہ ہونا چاہئے، جس میں حسن اخلاق، دیانت وامانت، ادائے حقوق، اتباع سنت اور خوف خدا کی حکمرانی ہو، اگر ہم اپنے معاشرہ کو ان خطوط پر ڈھالنے میں کامیاب ہوگئے تو ان شاء اللہ خطرات کے تمام بادل چھٹ جائیں گے اور مدارس کے خلاف ہونے والی سازشیں اپنی موت آپ مرجائیں گی۔

آخر میں ایک بار پھر صمیم قلب سے آپ سبھی حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور حق ضیافت میں کوتاہی پر معذرت پیش کرتا ہوں۔

اللہ تعالیٰ اس کانفرنس کو تمام مدارس اور ملت اسلامیہ کے لئے مثمر خیرات وبرکات فرمائے اور ہم سب کو اپنی مرضیات پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العٰلمین.

❋ ❋ ❋

سیرت النبی ﷺ کی ایک جھلک

از: مفتی صہیب احمد قاسمی
استاذ فقہ جامعہ حسینیہ، جونپور (یوپی)

رسولِ کائنات، فخرِ موجودات محمد عربی ﷺ کو خالق ارض وسما رب العلی نے نسلِ انسانی کے لیے نمونۂ کاملہ اور اسوۂ حسنہ بنایا ہے اور آپ ﷺ کے طریقہ کو فطری طریقہ قرار دیا ہے۔ محسن انسانیت صلوات اللہ علیہ وسلامہ کے معمولات زندگی ہی قیامت تک کے لیے شعار ومعیار ہیں، یہی وجہ ہے کہ سیرۃ النبی ﷺ کا ہر گوشہ تابناک اور ہر پہلو روشن ہے یومِ ولادت سے لے کر روزِ رحلت تک کے ہر ہر لمحہ کو قدرت نے لوگوں سے محفوظ کرادیا ہے آپ ﷺ کی ہر ادا کو آپ ﷺ کے متوالوں نے محفوظ رکھا ہے اور سند کے ساتھ تحقیقی طور پر ہم تک پہنچایا ہے، لہٰذا سیرۃ النبی ﷺ کی جامعیت واکملیت ہر قسم کے شک وشبہ سے محفوظ ہے دنیائے انسانیت کسی بھی عظیم المرتبت ہستی کے حالات زندگی، معمولات زندگی، انداز واطوار، مزاج ورجحان، حرکات وسکنات، نشست وبرخاست اور عادات وخیالات اتنے کامل ومدلل طریقہ پر نہیں ہیں جس طرح کہ ایک ایک جزئیہ سیرۃ النبی ﷺ کا تحریری شکل میں دنیا کے سامنے ہے یہاں تک کہ آپ سے متعلق افراد اور آپ ﷺ سے متعلق اشیاء کی تفاصیل بھی سند کے ساتھ سیرت وتاریخ میں ہر خاص وعام کو مل جائیں گی۔

اس لیے کہ اس دنیائے فانی میں ایک پسندیدہ کامل زندگی گذارنے کے لیے اللہ رب العزت نے اسلام کو نظامِ حیات اور رسولِ خدا ﷺ کو نمونۂ حیات بنایا ہے وہی طریقہ اسلامی طریقہ ہوگا جو رسول خدا ﷺ سے قولاً، فعلاً منقول ہے آپ ﷺ کا طریقہ سنت کہلاتا ہے اور آپ نے فرمایا ہے من رغب عن سنتی فلیس منی جس نے میرے طریقے سے اعراض کیا وہ مجھ سے نہیں ہے۔

عبادات وطاعات سے متعلق آپ کی سیرت طیبہ اور عادات شریفہ پر برابر لکھا اور بیان کیا جاتا رہتا ہے۔ دنیا میں ہر لمحہ ہر آن آپ ﷺ کا ذکرِ خیر کہیں نہ کہیں ضرور ہوگا آپ کی سیرت سنائی اور بتائی جاتی رہے گی پھر بھی سیرت النبی ﷺ کا عنوان پُرانا نہیں ہوگا یہی معجزہ ہے سیرت النبی

ﷺ کا اور یہی تفسیر ہے "ورفعنالك ذكرك" کی۔

صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین کی دنیا و آخرت میں کامیابی وسرفرازی کا عنوان اتباع سنت ہے یہی اتباع ہر دور ہر زمانہ میں سربلندی اور خوش نصیبی کی کنجی ہے۔ اگر کسی کو عہدِ رسالت نہ مل سکا تو پھر ان کے لیے عہدِ صحابہ معیارِ عمل ہے کیونکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی پاکیزہ جماعت سیرۃ النبی کا عملی پیکر ہے ہر طرح سے پرکھنے جانچنے کے بعد ان کو نسلِ انسانی کے ہر طبقہ کے واسطے ایمان وعمل کا معیار بنایا گیا ہے خود رسول اللہ ﷺ نے ان کی تربیت فرمائی ہے اور اللہ رب العالمین نے ان کے عمل وکردار، اخلاق واطوار، ایمان واسلام اور توحید وعقیدہ، صلاح وتقویٰ کو بار بار پرکھا پھر اپنی رضا وپسندیدگی سے ان کو سرفراز فرمایا، کہیں فرمایا "اولئك الذين امتحن اللّٰه قلوبهم للتقوىٰ" کہ یہی لوگ ہیں جن کے دلوں کے تقویٰ کو اللہ نے جانچا ہے، کہیں فرمایا "آمنوا كما آمن الناس" کہ اے لوگو ایسے ایمان لاؤ جیسا کہ محمد کے صحابہ ایمان لائے ہیں تو کہیں فرمایا اولئك هم الراشدون یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں۔

یہ سب اس لیے کہ سیرت النبی ﷺ کا عکس جمیل تھے ان کی عبادات میں ہی نہیں بلکہ چال ڈھال میں بھی سیرۃ النبی ﷺ کا نور جھلکتا تھا یہی سبب ہے کہ خود رسولِ کائنات ﷺ نے فرمایا "اصحابی كالنجوم بايهم اقتديتم اهتديتم" (ترمذی) میرے صحابہ ستاروں کی طرح ہیں جن سے بھی اقتداء ومحبت کا تعلق جمالو گے ہدایت پا جاؤ گے۔

چونکہ صحرا، جنگل میں سفر کرنے کے لیے سمت معلوم کرنے کے لیے ستاروں کی رہنمائی حاصل کی جاتی ہے اسی لیے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کو ستاروں سے تشبیہ دی گئی ہے کہ وہ نفوس قدسیہ شرک وکفر کے صحراء میں منارۂ ایمان ہیں۔

زیرِ نظر مضمون میں سیرت النبی ﷺ کے چند خاص گوشوں کو موضوع بنایا گیا ہے جو آپ کے تربیت یافتہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بیان کردہ ہیں مختصر طور پر ہر اس پہلو کو ذکر کرنے کی کوشش کی ہے۔ جس کو عادتاً کم بیان کیا جاتا ہے۔

ولادت شریف اور حلیہ مبارکہ ﷺ: ۹/ یا ۱۲/ ربیع الاوّل عام الفیل کو آپ نے شکمِ مادر سے تولد فرمایا۔ شمائلِ ترمذی حلیہ مبارکہ بیان کرنے کا سب سے مستند وجامع ذریعہ ہے جس کو امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر فرمایا ہے، آپ ﷺ میانہ قد، سرخی مائل، سفید گورا رنگ، سرِ اقدس پر سیاہ ہلکے گھنگھریالے ریشم کی طرح ملائم انتہائی خوبصورت بال جو کبھی شانہ مبارک تک

دراز ہوتے تو کبھی گردن تک اور کبھی کانوں کی لوتک رہتے تھے۔ رخ انور اتنا حسین کہ ماہِ کامل کے مانند چمکتا تھا، سینۂ مبارک چوڑا، چکلا کشادہ، جسم اطہر نہ دبلا نہ موٹا انتہائی سڈول چکنا کہیں داغ دھبہ نہیں، دونوں شانوں کے بیچ پشت پر مہرِ نبوت کبوتر کے انڈے کے برابر سرخی مائل ابھری کہ دیکھنے میں بے حد بھلی لگتی تھی، پیشانی کشادہ بلند اور چمکدار، ابروئے مبارک کمان دار غیر پیوستہ، دہن شریف کشادہ، ہونٹ یاقوتی مسکراتے تو دندانِ مبارک موتی کے مانند چمکتے، دانتوں کے درمیان ہلکی ہلکی درازیں تھیں بولتے تو نور نکلتا تھا سینہ پر بالوں کی ہلکی لکیر ناف تک تھی باقی پیکر بالوں سے پاک تھا صحابہ کا اتفاق ہے کہ آپ جیسا خوبصورت نہیں دیکھا گیا۔ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ شاعرِ رسول ﷺ ہیں وہ اپنے نعتیہ قصیدے میں نقشہ کھینچتے ہیں:

وأحسن منك لم ترقط عيني　　وأجمل منك لم تلد النساء

خلقت مبرّأً من كل عيب　　كأنك قد خلقت كما تشاء

آپ ﷺ سے حسین مرد میری آنکھوں نے کبھی نہیں دیکھا اور آپ سے زیادہ خوبصورت مرد کسی عورت نے نہیں جنا آپ ہر قسم کے ظاہری و باطنی عیب سے پاک پیدا ہوئے گویا آپ اپنی حسب مرضی پیدا ہوئے ہیں، نہ کبھی آپ چیخ کر بات کرتے تھے نہ قہقہہ لگاتے تھے نہ شور کرتے تھے نہ چلاکر بولتے تھے ہر لفظ واضح بولتے جو مجمع سے مخاطب ہوتے تو تین بار جملہ کو بالکل صاف صاف دہراتے تھے اندازِ کلام باوقار، الفاظ میں حلاوت کہ بس سنتے رہنے کو دل مشتاق، لبوں پر ہمہ دم ہلکا سا تبسم جس سے لب مبارک اور رخِ انور کا حسن بڑھ جاتا تھا راہ چلتے تو رفتار ایسی ہوتی تھی گویا کسی بلند جگہ سے اتر رہے ہوں نہ دائیں بائیں مڑمڑ کر دیکھتے تھے نہ گردن کو آسمان کی طرف اٹھا کر چلتے تھے تواضع کی باوقار مردانہ خوددارانہ رفتار ہوتی، قدمِ مبارک کو پوری طرح رکھ کر چلتے تھے کہ نعلین شریفین کی آواز نہیں آتی تھی ہاتھ اور قدم ریشم کی طرح ملائم گداز تھے اور قدم پُر گوشت، ذاتی معاملہ میں کبھی غصہ نہیں ہوتے تھے، اپنا کام خود کرنے میں تکلف نہ فرماتے تھے کہ کوئی مصافحہ کرتا تو اس کا ہاتھ نہیں چھوڑتے تھے جب تک وہ الگ نہ کرلے جس سے گفتگو فرماتے پوری طرح اس کی طرف متوجہ ہوتے کوئی آپ سے بات کرتا تو پوری توجہ سے سماعت فرماتے تھے، پھر بھی ایسا رعب تھا کہ صحابہ کو گفتگو کی ہمت نہ ہوتی تھی ہر فرد یہی تصور کرتا تھا کہ مجھ کو ہی سب سے زیادہ چاہتے ہیں۔

دعوت و تبلیغ کا آغاز: تاجِ رسالت اور خلعت نبوت سے سرفراز ہونے کے بعد رحمۃ للعالمین خاتم النّبیین ﷺ نے ایک ایسے سماج و معاشرہ کو ایمان و توحید کی دعوت دی جو گلے

گلے تک شرک وکفر کی دلدل میں گرفتار تھا، ضلالت وجہالت کی شکار تھی انسانیت، شرافت مفقود تھی، درندگی اور حیوانیت کا راج تھا ہر طاقتور فرعون بنا ہوا تھا۔ قتل وغارت گری کی وبا ہرسُو عام تھی نہ عزت محفوظ، نہ عصمت محفوظ، نہ عورتوں کا کوئی مقام، نہ غریبوں کے لیے کوئی پناہ، شراب پانی کی طرح بہائی جاتی تھی، بے حیائی اپنے عروج پر تھی، روئے زمین پر وحدانیت حق کا کوئی تصور نہ تھا، خودغرضی، مطلب پرستی کا دوردورہ تھا، چوری، بدکاری اپنے عروج پر تھی اور ظلم وستم ناانصافی اپنے شباب پر تھی خدائے واحد کی پرستش کی جگہ معبودانِ باطل کے سامنے پیشانیاں جھکتی تھیں، نفرت وعداوت کی زہریلی فضا انسان کو انسان سے دور کرچکی تھی، انسانیت آخری سانس لے رہی تھی معاشرہ سے شرک کا تعفن اٹھ رہا تھا۔ کفر کی نجاست سے قلوب بدبودار ہوچکے تھے اس دور کا انسان قرآن کریم کے مطابق جہنم کے کنارے کھڑا تھا، ہلاکت سے دوچار ہونے کے قریب کہ رحمت حق کو رحم آیا اور کوہِ صفا سے صدیوں بعد انسانیت کی بقا کا اعلان ہوا کہ ”یآ ایھا الناس قولوا لا الٰہ الا اللّٰہ تفلحوا“ اے لوگو! لاالٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پر ایمان لاؤ فلاح وصلاح سے ہمکنار رہوگے۔ یہ آواز نہیں تھی بلکہ ایوان باطل میں بجلی کا کڑکا تھا۔

وہ بجلی کڑکا تھا یا صوتِ ہادی
عرب کی زمیں جس نے ساری ہلادی

یہی آوازِ حق ایک عظیم الشان انقلاب کی ابتدا تھی جس نے دنیائے انسانیت کی تاریخ بدل دی یہ اعلان توحید کی حیات نو کا پیغام تھا جس نے مردہ دل عربوں میں زندگی کی نئی روح پھونک دی اور پھر دنیا نے وہ منظر دیکھا جس کا تصور بھی نہ تھا کہ قاتل عادل بن گئے، بت پرست بت شکن بن گئے، ظلم وغضب کرنے والے حق پرست اور رحم دل بن گئے، سیکڑوں معبودانِ باطل کے سامنے جھکنے والی پیشانیاں خدائے واحد کے سامنے سرنگوں ہوگئیں، عورتوں کو جانور سے بدتر جاننے والے قطع رحمی اور کمزوروں پر ستم ڈھانے والے عورتوں کے محافظ، صلہ رحمی کے خوگر اور کمزوروں کا سہارا بن گئے، نفرت وعدوات کا آتش فشاں سرد ہوگیا محبت واخوت کی فصلِ بہاراں آگئی، راہزن راہبر اور ظالم عدل وانصاف کے پیامبر بن گئے۔

جو نہ تھے خود راہ پر اوروں کے ہادی بن گئے
کیا نظر تھی جس نے مُردوں کو مسیحا کردیا

پھر دنیا نے دیکھا کہ ایک امی لقب اعلیٰ نسب رسول کے فداکاروں نے ایمان وتوحید کی

تاریخ مرتب کرڈالی عدل و نصاف کے لازوال نقوش چھوڑے، وحدت مساوات کی لافانی داستان رقم کردی، فتوحات کی انوکھی تاریخ لکھ دی جہانبانی وحکمرانی کے مثالی اصول مرتب کیے، عفت وپاکدامنی کا ریکارڈ چھوڑ گئے، وفاداری، فداکاری کی انمٹ تحریر دیے، عظمت ورفعت کے ان بلندیوں پر پہنچے جہاں سے اونچا مقام صرف انبیاء ومرسلین کونصیب ہوسکتا ہے ایسا انقلاب دنیا نے کب دیکھا تھا اور کہاں سنا تھا۔

صبرواستقامت: رسول اللہ ﷺ نے دعوت حق اور اعلانِ توحید کی راہ میں اپنے ہی لوگوں کے ایسے ایسے مصائب وآلام دیکھے کہ کوئی اور ہوتا تو ہمت ہار جاتا مگر آپ صبر واستقامت کے کوہِ گراں تھے، دشمنانِ اسلام نے قدم قدم پر آپ کوستایا، جھٹلایا، بہتان لگایا، مجنون ودیوانہ کہا، ساحروکاہن کا لقب دیا راستوں میں کانٹے بچھائے جسم اطہر پر غلاظت ڈالی، لالچ دیا، دھمکیاں دیں، اقتصادی ناکہ بندی اور سماجی مقاطعہ کیا، آپ کے شیدائیوں پر ظلم وستم اور جبر واستبداد کے پہاڑ توڑے، نئے نئے لرزہ خیز عذاب کا جہنم کھول دیا کہ کسی طرح حق کا قافلہ رک جائے، حق کی آواز دب جائے، مگر دورِ انقلاب شروع ہوگیا تھا توحید کا نعرہ بلند ہو چکا تھا، اس کو غالب آنا تھا۔

یریدون لیطفؤا نور اللّٰہ بافواھھم واللّٰہ متم نورہ ولو کرہ الکافرون. (القرآن)

کفار چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور (ایمان واسلام) کو اپنی پھنکوں سے بجھادیں اور اللہ پورا کرنے والا ہے اپنے نور کو اگرچہ کفار اس کا ناپسند کریں۔ خود رسول اللہ ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے: ابتلاء وآزمائش میں جتنا مجھ کو ڈالا گیا کسی اور کونہیں ڈالا گیا۔ اسی طرح آپ کے صحابہ پر جتنے مظالم ڈھائے گئے کسی اور امت میں نہیں ڈھائے گئے۔

ھجرتِ مبارکہ: جب مکہ کی سرزمین آپ ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام پر بالکل تنگ کردی گئی تب بحکم الٰہی آپ نے مدینہ کی طرف ہجرت فرمائی اور صحابہ کرام نے اللہ کے لیے اپنے گھربار، آل واولاد، زمین وجائداد سب کو چھوڑ چھاڑ کر حبشہ ومدینہ کا رخ کیا پہلی ہجرت صحابہ کے ایک گروہ نے حبشہ کی طرف کی تھی، پھر جب آپ مدینہ تشریف لے گئے تو مدینہ اسلام کا مرکز بن گیا، ہجرت رسولؐ کے بارے میں مفکر اسلام علی میاں ندویؒ کا یہ جامع اقتباس بہت ہی معنویت رکھتا ہے کہ ہجرت کس جذبہ کا نام ہے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے کتنی زبردست قربانی دی تھی۔

”رسول اللہ ﷺ کی اس ہجرت سے سب سے پہلی بات یہ ثابت ہوتی ہے کہ دعوت اور عقیدہ کی خاطر ہر عزیز اور ہر مانوس ومرغوب شئے اور ہر اس چیز کو جس سے محبت کرنے، جس کو

ترجیح دینے اور جس سے بہر صورت وابستہ رہنے کا جذبہ انسان کی فطرت سلیم میں داخل ہے۔ بے دریغ قربان کیا جاسکتا ہے، لیکن ان دونوں اوّل الذکر چیزوں (دعوت وعقیدہ) کو ان میں سے کسی چیز کے لیے ترک نہیں کیا جاسکتا (نبی رحمت) اور ہجرت رسول ﷺ کا یہی پیغام آج بھی مسلمانوں کے سامنے ہے کہ ایمان وعقیدہ اور دعوت وتبلیغ کسی بھی صورت میں ترک کرنا گوارہ نہ کریں یہی دونوں تمام دنیوی واخروی عزت وکامیابی کا سرچشمہ ہے۔

غزوات و سرایا: ہجرتِ رسول ﷺ کے بعد ایک طرف آنحضور ﷺ کو دعوت اسلام کی تحریک میں کشادہ میدان اور مخلص معاون افراد ملے جس کے باعث قبائل عرب میں تیزی سے اسلام پھیلنے لگا تو دوسری جانب مشرکین مکہ اور یہود مدینہ کی برپا کردہ لڑائیوں کا سامنا بھی تھا مکہ میں مسلمان کمزور اور بے قوت وطاقت تھے اس لیے ان کو صبر واستقامت کی تاکید وتلقین تھی مدینہ میں مسلمانوں کو وسعت وقوت حاصل ہوئی اور اجتماعیت ومرکزیت نصیب ہوئی اللہ تعالیٰ نے دشمنوں سے لڑنے اور ان کو منھ توڑ جواب دینے کی اجازت عطا فرمائی اور غزوات وسرایا کا سلسلہ شروع ہوا جو اہم غزوات پیش آئے یہ ہیں۔

(۱) غزوۂ بدر ۲ھ میں مومنین ومشرکین مکہ کے درمیان میدانِ بدر میں سب سے پہلا غزوہ پیش آیا جس میں رسول اللہ ﷺ کے سپہ سالاری میں تین سو تیرہ مجاہدین نے مشرکین کے ایک ہزار ہتھیار بند لشکر کو ہزیمت سے دوچار کیا اور ابوجہل، شیبہ، عتبہ سمیت ستر (۷۰) سردارانِ قریش مارے گئے اور ستر گرفتار ہوئے اسی سے مسلمانوں کی دھاک قبائل عرب پر نقش ہوگئی۔

(۲) غزوۂ اُحد ۳ھ شوال میں یہ غزوہ ہوا مسلمان سات سو اور کفار تین ہزار تھے۔

(۳) غزوات ذات الرقاع ۴ھ میں پیش آیا اسی میں آپ نے صلوٰۃ الخوف ادا فرمائی۔

(۴) غزوۂ احزاب (خندق) ۵ھ میں ہوا مشرکین مکہ نے قبائل عرب کا متحد محاذ بنا کر حملہ کیا تھا۔ آنحضور ﷺ نے حضرت سلمان فارسیؓ کے مشورہ سے مدینہ کے اردگرد چھ کلومیٹر لمبی خندق کھدوائی تھی اسی لیے اس کو غزوۂ خندق بھی کہتے ہیں۔

(۵) غزوۂ بنی المصطلق ۶ھ میں ہوا اسی میں منافقین نے حضرت عائشہؓ پر تہمت لگائی تھی۔

(۶) صلحِ حدیبیہ ۶ھ میں ہوئی جب کہ رسول اللہ ﷺ نے عمرہ کا ارادہ فرمایا تھا اور چودہ سو صحابہ کرام کے ساتھ روانہ ہوئے تھے کہ مشرکین مکہ نے حدیبیہ کے مقام پر روک دیا اور وہیں صلح ہوئی کہ آئندہ سال عمرہ کرسکتے ہیں (پوری تفصیل کتابوں میں دیکھی جائے)

(۷) غزوۂ خیبر ۷ھ میں پیش آیا یہ یہودیوں سے آخری غزوہ تھا اس سے قبل غزوۂ بنونضیر اور غزوۂ بنوقریظہ میں یہودیوں کو جلاوطن اور قتل کیا گیا تھا۔

(۹) غزوۂ تبوک ۹ھ میں پیش آیا ہرقل سے مقابلہ تھا دور کا سفر تھا شام جانا تھا گرمی کا زمانہ تھا اس لیے خلاف عادت آپ نے اس غزوہ کا اعلان فرمایا چندہ کی اپیل کی صحابہ نے دل کھول کر چندہ دیا اور تیس ہزار کا عظیم الشان لشکر لے کر آپ تبوک روانہ ہوئے، مگر ہرقل بھاگ گیا اور آپ مع صحابہ واپس بخیریت مدینہ تشریف لائے اس غزوہ میں بھی بہت سے اہم واقعات پیش آئے جن کی ایک ایک تفصیل سیر کی کتابوں میں درج ہے۔ان غزوات کے علاوہ بہت سے سرایا صحابہ کرام کی سرکردگی میں مختلف مواقع پر روانہ فرمائے۔

کچھ اہم واقعات: ۲ھ میں ہجرت کے بعد سترہ مہینہ بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھنے کے بعد تحویل قبلہ ہوا۔۲ھ میں روزہ فرض کیا گیا،۴ھ میں شراب حرام ہوئی۔

فتح مکہ وغزوۂ حنین :۸ھ میں اسلامی تاریخ کا وہ واقعہ یعنی فتحِ مکہ پیش آیا جس سے کلی طور پر اسلام کو عرب میں غلبہ حاصل ہوگیا اور مشرکین کا سارا زور ٹوٹ گیا فتح مکہ کے بعد واپسی میں غزوۂ حنین پیش آیا جس میں پہلی بار مسلمان تعداد میں بارہ ہزار اور کفارِ طائف چار ہزار تھے ورنہ ہر غزوہ میں مسلمان کم اور دشمن کی تعداد دوگنا، تین گنا ہوتی تھی۔

اشیاء الرسول اور ان کے اسماء: رسولِ خدا ﷺ کی عادتِ شریفہ تھی کہ آپ اپنی چیزوں کا نام رکھ دیا کرتے تھے زاد المعاد میں علامہ ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ نے ان میں سے بہت سی چیزوں کے نام شمار کرائے ہیں امام اہلِ سنت حضرت مولانا عبدالشکور صاحب فاروقی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی ''سیرۃ نبویہ'' میں آپ ﷺ کی اشیاء مبارکہ کے اسماء بیان کیے ہیں، نیز دوسرے سیرت نگار علماء نے بھی اس ضمن میں کام کیا ہے، انھیں کتب سیرت ومضامین سیرت سے مندرجہ ذیل اشیاء کے اسماء کا ذکر پیش کیا جارہا ہے۔

(۱) عمامہ شریف کا نام سحاب تھا۔

(۲) دو پیالے لکڑی اور پتھر کے تھے ایک کا نام ریان اور دوسرے کا نام مضیّب تھا۔

(۳) آبخورہ تھا جس کا نام صادِر تھا۔

(۴) خیمہ تھا جس کا نام رِکی تھا۔

(۵) آئینہ تھا جس کا نام مُدِلہ تھا۔

(۶) قینچی تھی جس کا نام جامع تھا۔

(۷) جوتی مبارکہ تھی جس کا نام ممشوق تھا۔

(۸) ایک زمانہ میں آپ کے پاس دس گھوڑے تھے ''سکب'' نامی گھوڑے پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ اُحد میں سوار تھے ایک گھوڑے کا نام لزاز تھا، جس کو شاہ اسکندریہ مقوقش نے ہدیۃً بھیجا تھا، باقی گھوڑوں کے نام یہ ہیں: ظرب، ورد، ضریس، ملاوح، سبحہ، بجر۔

(۹) تین خچر تھے ایک کا نام دُلدل تھا حبشہ کے بادشاہ نے بھیجا تھا آپ نبوت کے بعد اسی پر پہلے پہل سوار ہوئے آپ کے بعد حضرت علیؓ اور حضرت حسن وحضرت حسین رضی اللہ عنہما اس پر سوار ہوتے تھے ان کے بعد محمد بن حنفیہ کے پاس رہا، دوسرے خچر کا نام فِضّہ تھا جس کو صدیقِ اکبرؓ نے ہدیہ کیا تھا۔ تیسرے کا نام اِیلیہ تھا شاہِ ایلہ نے ہدیہ بھیجا تھا۔

(۱۰) ایک گدھا تھا جس کا نام یعفور تھا۔

(۱۱) سواری کی دو اونٹنیاں تھیں ایک کا نام قصواء اور دوسری کا نام عضباء تھا، ہجرت کے وقت آپ قصواء پر سوار تھے اور حجۃ الوداع کا خطبہ بھی اسی پر سوار ہوکے دیا تھا۔

(۱۲) دو بکریاں خاص دودھ کے لیے تھیں ایک کا نام غوثہ اور دوسری کا نام یمن تھا۔

(۱۳) ایک سفید رنگ کا مرغ بھی تھا جس کا نام ''منقول'' تھا۔

(۱۴) کل نو تلواریں تھیں۔ ذوالفقار نام کی تلوار غزوۂ بدر کے مال غنیمت میں ملی تھی باقی تلواروں کے نام یہ تھے: قلعی، بتار، قسف، مجذم، رسوب، عضب، قضیب۔

(۱۵) چار نیزے تھے ایک کا نام ان میں سے ''شوی'' تھا اور بیضاء نام کا ایک بڑا حربہ تھا (جو نیزے سے چھوٹا ہوتا ہے)۔

(۱۶) عرجون نام کی خمدار لاٹھی تھی، چار کمانیں تھیں ایک کا نام ''کتوم'' تھا۔

(۱۷) ترکش کا نام ''کافور'' اور ڈھال کا نام ''زلوق'' تھا۔

(۱۸) ایک خود تھا اس کا نام ''ذوالسبوع'' تھا۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ان اشیاء مبارکہ کے اسماء سے معلوم ہوا کہ چیزوں کا نام رکھنا سنت ہے۔ یوں تو متمول افراد شوق سے اپنے کتوں کے نام رکھتے ہیں اور یہ سنت کی پیروی میں نہیں بلکہ یورپ کی تقلید میں، ورنہ دوسری اشیاء کے نام بھی رکھتے بعض گھروں میں بکرا وغیرہ پالنے کا شوق ہوتا ہے اوران کے نام بھی رکھ دیئے جاتے ہیں عموماً یہ بھی اتباع سنت کے بجائے شوقیہ ہوتے ہیں۔

آنحضور ﷺ کے غلام اور ان کے نام: آنحضور ﷺ کے پاس مختلف زمانوں میں کل ملا کر ستائیس غلام تھے آپ نے ان سب کو آزاد کردیا تھا بلکہ غلاموں کی آزادی کی تحریک بھی آپ کے مشنِ نبوت کا ایک حصہ تھی آخری وقت میں جب کہ مرض الوفات میں تھے غشی طاری ہوجاتی تھی جب افاقہ ہوتا تو زبانِ مبارک پر صرف دو جملہ ہوتا تھا ”الصلاۃ الصلاۃ، العبید العبید“۔

آپ کے غلاموں کے نام یہ تھے۔ زید بن حارثہؓ ان کو آپ نے اپنا منھ بولا بیٹا بنالیا تھا اور زید بن محمد کہلاتے تھے پھر جب متبنّیٰ سے متعلق آیت نازل ہوئی، تو اپنے والد حارثہ کی طرف منسوب ہونے لگے۔

اسامہ بن زید، ثوبان، ابوکبشہ، انیسہ، شقران، رباح، یسار، ابورافع، ابوموبہہ، فضالہ، رافع، مدعم، کرکرہ، زید جد ہلال، عبید، طہمان، نابورقطبی، واقد، ہشام، ابوضمیر، ابوعسیب، ابوعبید، سقیہ، ابوہند، الحبشہ، ابوامامہ (رضی اللہ عنہم)

باندیاں: باندیوں کی تعداد دس تھی ان سب کو بھی آپ نے آزاد فرمادیا تھا ان کے نام درج ذیل ہیں:

سلمہ، ام رافع، رضویٰ، اُسیمہ، ام ضمیر، ماریہ، سیرین، ام ایمن میمونہ، خضرہ، خویلہ رضی اللہ عنہن۔ سیرین کو آپ نے حضرت حسان بن ثابت کو تحفہ میں دے دیا تھا (یا کسی اور صحابی کو عطا فرمادیا تھا)۔

خدام النبی ﷺ: یوں تو فداکارانِ رسول میں سے ہر پروانہ شمع رسالت پر قربان ہونے کو ہردم تیار رہتا تھا اور کسی بھی ادنیٰ سی خدمت کی سعادت ملنے کو دنیا و مافیہا سے بڑی نعمت سمجھتا تھا، لیکن آپ دوسروں سے کام لینا پسند نہیں فرماتے تھے آپ کے اخلاق حسنہ میں سے تھا کہ اپنا کام خود کرتے تھے پھر بھی آپ کے ذاتی اور گھریلوں کاموں کو انجام دینے کے لیے کچھ خاص خدام تھے جن کی تعداد گیارہ تھی جن کے اسماء حسب ذیل ہیں:

حضرت انس بن مالکؓ (دس برس تک خادم خاص تھے) ہند بنت حارثہ، اسماء بنت حارثہ، ربیعہ بن کعب، عبداللہ بن مسعود، عقبہ بن عامر، بلال بن رباح، سعد، ذومخمر (شاہ حبشہ کے بھتیجے) بکسر بن شداخ، ابوذر غفاری رضی اللہ عنہم۔

شاہانِ ممالک کے لیے آنحضور ﷺ کے سفراء: آنحضور ﷺ نے

عرب وعجم کے شاہانِ ممالک اور سربراہان حکومت کے پیس دعوتی خطوط بھیجے تھے ان کو ایمان و توحید اختیار کرکے فلاح یاب ہونے کی دعوت دی تھی جن حضرات صحابہ کو یہ اعزاز حاصل ہوا کہ سفیرِ رسول مقبول ﷺ کی حیثیت سے شہرت پائیں ان کے نام یہ ہیں:

(۱) عمرو بن امیہؓ کو شاہ حبشہ نجاشی کے پاس بھیجا۔

(۲) دحیہ کلبیؓ کو قیصر روم ہرقل کے پاس بھیجا۔

(۳) عبداللہ بن حذافہؓ کو کسرائے فارس کے پاس بھیجا

(۴) حاطب بن ابوبلتعہؓ کو شاہ اسکندریہ مقوقس کے پاس بھیجا

(۵) عمروؓ بن العاص کو شاہ عمان کے پاس بھیجا

(۶) سلیط بن عمرؓ کو یمامہ کے رئیس ہودہ بن علی کے پاس بھیجا

(۷) شجاع بن وہبؓ کو شاہ بلقا کے پاس بھیجا

(۸) مہاجر بن امیہؓ کو حارث حمیری شاہِ حمیر کے پاس بھیجا

(۹) علاء بن حضرمی کو شاہ بحرین منذر بن ساوی کے پاس بھیجا

(۱۰) ابوموسیٰ اشعری اور معاذ بن جبل کو اہل ایمن کی طرف اپنا نمائندہ بنا کر روانہ فرمایا۔

کاتبین وحی رسالت: آنحضور ﷺ امی تھے پڑھنا لکھنا نہیں جانتے تھے، امی ہونا آپ ﷺ کا خصوصی امتیاز ہے اور آپ ﷺ کی رسالت ونبوت کی ایک واضح دلیل ہے کہ ایک امی لقب رسول نے دنیائے انسانیت کو ایسا کلام دیا جس کی فصاحت و بلاغت اور لذت وحلاوت کے سامنے فصحائے عرب سرنگوں نظر آتے ہیں اور قیامت تک دنیا اس کی نظیر پیش کرنے سے قاصر ہے۔ لہٰذا جب قرآن مجید کی آیات کریمہ آپ ﷺ کے قلب اطہر پر نازل ہوتی تھیں تو آنحضور ﷺ مختلف صحابہ کرام سے ان کی کتابت کرواتے تھے کاتبین وحی کے اسماء حسب ذیل ہیں، نیز انھیں میں سے خطوط وفرامین لکھنے والے ہیں:

حضرت ابوبکر صدیق، عمر بن خطاب، عثمان بن عفان، علی بن ابی طالب، عامر بن فہیرہ، عبداللہ بن ارقم، اُبی بن کعب، ثابت بن قیس بن شماس، خالد بن سعید، حنظلہ بن ربیع، زید بن ثابت، معاویہ بن ابی سفیان، شرجیل بن حسنہ۔ رضی اللہ عنہم۔

جن کو خصوصیت حاصل تھی: حضرت زید بن حارثہ اور ان کے صاحبزادے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما سے حد درجہ پیار فرماتے تھے، جب زید بن حارثہ

کہیں سفر سے واپس آتے تو فرطِ شوق سے لپک کر گلے لگاتے تھے حضرت اسامہ بن زید کی کسی بات کو رد نہیں کرتے تھے یہ حب الرسول سے مشہور تھے صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین ان سے سفارش کراتے تھے، حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بہت عزیز رکھتے تھے۔ فرمایا، سلمان منا اہل بیت کہ سلمان ہم اہلِ بیت میں سے ہیں۔ حضرت بلال اور حضرت عمار بن یاسر، حضرت ابوذر غفاری، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم محبوبین مخصوصین میں شمار ہوتے تھے۔

ازواج مطہرات: وفات کے وقت آنحضور ﷺ کے نکاح میں کل نو ازواج مطہرات تھیں، یہ بیویاں تھیں جن کے فضائل قرآن کریم میں آئے ہیں کہ تم عام عورتوں کی مانند نہیں ہو، ینساء النبی لستن کأحدٍ من النساء (سورہ احزاب) یہ حرم نبی ہیں ان کو دنیا کی تمام عورتوں میں خصوصی امتیاز وفضیلت حاصل ہے۔

(۱) حضرت سودہ بن زمعہ رضی اللہ عنہا ان سے قبلِ ہجرت نکاح فرمایا۔

(۲) حضرت عائشہ بن ابی بکر رضی اللہ عنہا ان سے بھی ہجرت سے قبل نکاح ہوا اور رخصتی مدینہ میں ایک ہجری میں ہوئی۔

(۳) حضرت حفصہ بن عمر رضی اللہ عنہا ان سے شعبان ۳ھ میں نکاح فرمایا۔

(۴) حضرت ام سلمہ بن ابی امیہ رضی اللہ عنہا ان سے شعبان ۴ھ میں نکاح فرمایا۔

(۵) حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا ان سے ۵ھ میں نکاح فرمایا یہ آنحضرت ﷺ کی پھوپھی زاد بہن ہیں۔

(۶) حضرت ام حبیبہ بنت ابی سفیان رضی اللہ عنہا ان سے ۶ھ میں نکاح فرمایا اور خلوت ۷ھ میں ہوئی۔

(۷) حضرت جویریہ بنت حارث رضی اللہ عنہا ان سے ۶ھ میں نکاح فرمایا۔

(۸) حضرت میمونہ بنت حارث ہلالیہ رضی اللہ عنہا ان سے ۷ھ میں نکاح فرمایا۔

(۹) حضرت صفیہ بنت حی بنت اخطب رضی اللہ عنہا ان سے ۷ھ میں نکاح فرمایا یہ یہودی سردار کی صاحبزادی تھیں۔

(۱۰) حضرت خدیجۃ الکبریٰ بنت خویلد رضی اللہ عنہا آپ نے سب سے پہلے انھیں کی خواہش و پیغام پر نکاح کیا تھا جب کہ آپ کی عمر شریف ۲۵ سال تھی اور وہ بیوہ چالیس سال کی باعزت مالدار خاتون تھیں آپ کی تمام اولاد سوائے حضرت ابراہیمؑ کے انھیں کے بطن سے ہیں یہ

ہجرت سے قبل وفات پاگئیں تھیں، آنحضور ﷺ ان کی بہت قدر فرماتے تھے ہمیشہ یاد کرتے رہے۔

(۱۱) حضرت زینب بن خزیمہ رضی اللہ عنہا ان سے ۳ھ میں نکاح فرمایا مگر دو یا تین ماہ کے بعد یہ وفات پاگئیں۔

اولاد الرسول ﷺ: آنحضور ﷺ کی تمام اولاد سوائے حضرت ابراہیم بن محمد علیہ السلام کے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے ہیں۔ حضرت زینب رضی اللہ عنہا جن کا نکاح ابوالعاص سے ہوا تھا حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا، حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا ان دونوں صاحبزادیوں کا نکاح حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے ہوا پہلے رقیہؓ سے، ان کی وفات کے بعد ام کلثومؓ سے، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا یہ آنحضور ﷺ کی سب سے چھوٹی اور سب سے محبوب صاحبزادی تھیں، ان کا نکاح حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے ہوا تھا۔

انھیں صاحبزادی سے آپ ﷺ کا سلسلہ نسب چلا ہے حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہما انھیں کے بطن سے ہیں اور رسول اللہ ﷺ کے سلسلہ کو جاری رکھنے والے ہیں۔

حضرت عبداللہ جن کا لقب طاہر اور طیب ہے اور حضرت قاسم یہ دونوں صاحبزادے بھی حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے تھے، ہجرت سے قبل مکہ میں وفات پائے حضرت قاسمؑ حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے تھے یہ دو تین سال کے بعد وفات پائے۔

سیرۃ النبی ﷺ کی یہ ایک جھلک ہے سیرۃ مبارکہ کا مطالعہ اس لیے ضروری ہے کہ اس کے بغیر آپ ﷺ کو ایک مسلمان نمونہ کامل بنانے پر قادر نہیں ہوگا آپ جہاں داعی برحق ہیں تو وہیں انسانِ کامل بھی ہیں۔ آپ شوہر بھی ہیں آپ باپ بھی ہیں، آپ خسر بھی ہیں آپ داماد بھی ہیں، آپ تاجر بھی ہیں آپ قائد بھی ہیں۔ آپ سپہ سالار بھی ہیں آپ مظلوم بھی ہیں، آپ مہاجر بھی ہیں آپ نے زخم بھی کھائے آپ نے مشقت بھی جھیلی آپ نے بھوک بھی برداشت کی آپ نے بکریاں بھی چرائیں آپ نے سیادت بھی فرمائی۔ آپ نے معاملات بھی کیے، آپ نے لین دین بھی فرمایا، آپ نے قرض بھی لیا، آپ نے ایک انسان کی حیثیت سے معاشرہ کا ہر وہ کام کیا جو ایک انسان فطری طور پر کرتا ہے۔ اس لیے آپ کو نمونہ بنائے بغیر نہ کوئی کامیاب باپ، شوہر، خسر، داماد، تاجر و سپہ سالار بن سکتا ہے اور نہ ہی حق تعالیٰ کی کما حقہ اپنی طاقت بھر اطاعت و عبادت کرسکتا ہے آپ کی سیرت طیبہ حیات انسانی کے ہر گوشہ کا کامل احاطہ کرتی ہے۔

❁ ❁ ❁

نبیؐ — فکری اور اجتہادی بصیرت کے چند جلوے

از: مفتی شکیل منصور الحسنی القاسمی
استاذ مجمع عین المعارف للدراسات الاسلامیہ، کیرالہ

اسلام کا دائمی معجزہ اور ہمیشگی کی حجۃ اللہ البالغہ ''قرآن'' کے بعد اگر کوئی چیز ہے تو وہ صاحب قرآن کی ''سیرت'' ہے۔ دراصل ''قرآن'' اور ''حیات نبوی ﷺ'' معاً ایک ہی ہیں، قرآن متن ہے تو سیرت اس کی شرح۔ قرآن علم ہے تو سیرت اس کا عمل، قرآن ما بین الدفتین ہے تو یہ ایک مجسم و ممثل قرآن تھا جو مدینہ کی سرزمین پر چلتا پھرتا نظر آتا تھا، کان خلقه القرآن.

سیرت نبوی کا اعجاز ہے کہ اس کے اندر ہزاروں روشن پہلو ہیں۔ دنیا کو جس پہلو یا گوشے سے روشنی اور گرمی مطلوب ہو، اس کو سیرت نبوی ﷺ کے بے مثال خزانہ میں وہ اسوہ اور نمونہ مل جاتا ہے جس سے اپنے ہمہ نوعیتی مسائل و مشکلات کا کامیاب ترین حل نکال لے۔ آپ ﷺ کی زندگی کا کوئی گوشہ تاریکی میں نہیں۔ آپ ﷺ کی حیات طیبہ کے تمام ہی پہلو سورج سے زیادہ ظاہر وعیاں ہوکر دنیا کے سامنے موجود ہیں، آپ جس پیغام الٰہی کو لے کر دنیا میں تشریف لائے، وہ ساری انسانیت کیلئے ایک ہمہ گیر، مستحکم و مضبوط اور ''عائمی نظام حیات'' ہے اور اس نے اپنی اس امتیازی شان، ہمہ گیری اور دوامی حیثیت کی بقاء کی خاطر اپنے اندر ایسی لچک اور گنجائش رکھی ہے کہ ہر دور میں اور ہر جگہ انسانی ضروریات کا ساتھ دے سکے اور کسی منزل پر اپنے پیروں کی رہبری سے عاجز و قاصر نہ رہے۔

لوگوں کو جس قسم کے مسائل و حالات پیش آسکتے ہیں، ان کی بنیادی طور پر دو قسمیں ہیں:

(۱) وہ مسائل جن میں حالات و زمانے کے اختلاف سے کوئی تغیر پیدا نہ ہو۔ ایسے مسائل کیلئے شروع ہی سے شریعت میں تفصیلی احکام و قواعد ثابت و موجود ہیں۔ جیسے نکاح، طلاق، محرمات اور میراث وغیرہ کے احکام۔

(۲) وہ مسائل جو حالات و زمانے کے بدلنے سے متغیر ہوسکتے ہوں ایسے مسائل کے بارے میں شریعت نے کوئی تفصیلی احکام نہیں چھوڑے ہیں؛ بلکہ اس سلسلے میں عام قواعد اور بنیادی اصول ومبادی وضع کردی ہے اور امت کے بالغ نظر اور بلند پایہ فقہاء کیلئے یہ گنجائش چھوڑ دی ہے کہ شریعت کے مقاصد، اس کے مزاج و مذاق، احکام شرع کے مدارج اور دین کی بنیادی اصول و قواعد کو سامنے رکھ کر ان مسائل کے احکام تلاش کریں؛ لیکن اس مقصد کیلئے یہ ضروری ہے کہ علمائے امت کے سامنے سیرت نبوی کا فکری اور اجتہادی پہلو ہو جس کی رہنمائی میں ہر زمانہ کے علماء وفقہاء غیر منصوص اور نئے پیش آمدہ مسائل میں شرعی غور وفکر کے ذریعہ کوئی شرعی حکم نکال سکیں۔ سیرت نبوی کا اعجاز دیکھئے کہ اس میں وہ قیاس واجتہاد کے ایک دو نہیں متعدد علمی نمونے موجود ہیں جن کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ نے خود اپنے قول وسیرت سے یہ راہ کھلی رکھی ہے تاکہ کتاب وسنت کے اصولی ہدایات کی تطبیق پیش آنے والی جزئیات یہ قیامت تک جاری رہ سکے۔ ذیل کی سطروں میں ہم انتہائی اختصار کے ساتھ آپ ﷺ کے اسی گوشہ کو اجاگر کرنے کی کوشش کریں گے۔

نبی ﷺ کا استنباط واجتہاد

علماء اصول کا اس بارے میں اختلاف ہے کہ غیر منصوص مسائل میں آپ ﷺ کیلئے اجتہاد جائز تھا یا نہیں؟ جمہور علماء اصول کے یہاں جائز ہے۔ معتزلہ اور ابن حزم ظاہری کے یہاں جائز نہیں ہے۔(۱)

پھر جو لوگ اجتہاد نبی ﷺ کو جائز قرار دیتے ہیں ان کے مابین دو باتوں میں اختلاف ہے:

(الف) کس قسم کے مسائل میں آپ ﷺ نے اجتہاد کیا ہے؟

(ب) آپ ﷺ کب اجتہاد فرمایا کرتے تھے؟

علامہ قرافیؒ، علامہ عبدالعزیز بخاریؒ اور علامہ شوکانیؒ نے اس پر جمہور علمائے امت کا اتفاق نقل کیا ہے کہ آپ ﷺ نے جنگی امور اور دنیوی معاملات کے سلسلے میں اجتہاد فرمایا ہے۔

بخاری کے الفاظ یہ ہیں: کلهم قد اتفقوا علیٰ أن العمل یجوز له بالرأی فی الحروب وامور الدنیا۔(۲)

علامہ قرافی بھی یہی فرماتے ہیں: محمل الخلاف فی الفتاویٰ. امّا الأقضیة فیجوز

الأجتهاد بالاجماع" (۳)

لیکن کیا آپ ﷺ نے شرعی امور میں بھی اجتہاد کیا ہے یا نہیں؟ اس بارے میں اصولیین کا قول مختلف ہے۔ دلائل کی روشنی میں جو قول نکھر کر سامنے آتا ہے وہ یہ ہے کہ آپ ﷺ نے شرعی امور میں بھی اخذ واستنباط سے کام لیا ہے۔ (۴) جس کی سب سے بڑی اور واضح دلیل یہ ہے کہ آپ ﷺ نے کیفیت اذان کے سلسلے میں اپنے صحابہ کے ساتھ اجماعی غور وتدبیر کے بعد اپنے اجتہاد وقیاس سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مشورہ پر ایک فیصلہ فرمایا اور پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اذان دینے کا حکم فرمایا۔ غور کیا جاسکتا ہے کہ ''اذان'' کوئی دنیوی یا جنگی معاملہ نہیں؛ بلکہ خالص اللہ کا حق ہے اور شعائر دین ومذہب ہے؛ لیکن اس میں بھی آپ کا اجتہاد وقیاس ثابت ہے۔ اس سلسلے میں مزید دلائل کی طرف بعد میں اشارہ کیا جائے گا۔

اجتہاد نبوی کی کیفیت کے سلسلے میں جمہور محدثین اور ائمہ ثلاثہ کا رجحان یہ ہے کہ آپ ﷺ کسی بھی واقعہ کے پیش آتے ہی اجتہاد کرلیا کرتے تھے اس سلسلے میں آپ وحی کا انتظار نہیں فرماتے تھے؛ لیکن اس بارے میں احنافؒ کا راجح نقطۂ نظر یہ ہے کہ آپ ﷺ پیش آمدہ مسائل میں پہلے ''وحی'' کا انتظار کرتے اگر ''مدت انتظار'' میں وحی نازل ہوجاتی تو فبہا ورنہ آپ ﷺ اجتہاد وقیاس کے ذریعہ ان کا حل بتادیتے۔

علامہ سرخسیؒ تحریر فرماتے ہیں: وأصح الأقاويل عندنا أنه عليه الصلوة فيما كان يبتلى به من الحوادث التي ليس فيها وحي منزل، كان ينتظر الوحي إلى أن تمضَي مدة الانتظار ثم كان يعمل بالرأي والإجتهاد(۵)

آپ ﷺ فکر واجتہاد کے مامور تھے

(۱) بنونظیر جب مدینہ طیبہ سے شام جلاوطن کردیئے گئے تو اللہ تعالیٰ نے اہل بصیرت کو ان کی بدعہدی اور شرارت پہ عبرت دلاتے ہوئے فرمایا: ''فاعتبروا يا أولي الابصار'' ''اعتبار، کہتے ہیں کسی چیز کی حقیقت ودلائل میں غور وفکر کرکے اسی جنس کی دوسری چیز کو جان لینا''

آیت میں ارباب بصیرت، صاحب نظر وفکر لوگوں کو غور وتدبر کا بالعموم حکم دیا گیا ہے۔ اور نبی کریم ﷺ سے بڑھ کر کون بالغ نظر ہوسکتا ہے؟ لہٰذا آیت پاک میں جس غور وفکر کا حکم دیا جارہا ہے آپ ﷺ بھی اس کے عموم میں داخل ہیں اور اجتہاد وقیاس کے مکلّف آپ ﷺ بھی ہوئے۔ (۶)

(۲) واذا جاء هم امر من الأمن اوالخوف أذاعوبه ولوردوهُ إلى الرسول وإلى أولى الامر منهم لعلم الذين ليستنبطونهٗ منهم. امام رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ آیت پاک میں استنباط وتحقیق کے اندر اللہ تعالیٰ نے نبی پاک ﷺ اور اولی الامر اور حاکموں کو یکساں قرار دیا ہے، جس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ آپ ﷺ اخذ واستنباط کے مکلّف تھے، فعلم من ذلك أن الرسول عليه الصلاة والسلام مكلف بالاستنباط (۷)

آیت پاک میں "أمر من الامن اوالخوف" سے اس نظریہ کو بھی تقویت ملتی ہے کہ آپ ﷺ شرعی مسائل میں بھی اجتہاد کرتے تھے، اس لئے کہ لفظ "اَمــــرٌ" مطلق آیا ہے، اور جس طرح سے جنگ وجدال میں امن وخوف کی حالت ہوتی ہے اسی طرح امور دینیہ میں بھی امن وخوف کی حالت کا تحقق ممکن ہے، لہٰذا یہ ماننا پڑے گا کہ جس طرح آپ ﷺ جنگی امور میں اجتہاد فرمایا کرتے تھے اسی طرح شرعی امور میں بھی آپ ﷺ اجتہاد وقیاس کے مامور ومجاز تھے۔ (۸)

(۳) لولا كتاب من الله سبق لمسكم فيما أخذتم عذاب عظيم. (۹)

بدر کی لڑائی میں ستر کافر مسلمانوں کے ہاتھوں میں قید ہوکر آئے، آپ ﷺ نے ان قیدیوں کے سلسلہ میں مشورہ طلب کیا۔ حضرات صحابہ نے اجتماعی غور وتدبر کے بعد ان قیدیوں کے سلسلے میں مشورہ دیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے رائی یہ تھی کہ فدیہ لے کر ان تمام قیدیوں کو چھوڑ دیا جائے، جبکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی رائے یہ تھی کہ تمام قیدیوں کو قتل کر دیا جائے، حضرت سعد بن معاذؓ کی بھی یہی رائے تھی۔ کافی بحث وتمحیص کے بعد نبی کریم ﷺ نے اپنی طبعی رافت ورحمت کی بناء پر حضرت ابوبکرؓ کے مشورہ پر عمل کیا۔ اور تمام قیدیوں کو فدیہ لے کر رہا کر دیا گیا۔ لیکن آپ کے اس فیصلہ کو خدا تعالیٰ کی جانب سے اجتہادی غلطی قرار دی گئی اور پھر آیت مذکورہ میں جو سخت عتاب آمیز لہجہ اختیار کیا گیا وہ آپ دیکھ رہے ہیں۔ آیت پاک سے دو مسئلے ثابت ہوتے ہیں: اوّل: یہ کہ کسی پیش آمدہ مسائل میں کتاب وسنت میں کوئی حکم نہیں ملتا تو آپ ﷺ کیلئے اجتہاد کرنا جائز تھا۔ دوم: یہ ہے کہ جس طرح آپ ﷺ کیلئے جنگی امور میں اجتہاد کرنا جائز تھا۔ اسی طرح شرعی امور میں بھی آپ اجتہاد کے مکلّف تھے۔ جنگ بدر کا معاملہ صرف ایک جنگی حد تک محدود نہ تھا بلکہ یہ جنگ ایمان وکفر، حق وباطل کی فیصلہ کن لڑائی ہونے کی وجہ سے مذہبی وشرعی معاملہ کی حیثیت اختیار کر گئی تھی۔

امام رازیؒ فرماتے ہیں: فالآية صريحة في بيان أن الرسول عليه الصلاة والسلام

كان يحكم بمقتضى الاجتهاد في الوقائع التي لم ينزل بها نص او وحي.(۱۰)

(۴) فتح مکہ کے دن مکہ المکرّمہ کی حرمت وعظمت کو بیان کرتے ہوئے آپ ﷺ نے ارشادفرمایا: فهو حرام بحرمة الله تعالىٰ الى يوم القيامة، لا يُعضد شوكة ولا ينفر صيده ولا تلتقط لقطة الّا من عرّفها ولا يختل خلاها.

حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یارسول اللہ! آپ ﷺ تمام گھانسوں کو ممنوع فرمارہے ہیں، حالانکہ ''اذخر'' کی ضرورت ہم لوگوں کو گھر کی چھتوں میں پڑتی رہتی ہے؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "إلا الاذخر" حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ کا پھر ''اذخر'' کا استثناء کردینا اس بات کی دلیل ہے کہ گھاس وغیرہ کی حرمت کے سلسلہ میں آپ ﷺ نے اجتہاد کیا تھا۔ وهذا مبنى على ان الرسول كان له ان يجتهد في الاحكام(۱۱)

(۵) قریش نے اپنے دور میں خانہ کعبہ جو تعمیر کی تھی۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تعمیر کے خلاف تھی۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے سوال کیا: ألا تردها على قواعد ابراهيم؟ آپ ﷺ نے فرمایا: لولا حدثان قومك بالكفر لفعلت(۱۲)

آپ کا یہ ارشاد بھی اس بات کی دلیل ہے کہ آپ ﷺ نے قریش کی تعمیر کردہ بنیاد کو جو باقی رکھا وہ آپ ﷺ کا اجتہاد تھا۔ اس لئے کہ اگر آپ ﷺ عمارت منہدم کرنے کا مامور ہوتے تو خوف فتنہ اس سے قطعاً مانع نہیں ہوتا۔

مذکورہ بالا دلائل سے یہ بات واضح ہوگئی کہ آپ ﷺ اجتہاد وقیاس کے مامور ومکلّف تھے، آپ ﷺ نے دینی ودنیوی تمام ہی امور میں اجتہاد کیا ہے۔ ذیل میں قدرے تفصیل بیان کی جاتی ہے کہ کن کن معاملات میں آپ ﷺ نے اجتہاد سے کام لیا ہے۔

دنیوی امور میں آپ ﷺ کے اجتہادات

(۱) ام المومنین حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے یہاں آپ ﷺ نے شہد نوش فرمایا، حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہما کو اس کا علم ہوا تو دونوں نے اس بات پر اتفاق کرلیا کہ ہم میں سے جس کے پاس حضور تشریف لائیں، ہر کوئی یہ کہے کہ حضور آپ کے منہ سے مغافیر کی بو آرہی ہے! ایسا ہی ہوا، آپ حضرت عائشہ اور حفصہؓ میں سے جن کے پاس تشریف لے گئے آپ سے یہی سوال ہوا، آپ ﷺ نے فرمایا نہیں، میں نے زینب کے پاس شہد پیا ہے۔ اگر تم

لوگوں کو اس شہد کی وجہ سے ناراضگی ہوئی تو دیا رکھو! آج سے میں شہد ہی نہیں پیونگا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی: لم یحرم ما احل اللہ لك. (۱۳) آپ ﷺ نے بعض ازواج کی دلجوئی کے واسطے اپنے اوپر شہد کو حرام کیا گیا، یہ محض آپ کا قیاس تھا۔

(۲) آپ مدینہ طیبہ تشریف لائے تو دیکھا کہ انصار مدینہ تر کھجور کا پیوند مادہ کھجور کو لگاتے ہیں تو کھجور زیادہ ہوتی ہے، آپ ﷺ نے انصار کو اس طرز عمل سے منع کر دیا۔ اتفاق سے اس سال مدینہ میں کھجور کی پیداوار بالکل گھٹ گئی تو آپ ﷺ نے پھر اجازت دے دی (۱۴) پہلے تابیر نخلہ کی ممانعت آپ ﷺ کا اجتہاد تھا۔

(۳) آپ ﷺ اکابر قریش کو اسلام کی دعوت وتبلیغ میں مشغول تھے، اسی دوران حضرت عبداللہ بن ام مکتوم حاضر مجلس ہوئے، آپ ﷺ نے کفار ومشرکین کے قبول اسلام کی امید پر نابینا صحابی سے منھ پھیر لیا، جس پر آیت: عبس و تولّی الخ نازل ہوئی — آپ ﷺ کا یہ اعراض محض اجتہاد تھا۔ (۱۵)

جنگی امور میں آپ ﷺ کے اجتہادات

(۱) بدر کی لڑائی کے سلسلے میں آپ ﷺ نے اپنی رائے سے ایک جگہ متعین کی تھی، بعد میں حضرت حباب بن المنذر کی رائے سے وہ جگہ بدل دی۔ پہلی جگہ کے سلسلے میں آپ ﷺ نے اجتہاد کیا تھا۔ (۱۶)

(۲) اساری بدر کے سلسلے میں آپ ﷺ نے جو کچھ فیصلہ فرمایا تھا — وہ آپ کا اجتہاد تھا۔

(۳) غزوۂ احد کے سلسلے میں مدینہ سے باہر نکلنے یا نہ نکلنے میں آپ ﷺ نے اجتہاد کیا تھا کہ مدینہ ہی میں رہ کر دشمنوں کا مقابلہ کیا جائے۔ بعد میں اس تعلق سے آپ ﷺ پر وحی آئی۔ (۱۷)

(۴) ''خندق'' غزوۂ احزاب میں حضرت سلمان فارسی کی رائے پر آپ نے عمل کیا۔ یہ آپ کا اجتہاد تھا۔ اس سلسلہ میں آپ ﷺ پر کوئی وحی نازل نہیں ہوئی تھی۔ (۱۸)

(۵) غزوۂ خندق میں قبیلہ غطفان کے دوسردار عیینہ بن الحصن اور ''الحارث بن عوف المروی'' سے مدینہ کی ثلث کھجور پر مصالحت کی پیشکش کی تھی۔ یہ صرف آپ ﷺ کا اجتہاد تھا۔ (۱۹)

(۶) غزوۂ تبوک میں بعض منافقوں کے اعذار کی وجہ سے آپ ﷺ نے انہیں جنگ میں شریک نہ ہونے کی اجازت ورخصت دیدی تھی۔ یہ آپ ﷺ کا اجتہاد تھا۔ (۲۰)

معاملات وقضایا میں آپ ﷺ کے اجتہادات

(۱) حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کو آپ ﷺ نے اپنی اس بیوی سے رجوع کا حکم دیا تھا جس کو انھوں نے حالت حیض میں طلاق دی تھی۔ (۲۱) یہ آپ ﷺ کا اجتہاد تھا۔

(۲) حضرت ابوسفیانؓ کی بیوی ''ہند بنت عتبہ'' نے جب حضرت ابوسفیانؓ کی بخالت کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: "خذی من ماله بالمعروف ما یکفیك و یکفی بینك. (۲۲) عورت کی ضرورت وکفایت کے بقدر شوہر پر نفقہ کا واجب کرنا آپ ﷺ کا اجتہاد تھا۔

عبادات میں آپ ﷺ کے اجتہادات

(۱) کیفیت اذان کے سلسلے میں حضرات صحابہ سے مشورہ کے بعد آپ ﷺ نے جو کچھ فیصلہ فرمایا وہ آپ ﷺ کا اجتہاد تھا۔ اس سلسلہ میں کوئی وحی وغیرہ نازل نہیں ہوئی تھی۔ (۲۳)

(۲) ابتداء میں بیت المقدس آپ ﷺ کا قبلہ تھا اور ۱۶ یا ۱۷ مہینہ ادھر ہی رخ کرکے آپ ﷺ نے نماز ادا کی، لیکن آپ ﷺ کی خواہش تھی کہ آپ کا قبلہ مسجد حرام ہوجائے، چنانچہ آیت نازل ہوئی: قد نریٰ تقلب وجهك فی السماء آپ ﷺ نے مسجد حرام کے قبلہ ہونے میں اجتہاد وقیاس کیا تھا۔ (۲۴)

(۳) منبر سازی کے سلسلہ میں آپ ﷺ نے اپنے ساتھیوں کی درخواست قبول فرمائی۔ یہ آپ کا اجتہاد تھا۔ (۲۵)

(۴) جماعت کی نماز چھوڑنے والے کے سلسلے میں آپ ﷺ کا اجتہاد تھا کہ لکڑیاں جمع کرکے انہیں جلادیا جائے، لیکن پھر آپ ﷺ نے اس ارادہ سے رجوع کرلیا۔ (۲۶) اگر تارک الجماعۃ کو جلانے کا حکم منجانب اللہ ہوتا تو آپ ﷺ اس سے رجوع نہ فرماتے۔

(۵) رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی ابن سلول کیلئے آپ ﷺ نے استغفار کیا تھا۔ یہ آپ ﷺ کا اجتہاد تھا۔ (۲۷)

(۶) حضرت ابوطالب سے آپ ﷺ نے فرمایا تھا لاستغفرن لك مالم اُمن (۲۸)

فأنزل الله تعالیٰ: ما کان للنبی والذین آمنو ان یستغفروا للمشرکین آپ ﷺ کا اپنے چچا کیلئے استغفار کا ارادہ محض آپ ﷺ کا اجتہاد تھا۔

مذکورہ دلائل سے یہ بات واضح ہوگئی کہ آپ ﷺ نے تمام ہی قسم کے معاملات میں اجتہاد و استنباط سے فیصلے کیے ہیں۔ البتہ آپ ﷺ کے اجتہاد اور امت کے مجتہدین کے اجتہادات میں آسمان وزمین کا فرق ہے۔ آپ کے اجتہاد میں ''ہدی ہی ہدی'' ہے۔

اگر آپ ﷺ کا اجتہاد مشیت الٰہی کے مطابق نہیں ہوتا تو ہر وقت وحی کے ذریعہ آپ ﷺ کو صحیح واقعہ کی رہنمائی کردی جاتی تھی؛ لیکن اتنا مسلّم ہے کہ آپ ﷺ نے حالات وواقعات میں اپنے اجتہاد واستنباط سے کام لیا ہے۔

آپ ﷺ کے اجتہادات کا حکم

آپ ﷺ نے جن مسائل میں اخذ واستنباط سے کام لیا ہے، تو کیا آپ ﷺ اپنے تمام اجتہاد میں درستگی ہی پر تھے یا آپ ﷺ سے خطاء وچوک بھی واقع ہوا ہے؟ جمہور محدثین کی یہی رائے ہے کہ آپ ﷺ اپنے اجتہادات میں معصوم عن الخطاء تھے، جبکہ احناف کا اس سلسلے میں نقطۂ نظر یہ ہے کہ آپ ﷺ کے اجتہادات میں خطاء بھی واقع ہوئی ہے۔ البتہ وحی کے ذریعہ اس کو منسوخ کرکے صحیح واقعہ کی رہنمائی فی الفور کردی جاتی تھی۔ دلائل کی روشنی میں احناف کا قول زیادہ راجح معلوم ہوتا ہے۔ اس لئے کہ آپ ﷺ کی جس اجتہادی غلطی پر خدا کی جانب سے تنبیہ کی گئی ہے، اس میں ''عفا اللہ عنك'' کا لفظ استعمال ہوا ہے، لفظ ''عفو'' اسی وقت استعمال ہوسکتا ہے جبکہ اس سے پہلے ''خطا'' کو موجود مانا جائے۔

(۲) ''لم اذنت لھم'' میں استفہام انکاری ہے، جس سے پتہ چلتا ہے کہ منافقوں کو غزوۂ تبوک میں عدم شرکت کی اجازت دینا آپ ﷺ کی چوک تھی۔

(۳) حضرت قتادہ اور عمرو بن میمون فرماتے ہیں ''اثنان فعلھما الرسول لم یؤمر بشیء منھما إذنه للمنافقین، واخذہ الفداء فی الأسریٰ، فعاتبه اللہ کما تسمعون''(۲۹)

بہر حال آپ ﷺ کے اجتہادات میں خطاء کا واقع ہوجانا ممکن ہے، لیکن وحی کے ذریعہ اس کو منسوخ کردیا جاتا۔ آپ ﷺ کے خطاء اجتہادی کو برقرار نہیں رکھا جاتا تھا۔ (۳۰)

دور نبوی میں حضرات صحابہ کا اجتہاد

اجتہاد نبی ﷺ کی طرح یہ مسئلہ بھی انتہائی اہم ہے کہ آپ ﷺ کے رہتے ہوئے حضرات

صحابہ کا کسی پیش آمدہ مسئلہ میں اجتہاد کرنا جائز تھا یا نہیں؟ اس بارے میں جمہور علماء اور احناف کی رائے یہ ہے کہ جس طرح آپ ﷺ کو نئے اور غیر منصوص مسائل میں اجتہاد کی اجازت تھی، اسی طرح حضرات صحابہ کیلئے بھی یہ جائز تھا کہ وہ اپنے اجتہاد و قیاس کے ذریعہ نوازل و واقعات کا حل تلاش کریں۔ ذیل میں ہم اس کی بھی چند مثالیں پیش کرتے ہیں:

(۱) حضرت سعد بن معاذؓ نے حضور ﷺ کے اشارہ سے یہود بنو قریظہ کے سلسلہ میں جو فیصلہ دیا تھا کہ "انی أحکم فیھم ان یقتل الرجال و تقسم الاموال و تسبی الذرایا والنساء.

آپ ﷺ کا یہ فیصلہ آپ ﷺ کا اجتہاد تھا۔ آپ ﷺ نے آپؓ کے اس اجتہادی فیصلہ کی پرزور الفاظ میں تحسین فرمائی: لقد حکمت فیھم بحکم اللّٰہ من فوق سبع ارفعة (سماوات)

(۲) غزوۂ احزاب سے واپسی کے موقع پر آپ ﷺ نے صحابہ سے فرمایا تھا "لا یصلین احدکم العصر، الا فی بنی قریظة" بعض صحابہ نے اس ارشاد کو حقیقی معنی پر معمول کرتے ہوئے بنی قریظہ میں عصر کی نماز ادا کرلی اور وقت کی تاخیر کی کوئی پروانہیں کی۔ جبکہ دیگر صحابہ نے اجتہاد کیا اور اس ارشاد نبوی کو محض غایت سرعت پر محمول کیا اور یہ خیال کیا کہ بنو قریظہ ہی میں عصر پڑھنا مقصود نہیں ہے؛ بلکہ مقصود جلدی پہنچنا ہے۔ چنانچہ ان لوگوں نے راستہ ہی میں وقت پر عصر کی نماز پڑھ لی، آپ ﷺ کو جب واقعہ کا علم ہوا تو آپ ﷺ نے کسی فریق کو بھی برا بھلا نہیں کہا۔ گویا آپ ﷺ نے ان کے اجتہاد کو بھی معتبر مانا اور عمل بالظاہر کو بھی صحیح قرار دیا۔

(۳) مقام بدر میں مسلمانوں کی چھاؤنی بنانے کے سلسلہ میں، غزوۂ احزاب میں مدینہ کے اردگرد خندق کھودنے کے سلسلہ میں اور غزوۂ احد میں مدینہ کے اندر یا باہر رہ کر مقابلہ کرنے کے سلسلہ میں حضرات صحابہ نے جو کچھ بھی مشورہ دیا تھا۔ یہ ان کا اجتہاد تھا، آپ ﷺ نے ان کے اجتہاد کو معتبر مانا۔

یہ تو حضرات صحابہ کے وہ اجتہادات تھے جو آپ ﷺ کی موجودگی میں انجام پائے تھے۔ ان حضرات کے بعض ایسے اجتہادات بھی ہیں جو انھوں نے آپ ﷺ کی غیبوبت میں انجام دیں لیکن جب آپ کو اس کا علم ہوا تو آپ ﷺ نے اس کو صحیح قرار دیا، مثلاً:

(۱) کسی سفر میں حضرت عمر اور حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما کو غسل جنابت کی حاجت ہوئی پانی دستیاب نہیں تھا جس سے غسل کر سکتے۔ تیمّم کی نوبت آئی، دونوں حضرات نے تیمّم غسل کی کیفیت کے سلسلہ میں اجتہاد سے کام لیا۔ حضرت عمارؓ نے مٹی کے استعمال کو پانی پر قیاس کرتے

ہوئے پورے جسم پر مٹی مل لی اور نماز ادا کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا اجتہاد یہ تھا کہ مٹی جنابت دور کیسے کرسکتی ہے؟ انھوں نے نماز ہی نہیں پڑھی ۔ان دونوں کے واقعہ کا آپ ﷺ کو علم ہوا، تو آپ ﷺ نے کوئی ایسی بات ارشاد نہیں فرمائی جس سے ان حضرات کے اجتہاد کی تردید وممانعت ثابت ہوتی ہو؛ بلکہ آپ ﷺ نے صرف اس قدر فرمایا کہ تیمّم غسل اور تیمّم وضوء میں کوئی فرق نہیں ہے پورے جسم پر مٹی لیپنے کی ضرورت نہیں تھی۔

(۲) حضرت عمرو بن العاص کو غزوۂ ذات السلاسل میں غسل کی حاجت ہوئی، سردی اتنی سخت تھی کہ پانی سے غسل کرنا ممکن نہیں تھا آپ نے تیمّم کیا اور اپنے تمام ساتھیوں کو نماز پڑھائی۔ آپ ﷺ کو جب معلوم ہوا تو آپ ﷺ نے پوچھا کہ تم نے ناپاکی کی حالت میں ساتھیوں کو نماز پڑھادی، حضرت عمر بن العاص نے فرمایا: میں نے اللہ کا یہ ارشاد سنا ہے ولا تقتلوا انفسکم ان اللّٰہ کان بکم رحیماً، آپ ﷺ یہ جواب سن کر ہنس پڑے۔(۳۱) اوران کے اس اجتہاد و استنباط پر کوئی نکیر نہیں فرمائی۔

(۳) حضرت معاذ بن جبل کو یمن کا قاضی بنا کر بھیجنے کا وہ مشہور واقعہ بھی ہے جس میں انھوں نے آخر میں کہا تھا "اجتہد برائ" آپ ﷺ نے ان کے اس اجتہاد وقیاس کو نہ صرف معتبر مانا بلکہ ان کو شاباشی دی کہ "الحمد للّٰہ الذی وفق رسول رسول اللّٰہ بما رضی لہ رسول اللّٰہ (۳۲) اگر آپ ﷺ کے رہتے ہوئے حضرات صحابہ کا اجتہاد از رائے شرع ناجائز ہوتا تو آپ ﷺ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے اس جملہ کی فوراً تردید فرماتے؛ لیکن آپ ﷺ نے مذکورہ تمام واقعات میں حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کے اجتہادات کو معتبر مانا۔

یہ چند واقعات ہیں، جن کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اسلامی قانون وشریعت جامد ومعطل نہیں ہے؛ بلکہ اس میں ایسی لچک موجود ہے کہ نو پیش آمدہ مسائل کو کتاب وسنت کے حدود میں رہتے ہوئے کتاب وسنت کے اصولی ہدایات پر منطبق کیا جاسکے۔ یعنی سیرت نبوی کا اجتہادی پہلو قیامت تک کیلئے یہ دروازہ کھلا رکھتا ہے کہ ہر زمانہ میں پیدا ہونے والے جدید مسائل پر اسلامی قوانین واصول کو چسپاں کیا جائے اور لوگوں کے مصالح اور ضروریات کو سامنے رکھتے ہوئے ان مسائل کا ایسا حل تلاش کیا جائے جو شریعت کے مزاج اور زمانہ کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو۔

اخذ واستنباط کی یہ کوشش ممنوع نہیں بلکہ مطلوب ہے اور دراصل یہ ہے کہ اجتہاد نہیں بلکہ بدلتے ہوئے حالات میں ائمہ مجتہدین کے آراء کی تطبیق ہے جسے فقہ کی زبان میں "تحقیق مناط" کہا جاتا

ہے۔امام ابواسحاق شاطبی نے لکھا ہے کہ اجتہاد کی یہ وہ قسم ہے جو قیامت تک باقی رہے گی۔(۳۳)

خلاصہ یہ ہے کہ دنیا کے بدلتے ہوئے نظام پر اسلامی قانون کا انطباق ان مسائل ہی میں سے ہے جس کی ضرورت واہمیت سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوتی ہے؛ بلکہ یہ کہنا زیادہ بہتر ہوگا کہ شریعت اسلامی کو زندہ وحاضر اور عصری ثابت کرنے کی سب سے بہتر اور واحد صورت یہی ہے کہ ہم اسلامی قانون کو دنیا کے سامنے اس طرح پیش کریں کہ وہ جدید مسائل وواقعات کا توازن اور مناسب حل پیش کرتا ہو۔

❁ ❁ ❁

مصادر ومراجع:

(۱) الاحکام للآمدی ۴/۱۶۵، مسلم الثبوت ۲/۳۶۱، تیسیر التحریر ۴/۱۸۳۔

(۲) کشف الاسرار شرح اصول البزدوی ۳/۹۲۶، شرح الاسنوی علی المنہاج ۳/۱۹۴۔

(۳) شرح الاسنوی علی المنہاج ۳/۱۹۴۔ (۴) ارشاد الفحول ۲۵۵۔

(۵) اصول السرخسی ۲/۹۱۔ (۶) الاحکام للآمدی ۴/۱۶۵۔

(۷) التفسیر الکبیر للرازی ۱۰/۲۰۰-۲۰۱۔ (۸) اجتہاد الرسول ۵۳۔

(۹) الانفال ۶۸۔ (۱۰) التفسیر الکبیر ۱۶/۷۴۔

(۱۱) فتح الباری ۴/۴۹۔ (۱۲) فتح الباری ۳/۴۳۹۔

(۱۳) اجتہاد الرسول ۸۷۔ (۱۴) شرح النووی لصحیح مسلم ۱۰/۱۹۰۔

(۱۵) اجتہاد الرسول ۸۸ سورۃ عبس۔ (۱۶) سیرت ابن ہشام ۲/۲۷۲۔

(۱۷) سیرت ابن ہشام ۳/۶۴-۶۷۔ (۱۸) اجتہاد الرسول ۹۴۔

(۱۹) سیرت ابن ہشام ۴/۱۰۴۔ (۲۰) اجتہاد الرسول ۹۶۔

(۲۱) الاحکام لابن دقیق العید ۲/۲۰۱۔ (۲۲) صحیح مسلم کتاب الاقضیہ

(۲۳) فتح الباری ۲/۷۷-۸۲۔ (۲۴) سیرت ابن ہشام ۲/۲۵۷۔

(۲۵) فتح الباری ۱/۴۸۶۔ (۲۶) مسلم، کتاب المساجد۔

(۲۷) تفسیر الرازی ۱۶/۱۴۶۔ (۲۸) فتح الباری ۸/۳۳۷-۳۳۹۔

(۲۹) تفسیر رازی ۱۶/۷۳، الاحکام ۴/۲۱۶۔ (۳۰) التحریر ۵۲۷۔

(۳۱) ابوداؤد ۱/۱۴۱۔ (۳۲) ابوداؤد ۲/۵۰۵۔

(۳۳) الموافقات ۳/۹۷۔

❁ ❁ ❁

’’فلم خدا کیلئے‘‘ قہرِ الٰہی کو دعوت

از: مولانا سعید احمد جلال پوری

آنحضرت ﷺ نے قربِ قیامت کی جو جو علامات ارشاد فرمائی ہیں، کسی قدر معمولی غور و فکر سے دیکھا جائے تو وہ منظر قریب قریب اب ہمارے سامنے ہے اور ایسا لگتا ہے کہ یہ ہمارا دور کہیں وہی نہ ہو، نہیں تو وہ دور ہم سے کچھ زیادہ دور نہیں ہے، اس لئے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

’’عن موسیٰ بن ابی عیسیٰ المدینیؒ، قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم ’’کیف بکم اذا فسق فتیانکم وطغیٰ نساء کم؟ قالوا یا رسول اللّٰہ! وان ذالک لکائن؟ قال نعم وأشد منہ، کیف بکم اذا لم تأمروا بالمعروف وتنھوا عن المنکر؟ قالوا یا رسول اللّٰہ وان ذلک لکائن؟ قال نعم واشد منہ کیف بکم اذا رأیتم المنکر معروفًا والمعروف منکرًا‘‘۔ (کتاب الرقائق، ابن مبارک ص:۴۸۴)

ترجمہ: ’’اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب تمہارے نوجوان بدکار ہوجائیں گے، اور تمہاری لڑکیاں اور عورتیں تمام حدود پھلانگ جائیں گی، صحابہ کرامؓ نے عرض کیا، یارسول اللہ! کیا ایسا بھی ہوگا؟ فرمایا: ہاں، اور اس سے بڑھ کر، اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا؟ جب نہ تم بھلائی کا حکم کروگے، نہ بُرائی سے منع کروگے، صحابہ کرامؓ نے عرض کیا، یارسول اللہ! کیا ایسا بھی ہوگا؟ فرمایا: ہاں، اور اس سے بھی بدتر، اس وقت تم پر کیا گزرے گی؟ جب تم برائی کو بھلائی اور بھلائی کو بُرائی سمجھنے لگو گے۔‘‘

ہمارے معاشرے کی بدلتی قدروں اور شر و فتنہ کی نت نئی شکلوں کا جائزہ لیجئے تو آنحضرت ﷺ کی یہ پیش گوئی حرف بہ حرف صادق آتی ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ اب ہم جس طرح بڑی بڑی برائیوں اور فحاشی و غلاظت کی ایمان شکن کارروائیوں کو صبر و تحمل سے برداشت کررہے ہیں، اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ہمارے ایمان وایقان کی قوت مدافعت جواب دے چکی ہے اور ہمارے

دلوں سے ایمانی غیرت اور دینی حمیت رخصت ہوچکی ہے، اور ہماری ایمانی روح مرچکی ہے۔ ہم ذلت وادبار کی کس گہرائی میں گر چکے ہیں، دین و مذہب سے کس قدر دور جا چکے ہیں؟ اور ہواوہوس پرستی، عریانی، فحاشی، راگ باجے اور خواہش نفس کے سامنے اس قدر مجبور ہوچکے ہیں، کہ نبی امی ﷺ نے جن چیزوں کو ناجائز وحرام قرار دیا تھا، ہم پوری قوت وطاقت سے ان کو حلال و جائز قرار دینے کے لئے کوشاں ہیں۔

آقائے دوعالم ﷺ تو فرماتے ہیں کہ: ”بعثت بکسر المزامیر“ (کنز العمال ص:۲۲۶، ج:۱۵) میں آلاتِ لہو ولعب کو توڑنے اور گانے بجانے کو مٹانے کے لئے مبعوث کیا گیا ہوں؛ مگر اسکے برعکس ابنائے کفر اور ذریتِ ابلیس نے ہمیں اپنی مخصوص حکمت عملی اور عیاری سے نبی امی ﷺ، قرآن اور سنت کے مقابلہ میں لاکھڑا کردیا اور ہم خدا کے نام سے منسوب فلم ”خدا کے لئے“ کے عنوان سے پورے دین ومذہب اور شریعت کا مذاق اڑانا شروع ہوگئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

چنانچہ نئی نسل کو دین و مذہب اور علماء سے متنفر وباغی کرنے، داڑھی، ارتداد کی شرعی سزا، اسلامی لباس، مذہبی عسکریت پسندی، طالبان کی اسلام پسندی کی بُرائی، قباحت اور شناعت دلوں میں بٹھانے کے علاوہ موسیقی کی حلت، مسلم لڑکی کے غیر مسلم سے نکاح، اوباش اور آوارہ زندگی، بے حیائی و بے شرمی اور خواتین کی مادر پدر آزادی پر مشتمل ایک فلم بنوائی گئی، جس کا نام سن کر ہی دانتوں پسینہ آجاتا ہے کیونکہ: ”برعکس نہند نامِ زنگی کافور“ کے مصداق جس فلم میں اللہ سے عداوت و بغاوت اور کفر وطغیان کی تعلیم دی گئی ہو، اس کا نام ”خدا کے لئے“ رکھ کر کیا نعوذ باللہ! اللہ تعالیٰ کے قہر کو دعوت نہیں دی جارہی؟ کہیں ایسا تو نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے غیظ وغضب اور قہر کو جوش آئے اور ہم سب ہی نشانِ عبرت بن جائیں؟

اس فلم کی ویب سائٹ اور اخباری اطلاعات کے مطابق اس فلم کا پس منظر یہ ہے کہ ایک گلوکار کو اللہ تعالیٰ نے کسی بندہ خدا کی برکت سے ہدایت نصیف فرمائی تو اس نے گانے بجانے اور ڈھول تماشے کی گناہ آلود زندگی کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے خیر باد کہہ کر دین وشریعت کی زندگی اپنالی، جب اس نے اس غلیظ زندگی اور غلاظت بھرے ماحول سے توبہ کرکے معصیت کی جگہ طاعت، گناہ کی جگہ نیکی، بغاوت کی جگہ اطاعت، دنیا کی جگہ آخرت، ظلم کی جگہ عدل، ہواوہوس کی جگہ دین وشریعت، گمراہی کی جگہ ہدایت کو اپنالیا اور ان کی دعوت وتبلیغ شروع کردی، تو ذریت ابلیس کے سینے پر سانپ لوٹنے لگے، ان سے یہ برداشت نہ ہوسکا کہ ایک مسلمان راہ راست پر کیسے آگیا؟

اس پر حقیقت حال کیوں کھل گئی؟ اس نے اپنی خوبصورت آواز کو حمد ونعت اور تلاوت کلام اللہ میں استعمال کرنا کیوں شروع کردیا؟ اس نے گانے باجے اور راگ ورنگ کی مذمت کیوں شروع کردی؟ اس کے اس طرز عمل سے اس کے سینکڑوں پرستاروں نے اس غلیظ کوچہ وبازار سے کیوں منہ موڑ لیا؟ اس نے اور اس کے چاہنے والوں نے مسجد ومدرسہ کا رخ کیوں کیا؟ اس کی دیکھا دیکھی مسلم نوجوان اس کی ہمنوائی کیوں کرنے لگے؟ وہ یورپ وامریکا کی جگہ حرمین شریفین کے چکر کیوں کاٹنے لگے، اس نے نفس وشیطان کو چھوڑ کر اللہ اور اس کے رسول کا دامن کیوں تھام لیا؟ وغیرہ وغیرہ۔

یہ تھا وہ دکھ اور یہ تھی وہ تکلیف اور درد جس کی وجہ سے ضلالت وگمراہی کے پجاریوں اور دین ومذہب کے غداروں کے پیٹ میں مروڑ اٹھنے لگے، چنانچہ انھوں نے مسلمانوں سے بدلہ لینے اور ان کو اس کا مزہ چکھانے کے لئے وہ کھیل کھیلا کہ شیطان بھی انگشت بدنداں ہوگا، شاید اس کو بھی یہ ترکیب نہ سوجھی ہوگی کہ کسی غلیظ فلم پر ”خدا کے لئے“ کا ٹائٹل استعمال کیا جائے، کیا کوئی مسلمان یہ گوارا کرسکتا ہے کہ کسی زناکاری، بدکاری، عیاشی، فحاشی اور جسم فروشی کے اڈے پر ”خدا کے لئے“ کا بورڈ سجادیا جائے؟ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو ایک ایسی فلم ... میں احکام اسلام، شعائر اسلام اور منصوصات شرعیہ کا انکار کیا گیا ہو، جس میں غنی اور موسیقی جیسی لعنت کو... کے بارہ میں ارشاد نبویؐ ہے: ”الغناء ینبت النفاق فی القلب کما ینبت الماء البقل“ (کنزل العمال، ص:۲۱۸، ج:۱۵) گانا باجا، دل میں اس تیزی سے نفاق پیدا کرتا ہے جس تیزی سے پانی سبزی کو اگاتا ہے... جائز وحلال باور کرانے کی کوشش کی گئی ہو، جس میں داڑھی جیسے حکم شرعی کا مذاق اڑایا گیا ہو... اس پر ”خدا کے لئے“ کا عنوان لگانا کیوں کر گوارا اور برداشت ہوسکتا ہے؟ نعوذ باللہ! کہیں یہ اس گھناؤنی سازش کا حصہ تو نہیں کہ آئندہ لوگ گناہ کو گناہ سمجھ کر نہیں؛ بلکہ نیکی سمجھ کر کیا کریں؟ کیا اس کا یہ معنی نہیں کہ آئندہ مسلمان خنزیر کے گوشت کو بکری کا گوشت سمجھ کر کھایا کریں؟ یا شرب اور پیشاب پر زمزم کا لیبل لگا کر استعمال کیا کریں؟ یا پھر نعوذ باللہ! ناچ گانے کے لب پر بیت اللہ کا بورڈ لگا کر اس کنجر خانہ کو بیت اللہ کا نام دیا جائے؟

ہائے افسوس! کہ مسلمان تقلید مغرب میں اس قدر مسخ ہوگیا ہے کہ اب وہ جھوٹ، سچ اور حق و باطل کے درمیان حائل دیوار گرانے پر تل گیا ہے اور جو کام دنیائے کفر اور ذریت ابلیس نہ کرسکی تھی، اس کا ذمہ اس نام نہاد مسلمان نے اٹھالیا ہے؟ کیا کہا جائے ایسے لوگ مسلمان کہلانے کے

لائق ہیں؟ یا کافر؟ کیا صرف اسلامی نام رکھنے سے آدمی مسلمان بن جاتا ہے؟ دیکھا جائے تو ان فلم سازوں نے مسلمانوں کی دینی، ملی غیرت پر حملہ کیا ہے، بلاشبہ یہ فلم محض فلمی کردار نہیں؛ بلکہ دین و مذہب، امانت و دیانت، شرافت و صداقت، عفت و عصمت، حمیت و غیرت، شرم و حیاء، تقویٰ تدین، غرض تمام دینی اقدار کے خلاف کھلی بغاوت اور اعلان جنگ ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے کافر ومسلمان کے باہمی نکاح کو ناجائز وحرام قرار دے کر، اس پر پابندی لگاتے ہوئے فرمایا تھا:

”ولا تنكحوا المشركات حتى يؤمن ولامة مؤمنة خير من مشركة، ولو اعجبتكم ولا تنكحوا المشركين حتى يؤمنوا، ولعبد مومن خير من مشرك ولو اعجبكم، اولئك يدعون الى النار، والله يدعو الى الجنة والمغفرة باذنه ويبين آياته للناس لعلهم يتذكرون“ (البقرہ:۲۲۱)

ترجمہ: ”اور نکاح مت کرو مشرک عورتوں سے جب تک ایمان نہ لے آئیں اور البتہ لونڈی مسلمان بہتر ہے مشرک بی بی سے اگرچہ وہ (مشرک عورت) تم کو بھلی لگے اور نکاح نہ کرو مشرکین سے جب تک وہ ایمان نہ لے آویں اور البتہ غلام مسلمان بہتر ہے، مشرک سے اگرچہ وہ (مشرک مرد) تم کو بھلا لگے، وہ بلاتے ہیں دوزخ کی طرف اور اللہ بلاتا ہے جنت کی اور بخشش کی طرف اپنے حکم سے اور بتلاتا ہے اپنے حکم لوگوں کو تاکہ وہ نصیحت قبول کریں۔“ (ترجمہ شیخ الہند)

مگر یہ باغیانِ دین ومذہب کہتے ہیں ہمیں یہ پابندی قبول نہیں: بلکہ نعوذ باللہ مسلمان لڑکی کسی کافر ومشرک کے نکاح میں دی جاسکتی ہے؟ یہی وجہ ہے کہ اس فلم میں مسلمان لڑکی کے غیر مسلم سے شادی رچانے کو نہ صرف جائز قرار دیا گیا ہے؛ بلکہ گویا اس کی ترغیب دی گئی ہے۔

کیا یہ دین وشریعت اور قرآن وسنت سے اعلان بغاوت نہیں؟ کیا یہ کتاب اللہ کا انکار نہیں؟ کیا کتاب اللہ کا انکار کفر نہیں؟ کیا کہا جائے کہ یہ فلم کفر وارتداد کی اشاعت وترویج کے لئے بنائی گئی ہے؟ یا مسلمانوں کی گرتی ساکھ بحال کرنے کے لئے؟ کیا اس فلم کے بنانے والے، اس کی اشاعت وترویج کرنے والے مسلمان ہیں؟ کیا سمجھا جائے کہ ایسے لوگ مسلمانوں کے ترجمان ہیں؟ یا دنیائے کفر کے ایجنٹ؟ پھر جو لوگ اس فلم کی خرید وفروخت اور دیکھنے دکھانے کے اعتبار سے اسلام دشمنوں کے مذموم مقاصد کی تکمیل کا ذریعہ بن رہے ہیں، کیا وہ اس میں برابر کے شریک نہیں؟

ہائے افسوس! کہ مسلمان کو اس کا احساس تک نہیں رہا کہ اس کی صلاحیتیں، اس کی جان

ومال کہاں خرچ ہورہا ہے؟ اور وہ نہ چاہتے ہوئے بھی اپنا وزن اسلام دشمنوں کے پلڑے میں ڈال کر اپنی دنیا وآخرت تباہ کررہا ہے۔

اسی طرح دنیائے کفر اور یہود ونصاریٰ کے ایجنٹ اس فلم کی اشاعت، ترویج اور مقبولیت کے اظہار وبیان کے لئے اخبارات، رسائل اور میڈیا میں بڑے بڑے اور جہازی سائز کے اشتہارات شائع کرکے باور کراتے ہیں کہ اب تک اس فلم کو اتنے اتنے لاکھ افراد دیکھ چکے ہیں۔

گویا وہ اپنے تئیں یہ باور کرانا چاہتے ہیں کہ ہم اپنے مقاصد میں اس قدر کامیاب ہوگئے ہیں؟ حالانکہ ان کم نصیبوں کو یہی نہیں معلوم کہ یہ سب کچھ ان کی مخالفت میں جارہا ہے۔

کیونکہ اس فلم کے دیکھنے والے ان لاکھوں افراد کی گمراہی وضلالت کا وبال وگناہ بھی ان کم نصیبوں کے نامۂ اعمال میں لکھا جارہا ہے، اس لئے کہ: ”من سن فی الاسلام سنة سیئة کان علیه وزرها ووزر من عمل بها“ (مشکوٰۃ ص:۳۳) جس نے کوئی بُرا طریقہ ایجاد کیا، اس کا وبال اور ان سب لوگوں کا وبال جنھوں نے اس کی تقلید میں اس بُرے عمل کو اپنایا، اس کی گردن پر ہوگا۔

اب بتلایا جائے کہ فلم بنانے، اس کی اشاعت وترویج یا خرید وفروخت کرنے والوں کو اس پر خوش ہونا چاہئے یا رونا چاہئے؟

بلاشبہ جب کوئی شخص دین ومذہب سے بیزار، فکر آخرت سے عاری، اور ہوا وہوس کا پرستار بن جائے، تو وہ نفع نقصان کے احساس سے محروم ہوجاتا ہے؛ بلکہ وہ جائز وناجائز اور حلال وحرام کے تصور سے بھی ناآشنا ہوجاتا ہے، اُسے مضر ومفید بلکہ اسے زہر وتریاق میں کوئی فرق نہیں نظر آتا۔

یہی کچھ اس بدنام زمانہ فلم ”خدا کے لئے“ کے ڈائریکٹر شعیب منصور کے ساتھ ہوا ہے، چنانچہ اس فلم کی ویب سائٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ موصوف مصوری اور موسیقی کے عشق میں اتنا آگے جاچکے ہیں کہ خیر سے اب وہ عقل ودانش کی تمام حدیں پار کرچکے ہیں، جیسا کہ وہ فرماتے ہیں:

> ”میں اس بات پر کبھی یقین نہیں کرسکتا کہ اللہ دنیا میں اپنی ہی عطا کردہ خوبصورت ترین چیزوں سے نفرت کرے گا، یعنی موسیقی اور مصوری۔“

کیا کہا جائے کہ موصوف کی عقل وخرد اور دل ودماغ درست ہیں؟ کہیں یہ صاحب ذہنی مریض تو نہیں؟ ورنہ کوئی معمولی عقل وفہم کا انسان اس کے سمجھنے سے قاصر نہیں کہ دنیا میں جتنی چیزیں ہیں، سب ہی اللہ کی پیدا کردہ اور عطا کردہ ہیں، یہ دوسری بات ہے کہ ان میں سے جو

چیزیں انسان کے لئے مفید و نفع بخش تھیں، ان کے استعمال کو حلال و جائز قرار دیا گیا اور جو انسانوں کے لئے نقصان دہ یا ضرر رساں تھیں ان کو حرام اور ناجائز قرار دیا گیا۔

اس تفصیل کے بعد موصوف کا یہ ارشاد کیونکر درست ہوسکتا ہے؟ کہ: ''میں اس بات پر کبھی یقین نہیں کرسکتا کہ اللہ دنیا میں اپنی ہی عطا کردہ خوبصورت ترین چیزوں سے نفرت کرے گا، یعنی ''موسیقی اور مصوری'' کیا دنیا میں جتنی حرام و ناپاک چیزیں ہیں، ان کو اللہ کے علاوہ کسی اور نے پیدا یا عطا کیا ہے؟ اگر جواب اثبات میں ہے تو کیا یہ مشرکین مکہ کا عقیدہ نہیں تھا کہ وہ خالق خیر اور خالق شر کو دو الگ الگ خدا مانتے تھے؟ اب بتلایا جائے کہ موصوف کا یہ ارشاد اسلام سے میل کھاتا ہے؟ نہیں، ہرگز نہیں۔

چلو اگر موصوف کے اس فلسفہ کو مان لیا جائے کہ اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ تمام چیزیں حلال و پاک ہیں اور اللہ تعالیٰ ان سے نفرت نہیں کرتا تو کیا ہم ان سے یہ پوچھ سکتے ہیں کہ جتنی حرام چیزیں ہیں وہ اللہ کی عطا کردہ نہیں ہیں؟ حالانکہ ایسا نہیں ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ایک مسلمان کے لئے بہت ساری چیزوں کے علاوہ بہت سے ایسے رشتے بھی بنائے ہیں جن سے نکاح شادی حرام ہے، مثلاً ماں، بیٹی، بہن، خالہ، بھتیجی، بھانجی وغیرہ، کیا یہ رشتے اللہ کے عطا کردہ اور خوبصورت نہیں ہیں؟ اگر کسی کی بیٹی اور بہن خوبصورت ہوتو کیا وہ خدانخواستہ اس سے شادی رچا سکتا ہے؟ اسی طرح کیا خنزیر، کتا، بھیڑیا اور سانپ وغیرہ اللہ کے پیدا کردہ جانور نہیں ہیں؟ اگر ہیں تو کیا جناب فلم ساز صاحب ان کے بارے میں فرمادیں گے کہ یہ سب حلال ہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنی ہی عطا کردہ چیزوں سے نفرت نہیں کرتا۔ کیا سمجھا جائے کہ موصوف ان کے حلال ہونے کے قائل ہیں؟ کیا وہ سور خور ہیں؟ کیا وہ اپنی بہن، بیٹی اور ماں سے جنسی تقاضے پورے کرنے کے قائل ہیں؟ اگر نہیں اور یقیناً نہیں، تو موسیقی اور مصوری کے بارہ میں اس ہرزہ سرائی کا کیا معنی؟

پھر یہ بات بھی محل نظر ہے کہ ''اللہ تعالیٰ نے موسیقی عطا فرمائی ہے'' اس لئے کہ موسیقی اللہ کی عطا نہیں؛ بلکہ انسان کا اپنا فعل ہے، لہٰذا جیسے یہ کہنا جائز نہیں کہ زنا اور قتل و غارت گری اللہ کی عطا کردہ ہے، اسی طرح موسیقی اور مصوری کو بھی اللہ کی عطا کہنا جہالت و بے عقلی کی علامت ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ہدایت اور عقل سلیم نصیب فرمائے۔ آمین۔

الغرض سمجھ نہیں آتا کہ یہ دنیا کے پجاری اس ایمان شکن اور گمراہ کن فلم پر اللہ کو کیا جواب دیں گے؟ کیا ان کو مرنا نہیں؟ کیا ان کو موت، آخرت اور قیامت پر ایمان نہیں؟ اگر ہے اور یقیناً

ہے، جیسا کہ فلم سازوں کے ناموں سے معلوم ہوتا ہے کہ خیر سے وہ بھی مسلمان ہیں، تو بتلایا جائے کہ وہ اس بغاوتِ اسلام پر اللہ کے سامنے کیا جواز پیش کریں گے؟

بھلا جہاں ہر شخص کو اپنی نجات کے لالے پڑے ہوں گے، وہاں یہ لوگ اس ایمان شکن واخلاق سوز فلم کے ذریعہ گمراہ اور بے راہ ہونے والے کروڑوں انسانوں کے ایمان وعمل کو غارت کرنے کا وبال کیونکر برداشت کرسکیں گے؟

اس لیے اس فلم کو خریدنا، بیچنا، اس کی تشہیر کرنا دیکھنا اور دکھانا سب ناجائز، حرام اور گناہ کبیرہ ہے؛ بلکہ اندیشہ ہے کہ اس گستاخی پر ایمان نہ سلب ہوجائے، اسی طرح جن لوگوں نے یہ فلم بنائی ہے ان کو چاہیے وہ اس ایمان شکن فعل سے توبہ کریں اور بغاوت خداوندی کے اس نشان کو ختم کریں، ورنہ خطرہ ہے کہ کہیں یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے غیظ وغضب کا نشانہ نہ بن جائیں۔

لہٰذا ہم فلم کے بنانے، بنوانے، اس کی تشہیر کرنے، سنیما ہالوں پر چلانے، دیکھنے اور خرید وفروخت کرنے والوں سے نہایت دل سوزی سے عرض کرنا چاہیں گے کہ اپنی دنیا وآخرت خراب نہ کریں، اور اس گھاٹے کے سودے سے فوراً رجوع کرلیں، ورنہ بہرحال اللہ کی پکڑ بڑی سخت ہے۔

واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہٖ سیدنا محمد وآلہ واصحابہ اجمعین

❁ ❁ ❁

معاشرہ کو اعلیٰ اخلاق واقدار کی تلاش

از: مولانا اسرار الحق قاسمی
صدر آل انڈیا تعلیمی وملی فاؤنڈیشن

عہد حاضر میں کوئی اور بات اس سے زیادہ فوری اہمیت کی حامل نہیں ہوسکتی کہ بنی نوع انسان کو مکمل تباہی اور بربادی کے اس خطرہ سے آگاہ کیا جائے جو اسے موجودہ نظام عالم سے درپیش ہے، نوع انسانی آج جس لرزہ دہشت میں جی رہی ہے اس کی ذمہ داری بلاشبہ مغرب پر عائد ہوتی ہے۔ مغربی تہذیب کا بنیادی روگ مادہ پرستی ہے، جس نے اس کو زندگی کے اقدار سے دور کردیا ہے۔ مغربی نفسیات اور مغربی زندگی سے اس کی قدم قدم پر تصدیق ہوتی ہے۔ کیونکہ یہ تہذیب اپنی جلو میں مادی ترقیات، سائنسی ایجادات واکتشافات کا ایک بحر بے کراں رکھتی ہے، اس لیے دنیا کا کوئی بھی خطہ اس تہذیب وفکر سے آزاد نہ رہ سکا۔ اس طرح اس مادی تہذیب کی بداخلاقیاں، فحاشیاں، سرمستیاں اور انسانیت سوز تباہیاں مسلسل پھیلتی رہیں، اس نے اعلیٰ اقدار حیات کی تباہ کاری کے لیے ایک بڑے فتنہ کی شکل میں پوری شدومد کے ساتھ سر اٹھایا اور دیکھتے دیکھتے پوری دنیائے انسانیت کو اپنے شکنجہ میں جکڑ لیا۔

مغربی مصنّفین، اہل قلم اور اہل دماغ نے اپنی نگارشات اور شاعری کے ذریعہ انسانی معاشرہ کے اخلاقی اور اجتماعی نظاموں کے خلاف ایک بغاوت برپا کردی۔ انھوں نے معصیت کو خوشنما اور دلفریب بنا کر پیش کیا، طبیعتوں کو ہر قید وبندش، فرد کو ہر ذمہ داری اور جوابدہی سے آزاد ہونے، آزادی مطلق اور بے قیدی کی کھلی تبلیغ، زندگی سے پورے پورے تمتع، مطالبات نفس کی پوری تکمیل اور لذت پرستی کی اعلانیہ دعوت دے کر اعلیٰ اقدار حیات کی نہ صرف دھجیاں اڑائیں، بلکہ نقد لذت اور ظاہر ومحسوس مادی نفع کے سوا ہر چیز کا انکار کیا اور تحقیر کی۔ مغربی تہذیب کی بنیاد تصور آزادی پر قائم ہے، لیکن انسانی آزادی کے تئیں اس کا نقطۂ نظر ایک طرفہ ہے جس کی بھاری قیمت آج انسانیت کو چکانی پڑ رہی ہے۔ درحقیقت نہ تو آزادی کا مغربی تصور مکمل ہے اور نہ ہی وہ انسانی خوشحالی کا ضامن ہے۔ مغرب اپنی تاریک فضاء اور فکر میں اس قدر ڈوبا ہوا ہے کہ مطلق

انسانی آزادی کے تصور کی وجہ سے جو بحران پیدا ہو رہا ہے اسے وہ نہیں دیکھ سکتا۔

مغرب میں نشأۃ جدیدہ کے بعد مادی قوت اور ظاہری علم میں تیز رفتار ترقی ہوئی لیکن اخلاق واقدار میں اتنی ہی سرعت کے ساتھ زوال وانحطاط واقع ہوتا گیا۔ کچھ مدت کے بعد مادی قوت اور اخلاق کے درمیان زبردست فاصلہ پیدا ہوگیا اور اس کے نتیجہ میں ایک ایسی نسل پیدا ہوگئی جو زبردست افراط وتفریط کی شکار ہے۔ یہ نسل اسراف، مبالغہ آرائی اور انتہا پسندی کی علامت بن گئی ہے۔ کمانے میں اسراف، لہو ولعب اور تفریح طبع میں اسراف، خرچ کرنے میں اسراف، جمہوریت میں غلو، آمریت ہو تو اس میں مبالغہ، اپنے خود ساختہ قوانین اور مقرر کردہ اصول اور قدریں ہوں تو اس کی ضرورت سے زیادہ تقدیس، یہاں تک کہ بال برابر اس سے ہٹنا روا نہیں ہوتا اور اس سے انحراف کرنے والا ایسا مجرم سمجھا جاتا ہے جس کے بعد وہ کسی عزت وشرافت کا مستحق اور احترام کے قابل نہیں رہتا۔ اس نسل کے اخلاق میں توازن نہیں، افراد کے چھوٹے چھوٹے معاملات میں وہ بڑی ایمانداری سے کام لیتی ہے، لیکن جب اپنی قوم کی مصلحت کا تقاضہ ہوتا ہے تو افراد اور قوموں کو نگل جاتی ہے۔ انفرادی زندگی میں ان کا حال یہ ہے کہ اگر ۹ بج کر ۱۲ منٹ پر آنے کا وعدہ کریں تو ٹھیک اسی وقت پہنچیں، لیکن قومی معاملات میں دوسری قوموں کو دھوکہ دینے میں انھیں ذرا تأمل نہیں ہوتا۔

تہذیبوں کا اتار چڑھاؤ ہوتا رہتا ہے، تاریخ کے آغاز سے ہی یہ عروج وزوال تہذیبوں کی تقدیر کا جزو لازم رہا ہے، موجودہ مغربی تہذیب کا دور چار سو برسوں سے زیادہ عرصہ پر محیط ہے، اس دور میں سائنس، سیاست اور سماجی حالات میں کافی ترقی اور پیش رفت ہوئی ہے۔ لیکن آج مغرب سخت بحران سے دوچار ہے، اپنے افکار وخیالات اور زندگی کے تمام شعبوں میں اس پر بحرانی کیفیت طاری ہے، وہ لوگ جو مغرب کی تہذیبی تاریخ، ان کے فلسفہ، سائنس اور نئے خیالات کے اظہار سے واقف ہیں وہ کم وبیش ان کے بحرانی نشانات کو دیکھ سکتے ہیں۔ دھیرے دھیرے مغربی تمدن، از کار رفتہ اور کمزور ہو رہا ہے۔ انسانی معاشرہ آج اپنے مستقبل کے لیے ایک نئی بصیرت کا متلاشی ہے اور ایک ایسے تمدن کا منتظر ہے جو نہ صرف اس کی مادی بلکہ روحانی ضرورت کو بھی پوری کر سکے۔

اس لیے دور حاضر اس کا متقاضی ہے کہ عالمی امن کی بقا، قیام امن وسلامتی، عدل ومساوات، مذہب وعقیدہ کی آزادی، رواداری، باہمی امداد وتعاون، انسانی جذبات واحساسات کا احترام، انسانی ضمیر کی تربیت اور آزادی فکر وخیال کے حوالہ سے اسلام کے اقدار حیات کو اجاگر کیا جائے۔ خاص طور سے ہماری دینی قیادت جو امت کا فکری ودینی مقتدا ہے وہ اپنی دانشورانہ کاوش

اور علمی تحقیقات میں انسانی فطرت، انسانی تعلقات اور انسانی ماحول کے تعلق سے اسلامی اہداف و اقدار، اصولوں اور جہتوں کے متعلق منظّم اور مربوط اور سائنٹفک طریقۂ فکر پیش کرے اور اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ایک ایسا معاشرتی و مذہبی تصور سامنے لائے جو زیادہ سے زیادہ کشادگی اور گنجائش رکھتا ہو اور انتہائی متنوع کثرت کو اپنے اندر سمونے کی صلاحیت رکھتا ہو اور حکمت و تدبر کے ساتھ انسانی معاشرہ کو اس حقیقت سے بھی روشناس کرایا جائے کہ اعلیٰ انسانی اخلاق و اقدار کی حامل انسانی تہذیب ہی ایک ایسا گہوارہ امن و انصاف ہے جس میں تمام افراد، قوموں اور گروہوں کو اپنے اپنے عقائد کے مطابق زندگی بسر کرنے کی پوری آزادی ہے اور مفاہمت واحترام کی بنیاد پر باہم تعاون کرنے کا حق حاصل ہے۔ یہی وہ درست اور عملی راستہ ہے جو امن وسلامتی، تعاون وشرکت عمل پر مشتمل، قابل عمل عالمی نظام کی منزل تک پہنچا سکتا ہے اور مقاصد، اقدار، فلاح وصلاح اور مفاہمت کے وسیع مشترک انسانی دائرہ بھی تشکیل دے سکتا ہے۔ اس حد تک وسیع کہ انسانی گروہوں کے درمیان پڑوسیوں کی سطح سے لے کر پوری انسانیت پر مشتمل امت واحدہ کی سطح تک قابل عمل اصول زندگی کی بالادستی قائم ہوسکے۔

تاریخ کے ایسے عہد میں جب کہ انسانیت موت وزیست کی کشمکش میں مبتلا تھی، اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی اور رسالت کے ساتھ مبعوث فرمایا کہ اس جاں بلب انسانیت کو نئی زندگی بخشیں اور لوگوں کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی کی طرف لائیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کا مقصد یہ تھا کہ دنیا کو جنت کی بشارت دیں، عذاب آخرت سے ڈرائیں، نیکی کی ترغیب دیں، بدی سے روکیں، پاک چیزوں کو حلال، گندی وناپاک چیزوں کو حرام قرار دیں اور ان بندشوں کو اور بیڑیوں کو توڑ کر جنھیں انسانوں نے اپنی نادانی سے یا مذاہب اور حکومتوں نے اپنی طاقت بے جا سے ان کی پاؤں میں ڈال رکھی تھیں، انہیں مادی زندگی کی تنگنائیوں سے نکال کر دنیا وآخرت کی وسعتوں میں پہنچا دیں۔ اسی لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مخاطب ایک قوم یا ایک ملک کے باشندے نہیں تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا خطاب تمام انسانوں اور پورے انسانی ضمیر سے تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے لوگوں کو اللہ پر ایمان لانے کی دعوت دی، لوگوں میں کھڑے ہوکر بآواز بلند فرمایا: ”یا ایھا الناس قولو لا الہ الا اللّٰہ تفلحوا“ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس دعوت کی تاریخ انسانی اور معاشرہ انسانی پر گہرا و وسیع اثر مرتب ہوا، جب بھی کوئی شخص اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتا اور لا الٰہ الا اللہ کی گواہی دیتا، اس کی زندگی میں عظیم الشان انقلاب رونما ہوتا اور وہ شخص پہلا جیسا آدمی باقی نہ رہتا۔ یہ ایمان ایک کامیاب اخلاقی ونفسیاتی تربیت تھی جس نے انسانی خاندان کے ہر فرد کو اس کا صحیح مقام

عطا کیا۔اس طرح انسانی معاشرہ بے خار گلدستہ بن گیا۔

توحید انسانی زندگی کے خالق مطلق اور اس کی مخلوق کے درمیان براہ راست تعلق کی حیثیت سے ادراک کا نام ہے، جس کے تحت انسان کی زندگی درحقیقت افضلیت اور اہلیت کے امتحان کی ایک مہلت قرار پاتی ہے۔ یہ تصور ایک سوسائٹی کے اندر فیصلہ عمل اور آخری جوابدہی کو براہ راست فرد انسانی سے وابستہ قرار دیتا ہے۔ اس تصور کے تحت انسانوں کے درمیان کسی قسم کی مصنوعی تقسیم اور انسانی تعلقات کی نوعیت یا کسی فرد کے شرف واستحقاق کے تعین کے لیے رنگ، زبان، دولت کے خودساختہ امتیازات کو معیار بنانے کی گنجائش باقی نہیں رہتی ہے۔توحید کا تصور معاشرہ کو اجتماعی حیثیت میں اور ہر فرد کو انفرادی حیثیت میں اپنی منزل کے تعین کی آزادی اور حق خوداختیاری عطا کرتا ہے۔مزید برآں توحید کا تصور ہی غیرمسلموں کے تعلق سے مسلمانوں کے تحمل اور رواداری کی بنیاد بھی ہے۔

پہلی صدی ہجری میں اسلامی تہذیب منصۂ شہود پر جلوہ گر ہوئی، جس نے قیام مذاہب و اخلاق کی تاریخ میں ایک نئے روشن اور انقلابی باب کا آغاز کیا، اس نے نہ صرف تہذیب کے دھارے کا رخ موڑ دیا بلکہ دنیا کے سفر کی سمت بھی بدل دی۔ اس تہذیب کی اقدار حیات آفاقی ہیں جو انسان کے سماجی، سیاسی، اقتصادی اور روحانی سروکاروں میں توازن وتناسب کو برقرار رکھتی ہیں۔ یہاں ایک ایسا نظام عدل اور جمہوری سسٹم ہے جو پوری انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم رحمۃ للعالمین ہیں۔ اس لیے ان کی مثالی زندگی اور ان کے انقلابی نظریات بھی پوری انسانیت کے لیے مینارۂ نور ہیں۔

اسلامی تہذیب کی بنیاد ایک روحانی رشتہ پر قائم ہے، جس کے احساس سے سماج کا ہر فرد سرشار ہوتا ہے اور یہ چیز اسے ایک پلیٹ فارم پر متحد کردیتی ہے۔ اسلامی تہذیب میں انانیت یا اکثریت کے مظالم اور اقلیت کا اخراج، ان سب کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے۔ یہاں انسان صرف انسان ہونے کی وجہ سے معزز ومحترم ہے۔ یہاں صرف مسلمانوں کے ساتھ نہیں بلکہ تمام انسانوں کے ساتھ عدل اور برابری کا سلوک ہوتا ہے، کیونکہ یہاں یہ احساس عام ہے کہ اگر ایک انسانی گروہ ہمارا دینی بھائی ہے تو دوسرا انسانی گروہ بھی خلقت میں ہم جیسا ہی ہے۔ اسلامی تہذیب، قوموں کے تعلقات میں طاقت کے استعمال، منافقت اور دوہرے رویہ کی تردید کرتی ہے اور اس کے بدلے بین الاقوامی تعلقات میں باہمی عزت واحترام کے اصول ومنطق کو اختیار کرتی ہے۔

❁ ❁ ❁

شیطانی تہذیب کا جبر اور اصلاحِ معاشرہ

از: ڈاکٹر ایم اجمل فاروقی
۱۵- گاندھی روڈ، دہرہ دون

اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنی ہر تخلیق کو عمدہ ترین طریقہ پر پیدا کیا۔ کائنات کا ایک ایک ذرّہ اوراس میں کارفرما قوتیں اور طبعی وفطری قوانین اللہ احسن الخالقین کے احکامات میں بندھے ہوئے ہیں۔ ہاں اس کی سب سے اشرف واحسن تخلیق جس کو اس نے اپنے ہاتھ سے تخلیق کرنے ”خلقتُ بِیَدِی“ کا شرف بخشا اسے ضرور یہ چھوٹ ملی کہ ”اِما شاکِرًا واِمّا کفورًا“ چاہے تو اطاعت کرے اور چاہے روگردانی کرے اور اللہ کی کائنات میں فساد پیدا کرے۔ اللہ فساد کو پسند نہیں کرتا۔ فساد چاہے وہ کائنات میں ہو اور چاہے انسانی معاشرہ میں وہ اللہ کو پسند نہیں ہے۔ اپنی کائنات میں اطاعت اور اصلاح کو اللہ پسند فرماتے ہیں اسی کے لئے اللہ تبارک وتعالیٰ نے انبیاء کرام کا سلسلہ جاری فرمایا؛ مگر چونکہ یہ دنیا دارالامتحان اور آزمائش اور کشمکش کا میدان ہے یہاں پر بدی کی قوتوں کو شیطان اوراس کے حمایتیوں کی طرف سے قوت پہنچانے کی چھوٹ بھی اللہ عادل ومنصف نے دے رکھی ہے۔ انسانی تاریخ کے ہر دور میں بلکہ اگر غور کریں تو قصہٴ ہبوط آدم میں تو ملاءِ اعلیٰ میں بھی شیطانی قوتوں کو اللہ تعالیٰ کے عادل ہونے کی صفت کے تحت آزادی ملی ہوئی ہے کہ وہ کائنات میں ہر ممکن طریقہ سے فساد پھیلائیں اور وہ آدمؑ وحواؑ کے ہبوط سے لے کر ہابیل و قابیل سے ہوکر آج تک ہر لمحے سرگرم فساد ہے۔ اس کا کام ہی ہے کہ اللہ کے بندوں کو اوپر سے، نیچے سے، دائیں سے، بائیں سے، آگے سے، پیچھے سے، ہر طرف سے بہکائے اور اللہ کے راستہ سے ہٹا کر بغاوت کا راستہ اپنانے پر اکسائے اور نتیجتاً اللہ کی دنیا میں ہر طرح کا فساد فکری فساد، عملی فساد، اخلاقی فساد، جنسی فساد برپا کردے۔ چونکہ جن وانسان کے علاوہ کائنات میں کسی کو بھی ”ارادہ“ کی آزادی حاصل نہیں ہے اس لئے شیطانی طاقتوں اور وساوس کا ان پر زور چل ہی نہیں سکتا

صرف انسان ہی ہر لحظہ اس خطرناک ازلی دشمن کی زد پر ہے اور نتائج بھی سامنے ہیں۔

اسلام جب اور جہاں مکمل طور پر نافذ ہوتا ہے وہاں شیطانی قوتوں کو کچل کر رکھا جاتا ہے یہ کام حکومت اپنے تمام اداروں کے ساتھ مل کر کرتی ہے۔ مگر جب سے دنیا میں یہ فریضے ''امر بالمعروف و نہی عن المنکر'' ''نیکیوں کا حکم اور برائیوں سے روکنے'' ادا کرنا برائے نام اور لولا، لنگڑا ہوگیا ہے شیطانی قوتوں کا ہر طرف غلبہ ہوگیا ہے۔ دنیا کی مومن اور غیر مومن آبادی کی اکثریت کے قلوب واذہان شیطانی افکار سے مرعوب ہیں اور ان سے شیطانی اعمال ظاہر ہوکر فساد فی الارض کا باعث ہورہے ہیں۔ تاریخ انسانی کا اتنا ہمہ گیر اور طاقتور فکری بگاڑ کبھی نہیں ہوا ہوگا جتنا ۳۰۰ سال قبل امت مسلمہ کے داخلی انتشار اور فکری ضعف کی بناء پر اور مغرب کے مسخ شدہ مذہبی عقائد کے ردعمل کے طور پر خدا کے انکار یا معاذ اللہ خدا کی تذلیل اور کائنات سے خدا کی ''بیدخلی'' جیسے شیطانی افکار کے اظہار کے طور پر ہوا۔ جب عوام کی یہ فکر بنائی گئی کہ مذہب استیصال کا ذریعہ ہے یہ لوگوں کو بے وقوف بنا کر کم عقل بناتا ہے اور انسان کی ترقی کے لئے مذہب نہیں عقل کی ضرورت ہے اور انسانی زندگی کے معاملات میں الٰہی ہدایت اور رہنمائی کا کوئی مقام نہیں ہے۔ اس فلسفہ کے تحت وجود میں آنے والے معاشرہ اور ممالک نے دنیا میں بظاہر جو چمک دمک اور ٹکنالوجی کی ترقی کی اس نے مذہب پسند طبقہ تک پر بھی محسوس یا غیر محسوس طریقہ پر یہ اثر چھوڑا کہ مذہب چند عبادات یا اللہ سے تعلق کی چند رسومات کا نام تو ہوسکتا ہے مگر وہ تمام انسانی معاملات اور معاشرہ کی ضروریات کو پورا نہیں کرسکتا۔ وہ اس کا اہل نہیں ہے؛ بلکہ الٹا اس کی پابندی سے انسانی ترقی رک جائے گی؟ اب دنیا بھر میں عوام کی اکثریت عملاً اِسی فلسفہ کو طوعاً اور کرہاً جانتی ہے اور عمل کرتی ہے۔ خدا کے بجائے مادہ انسان کا مطلوب و مقصود ہے۔ خدا پرستی کی جگہ مادہ پرستی نے لے لی ہے اور انسانی سماج اور حکومتی اداروں کے جبر اور مجبوریوں میں ایسا پس رہا ہے کہ وہ چاہ کر بھی معاشرہ میں پھیلے فساد کے ماحول کے خلاف نہیں چل پارہا ہے۔ وہ شرک کو برا سمجھتا ہے مگر عملاً شرک کرتا ہے وہ ظلم کو برا سمجھتا ہے، قتل، زنا، رشوت، بے حیائی، عریانی کو برا سمجھتا ہے مگر باہر نہیں نکل سکتا؛ کیونکہ برائی بہت ہمہ گیر ہے اس نے سماج کے ہر ادارہ انسان، خاندان، محلّہ، شہر، حکومت، پولیس، اساتذہ، قانون ساز عدلیہ سب کو چنگل میں جکڑ رکھا ہے۔ اتنے سخت حالات میں فکری، معاشرتی، اخلاقی اصلاح کی بات کرنا ایک ناممکن کام ہی لگتا ہے۔ خصوصاً ان حالات میں جب کہ اہل اقتدار اور اہل فکر اصحاب خود ہی برائیوں کا حکم دے رہے ہوں اور بھلائیوں سے روک رہے

ہوں تب کامیابی کی کیا صورت نظر آتی ہے؟ اور شاید یہ بھی ایک شیطانی وسوسہ ہی ہے کہ مومن جو کچھ فریضہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ادا کرسکتا ہو اسے بھی نہ ادا کرے جبکہ شریعت نے مومنین مصلحین کا اجران کے کام کے نتائج سے مشروط نہیں کیا ہے بلکہ کام کی کمیت اور کیفیت سے مشروط کیا ہے تو یہ طے ہے کہ معاشرہ کی فکری اور عملی اصلاح کا کام جس قدر بھی منظّم اور موثر انداز میں ہوسکے ہونا ضروری ہے۔ کہ کم سے کم ”معذرۃً“ اِلیٰ ربکم ولعلھم یتقون کے مصداق آخرت کی پکڑ اور دنیا کے عمومی عذاب سے بچا جاسکے۔

آج کی دنیا میں انسانی فکر بنانے کا ہر ادارہ عملاً اللہ سے بغاوت یا دوری ہی بنانے کا کام کررہا ہے۔ گھر، ماں، باپ، گھر کا ماحول، محلّہ، اسکول، ٹی وی، اخبار، دوست واحباب سب کسی فکر کے حامل ہیں۔ آنکھ کھولتے ہی بچہ ٹی وی دیکھتا ہے جس کی بنیاد ہی حرص، ہوس، زرپرستی اور بے حیائی پر ہے اُس کے بعد اسکول کا ماحول وہاں پروان چڑھنے والی ذہنیت جو انہیں پہلے دن سے ہی پڑھ لکھ کر اونچا عہدہ حاصل کرنے کا مقصد تھماتی ہے اور دوستوں کی دنیا جوانی کے مخصوص مزاج کی بدولت انہیں اور زیادہ مادہ پرست اور انسانیت سے دور کرتا جاتا ہے۔ آج کے کھلے پن، صارفیت پسند تہذیب، روشن خیالی کے دور میں سماج کی لگام چند سرمایہ داروں کے پاس مرتکز ہوتی جارہی ہے جن کے پاس صرف ایک مقصد ہے انسانوں کو خواہشات کا غلام بنا کر ان کی جیب سے زیادہ سے زیادہ پیسہ نکالنا اور بس۔ اس ہمہ گیر فساد کے ماحول میں کوئی بھی شارٹ کٹ اور پیوندکاری مطلوبہ اصلاح نہیں حاصل کرسکتی کیونکہ قوت کے سرچشموں پر شیطانی فکر رکھنے والوں کا غلبہ ہے اور وہ اصلاح کی کسی بھی سنجیدہ کوشش کو برداشت کرنے کو تیار نہیں ہیں۔ ایسے میں امت مسلمہ کو اپنا منصب خیر امت دوبارہ زندہ کرنا ہوگا تاکہ انسانیت کے گلستاں میں پھر بہار آئے، پھر توحید وانصاف، امن ومحبت کا دور دورہ ہو۔

فکری تبدیلی کے بغیر کوئی بھی عملی تبدیلی یا اصلاح ممکن نہیں ہے۔ قرآنِ پاک تمام انسانیت کی تعمیری تبدیلی کا نسخہ ہے۔ اس کی تعلیمات کو گھر گھر، محلّہ محلّہ، مسجد مسجد شروع کیے بغیر کسی بھی عملی تبدیلی کا امکان نہیں ہے۔ اعمال افکار کے کنٹرول میں ہوتے ہیں۔ قرآن کے ذریعہ فکرسازی کیے بغیر خصوصاً نوجوانوں (لڑکے لڑکیوں) اور خواتین میں کوئی نتیجہ نہیں نکل سکتا۔ افسوس کی بات ہے کہ مسلمانوں کی عظیم اکثریت قرآن پڑھنا ہی نہیں جانتی اور جو جانتی ہے وہ اس کے پیغام رشد وہدایت سے بے خبر ہے۔ اگر ہم بے لاگ طریقہ سے جائزہ لیں تو ہم دیکھیں گے کہ شہر یا آبادی

کی سیکڑوں مساجد میں کہیں بھی قرآن کی تعلیمات کی تفہیم اور تذکیر کا اہتمام نہیں ہے تو گھروں کا کیا حال ہوگا؟ جبکہ شیطانی فکر کی ہمہ گیری کا حال بھی ہمارے سامنے ہے تو قرآن کے افکار کو عام کئے بغیر کسی اصلاح کی بات کرتے رہیں۔ کیا یہ نبی ﷺ کے زمانہ میں ممکن ہوا؟ کیا بعد کے ادوار میں قرآنی فکر عام کئے بغیر کوئی پائیدار تبدیلی ممکن ہوئی؟ حضور ﷺ نے قطعی طور پر آگاہ کردیا ہے کہ ''اس امت کی اخیر کی اصلاح بھی اسی کے ذریعہ ممکن ہے جس کے ذریعہ امت کے ابتدار کی ہوئی تھی یعنی قرآن حکیم'' حضرت علی ابن ابی طالبؓ بیان فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ''عنقریب کچھ فتنہ برپا ہونگے میں نے پوچھا ان سے نکلنے کا راستہ کیا ہے آپ نے جواب دیا کتاب اللہ۔ جس میں تم سے پہلے کے لوگوں کی سرگذشت ہے تمہارے بعد کے لوگوں کی خبر ہے تمہارے باہمی اختلاف کا فیصلہ ہے جو قولِ فیصل ہے ہنسی مذاق نہیں ہے یہ وہ کتاب ہے جسے جس زور آور نے چھوڑا اللہ نے اس کی کمر توڑ دی جس نے اس کے علاوہ کہیں اور ہدایت طلب کی اللہ نے اسے گمراہ کردیا یہ اللہ کی مضبوط رسّی ہے۔ یہ وہ کتاب ہے کہ اس سے خواہشات میں کجی نہیں پیدا ہوتی..(بروایت ترمذی باب فضائل القرآن، دارمی اور ابن ابی شیبہ)

اور جب حضرت حذیفہ بن یمانؓ نے آپ سے پوچھا کہ کیا اس وقت ہم جس چیز سے ہمکنار ہیں اس کے بعد کوئی شر آنے والا ہے جس سے ہمیں بچنا ہے؟ آپ ﷺ نے جواب دیا ''اے حذیفہ تو کتاب اللہ کو مضبوطی سے تھام رکھ اس کا علم حاصل کر اور جو کچھ اُس میں ہے اس کی پیروی اختیار کر'' آپ ﷺ نے تین بار یہ بات دہرائی۔

سماج کے ہر طبقہ کے لئے مساجد مساجد قرآنی تعلیمات کو عام کرنے (مستدرک حاکم) کا نظم اصلاح کی کسی بھی کوشش کی بنیاد کا پتھر ہے۔ اس کے لئے محلّہ، گھر، مسجد، مکتب، اسکول، کالج، ہاسٹل، لائبریری، Audio-Visual ہر ذریعہ کا سہارا لینا ہوگا۔ نوجوانوں کے لئے شبینہ قرآن کلاس اور طلباء کے لئے سمر قرآن کلاس Summer Quran Clan کے نتائج حیرت انگیز ہوسکتے ہیں۔

(۲) ذرائع تفریح کا میدان فکری تیاری کے لئے بہت وسیع ہے۔ ملکی طور پر نہ سہی مگر کل ملا کر انٹرنیٹ وغیرہ کے ذریعہ صحت مند تفریحی مواد طلباء وطالبات اور نوجوانوں و عام عوام تک پہنچانا ضروری ہے۔ اس کے نہ ہونے کی صورت میں امت مسلمہ کی اکثریت ذریعہ تفریح کے عوامی ذرائع کا شکار ہوکر خلافِ اسلام انکار واعمال کا شکار ہورہا ہے۔ ذریعہ تفریح کے ذریعہ سب سے

زیادہ نوجوان نسل کا ذہن متاثر کیا جارہا ہے۔ ہر گاؤں یا شہر کی مرکزی آبادی میں ایک اسلامی اطلاعاتی یا ثقافتی مرکز کا قیام جہاں Computer ہو اور آڈیو ویڈیو C.D.S کا ذخیرہ بھی ہو اس کو Cable کے ذریعہ نشر بھی کروایا جاسکتا ہے۔ اور گھروں کے لئے بھی دیا جاسکتا ہے۔ اس کا مرکزی نظم کسی بھی معتبر ادارہ کے سپرد کیا جاسکتا ہے۔

(۳) ملکی اور علاقائی ثقافی اجتماعات

ملک کے کونے کونے میں علاقائی زبانوں میں ثقافتی اجتماعات منعقد ہوں، جن میں ادب، تاریخ، طنز ومزاح اور کھیل کود کے اجتماعات منعقد کرائے جائیں اور ان کو صحت مند ذرائع تفریح کے ذریعہ اصلاح کے لئے تیار کیا جائے؛ بلکہ بگاڑ کی نوبت ہی نہ آنے دی جائے۔ نئی نسل کو کر کے بتایا جائے کہ واقعتاً اسلام ایک مکمل نظام ہے۔

(۴) امر بالمعروف ونہی عن المنکر: ملت میں یہ کام کیسے ہو اس پر کافی اختلاف رہا ہے، مگر کم از کم معاشرتی روک ٹوک کا اخلاقی نظام بنانا ضروری ہے۔ اصلاً یہ کام اقتدار کا ہے، مگر اس وقت تو اقتدار اشاعت منکرات کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ ایسے میں کم سے کم ''نصیحت'' اور ''تذکیر'' کے ذریعہ اس بنیادی فریضہ کی ادائیگی کی شکل عمل میں لانی ضروری ہے، جو محلّہ اور گاؤں میں ایک ''اجتماعی، مربّی'' کا رول ادا کرسکے۔ اور آبادی میں منکرات کے پھیلاؤ پر نظر رکھے۔

(۵) حکومت کے ذریعہ زنا، بے حیائی، قتل، لوٹ مار، نشہ آور ادویہ کی فروخت اور فحش لٹریچر اور پروگراموں کے خلاف غیر مسلم بھائیوں کے ساتھ مل کر مہم چلانی چاہئے، تاکہ نیکی اور بھلائی کا عام ماحول بن سکے۔

❁ ❁ ❁

قرآن، ویلڈرز اور غیر مسلم دانشور!

از: سعید الظفر ٹانڈوی قاسمی
معین مدرس دارالعلوم دیوبند

قرآن اللہ تعالیٰ کی آخری نازل کردہ کتاب ہے، جو سرور عالم ﷺ پر نازل ہوئی۔ آپ امی تھے، پڑھے لکھے نہیں تھے، چونکہ یہ الہامی کتاب ہے اس لئے اس میں خدائی اعجاز اس کے ایک ایک نقطہ سے واضح ہے۔ مضامین، اسلوب بیان اور طرز ادا پر ہر زبان کا جاننے والا فدا ہے، خواہ وہ اسلام کا حلقہ بگوش ہو یا نہ ہو۔ قرآنی اعجاز ہر ایک سے اپنی معجزیاتی تسلیم کرالیتا ہے۔ پھر اس کا یہ تاریخی اعجاز دنیا کے سامنے ہے کہ اس کے الفاظ اور حرکات وسکنات ہر طرح کے شک وشبہ سے بالاتر ہیں، جبکہ دیگر آسمانی کتابیں خود انہیں کے ماننے والوں کی نظر میں مشکوک الصحت ہیں۔ یہ تاریخی اعجاز ہم نے اسلئے کہا کہ جب کتابوں کے محفوظ رکھنے کے طریقے وجود پذیر نہیں ہوئے تھے، کبھی چمڑے پر کتابت کرلی گئی، کبھی پتھروں کے ٹکڑوں پر اور کبھی درخت کی چھالوں پر اور اب تو اس میں ردوبدل کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔ معمولی سے معمولی تحریر کے محفوظ رکھنے کے وہ طریقے وجود میں آچکے ہیں جو انسانی دست برد سے محفوظ رہیں گے۔

اور یوں کہنا چاہئے کہ یہ کتاب تمام آسمانی کتابوں کا مجموعہ ہے۔ چنانچہ اس کتاب میں زبور کا مجموعہ مناجات بھی ہے اور انجیل کا ذخیرۂ امثال بھی، تحریت کا گنجینۂ شریعت بھی ہے اور کتب دانیال اور یسعیاہ کے مواعظ بھی ہیں اور حضرت میاہ کی تاثیر بھی ہے۔ ان حقائق کے باوجود اس کتاب کے ساتھ جو زیادتیاں کی گئیں یعنی اس میں تحریف کی جو بدترین سازشیں کی گئیں وہ ناگفتنی ہیں، لیکن اس کے باوجود وہ سازشیں ہی دنیا سے حرف غلط کی طرح مٹ گئیں۔

حال ہی میں اس مقدس کتاب کے خلاف ''ہالینڈ'' کے ''گرٹ ویلڈرز'' نے ایک اور طوفان کھڑا کردیا ہے، ہالینڈ گذشتہ چند سالوں سے اسلام دشمن سرگرمیوں کا مرکز رہا ہے، وقفے وقفے سے عالم اسلام کے جذبات کو مجروح کرنے والی باتیں سامنے آتی رہی ہیں، اب پھر ہالینڈ کا شیطان حرکت میں ہے۔

ویلڈرز دو سال سے اسلام دشمن بیانات کے سبب سرخیوں میں ہے۔ ویلڈرز گزشتہ سال قرآن پر پابندی کا مطالبہ بھی کر چکا اور دلیل کے طور پر یہ مفروضہ پیش کیا کہ قرآن کریم یہودیوں اور عیسائیوں کے قتل کرنے کی ترغیب دیتا ہے اور خواتین کو مکمل آزادی نہیں دیتا۔

ویلڈر نے اب قرآن پر فلم سازی کی ہے، ایک ایسی فلم جس میں قرآن کریم کو (نعوذ باللہ) انسانیت کا دشمن اور فتنہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

گرٹ کے مذکورہ دونوں دعویٰ تردید کے لائق ہیں۔ لیکن اس وقت ہمارا مقصد ان دعوؤں کی تردید یا تنقید نہیں ہے؛ بلکہ ویلڈرز پر ہم یہ حقیقت واضح کرنا چاہتے ہیں کہ اس کتاب نے ملکوں اور قوموں کو جہالت سے نکالنے اور علوم سے بہرہ ور کرنے، تمدن کو بلند کرنے اور امن عامہ کو مضبوط بنانے میں جو مضامین بیان کئے ہیں وہ ایسے بے نظیر اور لاثانی ہیں کہ جس کا بدل پیش نہیں کیا جاسکتا اور اس حقیقت کی وضاحت ویلڈرز کے ہی طبقہ سے تعلق رکھنے والے غیر مسلم دانشوروں کی شہادتوں کی روشنی میں کی جائے گی۔

تاریخ کا مطالعہ کرنے پر ہم کو ایسے سینکڑوں افراد مل جائیں گے جنھوں نے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف تعصب کی بھٹی میں جل کر اپنا وجود مٹادیا مگر وہ بھی قرآن کی حقانیت کو نہ چھپا سکے، چنانچہ دیکھئے مشہور متعصب پادری ''ریورینڈ رجی ایم ایڈویل'' لکھتا ہے:

> ''قرآن کی تعلیم نے بت پرستی مٹائی، جنات اور مادیت کا شرک مٹایا، اللہ کی عبادت قائم کی، بچوں کے قتل کی رسم نیست و نابود کی، ام الخبائث شراب کو حرام مطلق ٹھہرایا، چوری، جوا، زنا کاری اور قتل وغیرہ کی ایسی سخت سزائیں مقرر کیں کہ کوئی شخص ارتکاب جرم کی جرأت ہی نہ کر سکے۔''

اس کتاب نے دنیا کو ایسے قوانین دیئے جس میں ہر مذہب وملت کے ماننے والے کے لئے انصاف ہی انصاف ہے اور ایسے اصول عطا کئے جس میں صرف نسل انسانی کی فلاح ہی فلاح ہے، اس نظریہ کو ملاحظہ فرمایئے ''نپولین بونا پارٹ'' کی زبان میں:

> ''میرا یقین ہے کہ قرآن پاک کے قوانین ہی انسانیت کے لئے سچے اصول ہیں اور نسل انسانی کی فلاح قرآن پاک کے نظام حیات میں ہے۔''

قرآن کریم مذہبی اصول اور احکام کے علاوہ ملکی اور تمدنی نظام بھی رکھتا ہے۔ ملاحظہ فرمایئے ''کلاضل'' نامور فرانسیسی فاضل کے الفاظ میں:

> ''قرآن مذہبی قواعد اور احکام ہی کا مجموعہ نہیں ہے؛ بلکہ اس میں اجتماعی اور سوشل

احکام بھی ہیں جو انسانی زندگی کے لئے ہر حالت میں مفید ہیں۔''

قرآن کریم امن وامان کا ضامن ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ جب روئے زمین پر قوانین قرآن لاگو ہوئے تو ہر طرف عدل وانصاف، امن وامان اور بھائی چارگی کے سوا کچھ نہ رہا۔ جب کسی قوم نے اس کو چھوڑا تو ہر طرف بدامنی نظر آنے لگی وہ قوم بام عروج سے پستی میں جاگری، پیش خدمت ہے ''موسیو کاسٹن کار'' کا اخبار ''شگارو'' میں لکھا ہوا ایک فقرہ:

''زمین سے اگر حکومتِ قرآنی جاتی رہی تو دنیا کا امن وامان کبھی قائم نہ رہے۔''

قرآن کریم لاثانی کتاب ہے اس نے امن وامان سے لے کر اخلاقیات تک سب کچھ عطا کیا، اس کی وجہ سے قوموں کے مزاج بدل گئے، انسانی اخلاق کی کایا پلٹ گئی، عرب کے تندخو گنوار حلم واخلاق اور علم وحکمت کے استاذ بن گئے۔ ''پروفیسر کارلائل'' اسی کی شہادت دیتے ہیں:

''میرے نزدیک قرآن کریم میں خلوص وسچائی کا وصف ہر پہلو سے موجود ہے اور یہ بالکل سچ اور کھلی حقیقت ہے کہ اگر خوبی پیدا ہوسکتی ہے تو اسی سے پیدا ہوسکتی ہے۔''

قرآن جہاں امن وامان کا ضامن؛ ملکی اور تمدنی نظام کا سرخیل اور حکمت ودانائی سے پُر ہے وہی محافظ صحت بھی ہے اسی کتاب نے شراب، جوا کو حرام کیا جو صحت ومال کو ضائع کرنے والے ہیں اور قرآن نے نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج، طہارت وغیرہ کو ضروری قرار دیا جو حفظانِ صحت کے زرّیں اصول ہیں۔ دیکھئے کتنا اچھا لگتا ہے جب اس بات کا اقرار ایک ''ایکمکی بولف'' نامور جرمن فاضل نے اپنی زبان سے کیا:

''قرآن نے صفائی، طہارت اور پاکبازی کی ایسی تعلیم دی ہے کہ اگر ان پر عمل کیا جائے تو جراثیم امراض سب کے سب ہلاک ہوجائیں۔''

تاریخ بتاتی ہے کہ زمانہ جاہلیت میں جہاں سینکڑوں برائیاں تھیں وہیں بڑی برائی یہ بھی تھی کہ حقوق کا کوئی پاس ولحاظ نہ تھا۔ حاکم رعایا کے حقوق ادا کر رہا ہے نہ ہی رعایا حاکم کے حقوق ادا کررہی ہے باپ اولاد سے اور اولاد باپ سے متنفر ہے، لیکن قرآن حکیم نے اس کو جہاں متمدن اور مہذب زندگی عطا کی وہیں حقوق کی ادئیگی کا حکم دیا اور جب اس کا نفاذ ہوا تو امن وامان اور خوشحالی نظر آنے لگی۔ پیش خدمت ہے ''نومسلم مسٹر مارماڈیوک پکھتال'' کا فقرہ:

''قرآن ہی کے قوانین نے حقوق اللہ اور حقوق العباد پوری طرح بتائے ہیں اور اس کو یہود اور عیسائیوں نے بھی مان لیا ہے۔''

اس کتاب عظیم میں اللہ تعالیٰ نے ایک انسان کے لئے اتنا کچھ بیان کردیا جو زندگی

گزارنے کے لئے کافی ہوسکتا ہے اور انسان اس کو سمجھ کر زندگی کی راہیں، اچھے برے کی تمیز بخوبی کرسکتا ہے۔ دیکھئے یہی بات کہتے ہیں ''لیوٹاسٹائی'':

''قرآن کریم عالم انسانی کے لئے ایک بہترین رہبر ہے، اگر صرف یہ کتاب دنیا کے سامنے ہوتی اور کوئی ریفارمر پیدا نہ ہوا ہوتا تو بھی یہ انسان کی رہنمائی کے لئے کافی تھی۔''

اسی بات کو ہندوستانی کی مشہور خاتون ''سروجنی نائڈو'' ان الفاظ میں کہہ رہی ہیں:

''جب میں قرآن پڑھتی ہوں تو مجھے زندگی کے برپا کرنے والے اصول نظر آتے ہیں، جو ساری دنیا کی کامیابی وکامرانی کے رہنما اصول ہیں۔''

قرآن کریم دنیا کی لاثانی اور بےنظیر کتاب ہے، فصاحت وبلاغت، ترکیب وبندش کے لحاظ سے بھی اور اصول وقواعد اور تعلیمات نیز ہر اعتبار سے بھی قرآن کریم نے اسلامی تعلیمات کو جس طرح کھول کر بیان کیا اور مسئلہ توحید کو جس سہل انداز میں سمجھایا ہے ایسی بات اس سے پہلے کسی بھی آسمانی کتاب میں نہیں ملتی ہے۔ معمولی عقل وفہم کے لوگ بھی قرآن مجید کے بنیادی مضامین آسانی سے سمجھ سکتے ہیں۔ جیسے توحید، رسالت، معاد وغیرہ۔ دیکھئے نامور مؤرخ ''ڈاکٹر گبن'' کیا لکھتے ہیں:

''قرآن وحدانیت کا سب سے بڑا گواہ ہے، ایک مؤحد فلسفی اگر کوئی مذہب قبول کرتا ہے تو وہ اسلام ہے۔ غرض سارے جہاں میں قرآن کی نظیر نہیں مل سکتی ہے۔''

اسی مضمون کو ''ہرش فیلڈ'' نے کچھ اس انداز میں پیش کیا ہے:

''قرآن کریم اثر ڈالنے، یقین دلانے کی طاقت، فصاحت وبلاغت، ترکیب و بندش کے لحاظ سے بےنظیر اور دنیائے سائنس کے شعبوں کی حیرت انگیز ترقی کا باعث ہے۔''

''ڈاکٹر موریس بوکائی'' نے اس مضمون کا اپنی مشہور زمانہ کتاب ''قرآن، بائبل اور سائنس'' میں ان الفاظ میں اقرار کیا ہے:

''قرآن نے جن سائنسی پہلوؤں پر خصوصی بحث کی ہے وہ میرے لئے بطور خاص حیرت انگیز ہیں، کیونکہ قرآن کے یہ بیانات پوری طرح جدید سائنسی نظریات کے مناسب ہیں۔ میں نے کسی قسم کا پیشگی فیصلہ صادر کئے بغیر قرآن کی ایک ایک آیت کا تنقیدی نظر سے مطالعہ کیا ہے۔ یہ حقیقت میرے لئے بطور خاص چونکا دینے والی تھی

کہ قرآن نے بظاہر کائنات کے بارے میں ایسے دقیق اشارے کیے ہیں جن کی تائید کائنات کے بارے میں جدید سائنسی تصورات سے ہوتی ہے۔ توریت میں ہم کو نمایاں طور پر سائنسی غلطیاں ملتی ہیں، مگر قرآن میں اس قسم کی کوئی غلطی نہیں ملتی۔“

ہم نے واضح کیا ہے کہ اسلام تمام مذاہب سے بہتر اور سچا مذہب ہے، رہی بات کہ اسلام عیسائیت پر کیوں فوقیت رکھتا ہے تو سنیے ”ریورنڈ میکسوئیل کنگ“ کی زبانی:

”قرآن الہامات کا مجموعہ ہے، اس میں اسلام کے قوانین، اصول و اخلاق کی تعلیم اور روزمرہ کے کاروبار کی نسبت صاف ہدایات ہیں اس لحاظ سے اسلام کو عیسائیت پر فوقیت ہے کہ اس کی مذہبی تعلیم اور قانون علیحدہ چیز نہیں ہیں۔“

اور ”ڈین شیلی“ نے کھلے الفاظ میں اقرار کیا ہے کہ:

”قرآن پاک کا قانون بلاشبہ بائبل کے قانون سے زیادہ مؤثر ہے۔“

ہم نے کہا تھا کہ قرآن کریم کے ساتھ ناقابل برداشت سازشیں کی گئیں اور اس کی مخالفت میں ہر ممکن کوششیں کی گئیں مگر یہ تاریخی حقیقت ہے کہ سازشیں حرف غلط کی طرح مٹ گئیں، اس کے برعکس تعصب کی چھاؤں سے دور قلب وعقل نے کیا سوچا اور کیا فیصلہ لیا؟ سنیے:

آریہ سماج کے مشہور ومعروف اپدیشک ”پنڈت لکشمن جی“ نے کہا ہے کہ:

”سوامی درجانند نے دیانند سرسوتی کو اس کا بھی حکم دیا تھا کہ وہ ان کتابوں کو جو قرآن کے خلاف ہوں جمنا میں پھینک دیں۔“

اس سے پنڈت لکشمن جی یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ سوامی درجانند قرآن کی مخالف چیزوں کی بیخ کنی کو ضروری خیال کرتے تھے۔

ان کے علاوہ اور بہت سے بڑے بڑے فلاسفروں اور داناؤں نے قرآن مجید کی صداقت کو تسلیم کیا ہے۔ ”ایکس لیورزون“ فرانسیسی فلاسفر کا قول ملاحظہ فرمائیے:

”قرآن ایک روشن اور پرحکمت کتاب ہے۔ اس میں شک نہیں ہے کہ وہ ایک ایسے شخص پر نازل ہوئی جو سچا نبی تھا اور خدا نے اس کو بھیجا تھا۔“

ان مذکورہ چند حوالہ جات نے یہ حقیقت واضح کردی کہ قرآن انسانیت کا قاتل نہیں؛ بلکہ امن وامان، ملکوں اور قوموں کو جہالت سے نکالنے اور علوم سے بہرہ ور کرنے، تمدن کو بلند کرنے کا بے نظیر اور لاثانی دستور حیات ہے۔ حقیقت وہ جادو ہے جو سر چڑھ کر بولتا ہے۔ حقیقت خود کو تسلیم کرالیتی ہے، منوائی نہیں جاتی۔

دارالعلوم دیوبند کا ترجمان

ماہنامہ

دارالعلوم

شمارہ: ۴	ربیع الثانی ۱۴۲۹ھ مطابق اپریل ۲۰۰۸ء	جلد: ۹۲

نگراں

حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب
مہتمم دارالعلوم دیوبند

مدیر

حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب
استاذ دارالعلوم دیوبند

ترسیل زر کا پتہ: دفتر ماہنامہ دارالعلوم دیوبند - ۲۴۷۵۵۴ یوپی

ہندوستان سے فی شمارہ -/۱۵ روپئے، سالانہ -/۱۵۰ روپئے
سعودی عرب، افریقہ، برطانیہ، امریکہ، کناڈا وغیرہ سے سالانہ -/۸۰۰ روپئے
بنگلہ دیش سے سالانہ -/۲۰۰ روپئے، پاکستان سے ہندوستانی رقم -/۲۰۰ روپئے

Tel. : 01336-222429 Fax : 01336-222768
Mob. : 09411649303 *(Manager)*
Web : http://www.darululoom-deoband.com
www.darululoom-deoband.com/urdu/magazine
E-mail: info@darululoom-deoband.com

R. N. I. No. 2133/57

DARUL ULOOM Monthly (Urdu) Printed, Published by Maulana Marghubur Rahman, Owned by Darul Uloom Grush. Published From Deoband, Saharanpur, U.P.
Printed at Darul Uloom Printing Press Deoband, Saharanpur
Editor : Maulana Habibur Rahman Azmi

فہرست مضامین

نمبرشمار	نگارش	نگارش نگار	صفحہ
۱	حرفِ آغاز	حبیب الرحمٰن اعظمی	۳
۲	کم سنی میں حضرت عائشہؓ کا نکاح تحقیق وتجزیہ	مفتی شکیل منصور القاسمی	۸
۳	سماجی انصاف، عدلیہ اورعوام	مولانا محمد ولی رحمانی	۱۶
۴	دینی مدارس اعتدال پسند اور انسانیت نواز ادارے ہیں	سہیل اختر	۲۱
۵	دہشت گردی کے خلاف دارالعلوم دیوبند میں تاریخ ساز کل ہند کانفرنس	مولانا شوکت علی قاسمی بستوی	۲۴

ختم خریداری کی اطلاع

- یہاں پر اگر سرخ نشان ہے تو اس بات کی علامت ہے کہ آپ کی مدت خریداری ختم ہوگئی ہے۔
- ہندوستانی خریدار منی آرڈر سے اپنا چندہ دفتر کو روانہ کریں۔
- چونکہ رجسٹری فیس میں اضافہ ہوگیا ہے۔ اس لیے وی پی میں صرفہ زائد ہوگا۔
- پاکستانی حضرات جناب مولانا شیر محمد صاحب ناظم جامعہ مدنیہ، کریم پارک، راوی روڈ، لاہور کو اپنا چندہ روانہ کریں۔
- ہندوستان و پاکستان کے تمام خریداروں کو خریداری نمبر کا حوالہ دینا ضروری ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حرفِ آغاز

حبیب الرحمٰن اعظمی

دین و مذہب کی آزادی انسان کے ان بنیادی حقوق میں سے ایک ہے جنھیں انسانیت کا فطری خاصہ مانا جاتا ہے، اور ہر مہذب حکومت نے انسان کے اس فطری حق کا پاس ولحاظ رکھا ہے، خود ہمارے ملک میں جو مختلف افکار و مذاہب اور تہذیب و ثقافت کا گہوارہ ہے شخصی عہد سلطنت میں مذہبی آزادی کی کس قدر پاسداری کی جاتی تھی اس کا اندازہ بھارت کے ''انگریزی راج'' کے مصنف پنڈت سندرلال الہ آبادی کے اس بیان سے کیا جاسکتا ہے۔

وہ عہد مغلیہ میں مذہبی آزادی پر گفتگو کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''اکبر، جہانگیر، شاہجہاں اوران کے بعد اورنگ زیب کے تمام جانشینوں کے زمانہ میں ہندو مسلم یکساں رہتے تھے۔ دونوں مذاہب کی یکساں توقیر کی جاتی تھی، اور مذہب کیلئے کسی کے ساتھ کسی قسم کی جانب داری نہ کی جاتی تھی''۔ (روشن مستقبل، ص:۲۴)

مذاہب عالم کی تاریخ اور واقعات و مشاہدات سے پتہ چلتا ہے کہ آزادئ مذہب کا مسئلہ اس درجہ نازک اور جذباتی ہے کہ جب بھی کسی حاکم یا حکومت کی جانب سے اس پر قدغن لگانے کی غیر شریفانہ کوشش کی گئی ہے تو عوام نے اسے برداشت نہیں کیا ہے۔ بلکہ اکثر حالات میں حکومت کا یہی بیجا رویہ بغاوت اور انقلاب کا پیش خیمہ بن گیا ہے۔ آزادئ ہند کی تاریخ کا ایک معمولی طالب علم بھی جانتا ہے کہ برطانوی حکومت کے خلاف ۱۸۵۷ء کی تاریخی جدوجہد کا اہم ترین محرک مسلمانوں اور ہندوؤں کا یہ اندیشہ تھا کہ ان کے مذہب میں رخنہ

اندازی اور اسے خراب کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ جنگ آزادی کے نامور مجاہد اور عظیم رہنما مولانا ابوالکلام آزاد نے ایک موقع پر حکومت برطانیہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا تھا:

''اسلام کے احکام کوئی راز نہیں جن تک گورنمنٹ کی رسائی نہ ہو وہ چھپی ہوئی کتابوں میں مرتب ہیں اور مدرسوں کے اندر شب وروز اس کا درس دیتے ہیں۔ پس گورنمنٹ کو چاہئے کہ صرف اس بات کی جانچ کرے کہ واقعی اسلام کے شرعی احکام ایسے ہیں یا نہیں! اگر یہ ثابت ہوجائے کہ ایسا ہی ہے تو پھر صرف دو ہی راہیں گورنمنٹ کے سامنے ہونی چاہئیں یا مسلمانوں کے لئے ان کے مذہب کو چھوڑ دے اور کوئی ایسی بات نہ کرے جس سے ان کے مذہب میں مداخلت ہو یا پھر اعلان کردے کہ حکومت کو مسلمانوں کے مذہبی احکام کی کوئی پرواہ نہیں ہے۔ نہ اس پالیسی پر قائم ہے کہ ''ان کے مذہب میں مداخلت نہیں ہوگی'' اس کے بعد مسلمانوں کے لئے نہایت آسانی ہوجائے گی کہ وہ اپنا وقت بے سود شور وفغاں میں ضائع نہ کریں اور برٹش گورنمنٹ اور اسلام ان دونوں میں سے کوئی ایک بات اپنے لئے پسند کرلیں۔ (مسئلہ خلافت وجزیرۂ عرب، ص:۲۰۴)

جہاد حریت کے ہراول حضرت شیخ الہند قدس سرہ نے آج سے تقریباً پچاسی سال پہلے ہندو مسلم اتحاد کی ضرورت پر اظہار خیال فرماتے ہوئے مذہبی آزادی کے مسئلہ کی نزاکت کو دوٹوک لفظوں میں واضح فرمادیا تھا، ملاحظہ کیجئے حضرت کی اختتامی تقریر کا اقتباس فرماتے ہیں:

''میں ان دونوں قوموں کے اتفاق واجتماع کو بہت ہی مفید اور ضروری سمجھتا ہوں اور حالات کی نزاکت کو محسوس کرکے جو کوشش اس کیلئے فریقین کے عمائد نے کی ہے اور کررہے ہیں اس کی میرے دل میں بہت قدر ہے کیونکہ میں جانتا ہوں کہ صورت حال اگر اس کے برخلاف ہوگی تو وہ ہندوستان کی آزادی کو آئندہ کیلئے ناممکن بنادے گی اسلئے ہندوستان کی آبادی کے یہ دونوں عنصر بلکہ سکھوں کی جنگ آزما قوم کو ملا کر تینوں اگر صلح وآشتی سے رہیں گے تو سمجھ میں نہیں آتا کہ کوئی چوتھی قوم خواہ وہ کتنی ہی بڑی طاقتور ہو ان اقوام کے اجتماعی نصب العین کو محض اپنے جبر واستبداد سے شکست دے سکے گی۔

ہاں میں یہ پہلے بھی کہہ چکا ہوں اور آج پھر کہتا ہوں کہ ان اقوام کی باہمی مصالحت و آشتی کو اگر آپ خوشگوار اور پائدار دیکھنا چاہتے ہیں تو اس کی حدود کو خوب اچھی طرح دل نشیں

کر لیجئے۔اور وہ حدود یہی ہیں کہ خدا کی باندھی ہوئی حدود میں ان سے کوئی رخنہ نہ پڑے جس کی صورت بجز اس کے کچھ نہیں ہوسکتی کہ صلح وآشتی کی تقریب سے فریقین کے مذہبی امور میں کسی ادانیٰ امر کو بھی ہاتھ نہ لگایا جائے اور دینوی معاملات میں ہرگز کوئی ایسا طریقہ اختیار نہ کیا جائے جس سے کسی فریق کی ایذا رسانی اور دل آزاری مقصود ہو“۔(جمعیۃ علماء کیا ہے، ص:۱۳۲)

حضرت شیخ الہند نوراللہ مرقدہ کے مقام ومرتبہ اوران کی ہمہ گیر مقبولیت سے باخبر اچھی طرح جانتے ہیں کہ یہ حضرت شیخ الہند کی اپنی تنہا کی آواز نہیں تھی بلکہ یہ پورے ملت اسلامیہ ہند کی ترجمانی تھی۔حضرت شیخ الہندؒ کی اسی رائے کو جمعیۃ علمائے ہند نے اپنے لاہور کے عام اجلاس میں بشکل تجویز ان الفاظ میں پیش کیا:

(الف) ہمارا نصب العین آزادیٔ کامل ہے۔

(ب) وطنی آزادی میں مسلمان آزاد ہوں گے۔ان کا مذہب آزاد ہوگا۔مسلم کلچر اور تہذیب آزادی ہوگی۔وہ کسی ایسے آئین کو قبول نہ کریں گے جس کی بنیاد ایسی آزادی پر نہ رکھی گئی ہو۔

(ج)…..جمعیۃ علماء ہند کے نزدیک ہندوستان کے آزاد صوبوں کا سیاسی وفاق ضروری اور مفید ہے مگر ایسا وفاق اور ایسی مرکزیت جس میں اپنی مخصوص تہذیب وثقافت کی مالک نو کروڑ نفوس پر مشتمل مسلمان قوم کسی عددی اکثریت کے رحم وکرم پر زندگی بسر کرنے پر مجبور ہوں ایک لمحہ کیلئے بھی گوارا نہ ہوگی یعنی مرکز کی تشکیل ایسے اصولوں پر ہونی ضروری ہے کہ مسلمان اپنی مذہبی، سیاسی اور تہذیبی آزادی کی طرف سے مطمئن ہوں۔(جمعیۃ علماء کیا ہے، ص:۳۳۳)

پھر اپنی مجلس عاملہ منعقدہ ۱۷، ۱۸/اگست ۱۹۴۲ء کے اجلاس میں دین ومذہب کے متعلق مسلمانوں کے اسی نقطۂ نظر کی ترجمانی کرتے ہوئے واضح الفاظ میں یہ تجویز منظور کی۔

”اس موقعہ پر ہم یہ بھی واضح کردینا ضروری سمجھتے ہیں کہ اگر جمعیۃ علماء کو اس امر کا ذرہ بھر بھی وہم ہوتا ہے کہ جدوجہد آزادی کا نتیجہ ہندوستان میں ہندوراج قائم ہوجاتا ہے تو وہ ایک لمحہ توقف کئے بغیر اس کی شدید مخالفت کرتی۔“

”ہم آزاد ہندوستان سے وہ آزاد ہندوستان مراد لیتے ہیں جس میں مسلمانوں کا مذہب ان کی اسلامی تہذیب اور قومی خصوصیات آزاد ہوں…مسلمان جو انگریز کی غلامی سے

آزادی حاصل کرنے کے لئے بیش بہا اور شاندار قربانیاں پیش کریں گے ان کی نسبت ہندو کی غلامی قبول کرنے کا تصور بھی ان کی سخت توہین ہے۔'' (جمعیۃ علماء کیا ہے، ص:۳۴۳-۳۴۴)

ان تفصیلات سے سمجھا جاسکتا ہے، کہ دین و مذہب کا مسئلہ کس قدر نازک اور جذباتی ہے بالخصوص مسلمان اس بارے میں کس درجہ حساس ہیں مذہب کی اسی حیثیت و اہمیت کا نتیجہ ہے کہ ملک کی آزادی کے بعد جب آزاد ہندوستان کا دستور مرتب ہوا تو اس میں خصوصی طور پر مذہبی حقوق پر توجہ دی گئی اور آزادی مذہب کو بنیادی اصول میں شامل کیا گیا اور اس کے تحت حسب ذیل دفعات رکھی گئیں:

دفعہ ۲۵: (۱) تمام اشخاص کو آزادئ ضمیر، اور آزادی سے مذہب قبول کرنے، اس کی پیروی اور اس کی تبلیغ کا مساوی حق ہے بشرطیکہ امن عامہ، اخلاق عامہ، صحت عامہ اور اس حصہ کی دیگر توضیعات متأثر نہ ہوں۔

دفعہ ۲۶: اس شرط کے ساتھ کہ امن عامہ، اور صحت عامہ متأثر نہ ہوں ہر ایک مذہبی فرقے یا اس کے کسی طبقے کو حق ہوگا۔

(الف) مذہبی اور خیراتی اغراض سے ادارے قائم کرنے اور چلانے کا

(ب) اپنے مذہبی امور کا انتظام خود کرنے کا الخ

دفعہ ۲۷: کسی شخص کو ایسے ٹیکسوں کے ادا کرنے پر مجبور نہیں کیا جائیگا جن کی آمدنی کسی خاص مذہب یا مذہبی فرقہ کی ترقی یا اس کو قائم رکھنے کے مصارف ادا کرنے کیلئے صراحتاً صرف کی جائے۔

دفعہ ۲۸: (۱) کسی ایسے تعلیمی ادارے میں جو بالکلیہ مملکتی فنڈ سے چلایا جاتا ہو کوئی مذہبی تعلیم نہیں دی جائے گی۔

(۲) فقرہ (۱) کے کسی امر کا اطلاق ایسے تعلیمی ادارہ پر نہیں ہوگا جس کا انتظام مملکت کرتی ہو لیکن جو کسی ایسے وقف یا ٹرسٹ کے تحت قائم کیا گیا ہو جو ایسے ادارہ میں مذہبی تعلیم دینا لازم قرار دے۔

(۳) کسی ایسے شخص پر جو کسی ایسے تعلیمی ادارہ میں شریک ہو جو مملکت کا مسلمہ ہو یا جس کو مملکتی فنڈ سے امداد ملتی ہو لازم نہ ہوگا کہ کسی ایسی مذہبی تعلیم میں حصہ لے جو ایسے ادارے میں

دی جائے یا ایسی مذہبی عبادت میں شریک ہو جو ایسے ادارہ میں یا اس ملحقہ عمارت واراضی میں کی جائے بجز اس کے کہ ایسے شخص نے یا اگر وہ نابالغ ہو تو اس کے ولی نے اس کیلئے اپنی رضامندی دی ہو۔

ثقافتی اور تعلیمی حقوق سے متعلق دفعات

دفعہ ۲۹: (۱) بھارت کے علاقہ میں یا اس کے کسی حصہ میں رہنے والے شہریوں کے کسی طبقہ کو جس کی اپنی الگ جداگانہ زبان، رسم الخط، یا ثقافت ہو اس کو محفوظ رکھنے کا حق ہوگا۔

(۲) کسی شہری کو ایسے تعلیمی ادارہ میں جس کو مملکت چلاتی ہو یا جس کو مملکتی فنڈ سے امداد ملتی ہو داخلہ دینے سے محض مذہب، نسل، ذات، زبان یا ان میں سے کسی بنا پر انکار نہیں کیا جائے گا۔

دفعہ ۳۰: تمام اقلیتوں کو خواہ وہ مذہب کی بنا پر ہوں یا زبان کی اپنی پسند کے تعلیمی ادارے قائم کرنے اور ان کا انتظام کرنے کا حق ہوگا۔ (بھارت کا آئین یکم جنوری ۱۹۸۵ء تک ترمیم شدہ شائع کردہ ترقی اردو بیورو وزارت تعلیم حصہ ۳ بنیادی حقوق، ص:۴۶-۴۷)

ان دستوری مستحکم ضمانتوں کے ساتھ دستور ساز اسمبلی میں اقلیتوں بالخصوص مسلمانوں کو اطمینان دلاتے ہوئے سردار ولبھ بھائی پٹیل نے یقین دہانی کرائی تھی کہ ان کے مفادات کا ان کے اطمینان کی حد تک خیال رکھا جائے گا اور اسے اسٹیٹ ایک مشن یعنی کاز کی حیثیت دے گا۔

مگر راج گدی پر بیٹھتے ہی یہ سارے عہد و پیمان اور قول و قرار جوش اقتدار کی نذر ہو گئے اور ایک خاموش تحریک شروع کردی گئی کہ نصاب تعلیم اور سرکاری اسکولوں کے ماحول کے ذریعہ ہندو تہذیب بلکہ صحیح لفظوں میں برہمن ازم کو یہاں کے بچہ بچہ کے دل و دماغ میں اتار دیا جائے۔ اور اسی فکر و نظر کے تحت ایک طرف اسلامی اداروں کو دہشت گردی کا اڈا بتا کر انہیں قومی مجرموں کی صف میں کھڑا کرنے کی ناروا سعی کی جارہی ہے اور دوسرے طرف انہیں مدر بورڈ کے شکنجوں میں کس کران کے دینی و مذہبی کردار کو ختم کرنے کی اسکیمیں تیار کی جارہی ہیں۔ ہوشیار، ہوشیار، ہوشیار، اے ملت اسلامیہ ہوشیار۔

❀ ❀ ❀

کم سنی میں حضرت عائشہؓ کا نکاح
تحقیق و تجزیہ

از: مفتی شکیل منصور القاسمی
مجمع عین المعارف للدراسات الاسلامیہ، کنور۔ کیرالہ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا نکاح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کم سنی میں ہوا یعنی ٦ر سال کی عمر میں نکاح اور ۹ر سال کی عمر میں رخصتی ہوئی، اس سلسلہ میں معاندینِ اسلام کی طرف سے یہ شکوک وشبہات قائم کئے جاتے ہیں کہ اس کم سنی کی شادی پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے موزوں اور مناسب تھی، چنانچہ ایک یہودی عالم نے انٹرنیٹ پر یہی اعتراض پیش کیا ہے — زیرنظر مضمون میں اسی کا مفصل ومدلل جواب دیا گیا ہے۔

سوال: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا نکاح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کم سنی میں ہوا، بیان کیا جاتا ہے کہ ٦ر سال کی عمر میں نکاح اور ۹ر سال کی عمر میں رخصتی ہوئی۔ اس سلسلہ میں معاندین اسلام کی طرف سے یہ شکوک وشبہات قائم کئے جاتے ہیں کہ اس کم سنی کی شادی پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے موزوں اور مناسب نہیں تھی۔ چنانچہ ایک یہودی عالم نے انٹرنیٹ پر یہی اعتراض پیش کیا ہے۔ آپ اس کا تحقیقی وتفصیلی جواب عنایت فرمائیں تو شکرگذار رہوں گا۔
(فاروق عبدالعزیز قریشی — رنگ روڈ مہدی پٹنم، حیدرآباد)

جواب: حضرت عائشہ صدیقہؓ سے جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کی کم سنی میں نکاح فرمایا اور پھر ان کی والدہ حضرت ام رومانؓ (زینبؓ) نے تین سال بعد ۹ر سال کی عمر میں رخصتی کردی، اس پر بعض گوشوں سے اعتراضات اور شکوک وشبہات نئے نہیں ہیں؛ بلکہ پرانے ہیں، علماء اور محققین نے جوابات بھی دیئے ہیں، تاہم ذیل کی سطروں میں ایک ترتیب کے ساتھ جواب دینے کی کوشش کی جارہی ہے۔ امید کہ جواب میں تحقیق وتجزیہ کے جو پہلو سامنے آئیں گے، اُن سے ذہنی غبار

ڈھل جائے گا اور ذہن کا مطلع بالکل صاف اور واضح ہو جائے گا۔ اس لیے مسئلہ کی اہمیت کے پیش نظر تفصیلی جواب لکھنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ کارگاہِ عالم کا سارا نظام قانونِ زوجی (Law of Sex) پر مبنی ہے اور کائنات میں جتنی چیزیں نظر آرہی ہیں سب اسی قانون کا کرشمہ اور مظہر ہیں۔ (الذاریات:۴۹) یہ اور بات ہے کہ مخلوقات کا ہر طبقہ اپنی نوعیت، کیفیت اور فطری مقاصد کے لحاظ سے مختلف ہیں لیکن اصل زوجیت ان سب میں وہی ایک ہے۔ البتہ انواعِ حیوانات میں انسان کو خاص کرکے یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ اس کے زوجین کا تعلق محض شہوانی نہ ہو بلکہ محبت اور انس کا تعلق ہو دل کے لگاؤ اور روحوں کے اتصال کا تعلق ہو۔ وہ دونوں ایک دوسرے کے رازدار اور شریک رنج و راحت ہوں، ان کے درمیان ایسی معیت اور دائمی وابستگی ہو جیسی لباس اور جسم میں ہوتی ہے۔ دونوں صنفوں کا یہی تعلق دراصل انسانی تمدن کی عمارت کا سنگِ بنیاد ہے اس ربط و تعلق کے بغیر نہ انسانی تمدن کی تعمیر ممکن ہے اور نہ ہی کسی انسانی خاندان کی تنظیم۔ جب یہ قانونِ زوجی خالقِ کائنات کی طرف سے ہے تو یہ کبھی صنفی میلان کو کچلنے اور فنا کرنے والا نہیں ہوسکتا۔ اس سے نفرت اور کلی اجتناب کی تعلیم دینے والا بھی نہیں ہوسکتا؛ بلکہ اس میں لازماً ایسی گنجائش رکھی گئی ہے کہ انسان اپنی فطرت کے اس اقتضاء کو پورا کرسکے حیوانی سرشت کے اقتضاء اور کارخانۂ قدرت کے مقرر کردہ اصول وطریقہ کو جاری رکھنے کے لیے قدرت نے صنفی انتشار کے تمام دروازے مسدود کردیئے، اور ''نکاح'' کی صورت میں صرف ایک دروازہ کھولا۔ کسی بھی آسمانی مذہب و شریعت نے اس کے بغیر مرد وعورت کے باہمی اجتماع کو جائز قرار نہیں دیا۔ پھر اسلامی شریعت میں یہاں تک حکم دیا گیا ہے کہ اس فطری ضرورت کو تم پورا کرو، مگر منتشر اور بے ضابطہ تعلقات میں نہیں، چوری چھپے بھی نہیں، کھلے بندوں بے حیائی کے طریقے پر بھی نہیں؛ بلکہ باقاعدہ اعلان و اظہار کے ساتھ، تاکہ تمہاری سوسائٹی میں یہ بات معلوم اور مسلم ہوجائے کہ فلاں مرد اور عورت ایک دوسرے کے ہوچکے ہیں۔

نبی کریم ﷺ ایک ایسی قوم میں مبعوث ہوئے تھے، جو تہذیب وتمدن کے ابتدائی درجہ میں تھی آپ ﷺ کے سپرد اللہ نے صرف یہی کام نہیں کیا تھا کہ اُن کے عقائد وخیالات درست کریں؛ بلکہ یہ خدمت بھی آپ ﷺ کے سپرد تھی کہ ان کا طرزِ زندگی، بود و باش اور رہن سہن بھی ٹھیک اور درست کریں۔ ان کو انسان بنائیں، انہیں شائستہ اخلاق، پاکیزہ معاشرت، مہذّب تمدن، نیک

معاملات اور عمدہ آداب کی تعلیم دیں، یہ مقصد محض وعظ وتلقین اور قیل وقال سے پورا نہیں ہوسکتا تھا، تیس سال کی مختصر مدتِ حیات میں ایک پوری قوم کو وحشیت کے بہت نیچے مقام سے اٹھا کر تہذیب کے بلندترین مرتبہ تک پہنچا دینا اس طرح ممکن نہ تھا کہ محض مخصوص اوقات میں ان کو بلا کر کچھ زبانی ہدایات دیدی جائیں۔ اس کے لیے ضرورت تھی کہ آپ ﷺ خود اپنی زندگی میں ان کے سامنے انسانیت کا ایک مکمل ترین نمونہ پیش کرتے اور ان کو پورا موقع دیتے کہ اس نمونہ کو دیکھیں اور اپنی زندگیوں کو اس کے مطابق بنائیں۔ چنانچہ آپ ﷺ نے ایسا ہی کیا۔ یہ آپ ﷺ کا انتہائی ایثار تھا کہ آپ ﷺ نے زندگی کے ہر شعبہ کو قوم کی تعلیم کے لیے عام کردیا۔ اپنی کسی چیز کو بھی پرائیویٹ اور مخصوص نہ رکھا۔ حتی کہ ان معاملات کو بھی نہ چھپایا جنھیں دنیا میں کوئی شخص عوام کے لئے کھولنے پر آمادہ نہیں ہوسکتا۔ آپ ﷺ نے اتنا غیر معمولی ایثار اس لئے کیا تاکہ رہتی دنیا تک کے لئے لوگوں کو بہترین نمونہ اور عمدہ نظیر مل سکے۔ اسی اندرونی اور خانگی حالات دنیا کے سامنے پیش کرنے کے لئے آپ ﷺ نے متعدد نکاح فرمایا۔ تاکہ آپ ﷺ کی نجی زندگی کے تمام حالات نہایت وثوق اور اعتماد کے ساتھ دنیا کے سامنے آجائیں اور ایک کثیر جماعت کی روایت کے بعد کسی قسم کا شک وشبہ باقی نہ رہے اور شریعت کے وہ احکام ومسائل جو خاص عورتوں سے متعلق ہیں اور مردوں سے بیان کرنے میں حیاء اور حجاب مانع ہوتا ہے ایسے احکام شرعیہ کی تبلیغ ازواجِ مطہراتؓ کے ذریعہ سے ہوجائے۔

تنہائی کے اضطراب میں، مصیبتوں کے ہجوم میں اور ستمگاریوں کے تلاطم میں ساتھ دینے والی آپ ﷺ کی غمگسار بیوی ام المؤمنین حضرت خدیجہؓ کا رمضان ۱۰ھ نبوت میں جب انتقال ہوگیا تو آپ ﷺ نے چار سال بعد یہ ضروری سمجھا کہ آپ ﷺ کے حرم میں کوئی ایسی چھوٹی عمر کی خاتون داخل ہوں جھنوں نے اپنی آنکھ اسلامی ماحول میں ہی میں کھولی ہو اور جو نبی ﷺ کے گھرانے میں آکر پروان چڑھیں، تاکہ ان کی تعلیم وتربیت ہر لحاظ سے مکمل اور مثالی طریقہ پر ہو اور وہ مسلمان عورتوں اور مردوں میں اسلامی تعلیمات پھیلانے کا مؤثر ترین ذریعہ بن سکیں۔ چنانچہ اس مقصد کے لیے مشیت الٰہی نے حضرت عائشہؓ کو منتخب فرمایا اور شوال ۳ھ قبل الہجرہ مطابق ۶۲۰ء مئی میں حضرت عائشہؓ سے آپ ﷺ کا نکاح ہوا، اس وقت حضرت عائشہ کی عمر جمہور علماء کے یہاں چھ سال تھی اور تین سال بعد جب وہ ۹ سال کی ہوچکی تھیں اور اُن کی والدۂ محترمہ حضرت ام رومانؓ نے آثار وقرائن سے یہ اطمینان حاصل کرلیا تھا کہ وہ اب اس عمر کو پہنچ چکی ہیں

کہ رخصتی کی جاسکتی ہے تو نبی اکرم ﷺ کے پاس روانہ فرمایا اور اس طرح رخصتی کا عمل انجام پایا۔

(مسلم جلد۲، صفحہ ۴۵۶، اعلام النساء صفحہ ۱۱، جلد ۳، مطبوعہ بیروت)

حضرت عائشہؓ کے والدین کا گھر تو پہلے ہی نورِ اسلام سے منور تھا، عالمِ طفولیت ہی میں انہیں کاشانۂ نبوت تک پہنچادیا گیا تاکہ ان کی سادہ لوح دل پر اسلامی تعلیم کا گہرا نقش مرتسم ہوجائے۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ نے اپنی اس نوعمری میں کتاب وسنت کے علوم میں گہری بصیرت حاصل کی۔ اسوۂ حسنہ اور آنحضور ﷺ کے اعمال وارشادات کا بہت بڑا ذخیرہ اپنے ذہن میں محفوظ رکھا اور درس وتدریس اور نقل وروایت کے ذریعہ سے اُسے پوری امت کے حوالہ کردیا۔ حضرت عائشہؓ کے اپنے اقوال وآثار کے علاوہ اُن سے دوہزار دوسودس (۲۲۱۰) مرفوع احادیث صحیحہ مروی ہیں۔ اور حضرت ابوہریرہؓ کو چھوڑ کر صحابہ وصحابیات میں سے کسی کی بھی تعدادِ حدیث اس سے زائد نہیں۔

بعض مریضانہ ذہن وفکر رکھنے والے افراد کے ذہن میں یہ خلش اور الجھن پائی جاتی ہے کہ آپ ﷺ کی حضرت عائشہؓ سے اس کم سنی میں نکاح کرنے کی کیا ضرورت تھی؟ اور یہ کہ اس چھوٹی سی عمر میں حضرت عائشہؓ سے نکاح کرنا آپ ﷺ کے لئے موزوں اور مناسب نہیں تھا؟ چنانچہ ایک یہودی مستشرق نے انٹرنیٹ پر اس قسم کا اعتراض بھی اٹھایا ہے اور اس طرح اس نے بعض حقائق و واقعات، سماجی روایات، موسمی حالات اور طبی تحقیقات سے اعراض اور چشم پوشی کا اظہار بھی کیا ہے کہ حضرت عائشہؓ سے نکاح اور رخصتی اس کم سنی میں کیوں کر ہوئی؟

یہ اعتراض درحقیقت اس مفروضہ پر مبنی ہے کہ حضرت عائشہؓ میں وہ اہلیت وصلاحیت پیدا نہیں ہوئی تھی جو ایک خاتون کو اپنے شوہر کے پاس جانے کے لئے درکار ہوتی ہے، حالانکہ اگر عرب کے اس وقت کے جغرافیائی ماحول اور آب وہوا کا تاریخی مطالعہ کریں تو یہ واقعات اس مفروضہ کی بنیاد کو کھوکھلی کردیں گے، جس کی بناء پر حضرت عائشہؓ کے نکاح کے سلسلہ میں ناروا اور بیجا طریقہ پر لب کو حرکت اور قلم کو جنبش دی گئی ہے۔ سب سے پہلے یہ ذہن میں رہے کہ اسلامی شریعت میں صحت نکاح کے لیے بلوغ شرط نہیں ہے سورہ ''الطلاق'' میں نابالغہ کی عدت تین ماہ بتائی گئی ہے، واللائی لم یحضن (المائدہ:۴) اور ظاہر ہے کہ عدت کا سوال اسی عورت کے معاملہ میں پیدا ہوتا ہے جس سے شوہر خلوت کرچکا ہو؛ کیوں کہ خلوت سے پہلے طلاق کی صورت میں سرے سے کوئی عدت ہی نہیں ہے۔ (الاحزاب:۴۹) اس لیے ''واللائی لم یحضن'' سے

ایسی عورت کی عدت بیان کرنا جنھیں ماہواری آنا شروع نہ ہوا ہو صراحت کے ساتھ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اس عمر میں نہ صرف لڑکی کا نکاح کردینا جائز ہے بلکہ شوہر کا اس کے ساتھ خلوت کرنا بھی جائز ہے۔ (احکام القرآن للجصاص جلد۲، صفحہ ۶۲۔ الفقہ الاسلامی وادلتہ جلد ۷ صفحہ ۱۸)

حضرت عائشہؓ کی نسبت قابل وثوق ذرائع سے معلوم ہے کہ ان کے جسمانی قوی بہت بہتر تھے اور ان میں قوت نشو ونما بہت زیادہ تھی۔ ایک تو خود عرب کی گرم آب و ہوا میں عورتوں کے غیر معمولی نشو ونما کی صلاحیت ہے۔ دوسرے عام طور پر یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ جس طرح ممتاز اشخاص کے دماغی اور ذہنی قویٰ میں ترقی کی غیر معمولی استعداد ہوتی ہے، اسی طرح قد وقامت میں بھی بالیدگی کی خاص صلاحیت ہوتی ہے۔ اس لیے بہت تھوڑی عمر میں وہ قوت حضرت عائشہؓ میں پیدا ہوگئی تھی جو شوہر کے پاس جانے کے لیے ایک عورت میں ضروری ہوتی ہے۔ داؤدی نے لکھا ہے کہ و کانت عائشة شبت شبابا حسنا یعنی حضرت عائشہؓ نے بہت عمدگی کے ساتھ سن شباب تک ترقی کی تھی (نووی ۳/۴۵۶) حضرت عائشہ کے طبعی حالات تو ایسے تھے ہی، ان کی والدہ محترمہ نے ان کے لیے ایسی باتوں کا بھی خاص اہتمام کیا تھا جو ان کے لیے جسمانی نشو ونما پانے میں ممد ومعاون ثابت ہوئی۔ چنانچہ ابوداؤد جلد دوم صفحہ ۹۸ اور ابن ماجہ صفحہ ۲۴۶ میں خود حضرت عائشہؓ کا بیان مذکور ہے کہ ''میری والدہ نے میری جسمانی ترقی کے لیے بہترے تدبیریں کیں۔ آخر ایک تدبیر سے خاطر خواہ فائدہ ہوا، اور میرے جسمانی حالات میں بہترین انقلاب پیدا ہوگیا'' —— اس کے ساتھ اس نکتہ کو بھی فراموش نہ کرنا چاہیئے کہ حضرت عائشہؓ کو خود ان کی والدہ نے بدون اس کے کہ آنحضرت ﷺ کی طرف سے رخصتی کا تقاضا کیا گیا ہو، خدمتِ نبوی میں بھیجا تھا اور دنیا جانتی ہے کہ کوئی ماں اپنی بیٹی کی دشمن نہیں ہوتی؛ بلکہ لڑکی سب سے زیادہ اپنی ماں ہی کی عزیز اور محبوب ہوتی ہے۔ اس لیے ناممکن اور محال ہے کہ انھوں نے ازدواجی تعلقات قائم کرنے کی صلاحیت واہلیت سے پہلے ان کی رخصتی کردیا ہو اور اگر تھوڑی دیر کے لیے مان لیا جائے کہ عرب میں عموماً لڑکیاں ۹ ربرس میں بالغ نہ ہوتی ہوں تو اس میں حیرت اور تعجب کی کیا بات ہے کہ استثنائی شکل میں طبی اعتبار سے اپنی ٹھوس صحت کے پس منظر میں کوئی لڑکی خلافِ عادت ۹ ربرس ہی میں بالغ ہوجائے، جو ذہن ودماغ منفی سوچ کا عادی بن گئے ہوں اور وہ صرف شکوک وشبہات کے جال بننے کے خوگر ہوں انھیں تو یہ واقعہ جہالت یا تجاہل عارفانہ کے طور پر حیرت انگیز بنا کر پیش کرے گا؛ لیکن جو ہر طرح کی ذہنی عصبیت وجانبداری کے خول سے باہر نکل کر عدل وانصاف

کے تناظر میں تاریخ کا مطالعہ کرنا چاہتے ہوں وہ جان لیں کہ نہایت مستند طریقہ سے ثابت ہے کہ عرب میں بعض لڑکیاں ۹/برس میں ماں اوراٹھارہ برس کی عمر میں نانی بن گئی ہیں۔ سنن دار قطنی میں ہے حدثنی عباد بن عباد المهلبی قال ادركت فينا يعنی المهالبة امرأة صارت جدة وهی بنت ثمان عشرة سنة، ولدت تسع سنين ابنة، فولدت ابنتها لتسع سنين فصارت هی جدة وهی بنت ثمان عشرة سنة (دار قطنی، جلد۳، صفحہ ۳۲۲، مطبوعہ: لاہور پاکستان) خود ہمارے ملک ہندوستان میں یہ خبر کافی تحقیق کے بعد شائع ہوئی ہے کہ وکٹوریہ ہسپتال دہلی میں ایک سات سال سے کم عمر کی لڑکی نے ایک بچہ جنا ہے۔ (دیکھئے اخبار ''مدینہ'' بجنور، مجریہ یکم جولائی ۱۹۳۴ء بحوالہ نصرت الحدیث صفحہ ۱۷۱)

جب ہندوستان جیسے معتدل اور متوسط ماحول وآب وہوا والے ملک میں سات برس کی لڑکی میں یہ استعداد پیدا ہوسکتی ہے تو عرب کے گرم آب وہوا والے ملک میں ۹/سال کی لڑکی میں اس صلاحیت کا پیدا ہونا کوئی تعجب کی بات نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت علیؓ نے اپنی لڑکی ام کلثوم کا نکاح عروۃ بن الزبیر سے اور عروۃ بن الزبیر نے اپنی بھتیجی کا نکاح اپنے بھتیجے سے اور عبداللہ بن مسعودؓ کی بیوی نے اپنی لڑکی کا نکاح ابن المسیب بن نخبۃ سے کم سنی میں کیا۔ (الفقہ الاسلامی وادلتہ جلد۷، صفحہ ۱۸۰)

ان حضرات کا کم سنی میں اپنی لڑکیوں کا نکاح کردینا بھی اس بات کی کھلی ہوئی دلیل ہے کہ اس وقت بہت معمولی عمر میں ہی بعض لڑکیوں میں شادی وخلوت کی صلاحیت پیدا ہوجاتی تھی، تو اگر حضرت عائشہؓ کا نکاح ۶/برس کی عمر میں ہوا تو اس میں کیا استبعاد ہے کہ ان میں جنسی صلاحیتیں پیدا نہ ہوئی ہوں۔ جیسا کہ ابھی ثابت ہوچکا ہے کہ ان کی والدہ نے خصوصیت کے ساتھ اس کا اہتمام کیا تھا — الغرض شوہر سے ملنے کے لیے ایک عورت میں جو صلاحیتیں ضروری ہوتی ہیں وہ سب حضرت عائشہؓ میں موجود تھیں۔ لہٰذا اب یہ خیال انتہائی فاسد ذہن کا غماز ہوگا اور موسمی، ملکی، خاندانی اور طبی حالات سے اعراض اور چشم پوشی کا مترادف ہوگا کہ حضرت عائشہؓ سے کم سنی میں شادی کرنے کی آپ ﷺ کو کیا ضرورت تھی؟ — علاوہ ازیں حضرت عائشہ کے ماسوا، جملہ ازواج مطہراتؓ بیوہ، مطلقہ یا شوہر دیدہ تھیں، حضرت عائشہؓ سے کم سنی میں ہی اس لئے نکاح کرلیا گیا تاکہ وہ آپ ﷺ سے زیادہ عرصہ تک اکتسابِ علوم کرسکیں۔ اور حضرت عائشہؓ کے توسط سے لوگوں کو دین وشریعت کے زیادہ سے زیادہ علوم حاصل ہوسکیں۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد

حضرت عائشہؓ (۴۸) اڑتالیس سال زندہ رہیں، زرقانی کی روایت کے مطابق ۶۶ھ میں حضرت عائشہؓ کا انتقال ہوا۔ ۹ر برس میں رخصتی ہوئی آپ کے ساتھ ۹ر سال رہیں اور آپ کی وفات کے وقت ان کی عمر ۱۸ برس تھی۔ (زرقانی، الاستیعاب) اور صحابہ وتابعین ان کی خداداد ذہانت و فراست، ذکاوت وبصیرت اور علم وعرفان سے فیض حاصل کرتے رہے، اور اس طرح ان کے علمی و عرفانی فیوض وبرکات ایک لمبے عرصہ تک جاری رہے۔ (زرقانی جلد۳، صفحہ ۲۲۹-۲۳۶)

حقیقت یہ ہے کہ آپ ﷺ کے سوا کوئی ایسا آدمی دنیا میں نہیں گزرا جو کامل ۲۳ برس تک ہر وقت، ہر حال میں منظر عام پر زندگی بسر کرلے، سینکڑوں ہزاروں آدمی اس کی ایک ایک حرکت کے تجسس میں لگے ہوئے ہوں۔ اپنے گھر میں اپنی بیویوں اور اپنی اولاد کے ساتھ برتاؤ کرتے ہوئے بھی اس کی جانچ پڑتال ہو رہی ہو اور اتنی گہری تلاش کے بعد نہ صرف یہ کہ اس کے کیریکٹر پر ایک سیاہ چھینٹ تک نظر نہ آئے؛ بلکہ یہ ثابت ہو کہ جو کچھ وہ دوسروں کو تعلیم دیتا تھا، خود اس کی اپنی زندگی اس تعلیم کا مکمل نمونہ تھی؛ بلکہ یہ ثابت ہو کہ اس طویل زندگی میں وہ کبھی ایک لمحہ کے لیے بھی عدل وتقویٰ اور سچائی و پاکیزگی کے معیاری مقام سے نہیں ہٹا؛ بلکہ یہ ثابت ہو کہ جن لوگوں نے سب سے زیادہ قریب سے اس کو دیکھا وہی سب سے زیادہ اس کے گرویدہ اور معتقد ہوئے۔ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وصحبہ وسلم۔

یہی وجہ ہے کہ انسان کی پوری آبادی میں ''انسانِ کامل'' کہلائے جانے کے آپ ﷺ ہی مستحق ہیں اور عیسائی سائنسداں نے جب تاریخ عالم میں ایسے شخص کو جو اپنی شخصیت کے جگمگاتے اور گہرے نقوش چھوڑے ہیں سب سے پہلے نمبر پر رکھ کر اپنی کتاب کا آغاز کرنا چاہا تو اس نے دیانت کا ثبوت دیتے ہوئے حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام اور اپنے من پسند کسی سائنسداں کا تذکرہ نہیں کیا بلکہ اس کی نظر انتخاب اسی پر پڑی اور اسی سے اپنی کتاب کا آغاز کیا جسے دنیا حضرت محمد ﷺ کے نام سے جانتی اور پہچانتی ہے۔ اس لئے آپ ﷺ کی زندگی جلوت کی ہو یا خلوت کی ایک کامل نمونہ ہے اور اس میں ایسا اعتدال وتوازن پایا جاتا ہے کہ کسی قسم کے شک وشبہ کی گنجائش نہیں رہتی۔ اور جب کوئی ''یرقانی'' نظر والے آپ ﷺ کی زندگی میں کسی کمی کو تلاش کریں تو حقیقت پسند شاعر یہ کہہ کر اس کی طرف متوجہ ہوگا۔

فرق آنکھوں میں نہیں، فرق ہے بینائی میں
عیب میں عیب، ہنرمند ہنر دیکھتے ہیں

انٹرنیٹ کی دنیا سے قریبی تعلق رکھنے والے جانتے ہیں کہ اسلام کے خلاف مختلف شکوک و شبہات اور فتنے پیدا کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔اس قسم کے شکوک وشبہات کا ازالہ اور فتنوں کا سدِّ باب وقت کی اہم ترین ضرورت ہے، جولوگ انٹرنیٹ کے ذریعہ فتنے کے شوشے چھوڑ دیتے ہیں ان کا منظّم ومنصوبہ بند طریقہ پر جواب دیا جائے کسی وجہ سے اگر علماء براہِ راست انگریزی میں جواب نہیں دے سکتے تو ان کا علمی تعاون حاصل کرکے جواب کی اشاعت عمل میں لائی جاسکتی ہے، زندگی کا کارواں جب چلتا ہے تو گرد وغبار کا اٹھنا لازمی ہے؛ لیکن منزل کی طرف رواں دواں رہنے ہی میں منزل پر پہنچا جاسکتا ہے؛ لیکن اس کے لئے قدم میں طاقت اور دست و بازو میں قوت چاہئے۔　　ع

اس بحرِ حوادث میں قائم پہنچے گا وہی اب ساحل تک
جو موجِ بلاء کا خوگر ہو رخ پھیر سکے طوفانوں کا

❁　❁　❁

سماجی انصاف، عدلیہ اور عوام

از: حضرت مولانا محمد ولی رحمانی
سجادہ نشیں خانقاہ رحمانی، مونگیر، بہار

کسی بھی سماج میں اختلاف اور نزاع فطری بات ہے، ایسے معاملات کو حل کرنے کے لئے لوگ خاندان اور سماج کے تجربہ کار بزرگوں کی طرف رجوع کرتے ہیں اور ان کے فیصلہ کو مانتے ہیں، یہ اختلاف ذرا بڑا ہو، تو اکثر و بیشتر حضرات خاندان اور سماج کے بزرگوں کے بجائے حکومت کی عدالتوں میں جاتے ہیں، صرف اس لئے کہ عدالتیں اپنے فیصلہ کو نافذ کرانے کے لئے پولیس کی طاقت اور حکومت کی صلاحیت بھی رکھتی ہے۔ اسی طاقت اور صلاحیت کے لئے قانون اسلامی کی اصطلاح میں قوت نافذہ کا لفظ استعمال ہوتا ہے، یہ قوت نافذہ یا پولیس کی طاقت اور حکومت کی صلاحیت ''فیصلہ'' کا حصہ نہیں ہے، فیصلہ کا مطلب ہے قانون کے مطابق حق اور سچ کا اظہار۔ کسی بھی معاملہ میں سچ کو جھوٹ سے الگ کرنا، دعویٰ اور دلیل کی مطابقت دیکھنا، شہادتوں کا جائزہ لینا، فیصلہ کرنے والے کی بنیادی ذمہ داری ہے۔

فیصلہ کرنے والوں کی فطری صلاحیت، علمی لیاقت اور صحیح نتیجہ تک پہنچنے کی قوت یکساں نہیں ہوتی، جیسے جیسے وقت گذرتا جارہا ہے، فیصلہ کرنے والوں کی غیر جانبداری بھی مشتبہ ہوتی جارہی ہے، یہ غیر جانبداری فیصلہ کرنے والے کے لئے بہت اہم ضرورت اور بڑی قیمتی صفت ہے۔ اسلامی قانون کی زبان میں فیصلہ کرنے والے کے لئے ''عدالت'' کی شرط بھی ہے، جس کے دائرہ میں غیر جانبداری بھی آتی ہے۔ حکومت کی عدالتوں میں فیصلہ کرنے والوں کے لئے بھی یہ شرط موجود ہے، اور ججوں سے یہ امید کی جاتی ہے کہ وہ وطن سے محبت اور قانون کے احترام کے جذبہ کے تحت غیر جانبدار رہیں گے، اور ایسا فیصلہ کریں گے، جو ان کی لیاقت، قابلیت اور شہادت کے لحاظ سے درست ہو۔ ان فیصلوں میں سچ کی حمایت اور حق کا اظہار ہوگا، غیر جانبداری اور دیانتداری ہر حال میں برقرار رہے گی۔

اولاً فیصلے کرنے والوں کی فطری صلاحیت اور علمی لیاقت میں بڑا فرق و فاصلہ ہوتا ہے،

دوسرے یہ بھی حقیقت ہے کہ وطن عزیز میں عدالتوں کی غیر جانبداری اور شک وشبہ سے بالاتر دیانتداری پر بھی انگلیاں اٹھنے لگی ہیں اور مختلف پہلوؤں سے ایسے سوالات سامنے آرہے ہیں جو ججوں کی ایمانداری پر پائی جانے والی بے چینی کو ظاہر کرتے ہیں، یہ آوازیں ابھی بلند نہیں ہیں، نہ کسی گروپ یا جماعت نے اس کو اپنے ایجنڈا کا حصہ بنایا ہے، جس کی وجہ احترام عدالت کا قانون (آرٹیکل ۲۱۵) کنٹمپٹ آف کورٹ (Contempt of Court) ہے، لیکن عدالتوں کے بارے میں دانشوروں کا ذہن بہت صاف نہیں ہے اور نہ ان کی ایمانداری اور غیر جانبداری پر بہت زیادہ اعتماد کیا جاتا ہے۔

یہ بہت ڈھکی چھپی حقیقت نہیں ہے کہ سپریم کورٹ کے فاضل اور قابل احترام ججوں کے سامنے بھی یہ حقیقت رہی ہے، شاید اسی لئے سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کے جی بالا کرشنن کو یہ کہتے ہوئے ججوں کا دفاع کرنا پڑا کہ ''محض مٹھی بھر جج الزامات کے گھیرے میں ہیں، میرے خیال میں، اونچی عدالتوں کے جج صاحبان میں بڑے پیمانہ پر بھرسٹاچار پھیلا ہوا نہیں ہے۔'' چیف جسٹس محترم نے یہ بھی کہا کہ ''ججوں کو اپنی جائداد کی سالانہ تفصیل بتانا ضروری نہیں۔''

واضح رہے کہ یہ سوال چیف جسٹس محترم سے اسی پس منظر میں کیا گیا تھا کہ جسٹس ایس پی بھروچا نے کہا تھا کہ ۲۰ فیصد جج بے ایمان (بھرسٹ) ہیں۔ اسی طرح ادارہ ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل کے ایک سروے کے مطابق ۶۳ فیصد دیس کے رہنے والوں نے عدلیہ کو بے ایمان (بھرسٹ) بتایا تھا۔ چیف جسٹس محترم نے اس پر اظہار خیال کرتے ہوئے فرمایا کہ ''میری رائے ہے کہ موجودہ جسٹس حضرات میں بے ایمانوں کی اتنی بڑی تعداد نہیں ہے، یقینی طور پر یہ اعداد وشمار مبالغہ آمیز ہیں۔'' (بحوالہ روزنامہ ''ہندوستان'' ہندی، دہلی ۲/۵/۷ ۲۰۰ء)۔

مختلف وجوہ کی بناء پر عدالتوں کے نظم کو مرحلہ وار بنایا گیا ہے اور مقامی عدالتوں کے بعد ضلع کی عدالتیں ہیں، پھر صوبہ کی عدالتیں، اور سب کے اوپر سپریم کورٹ ہے، یہ مرحلے اس لئے بھی بنائے گئے ہیں، تاکہ مدعی یا مدعا علیہ کو ''انصاف ملنے میں'' کسی کمی کوتاہی کا احساس ہو، تو وہ عدالت بالا سے رجوع کرسکے۔ یہ بھی واقعہ ہے کہ ہماری عدالتوں میں انصاف بہت دیر سے ملا کرتا ہے اور انصاف تک پہنچنے کے مرحلے بہت گراں ہوگئے ہیں، عدالتوں پر کاموں کا بوجھ روز بروز بڑھتا جارہا ہے، اور وکلاء کی فیس بڑے شہروں میں رہنے اور مقدمہ کی پیروی کے لئے ہونے والے گرانبار اخراجات بعض دفعہ کمزور حقداروں کو حق سے دستبردار ہونے اور تھک کر گھر بیٹھ جانے

پر بھی مجبور کردیتے ہیں۔

عدالتوں میں وکیلوں کی فیس لاکھ دو لاکھ روپئے عام بات ہے، پھر وکلاء کی باہمی ملی جلی تدبیروں اور دیر سے فیصلہ کرانے کی تکنیک کی وجہ سے بھی فیصلوں میں بہت دیر لگ جاتی ہے، اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہمارے کورٹ کا یہ بھی ریکارڈ ہے کہ ایک مقدمہ کا فیصلہ ۱۳۶ سال پر ہوا، جبکہ مدعی اور مدعا علیہ کی کئی پشتیں ختم ہوگئیں، اس دوران ملک غلامی سے آزاد ہوا اور حکومتوں پر حکومتیں بدلتی رہیں، جج آتے اور جاتے رہے۔ فیصلہ ٹلتا رہا اور جب آخری فیصلہ ہوا تو ۱۳۶ سال گذر چکے تھے، حکومت اور عدالتوں کو بھی اس ''تاخیر'' کا پورا احساس ہے، اس لئے ہر سطح پر ججوں کی تعداد بڑھائی جارہی ہے، نئے نئے صوبے بنے تو ان کے ہائی کورٹ بھی نئے بنے۔ اس طرح عدلیہ کو چست درست بنانے اور جلد انصاف دلانے کا جذبہ اور عمل جاری ہے۔

عدالتوں میں پھر بھی فیصلہ میں بڑا وقت لگ جاتا ہے، میرے علم میں ایک پڑھے لکھے گھرانہ کا عائلی مقدمہ ہے، جن میں بیوی اور شوہر دونوں معیاری تعلیم یافتہ تھے اور شادی کورٹ سے رجسٹرڈ کرائی گئی تھی، دو اولاد بھی ہوئی، مگر علیحدگی کی ضرورت پڑگئی، طلاق کا اختیار کورٹ کو تھا؛ معاملہ زیریں عدالت میں پہنچا تو بات علیحدگی سے زیادہ اسباب علیحدگی کی آگئی، پھر گھر کے قضیے عدالت میں بیان ہوئے اور اندرونی جھگڑوں نے عدالت میں رگڑے کی شکل لی اور ایسی بحثیں ہوئی، کہ اللہ کی پناہ۔ تقریباً تیرہ سال بعد نچلی عدالت سے فیصلہ ہوا تو معاملہ اوپر کی عدالت میں لے جایا گیا، پھر تاریخ پہ تاریخیں! — آہ کو چاہئے ایک عمر اثر ہونے تک — مجھ سے ملاقات ہوگئی تو صاحب معاملہ کہنے لگے کہ ''آپ کے یہاں اچھا ہے کہ طلاق دے کر چھٹکارا ہوجاتا ہے، یا خلع اور فسخ کی راہ بن جاتی ہے، میں ریٹائرڈ ہوجاؤں گا تب دوسری شادی کی نوبت آسکے گی۔''

سپریم کورٹ اور ہائی کورٹس میں کاموں کا بوجھ اتنا بڑھ چکا ہے کہ لاکھوں مقدمات برسوں سے فیصلہ کے انتظار میں ہیں اور چند سال پیشتر کے اعداد وشمار بتاتے ہیں کہ ان عدالتوں میں چھتیس لاکھ سے زیادہ مقدمات پنڈنگ ہیں، مقدمات کو جلد نبٹانے کے لئے مرکزی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد پچیس سے بڑھا کر تیس کردی جائے، لیکن خود سپریم کورٹ میں جتنے مقدمات زیر سماعت یا زیر فیصلہ ہیں، ان کی مجموعی تعداد کے مقابلہ میں پانچ ججوں کے اضافہ سے کوئی بڑی تبدیلی نظر آنے والی نہیں ہے، یہ اضافی تعداد صرف سولہ سترہ فیصد مقدمات کے تصفیہ میں آسانی پیدا کرسکیں گے، اور فیصلہ کی رفتار سولہ سترہ فیصد بڑھے گی، جبکہ

انصاف کا تقاضہ ہے کہ سپریم کورٹ کی رفتار کم ازکم سو فیصد تیز کی جائے، تاکہ روزانہ جتنے مقدمات سپریم کورٹ میں آرہے ہیں، کم ازکم روزانہ اتنے ہی مقدمات فیصل ہوتے رہیں، پھر بھی جو مقدمات پنڈنگ ہیں ان کے فیصلہ کی راہ نکالنا سپریم کورٹ اور حکومت کی ذمہ داری ہے!

یہ ساری حقیقتیں عدالتوں اور حکومتوں کی نگاہ میں ہیں، اسی لئے انصاف جلد دلانے کے لئے مختلف قسم اور درجوں کے کورٹ بنائے گئے ہیں، مختلف ڈپارٹمنٹ کے اپیلیٹ کورٹ ہیں، محکمہ ٹیلی فون کا ڈپارٹمنٹل کورٹ ہے، بیچنے اور خریدنے والے کے درمیان پیدا ہونے والے جھگڑوں کو دور کرنے کے لئے کنزیومر کورٹ ہے اور مرکز، صوبہ سے لے کر ضلع کی حد تک اس کی شاخیں پھیلی ہوئی ہیں، اس میں جوڈیشیل سروس کے علاوہ سماجی کارکن، قانون داں اور دانشور بھی فیصلہ کرنے والوں میں شامل ہوتے ہیں، چاہے انہیں قانون سے اچھی واقفیت ہو، یا نہیں۔! ہر ضلع میں لوک عدالت بنائی گئی ہے، اس میں جوڈیشیل سروس کا ایک نمائندہ ہوتا ہے، اس عدالت کے ارکان میں وکیل کے علاوہ شوشل ورکر بھی ہوتے ہیں، جو قانون نہ جانتے ہوئے بھی فیصلہ میں شریک ہوتے ہیں، اس کورٹ میں زیادہ تر قرض اور زمین کے معاملات آتے ہیں۔

اسی طرح فاسٹ ٹریک کورٹ کا نظم کیا گیا ہے، جسے ویوہار نیایالے (عملی عدالتیں) کہا جاتا ہے، اس کا مقصد بھی یہی ہے کہ فیصلے جلد اور کم خرچ ہوں، فیملی کورٹس بھی بنائے گئے ہیں، جن کا دائرہ فیملی امور تک محدود ہے، اور اب پنچایتی راج نظام کے تحت ہر ایک سرپنچ کو مختصر ٹریننگ کے بعد فیصلہ کا اختیار دیا جاتا ہے، یہ سرپنچ فیملی معاملات کو بھی اپنے اپنے دائرہ کار میں فیصلہ کیا کرتے ہیں، مکھیا اور وارڈ ممبر، سمیتی ممبر کی الیکشن کے نتیجہ میں ہر گاؤں ذہنی اعتبار سے الگ الگ شخصیتوں کے گرد گھومتا ہے، ان کے درمیان سرپنچ پر فیصلہ کی ذمہ داری دی گئی ہے، جو لازمی طور پر کسی ایک حلقہ اور گروپ سے وابستہ ہوتا ہے، جس کی تعلیمی صلاحیت کا کوئی معیار نہیں ہے، وہ کتنے صحیح اور غیر جانبدار فیصلے کرسکتا ہے؟ اس پر کسی بھی رائے زنی کی ضرورت نہیں ہے!

حکومت نے ان سارے سسٹم کو نافذ کیا ہے، تاکہ دوسرے معاملات کے ساتھ ساتھ فیملی معاملات طے پائیں، حکومت نے فیملی معاملات کے فیصلہ کا اختیار ان لوگوں کو بھی دیا ہے، جس کا علم نہ ہونے کے برابر اور جن کی غیر جانبداری شک وشبہ کے دائرہ میں رہتی ہے — پھر یہ بھی واقعہ ہے کہ حکومت ہند نے ناگا قبائل سے جو معاہدہ کیا تھا، اس میں ان کے رواجی قوانین کو بڑی اہمیت دی گئی، یہ رواجی قوانین نہ مذہبی ہیں اور نہ لکھے ہوئے ہیں، اس معاہدہ کے تحت ناگا قبائل کے

قوانین کو نہ پارلیمنٹ کے ذریعہ بدلا جاسکتا ہے اور نہ سپریم کورٹ کا فیصلہ ان پر اثر انداز ہوسکتا ہے، ناگا قبائل کی پنچایت کا فیصلہ ناگاؤں کے لئے فائنل ہے اور معاہدہ کے تحت عدالتیں ان فیصلوں کے مقابلہ میں کچھ نہیں کرسکتیں۔

مختلف ذاتوں کی اپنی اپنی پنچایت ہے، جہاں ان کے معاملات کا فیصلہ ہوتا ہے اور اس ذات سے تعلق رکھنے والے شادی بیاہ، تقسیم جائیداد، لین دین، مار پیٹ جیسے معاملات کے فیصلے اسی پنچایت میں ہوتے ہیں، اور سماجی تنظیم کے بل بوتے پر انہیں نافذ کیا جاتا ہے، ان میں خاص طور پر گوجر سماج، مینا سماج، ماڑواری سماج کی الگ الگ علاقوں میں پنچایتیں ہیں، جو فیصلہ کیا کرتی ہیں، اسی طرح دلت سماج میں علیحدہ علیحدہ ذاتوں کی علاقہ وار پنچایت کا عام رواج ہے، مختلف علاقوں میں آدی باسیوں کی بھی پنچایت موجود ہے، جو آدی باسی رواج اور روایت کے پیش نظر فیصلے کرتی ہے اور عام طور اسے جھگڑا توڑ کہا جاتا ہے۔

وطن عزیز ہندوستان میں فیصلے کرنے اور انصاف پانے کے یہ بہت سے طریقے ہیں، جن میں بہت سارے سرکاری ہیں اور اچھی خاصی تعداد غیر سرکاری کی بھی ہے، یہ غیر سرکاری عدالتیں یا پنچایتیں بھی انصاف کرتی ہیں اور متعلق لوگ ان کے فیصلوں کو رضا کارانہ قبول کرتے ہیں، سرکاری عدالتیں نہیں سمجھتیں اور نہ حکومت یہ مانتی ہے کہ یہ پنچایتیں یا عدالتیں سرکاری عدالتوں کے متوازی ہیں، یا ان کی وجہ سے اسٹیٹ اندر اسٹیٹ کی صورت پیدا ہورہی ہے، پورے ملک میں پھیلی چھوٹی چھوٹی پنچایتیں سرکاری عدالتوں کے بوجھ کو ہلکا اور کام کو آسان کرتی ہیں۔ پھر آربٹریشن ایکٹ Arbitration Act خود غیر سرکاری طریقۂ فیصلہ کی ہمت افزائی کرتا ہے اور ثالثی کے ذریعہ آسانی کے ساتھ انصاف پانے کی راہ کو قانونی تحفظ دیتا ہے۔

ان شکلوں کی موجودگی میں گھریلو امور کے حل اور عائلی اختلافات کو دور کرنے اور مسلمانوں میں شریعت کے مطابق فیصلہ پانے کے لئے دارالقضاء کے نظم کو قائم کرنا مفید ہے اور اسے پھیلانا سماجی برائی کو دور کرنے کا ذریعہ ہے اور نہ صرف آربٹریشن ایکٹ کے پیش نظر دارالقضاء کو ایک مفید سماجی سسٹم ماننا چاہئے؛ بلکہ حکومت کے طرز عمل ''آسان فیصلہ اور جلد فیصلہ'' کے زاویہ نظر سے اسے دیکھنا چاہئے۔ دارالقضاء کے قاضی شرعی علم، اصولِ شہادت اور رفع نزاع کے ماہر اور تربیت یافتہ ہوتے ہیں، وہ دیانت اور عدالت کے تقاضوں کو پورا کرتے ہیں اور تصفیہ کے کام کو خدا کی رضا اور باہمی جھگڑوں کو مٹانے کے جذبہ سے کیا کرتے ہیں۔

دینی مدارس
اعتدال پسند اور انسانیت نواز ادارے ہیں

از: سہیل اختر
متعلّم دارالعلوم دیوبند

مدارس اسلامیہ، مکاتب دینیہ شرعی اداروں کے قیام کے مقاصد، اغراض اورفوائد ارباب عقل ودانش پر مخفی نہیں ہے؛ کن عصری مجبوریوں، قومی ضرورتوں اور ملی تقاضوں کی بنیاد پر مدارس، مکاتب اوراسلامی تعلیم گاہوں کا باضابطہ طور پر قدیم اسلوب سے انحراف کرتے ہوئے انہیں روایتی خطوط پر مزید اضافہ، جدید اسلوب اور مفید و مستحکم عناصر کے ساتھ قیام عمل میں آیا؛ مدارس اسلامیہ کے تاریخی حالات سے آشنا حضرات اس پس منظر اور نکتۂ تبدیلی سے بخوبی آگاہ ہیں۔ مدارس اسلامیہ کی اولین ترجیح اسلام کا تحفظ، اسلامی اقدار کی صیانت اورشرعی وملی مسائل کا حل ہے اوراس کا نمایاں ہدف ایسے رجال کار کو پیدا کرنا ہے جوامت کی فلاح و بہبودی کی خواہش لئے ہوئے عصری شرور وفتن کے انسداد، تخریبی وطاغوتی قوتوں کی سرکوبی کے لئے مستعد اور ہرنوعیت کی علمی، عملی، شعوری اورحربی سرگرمیوں کوانجام دینے کی طاقت رکھتے ہوں جوملت اسلامیہ پر منڈلانے والے داخلی وخارجی خطرات کا دفاع کرسکتے ہوں، اسلامی اورقرآنی علوم کی اشاعت اور دینی امور کی تبلیغ کا مخلصانہ جذبہ رکھتے ہوں، امت میں بیداری، جذبۂ حریت اور اسلامی ذہنیت کو وسعت کے ساتھ پھیلانے کی قوت رکھتے ہوں، اخلاص، للّٰہیت اوریکسوئی کے ساتھ خدمات انجام دینے کی سکت رکھتے ہوں، مسائل سے آشنا، حالات سے باخبر اور مخالف عناصر سے بخوبی آگاہ ہو، دعوتی ودینی راہوں میں ناپسندیدہ عوارض پیش آنے سے چراغ پا ہونے کے بجائے ضبط کا مادہ رکھتے ہوں اورقرآنی احکامات، نبوی ارشادات اورصحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے اصول حیات پر عمل پیرا ہوں۔

مدارس عربیہ اوردینی ادارے صدیوں سے ایک مخصوص نظم ونسق کے ساتھ آزادانہ دینی وملی خدمات انجام دے رہے ہیں ان مدارس سے ایسے علماء اور قرآن، احادیث اوراس سے متعلقہ علوم

کے ایسے ماہرین پیدا ہو رہے ہیں جو ہر معاملے میں عوام وخواص کی ذاتی وانفرادی نیز اجتماعی زندگی میں راہنمائی کرتے ہیں۔ کل ملا کر مدارس اسلامیہ اور دینی ادارے جن اغراض ومقاصد کے تئیں متحرک وفعال ہیں ان کے بارے میں کسی بھی پہلو سے Rong Fellng نہیں ہوسکتی اور ویسے بھی مدارس اسلامیہ کی صحیح تاریخی اسناد، ملی خدمات اور مدارس کے انسانیت پر احسانات سے آگاہ افراد کا یہی خیال ہے کہ مدارس بے داغ، صاف ستھرے اور انسانیت شناس ادارے ہوتے ہیں، جس سے انسانیت کو کوئی خطرہ لاحق نہیں ہے اور واقعہ بھی یہی ہے کہ ان مدارس ومکاتب کے ذریعہ ہر زمانے میں قومی مقاصد کی تکمیل ہوئی ہے، تہذیب وتمدن کی حفاظت ہوئی ہے اور قومی سرمایوں کی حفاظت ہوئی ہے اور آج بھی ہو رہی ہے۔ یہ ایک واشگاف اور حتمی حقیقت ہے۔ نیز جنگ آزادی کے تئیں مدارس کے مخلصانہ خدمات اور جانثارانہ کردار، دینی مدارس ومکاتب کی اہمیت، ضرورت اور افادیت کی تشریح کے لئے کافی ہے پھر بھی اگر کوئی طبقہ مدارس اسلامیہ کے امیج کو دیدہ ودانستہ غلط کردار میں پیش کرتا ہے یا نادانستہ حقائق سے ناواقفیت کی بناء پر مدارس اسلامیہ کو زک دیتا ہے تو اس میں مدارس اسلامیہ کا کیا قصور ہے؟

موجودہ ہندوستان میں مدارس مخالف جو عام حالات ہیں یا مدارس پالیسی یا طریقۂ کار کے خلاف جو صدائیں بازگشت کر رہی ہیں وہ سب کے سب اسلام دشمنی کے جذبے سے معمور اور مغربی پروپیگنڈوں سے متاثر افراد کا کارنامہ ہے اور سچ یہ ہے کہ مدارس ومکاتب کو جو بعض برادران وطن دہشت گردی کے مراکز سے موسوم کرتے ہیں انہیں آزادی ہند کی صحیح تاریخ کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

کیونکہ مدارس اسلامیہ کی کوکھ سے جنم لینے والے حضرت مولانا امام قاسم نانوتویؒ، حضرت شیخ الہندؒ، حضرت شیخ الاسلامؒ، حضرت مولانا حفظ الرحمن سیوہارویؒ، حضرت مولانا ابوالکلام آزادؒ، حضرت مولانا جعفر تھانیسریؒ، حضرت مولانا حسرت موہانی، حضرت مولانا محمد علی جوہرؒ، حضرت مولانا شوکت علیؒ اور حضرت مولانا مظہر الحقؒ نیز وہ متعدد علماء کرام جن کے قائدانہ کردار، سپاہیانہ رول اور رضاکارانہ خدمات سے جنگ آزادی کی تاریخ روشن ہے انہی مدارس کے سپوت تھے۔ جنھوں نے آزادی ہند کی خاطر اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے، جنھوں نے تقسیم وطن کی کھل کر مخالفت کی اور مشترک قومی نظریہ کی تائید کی، ہندو مسلم اتحاد کا نعرہ بلند کیا اور مذاہب کی بنیاد پر آپسی اختلاف کی کھل کر مخالفت کی، جنھوں نے ملک کی آزادی کے لئے تن، من، دھن سب کی بازی لگا دی، قومی سالمیت کے لئے قربان ہوگئے۔ ہندوستان کو خارجی دخل اندازیوں، شورشوں اور

تخریبی عناصر سے پاک کرنے کے لئے سولی پر چڑھ گئے وہ ہزاروں نڈر، بے خوف، جری اور ملک کی محبت لئے ہوئے افراد، علماء اور مجاہدین آزادی انہیں مدارس اسلامیہ اور دینی اداروں کے فرزند تھے۔ مدارس اسلامیہ نے ان کی تربیت کرتے ہوئے جو نقوش چھوڑے تھے وہ فقط انسانیت نوازی، انسانیت دوستی، اعتدال پسندی اور حب الوطنی پر محمول تھے۔ جن مدارس کے اغراض ومقاصد اتنے پاک ہوں؛ جن کے خدمات اتنے بے داغ ہوں اور ملک پر جن کے اتنے احسانات ہوں وہ ملک کی سالمیت کے لئے خطرہ کیسے بن سکتے ہیں؟ وہ دہشت گردی کے مراکز کیسے قرار دیئے جاسکتے ہیں؟ ان پر انتہا پسندی کے الزامات کیسے لگ سکتے ہیں؟ (عصری ادارے اور جامعات وغیرہ)

یہ ایک تاریخی وتحقیقاتی تجزیہ ہے مزید مدارس اور غیر مدارس کے ملکی وقومی سطح پر موجودہ خدمات کا موازنہ اور نظروں کے سامنے ہو رہے ان کے سپوتوں کی سرگرمیوں کا تجزیہ کیا جائے کہ کس کے اندر انسانیت نوازی، عدم تشدد اور قومی سالمیت کا جذبہ ہے؟ قوانین اور آئین ہند کی پرواہ سب سے زیادہ کس کو ہے؟ مروت، اخوت، قرابت، رواداری اور اعتدال پسندی کس کا شیوہ ہے؟ ذہنی آوارگی، جنسی انارکی اور اخلاقی گراوٹ کس کا وطیرہ ہے؟ ہندوستان کلچر و روایت اور تہذیب وتمدن کی حفاظت کس کا طرۂ امتیاز ہے؟ انسانی قدروں کی بے حرمتی، انسانی اعتبار و وقار کو مجروح کرنا اور مشرقی ثقافت کو مجروح کرنا کس کا پیشہ ہے؟ احتجاج، ہنگامہ آرائی، گروہ بندی، اسٹرائک، سرکاری دفاتر اور گاڑیوں کو نذر آتش کرنا یہ کن کی کارستانی ہے؟ تعلیم کے اساسی مقصد اخلاقی اقدار کی حفاظت کا خیال کس کو ہے؟ اور بابائے قوم گاندھی جی کی مثالی زندگی، سادہ زندگی، بلند خیالی، فکری پاکیزگی اور ان کے بتائے ہوئے رہنما خطوط کو مشعل راہ کون مانتا ہے؟ مدارس اسلامیہ کے طلباء کے کارناموں اور نیورسٹیوں، مخلوط تعلیم گاہوں اور کالجوں کے نونہالانوں کی کارستانیوں کا موازنہ کرنے سے حقیقت عیاں ہوجائے گی۔ ان حقائق کو پیش نظر رکھ کر بسہولت یہ فیصلہ کیا جاسکتا ہے کہ قومی مقاصد کی تکمیل، ملکی مفاد کی پرواہ اور انسانیت کا خیال طلبہ مدارس کر رہے ہیں نہ کہ کوئی اور...

الغرض مدارس اسلامیہ کو دہشت گردی کا مرکز اور طلباء مدارس کو شدت پسند، انتہا پسند اور آئی ایس آئی کا ایجنٹ کہنا، یہ الزامات کتنے صحیح ہیں اور کتنے غلط ہیں ایک منصف کیا ایک سیدھا سادہ آدمی یہ فیصلہ کرسکتا ہے کہ ملک کی یکجہتی، اتحاد واتفاق، ملکی سالمیت، دستور، قانون، عدلیہ اور سیکولرازم کا احترام جتنا دینی مدارس کرتے ہیں شاید ہی کوئی ادارہ کرتا ہوگا۔ بہرکیف دینی مدارس ومکاتب اعتدال پسند، انسانیت نواز اور اپنے ملک کے وفادار ادارے ہیں۔

دہشت گردی کے خلاف

دارالعُلوم دیوبند میں تاریخ ساز کل ہند کانفرنس

از قلم: مولانا شوکت علی قاسمی بستوی
استاذ دارالعلوم دیوبند و ناظم
عمومی رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ

یہ حقیقت روز روشن کی طرح آشکارا ہوچکی ہے کہ ساری دنیا میں دہشت گردی پھیلانے والا، دنیا کا ایک نمبر دہشت گرد، انسانیت کا قاتل، موت کا سوداگر، جارج بش ہے، جس نے دنیا کو تباہی کے دہانے پر لاکھڑا کیا ہے۔ بش نے اپنے تشدد پسند، جارحانہ اور توسیعی عزائم کو بروئے کار لانے اور اسلام اور مسلمانوں کے خلاف اپنے گھناؤنے صلیبی منصوبہ کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ''اسلامی دہشت گردی'' کی اصطلاح وضع کی ہے اور اسلام اور مسلمانوں کے خلاف صلیبیوں اور صہیونیوں کا متحدہ محاذ قائم کرکے، نام نہاد دہشت گردی کے مقابلے کے لیے حقیقتاً دہشت گردی کا رویہ اختیار کیا گیا اور عراق کی اینٹ سے اینٹ بجادی گئی، افغانستان جیسے پرامن ملک کو تاخت وتاراج کردیا گیا، ایران اور شام نشانے پر ہیں، ہندوستان جیسے گنگا جمنی تہذیب کے حامل ملک کے امن و یک جہتی اور فرقہ وارانہ یگانگت کو ختم کرنے کے لیے یہاں بھی دہشت گردی کا شوشہ چھوڑا گیا۔ ڈور امریکہ سے ہلائی گئی اور دنیا کے سب سے بڑے دہشت گرد کی ہاں میں ہاں ملاتے ہوئے بعض فرقہ پرستوں نے یہاں کے مدارس اور اسلامی مراکز تبلیغی جماعت کے افراد اور دین دار طبقہ پر دہشت گردی کا لیبل چسپاں کرنے کی کوشش شروع کردی۔

دارالعلوم دیوبند اور مدارس اسلامیہ، جنھوں نے ملک میں امن وامان کے قیام، فرقہ وارانہ یگانگت اور قومی یک جہتی و رواداری کے فروغ واستحکام میں تابناک کردار ادا کیا تھا اور ملک

وبیرون ملک میں ہندوستان کا نام روشن رکھنے میں کوئی کسر اٹھانہ رکھی تھی، جب اسلامی تعلیم کے ان میناروں کو دہشت گردی کا اڈہ کہا جانے لگا، ملک کی امن وسلامتی کے لیے انھیں خطرہ بتایا جانے لگا، ان پر قدغن لگانے، مدارس کو حکومت کے زیر کنٹرول لانے کی تدابیر کی جانے لگیں، مدارس اسلامیہ کے تاریخی وقومی کردار کو مجروح کیا جانے لگا، ان سے وابستہ افراد کو دہشت گردی کے نام پر بدنام کرنے کی مہم چھیڑ دی گئی، دہشت گردی کے مقابلے اور عدل وانصاف کے لیے الگ الگ پیمانے بنادیئے گئے اور اس سلسلہ میں حکومت نے کوئی نوٹس نہیں لیا اور اس کرب ناک صورت حال کو ختم کرنے کے لیے کوئی سنجیدہ کوشش نہیں کی گئی، بلکہ فرقہ پرستوں کی ہمت افزائی کی جاتی رہی، تو اکابر دارالعلوم خصوصاً کاروان دیوبند کے قافلہ سالار، امیر ملت اسلامیہ ہند حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم، مہتمم دارالعلوم دیوبند وصدر رابطہ مدارس اسلامیہ نے ذمہ داران واساتذۂ دارالعلوم کے مشورے سے ۲۵/فروری کو دہشت گردی مخالف کل ہند کانفرنس بلانے کا فیصلہ کیا، جس میں تمام اسلامی مکاتبِ فکر کے ذمہ داران اور ملی تنظیموں کے سربراہ اور مدارس اسلامیہ کے نمائندگان شریک ہوئے، مسلمانوں پر ہونے والی زیادتی کے خلاف متحدہ طور پر صدائے احتجاج بلند کی گئی اور یہ اعلان کیا گیا کہ اسلام امن وسلامتی کا دین ہے، وہ دہشت گردی کو ختم کرنے کے لیے آیا ہے۔ اسلام ہر طرح کی دہشت گردی کا شدید مخالف ہے، خواہ انفرادی دہشت گردی ہو یا جماعتی دہشت گردی ہو یا حکومتی دہشت گردی۔ کانفرنس کے تاریخی اعلامیہ میں حکومت ہند سے مطالبہ کیا گیا کہ مدارس اسلامیہ اور مسلمانوں کی کردارکشی کرنے والوں کو لگام دی جائے اور انتظامی مشینری اور حکومتی ایجنسیوں کو پابند کیا جائے کہ ہر قسم کے تعصب اور امتیاز سے بالاتر ہوکر اپنا فرضِ منصبی ادا کریں۔

یہ کانفرنس اس لحاظ سے بے حد اہم، کامیاب ترین اور تاریخ ساز رہی کہ اس میں دارالعلوم دیوبند سے وابستہ مدارس کے علاوہ ندوۃ العلماء لکھنؤ، مظاہر العلوم سہارنپور، جماعتِ اسلامی، اہل حدیث، اہل تشیع اور بریلی مکاتب فکر کے ذمہ داران اور مدارس کے نمائندگان بھی بڑی تعداد میں شریک ہوئے، نیز ان کے علاوہ مسلم پرسنل لاء بورڈ، جمعیۃ علماء ہند، مسلم مجلس مشاورت، ملی کونسل، تنظیم ابنائے قدیم دارالعلوم دیوبند، ملی وتعلیمی فاؤنڈیشن نئی دہلی، فرنگی محل لکھنؤ کے نمائندگان نے بھی شرکت کی، اظہارِ خیال فرمایا اور اس حساس مسئلہ پر ایک آواز ہوکر ملک میں مسلمانوں کے ساتھ حکومتی ایجنسیوں کے امتیازی سلوک اور ظلم وزیادتی کی مذمت کی اور دہشت گردی کے مقابلے کے لیے یکساں طریقۂ کار اختیار کرنے پر زور دیا اس عظیم الشان کانفرنس میں محتاط اندازے کے

مطابق یوپی، بہار، جھارکھنڈ، اے پی، مہاراشٹر، جموں وکشمیر، مدھیہ پردیش، تمل ناڈو، کرناٹک، راجستھان، اتراکھنڈ، بنگال، آسام، تری پورہ، منی پور، ہریانہ، دہلی، پنجاب، ہماچل، گجرات، اڑیسہ، گوا، دمن، چھتیس گڑھ، کیرالہ وغیرہ کے ۳۰؍ہزار مندوبین، نمائندگانِ مدارس اور برادرانِ اسلام نے شرکت کی۔

کانفرنس کا آغاز:

۱۷؍صفر ۱۴۲۹ھ کو صبح ساڑھے آٹھ بجے (۸ ½) جناب قاری آفتاب احمد صاحب امرہوی استاذ تجوید دارالعلوم دیوبند کی تلاوتِ کلام پاک سے کانفرنس کا آغاز ہوا۔ اس کے بعد مولوی شکیل احمد دیناجپوری اور مولوی محمد فرقان بہرائچی طلبہ دارالعلوم نے ترانہ دارالعلوم پڑھا۔ بعد ازاں کانفرنس کی نظامت کے فرائض انجام دیتے ہوئے ناچیز راقم السطور نے مہمانانِ کرام کا استقبال کرتے ہوئے کہا کہ: رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دارالعلوم دیوبند کے زیر اہتمام منعقد اس دہشت گردی مخالف کل ہند کانفرنس میں مختلف مکاتبِ فکر کے نمائندہ حضرات، ملک کے کونے کونے سے تشریف لائے ہوئے مندوبین ونمائندگان مدارس اسلامیہ کا پُرتپاک خیر مقدم ہے کہ آپ حضرات نے زحمت سفر برداشت کی اور بڑی تعداد میں تشریف لاکر کانفرنس کی رونق دوبالا فرمائی۔

کانفرنس کی صدارت کا اعلان کرتے ہوئے ناظمِ کانفرنس ناچیز شوکت علی قاسمی بستوی استاذ دارالعلوم دیوبند وناظم عمومی رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ نے کہا کہ: ''دہشت گردی مخالف تمام مکاتبِ فکر کے نمائندوں کی اس تاریخ ساز کانفرنس کی صدارت دارالعلوم دیوبند کے گرامی قدر مہتمم حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب زید مجدہم صدر کل ہند رابطہ مدارس اسلامیہ فرمارہے ہیں جو دارالعلوم دیوبند کی حالیہ تمام تعلیمی وتعمیری ترقیات کے روحِ رواں، دارالعلوم کی نشأۃ ثانیہ کے عظیم معمار، کاروانِ دیوبند کے قافلہ سالار اور امیر ملت اسلامیہ ہند ہیں۔ جب بھی مدارس اسلامیہ پر پُرآشوب حالات آئے، ان کے نہج کو تبدیل کرنے کی کوشش کی گئی، ان پر ملک دشمن سرگرمیوں میں ملوث ہونے کا بے بنیاد الزام لگایا گیا، ان کے نصاب تعلیم ونظام تعلیم کو فرسودہ قرار دیا گیا، مدارس کو حکومت کے زیر کنٹرول لانے کی اسکیمیں بنائی گئیں تو حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم نے اس کا سخت نوٹس لیا، مدارس کے کل ہند اجلاس طلب کیے اور مدارس کی تحفظ وبقاء کے لیے متحدہ لائحہ عمل طے کیا گیا۔ رابطہ مدارس اسلامیہ کے زیر اہتمام اب تک دارالعلوم دیوبند میں ۱۴؍بڑے کل ہند اجتماعات منعقد ہوئے ہیں جن میں مدارس اسلامیہ کے نظام تعلیم وتربیت، باہمی

ربط واتحاد کے فروغ اور داخلی وخارجی مسائل ومشکلات کے ازالے کے حوالہ سے نہایت دوررَس نتیجہ خیزاور انقلاب انگیز فیصلے کیے جاتے رہے ہیں۔اس تاریخ ساز کانفرنس کے انعقاد سے حضرت اقدس مہتمم صاحب دامت برکاتہم کو خصوصی دلچسپی رہی، تمام مکاتب فکر کے نمائندگان حضرات کو دارالعلوم کے اسٹیج پر ایک ساتھ جمع کرنے کے لیے حضرات اساتذۂ دارالعلوم کے وفود مختلف اطراف میں روانہ فرمائے، ملت اسلامیہ کے مختلف نمائندگان حضرات کی خدمت میں خصوصی دعوت نامہ پیش کیا گیا، ان حضرات نے وفود کا گرم جوشی سے استقبال کیا، اس کانفرنس کے انعقاد کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیا اور جمعیۃ علماء ہند، جماعتِ اسلامی ہند، جمعیۃ اہل حدیث، اور بریلوی مکتب فکر کے مختلف ذمہ داران نے شرکت کا وعدہ فرمایا اور بہت سے حضرات اس وقت اسٹیج پر تشریف فرما ہیں اور کچھ حضرات تشریف لانے والے ہیں''۔

ناچیز راقم السطور نے تاریخ ساز کانفرنس کے اغراض ومقاصد پر روشنی ڈالی اور کہا یہ عظیم الشان کانفرنس نہایت حساس مسئلہ پر ہورہی ہے۔ اسلام، مسلمانوں اور مدارسِ اسلامیہ کو بدنام کیا جارہا ہے جب کہ حقیقت یہ ہے کہ اسلام دینِ رحمت اور محسنِ انسانیت ہے۔ اسلام دہشت گردی کو ختم کرنے آیا ہے، امن وسلامتی اسلام کی حقیقت میں داخل ہے۔ اسلام دہشت گردی کی تمام صورتوں کو مسترد کرتا ہے۔ مسلمانوں نے اس ملک کی تعمیر وترقی میں تابناک کردار ادا کیا ہے۔ ملک کے خلاف کسی دہشت گردانہ کارروائی سے مسلمانوں کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ یہ کانفرنس اس لیے بلائی گئی ہے کہ تاکہ ملتِ اسلامیہ کا متحدہ موقف دہشت گردی کے خلاف پوری قوت کے ساتھ پیش کیا جائے اور مسلمانوں پر ہونے والی ظلم وزیادتی کے خلاف ملی اتحاد کے ساتھ پرزور احتجاج کیا جائے اور اس تاریخی حقیقت کا ببانگ دہل اعلان کیا جائے کہ: مدارسِ اسلامیہ امن وامان کے داعی، صلح وآشتی کے نقیب اور جمہوری اقدار وروایات کے پاسبان رہے ہیں۔

خطبۂ صدارت:

بعد ازاں صدر کانفرنس حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم مہتمم دارالعلوم دیوبند کا خطبۂ صدارت پیش کیا گیا۔ حضرت کی علالت طبع اور ضعف ونقاہت کے باعث ان کی طرف سے یہ خطبۂ صدارت حضرت مولانا عبدالخالق صاحب مدراسی زید مجدہم، نائب مہتمم واستاذ حدیث دارالعلوم دیوبند نے پیش فرمایا۔

حضرت صدرِ کانفرنس زید مجدہم نے خطبۂ صدارت میں فرمایا: سب سے پہلے مناسب

معلوم ہوتا ہے کہ دہشت گردی کے بارے میں مدارس اسلامیہ کے اس طے شدہ ،متفقہ موقف کا واضح اعلان کردیا جائے کہ ہمارا دہشت گردی سے کوئی واسطہ نہیں، ہم ہر قسم کی دہشت گردی کو مسترد کرتے ہیں اوراس سلسلے میں کسی تفریق کوقطعاً روانہیں رکھتے۔ دہشت گردی کلی طور پر ایک غلط اور عاقبت نااندیشانہ عمل ہے خواہ اس کا مرتکب کسی بھی مذہب وملت سے وابستہ ہو اور معاشرہ کے کسی بھی طبقے سے تعلق رکھتا ہو، دہشت گردی، اسلامی تعلیمات کے بھی سراسر منافی ہے، اسلام دینِ رحمت ہے، دینِ امن ہے، اس لیے دہشت گردی کی ہر ایسی کارروائی جس کا نشانہ بے قصور افراد بنتے ہوں اسلام کے تصورِ امن سے متصادم ہے۔

اس بارے میں اسلامی تعلیمات اس قدر واضح اور قطعی ہیں کہ ان کی روشنی میں بلاخوف تردید، یہ دعویٰ کیا جاسکتا ہے کہ آج اگر دنیا کے پاس امن وسلامتی اور صلح وآشتی کا کوئی جامع، بامقصد اور ہمہ گیر تصور موجود ہے تو وہ فقط اسلام کا عطیہ ہے۔

حضرت صدر کانفرنس دامت برکاتہم نے صدارتی خطبہ میں نظریاتی اور مسلکی اختلافات فراموش کرنے کی تلقین کی اور دردمندانہ لہجے میں فرمایا کہ کیا یہ ممکن نہیں کہ ہم اپنے فروعی اختلافات کو اپنے گھر تک محدود رکھیں اور دشمنوں کے مقابلے میں متحد ملت کا کردار پیش کریں، حضرت نے حکومت وانتظامیہ اور پولیس وخفیہ ایجنسیوں کو ہدفِ تنقید بناتے ہوئے کہا کہ قابل غور بات یہ ہے کہ دہشت گردی کے حوالے سے خاص طور پر ہمارے ملک میں ایسی صورت حال پیدا کردی گئی ہے جس سے پوری قوم پریشان ہے انھوں نے کہا کہ حکومت وانتظامیہ کا نشانہ عمومی طور سے مسلمان اور خاص طور سے دیندار مسلمان یا مدارسِ اسلامیہ کے علماء وفضلاء ہیں۔ ان میں سے کسی کو بھی دہشت گردانہ کارروائی کے سلسلہ میں نہ تو کسی غور وفکر کی ضرورت محسوس کی جاتی ہے نہ احتیاط برتی جاتی ہے۔ جب کہ حقیقت یہ ہے کہ مدارسِ اسلامیہ کے علماء نے ملک کے لیے بے شمار قربانیاں دی ہیں جس کی گواہی اس زمین کا ذرہ ذرہ دے سکتا ہے۔ مدارس، ملک وملت اور انسانیت کے لیے خیر وفلاح کے سرچشمے ہیں یہ ملک کو امن پسند ایماندار اور فرض شناس شہری فراہم کرتے ہیں۔ حکومت اور اس کے انتظامی اداروں کو مخاطب کرتے ہوئے دوٹوک الفاظ میں فرمایا کہ: اگر آپ دہشت گردی کا مقابلہ کرنے میں سنجیدہ ہیں تو نہایت مضبوطی کے ساتھ انصاف کا دامن تھام کر کام کیجئے اور عقیدہ ومذہب کی بنیاد پر کسی بھی تفریق سے اجتناب کیجئے۔ حضرت صدر کانفرنس نے کہا کہ واقعہ یہ ہے کہ دہشت گردی بنیادی طور پر ہمارے ملک کا مسئلہ نہیں بلکہ ان عالمی طاقتوں کا پیدا کردہ ہے، جن کے نظریات کی بنیاد صہیونیت ہے۔ انھوں نے کہا کہ چند افراد

کے طرزِ عمل سے پوری قوم کو ذمہ دار قرار نہیں دیا جاسکتا''۔

وقیع ترین خطبۂ صدارت سامعین کرام نے بڑی توجہ اور انہماک سے سنا، اس کے بعد حضرت مولانا سید ارشد مدنی صاحب دامت برکاتہم، ناظم تعلیمات دارالعلوم دیوبند وصدر جمعیۃ علماء ہند سے افتتاحی خطاب کی درخواست کی گئی۔

حضرت مولانا سید ارشد مدنی صاحب زید مجدہم کا افتتاحی خطاب:

حضرت مولانا سید ارشد مدنی صاحب زید مجدہم ناظم تعلیمات دارالعلوم دیوبند وصدر جمعیۃ علماء ہند نے اپنے گراں قدر افتتاحی خطاب میں حمد وصلاۃ کے بعد فرمایا: ''یہ اجلاس اس ادارے کی طرف سے بلایا گیا ہے جو ڈیڑھ سو سال سے اس دینِ اسلام کی حفاظت کرنے والا ہے جو قرآن وحدیث سے صحیح طور پر ثابت ہے، یعنی دارالعلوم دیوبند کی طرف سے بلایا ہوا اجتماع ہے اور ایک ایسے موضوع پر ہے جو بدقسمتی سے ہمارے ملک میں فرقہ پرستی کی بنیاد پر، عدل وانصاف کا خون کرنے سے متعلق ہے جس کی ٹیس اور تکلیف ہر مسلمان اور ہر عدل وانصاف پسند اپنے اندر محسوس کررہا ہے۔ ہندوستان کے اندر بڑے بڑے فسادات ہوئے۔ ایک ایک فساد میں پانچ پانچ ہزار مسلمان مارے گئے، اربوں کھربوں کی جائداد لوٹی گئی اور اس ہنگامے کو ملتِ اسلامیہ نے ساٹھ سال سے برداشت کیا، لیکن دارالعلوم نے کسی اجلاس بلانے کی ضرورت محسوس نہیں کی''۔ حضرت مولانا نے فرمایا کہ: ''موجودہ صورت حال میں اس طبقے کو نشانہ بنایا جارہا ہے جو مدارس سے نکل کر انسانیت کی بنیاد پر پوری دنیا میں انسانوں کی خدمت کررہا ہے۔ غریبوں اور مظلوموں کی مدد کرتا ہے آج اسی طبقے کو دہشت گرد اور امن دشمن قرار دیا جاتا ہے، جس نے ۱۸۰۳ء سے لے کر ۱۹۴۷ء تک ملک کی آزادی کے لیے ہزاروں نہیں اپنے لاکھوں جیالوں کو تختۂ دار پر لٹکایا اور ہندوستان کی گلی گلی میں اپنا خون بہا کر ملک کو آزاد کرایا۔ آج انھیں شہیدوں کی امن پسند اولاد کو ملک کا دشمن بتاکر، شہر شہر، ضلع ضلع، صوبہ صوبہ میں گرفتار کیا جارہا ہے، بدنام کیا جارہا ہے طرح طرح کی اذائیتیں دی جاتی ہیں۔ صورتِ حال یہ ہے کہ فرقہ پرستی کا گھن ملک کے عوام کو کھائے جارہا ہے، فرقہ پرستی مضبوط ہورہی ہے اور جمہوریت کے پیروں کے نیچے سے زمین کھسکتی چلی جارہی ہے، لیکن جمہوریت پسند طاقتیں اس فتنہ کو سمجھ نہیں پارہی ہیں۔ آج فرقہ پرستی کو مسلمانوں سے منسوب کیا جارہا ہے، یہ ظلم ناقابلِ برداشت ہے، دہشت گردی کی ذمہ دار ملک کی فرقہ پرست طاقتیں ہیں، مدارس اسلامیہ امن وآشتی اور صلح وسلامتی کا درس دیتے ہیں یہی وجہ

ہے کہ مدارس کے طلبہ کسی ہنگامہ اور تخریب کاری میں مبتلا نہیں ہوتے''۔ حضرت مولانا مدظلہ نے فرمایا: کہ یہ بات میں نے حکومت کے بڑے سے بڑے ذمہ داران کے سامنے کہی وزیر اعظم اور وزیر داخلہ سے کہی کہ جو طبقہ ۶۰؍سال سے فرقہ پرستی کا ننگا ناچ ناچتا تھا قتل کرتا تھا، آج کہاں چلا گیا؟ آپ کہتے ہیں کہ: مسلمان بم ڈالتا ہے میں کہتا ہوں کہ: فرقہ پرست طاقتیں جو پہلے برسر عام قتل عام کرتی تھیں وہی بم بناتی اور پھوڑتی ہیں۔ ہمارے مدارس کے طلبہ بسوں کو آگ نہیں لگاتے وہ لڑکیوں کو نہیں اٹھاتے؛ بلکہ ان کی عزت وناموس کی حفاظت کرتے ہیں۔ مدارس سے وابستہ طبقہ سراپا امن ہے، خیر پسند ہے''۔

حضرت مولانا نے فرمایا: ''یہ کانفرنس وقت کی ضرورت ہے آج ملک کے تمام طبقے ایک اسٹیج پر جمع ہیں ہم ان کے شکرگزار ہیں، یہ آواز دارالعلوم دیوبند سے اٹھی ہے، یہ صوبے صوبے ضلع ضلع اور شہر شہر پہنچے گی۔ یہ ہمارے عزائم میں، ہم دنیا کو بتائیں گے کہ دہشت گرد کون ہے؟ دارالعلوم دیوبند اور جمعیۃ علماء ہند اس کام کو شانہ بشانہ کریں گے''۔

حضرت مولانا محمد سالم قاسمی صاحب زیدمجدہم کا خطاب:

حضرت مولانا محمد سالم قاسمی صاحب زیدمجدہم مہتمم دارالعلوم وقف دیوبند و نائب صدر مسلم پرسنل لاء بورڈ نے اپنے اہم ترین خطاب میں حمد وصلاۃ کے بعد فرمایا:

''آج کا یہ اجتماع، تاریخ ساز اجتماع ہے اور جس موضوع پر ہو رہا ہے وہ بھی وقت کا اہم موضوع ہے، مسلمان یہاں ایک ہزار سال سے ہیں، اور تاریخ گواہی دیتی ہے کہ مسلمان، امن کے پیامبر اور اس ملک کے خیر خواہ رہے ہیں۔ ملک کی فرقہ پرست طاقتیں اس تاریخ کو بدلنا چاہتی ہیں اور مسلمانوں کو دہشت گرد ثابت کرنا چاہتی ہیں۔ لیکن ثابت کر نہیں پا رہی ہیں کیوں کہ پروپیگنڈے سے تاریخ کو مٹایا نہیں جاسکتا۔ آج باطل پرست طاقتیں، ہتھیاروں سے لیس ہیں لیکن وہ ہمیں شکست نہیں دے سکیں گی۔ مسلمانوں کے پاس ایمانی قوت اور انابت الی اللہ کی طاقت ہے۔ ہمیں اللہ کی طرف متوجہ ہونا چاہیے، اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کی حفاظت کا ذمہ لیا ہے۔ قرآن زندہ ہے، سنت زندہ ہے تو آپ بھی زندہ رہیں گے۔ دہشت گردی کی بنیاد دو نظریوں کا تصادم ہے''۔

(۱) حق کا نظریہ جو دلائل سے ثابت ہے، جس کی تعلیمات روشن اور واضح ہیں۔ (۲) کفر کا نظریہ جو بے دلیل اور بے بنیاد ہے۔ چوں کہ باطل دلائل سے شکست خوردہ ہے، اس لیے وہ تلوار

اور طاقت کے ذریعہ حق کا مقابلہ کررہا ہے۔لیکن ہم شکست خوردہ نہیں ہوں گے۔اس لیے کہ اسلام کے پاس واضح دلائل اور بینات ہیں جو باطل کے پاس نہیں ہیں۔اسلام کا نظام تعلیم، نظام تہذیب وثقافت سب براہین سے ثابت ہیں۔اسلام دہشت گردی کا شدید مخالف ہے اسلام ایک شخص کے ناحق قتل کو ساری انسانیت کا قتل قرار دیتا ہے۔ ہمارا فرض ہے کہ ہم آئینی بنیاد پر اپنے مطالبات کو حکومت کے سامنے رکھیں، حکومت کا فرض ہے کہ وہ عدل قائم کرے، انصاف قائم کرے اگر حکومت یہ کام نہیں کرتی تو یہ واضح طور پر سمجھ لینا چاہیے کہ خدا کا قانون سب سے برتر ہے۔خدا کی قدرت سب سے بڑی ہے، کسی زمانے میں برطانوی حکومت کا سورج غروب نہیں ہوتا تھا؛ لیکن وہ آج محدود ہوکر رہ گئی ہے، ظلم وزیادتی کے ساتھ کوئی حکومت چلنے والی نہیں''۔

حضرت مولانا جلال الدین عمری زیدمجدہم امیر جماعت اسلامی ہند کا خطاب:

محترم المقام حضرت مولانا جلال الدین عمری امیر مرکزی جماعت اسلامی ہند، محترم جناب مولانا رفیق قاسمی صاحب اور جناب مجتبیٰ فاروق صاحب پر مشتمل وفد کے قائد کی حیثیت سے تشریف لائے اور کانفرنس میں اپنے اہم خطاب میں فرمایا:

''دارالعلوم دیوبند نے اس کانفرنس کے انعقاد کا بروقت فیصلہ کیا ہے آج ایک شور برپا ہے کہ مسلمان دہشت گرد ہیں اور مدارسِ اسلامیہ دہشت گردی کے مراکز ہیں اور قرآن وحدیث میں دہشت گردی کی تعلیم دی جاتی ہے۔قرآنِ کریم چودہ سو سال سے موجود ہے میں دانشوران سے مطالبہ کرتا ہوں کہ بتائیں کہ قرآن کی کس آیت سے اور کس حدیث سے دہشت گردی کی تعلیم کا ثبوت ملتا ہے۔مدارسِ اسلامیہ سے کتنے دہشت گرد ملے؟ مدارس میں آئیں یہاں کی تعلیم دیکھیں، جس کے جی میں آتا ہے مسلمانوں کو دہشت گرد کہہ دیتا ہے۔دہشت گردی کے اصول وضوابط ہیں اگر دلائل کی روشنی میں کسی کو دہشت گرد کہا جائے تو ہم مانتے ہیں۔لیکن یہ کیا؟ کہ کوئی حادثہ ہوا تو شک کی سوئی سیدھے مسلمانوں کی طرف پھیر دی جاتی ہے۔آج یہ سوال ہوتا ہے کہ مدارس کے پاس اتنے پیسے کہاں سے آتے ہیں، مدارس کا حساب آئینہ کی طرح صاف ہے میں حکومت سے سوال کرتا ہوں کہ یہ سوال ہندوفرقہ پرست تنظیموں کے بارے میں کیوں نہیں اٹھایا جاتا۔ان کے پاس مدارس سے کئی گنا زیادہ پیسہ ہے، یہ مجمع اس بات کا اعلان کرتا ہے کہ مدارسِ اسلامیہ، دہشت گردی میں نہ پہلے ملوث تھے، نہ اب ملوث ہیں، نہ آئندہ ملوث ہوں گے۔ہم اس ملک کو بتانا چاہتے ہیں کہ نہ ہم دہشت گرد ہیں اور نہ دہشت گردی کو کبھی برداشت کریں گے۔ یہ دہشت گردی کسی

فرد، کسی قوم، کسی طبقہ کی طرف سے ہو ہم اسے قبول کرنے کے لیے تیار نہیں، ہم اس کا مقابلہ کرتے رہیں گے"۔

حضرت مولانا محمود اسعد مدنی صاحب زید مجدہم کا خطاب:

حضرت مولانا سید محمود اسعد مدنی صاحب ممبر راجیہ سبھا و ناظم عمومی جمعیۃ علماء ہند نے اپنے خصوصی خطاب میں فرمایا:

"مسئلہ بڑا نازک ہے ملک میں کسی مقام پر بم بلاسٹ ہوتا ہے، لوگ مارے جاتے ہیں، تشدد کا نشانہ بنتے ہیں، ملک بے چین ہوتا ہے، اور میں پورے اعتماد کے ساتھ کہتا ہوں کہ مسلمانوں کو دوگنی تکلیف ہوتی ہے۔ ایک تو یہ کہ ان واقعات میں بے قصور ہندوستانی شہری خصوصاً مسلمان مارے جاتے ہیں دوسری تکلیف یہ کہ مسلمانوں کی پوری قوم کو مجرم بنا کر پیش کیا جاتا ہے، دہشت گرد ثابت کرنے کی کوشش کی جاتی ہے، دہشت گردی کو مذہب سے جوڑنا بدترین دہشت گردی ہے، ہم نے بار بار اس کی مذمت کی ہے۔

ہمارے ملک ہندوستان کی خصوصیت یہ ہے کہ اس ملک میں ہزاروں سال سے مختلف مذاہب اور تہذیب کے لوگ متحد ہو کر ایک ساتھ رہتے آئے ہیں، اسی سرزمین دیوبند کے عظیم سپوت دارالعلوم دیوبند کے مایۂ ناز فرزند حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندیؒ نے اس ملک کے سامنے قومی اتحاد کا پیغام دیا تھا۔ انگریزوں کے خلاف لڑائی میں قائدانہ کردار ادا کیا تھا اور برادرانِ وطن کو ساتھ لے کر کاندھے سے کاندھا ملا کر جنگ آزادی لڑی، مجھے کہنے میں کوئی تردد نہیں کہ آج دہشت گردی کا ذمہ دار اور سب سے بڑا دہشت گرد، جس نے دنیا کو دہشت گردی کی اس لعنت میں مبتلا کر دیا ہے وہ جارج بش ہے، میں میڈیا کے ذریعہ اور اس عظیم مجمع کے واسطے سے پورے ملک سے یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ امریکہ اور یورپ نے دہشت گردی کی جو تعریف کی ہے وہ ہمارے ملک کو نہیں کرنی چاہیے۔ مسلمان اس ملک کی دوسری بڑی اکثریت ہے، مسلمان اس ملک کا مالک ہے کرایہ دار نہیں ہے، مسلمانوں کے ساتھ کرایہ داروں جیسا معاملہ برداشت نہیں کیا جائے گا، ہم اس ملک کے معمار ہیں، ملک بنانے والے ہیں، ہم یہاں رہتے چلے آئے ہیں، رہ رہے ہیں، رہیں گے، یہیں جیے ہیں یہیں مریں گے۔ دہشت گردی کا بہانہ بنا کر ایک خاص طبقہ کو جو دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کے لیے ہندوستان کا قیمتی ورثہ ہوسکتا ہے، نشانہ نہیں بنانا چاہیے، دہشت گردی چاہے کسی خاص فرقے کی طرف سے ہو، چاہے ملکوں کی طرف سے ہو چاہے

سرکاری اداروں کی طرف سے ہو، چاہے تنظیموں کی طرف سے ہو ہر حال میں قابلِ مذمت ہے۔ ہمیں متحد ہوکر دہشت گردی کے خلاف لڑنا چاہیے اور دہشت گردی کے نام پر دہشت گردی کرنے والوں کا مقابلہ کرنا چاہیے''۔

پیغام حضرت مولانا سید محمد رابع حسنی ندوی زید مجدہم:

حضرت مولانا سید محمد رابع حسنی ندوی زید مجدہم صدر مسلم پرسنل لا، بورڈ وناظم ندوۃ العلماء لکھنؤ اچانک خرابیٔ صحت کے باعث تشریف نہ لاسکے، ان کا گراں قدر پیغام کانفرنس میں ان کے محترم نمائندے جناب مولانا عبدالقادر صاحب ندوی مدظلہ نے پڑھا جو درج ذیل ہے:

''دہشت گردی مخالف اس کل ہند کانفرنس میں شرکت کرکے مجھے خوشی ہوتی، لیکن صحت کی خرابی کے باعث میں شریک ہونے سے معذور ہوں اس لیے صرف اس پیغام کے ذریعہ شرکت پر اکتفاء کررہا ہوں، دہشت گردی کی مذمت کے ساتھ اس کو مسلمانوں کے ساتھ وابستہ کرنے کو قابل مذمت فعل قرار دینے کے لیے کانفرنس کا انعقاد موجودہ حالات کے اس پس منظر میں ایک ضروری اقدام ہے اس کے لیے ہر مسلک وجماعت کے نمائندے، ملک کے وفادار شہری اپنا صاف اور صحت مندانہ موقف پیش کریں گے اور توجہ دلائیں گے کہ ملک میں آج کل دہشت گردی کا تذکرہ بار بار کیا جاتا ہے اور اس کو مسلمانوں اور مدارس اسلامیہ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے، اس کو اسلام اور ملت اسلامیہ سے وابستہ کرنا، اسلام اور مسلمانوں کے ساتھ بڑی زیادتی کی بات ہے، اسلام میں ہر طرح کے ظلم وزیادتی کو سخت الفاظ میں منع کیا گیا ہے اور مسلمان قوم کے افراد اسلامی تعلیمات کے تحت زیادتی اور ظلم سے بچنے کی پوری کوشش کرتے ہیں اور کسی سے اگر ظلم وزیادتی کا فعل ہوجائے تو اسے بہت برا سمجھتے ہیں، اور اس کو غیر اسلامی عمل قرار دیتے ہیں۔

یہ ملک مختلف مذہبوں اور مختلف طبقات کا ملک ہے اور ان میں ہر ایک میں بعض بعض افراد ایسے ہوسکتے ہیں جو اپنے کسی ذہنی تعصب یا کسی فائدے کی غرض سے ظلم وزیادتی کا ارتکاب کریں، جو اس کا ذاتی فعل ہوگا، اس کا تعلق اس کے طبقے یا مذہب سے جوڑنا صحیح نہیں۔ یہ اسلام جو کہ عربی میں امن کے بھی معنی رکھتا ہے، اس کو ظلم سے بالکل جوڑا نہیں جاسکتا، اس پر ظلم اور دہشت گردی کا الزام لگانا ایک طرح سے اس کے ساتھ ظلم ہے، جس کو مسلمان سخت طریقے سے مسترد کرتے ہیں اور مسلمانوں کے ساتھ یہ بڑی شکایت ہے کہ دہشت گردی جس حرکت کو کہا جاتا ہے اس کے واقعات دوسرے مذاہب کے ماننے والوں اور مسلک کے دوسرے طبقات میں بھی ہوتے ہیں

لیکن ان کو ان کے مذہب کے ساتھ جوڑا نہیں جاتا ہے، جو سراسر ناانصافی ہے۔ اس عظیم کانفرنس کے انعقاد پر دارالعلوم دیوبند کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں“۔ (محمد رابع حسنی ندوی)

پیغام حضرت مولانا سید سرور چشتی صاحب زید مجدہم:

آستانۂ عالیہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری علیہ الرحمہ کے سجادہ نشیں حضرت مولانا سید سرور چشتی کا، خصوصی پیغام کانفرنس کے لیے بذریعہ فیکس موصول ہوا، جس میں مصروفیات کے باعث کانفرنس میں شریک نہ ہوسکنے پر افسوس کا اظہار کیا گیا تھا اور فرمایا گیا تھا:

”مجھے یہ جان کر انتہائی مسرت کا احساس ہوا کہ آپ حضرات مسلمانوں اور بالخصوص مدارسِ اسلامیہ پر دہشت گردی کے مفروضہ وموہومہ الزام کو دفع کرنے کے لیے ایک عظیم الشان اجلاس کا انعقاد کررہے ہیں، اسلام کی روز افزوں مقبولیت سے اسلام دشمن اور انسانیت کُش عناصر حواس باختہ ہورہے ہیں اور اسلام کو دہشت گردی کا علم بردار قرار دے رہے ہیں، جب کہ اس بدترین دہشت گردی کے وہ خود علم بردار ہیں۔ ہمارے وطن عزیز میں جو لوگ مسلمانوں اور مدارس اسلامیہ کو دہشت گردی کا الزام دے رہے ہیں وہ مغربی ممالک کے شرپسندوں کی نمائندگی کررہے ہیں۔

اس اجلاس میں آپ نے مختلف مکاتب فکر کے ذمہ دارانِ مدارس اسلامیہ کو مدعو کیا ہے یہ ایک خوش آیند قدم ہے، اتحاد ملت کے لیے فال نیک کے ساتھ ساتھ وقت کی اہم آواز بھی ہے اس وقت مسلک ومشرَب سے بلند ہوکر تمام مسلم جماعتوں کو ایک مرکز پر متحد ہونے کی ضرورت ہے؛ تاکہ اجلاس کے واسطے سے جو آوازۂ حق آپ بلند کررہے ہیں وہ صدا بصحرا ثابت نہ ہو، ہندوستان کی تاریخ آزادی گواہ ہے کہ حکومت برطانیہ کا منحوس سایہ دور کرنے کے لیے سب سے پہلی آواز انہی مدارس اسلامیہ ہی سے اٹھی تھی، خصوصاً ہمارے سلسلہ چشتیہ کے ”شیخ العرب والعجم حضرت حاجی امداداللہ صاحب مہاجر مکی علیہ الرحمہ نے اسی تناظر میں ہجرت فرمائی تھی، پھر ان کے خلفاء نے جو جلیل القدر علماءِ عصر تھے، برطانیہ مخالف تحریک کو جاری رکھا، انہی مدارس اسلامیہ کے فارغین نے حکومت برطانیہ کے ہاتھوں قید وبند، طوق وسلاسل اور دار ورسن کی جان کاہ صعوبتیں برداشت کیں، اوران علمائے مجاہدین نے یہ جاں گداز مصائب، آزادی وطن کے جذبات سے سرشار ہوکر برداشت کیے ان کے پیش نظر کوئی ذاتی غرض نہ تھی اگر غرض تھی تو صرف وطن کی آزادی تھی۔ ایسے بے غرض اور بے لوث افراد کے جنم دینے والے اداروں یعنی مدارس اسلامیہ کو دہشت گردی کے مراکز قرار دینا اور سمجھنا اپنے عقل وفہم کے دیوالیہ پن کا ثبوت دینا ہے، خدا کرے

آپ کی آواز اربابِ اقتدار تک پہنچے اور وہ بے قصور مسلمانوں کو جان ومال کی زَک دینے سے باز آئیں اور دہشت گردی کے حقیقی مجرمین کو کیفر کردار تک پہنچائیں“۔ فقط والسلام:

مخلص: سید سرور چشتی

خاک نشیں آستانہ عالیہ اجمیر القدس

یہ پیغام کانفرنس میں جناب مولانا مفتی راشد صاحب اعظمی استاذ دارالعلوم دیوبند نے پڑھ کر سنایا۔

عظیم الشان کانفرنس کا تاریخی اعلامیہ، جسے

حضرت مولانا مفتی محمد ابوالقاسم صاحب نعمانی زید مجدہم نے پڑھا:

بعد ازاں حضرت مولانا مفتی محمد ابوالقاسم صاحب نعمانی زید مجدہم رکن مجلس شوریٰ دارالعلوم دیوبند وشیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ بنارس نے کانفرنس کا تاریخی اعلامیہ پڑھ کر سنایا، اعلامیہ میں اس حقیقت کا اعلان کیا گیا ہے کہ اسلام ساری انسانیت کے لیے دینِ رحمت ہے وہ دائمی امن وسلامتی اور لازوال سکون واطمینان کا سرچشمہ ہے، اسلام نے پوری انسانی برادری کو بلاتفریق قوم ومذہب اتنی اہمیت دی ہے کہ ایک شخص کے قتل کو پوری انسانیت کا قتل قرار دیا ہے۔ اسلام ہر قسم کے تشدد اور دہشت گردی کا شدید مخالف ہے۔

رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دارالعلوم دیوبند کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی ملت اسلامیہ کے تمام مکاتبِ فکر کے نمائندوں کی یہ دہشت گردی مخالف کل ہند کانفرنس ہر قسم کے تشدد اور دہشت پسندی کی سخت الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔

اعلامیہ میں اس بات پر گہری تشویش ظاہر کی گئی ہے کہ ”ہندوستان کی داخلہ اور خارجہ پالیسی بھی سامراجی طاقتوں کے زیر اثر آتی جارہی ہے، نیز سرکاری ایجنسیاں مسلمانوں کے ساتھ امتیاز اور جانب داری برت رہی ہیں، عام مسلمان اور دینی مدارس سے تعلق رکھنے والے جو نہایت صاف وشفاف ریکارڈ رکھتے ہیں ہر وقت اس دہشت میں مبتلا رہتے ہیں کہ انتظامیہ کے ہاتھ اس کے گریبان تک کب پہنچ جائیں، اور نہ جانے کتنے لوگ آج جیلوں میں بند، ناحق طرح طرح کی کربناک اذیتیں برداشت کرنے پر مجبور ہیں، جب کہ واقعہ یہ ہے کہ دہشت گردی پھیلانے والے، تھانوں کو لوٹنے والے، برسرعام پولیس افسران کو قتل کرنے والے، آتشیں اسلحوں کی نمائش کرنے والے عناصر آزاد گھوم رہے ہیں“۔

کانفرنس کے اعلامیہ میں پُر زور مطالبہ کیا گیا ہے کہ ''حکومت ہند مدارس اسلامیہ اور مسلمانوں کی کردارکشی کرنے والے عناصر کو لگام دے، اور سرکاری ایجنسیوں کو پابند کیا جائے کہ تعصب وامتیاز سے بالاتر ہوکر اپنا فرض منصبی ادا کریں، تاکہ ملک میں حقیقی امن وسلامتی برقرار رہے''۔(اعلامیہ کا مکمل متن آخر میں ملاحظہ فرمائیں)

حضرت مولانا مفتی محمد ابوالقاسم صاحب نعمانی مدظلہ رکن شوریٰ دارالعلوم دیوبند نے اعلامیہ پیش فرمایا اور کانفرنس میں شریک تقریباً ۳۰؍ ہزار علماء کرام، مندوبین عظام اور مختلف مکاتبِ فکر کے ذمہ داران اور نمائندگان مدارس اسلامیہ نے پرزور الفاظ میں تائید کی اور ہاتھ اٹھا کر اپنی توثیق کا اظہار کیا۔ اعلامیہ کے بعد تائیدی خطابات کا سلسلہ شروع ہوا۔

خطاب حضرت مولانا عبدالعلیم صاحب فاروقی زیدمجدہم:

حضرت مولانا عبدالعلیم صاحب فاروقی زیدمجدہم رکن شوریٰ دارالعلوم دیوبند و مہتمم دارالمبلغین لکھنؤ نے اپنے موثر ترین خطاب میں فرمایا: ''یہ تقریباً سبھی حضراتِ مقررین نے فرمایا کہ: اسلام کا دہشت گردی سے کوئی تعلق نہیں ہے، اس میں کوئی شبہ بھی نہیں کہ ہمارے نزدیک دہشت گردی جتنا بڑا جرم ہے شاید دنیا کے کسی انسان کے نزدیک اتنا بڑا جرم نہ ہو، اسلام کا معنی ہے سر ڈالنا، اطاعت کرنا، فرماں برداری کرنا، سرڈالنے والا دہشت گرد کیسے ہوسکتا ہے؟ دارالعلوم دیوبند ہماری اساس ہے، دارالعلوم دیوبند ہماری متاع عزیز ہے، دارالعلوم دیوبند ہماری مادرِ علمی ہے، اس دارالعلوم میں قرآن وحدیث کی تعلیم ہوتی ہے۔ مظاہر علوم سہارنپور میں، دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ میں مدرسہ شاہی مرادآباد اور دیگر بڑے مدرسوں میں قرآن وحدیث ہی کی تعلیم ہوتی ہے، تاکہ قرآن وحدیث پر عمل کرکے ہم اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور اس کے نام سے وابستہ ہوجائیں، اس لیے کہ اللہ اللہ جب تک ہوتا رہے گا اس وقت تک عالم سلامت رہے گا۔ ساری دنیا کو بتادیا جائے کہ مسلمان، عالم کے قرار کا ذریعہ ہیں، جب تک اللہ اللہ باقی رہے گا یہ دنیا باقی رہے گی، آج شور ہے پکڑو مسلمانوں کو، مارو مسلمانوں کو لیکن سن لو ؂

جلیں گے، ہم تو جل جائیگا سارا گلستاں مالی
سمجھ مت صحنِ گلشن میں مرا ہی آشیانہ ہے

میں نے لکھنؤ میں کہا تھا آج پھر کہہ رہا ہوں کہ ملک کی سلامتی اور حفاظت کا طریقہ یہ ہے کہ ہندو مسجدوں کی حفاظت کریں اور مسلمان مندروں کی حفاظت کریں، مندر بھی ہماری اور مسجد بھی

ہماری کیوں کہ ملک کے تمام باشندوں کا مسئلہ ہے جیسا کہ ہمارے برادرِ عزیز جناب مولانا محمود مدنی صاحب نے بتایا کہ مسلمانوں نے برادرانِ وطن کو ساتھ لے کر ملک آزاد کرایا ہے۔ ہمارے حضرت فدائے ملت مولانا سید اسعد مدنی صاحبؒ فرماتے تھے کہ ملک کے مسلمانوں کا صرف مسئلہ نہیں ہے۔ ملک کے تمام باشندوں کا مسئلہ ہے یہ ملک ہم نے بڑھایا، ہم نے بسایا، ہم نے سجایا، ہم اس کے حصہ دار ہیں اور آپ بھی اس کے حصہ دار ہیں، ہم نے سمجھا تھا کہ ہم یہاں باقی رہیں گے، ہم دوسرا ملک نہیں بننے دیں گے، ہم ملک کو تقسیم نہیں ہونے دیں گے، جمعیۃ علماء ہند نے تقسیم ہند کی مخالفت کی تھی لیکن ہم کیا کریں:

یہ سمجھے تھے کہ بوئے گل امینِ رازِ گلشن ہے
مگر یہ خانماں برباد، خود پھولوں کی دشمن ہے

حضرت مہتمم صاحب دامت برکاتہم کی طرف سے جو اعلامیہ پڑھا گیا ہے وہ ہم سب کے دلوں کی ترجمانی کرتا ہے اور ہم سب اس کو قبول کرتے ہیں اور اس کی بھرپور تائید کرتے ہیں“۔

خطاب حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی زید مجدہم:

حضرت مولانا غلام محمد وستانوی صاحب زید مجدہم رکن مجلس شوریٰ دارالعلوم دیوبند و مہتمم جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا مہاراشٹر نے اپنے پرجوش خطاب میں فرمایا:

”ہم اس ربِّ کریم کا شکر ادا کرتے ہیں جس خالق و مالک نے مجھے اور آپ کو اور ہم ہندوستان کے مسلمانوں کو، دارالعلوم دیوبند جیسی عظیم نعمت عطا فرمائی، دارالعلوم دیوبند ہندوستان کے مسلمانوں کی آبرو ہے، دارالعلوم دیوبند ہندوستانی مسلمانوں کا تڑپتا ہوا دل ہے، دارالعلوم نے ہندوستانی مسلمانوں کی تعلیمی، ثقافتی، سماجی، ہر لحاظ سے صحیح رہبری کی ہے۔ دہشت گردی کو مسلمانوں اور مدارس اسلامیہ سے جوڑا جارہا ہے۔ دارالعلوم یہ عظیم الشان اجلاس بلاکر ان خیالات کی مذمت کرتا ہے، مسلمانوں اور مدارس اسلامیہ کا دہشت گردی سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہے۔ دارالعلوم دیوبند کا فیض ملک کے کونے کونے میں جاری ہے اس ملک میں اسلام اور مسلمانوں کا تقدس دارالعلوم دیوبند اور مدارس اسلامیہ کی دین ہے۔

دارالعلوم دیوبند کا کوئی فاضل آج تک دہشت گردی کے کسی کام میں پکڑا نہیں گیا کسی اور مدرسے کا بھی کوئی استاذ یا طالب علم کسی دہشت گردانہ کارروائی میں ملوث نہیں پایا گیا۔ یہ مدارس کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈہ اور محض الزام ہے، ایسے حالات میں اہلِ مدارس کی ذمہ داری ہے کہ ہم

چوکنے رہیں، دشمن تاک میں ہے، آپ کی معمولی معمولی بات کو ہائی لائٹ کیا جاتا ہے، ہم کو اپنا نظام بہتر بنانا ہوگا، ہم اپنے تعلیمی نظام کو مستحکم کریں اپنے مالی شعبہ کو صاف ستھرا رکھیں، الحمدللہ مدارس والے جس انداز سے مدارس کا نظام چلاتے ہیں، حکومت والے بھی نہیں چلا سکتے، ہم حکومت کا کام کررہے ہیں، لیکن ہمیں حکومت کی کسی مدد کی ضرورت نہیں، آپ یہاں سے حضرت مہتمم صاحب دامت برکاتہم کا پیغام لے کر جائیں، حضرت کا خطبۂ صدارت لے کر جائیں، اور اپنے صوبے کے مدارس کو اس سے آگاہ کریں، ہمیں دارالعلوم دیوبند کے مزاج کو، دارالعلوم دیوبند کے مسلک کو اور دارالعلوم دیوبند کے پروگرام کو عام وتام کرنا چاہیے"۔

خطاب حضرت مولانا خالد رشید فرنگی محلی زید مجدہم:

حضرت مولانا خالد رشید صاحب فرنگی محلی نے اپنے خصوصی خطاب میں اہل فرنگی محل اور باشندگان لکھنؤ کی جانب سے اس اہم کانفرنس کے انعقاد پر ذمہ داران دارالعلوم کو دلی مبارک باد پیش کرنے کے بعد فرمایا:

"اسلام اور مسلمانوں کا دہشت گردی سے دور دور تک کوئی واسطہ نہیں، اس ملک میں مسلمانوں کو دہشت گردی سے صرف اس لئے جوڑا جارہا ہے تاکہ اسلام کے بڑھتے ہوئے قدم اور مسلمانوں کی بڑھتی ہوئی، ترقی کے راستوں کو روکا جاسکے۔ ہمارے علماء کرام نے اس وطن عزیز کو اپنے خون پسینے سے سینچا ہے، فرقہ پرستوں نے اس ملک کا بٹوارہ صرف اس لیے کرایا تاکہ اس ملک میں مسلمانوں کو حکومت سے دور رکھا جاسکے۔ لیکن فرقہ پرستوں کو اس میں کامیابی نہ ملی تو انھوں نے آزادی کے بعد ملک میں جگہ جگہ کمیونل رائٹس (فرقہ وارانہ فسادات) کرائے۔ مسلمانوں کا بے پناہ جانی ومالی نقصان کیا اور ان کو ہر میدان میں پیچھے کردینے کی کوشش کی۔ جب وہ اس طرح بھی مسلمانوں کو پسپا نہ کرسکے تو اب ان پر اور مدارس اسلامیہ پر دہشت گردی کا بے بنیاد الزام لگایا جارہا ہے۔

ان مدارس اسلامیہ نے ملک کی آزادی اور ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا ہے حکومت کو ان کے ذمہ داران کا ممنون ہونا چاہیے تھا۔ لیکن انھیں کو بدنام کیا جارہا ہے۔ اس ملک میں بابری مسجد شہید کرنے والوں کو دہشت گرد نہیں کہا گیا، الفا والوں کو دہشت گرد نہیں کہا گیا، ایل ٹی ٹی والوں کو دہشت گرد نہیں کیا گیا، یہودیوں کو دہشت گرد کیوں نہیں کہا جاتا جو معصوم بچوں بوڑھوں عورتوں اور بے قصور لوگوں کا قتل عام کررہے ہیں۔

میں حکومت کے ذمہ داران سے مطالبہ کرتا ہوں کہ بے قصور مسلمانوں کو پریشان نہ کیا جائے، خواہ مخواہ ان پر دہشت گردی کا الزام نہ لگایا جائے اگر کہیں کسی فرقہ کا کوئی فرد دہشت گردانہ کارروائی میں ملوث پایا جائے تو اس کی قوم اور مذہب کو بدنام نہ کیا جائے۔

خطاب حضرت مولانا محمد ولی رحمانی صاحب زید مجدہم:

حضرت مولانا محمد ولی رحمانی صاحب زید مجدہ سجادہ نشیں خانقاہ رحمانی مونگیر وسکریٹری مسلم پرنسل لار بورڈ نے اپنے اہم خطاب میں فرمایا: بڑی مفصل تقریر آپ سن چکے ہیں۔اس کانفرنس سے جو بلاغ پہنچایا گیا، میں اس کی تائید کرتا ہوں۔ مدارس اسلامیہ کو شک وشبہ کے گھیرے میں لایا گیا ہے ۱۹۸۹ء سے ایک منظّم سازش چل رہی ہے کہ مدارس پر دہشت گردی کا الزام لگایا جائے بیس سال سے الزام کو سنتے سنتے ایک نسل جوان ہوگئی جو اس بات کا یقین رکھتی ہے کہ مدرسوں میں کچھ ہوتا ہے۔آج یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ اکابر کا یہ اتحاد نتیجہ خیز رہے گا۔ بدقسمتی سے ہمارے ملک کی خفیہ سیکورٹی کی رپورٹ میں مدارس اسلامیہ کو دہشت گردی کے مراکز کہا گیا ہے، یہ رپورٹ چار رکنی ایک کمیٹی نے تیار کی ہے، جس کے صدر لال کرشن اڈوانی تھے۔ نیز عجب اتفاق یہ کہ مسٹر اڈوانی نے پارلیمنٹ میں اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ مدارس میں دہشت گردی نہیں پائی جاتی ہے۔ہم اس دوغلی پالیسی کی مذمت کرتے ہیں اور مذکورہ رپورٹ کا جو حصہ مدارس اسلامیہ میں دہشت گردی سے متعلق ہے اس کو کالعدم قرار دینے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ مدارس پر دہشت گردی کا الزام اس لیے لگایا جارہا ہے تاکہ مدارس اپنے اصلی منہاج سے ہٹ جائیں، مدارس جو اہم خدمت انجام دے رہے ہیں، معاشرے کی اصلاح کی، لوگوں کو دینی تعلیم، قرآن وحدیث کی تعلیم دینے کی وہ خدمت نہ انجام دے سکیں۔ میں یہ بھی کہوں گا ہمیں الجھنا نہیں چاہیے ہمیں اپنے اپنے مدرسوں کو آباد رکھنا ہے۔ان کے نظام تعلیم وتربیت کو مستحکم کرنا ہے سرکارِ دو عالم ﷺ نے فرمایا ہے: العلماء مصابیح فی الارض۔ چراغ کا کام ہے اپنے کو جلانا اور ماحول کو روشن کرنا، ہمیں اپنی جدوجہد سے اپنے ماحول کو روشن رکھنا چاہیے تاکہ دشمن ہمارے اثاثے پر، ہمارے ایمان پر، ڈاکہ نہ ڈال سکے۔ہمیں یہ عہد کرنا چاہیے کہ دین کے لیے جئیں گے اور دین کے لیے مریں گے“۔

خطاب حضرت مولانا عبدالوہاب حجازی سلفی زید مجدہم:

حضرت مہتمم صاحب دامت برکاتہم کی خصوصی دعوت پر جامعہ سلفیہ بنارس کے استاذ محترم

حضرت مولانا عبدالوہاب حجازی صاحب تشریف لائے اور کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا:

''آج کا یہ بابرکت اور عظیم الشان اجتماع حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب حفظہ اللہ مہتمم دارالعلوم دیوبند کی دعوت پر منعقد ہوا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس شان دار اجتماع کو اپنے مقاصد میں پوری طرح کامیاب فرمائے۔ جو اعلامیہ پیش کیا گیا ہے وہ ہماری دلی آواز ہے۔ مسلمانوں کو دہشت گردی کی جہت سے جو مشکلات درپیش ہیں ان کو دور کیا جائے۔ مسلمانوں کی تاریخ بتاتی ہے اور اس کا اعتراف غیروں کو بھی ہے کہ اسلام امن ورحمت کا مذہب ہے، مسلمان جس معبود کی پرستش کرتے ہیں وہ رحمٰن ورحیم ہے اور جس نبی کی اتباع کرتے ہیں وہ رحمۃ للعالمین ہے۔ صرف مسلمانوں کے لیے نہیں بلکہ سارے جہاں کے لیے رحمت ہے، رحمٰن ورحیم کے پرستاروں اور رحمۃ اللعالمین کے پیروکاروں کے دل سے رحمت کیوں کر ختم ہوسکتی ہے۔ یہ امت تمام انسانیت کے لیے رحمت اور امن کی پیامبر ہے، اس امت کو ظالم اور امن کا دشمن قرار دینا وقت کا سب سے بڑا ظلم ہے۔ یہ کانفرنس وقت کی آواز ہے، آج مسلمانوں کو طرح طرح سے پریشان کیا جاتا ہے مختلف الزامات لگاکر ان کو گرفتار کرلیا جاتا ہے اور ان کے ساتھ جرم ثابت ہونے سے پہلے مجرموں جیسا سلوک کیا جاتا ہے یہ قانون اور انصاف کے رو سے بھی صحیح نہیں ہے مسلمان بڑی تعداد میں یہاں رہ رہے ہیں، اس ملک میں طرح طرح کی قومیں۔ مختلف مذاہب، الگ الگ بولیاں اور رنگ وروپ ہیں یہ سب چیزیں زینت چمن ہیں ؎

گلہائے رنگارنگ سے ہے زینتِ چمن
اے ذوق اس جہاں کو ہے زیب اختلاف سے

خطاب حضرت مولانا مفتی محمد منظور صاحب مظاہری زید مجدہم:

حضرت مولانا مفتی محمد منظور صاحب زید مجدہم رکن شوریٰ دارالعلوم دیوبند وقاضی شہر کانپور نے اپنے خاص خطاب میں فرمایا:

''انسداد دہشت گردی کی تحریک چلنی چاہیے، اور خوب زوروں پر چلنی چاہیے۔ اس ملک کو آزاد کرانے میں لاکھوں مسلمانوں نے قربانیاں دیں، اگر مسلمان الگ تھلگ ہوتا تو ملک آزاد نہ ہوتا۔ آزادی کے بعد ملک کا دستور سیکولر بنا۔ اس دستور اور آئین کی روشنی میں جو مجرم ہو اس کو پکڑا جائے۔ لیکن جب پولیس کی حکمرانی ہوگی اور اس کو کھلی چھوٹ دیدی جائے گی تو وہ اسی طرح ظلم کریں گے۔ اگر ملک میں پورے طور پر جمہوریت اور سیکولرزم کی حکمرانی ہو تو ہر باشندے کے ساتھ

انصاف ہوگا۔ ابھی پچھلے ہفتے نکسلیوں نے پندرہ پولیس والوں کو اڑادیا۔ اور دو ٹرک اسلحہ لوٹ کر محافظ خانہ سے لے گئے ۔ اگر خدانخواستہ نکسلیوں کی جگہ کسی مسلمان کا کام ہوتا، تو کسی مسلمان کی جان و مال محفوظ نہ رہتی، اس ملک کو جمہوریت اور سیکولرزم کے اصولوں کے مطابق چلانا چاہیے۔ موساد جو اسرائیل کی خفیہ ایجنسی ہے وہ ہمارے حکم رانوں کی مشیر کار ہے، ہمارا کہنا ہے کہ مسلمانوں پر دہشت گردی کا الزام ظلم وزیادتی ہے۔ سراسر جھوٹ ہے فریب ہے، اگر اس طرح ظلم وزیادتی ہوتی رہی تو ملک محفوظ نہیں رہے گا‘‘۔

حضرت مولانا خلیل الرحمٰن صاحب سجاد نعمانی مدظلہم کا خطاب:

حضرت مولانا خلیل الرحمٰن سجاد نعمانی صاحب زید مجدہم نے اپنے خصوصی انداز میں فرمایا: اس عظیم الشان اجلاس کی طرف سے ایک پیغام تو جانا طے ہوا تھا حکومت وقت کے نام، سرکاری ایجنسیوں کے نام، ایک پیغام طے ہوا تھا میڈیا کے نام اور ایک طے ہوا تھا ہندوستان کے مسلمانوں کے نام، بہت طاقتور انداز میں دردمند دلوں سے آپ نے پیغامات سنے۔ ہمارے اکابرین نے ایک کے بعد ایک آکر اپنا دل نکال کر رکھ دیا اور آئینِ جواں مرداں حق گوئی وبے باکی کا مصداق بن کر بہت قوت کے ساتھ، جرأت وبے باکی کے ساتھ پوری بات صاف صاف رکھ دی ہے، مجھے اس تعلق سے کچھ نہیں کہنا ہے میں ایک پیغام بھیجنا چاہتا ہوں مسلم عوام کے نام۔ آج حق کی آواز لگانے والوں کو گھیرا جارہا ہے اور زمین ان پر تنگ کی جارہی ہے ظلم سے زمین بھر رہی ہے لیکن ہمیں ان حالات میں مایوس ہونے کی ضرورت نہیں۔ رات کی تاریکی صبح روشن کی علامت ہے۔ آج ظلم سے جس طرح زمین بھرتی جارہی ہے یہ باطل کے ہلاک ہونے کی علامت ہے۔ یقین کے ساتھ کہہ رہا ہوں کہ آسمانوں میں ان کے خلاف فیصلے ہورہے ہیں۔ اللہ ضرور ظالموں کو ہلاک کرے گا جس طرح کل کیا تھا لیکن اس کے لیے ضروری ہے کہ ہم گناہوں کو چھوڑ دیں اور امانت دار بنیں۔ اگر بے گناہ ستائے جائیں گے اور قید کیے جائیں گے اور ہم اپنے تعلق کو اللہ سے مضبوط بنائے رکھیں گے تو اللہ حالات ہمارے حق میں پھیر دے گا اور ہمیں زمین کا مالک بنادے گا جس طرح حضرت یوسفؑ کو بنادیا۔ ہمیں جذبات میں آنے کی ضرورت نہیں ہمیں محبت کے جذبات کو عام کرنا چاہیے اور عفو ودرگذر سے کام لینا چاہیے جس طرح حضور اکرم ﷺ نے کیا تھا۔ لیکن عفو سے میری مراد بزدلی نہیں یہ اجلاس جرأت کا پیغام بھی دیتا ہے۔

جو اعلامیہ آپ کے سامنے پڑھا گیا ہے اس کو گلی گلی، گھر گھر پہنچائیے، اور برادرانِ وطن تک

بھی لے جایئے‘‘۔

خطاب حضرت مولانا عمید الزماں صاحب قاسمی کیرانوی زیدمجدہم:

حضرت مولانا عمید الزماں صاحب کیرانوی زیدمجدہم کارگزار صدر تنظیم ابنائے قدیم دارالعلوم دیوبند نے فرمایا: ’’اسلام ہمارا عقیدہ، ہمارا مذہب، ہماری روح، اور ہمارا منہج حیات ہے اور شرعی حب الوطنی کے دائرے میں ہندوستان ہماری محبت، شیدائیت کا مرکز اور محور ہے۔ اسلام عدم تشدد کی ایک فلاسفی پیش کرتا ہے جس کی نظیر نہیں ملتی۔ اسلام نے انسانیت کو جو مرتبہ ومقام عطا کیا ہے وہ کسی اور مذہب نے عطا نہیں کیا ہے۔ اسلام میں ایک بے قصور انسان کے قتل کو پوری انسانیت کے قتل کے برابر قرار دیا گیا ہے۔ ایسے مذہب کے ماننے والوں کو دہشت گرد قرار دینا سراسر بہتان عظیم نہیں تو اور کیا ہے؟ لیکن اسی بہتان کو ایک سازش کے تحت بڑی قوت کے ساتھ پھیلایا جارہا ہے اس سازش کے تانے بانے عالمی سطح پر بُنے گئے ہیں۔ عمل اور ردعمل کے نتیجے میں کچھ سالوں میں دنیا کے بعض علاقوں میں جو حالات پیدا ہوئے، جو واقعات رونما ہوئے، انھوں نے ہمارے ملک میں فرقہ پرستوں کو ایک ہتھیار دیدیا ہے اور ایک ایسا موقع فراہم کردیا ہے جس کو وہ پورے طور پر استعمال کرکے مسلمانوں کو بدنام کررہے ہیں؛ لیکن تشدد کہاں ہے؟۔ دہشت گردی کہاں ہے؟۔ مزاحمت کہاں ہے؟ اس میں فرق کی ضرورت ہے۔ فلسطین کے لوگ اگر اسرائیل کے ظلم وجارحیت کے خلاف کچھ کررہے ہیں تو کیا یہ دہشت گردی ہے؟۔ عراق کے عوام اگر بش کی دہشت گردی کے خلاف مزاحمت کررہے ہیں تو کیا اسے دہشت گردی کہا جائے گا؟۔ ہرگز نہیں۔ مدارس کے حوالہ سے میں عرض کروں گا کہ ایک واقعہ آپ ثابت کریں جس میں مدرسے کا کوئی آدمی دہشت گردی میں ملوث ہوا ہو۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ایک فنڈ بنایا جائے اور جو مدارس کے لوگ بے قصور گرفتار کئے جارہے ہیں ان کے بارے میں عدالتی چارہ جوئی کی جائے، پیروی کی جائے‘‘۔

حضرت مولانا محمد اسرار الحق صاحب قاسمی زیدمجدہم کا خطاب:

حضرت مولانا اسرار الحق صاحب قاسمی زیدمجدہم صدر ملی وتعلیمی فاؤنڈیشن نئی دہلی نے کانفرنس کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا:

ہماری ملت کی ڈیڑھ ہزار سالہ تاریخ میں بہت سے موڑ اور نازک مرحلے ایسے آئے کہ ان کی شدت کے سامنے کبھی محسوس ہوتا تھا کہ ہمارا وجود متزلزل ہوجائے گا، لیکن ہماری تاریخ کی

بڑی عظمت ہے کہ جب بھی کوئی بڑی مصیبت آئی، بڑے سے بڑا نازک مرحلہ آیا تو ہماری ایمانی قوت میں اسی درجہ اضافہ ہوا ہے، جس انداز سے آج ہم کو گھیرا گیا ہے، اسلام کی جس طرح غلط تصویر پیش کی جارہی ہے ہم کو اس سے متاثر نہیں ہونا ہے، بلکہ اپنی ایمانی فراست اپنے تدبر اور حکمت عملی سے ان چیزوں کا مضبوطی سے مقابلہ کرنا ہے، پوری دنیا جانتی ہے کہ اسلام میں صرف امن کا تصور ہی نہیں؛ بلکہ اسلام میں امن کی قوت بھی ہے، یہ پاور آف پیس ہے، یہی اسلام ہے جو دنیا میں امن قائم کرسکتا ہے، مسلمان اٹھ کھڑے ہوں گے تو پوری دنیا میں امن ہوگا مسلمان بیٹھ جائیں گے تو پوری دنیا میں بڑے بڑے جھگڑے ہوں گے، آج وہ لوگ جن کے ہاتھ رنگین ہیں ہیروشیما کے خونی بموں سے، جن کی زبان سے آج عراق کا لہو ٹپک رہا ہے، اگر وہ آج اسلام کو دہشت گردی سے جوڑرہے ہیں تو اس سے بڑی دہشت گردی اور کیا ہوگی۔ ہندوستان کے اسلامی مدرسوں کو دہشت گردی سے جوڑرہے ہیں۔ جنوبی ایشیاء کے اندر دہشت گردی کی بنیاد جنھوں نے قائم کی وہ وہی لوگ ہیں جو ''اسلامی مدرسے بے نقاب'' نامی کتاب کے ذریعہ مدارس اسلامیہ کو بدنام کررہے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جو گاندھی کے قاتل تھے، آج جن مدرسوں کو بدنام کیا جارہا ہے اگر یہ مدرسے نہ ہوتے تو ملک آزاد نہ ہوتا۔ ملک کی آزادی کی تاریخ پر روشنی ڈالنے کے بعد مولانا نے فرمایا: ہم اس ملک میں رہ رہے ہیں ہم اس ملک کے شہری ہیں۔ ہم اس ملک کے مالک ہیں ہم اس ملک کے کرایہ دار نہیں ہیں، ہمارے پاس ملک کا کانسٹی ٹیوشن ہے۔ ہمارے پاس ملک کا عدلیہ ہے۔ اس ملک میں لڑائی ہندو مسلمانوں کی نہیں ہے۔ طبقہ واری اور مذہبی لڑائی نہیں ہے۔ اس ملک میں لڑائی سیکولرزم اور فاشزم کی ہے۔ ہم فاشزم کو اس ملک میں چلنے نہیں دیں گے۔ ہم سیکولرزم کی بنیاد مستحکم کریں گے۔ ہم ظلم وزیادتی کے خلاف اٹھ کھڑے ہوں گے۔ اس عظیم الشان کانفرنس کے اعلامیہ کی ہم تائید کرتے ہیں ہندوستان میں امن پسند انصاف پسند لوگوں کو ساتھ لے کر ہم پورے عزم وحوصلے کے ساتھ آگے بڑھیں گے''۔

خطاب حضرت مولانا سید سلمان حسینی ندوی صاحب زید مجدہم:

حضرت مولانا سید سلمان حسینی ندوی صاحب زید مجدہم استاذ دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ نے خطاب کرتے ہوئے فرمایا:

''میرے بزرگو اور بھائیو! دیوبند کی اس سرزمین پر مولانا محمد قاسم صاحب نانوتویؒ کے اس دارالعلوم میں جس نے ظالم اور غاصب انگریزوں کی طاقت سے مورچہ لیا، جب عسکری میدان

میں یہ محسوس ہوا کہ امت مسلمہ شکست کھا چکی ہے، اس نے ایک مرکز، نظریات، اور فکر اسلامی کی نشر واشاعت کا قائم کیا جس کو صرف اس لیے قائم کیا گیا تھا تاکہ اٹھارہ سوستاون کی ناکامی کی تلافی اس کے ذریعہ کی جائے۔ مولانا محمود حسن دیوبندیؒ کے اس دیوبند میں جس نے ظالم اور غاصب انگریزوں کی بین الاقوامی طاقت کو اکھاڑ پھینکنے کے لیے ایک عالمی اور بین الاقوامی تحریک چلائی تھی۔ مولانا حسین احمد مدنیؒ کے اس دارالعلوم میں جس نے قربانیوں کی ایسی نظیر قائم کی ہے جس کی نظیر اب تک پھر دوبارہ پیش نہیں کی جاسکی۔ اس دارالعلوم میں جو اجتماع بلایا گیا ہے وہ اس مقصد کی خاطر بلایا گیا ہے کہ دہشت گردی مخالفت کا ایک محاذ قائم کیا جائے یہ پلیٹ فارم دفاعی نہیں ہے یہ معذرت کا پلیٹ فارم نہیں ہے۔

یہ پلیٹ فارم اس لیے قائم کیا گیا ہے تاکہ ملت اسلامیہ بیدار ہو جائے، ملت اسلامیہ اپنے مخالفین اور دشمنوں کو اچھی طرح سمجھ لے اور ملت اسلامیہ کی صفوں میں ایسا اتحاد پیدا کر دیا جائے کہ کوئی جماعت کوئی تحریک کوئی مرکز کوئی ادارہ اپنی الگ آئڈینٹٹی (شناخت) نہ بنائے آج دیوبند کے، جماعت اسلامی کے، جمعیت اہل حدیث کے اور مختلف اداروں اور تنظیموں کے ذمہ دار یہاں تشریف فرما ہیں۔ جو اتحاد یہاں نظر آرہا ہے وہ جلسہ کے بعد بھی قائم رہنا چاہیے۔ یہ اسٹیج آج کے لیے نہیں سجایا گیا ہے یہ اسٹیج ہندوستان کی قسمت ہے، انشاء اللہ یہ اسٹیج بین الاقوامی حالات کے تبدیل کرنے کے لیے متحدہ اسٹیج ثابت ہوگا۔

آج ہندوستان کو پولیس اسٹیٹ بنادیا گیا ہے، ملتِ اسلامیہ ۱۹۲۴ء سے ظلم وستم کی شکار ہے، دہشت گرد امریکہ ہے جس نے ڈھائی لاکھ عراقیوں کا خون بہایا، دہشت گرد وہ امریکہ ہے جس نے افغانستان کے نہتے بچوں، عورتوں، بوڑھوں، نمازیوں اور پریشان حالوں پر بم گرا کر لاکھوں انسانوں کا قتل عام کیا، دہشت گرد وہ ہے جس نے غلط الزامات لگائے۔ ۱۱ر ستمبر کا واقعہ ایک گھڑا ہوا واقعہ ہے۔ ایک فراڈ ہے۔ یہ صورت حال ہے، اس کو بدلنے کے لیے آپ کو فیصلہ کرنا ہوگا۔ میں اس اسٹیج پر کہتا ہوں کہ مولانا ارشد مدنی صاحب ہماری قیادت کیجیے۔ آپ آگے بڑھیے پوری ملت آپ کے ساتھ ہے، یہاں ایک فیصلہ کر کے اٹھیے اگر دلت ہزاروں سال ظلم سہنے کے بعد متحد ہو سکتے ہیں حکومت بنا سکتے ہیں۔ تو آپ کیوں نہیں کر سکتے۔ آپ سے ملک چھینا گیا ہے، آپ کو ملک اپنے ہاتھ میں لینا ہے اور ملک کے حالات کو سیاسی، سماجی، اور اخلاقی اعتبار سے تبدیل کرنا ہے“۔

حضرت مولانا محمد شاہد صاحب مظاہری زید مجدہم کا خطاب:

حضرت مولانا محمد شاہد صاحب مظاہری زید مجدہم امین عام جامعہ مظاہر علوم سہارنپور نے

خطاب کرتے ہوئے فرمایا: ''اس اہم اجلاس کے انعقاد پر میں حضرت مہتمم صاحب زادمجدہم اور دارالعلوم دیوبند کو بصدق دل تہنیت وتبریک پیش کرتا ہوں جامعہ مظاہرعلوم کی طرف سے اس اعلامیہ کی بھرپور تائید کرتا ہوں، جو دارالعلوم دیوبند کی طرف سے پوری ملت اسلامیہ کی آواز بن کر پورے عالم میں گونج رہا ہے اور گونجے گا۔ دہشت گردی کی حقیقت اور بنیاد پر غور کرنا چاہیے، دہشت گردی ظلم اور ناانصافی کی کوکھ سے جنم لیتی ہے۔ دہشت گردی ختم کرنے کے لیے اس کی بنیاد کو ختم کرنا ضروری ہے آج دہشت گردی کے نام پر کس قدر ظلم وستم ہورہا ہے۔ ظلم پنپنے والی چیز نہیں۔ ظالم اپنی طاقت کے نشے میں جس کی چاہے پگڑی اچھال دیتا ہے، جس کی چاہے عزت خاک میں ملا دیتا ہے؛ لیکن اللہ تعالیٰ ظالم کی جڑیں کاٹ دیتے ہیں، اللہ تعالیٰ کفر وشرک کی حکومت کو برداشت کرلیتے ہیں لیکن ظلم کی حکومت برداشت نہیں کرتے۔

اگر دہشت گردی کو خواہ مخواہ اسلام کے ساتھ، مسلمانوں کے ساتھ، مدارس اسلامیہ کے ساتھ جوڑ دیں گے تو دہشت گردی کا خاتمہ نہیں کرسکتے، یہ ظلم یہ ناانصافی ملک کے ہر فرد کے لیے خطرناک ہے۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت بڑی وسیع ہے، اس نے ظلم کرنے کی وجہ سے بڑی بڑی قوموں کا صفایا کردیا ہے''۔

حضرت مولانا فضیل احمد صاحب قاسمی زیدمجدہم کا خطاب:

مرکزی جمعیۃ علماء ہندنئی دہلی کے جنرل سکریٹری حضرت مولانا فضیل احمد صاحب قاسمی زیدمجدہم نے کانفرنس کو درج ذیل کلمات سے خطاب کیا: ''ہم کانفرنس کے اعلامیہ کی مکمل تائید کرتے ہیں، دارالعلوم دیوبند میں اس اجلاس کا ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ ہندوستان کے سب مظلوموں اور مسلمانوں پر رحم ہوگا۔ آزادی کے ساٹھ سالوں میں مسلمانوں پر اتنا ظلم ہوا ہے، ان کا اتنا زبردست قتل عام ہوا ہے، کہ میں قسم کھاکر کہہ سکتا ہوں کہ دوسری قوم ہوتی تو ختم ہوجاتی۔ یہ تو اسلام ہے کہ اس کو جتنا کاٹو اتنا ہی ہرا ہوگا۔ جس وقت مسلم پرسنل لاء میں مداخلت کا مسئلہ پیدا کیا گیا تھا تو حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحبؒ نے لوہا لیا تھا، پورے ملک کا دورہ کیا تمام مکاتبِ فکر کے لوگوں سے ملاقاتیں کیں۔ تمام مکاتبِ فکر کے لوگوں کو ایک اسٹیج پر جمع کیا اور مسلم پرسنل لاء بورڈ کا قیام عمل میں آیا تھا پھر ایمرجنسی کا دور آیا، جبرأنس بندی کا سلسلہ شروع ہوا تو دارالعلوم دیوبند کے جیالے شیر، فدائے ملت حضرت مولانا سید اسعد صاحب مدنیؒ نے آواز اٹھائی اور ملک کے ہر ہر صوبے میں اجلاس کیا اور اعلان کیا کہ یہ ظلم ہے۔ آج مادرِ علمی نے اپنی

آغوش میں سب کو لیا ہے دارالعلوم کا یہ اقدام تاریخ ساز اہمیت کا حامل ہے ۔

''یہ شہادت گہہ الفت میں قدم رکھنا ہے''

آج مسلمانوں کو جہادی گروپ بتایا جارہا ہے۔ یہ امریکہ کررہا ہے ہماری صفوں میں اتحاد ہونا چاہیے، دارالعلوم دیوبند ہمارا قائد بنے ہم کو یہاں سے کچھ کرکے اٹھنا چاہیے، ورنہ آپ دیکھئے کہ کتنے مظالم ہورہے ہیں، علماء کو گرفتار کیا جارہا ہے۔ یہ طے کیا جاچکا ہے کہ مسلمانوں کو ختم کرنا ہے۔ ہمیں پوری ہمت اور حوصلہ کے ساتھ ان حالات کا مقابلہ کرنا ہے اسی کے ساتھ میں اعلامیہ کی تائید کرتا ہوں ۔ اکابر دارالعلوم اور حضرت مہتمم صاحب جہاں آواز دیں گے انشاء اللہ بندہ کو اپنے قریب پائیں گے''۔

رابطہ مدارس اسلامیہ کے صوبائی ذمہ داران اور دیگر حضرات کی تائیدات:

مذکورہ بالا حضرات علماء کرام کے تائیدی بیانات کے علاوہ کچھ اور اہم شخصیات اور صوبائی رابطہ کے ذمہ داران کے اسماء گرامی اعلامیہ کی تائید کرنے والوں میں شامل تھے جو درج ذیل ہیں۔

حضرت مولانا محمد ازہر صاحب رانچی/رکن شوریٰ دارالعلوم دیوبند وصدر رابطہ مدارس اسلامیہ جھارکھنڈ، حضرت مولانا مفتی محمد اسماعیل صاحب رکن شوریٰ دارالعلوم، حضرت مولانا محمد قمر الزماں صاحب الہ آباد، حضرت مولانا محمد اشہد رشیدی، مہتمم جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی ورکن عاملہ رابطہ مدارس، حضرت مولانا محمد اسحاق صاحب امیر شریعت ہریانہ وپنجاب، حضرت مولانا صدیق اللہ صاحب چودھری صدر رابطہ مدارس مغربی بنگال، حضرت مولانا مفتی ظفر الدین صاحب صدر رابطہ مدارس دہلی، حضرت مولانا محمد اقبال قاسمی صاحب صدر رابطہ مدارس تامل ناڈو، حضرت مولانا قاری محمد امین صاحب صدر رابطہ مدارس راجستھان، حضرت مولانا محمد قاسم صاحب صدر رابطہ مدارس بہار، حضرت مولانا مفتی احمد دیولوی صاحب ،صدر رابطہ مدارس اسلامیہ گجرات، حضرت مولانا رحیم الدین انصاری صاحب ناظم دارالعلوم حیدرآباد، حضرت مولانا محمد غیاث الدین صاحب مہتمم مدرسہ دارالعلوم الرحمانیہ حیدرآباد، حضرت مولانا محمد رحمت اللہ صاحب صدر رابطہ مدارس جموں کشمیر، حضرت مولانا محمد جابر صاحب صدر رابطہ مدارس اڑیسہ، حضرت مولانا مفتی زین العابدین صاحب صدر رابطہ مدارس کرناٹک، جناب مولانا گلزار صاحب قاسمی نمائندہ حضرت مولانا حکیم عبداللہ صاحب اجراڑوی، جناب مولانا محمد پرویز صاحب قاسمی نمائندہ حضرت مولانا بدالدین اجمل صاحب قاسمی/رکن شوریٰ دارالعلوم دیوبند وصدر مرکز المعارف۔ جناب مولانا مفتی

محمد سراج الدین صاحب قاسمی، صدر رابطہ مدارس منی پور، جناب مولانا محمد رفیق صاحب گجرات، حضرت مولانا محمد حسیب صدیقی صاحب منیجر مسلم فنڈ ٹرسٹ وچیئرمین دیوبند، حضرت مولانا عبدالواحد مدنی سلفی سدھارت نگر، حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب اثری سلفی، مئو، حضرت مولانا محمد احمد صاحب شیخ الحدیث جامعہ سراج العلوم بوڈیہار (گونڈہ)

خصوصی پیغامات:

چند پیغامات کا ذکر اوپر آچکا ہے، حضرت مولانا سید انظر شاہ صاحب مسعودی کشمیری زیدمجدہم، شیخ الحدیث دارالعلوم وقف دیوبند علالت طبع کے باعث تشریف نہیں لاسکے حضرت مہتمم صاحب دامت برکاتہم کے نام اپنے مکتوب گرامی میں تحریر فرمایا ''دہشت گردی مخالف کانفرنس میں آں مکرم کی جانب سے دعوت نامہ برائے شرکت وتقریر ملا، جس کے لیے مشکور ہوں۔ اپنی ناسازی طبع کی وجہ سے شرکت سے معذور ہوں، تاہم یہ یقین رکھتا ہوں کہ دارالعلوم دیوبند کی سربراہی اورآں محترم کی سرپرستی میں یہ اجلاس اپنے مقاصد واہداف کے حصول میں ضرور کامیاب ہوگا''۔ یہ پیغام، حضرت کے صاحبزادۂ محترم جناب مولانا احمد خضر شاہ مسعودی کشمیری مدظلہ استاذ حدیث دارالعلوم وقف دیوبند ومہتمم جامعۃ الامام انور شاہ الکشمیریؒ دیوبند نے کانفرنس میں پیش کیا اور مختصر تقریر بھی فرمائی۔

حضرت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد صاحب زیدمجدہم شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی کا مکتوب بذریعہ ای میل موصول ہوا جس میں حضرت مہتمم صاحب زیدمجدہم کے نام انھوں نے تحریر فرمایا کہ آپ کا دعوت نامہ موصول ہوا، کل ہند اجلاس عام رابطہ مدارس اسلامیہ کانفرنس کا انعقاد، فتنہ انگیز حالات کے تناظر میں ایک اچھا قدم ہے اس کی کامیابی کے لیے دعا گو ہوں، بعض مصروفیات کے باعث کانفرنس میں شرکت نہیں ہوسکے گی، کانفرنس کو با مقصد بنانے اور حکومت وقت پر اس کے اثرات مرتب کرنے کے لیے ٹھوس لائحہ عمل تیار کرنے کی ضرورت ہے تاکہ اس کے اختتام کے بعد حکومت کے رویہ میں مثبت تبدیلی نظر آئے، اور مسلمانوں پر سے دہشت گردی کا الزام واپس لیا جائے''۔ یہ پیغام جناب مولانا محمد سلمان صاحب بجنوری استاذ دارالعلوم نے کانفرنس میں پڑھا۔

حضرت مولانا عثمان غنی رضوی صاحب مدظلہ مہتمم دارالعلوم انوار مصطفیٰ رضا، جام نگر، گجرات کا مکتوب گرامی موصول ہوا جس میں آں محترم نے تحریر فرمایا ہے: کہ مدارس اسلامیہ کے تعلق سے جن

چیزوں کی نشان دہی آپ نے کی ہے وہ مبنی برحقیقت ہیں، ایسے پُرآشوب اورخون آشام حالات میں آپ کا یہ قدم انتہائی قابل ستائش ہے۔اس کے لیے جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے، حالات کے مدنظر سارے مکاتبِ فکر کو ساتھ لے کر چلنا، یہ وقت کا تقاضا اوراس کی ضرورت ہے اورآپ اپنے وسعت قلبی اور بڑکپن کا مظاہر کرتے ہوئے مختلف مکاتبِ فکر کو دعوت دے کر اس موقع پر ہمیں بھی دعوت شرکت دی اس کے لیے ہم تہہ دل سے آپ کے شکر گزار ہیں، دعوت نامہ ہمیں اس وقت موصول ہوا جب کہ اجلاس کی تاریخ قریب ہوچکی تھی، اس لیے شرکت نہ ہوسکی، ہم معذرت خواہ ہیں مگر ہم آپ کے ہم قدم ہیں، اخیر میں التماس ہے کہ اجلاس میں اہل حل وعقد جو منصوبے تیار فرمائیں اس سے ہمیں ضرور آگاہ فرمایا جائے۔

حضرت مولانا بدرالدین اجمل صاحب قاسمی: رکن شوریٰ دارالعلوم دیوبند اچانک علالت کے باعث تشریف نہیں لاسکے، ان کا پیغام لے کر ان کا ایک نمائندہ وفد کانفرنس میں شریک ہوا، ارکان وفد میں حضرت مولانا شمس الدین صاحب، شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ جلالیہ ہوجائی، جناب مولانا عبدالقادر صاحب، ناظم تنظیم المدارس آسام، جناب مولانا پرویز صاحب ناظم مرکز المعارف آسام شامل ہیں۔

حضرت مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب بھی مصروفیات کے باعث تشریف نہ لاسکے ان کا بھی ایک اہم پیغام موصول ہوا۔

حضرت مولانا علی کوٹی المسلیار نائب چیئرمین آل انڈیا حج کمیٹی حکومت ہند و پرنسپل جامعہ نوریہ فیض آباد کیرالا کا خصوصی پیغام موصول ہوا جس میں کانفرنس کی کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا ہے اوراسے بروقت اٹھایا گیا ایک مستحسن قدم بتایا گیا ہے۔

حضرت مولانا قاری محمد عثمان صاحب زیدمجدہم کا خطاب:

حضرت مولانا قاری محمد عثمان صاحب زیدمجدہم نائب مہتمم دارالعلوم دیوبند نے اپنے اختتامی خطاب میں فرمایا کہ: جیسا کہ آپ حضرات کے علم میں ہے کہ دارالعلوم دیوبند نے اس عظیم الشان کانفرنس میں تمام مکاتبِ فکر کے نمائندہ حضرات کو شرکت کی خصوصی دعوت دینے کے لیے اساتذہ دارالعلوم کے وفود مختلف مقامات پر روانہ کیے، ان اساتذۂ کرام نے دہلی، اجمیر شریف، کچھوچھہ شریف، بریلی، بدایوں، لکھنؤ، بنارس، بستی، سدھارتھ نگر، اعظم گڑھ، مئو وغیرہ مقامات پر جاکر، جماعت اسلامی، اہل تشیع، اہل حدیث، بریلوی مکتبِ فکر کے نمائندگان اور مدارس کے ذمہ

داران حضرات سے ملاقات کی۔انھوں نے شرکت کا وعدہ فرمایا اور باضابطہ طور پر لکھ کر دیا کہ ہم شریک ہوں گے، بہت سے حضرات یہاں تشریف لائے ہیں، ان کے بیانات بھی ہو چکے ہیں، میں ان سب حضرات مندوبین ومدعوین خصوصی کا بطورِ خاص شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے زحمتِ سفر برداشت کی اوراس کانفرنس کو کامیاب بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔مجمع الحمدللہ ہماری توقع سے گئی گنا زیادہ ہے، میں تمام مدارس چاہے رابطہ مدارس کے رکن ہوں یا نہ ہوں، اور تمام مکاتب فکر کے ذمہ داران کا دارالعلوم دیوبند کی انتظامیہ کی طرف سے، تمام ارکان مجلس شوریٰ کی طرف سے، حضرت مہتمم صاحب دامت برکاتہم کی طرف سے آپ سبھی حضرات کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں، شہری انتظامیہ کے ذمہ داروں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انھوں نے ہر ہر قدم پر ہمارا بھرپور تعاون کیا، میں ضلعی سطح کے سرکاری ذمہ داروں کا بھی شکرگذار ہوں، میڈیا کے افراد کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انھوں نے ہمیں بھرپور تعاون دیا، مختصر خطاب کے بعد حضرت قاری محمد عثمان صاحب زیدمجدہم نے کانفرنس کی وہ تجویز پڑھی جو دہشت گردی اور حکومتی رویہ کے خلاف صوبائی اجتماعات کی ضرورت سے متعلق تھی شرکاء کانفرنس نے اس کی تائید کی تجویز آخر میں شامل ہے۔

آخر میں جناب مولانا حسیب صدیقی صاحب منیجر مسلم فنڈ ٹرسٹ وچیئرمین دیوبند نے بھی اظہار خیال فرمایا، اعلامیہ کی تائید کی اوراس عظیم کانفرنس کے انعقاد کو بروقت اور مستحسن قدم قرار دیا اور تمام مندوبین ومہمانانِ کرام کا شکریہ ادا کیا۔

حضرت صدر کانفرنس امیر الہند مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب زیدمجدہم، مہتمم دارالعلوم دیوبند وصدر رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ کی رقت آمیز دعا پر سوا دو بجے کانفرنس اختتام پذیر ہوئی، کانفرنس کی نظامت کے فرائض اولاً ناچیز راقم السطور نے انجام دیے، تکمیل میں جناب مولانا محمد سلمان صاحب بجنوری کا تعاون شامل رہا۔

حضرت مولانا اصغر امام سلفی زیدمجدہم:

حضرت مولانا اصغر امام سلفی صاحب زیدمجدہم، ناظم عمومی مرکزی جمعیت اہل حدیث اور حضرت مولانا محمد اقبال صاحب سلفی، دہلی سے کانفرنس میں شرکت کے لیے روانہ ہوئے چوں کہ جمعیت اہل حدیث کی مجلس شوریٰ کا ایک روز قبل ہی اجلاس تھا، مصروفیات کے باعث دیر سے روانگی ہوئی اور راستہ میں شدید بھیڑ کے باعث دیوبند پہنچنے میں تاخیر ہوئی، اس لیے موصوف محترم کا کانفرنس میں خطاب نہ ہوسکا۔حضرت صدر کانفرنس دامت برکاتہم اوردوسرے ذمہ داران دارالعلوم

اور ناچیز راقم السطور سے انھوں نے اپنی ملاقات میں اس عظیم الشان کانفرنس کے انعقاد پر تہنیت اور تبریک پیش کی، اس کو نہایت مستحسن اور بروقت اقدام قرار دیا اور تمام مکاتبِ فکر کے نمائندہ حضرات کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے پر بطورِ خاص مبارک باد پیش کی، مولانا موصوف کا خصوصی خطاب پروگرام میں شامل تھا اور اس کا اعلان بھی کیا جاچکا تھا لیکن افسوس کہ تاخیر کے باعث ان کے خیالات سے استفادہ نہ کیا جاسکا۔

کانفرنس بے حد کامیاب اور تاریخ ساز رہی:

کانفرنس بے حد کامیاب اور تاریخ ساز ثابت ہوئی پرنٹ اور الیکٹرانک قومی میڈیا نے اسے بڑی اہمیت کے ساتھ پیش کیا، حالاں کہ ذمہ داران دارالعلوم نے میڈیا کو دعوت نہ دی تھی، لیکن مسلسل اخبارات میں خبریں آتے رہنے سے میڈیا اپنے طور پر شریک رہا، بعض مخلص حضرات نے اس میں خصوصی کردار ادا کیا اور ذرائع ابلاغ سے متعلقہ افراد کی بہتر رہ نمائی کی جس سے نہایت مثبت اور مؤثر انداز میں کانفرنس کے پروگرام کو براہِ راست بھی نشر کیا گیا اور بعد میں بھی کیا جاتا رہا، قومی اخبارات نے اردو ہندی اور انگریزی میں خصوصی اداریے اور کالم شائع کیے اور دیوبند کے پیغام کے طور پر کانفرنس کے اعلامیہ کو بے حد سراہا گیا۔ بیرون ملک بھی کانفرنس کو بڑی پذیرائی ملی جس کا اندازہ انٹرنیٹ سے موصول شدہ مبارک بادی کے خطوط اور انگریزی اخبارات کے تبصروں سے ہو رہا ہے جو بڑی تعداد میں موصول ہو رہے ہیں۔

کانفرنس کے انتظامات:

گرامی قدر محترم حضرت اقدس مہتمم صاحب دامت برکاتہم کی دعوت پر دفتر اہتمام میں حضرات اساتذۂ کرام دارالعلوم کی ایک اہم مجلس منعقد ہوئی، ملک کی موجودہ ناگفتہ بہ صورت حال پر غور ہوا کہ حکومتی ایجنسیاں مسلمانوں، مدارس اسلامیہ سے وابستہ افراد اور تبلیغی جماعت وغیرہ کے ساتھ امتیاز اور تعصب کا رویہ اختیار کیے ہوئے ہیں۔ ملک میں کہیں بھی دہشت گردی کا کوئی بھی واقعہ پیش آتا ہے تو شک کے گھیرے میں مسلمانوں کو ہی لے آیا جاتا ہے اور غیر جانب دارانہ تحقیقات نہیں کرائی جاتی، حالاں کہ مسلمانوں کا ایسی کارروائیوں سے دور کا بھی کوئی واسطہ نہیں ہوتا، اور جو حقیقتاً مجرم ہوتے ہیں ان کے بارے میں چشم پوشی کی جاتی ہے، غور وخوض کے بعد طے پایا کہ رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ کے زیر اہتمام دارالعلوم دیوبند میں مدارس اسلامیہ کے ذمہ داران کا

کل ہند اجلاس عام منعقد کیا جائے، حضرت مہتمم صاحب دامت برکاتہم کے حکم کے مطابق دعوت نامہ کی تیاری اور طباعت کے بعد مرکزی دفتر رابطہ مدارس سے پورے ملک کے مدارس اسلامیہ عربیہ کے ذمہ داران حضرات کو تقریباً ۶ رہزار دعوت نامے جاری کیے گئے اس اہم کام کی تکمیل کے لیے دفتر رابطہ میں شب و روز کام جاری رہا، دیگر مکاتبِ فکر کے مدارس کے پتے بھی حاصل کیے گئے اور ساڑھے چار سو ایسے مدارس کو دعوت نامے ارسال کیے گئے جو اہل حدیث، جماعت اسلامی، اہل تشیع اور بریلوی مکاتب فکر سے تعلق رکھتے تھے۔ دیگر مکاتب فکر کے اہم ذمہ داران اور بڑے مدارس کو دعوت نامہ پیش کرنے کے لیے اساتذۂ دارالعلوم کے چند وفود تشکیل دیے گئے، حضرت مولانا قمرالدین صاحب زید مجدہم، استاذ حدیث دارالعلوم اور ناچیز پر مشتمل وفد نے دہلی کا سفر کیا اور جماعت اسلامی کے امیر حضرت مولانا جلال الدین صاحب عمری اور حضرت مولانا اصغر امام علی سلفی ناظم عمومی جمعیت اہل حدیث کو کانفرنس میں شرکت کی خصوصی دعوت پیش کی یہ دونوں حضرات موقر وفد کی قیادت کرتے ہوئے کانفرنس میں تشریف لائے، اجمیر کے سجادہ نشیں اور ذمہ داران انجمن حضرات کو خصوصی دعوت نامہ پیش کرنے کے لیے جناب مولانا عبداللہ صاحب معروفی اور جناب قاری شفیق الرحمٰن صاحب تشریف لے گئے، جناب مولانا سید سرور چشتی زید مجدہم مصروفیت کے باعث تشریف نہ لاسکے ان کا نہایت اہم پیغام موصول ہوا جو کانفرنس میں پڑھا گیا، لکھنؤ، بارہ بنکی، گونڈہ، بستی، کچھوچھہ، سدھارت نگر، مئو، اعظم گڑہ اور بنارس وجون پور کے جماعت اسلامی، بریلوی، اہل حدیث اور شیعہ مکاتب فکر کے ذمہ داران سے ملاقات کے لیے جناب مولانا مفتی محمد راشد صاحب اور جناب مولانا مفتی عبداللہ صاحب معروفی تشریف لے گئے۔ ان علاقوں سے متعدد اہم مدارس کے ذمہ داران کانفرنس میں شریک ہوئے۔

جناب مولانا عبدالخالق صاحب سنبھلی اور جناب مولانا محمد ایوب صاحب مظفرنگری پر مشتمل وفد نے مرادآباد، سنبھل، رام پور، بریلی، بدایوں وغیرہ کے علاقوں میں ذمہ داران مدارس سے ملاقات کی، ان علاقوں سے بھی متعدد حضرات، دیگر مکاتب فکر کے تشریف لائے، دہلی میں جناب ڈاکٹر مفتی مکرم صاحب اور بعض شیعہ حضرات کو بھی دعوت نامہ پیش کیا گیا۔

محترم ڈاکٹر مکرم صاحب موصوف، مصروفیات کے باعث تشریف نہ لاسکے، تاہم ان کا اہم پیغام موصول ہوا جو کانفرنس میں پڑھا گیا جن شیعہ قائدین حضرات کو دعوت دی گئی تھی ان میں بعض حضرات ان تاریخوں میں لندن کے سفر پر روانہ ہونے کے باعث تشریف نہ لاسکے۔

جامعہ اشرفیہ مبارک پور کے ذمہ دار حضرات نے کانفرنس میں شرکت کی دعوت منظور فرمائی

تھی، تشریف لانے کا وعدہ فرمایا تھا لیکن ایک روز قبل فیکس موصول ہوا کہ انہی ایام میں جامعہ میں سیمینار کا انعقاد ہے جس کی تیاریوں میں مصروفیت کے باعث کانفرنس میں شرکت نہ ہوسکے گی۔

حضرت اقدس مہتمم صاحب دامت برکاتہم نے کانفرنس کے انتظامات پر گہری نظر رکھی۔ مندوبین کے استقبال اور ان کے قیام وطعام، پنڈال وغیرہ کی تیاری لٹریچر کی طباعت اور کانفرنس کو کامیابی سے ہم کنار رکھنے والے تمام امور کا بڑی باریک بینی سے جائزہ لیتے رہے اور بہتر سے بہتر انتظامات کے سلسلہ میں برابر تاکید فرماتے رہے، حضرت کے مشورے اور ہدایات کے مطابق امور کی انجام دہی کو یقینی بنانے کے لیے حضرت مولانا غلام رسول صاحب خاموش زید مجدہم کارگزار مہتمم دارالعلوم، حضرت مولانا قاری محمد عثمان صاحب زید مجدہم نائب مہتمم دارالعلوم، حضرت مولانا عبدالخالق صاحب مدراسی زید مجدہم نائب مہتمم دارالعلوم نے بھی بطورِخاص توجہ فرمائی، نیز حضرت مولانا سید ارشد مدنی صاحب زید مجدہم ناظم تعلیمات دارالعلوم وصدر جمعیۃ علماء ہند اس اجلاس کے کنوینر قرار پائے تھے انھوں نے بھی خصوصی دلچسپی لی۔

مختلف انتظامی کمیٹیاں تشکیل دی گئی تھیں، پروگرام اور تجاویز کمیٹی کے کنوینر حضرت مولانا قاری محمد عثمان صاحب زید مجدہم، تیاری طعام کمیٹی کے کنوینر حضرت مولانا سید ارشد مدنی صاحب زید مجدہم، لاؤڈ اسپیکر ولائٹ کمیٹی کے کنوینر حضرت مولانا عبدالخالق صاحب مدراسی زید مجدہم۔ اجناس کمیٹی کے کنوینر حضرت مولانا قمرالدین صاحب زید مجدہم، کھانا کھلانے والی کمیٹی کے کنوینر جناب مولانا مفتی محمد یوسف صاحب، فراہمی سامان قیام گاہ و پنڈال کمیٹی کے کنوینر جناب مولانا محمد حسیب صدیقی چیئرمین دیوبند، قیام کمیٹی کے کنوینر جناب قاری فخرالدین صاحب، اسٹیج کمیٹی کے کنوینر جناب مولانا خضر محمد کشمیری تھے اور استقبالیہ کمیٹی کے کنوینر کی ذمہ داری اس حقیر راقم السطور کے دوش ناتواں پر رہی۔ تمام کمیٹیوں کے کنوینر حضرات اور ارکان وکارکنان صاحبان نے حضرت اقدس مہتمم صاحب دامت برکاتہم کی حسبِ منشاء بڑی جدوجہد اور لگن کے ساتھ انتظامی امور انجام دیئے اور نظم ونسق کو بہتر بنانے اور کانفرنس کو کامیابی سے ہم کنار کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔

دفتر اہتمام میں منعقد مجلس اساتذہ میں یہ بھی طے پایا تھا کہ کانفرنس کے موضوع کی مناسبت سے درج ذیل رسالے ترتیب دیے جائیں اور انھیں طبع کراکے فائلوں میں مندوبین کو پیش کیا جائے۔

(۱) حضرت مولانا نور عالم صاحب خلیل امینی زید مجدہم استاذ ادب عربی ورئیس تحریر الداعی

نے ''دہشت گردی کا عالمی منظر نامہ'' رسالہ مرتب فرمایا۔

(۲) جناب مولانا مفتی عبداللہ صاحب معروفی زید مجدہم، استاذ شعبہ تخصص فی الحدیث کے مرتب کردہ رسالہ کا نام تھا ''اسلام میں عہد کی پاس داری اور ہندوستانی مسلمان''۔

(۳) جناب مولانا مفتی زین الاسلام صاحب زید مجدہم ، نائب مفتی دارالعلوم دیوبند نے ''اسلام میں پڑوسیوں کے حقوق'' نامی رسالہ مرتب فرمایا۔

(۴) جناب مولانا محمد سلمان صاحب بجنوری زید مجدہم استاذ دارالعلوم دیوبند نے رسالہ ''مدارس اسلامیہ کے خلاف دہشت گردی کے الزامات کی حقیقت'' مرتب فرمایا۔

(۵) ناچیز راقم السطور شوکت علی قاسمی بستوی خادم تدریس دارالعلوم دیوبند نے ''اسلام میں حقوق انسانی کی حفاظت'' کے موضوع پر رسالہ تحریر کیا، نیز ''اسلام میں دیگر اقوام اور اہل مذاہب کے حقوق'' کے عنوان پر ایک ۸؍صفحے کا پمفلٹ بھی ناچیز نے مرتب کیا تھا جو اردو میں بھی چھپا اور اس کا بروقت انگریزی ترجمہ جناب مولانا مفتی عبیداللہ صاحب قاسمی مدظلہ استاذ شعبہ انگریزی دارالعلوم اور جناب مولانا محمد اللہ صاحب خلیلی زید فضلہ شعبہ انٹرنیٹ دارالعلوم نے فرمادیا تھا اس لیے وہ بھی طبع کراکے تقسیم کیا گیا۔

مذکورہ بالا سارے رسالے مرکزی دفتر رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دارالعلوم دیوبند سے بڑی عجلت میں طبع کرائے گئے تاہم بحمداللہ معیار طباعت بہتر رہا، خطبہ صدارت بھی طبع کرالیا گیا تھا، یہ سب رسالے حضرات مندوبین اور شرکاء کانفرنس کو پیش کیے گیے اور بحمدللہ بے حد پسند کیے گئے۔ کانفرنس کا اعلامیہ بھی بروقت طبع کراکے تقسیم کیا گیا۔

مجلس استقبالیہ سے متعلقہ امور کی انجام دہی میں تمام ہی حضرات ارکان مجلس استقبالیہ خصوصا جناب مولانا محمد سلمان صاحب بجنوری ، جناب مولانا مفتی عبداللہ صاحب معروفی، جناب مولانا منیرالدین احمد صاحب گڈاوی اساتذۂ دارالعلوم کا گراں قدر تعاون شامل رہا جس کے لیے بندہ سبھی حضرات کا بے حد ممنون ہے۔

کانفرنس کا تاریخی اعلامیہ:

کل ہند کانفرنس کے دعوت نامے میں یہ صراحت کردی گئی تھی کہ موضوع سے متعلق کوئی تجویز ہوتو ضرور پیشگی ارسال فرمائیں، کچھ اہم تجاویز موصول ہوئیں جن کی روشنی میں کانفرنس کے اعلامیہ کا مسودہ تیار کرلیا گیا جس پر تجاویز کمیٹی کے ارکان گرامی حضرت مہتمم صاحب دامت برکاتہم، حضرت

مولانا نعمت اللہ صاحب اعظمی، حضرت مولانا ریاست علی صاحب بجنوری، حضرت مولانا سید ارشد صاحب مدنی، حضرت مولانا قاری محمد عثمان صاحب (کنوینر) حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب اعظمی، اور ناچیز شوکت علی قاسمی بستوی پر مشتمل مجلس میں غور وخوض کیا گیا، جزوی ترمیمات کے بعد مسودہ رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ کے مجلس عاملہ کے اجلاس منعقدہ ۱۶رصفر ۱۴۲۹ھ - ۲۴رفروری ۲۰۰۸ء میں پڑھا گیا۔ کچھ مزید ترمیمات کی گئیں پھر یہ اعلامیہ کانفرنس میں حضرت مولانا محمد ابوالقاسم صاحب نعمانی زید مجدہم رکن شوریٰ دارالعلوم دیوبند نے پڑھ کر سنایا اور تمام شرکاء کانفرنس نے بلند آواز سے اور ہاتھ اٹھا کر بھی اس کی پُر زور تائید کی۔ اعلامیہ کا مکمل متن پیش ہے۔ اعلامیہ کے علاوہ کانفرنس میں صوبائی اجتماعات سے متعلق بھی تجویز منظور ہوئی وہ بھی پیش ہے۔

❁ ❁ ❁

اعـــلامـــیـــه

دہشت گردی مخالف کل ہند کانفرنس

اسلام ساری انسانیت کے لیے دینِ رحمت ہے، وہ دائمی امن وسلامتی اور لازوال سکون واطمینان کا سرچشمہ ہے، اس نے پوری انسانی برادری کو بلاتفریق قوم ومذہب اتنی اہمیت دی ہے کہ ایک شخص کے قتل کو پوری انسانیت کا قتل قرار دیا ہے، اس کا دامنِ رحمت سارے عالم انسانیت کو محیط ہے، اسلام نے تمام بنی نوع انسان کے ساتھ اخوت ومساوات، رحم وکرم، ہمدردی ورواداری، خدمت وخیرخواہی، عدل وانصاف اور پرامن بقائے باہم کی تعلیم دی ہے۔ اسلام ہر قسم کے تشدد اور دہشت گردی کا شدید مخالف ہے، اس نے ظلم وتعدی، زور زبردستی، فتنہ وفساد، قتل وخوں ریزی، بدامنی وشرانگیزی کو سخت گناہ اور بھیانک جرم قرار دیا ہے۔

رابطہ مدارس اسلامیہ دارالعلوم دیوبند کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی، ملت کے تمام مکاتب فکر کے نمائندوں کی یہ دہشت گردی مخالف کل ہند کانفرنس ہر قسم کے تشدد اور دہشت پسندی کی سخت الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور اس المناک عالمی اور ملکی صورت حال پر گہری فکر وتشویش اور غم وغصے کا اظہار کرتی ہے کہ دنیا کی اکثر حکومتیں مغرب کی ظالم وجابر اور سامراجی حکومتوں کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اور ان کو راضی رکھنے کے واحد مقصد سے اپنے شہریوں خصوصاً

مسلمانوں کے ساتھ ایسا رویہ اپناتی جارہی ہیں جسے کسی بھی دلیل سے جائز نہیں ٹھہرایا جاسکتا، ہمارے لیے یہ بات اور بھی زیادہ باعث تشویش ہے کہ ہمارے ملک کی داخلہ اور خارجہ پالیسی بھی ان طاقتوں کے زیر اثر آتی جارہی ہے جن کے ظلم وبربریت اور سرکاری دہشت گردی نے نہ صرف فلسطین، اور عراق وافغانستان بلکہ بوسنیا اور جنوبی امریکہ کے متعدد ممالک میں بھی معلوم انسانی تاریخ کے سارے ریکارڈ توڑ دیئے۔ جب کہ ہمارا یہ عظیم ملک غیر جانبداری بلکہ اخلاقی وروحانی قدروں کے حوالے سے دنیا میں جانا جاتا رہا ہے۔ اور اب تو بات یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ ہندوستانی مسلمان، خاص کر دینی مدارس سے تعلق رکھنے والا ہر شخص جو جرائم سے دور اور پاک صاف زندگی کے سلسلے میں عدیم المثال ریکارڈ رکھتا ہے ہر وقت اس دہشت میں مبتلا رہتا ہے کہ انتظامیہ کے ہاتھ اس کے گریبان تک کب پہنچ جائیں اور نہ جانے کتنے لوگ آج جیلوں میں بند، ناحق طرح طرح کی کربناک اذیتیں برداشت کرنے پر مجبور ہیں جب کہ واقعتاً دہشت گردی پھیلانے والے، تھانوں کو لوٹنے والے، برسرعام پولیس افسران کو قتل کرنے والے، آتشیں اسلحوں کی نمائش کرنے والے عناصر آزاد گھوم رہے ہیں اور ان کے اس دہشت گردانہ عمل پر بندش لگانے کی کوئی معقول ومؤثر تدبیر اختیار نہیں کی جارہی ہے جس نے حکومت کے سیکولر کردار پر سوالیہ نشان لگادیا ہے، جو بلاشبہ ملک وقوم کے لیے انتہائی خطرناک امر ہے — اس لیے یہ کل مسلکی متحدہ دہشت گردی مخالف کانفرنس اس رویہ کی پُر زور مذمت کرتی ہے اور سرکاری اہل کاروں کی اس جانب داری پر انتہائی تشویش کا اظہار کرتی ہے اور یہ اعلان کرتی ہے کہ ملک میں قانون وانصاف اور سیکولر نظام کی بالادستی باقی رکھنے کے لیے اپنی متحدہ جدوجہد جاری رکھے گی۔

یہ کانفرنس حکومت ہند سے پرزور مطالبہ کرتی ہے کہ مدارس اسلامیہ اور مسلمانوں کی کردار کشی کرنے والوں کو لگام دی جائے، نیز انتظامی مشینری کو پابند کیا جائے کہ ملک کے امن عام کو تباہ کرنے والے کسی بھی واقعہ کے رونما ہونے پر غیر جانبداری کے ساتھ تحقیقات کی جائیں اور جرم ثابت ہونے پر مجرم کو قرار واقعی سزا دی جائے، نیز کسی خاص فرقے کے لوگوں پر بغیر کسی ٹھوس بنیاد کے شک وشبہ کا اظہار نہ کیا جائے الغرض سرکاری ایجنسیاں ہر قسم کے تعصب وامتیاز سے بالاتر ہوکر اپنا فرض منصبی ادا کریں تاکہ ملک میں حقیقی امن وسلامتی برقرار رہے۔

دہشت گردی مخالف یہ کل ہند کانفرنس اپنے وطن عزیز کے تمام ارباب دانش، اہل قلم اور میڈیا کے ذمے داران سے اپیل کرتی ہے کہ وہ ملکی وبین الاقوامی مسائل کا آزادانہ ودیانت دارانہ تجزیہ کریں اور کسی خاص تعصب کا شکار ہوکر مسائل کو ایک خاص رنگ دینے کی کوشش سے گریز کریں۔

اسی کے ساتھ تمام اسلامی مکاتب فکر کے نمائندوں کی یہ دہشت گردی مخالف کل ہند کانفرنس تمام مسلمانوں سے اپیل کرتی ہے کہ وہ اپنی اب تک کی روِش کے مطابق آئندہ بھی اپنا وطن دوستانہ اور انسانیت کے احترام پر مبنی اپنا کردار نمایاں رکھیں، حالات کی سنگینی کا بھرپور ادراک کریں، مکمل بیدار مغزی کا ثبوت دیں تاکہ ان میں سے کسی کو بھی اسلام مخالف یا ملک دشمن طاقتیں اپنا آلہ کار نہ بنا سکیں، اپنے ملک سے وفاداری برقرار رکھتے ہوئے عزت وسربلندی کے ساتھ رہیں، اپنی قیادت پر بھرپور اعتماد رکھیں، مدارس اسلامیہ کو اپنی متاعِ عزیز سمجھتے ہوئے ہر حال میں ان کا ساتھ دیں، اور پوری ہمت اور عزم وحوصلے کے ساتھ شریعت وقانون کی مخالفت سے بچتے ہوئے وطن عزیز میں زندگی گذاریں اور یاد رکھیں کہ اہل مسئلہ ہمارے ایمان اور اعمال کا ہے۔

لہٰذا اعمال صالحہ سے آباد زندگی گذارنے کی جانب سب سے زیادہ توجہ مرکوز کریں کیوں کہ حالات کے بننے بگڑنے کا اصل تعلق اعمال کے بننے بگڑنے سے ہے۔

❁ ❁ ❁

تجویز منظور شدہ: دہشت گردی مخالف کل ہند کانفرنس

منعقدہ: ۱۷؍صفر ۱۴۲۹ھ مطابق ۲۵؍فروری ۲۰۰۸ء بروز دوشنبہ

دہشت گردی کے خلاف صوبائی اجتماعات کی ضرورت

دہشت گردی مخالف کل ہند کانفرنس اس جانب توجہ دلانا ضروری سمجھتی ہے کہ جس طرح دارالعلوم دیوبند نے حالات کے تقاضے کا احساس کرتے ہوئے اس عظیم الشان کانفرنس کا اہتمام کیا ہے اسی طرح اس موضوع پر صوبائی اجتماعات کا انعقاد بھی کیا جائے۔ اس وقت دہشت گردی کے تعلق سے جو صورتِ حال پورے ملک میں جاری ہے اس کا تقاضہ ہے کہ دہشت گردی کی مخالفت اور مسلمانوں کے ساتھ انتظامی مشینری کے امتیازی رویہ کی مذمت کے لیے مسلسل اور مربوط کوششیں کی جائیں، اس کے لیے ضروری ہے کہ ہر صوبے کے مرکزی مقام پر اسی نوعیت کی کانفرنسوں کا اہتمام کیا جائے۔ کانفرنس دارالعلوم دیوبند سے گذارش کرتی ہے کہ وہ اس سلسلے میں بھی رہنمائی کا فریضہ انجام دے۔

❁ ❁ ❁

دارالعلوم دیوبند کا ترجمان

ماہنامہ

دارالعلوم

شمارہ	دی الاوّل ھ مطابق ء	جلد

مدیر	نگراں
حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب استاذ دارالعلوم دیوبند	حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند

ترسیل زر کا پتہ: دفتر ماہنامہ دارالعلوم دیوبند-۲۴۷۵۵۴

ہندوستان سے فی شمارہ- روپئے، سالانہ- روپئے

سعودی عرب، افریقہ، برطانیہ، امریکہ، کناڈا وغیرہ سے سالانہ- روپئے

بنگلہ دیش سے سالانہ- روپئے پاکستان سے ہندوستانی رقم- روپئے

Tel. : 01336-222429 Fax : 01336-222768
Mob. : 09411649303 *(Manager)*
Web : http://www.darululoom-deoband.com
www.darululoom-deoband.com/urdu/magazine
E-mail: info@darululoom-deoband.com

R. N. I. No. 2133/57

DARUL ULOOM Monthly (Urdu) Printed, Published by Maulana Marghubur Rahman, Owned by Darul Uloom Grush. Published From Deoband, Saharanpur, U.P. Printed at Darul Uloom Printing Press Deoband, Saharanpur
Editor : Maulana Habibur Rahman Azmi

فہر□ مضامین

صفحہ	نگارش نگار	نگارش	نمبر شمار
۳	حبیب الرحمٰن اعظمی	حرفِ آغاز	۱
۷	مولا□ شیر محمد امینی	رسول اکرم □ کے عظیم اخلاق وکردار	۲
۱۱	مولا□ □یفہ و□نوی	قرآن کی حفاظت کیلئے اللہ کا حیرت ا□ انتظام	۳
۲۰	جناب عز□ بلگامی	عقل کا استعمال....	۴
۲۹	مولا□ سعید احمد جلال□ری	یہودی مدارس میں عسکر□ کی تعلیم□....	۵
۳۵	ڈاکٹر ا□ □ فاروقی	فتنہ □ور□ اپنے □یان میں جھا□ کر دیکھو	۶
۴۰	□یفہ و□نوی	□ماسونی اصطلاحات...	۷
۴۳	عز□ احمد	اردو □ن کا تحفظ وفروغ - کیسے اور کس طرح	۸
۵۶	....	حضرت مولا□ انظر شاہ کشمیری کی وفات...	۹

ختم خریداری کی اطلاع

○ یہاں □ا□ سرخ نشان ہے تو اس □ت کی علامت□ ہے کہ آپ کی مدت □□اری ختم ہوگئی ہے۔

- ہندو□نی □□ار □ آرڈر سے اپنا چندہ دفتر کو روا□ کر □۔
- چونکہ رجسٹری □ میں اضافہ ہوگیا ہے۔ اس لیے وی □ میں صرفہ زا□ ہوگا۔
- □کستانی حضرات جناب مولا□ شیر محمد صا□ □□ظم جامعہ مد□، کر□□رک، راوی روڈ، لاہور کو اپنا چندہ روا□ کر□۔
- ہندو□ن □ □کستان کے تمام □□اروں کو □□اری نمبر کا حوا□ دینا ضروری ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حرفِ آغاز

حبیب الرحمٰن اعظمی

جامعہ امام انور د بند کے مؤسس، وقف دارالعلوم کے شیخ الحدی وصدر المدرسین، د بند مکتب فکر کے ای لائق و فائق عالم د حضرت مول سید انظر شاہ کشمیری تقریباً نچ چھ ماہ کی علا کے بعد دہلی کے ای ہسپتال میں ربیع الثانی ھ موافق ا ایل ء وز شنبہ ر سال اس دار فانی کو چھوڑ کر راہی عالم جاودانی ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون اللهم انزل علیه شآبیب رحمتك وارفع درجته واجعله من عبادك المقربین.

شاہ صا رحمہ اللہ کی صحت وتو ئی قابل رشک تھی، اس پنج ماہی ض وفات کے آنے سے پہلے ان کے جسمانی قویٰ کے لحاظ سے ی اچھے تھے، صبح وشام کی ہواخوری اور تفریح ان کا ای قد معمول تھا جس میں شای ی ہی کبھی تخلف ہو تھا۔

حضرت شاہ صا حوم ی خوش اخلاق، م راور غ وبہار طبیعت کے مالک تھے جس مجلس میں ہوتے اپنے لطائف وظرائف سے اسے ز ان زار بنا دیتے تھے، دنوازی، تکلفی اور احباب وری ان کی عادت تھی، وہ اگر چہ علمی ودینی طبقہ کے ای فرد وحید تھے، لیکن ان کے وہ لوگ بھی و ہ تھے جو علم د سے چنداں تعلق رکھتے، وہ عوامی حلقہ میں بھی ا ہی پیارے تھے جیسے طلبہ وعلماء کی میں یہ ان کے وسیع حسن اخلاق کی ای کرامت تھی۔ ذکاوت وذ میں بلا استثناء اپنے ہم وں میں امتیازی شان رکھتے تھے، اور اپنے لئے آپ را پیدا کر لینے کی حکمت عملی میں ی طولیٰ کے

مالک تھے۔ وہ بیک وقت ایک کامیاب ومقبول مدرس، اعلیٰ درجہ کے خطیب ومقرر اور بلند پایہ صاحبِ قلم و ... تھے ان کی تحریر رواں دواں اور ادب کی چاشنی کا ... ہوتی تھیں، اسلامیات میں تفسیر وحدیث ان کا محبوب موضوع تھا۔ اور ان میں وہ اپنی نمایاں پہچان رکھتے تھے، تعلیم وتدریس اور ... و ... کے مشغلہ سے مضبوط ومستحکم وابستگی کے ساتھ ملکی ... سے بھی عملاً وابستہ تھے، اور ... سی حلقوں میں ان کی مقبولیت اور پذیرائی علمی، دینی دائروں سے کم نہ تھی۔

ایسے وقت میں جبکہ فضلاء وفارغین کی تعداد میں کثیر اضافہ کے باوجود کام کے افراد کی قلت اور کمی کا احساس عام ہے، افسوس کہ ملتِ اسلامیہ ہند اپنے ایک ایسے جامع فضل وکمال اور صاحبِ فکر وعمل شخصیت سے محروم ہوگئی جس کی کمی زندگی کے مختلف شعبوں میں ایک عرصہ تک محسوس کی جاتی رہے گی۔

حضرت شاہ صاحب مرحوم ومغفور ... شعبان ... ھ مطابق ... جنوری ... ء کو محلہ خانقاہ دیوبند میں پیدا ہوئے، آپ حضرت محدث علامہ انورشاہ کشمیری کی آخری اولاد تھے، والد بزرگوار کے سایۂ عاطفت میں اس جہانِ بے ثبات کی ابھی چار بہار ہی دیکھی تھیں کہ ... ء کو وہ اپنے اس نونہال کو مالکِ کائنات کے حوالے کرکے خود راہ گیر عالم آخرت ہوگئے، اس طرح کسی کسب واختیار کے بغیر ... سے یتیمی کی سنت نصیب ہوگئی۔

والد ماجد کی وفات کے بعد والدہ اور بڑی بہن کی زیر نگرانی تعلیم وتحصیل کا آغاز کیا، قرآن مجید کی تعلیم مکمل کرلینے کے بعد دارالعلوم دیوبند سے فارسی کے پنج سالہ نصاب کی تکمیل کی، بعد ازاں آپ کے خالہ زاد بھائی حکیم اختر نے آپ کا داخلہ پنجاب یونیورسٹی میں کرادیا، جہاں سے انہوں نے اردو ادیب، عالم، ادیب فاضل فارسی اور منشی فاضل کے امتحانات دیئے۔ اس کے بعد کرنال سینٹر سے انگریزی میں ان کے دو پرچوں کا امتحان دیا۔ یہ ہندوستان کی تقسیم کا زمانہ تھا، ہر طرف فسادات اور قتل وخونریزی کا بازار گرم تھا، شاہ صاحب کرنال سے دہلی آگئے، لیکن دہلی میں بھی حالات ویسے نہ تھے کہ وہاں قیام کیا جاسکے۔ اسلئے دہلی سے منتقل ہوکر دیوبند واپس آگئے۔

دیوبند کی مراجعت کے بعد شاہ صاحب کے سرپرستوں نے انھیں حضرت محدث علامہ انور شاہ کشمیری کے تلمیذ اور حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنی قدس سرہ کے خادم خاص قاری اصغر علی صاحب سہسواری رحمہ اللہ کی تربیت میں دیدیا، قاری صاحب موصوف چھوٹے بچوں کی تعلیم وتربیت کا ستھرا سلیقہ رکھتے تھے، وہ پڑھاتے نہیں بلکہ گھول کر پلاتے تھے ساتھ ہی بچوں کے مزاج کی رعایت رکھتے ہوئے ان کی تربیت پر بھی خصوصی توجہ دیتے تھے۔ قاری صاحب کی یہ تعلیم وتربیت شاہ صاحب کے حق میں بڑی مفید ثابت ہوئی اور وہ ہر طرف سے یکسو ہوکر پڑھنے لکھنے اور اپنے مستقبل کی تعمیر میں پوری طرح منہمک ہوگئے، اور چند ہی سالوں میں متوسطات تک کی کتابوں کی تکمیل کرکے دارالعلوم دیوبند میں باقاعدہ داخلہ لے لیا اور آگے کی کتابیں اس وقت کے اساتذہ مولانا معراج الحق دیوبندی، مولانا محمد حسین بہاری، مولانا عبدالاحد وغیرہ سے پڑھ کر اس وقت کے صدرالمدرسین اور شیخ الحدیث حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنی اور شیخ المعقولات علامہ محمد ابراہیم بلیاوی، شیخ الادب مولانا محمد اعزاز علی وغیرہ اکابر اساتذہ سے دورۂ حدیث کی تکمیل کرکے سند فراغت حاصل کی۔

حضرت شاہ صاحب کی علمی صلاحیتوں کو نکھارنے اور پروان چڑھانے میں حضرت شیخ الادب رحمہ اللہ کا کردار بہت اہم ہے، جس کے معترف شاہ صاحب زندگی بھر رہے اور اس سلسلے کے واقعات کو بڑی دلچسپی سے بیان کیا کرتے تھے۔

تعلیم وتحصیل سے فراغت کے بعد [illegible]ھ/[illegible]ء میں بحیثیت مدرس مادر علمی دارالعلوم میں آپ کا تقرر ہوگیا اور اپنے محسن اساتذہ بالخصوص حضرت شیخ الادب کی نگرانی ورہنمائی میں تدریس کا سلسلہ شروع کردیا جو مسلسل چوبیس سالوں تک جاری رہا، اس مدت میں شاہ صاحب نے نصاب میں شامل اکثر بلکہ بعض کتابوں کے علاوہ سبھی کتابوں کا درس دیا، شاہ صاحب کی قوت حافظہ اور یادداشت بلا کی تھی، قوی، ذہانت و ذکاوت میں بھی اپنے ہم عصروں میں ممتاز تھے، اسی کے ساتھ زبان وبیان پر انھیں بڑی قدرت حاصل تھی۔ اس لئے ان کا درس طلبہ میں ہمیشہ مقبول اور وہ خود محبوب رہے۔ [illegible]ء میں دارالعلوم دیوبند سے رسمی تعلق منقطع ہوجانے کے بعد وقف دارالعلوم میں تدریس کا سلسلہ جاری رہا، درس وتدریس

کا وہ سلسلہ جو آج سے چوبیس پچیس سال پہلے شروع کیا تھا، اگرچہ اس کی شکل بدل گئی، لیکن وہ کسی انقطاع کے بغیر جاری رہا۔ اس مدت میں دیگر کتابوں کے علاوہ صرف بخاری شریف کے طلبہ کی تعداد جنھوں نے دونوں جگہوں میں شاہ صاحب سے پڑھا سات ہزار سے اوپر ہے۔ ذلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء تدریس کے ساتھ تصنیف بھی شاہ صاحب کا محبوب مشغلہ تھا، وہ اپنے ہجوم اور مشاغل ومصروف اوقات میں سے ایک وقت اپنے اس ذوق کی تسکین کے لئے ضرور فارغ کرتے تھے، چنانچہ انھوں نے اپنے اس طویل علمی سفر میں تلامذہ کی کثیر تعداد کے ساتھ قرآن، حدیث، تذکرہ وسوانح وغیرہ مختلف موضوعات پر دو درجن سے زائد تصنیفی یادگار بھی چھوڑی ہیں۔

ان خالص علمی مشاغل کے ساتھ شاہ صاحب ملکی سیاست سے بھی دلچسپی رکھتے، اور عملی طور پر وہ ہمیشہ کانگریس سے وابستہ رہے۔ وہ کہا کرتے تھے کہ کانگریس اگر اپنی قدیم روایت پر عمل پیرا ہو جائے تو وہ اس ملک کو بہت کچھ دے سکتی ہے، کانگریس کا مقابلہ فرقہ پرستی اور علاقائیت سے ہے جس سے عہدہ برآ ہونے کے لئے کانگریس کو طاقت کی ضرورت ہے۔ کانگریس سے ان کی یہ وابستگی، کانگریسیوں کے غلط کاموں پر تنقید وتبصرہ سے ان کے لئے کبھی مانع نہیں ہوئی۔

غرضیکہ شاہ صاحب کی ذات مجموعہ کمالات تھی، زندگی کے ہر میدان میں ان کی خدمات اور علم وعمل کے نقوش موجود ہیں جن سے آنے والی نسلیں اپنے ذوق وطبیعت کے مطابق روشنی حاصل کرتی رہیں گی۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انھیں اپنی خصوصی عنایات سے نوازے، اعلیٰ علیین میں انھیں مقام عطا فرمائے، اور اپنے مقربین بندوں کے زمرے میں انھیں شامل فرمائے، آمین یا رب العالمین۔

* * *

رسول اکرم ﷺ کے عظیم اخلاق وکردار

از: مولانا شیر محمد امینی

جب سے انسان اس دنیا میں آباد ہوا ہے اس وقت سے آج تک ہر دور میں کسی نہ کسی خطے میں کوئی انسان ایسا ضرور پیدا ہوتا رہا ہے جس نے انسانوں کو سیرت وکردار کی تعمیر کی دعوت دی اور اخلاق واعمال کی درستگی کا درس دیا۔ ان اخلاقی رہنماؤں نے ہمیں بنیادی انسانی صفات پر قائم رہنے، حیوانوں سے ممتاز زندگی گزارنے اور بلند پایہ اخلاقی صفات اپنے اندر پیدا کرنے کی تعلیم دی۔ ان ہی رہنماؤں میں سے ایک مقدس وپاک ذات محمد ﷺ کی بھی ہے۔ آپ ﷺ جزیرہ نمائے عرب میں اس وقت پیدا ہوئے جب پورا عرب شدید اخلاقی بحران کا شکار تھا اور دنیائے انسانیت میں عجیب ہیجان سا بپا تھا۔ اخلاقی اصول لمحہ بہ لمحہ توڑے جارہے تھے اور انسانیت کی سرعام تذلیل کی جارہی تھی۔ انسان سیرت وکردار کی تعمیر سے غافل اور عزت وناموس کی تخریب کاری میں مشغول تھا۔ وہ ساری انسانی صفات سے بے پرواہ اور بلند اخلاقی اصولوں سے نابلد تھے کھلے عام بدکاری کرنا، دوسروں کے حقوق غصب کرنا، دوسروں کی عزت وجان پر حملہ آور ہونا۔ یہ عام سی بات تھی۔ ایسے میں اخلاق وکردار کی بات کرنا کچھ ایسا ہی تھا جیسے صحرا میں صدا لگانا، لیکن اس نبی اُمّی نے اپنی ساری زندگی اخلاقی اصولوں کی تبلیغ اور الٰہی قوانین کی اشاعت میں گزار دی اور ایک دن کے لئے بھی وہ اپنے ماحول کی تیرگی سے مایوس نہیں ہوئے۔ آخر کار وہ دنیائے انسانیت سے اخلاقی [illegible] کی انسانیت سوز فضا کو ختم کرنے میں پورے طور پر کامیاب ہوگئے۔ آپ ﷺ کی محنت شاقہ نے ایک مردہ وافسردہ قوم میں زندگی کی روح پھونک دی۔ باہم برسر پرخاش قبیلوں کے مجموعہ متفرقات کو وحدت بخش کر ایک امت اور قوم بنا دیا، جس کا محرک عمل حیات ابدی کی امید تھی۔ روشنی کی جو منتشر شعائیں اس وقت علیحدہ علیحدہ دل انسانی میں بکھری تھیں انہیں لے کر آپ ﷺ نے ایک نقطہ پر مرکوز کردیا۔ معاشرہ کو نہ صرف ایک مثالی معاشرہ میں تبدیل کیا، بلکہ اس معاشرہ کے افراد کو انسانیت کا علمبردار بنا کر پیش کیا اور آپ ﷺ نے ان میں روحانی واخلاقی پاکیزگی، فرد کی آزادی، فرد اور معاشرہ کے مابین ایک توازن قائم کیا جس کی مثال انسانی تاریخ میں دیکھنے کو نہیں ملتی۔

عام طور د کے دوسرے معلّمین اخلاق کے ساتھ یہ المیہ رہا ہے کہ وہ جن اخلاقی اصولوں کی تبلیغ کرتے ہیں اور جن ملکوتی صفات کو ب کرنے زور دیتے ہیں خود ان کی اپنی زگی میں ان تعلیمات کا ا بہت کم ہے، حضور اکرم کی حیات مبارکہ میں آپ کو کہیں بھی یہ نقص نظر آئے گا جو شخص سیرت و کردار ک کی جتنی نیدہ گہرائی میں جائے گا وہ اسی قدر آپ کے بلند اخلاق اور کیزہ کردار کا مدح سرا نظر آئے گا۔ آپ کی زگی کا ب سے ااصول یہ تھا کہ نیکی کا کوئی کام اور ثواب کا کوئی عمل ہو آپ ب سے پہلے اس عمل کرتے تھے۔ آپ ب کسی ت کا حکم دیتے تو پہلے آپ اس کو کرنے والے ہوتے۔

حضرت انس مالکؓ رسول اکرم کے قریبی صحا اور وفادار خادم تھے حضور کو ا اں نے بہت قری ب سے دیکھا تھا اور آپ کی سیرتِ مبارکہ کا ی گہرائی سے مشاہدہ کیا تھا۔ ان کا بیان ہے کہ میں نے رے دس سال رسول اللہ کی مت کی۔ آنحضرت نے کبھی مجھے اُف ہا اور میرے کسی کام یہ فرمای کہ تم نے یہ کیوں کیا اور کبھی یہ فرمای کہ تم نے یہ کام کیوں کیا۔ بلاشبہ آ ر لوگوں میں ب سے نیدہ محاسن اخلاق کے حامل تھے۔

حضرت انسؓ سے نیدہ قری ب رسول اکرم کی سیرت و کردار اور اخلاق و اعمال کے مشاہدے کا موقع ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کو میسر آی تھا کیوں کہ وہ آپ کی ر حیات تھی اور آپ کے ہر ظاہری اور خانگی معمولات و عادات سے واقف تھیں۔ ای تبہ چند صحا حضرت عائشہ صدیقہؓ کی مت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ اے امّ المومنین حضور کے اخلاق اور معمولات بیان فرمایئے۔ تو عائشہ صدیقہ نے جواب دی کہ کیا تم لوگوں نے قرآن ھا؟ کان خلق رسول القرآن ''رسول اکرم کا اخلاق قرآن تھا'' ا داؤد شریف یعنی قرآنی تعلیمات آپ کے اخلاق و کردار میں رچی اور بسی ہوئی تھی۔ اور حضور اکرم ان سے ذرا بھی منحرف تھے۔ خود قرآن کر میں آپ کے بلند اخلاق و کردار کی شہادت دی گئی ہے کہ ''بیشک آپ اخلاق کے اعلیٰ پیا ہیں'' سورہ القلم آی

رشتہ داروں میں حضرت علیؓ جو بچپن سے جوانی آپ کی مت میں رہے تھے، وہ فرماتے ہیں کہ آپ طبیعت کے م اور اخلاق کے تھے، طبیعت میں نی تھی سخت مزاج تھے۔ کسی کی دل سکی کرتے تھے، بلکہ دلوں ہم رکھتے تھے۔ آپ رؤف و رحیم تھے۔ شمائل مذی ب مکہ فتح ہوا تو حرم کے صحن میں قریش کے تمام سردار مفتوح ا از میں ے تھے۔ ان میں وہ بھی تھے جو اسلام کے مٹانے میں ای ی چوٹی کا زور لگا چکے تھے، وہ بھی جو آپ

کو جھٹلایا کرتے تھے، وہ بھی تھے جو آپ ﷺ کی برائی کیا کرتے تھے، وہ بھی تھے جو آپ ﷺ کو گالیاں دیا کرتے تھے، وہ بھی تھے جو خود اس ذات قدسی کے ساتھ گستاخیوں کا حوصلہ رکھتے تھے۔ وہ بھی تھے جنہوں نے آپ ﷺ پر پتھر برسائے تھے۔ آپ ﷺ کی راہ میں کانٹے بچھائے تھے وہ بھی تھے جنہوں نے آپ ﷺ پر تلواریں چلائی تھیں، وہ بھی تھے جو غریب اور بے کس مسلمانوں کو مارتے تھے ان کو جلتی ریتوں پر لٹاتے تھے۔ دہکتے انگاروں سے ان کے جسم کو داغتے تھے۔ آج یہ سب مجرم سرنگوں سامنے تھے پیچھے دس ہزار خون آشام تلواریں محمد رسول اللہ کے ایک اشارے کی منتظر تھیں، قربان جائیے محمد عربی ﷺ کہ اس نے ان تمام جرائم سے قطع نظر، جانی دشمنوں پر ہر طرح سے غلبہ کے باوجود ان کے ساتھ کیسا سلوک کیا اور اپنی بلند اخلاق کا کیسا دائمی اور عالمگیری نقش دنیا والوں کے لئے قائم کردیا؟ اس سلسلے میں مفکر اسلام مولانا ابوالحسن علی ندویؒ لکھتے ہیں کہ:

> رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو مخاطب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا اے قریشیو! تمہیں کیا توقع ہے کہ اس وقت میں تمہارے ساتھ کیا کروں گا؟ انہوں نے جواب دیا ہم اچھی ہی امید رکھتے ہیں، آپ کریم النفس اور شریف بھائی ہیں اور کریم و شریف بھائی کے بیٹے ہیں آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا میں تم سے وہی کہتا ہوں جو حضرت یوسفؑ نے اپنے بھائیوں سے کہا تھا ”لا تثریب علیکم الیوم اذهبوا فانتم الطلقاء“ آج تم پر کوئی الزام نہیں جاؤ تم سب آزاد ہو۔ (نبی رحمت)

ابوسفیان جو غزوۂ بدر، غزوۂ احد، غزوۂ خندق وغیرہ میں لڑائیوں کا سرغنہ تھا۔ جس نے نہ جانے کتنے مسلمانوں کو تہہ تیغ کرایا، کتنی دفعہ خود حضور ﷺ کے قتل کا فیصلہ کیا، جو ہر ہر قدم پر اسلام کا سخت ترین دشمن ثابت ہوا، لیکن فتح مکہ کے موقع پر جب حضرت عباسؓ کے ساتھ آپ ﷺ کے سامنے آتا تھا تو اس کا ہر قدم اس کے قتل کا مشورہ دیتا ہے۔ پر رحمت عالم ﷺ کے اخلاق کریمانہ اور عام ابوسفیان سے کہتے ہیں کہ ڈر کا مقام نہیں محمد رسول اللہ ﷺ انتقام کے جذبے سے بالاتر ہیں پھر حضور ﷺ نے نہ صرف اس کو معاف فرمادیا بلکہ آپ نے یہ بھی فرمایا کہ ”من دخل دار أبی سفیان کان آمناً“ جو ابوسفیان کے گھر میں پناہ لے گا اس کو بھی امن ہے۔

بلند اخلاق کی ایسی جیتی جاگتی، دائمی اور عالم گیر مثال کیا کوئی پیش کرسکتا ہے یا دنیا نے اپنے معرض وجود کے دن سے اب تک اس کی نظیر دیکھی ہے؟ ہرگز نہیں یہ فضل خاص ہے جو اللہ رب العزت نے آپ ﷺ کو عطا کیا تھا — رسالت محمدی ﷺ کی بنیادی ذمہ داری قرآن کی تلاوت اور اس کی تعلیم تھی اور خود حضور ﷺ کی زندگی اس کا عملی نمونہ تھی۔ یہی وجہ ہے کہ ایک طرف اللہ

تعالیٰ قرآن کو راہِ راست کی ضمانت قرار دیتا ہے "بیشک یہ قرآن سیدھے راستے پر گامزن کرتا ہے"
(سورہ بنی اسرائیل) اور دوسری طرف آپ ﷺ کی سیرت مبارکہ کو نمونۂ زندگی بنا لینے کی تلقین
کرتا ہے کہ تمہارے لئے رسول اکرم ﷺ کی زندگی میں بہترین نمونہ ہے اس شخص کے لئے جو
اللہ اور قیامت پر یقین رکھتا ہے اور کثرت سے ذکر الٰہی کرتا ہے۔ (سورہ احزاب)

آپ ﷺ جس قرآن کی تعلیم فرماتے اپنی عملی زندگی میں اس کو قابل تقلید بنا کر پیش کرتے
قرآن کے بعد اگر کوئی چیز ہے تو وہ صاحب قرآن کی سیرت مبارکہ ہے پیغمبر اسلام کی سیرت
واخلاق کی عظمت کے آگے بڑے بڑے حکماء اور معلّمین سرنگوں نظر آتے ہیں اور ان کے قول وعمل
کی صداقت سے سند حاصل کیے بغیر دنیا کا کوئی انسان اخلاق کے اعتبار سے اعلیٰ نہیں ہو سکتا۔ اللہ
تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو ایک مثالی نمونہ بنا کر دنیا میں بھیجا ہے اور لوگوں کو یہ ہدایت دی ہے کہ
زندگی کے ہر شعبہ، ہر دور، ہر حال میں اس نمونہ کے مطابق خود بھی بنیں اور دوسروں کو بنانے کی فکر
کریں۔ گویا رسول ﷺ کا اخلاق وسیرت ایک حیثیت سے عملی قرآن ہے۔

یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ آپ ﷺ کی زندگی دنیائے بشریت کے لئے اسوۂ حسنہ
اور الٰہی فیوض وہدایات واحکام کا ایک مفید وگہرا سمندر ہے جو کبھی خشک ہونے والا نہیں ہے آپ ﷺ
کی زندگی نور ہدایت اور رہنمائی کا ایسا مینار ہے جہاں تاریکی کا گزر نہیں اور مکروفریب کی تاریکیوں سے
بھری ہوئی اس دنیا میں زندگی بسر کرنے والے لوگ اگر سیرت نبوی کو اپنے لئے نمونۂ عمل بنالیں تو
ان کی زندگی بھی غیر معمولی نور سے منور ومالا مال ہو جائے۔

آپ ﷺ کی حیات طیبہ میں پاکیزہ زندگی کے تمام پہلوؤں کی مثالیں اور نمونے موجود ہیں
امن وآشتی کی جھلکیاں ہوں تو صلح ومصالحت کی بھی، دفاعی حکمت عملی کی بھی اور مشکل حالات
میں پرسکون کیفیات کی بھی، اپنوں کے واسطہ کی بھی اور بیگانوں سے تعلقات کی بھی معاشرت و
معاملات کی بھی اور ریاضت وعبادات کی بھی۔ لطف وکرم کی بھی اور جود وسخا کی بھی تبلیغ وتقریر کی بھی
اور زجر وتحدید کی بھی ان جھلکیوں میں جاں نثاروں کے حلقے بھی ہیں اور سازشوں کے نرغے بھی،
امیدیں بھی ہیں اور امنگیں بھی گویا انسانی زندگی کے گوشوں پر محیط ایک ایسا کامل اور جامع حیات
طیبہ ہے جو رہتی دنیا تک ساری انسانیت کے لئے رہبر ورہنما ہے۔

اگر کوئی آپ کی مکمل زندگی کا مطالعہ کر کے عمل پیرا ہو جائے تو بلا شبہ زندگی میں چار چاند لگ
سکتے ہیں اور عمل کرنے والے دنیا وآخرت میں قابل رشک بن سکتے ہیں کاش ہم رسول اللہ کی سیرت
مبارکہ پر عمل پیرا ہو جائیں۔

قرآن کی حفاظت کے لیے

اللہ کا حیرت ا انتظام

از مولا یفہ و نوی
ا ی جامعہ اسلامیہ اشا العلوم
اکل کوا، ور ر

اللہ رب ا ت کا ارشاد ہے ”إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ“ سورۃ الحجر پ ہم نے ہی قرآن کو زل کیا اور ہم ہی اس کی حفاظت کر گے۔ یہ پہلی وہ آسمانی کتاب ہے، جس کی حفاظت کا ذ اللہ نے خود ، گو اس کی حفاظت کے لیے یہ وعدہ الٰہی ہے اور قرآن کا اعلان ہے ”إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ“ سورۃ آل ان پ اللہ کبھی بھی وعدہ خلافی کرتے۔ اللہ نے اپنا یہ وعدہ سچ کر د ۔ اور کتاب اللہ کی حفاظت کا حیرت ا انتظام کیا۔ اس طور کہ اس کے الفاظ بھی محفوظ، اس کے معانی بھی محفوظ، اس کا رسم الخط بھی محفوظ، اس کی عملی صورت بھی محفوظ، اس کی ن ن بھی محفوظ، اس کا ماحول بھی محفوظ، جس عظیم ہستی اس کا ول ہوا اس کی سیرت بھی محفوظ، اور اس کے اولین ین کی یز بھی یعنی ز گیاں بھی محفوظ۔

غرضیکہ اللہ رب ا ت نے اس کی حفاظت کے لیے جتنے اسباب و وسائل اور طریقے ہوسکتے تھے، ا رکئے، اور اں یہ مقدس اور کیزہ کتاب ہر لحاظ اور ہر جا سے مکمل محفوظ ہوگئی۔ ا اللہ آج چودہ سو انتیس سال رنے کے بعد بھی اس میں رتی ا بھی تغیر و تبدل ہوسکا، لاکھ کوششیں کی گئیں، کوئی ا کوشش بھی کامیاب اور کار ہوسکی، اور قیامت ہوسکی ہے۔

کتاب الٰہی کی، کیسے حفاظت کی گئی؟

ڈاکٹر محمود احمد غازی اپنی کتاب محاضرات حدی میں تحری فرماتے ہیں ”کتاب الٰہی کے

تحفظ کے لیے اللہ رب ا▯ت نے دس چیزوں کو تحفظ د▯یا، یہ دس چیز▯ وہ ہیں، جو قرآن ▯ک کے تحفظ کی خاطر محفوظ کی گئی ہیں‘‘۔

وہ کون سی چیز▯ ہیں، جو قرآن کے خاطر محفوظ کی گئیں؟

قرآن کی حفاظت کی خاطر نو چیز▯ محفوظ کی گئیں▯

▯▯▯ قرآن کی کا متن یعنی اس کے بعینہٖ وہ الفاظ، جو اللہ رب ا▯ت نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کے واسطہ سے▯ وحی کے کسی اور طر▯ سے نبی آ▯ الزماں ▯▯▯ زل کیے، آپ ▯ ▯. ▯ وحی ▯ زل ہوتی، تو آپ فوراً کاتبین وحی میں سے کسی سے کتا▯ کروا لیتے، پھر صحا▯ نبی کر▯ ▯ کی ▯ نِ اقدس سے بھی اُسے سنتے، اور جو تحر▯ کیا ہوا ہو▯، اُسے بھی محفوظ کر لیتے، اس طرح ▯▯ رسال▯ ▯ قرآن، ▯ ول کے وقت ہی لکھا جا▯ ▯، صحا▯ نے اسے حفظ بھی ▯ د کیا، کیوں کہ نبی کر▯ ▯ نے اس کے حفظ کی ▯ ی فضیلتیں بیان کی۔ ا▯ روا▯ ▯ کے مطا▯ صحا▯ میں ▯ سے پہلے حفظِ قرآن مکمل کرنے والے حضرت عثمان ا▯ عفان رضی اللہ عنہ ہیں۔

دورِ نبوی ▯ کے بعد دورِ ا▯ بکر میں حضرت ▯ رضی اللہ عنہ، اور دیگر صحا▯ کے کے مشورے سے اس کی ▯ و▯ عمل میں آئی، یعنی اس کو یکجا کر▯ گیا اور دورِ عثمانی میں اس کی ▯ ‘عمل میں آئی، یعنی اس کے مختلف نسخے بنا کر کوفہ، بصرہ، شام، مکہ و ▯ ہ جہاں جہاں مسلمان آ▯ د تھے بھیج دیے گئے، یہ تو تحر▯ ی صورت میں حفاظت کا انتظام ہوا، اس کے علاوہ اس کو لفظ بلفظ▯ د کرنے کا التزام کیا گیا، وہ الگ۔ اس طرح قرآن سینہ وسفینہ دونوں میں مکمل ▯ محفوظ ہو گیا، اور یہ سلسلہ نسلاً بعد نسلٍ آج بھی جاری ہے، قیامت▯ ▯ جاری رہے گا، انشاء اللہ، اللھم اجعل القرآن ربیع قلوبنا و جلاء اعیننا.

▯▯ جہاں اللہ رب ا▯ت نے اس کے متن کی حفاظت کی، وہیں اس کے معنی ومفہوم اور ▯ د کی حفاظت کا بھی انتظام کیا، اس لیے کہ صرف الفاظ کا محفوظ ہو▯ کافی ▯ تھا، کیوں کہ ▯ اد اور معنی اَ▯ محفوظ ▯ ہو، تو اس کی تحریف یقینی ہو جاتی ہے، کتب سابقہ کے ساتھ کچھ ا▯ ہی ہوا، کیوں کہ اس کے الفاظ اَ▯ چہ کچھ ▯ کچھ محفوظ رہے، ▯ اس کے معانی ومفہوم تو ▯ لکل محفوظ ▯ رہے، اس لیے کہ انہوں نے اپنے انبیاء ▯ السلام کے اقوال وافعال واعمال کو محفوظ رکھنے کا کوئی انتظام ▯ کیا، جس کے نتیجہ میں الفاظ محفوظہ بھی کار▯ ▯ ▯ ہو سکے، مثلاً عیسائی مذہب▯ ان کا کہنا ہے کہ ہمیں دو اصولوں کی تعلیم دی گئی، اور ہم اس کے علمبردار ہیں ▯ نمبر ا▯ عدل وانصاف۔ نمبر دو محبت والفت۔

اگر آپ، ان سے دریافت کریں کہ عدل وانصاف کس کو کہتے ہیں، تو وہ اس کا مفہوم بیان کر سکتے۔ یہی حال محبت کا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس عدل اور محبت کی واہ کیسے لاکھوں، کروڑوں انسانوں کو عیسائیت کے فروغ کی خاطر قتل کردیا گیا، اور یہ سلسلہ ابھی تھما ۔ اسی طرح یہودیت کی اصل بنیاد اس اصول ہے، کہ تم اپنے وسی کے لیے وہی پسند کرو، جو اپنے لیے پسند کرو۔ لیکن اگر آپ یہودی تاریخ کا مطالعہ کریں تو معلوم ہوگا، کہ انہوں نے اپنے وسیوں کو جتنا یا، اتنا د میں کسی نے اپنے وسیوں کو یا ہوگا، اور اب بھی اس کا سلسلہ جاری ہے، جو اسرائیل کی جارحیت سے عیاں ہے، اسلام، الحمدللہ سنت نبوی کے رے اہتمام کے ساتھ محفوظ رہنے کی وجہ سے، قرآن کی تعلیمات مکمل طور محفوظ چلا آرہا ہے۔ اس طرح اللہ نے سنتِ رسول جس کو احادیث رسول بھی کہا جاتا ہے، کے ذریعہ معانی ومفاہیم اور داالٰہی کو محفوظ رکھنے کا انتظام کیا۔ اس لیے کہ نبی کریم نے قرآن کی جو تفسیر کی، "تفسیر بالماثور" کہا جاتا ہے، جس امام سیوطی، امام ابن کثیر وغیرہ، شمار علماء نے تفسیر لکھیں، اور ہر آیت کی تفسیر، حدیث رسول سے کر کے دکھائی، وہ درحقیقت اللہ ہی کی جانب سے ہے، کیوں کہ قرآن نے اعلان کیا ہے "ان علینا بیانه" سورۃ القیامۃ پ یعنی اس قرآن کی تفسیر بھی ہم نے اپنے ذمہ لے لی ہے۔ ایک "جمعه وقرآنه" ہے، ایک ارشاد ہے "وما ینطق عن الهوىٰ ان هو الا وحی یوحی" آپ کوئی بات اپنے جی سے کرتے، بلکہ وحی ہوتی ہے۔ اسی کو کسی فارسی شاعر نے کہا

گفتہ او اللہ د

گرچہ از حلقوم عبداللہ د

اس ساری گفتگو سے یہ بات مترشح ہوتی ہے کہ "تفسیر ماثور" درحقیقت اللہ ہی کی، کی ہوئی تفسیر ہے، اور ظاہر ہے اللہ ہی اپنی مراد کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں۔ لہٰذا حدیث کی حفاظت سے معانی و مراد او ی بھی محفوظ ہوگئے اللہ ہمیں کتاب اللہ اور سنت رسول مٹنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

قرآن کے الفاظ ومعانی کے ساتھ ساتھ، وہ جس زبان میں نازل ہوا، وہ زبان یعنی عربی زبان بھی محفوظ۔ اس کے لیے بھی اللہ نے عجیب انتظام کیا، اس طور کہ نبی کریم نے ارشاد فرمایا "احبوا العرب لثلاث انی عربی ولسان أهل الجنة عربی والقرآن عربی"

قرآن نے خود اعلان کیا "بلسان عربی مبین" (سورۃ الشعراء پ) ہم نے قرآن کو صاف ستھری عربی زبان میں نازل کیا۔ اگر آپ لسانیات کی تاریخ کا مطالعہ کریں تو معلوم ہوگا دنیا کی کوئی زبان چار سو سال سے زیادہ محفوظ نہ رہ سکی ہے تو وہ ختم ہوگئی یا کسی دوسری زبان میں ضم ہوگئی ہے یا تغیر وتبدل کی شکار ہوگئی کہ اس کی پہلی ہیئت باقی نہ رہ سکی، عربی زبان مسلمانوں کی توجہ وعنایت کا شہکار ہے، جو بیان سے باہر ہے اولاً خود نبی کریم ﷺ نے صحابہ کی تربیت میں عربی زبان کی نوک و پلک کی درستگی کو خوب اہمیت دی، آپ ﷺ کے بعد حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین نے بھی، اپنی توجہ کو اس پر مبذول کیا، چنانچہ حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ اور دیگر صحابہؓ کی سیرت کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے، یہاں تک کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ رضی اللہ تعالی عنہ نے تو نحو عربی وصرف عربی کی بنیاد ڈال کر، اسے خاص توجہ کا مرکز بنایا، اور پھر آپ کے بعد اُمت کا ایک ایسا طبقہ وجود میں آیا، جس نے اپنی زندگیاں اسی زبان کی حفاظت وترویج میں وقف کردی، ابوالاسود الدُوئلی، امام سیبویہ، امام خلیل فراہیدی، امام کسائی، امام فرار، امام مبرد، امام اخفش، امام یعصم، امام تغلب، امام ثعلب، امام یشکر، امام ابن حاجب، امام ابن ہشام، امام ابن عقیل، امام ابن جنی، امام نفطویہ، امام زازویہ، امام خالویہ، امام راہویہ وغیرہ نے اپنی ساری زندگیاں صرف ونحو، علمِ بیان وغیرہ کی حفاظت کے لیے وقف کردیں، جس کی وجہ سے آج بھی عربی زبان اسی اصل ہیئت پر باقی ہے، جس ہیئت پر وہ نزول قرآن کے وقت تھی، اور قیامت کے وقوع سے پہلے پہلے تک۔ بلکہ اس قرآن کو باقی رکھنے کی اللہ کی مشیت ہوگی، امت کی ایک جماعت اس کارِ خیر میں مشغول رہے گی، انشاء اللہ۔

صرف الفاظ ومعانی اور قرآنی زبان ہی کی حفاظت پر ہی اکتفا نہیں کیا گیا، بلکہ اس کے الفاظ ومعانی کی عملی صورت کی حفاظت کا بھی پورے پورے انتظام کیا گیا، اس طور پر کہ قرآن جس لفظ میں نازل ہوتا، نبی کریم ﷺ اس کی مراد وحی کی روشنی میں صحابہ کو سمجھاتے، اور سمجھانے کے بعد اسکو عملاً بطور نمونہ، کرکے بھی بتلاتے تھے، جو آج کی زبان میں تھیوری Theory کے ساتھ ساتھ پریکٹیکل Practical کا بھی اہتمام کیا جاتا، مثلاً نماز، قرآن نے صرف یہ الفاظ کہے "اقیموا الصلوۃ" (سورۃ البقرۃ) نماز قائم کرو، پورے قرآن میں کہیں اس کی پوری ترتیب نہیں بتائی گئی ہے، کہیں قیام، کہیں رکوع، کہیں سجود کو متفرق طور پر بیان کیا گیا، بلکہ نبی کریم ﷺ نے اس کا طریقہ، ترتیب صحابہ کو بتایا، اور پھر اس کو عملی طور پر کرکے دکھایا اور

کہا "صلوا کما رأیتمونی اصلی" نماز اسی طرح پڑھو جیسی مجھ کو پڑھتے ہوئے دیکھتے ہو۔ صحابہ نے ایسا ہی کیا، پھر رسول اللہ ﷺ کے بعد صحابہ نے بھی ہمیشہ اس پر عمل جاری رکھا، اور تابعین بھی ایسا ہی کرتے رہے، گویا انہوں نے بھی ہوبہو ایسا ہی کیا، اس کے بعد تبع تابعین، اس طرح آج تک نسلاً بعد نسلٍ اور قرناً بعد قرنٍ امت کا اس پر تعامل، اس طرح عملی صورت بھی محفوظ ہوگئی، یہ تو ایک مثال ہے، ورنہ صلوٰۃ العید، صلوٰۃ الجنازۃ، زکوٰۃ، صدقہ، قربانی، تلاوت قرآن وغیرہ سب کی عملی صورت آج تک امت کے ذریعہ اللہ رب العزت نے محفوظ رکھی، اسی لیے جب کوئی قرآن کی تفسیر وتشریح میں من مانی کرنے کی کوشش کرتا ہے، تو اُمت میں اس کو تلقی بالقبول یا مقبولیت حاصل نہیں ہوتی، البتہ کچھ افراد جو مفاد پرست ہوں یا ان کی اسلامی تربیت نہ ہوئی ہو یا ضروری علم دین سے واقف نہ ہو، اس کے شکار ہوجاتے ہیں، اور ایسا تو دنیا میں ہوتا ہی ہے، عربی میں محاورہ مشہور ہے "لکل ساقطة لاقطة" ہر گری پڑی چیز کا کوئی نہ کوئی اٹھانے والا ہوتا ہے۔

خلاصۂ کلام یہ کہ قرآن کے مفاہیم ومرادوں کو بھی اللہ رب العزت نے تعامل کے ذریعہ محفوظ رکھا، یقیناً دنیا کی کوئی طاقت اللہ کی حفاظت کے لیے رکاوٹ نہیں بن سکتی۔ والله غالب علی امره و لکن اکثر الناس لایعلمون (سورۂ یوسف: ۲۱)۔

قربان میرے عزیزو! قربان جائیے اس رب کائنات پر، جس نے اپنی کتاب کی حفاظت کے لیے ایسے ایسے انتظام کیے کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے، اور انسان اس کی کرشمہ سازیوں پر سر دھنتا رہ جاتا ہے، اس کی ایک مثال یہ ہے کہ جس ماحول میں قرآن کا نزول ہوا، جس سیاق و سباق میں آیتیں نازل ہوئی، اس ماحول کو بھی تحفظ اور دوام بخشا گیا، حدیث کے ذخیرے نے وہ پورا ماحول اس کی منظرکشی اور نقشہ کشی ہمارے سامنے رکھ دی، جب طالب حدیث اس کو پڑھتا ہے، تو اس کے سامنے اس تصور میں وہ سارا منظر متشکل ہوکر آجاتا ہے، جس منظر میں قرآن کریم نازل ہوا، جس پس منظر اور پیش منظر میں، قرآن مقدس کے احکام وہدایات پر صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین نے، صاحبِ وحی رسول اللہ ﷺ کی حاضری اور موجودگی میں عمل درآمد شروع کیا، جس کو علم حدیث میں "حدیثِ مسلسل" کہا جاتا ہے، اس کی صورت یہ ہوئی کہ راوی نے، حدیث کو جب نبی کریم ﷺ سے سنا یا دیکھا، تو اس وقت جو کیفیت تھی، راوی جس سے روایت بیان کرتا ہے، اس کے سامنے وہی انداز واسلوب اختیار کرتا ہے، جس انداز سے اس نے رسول اللہ ﷺ سے اس حدیث کو اخذ کیا ہو، اور وہ پوری کیفیت بعینہٖ کرکے دکھاتا ہے، جو نبی کریم ﷺ سے صادر

ہوئی ہو، مثلاً "حدیث مسلسل بالتشبیك" اس کا واقعہ کچھ یوں ہے کہ ایک بار نبی کریم ﷺ نے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو گناہ اور توبہ کے وقت ایمان کی کیفیت کو بیان کیا، کہ اگر بندہ گناہ کرتا ہے، تو ایمان اس کے دل سے نکل جاتا ہے، اور جب توبہ کرتا ہے تو وہ دوبارہ دل میں داخل ہو جاتا ہے، اور آپ نے اپنی انگلیوں کو جوڑ کر علیحدہ کیا اور کہا ایمان گناہ کے وقت اس طرح نکل جاتا ہے، اور جب توبہ کرے تو دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو ایک دوسرے کے اندر جوڑ کر جس کو تشبیك الاصابع کہتے ہیں بتایا، پھر اس صحابی نے بھی اس روایت کو بیان کر کے، اسی طرح کر کے بتایا، اس طرح یہ سلسلہ آج تک چلا آرہا ہے بظاہر ایسا کرنے سے کوئی فائدہ سمجھ میں نہیں آتا، اگر ایسا نہ بھی کیا جاتا تو بات سمجھ میں آجائی گی، لیکن اس کا ایک اضافی فائدہ یہ ہوتا ہے، کہ ذہنی اور جذباتی طور پر انسان اس ماحول میں چلا جاتا ہے، جس ماحول میں رسول اللہ ﷺ اس بات کو بیان فرما رہے تھے، مسجد نبوی میں یا جس مقام پر حضور اقدس ﷺ اس کو بیان فرما رہے تھے، تو روحانی طور پر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ میں وہاں موجود ہوں، اور رسول اللہ ﷺ کے اس عمل کو صحابہ، تابعین اور تبع تابعین اور حدیث کے اساتذہ اور طلبہ کے ذریعہ دیکھتا چلا آرہا ہوں بالکل اسی طرح کی کیفیت "اسباب نزول آیات" کے پڑھتے اور سنتے وقت ہوتی ہے۔

سببِ نزول کہتے ہیں، حدیث میں وارد، اُن واقعات کو جو کسی آیت کے نزول کے وقت پیش آئے ہو، اس سے قرآن فہمی میں بڑی مدد ملتی ہے، کیوں کہ جب آیت کا سببِ نزول معلوم ہو جائے، تو اس سے ان احکام کا درجہ بھی معلوم ہو جاتا ہے، اگرچہ یہ ضروری بھی نہیں قرار کیا گیا، کہ ہر آیت کا سببِ نزول ہو، مستقلاً علماء نے اس پر تصانیف چھوڑی، مثلاً امام جلال الدین سیوطی، امام واحدی وغیرہ نے۔

نیز قرآن کریم کی حفاظت کی غرض سے جہاں بہت ساری چیزوں کو تحفظ بخشا گیا، وہیں سیرت نبوی یعنی نبی کریم ﷺ کی زندگی کے حالات کو بھی محفوظ کیا۔ کیوں کہ نبی کریم ﷺ نے قرآنی مطالبات پر عمل کر کے بتایا تاکہ کل آ کر کوئی ایسا نہ کہے ہم قرآنی مطالبات پر عمل نہیں کر سکتے، یہ تو بڑے شاق اور دشوار گزار ہیں، تو بطور نمونہ کے آپ نے عمل کر کے بتلایا اور عمل بھی ایسا، جو اس پر عمل کرنے کا حق ہے، اسی لیے حضرت عائشہ صدیقہؓ سے، حضور اقدس ﷺ کے اخلاق کے بارے میں جب دریافت کیا گیا، تو آپؓ نے کہا کہ کیا تم نے قرآن نہیں پڑھا؟ کہا ہاں۔ تو آپ نے فرمایا "كان خلقه القرآن" آپ قرآن کا چلتا پھرتا نمونہ تھے۔ جہاں کوئی امر نازل

ہوا، فوراً عمل کرکے بتا یا، اسی لیے قرآن نے اعلان کر دیا ”لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ“ (سورۃ الاحزاب، پارہ ، آیت) آپ کی زندگی، اے مسلمانو تمہارے لیے نمونہ ہے، دنیا میں کسی ہستی کی سیرت وحیات پر اتنا کام نہیں ہوا جتنا رسول اللہ کی حیات مبارکہ پر ہوا، اور ہو رہا ہے اور چلا جا رہا ہے، آج بھی اس کی افادیت میں کوئی کمی محسوس نہیں ہو رہی ہے، بلکہ مزید اس کی افادیت میں اضافہ ہو رہا ہے، اللھم اجعلنا ممن یتبع الرسول و یطیعہ.

نبی کریم کی ذات اقدس کو اللہ رب العزت نے اپنی آخری کتاب قرآن کے نزول کے لیے منتخب کیا اور آپ کے لیے آخری دین، دین اسلام کو تجویز کیا، قرآن کی حقانیت کو باقی رکھنے کے لیے اس کے تقدس وعلو شان کو ثابت کرنے کے لیے صاحب قرآن کی عظمت اور تقدس کو باقی رکھنا بھی ضروری تھا، اللہ رب العزت نے اس کے لیے جو حیرت انگیز اور تعجب خیز انتظام فرمایا، اسی میں سے ایک یہ ہے کہ آپ کے نسب مبارک کو بھی مکمل محفوظ کیا گیا، عرب جو امی، اَن پڑھ تھے، اس کے باوجود اقوام عالم میں ان کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ وہ اپنے انساب کے یاد رکھنے کا بڑا اہتمام کرتے تھے یہی اہتمام بعد میں چل کر ایک فن کی حیثیت اختیار کر گیا، اور اس پر کتابیں بھی لکھی گئیں، مثلاً الانساب للامام السمعانی وغیرہ، علم الانساب کہتے ہیں اس ریکارڈ کو جس میں یہ محفوظ کیا جائے کہ کون سا قبیلہ کہاں سے وجود میں آیا، کس قبیلے کے کس آدمی کا باپ کون اس کا دادا کون، اسی طرح اوپر تک اس کی شادی کہاں ہوئی، اس کی اولاد کتنی تھی، عرب قبائل میں کس قبیلے کی کس قبیلے کے ساتھ رشتہ داری تھی وغیرہ۔

قوت ختم ہوجائے گی، قرآن ۔ک میں ہے ولا تنازعو فتفشلوا و تذهب ريحكم آ ۔ میں ۔جھگڑو، ور۔تمہارے قدموں میں لغزش پیدا ہوجائے گی اور تمہاری ہوا ا ۔ جائے گی، ۔رگوں نے لکھا ہے کہ. ۔لوگ ۔وہ بند۔اں میں تقسیم ہوجاتے ہیں تو ان سے سنجیدگی اور اعتدال کا دامن چھوٹ جا۔ ہے پھر وہ ۔راہ روی کے شکار ہوجاتے ہیں۔ ڈاکٹر طٰہٰ جا۔ض علوانی نے اپنی ۔نظیر ۔ ''ادب الا ۔ف فی الاسلام'' میں لکھا ہے کہ. ۔ا ۔ف ۔ھتا ہے تو اس کی ۔وسیع سے وسیع ۔ ہوتی جاتی ہیں اور آدمی کے حواس ۔اس کے ا۔ات اس حد۔ ۔ چھا جاتے ہیں کہ وہ نقطہ اتحاد کو بھول جا۔ ہے اس کی نظر میں اسلامی اخلاق کی ابتدائی چیز ۔بھی ۔آ۔ ۔ جس کی وجہ سے اس کا معیار فکر ۔ل جا۔ ہے ۔ص۔۔۔ پھر اس سے وحدت ام۔ کو شدی۔نقصان ۔ ہے۔ حضرت شیخ ا ۔ مولا۔ محمود الحسن صا ۔ مالٹا کی چارسا۔جیل سے ر۔ئی کے بعد د۔بند تشریف لائے تو فر۔ی کہ ہم نے مالٹا کی ز۔گی میں دو ۔سیکھے ہیں پھر فر۔ی کہ میں نے جہاں۔ ۔ جیل کی تنہائیوں میں اس ۔غور کیا کہ ۔ری د۔ میں مسلمان دینی اور دنیوی ہر حیثیت سے کیوں تباہ ہورہے ہیں تو اس کے دو سب۔ معلوم ہوئے ا۔ ان کا قرآن کو چھوڑ۔، دوسرے ان کے آ ۔ کے ا ۔ف اور خا۔جنگی، اس لئے میں وہیں سے یہ عزم لے کر آ۔ ہوں کہ اپنی ۔قی ز۔گی اس کام میں صرف کروں کہ قرآن کر۔ کو ۔ اور ۔ا عام کیا جائے، بچوں کے لئے لفظی تعلیم کے مکا۔ ۔ ہر بستی میں قائم کئے جائیں، ۔وں کو عوامی درس قرآن کی صورت میں اس کے معنی سے روشناس کر۔ جائے۔ اور قرآنی تعلیمات ۔عمل کیا جائے اور مسلمانوں کے ۔ہمی جنگ و ۔ال کو کسی ۔ ۔ ۔دا۔ ۔ کیا جائے۔ وحدت ام۔ ص۔۔۔ ماضی میں اسپین کی مسلم حکوم۔۔۔۔ ۔۔۔۔۔ کے ختم ہونے کی وجہ بھی مسلمانوں کا ۔ہمی ا ۔ف تھا۔ اسپینی مسلمانوں نے جس وقت مسیحی قوتوں سے شکست ۔ئی اس وقت وہ علم و تہذ۔ ۔ اور سائنس و ۔لوجی کے میدان میں اپنے حریف سے ۔ر جہا ۔ھے ہوئے تھے اس کے ۔وجود ان کے شکست ور ۔ کی وجہ یہ تھی کہ عیسائی۔ ہم متحد و منظّم تھے ۔ کہ مسلمان فرقوں اور ۔عتوں میں ۔ گئے، ا۔ر وعمال نے ۔۔ خلافت سے بغاوت کرکے اپنی چھوٹی چھوٹی خود مختار حکومتیں قائم کر لی تھیں۔ الاسلام ۔۔۔۔ اسلام نے اسی فکر میں تبدیلی لانے کے لئے ا۔ ۔۔ سے وابستہ رہنے کی تعلیم دی، مسلمانوں کی تنظیم و تکر۔ کو ایمان کی علام۔ قرار ۔ی، حضور اکرم ۔ نے فر۔ی کہ المسلم اخو المسلم لا يظلمه ولا يسلمه ومن كان فى حاجة اخيه كان الله فى حاجته ومن فرج عن مسلم كربة فرج الله عنه

كربة من كربات يوم القيامة ومن ستر مسلمًا ستره الله يوم القيامة **مسلمان مسلمان** □ بھائی ہیں □ ا□ دوسرے □ظلم کر□ ہے □اس کو کسی مصیبت میں ڈال سکتا ہے، جو اپنے کسی بھائی کی حا□ روائی کی فکر میں رہتا ہے اللہ اس کی حا□ روائی کر□ ہے اور جو کسی مسلمان کی کوئی مشکل آسان کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ قیام□ کی □ ت میں اس کی مشکل آسان کر دیتا ہے اور جو شخص کسی مسلمان کی □دہ□ثی کر□ ہے اللہ تعالیٰ بھی آ□ت کے دن اس کی □دہ□ثی فرما□ ہے۔

دوسری حدی□ میں ہے المسلم اخو المسلم لايظلمه ولا يخذله ولايحقره التقوى ههنا ويشير الى صدره□ل□ مرار بحسب امراء من الشر ان يحقر اخاه المسلم كل المسلم على المسلم حرام دمه وماله وعرضه □روا□ ا□ ہر□ل□ مسلمان □ بھائی بھائی ہیں ا□ مسلمان دوسرے مسلمان □□ظلم کرسکتا ہے □□وقت اس کی مدد سے د□کش ہوسکتا ہے اور □اس کو حقیر کرسکتا ہے اس کے بعد آپ نے سینہ کی طرف □□راشارہ کر کے فرم□ کہ اصل تقوی یہاں ہے □ائی کے لئے □اتنی ہی□ت کافی ہے کہ اپنے کسی بھائی کو ذلیل اور حقیر سمجھے□درکھو کہ ہر مسلمان □را کا□را قا□ احترام ہ□ ہے اس کی جان بھی، اس کا مال بھی، اور اس کی آ□و بھی □مسلم شریف□ اب وقت آ گیا ہے کہ تمام خود غر□یوں اور مصلحتوں سے او□اٹھ کر ملت اسلامیہ کے اتحاد میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کیا جائے اور ا□ا□طاقت بنائی جائے جس کو قرآن□ک نے بنیان □صوص□سیسہ پلائی ہوئی د□ار□ سے تعبیر کیا ہے اللہ تعالیٰ ہمیں ا□ف وافتراق سے بچنے اور اتحاد و اجتماعیت کی ز□گی □ارنے کی توفیق بخشے آمین۔

بتان ر□ وخوں کو توڑ کر ملت میں گم ہو جا
□تورانی رہے □قی ، □ا□انی ، □ افغانی

□علا□ اقبال□

□ □ □

خودکفا سے خودکشی

از ڈاکٹر ا فاروقی
-گا ی روڈ، دہرہ دون

د کے دس امیر ارب پتیوں میں سے کا تعلق ہندو ن سے ہے ملک میں ہری سرمایہ کی ڑھ آئی ہوئی ہے بیرونی زرمباد میں ار ں ڈالر اکٹھا ہیں ہماری کمپنیاں اور سرمایہ دار بیرونی ممالک اور رو کی صنعتیں ی رہے ہیں ای تصوی یہ ہے، اور یہ بھی ا تصوی کا حصہ ہے کہ یہاں کا %70 عوام شدی بیماری کی حا میں ز گی ار ہے ہے زہ سروے میں کہ دیہات کے عوام سے رو روزا ز گی ار رہے ہیں اور اِن کی تعداد کم از کم کل آ دی کا ہے۔ یہاں مہنگائی لگا ر ھ رہی ہے، بجٹ کے بعد سے روزا ضرورت کی اہم اشیاء میں %20 کی ھو ی ہوئی۔ آٹا، دال، چاول، نے کا ب کا ب روزا کے حساب سے مہنگا ہوا ہے۔ م یہ کہ سرکار اور بین الاقوامی ادارہ حالات بگڑنے، ج کی بین الاقوامی پیداوار کم ہونے، گیہوں چاول و ہ ضروری چیزوں کی کمیا اور کمی متنبہ کر رہے ہیں۔ بتا جا ہے کہ آ دی ھ رہی ہے ماحو ت کا بگ اس کے لئے ذ دار ہے و ہ و ہ، اصل حقائق دہ ڈالا جا ہے۔ قابل غور ت یہ ہے کہ ء سے ء ب آ دی آج کی آ دی کا صرف %10 تھی۔ ب صرف بھارت میں را کال قحط ا سے ء ب بیس رسو ا اور بیس لاکھ لوگ بھکمری کا شکار ہوئے۔ اس ت کو بھی چھپا جا ہے کہ ء میں ہمارے یہاں ج کی پیداوار سالا لاکھ ٹن تھی ء میں لاکھ ٹن ہوگئی۔ د بھر میں گیہوں کا ا ک ملین میٹرک ٹن ہے ج ء میں ملین میٹرک ٹن تھا۔ چاول آج ملین میٹرک ٹن ہے جبکہ ء میں ملین میٹرک ٹن تھا۔ بہت سا سوال پیدا یہ ہو ہے کہ پیداوار کم کیوں ہو رہی ہے؟ اس میں کون کون سے عوامل کارفرما ہیں؟ خوراک کی قلت مصنوعی ہے یا حقیقی؟ کیا یہ د کی ضرورت کیلئے کافی ہے؟ کیا

اس قلت پیداوار کے لئے

حکومتوں کی زرا کم جیح زرا میں سرمایہ دارا استحصالی ذہنیت کی کارفرمائی افسروں کی چور وں کی منافع خوری اور ذخیرہ ا وزی زرا میں ضروری طور ں، مصنوعی داور کیڑے مارا دیات کا استعمال ٹھیکہ کا Contract forming لوگوں کے مقابلہ کم خوشحال لوگوں کے ذریعہ دہ غریب نچ گنا دہ ج کی کھپت روایتی ج کی کھیتی کے بجائے نقد فصلوں کی طرف حکومتوں کی طرف سے پیدا کیا گیا رجحان ماحو تی آلودگی غذائی اجناس کا بطور ایندھن استعمال و ہ و ہ اہم عوامل ہیں جنھیں نظرا از کر کے بلکہ جان جھ کر چھپا کر صرف آ دی کے سر ا پھوڑنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

ہمارا ملک ہی د بھر کی آ دی کا 75% دیہاتوں میں رہتا ہے عالمی بینک کے چیف ا مسٹ فرینکوس اوران کی ربسر زرا ہی ہے۔ اگ راس آ دی کا حصہ مجموعی قومی پیداوار میں کم سے کم ہو ہے۔ ء میں 36.4% تھی اور ء میں لگ بھگ آدھی 18.5% رہ گئی ہے۔ جبکہ مات سروس اور صنعت کی حصہ داری 39% اور 19% ہوگئی ہے۔ ء سرکاروں کی جیح میں زرا بہت نیچے چلی گئی رہوکر اب عالمی بینک کو بھی کہنا اکہ زرا 4% کل بجٹ کے مقابلہ دہ چ کرنے کی ضرورت ہے۔ ساتھ ہی زرعی ا ہی ٹیکس کم کرنے کی ضرورت بھی ہے۔ حکومتوں نے زرعی میدان میں ہر حصہ میں کم چ کیا ں مصنوعی دو ہ بسڈی دی کیونکہ اس میں ے سرمایہ داروں کا فا ہ ہ ہے۔ جبکہ اس د کے استعمال نے اب اپنے ے نتائج د نے شروع کر دیئے ہیں۔ فوڈ لیسی کے ح کارد یندر شرما کا کہنا ہے کہ آج کی پیداوار سے ہم سلین لوگوں کی ضرورت ری کرسکتے ہیں، جبکہ آج آ دی سلین ہی ہے۔ اس کے لئے ہمیں سی بحرانوں سے نجات مشینی کرن اور وی دوں کا استعمال کم کر ہوگا روایتی طریقہ کی کھیتی کو اپن ہوگا تو آج بھی ہم اس سطح سے گنا دہ پیداوار کر سکتے ہیں۔

وی د کے نقص ت

آج ہمارے ملک میں اوسطاً کلو دفی ٹر استعمال کی جاتی ہے، پنجاب اور ہر میں

اوسطاً رکلوگرام فی ہیکٹر ہے، جبکہ مدھیہ پردیش میں کلوگرام فی ہیکٹر ہے۔ آج ان کے اس ادھا دھند استعمال سے صحت، ماحولیات، مٹی کے زرخیزی اور لاکھوں ہر چیز ہے۔ اس ادھا دھند استعمال سے زمین شور ہو رہی ہے۔ آج ملک میں کروڑ ہیکٹر زمین بنجر ہو چکی ہے۔ مدھیہ پردیش میں اس کا استعمال زیادہ پھر بھی وہاں ء میں ہزار ہیکٹر زمین بنجر تھی وہ ء میں بڑھ کر ہزار ہیکٹر ہو گئی۔ کیمیاوی کھادیں زمین کا پانی جذب کرتی ہیں نتیجتاً زیادہ سینچائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ مٹی زیادہ شور ہوتی جاتی ہے اور اس کی زرخیزی کم ہو جاتی ہے۔ اس کا نتیجہ ہے کہ ء سے گیہوں اور چاول کی پیداوار میں 3.47% اور 3.10% کی بڑھوتری درج کی گئی تھی جو ء کی دہائی میں 2.21% اور 92%. کم ہو گئی۔ جبکہ اس عرصہ میں کیمیاوی کھاد کا استعمال 30% بڑھ گیا تھا۔ ظاہر ہے کہ اگر کیمیاوی کھاد پیداوار کی کنجی ہے تو شرح پیداوار اور بڑھنی چاہیئے تھی۔ کیمیاوی کھاد سے زمین میں N.P.K. کا تناسب بگڑ گیا ہے اور زنک جیسے ضروری معدنیات کی کمی آ گئی ہے۔ نائٹروجن کی زیادتی مٹی میں فاسفورس کی بھی کمی کر رہی ہے۔ ماہرین بتا رہے ہیں کہ کیمیاوی کھاد کے استعمال کے ذریعہ حاصل کیا گیا جینی تبدیلی اور Blue baby جیسی سنگین بیماریوں کی وجہ بن رہا ہے۔ بچوں میں Blue baby بیماری پیدا ہونے کی اہم وجہ بتا جاتا ہے۔ (ڈاکٹر سنیل شرما، شاہ ٹائمس ء)

آبپاشی، زراعت کے لئے زندگی کا سامان ہے۔ اس پر کتنا خرچ کیا جاتا ہے، اسے اس سے سمجھ لیجئے کہ ء کے بجٹ میں بارانی زمین کی ترقی اور لاکھ ہیکٹر زمین کو سینچائی کے لئے کل کروڑ اور کروڑ روپیہ خرچ کئے جائیں گے۔ پچھلے پچاس سالوں سے قابل آبپاشی زمین کا 30% حصہ ہی آبپاشی منصوبوں کے تحت لایا گیا ہے۔ باقی 70% بارش کے قدرتی پانی پر ہی منحصر ہے۔ اس سے یہ صاف عیاں ہے کہ قابل کاشت زمین کی 30% کو ہی سینچائی کی سہولت پہنچا کر ہم اپنی ضرورت سے فاضل اناج پیدا کر سکتے ہیں، تو سارے رقبہ کو سینچائی کی سہولت بڑھا کر کتنا اناج پیدا کیا جا سکتا ہے؟

نقد فصلوں کا جان لیوا لالچ

زراعت کی پالیسیاں بنانے والوں نے بقول ڈاکٹر دیویندر شرما نقد آمدنی اگانے پر زیادہ زور دینا شروع کیا۔ اس طرح سبزیوں، پھولوں، پھلوں، جڑی بوٹیوں کی پیداوار بڑھی ہے اور

ے کسانوں نے گیہوں، چاول، دال، ہن کی ائی کم کردی ہے۔ پیداوار کم ہونے سے قیمتیں ھ رہی ہیں اور ملک ج میں خودکفا کے بجائے غذائی انحصار کی غلامی کی طرف ھ ھ ہے۔ ڈاکٹر د یندر شرمانے . بی کو بتا کہ ی طا ں اور عالمی ما تی اداروں نے اسی نقد فصل کے غ د کرلاطینی ا یکہ کو روایتی فصلوں سے دور کرکے ا یکہ، آ یلیا کا غلام بنا اور یہی کام تیسری د کے بقیہ مما لک میں کیا جا ہے کہ ہم نقد فصل اگا کر ڈالر کمائیں اور ڈالر سے ا یکہ آ یلیا، ڈا، کر سے گیہوں اور ا یکہ، تھائی لینڈ سے ا ونیشیا سے چاول اور ا ونیشیا سے م آئیل ۔ ا ت یہ ہے کہ ا طرف تو ہماری حکومت ے زوردار طریقہ سے تو ئی میں خودکفا اور پیدا کرنے والے اکثر مسلم مما لک کی ”بلیک میل“ سے آزادی کے لئے ا یکہ سے نیوکلیر تو ئی کا معاہدہ کررہی ہے، ویتنام، میانمار سے اور گیس کے سودے ہورہے ہیں وہیں دوسری طرف غذائی اجناس ا جال میں پھنس رہی ہے جو کہ سیدھے سیدھے ا یکہ، آ یلیا اور ڈا کی غلامی کی طرف پہنچا ہے۔ ظاہر ہے ا پٹرول کے ذریعہ بلیک میل کیا جاسکتا ہے تو کیا گیہوں اور چاول اور نے کا اس سے ز دہ مو بلیک میل کے ذرائع ہوسکتے یہ کہ گوروں کی غلامی کی عادت ہمیں ابھی گئی ہے؟

غذائی لیسی

ہمارے ملک میں تقریباً کروڑ روپیہ تقریباً اتنی ہی رقم جتنی ملک کے کروڑوں کسانوں سے معاف کی جائے گی ملک کی غذائی اجناس، ں، پھل اور دوسری خوردنی اشیاء ہر سال اس لئے ضائع ہوجاتی ہیں کیونکہ ا ذخیرہ کرنے کے لئے منا تعداد میں گودام، کولڈ ا ریج اور پیداوار کو منڈی لے جانے کا منا انتظام ہے۔ یہ ت متعلقہ وزارت کے وز دھ کا سہائے نے وَس میں بتائی۔ ا طرف تو حکومت ہے کہ وہ عام آدمی کے بہبود کے لئے بند ہے دوسری طرف اس کا نوا سڑ، گل جانے د جا ہے۔ ضائع ہونے سے جانے والی مقدار کا صرف 2% خوراک کو ہی ہم ڈ بند وَس Process کر تے ہیں، جبکہ ملیشیا چھوٹا ملک اپنی 80% خوردنی اشیاء کو ڈ بند کر ہے۔ فلپائن، ازیل اور تھائی لینڈ جیسے چھوٹے مما لک بھی لترتیب 78%، 70%، 30% غذائی اشیاء کو ضائع ہونے سے بچا کر ڈ بند کرنے میں کامیاب ہوجاتے ہیں۔ خوراک کی ڈ بندی کی صنعت ہماری مجموعی

پیداوار کا 5.5% ہے اور اس میں لاکھ لوگ کام کرتے ہیں اس کو فروغ جائے اور کولڈ اسٹوریج و گودام و ے پیمانہ تعمیر کرائے جائیں تو کسانوں کو اور چھوٹے صنعت کاروں اور مقامی آ دں کو فائدہ ہوگا۔ اب یہ ساری سہو جن، آڑھتی اور کمیشن ایجنٹ کے س ہے وہ فصل کے وقت اونے نے مٹی کے داموں فصل کر گودام بھر ہے اور دو روپیہ کلو آلو کلو روپیہ کلو بیچتا ہے۔ سے ہماری سرکار نے یہ کار ر بیرونی سرمایہ داروں کے لئے کھولا ہے حالات اور بھی اب ہو گئے ہیں۔ بیرونی ا یکی کمپنی کارگل نے ہند نی گیہوں ہندو ان میں کرا ر کر کے روپیہ کلو والا گیہوں روپیہ کلو بنگلہ دیش و ہ کو بیچا۔ یہاں کہ پنجاب، ہر کی منڈ اں اور کے ا ا اں نے بھارت سرکار کی ک میں دم کر FCI۔ کو گندم فرو کرنے کے بجائے کسان کارگل کو اور دوسری ی کمپنیوں کو گندم فرو کرر ہے تھے۔ اور اس ے تجر سے ہماری طا رحکومت ابھی سے پھرڑی ہوئی ہے۔ سوال یہ ہے کہ آپ ای د کو قا میں کر سکتے تو آپ نے اسے آزاد کیوں کیا؟ کیا اس لئے کہ وہ صرف غر اں کا ہی خون چوسے گا اور افسر تو اچھوتے ہی رہیں گے؟

زرا میں سرکاری لوٹ اور کرپشن

کسان اور چھوٹے کسان عموماً کم ھے لکھے ہوتے ہیں ان کو ہر سطح انتہائی کر سرکاری مشینری سے واسطہ ہے اور اور افسر مل جاتے ہیں تو کسان کی بیچارگی کا ا ازہ لگا مشکل ۔ قانون گو، پٹواری، آب شی محکمہ کے عملدار، تحصیل کے عملدار، بینکوں کا عملہ، ا کے کرپشن، ادھار لینے میں کرپشن غرضیکہ ری کتاب چا اس کینسر کے ا ات کو سمجھنے سمجھانے کے لئے چھو سا ہے۔

غذائی اجناس کی تقسیم میں لوٹ اور کرپشن

منصو بندی کمیشن کے مطا رعایتی داموں مہیا کرائی جانے والی رعایتی داموں مہیا کرائی جانے والی غذائی اجناس کا 50% سے 80% غلط لوگوں کے تھوں میں پہنچ جاتی ہے۔ پچھلے سالوں میں ہمارے ملک میں کروڑ روپیہ کا رعایتی ج جو کہ رعایتی خ والی سرکاری دوکانوں کے ذریعہ تقسیم تھا قانونی طریقہ سے زار میں بیچ گیا۔ گندم

53.3% اور 39% صرف .U.P میں - ء میں کروڑ روپیہ کا گندم برد کیا گیا۔ Org- Marg اور Nc.A.C.R. کے سروے میں بتایا گیا کہ سے غریب - کروڑ عوام کے لئے مخصوص رعایتی اناج کی سہولت غیر قانونی طریقہ سے تقریباً اس کا 40% ہڑپ کر جاتا ہے۔ آندھرا پردیش میں بہت مشہور چاول گھوٹالہ وزراؤں اور افسروں نے کیا تھا جس میں ہزاروں ٹن غریبوں کا چاول ان تک پہنچنے کے بجائے دوبارہ حکومت کو ہی مارکیٹ میں فروخت کردیا گیا تھا۔ (ٹائمس آف انڈیا ء)

غذائی اجناس کے استعمال میں مشرق ومغرب کا فرق

شمالی امریکی ممالک میں سالانہ ایک آدمی کی اناج کی کھپت کلوگرام، یورپ میں کلوگرام اور برصغیر ہندوپاک میں کلوگرام ہے۔ ڈاکٹر دیویندر شرما کا کہنا ہے کہ اگر ایشیا کا مڈل کلاس بھی امریکہ اور یوروپ کی طرح غذائی اجناس استعمال کرنے لگے تو کیا حشر ہوگا؟ انسان تو انسان امریکہ کی گائے بھی اس معاملہ میں بہت آگے ہے۔ اوسط ہندوستانی کسان 1.4 ہیکٹر زمین میں زندگی گذارتا ہے، جبکہ یوروپ اور امریکہ میں ایک گائے کیلئے چارہ اگانے کیلئے کسان کے پاس اوسطاً دس ہیکٹر زمین مہیا ہے۔ مغربی تہذیب کے صارف کلچر Consumerism کی وجہ سے دنیا میں پائے جانے والے وسائل کی لوٹ میں ہی مغربی کلچر ہے کہ ''خوب کماؤ موج اڑاؤ'' نتیجتاً جہاں یہ لوگ دنیا میں اناج، بجلی، پانی، پٹرول، دودھ کا دنیا میں سب سے زیادہ استعمال کرتے ہیں اس کے نتیجہ میں زہریلی گیس اور ماحول کو کم کرنے والی گیس اور زہریلے مادہ خارج ہوتے ہیں۔ اس کی وجہ سے زمین، پانی، سمندر کا پانی، ہوا، ماحول، فضا، گلیشیر، فضائی درجہ حرارت سب ہر طرح متاثر ہوتا ہے اس کے نتیجہ میں سیلاب، سوکھا، فصلوں کی بیماریاں لاحق ہوا اور درجہ حرارت فصلوں کو چوپٹ کررہا ہے، مغربی تہذیب اور ان کے ایشیائی ترقی یافتہ ایجنٹ اور کسیلے پھل دیکھ کر بھی صارف کلچر کو ہوا دینے میں لگے ہوئے ہیں۔ امریکہ نے قانون بنایا ہے کہ مکا سے بنا Ethanol گاڑیوں کے ایندھن کے لئے 15 ارب گیلن کی مقدار میں تیار کیا جائے گا۔ اس کے لئے ملین میٹرک ٹن مکا Corn درکار ہوگا۔ زرعی اپنی پکڑ بنانے کے لئے ان تمام یوروپ ملکوں اور امریکہ، آسٹریلیا نے کسانوں کو سبسڈی کا کھیل شروع کررکھا ہے۔ امریکی زرعی ہر سال ارب ڈالر کی سبسڈی دیتا ہے۔ وہاں کا کسان

1.2 ارب ڈالر کا چاول پیدا کرتا ہے اس کو 1.4 ارب ڈالر سرکار بطور سبسڈی دیتی ہے۔ ایسے میں غریب ملک کا کسان ان کا مقابلہ کہاں کرسکتا ہے۔ ترقی یافتہ ملکوں کی تنظیم O.E.C.D اپنے کسانوں کو ارب ڈالر کی سبسڈی دیتی ہے۔ اس کی وجہ سے غریب ممالک کے کسان کے لئے کھیتی فاقہ ہوجاتی ہے وہ مزدوری کرتا ہے نقد فصل اگاتا ہے اور خودکشی کرتا ہے۔ ایک سال میں صرف چھتیس گڑھ میں کسانوں نے خودکشی کی۔ مہاراشٹر میں سالوں میں خودکشی کرنے والے کسانوں کی تعداد ایک لاکھ سے متجاوز ہے۔

''کسانوں کو کروڑ کی قرض معافی پر ہنگامہ مچانے والے سرمایہ دار اور ان کا میڈیا یہ نہیں بتاتا کہ بڑے کاروباری گھرانوں کے اربوں روپیہ کے قرض معاف ہوجاتے ہیں۔ سرکاری بینکوں کے ہزار کروڑ روپیہ بڑے کاروباری گھرانوں کے قرض کی شکل میں ڈوب چکے ہیں۔ ان بڑے گھرانوں کو کارپوریٹ ٹیکس، انکم ٹیکس، ایکسائز ڈیوٹی میں رعایتوں کے ذریعہ مرکزی سرکار کو سال - میں کروڑ روپیہ اور سال - ء میں کروڑ روپیہ گنوانے پڑے۔ سرکار جتنا ٹیکس وصول کرتی ہے اس کا تقریباً آدھا گنوا دیتی ہے۔ اس پر ہمارا میڈیا کبھی ہنگامہ نہیں کرتا اور نہ ماہر کرتے ہیں۔ سرکار کا کل کروڑ روپیہ ٹیکس بقایا ہے جو وصول نہیں کیا جاتا ہے۔ سرکار نے ترقی کی مد میں کل کروڑ روپیہ رکھے ہیں اس میں تقریباً آدھا دفاع کے لئے کروڑ روپیہ ہے۔ ترقی میں قرضہ کی ادائیگی، سرکاری زمین کا خرچہ، سبسڈی، پنشن شامل ہے۔ UPA سرکار نے تعلیم، صحت، زراعت اور دیہی ترقی کے لئے پیسہ کی کمی کا رونا رویا اپنے پانچ بجٹ میں پہلے بجٹ کروڑ سے بڑھا کر کروڑ روپیہ کردیا۔ چار سالوں میں دفاعی بجٹ میں 76% کی ترقی ہوئی۔ بجٹ کا 46% ہتھیاروں کی خریداری کے لئے ہے۔ UPA سرکار نے پانچ سالوں میں صرف ہتھیاروں کی خریداری دفاع زراعت کے بجٹ کا چھ گنا، صحت کا چار گنا اور تعلیم کے ڈیڑھ گنا سے زیادہ خرچ کیا ہے۔ صاف ہے کہ UPA سرکار کے لئے زراعت، صحت، تعلیم سے بڑھ کر ہتھیاروں کی خریداری ہے۔ کیا ہتھیاروں کے لئے یہ دلچسپی سودوں میں ملنے والی دلالی کے چھپائی سرکار سے زیادہ اپنے آپ کو دیش بھگت ثابت کرنے کے لئے۔ وجہ چاہے جو بھی ہو ہتھیاروں سے عشق کی صحت، تعلیم اور زراعت کو چکانی پڑی ہے۔'' آخری سمے وقت میں ''گنگا ن''- آ دھان، جن ء

جوحکومت ارب روپیہ کی لاگت سے صرف V.V.I.P جہاز، تقریباً ارب روپیہ کی لاگت سے سال سے بیکار ے روسی جہاز، چا سال انے ا یکی طیارہ دار جہاز کو رہی ہے اسے اپنے لوگوں کا پیٹ بھرنے کے لئے سستے اور قابل حصول داموں بنیادی غذائی ضرورت گندم، چاول، ، دالیں مہیا کرانے میں نی کیوں ہے؟ ار ں ڈالر ہم ا یکہ، اسرائیل اور روس کے ا میں کیوں بھر رہے ہیں؟ ملک ہمیشہ ہتھیاروں سے ہی مضبوط ہو اس کے لئے خوشحالی، مضبوط عوام ہی آ ی امید ہوتے ہیں۔ ویتنام، افغانستان اور خود ہمارے ملک کا تجر یہی بتا ہے۔ ا عوام ساتھ ہوں تو ہتھیار کیا کر گے؟

رگ صحافی کلد یر کہتے ہیں ''قی کا مقصد یہ ہو چاہئے کہ اس کا فا ہ امیر غری ب کو ں پہنچے۔ منموہن سنگھ کا کردہ متبادل کوئی متبادل ہے یہ کھلا استحصال ہے۔'' راشٹریہ سہار

دارالعلوم دیوبند کا ترجمان

ماہنامہ

دارالعلوم

جلد: ۹۲ | رجب ۱۴۲۹ھ مطابق جولائی ۲۰۰۸ء | شمارہ: ۷

نگراں

حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب
مہتمم دارالعلوم دیوبند

مدیر

حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب
استاذ دارالعلوم دیوبند

ترسیل زر کا پتہ: دفتر ماہنامہ دارالعلوم دیوبند - ۲۴۷۵۵۴ یوپی

ہندوستان سے فی شمارہ -/۱۵ روپے، سالانہ -/۱۵۰ روپے
سعودی عرب، افریقہ، برطانیہ، امریکہ، کناڈا وغیرہ سے سالانہ -/۸۰۰ روپے
بنگلہ دیش سے سالانہ -/۲۰۰ روپے، پاکستان سے ہندوستانی رقم -/۲۰۰ روپے

Tel. : 01336-222429 Fax : 01336-222768
Mob. : 09411649303 *(Manager)*
Web : http://www.darululoom-deoband.com
www.darululoom-deoband.com/urdu/magazine
E-mail: info@darululoom-deoband.com

R. N. I. No. 2133/57

DARUL ULOOM Monthly (Urdu) Printed, Published by Maulana Marghubur Rahman, Owned by Darul Uloom Grush. Published From Deoband, Saharanpur, U.P.
Printed at Darul Uloom Printing Press Deoband, Saharanpur
Editor : Maulana Habibur Rahman Azmi

فہرست مضامین

نمبرشمار	نگارش	نگارش نگار	صفحہ
۱	حرفِ آغاز	حبیب الرحمٰن اعظمی	۳
۲	نیٹ ورک مارکیٹنگ...	مولانا اشتیاق احمد قاسمی	۶
۳	عورتوں کیلئے قرآنی دینی تعلیم کی اہمیت	محمد اسماعیل طورو	۲۸
۴	برصغیر میں صحابہ تابعین اور تبع تابعین کے اولین نقوش	محمد حذیفہ وستانوی	۳۴
۵	دہشت گرد-کون، کیوں، کیسے؟	جناب غلام رسول دیشمکھ	۴۳
۶	بچوں کیلئے آدھا گھنٹہ آفس کیلئے ساڑھے بارہ گھنٹہ	ڈاکٹر ایم اجمل فاروقی	۴۷
۷	حامیانِ اُردو کی خدمت میں...	الحاج حافظ منشی عبدالغفور	۵۲

ختم خریداری کی اطلاع

○ یہاں پر اگر سرخ نشان ہے تو اس بات کی علامت ہے کہ آپ کی مدت خریداری ختم ہوگئی ہے۔

- ہندوستانی خریدار منی آرڈر سے اپنا چندہ دفتر کو روانہ کریں۔
- چونکہ رجسٹری فیس میں اضافہ ہوگیا ہے۔ اس لیے وی پی میں صرفہ زائد ہوگا۔
- پاکستانی حضرات جناب مولانا شیر محمد صاحب ناظم جامعہ مدنیہ، کریم پارک، راوی روڈ، لاہور کو اپنا چندہ روانہ کریں۔
- ہندوستان و پاکستان کے تمام خریداروں کو خریداری نمبر کا حوالہ دینا ضروری ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حرفِ آغاز

حبیب الرحمن اعظمی

سیاسی بول چال میں جب کبھی ''اقلیت'' کا لفظ بولا جاتا ہے تو اس سے مقصود یہ نہیں ہوتا کہ ریاضی کے عام حسابی قاعدے کے مطابق انسانی افراد کی ہر ایسی تعداد جو ایک دوسری تعداد سے کم ہو لازمی طور پر ''اقلیت'' ہوتی ہے اور اسے اپنی حفاظت کی طرف سے مضطرب ہونا چاہئے، بلکہ اس سے مقصود ایک ایسی کمزور جماعت ہوتی ہے جو تعداد اور صلاحیت، دونوں اعتباروں سے اپنے کو اس قابل نہیں پاتی کہ ایک بڑے اور طاقتور گروہ کے ساتھ رہ کر اپنی حفاظت کیلئے خود اپنے اوپر اعتماد کرسکے، اس حیثیت کے تصور کے لئے صرف یہی کافی نہیں کہ ایک گروہ کی تعداد کی نسبت دوسرے گروہ سے کم ہو، بلکہ یہ بھی ضروری ہے کہ بجائے خود کم ہو اور اتنی کم ہو کہ اس سے اپنی حفاظت کی توقع نہ کی جاسکے، ساتھ ہی اس میں تعداد (Number) کے ساتھ نوعیت (Kin) کا سوال بھی کام کرتا ہے، فرض کیجئے ایک ملک میں دو گروہ موجود ہیں ایک کی تعداد ایک کروڑ ہے دوسرے کی دو کروڑ ہے، اب اگرچہ ایک کروڑ دو کروڑ کا نصف ہوگا اور اس لئے دو کروڑ سے کم ہوگا، مگر سیاسی نقطۂ خیال سے ضروری نہ ہوگا کہ صرف اس نسبتی فرق کی بنا پر ہم اسے ایک اقلیت فرض کرکے اس کی کمزور ہستی کا اعتراف کرلیں اس طرح کی اقلیت ہونے کیلئے تعداد کے نسبتی فرق کے ساتھ دوسرے عوامل (Factor) کی موجودگی بھی ضروری ہے۔

اب ذرا غور کیجئے کہ اس لحاظ سے ہندوستان میں مسلمانوں کی حقیقی حیثیت کیا ہے؟ آپ کو دیر تک غور کرنے کی ضرورت نہ ہوگی، آپ صرف ایک ہی نگاہ میں معلوم کرلیں گے کہ آپ کے سامنے ایک عظیم گروہ اپنی اتنی بڑی اور پھیلی ہوئی تعداد کے ساتھ سر اٹھائے کھڑا ہے کہ اس کی

نسبت ''اقلیت'' کی کمزوریوں کا گمان بھی کرنا اپنی نگاہ کو صریح دھوکہ دینا ہے اس کی مجموعی تعداد ملک میں اٹھارہ، بیس کروڑ سے کم نہیں ہے۔ وہ ملک کی دوسری جماعتوں کی طرح معاشرتی اور نسلی تقسیموں میں بٹی ہوئی نہیں ہے، اسلامی زندگی کی مساوات اور برادرانہ یک جہتی کے مضبوط رشتے نے اسے معاشرتی تفرقوں کی کمزوریوں سے بہت حدتک محفوظ رکھا ہے، بلاشبہ یہ تعداد ملک کی پوری آبادی میں ایک چوتھائی سے زیادہ نسبت نہیں رکھتی، لیکن سوال تعداد کی نسبت کا نہیں ہے خود تعداداور اس کی نوعیت کا ہے کیا انسانی مواد کی اتنی عظیم مقدار کے لئے اس طرح کے اندیشوں کی کوئی جائز وجہ ہوسکتی ہے کہ وہ ایک آزاد جمہوری ہندوستان میں اپنے حقوق و مفاد کی خودنگہداشت نہیں کرسکے گی؟

چنانچہ مولانا آزاد نے اس حقیقت کو ان لفظوں میں واضح کیا ہے:

''میں مسلمان ہوں، اور فخر کے ساتھ محسوس کرتا ہوں کہ مسلمان ہوں، اسلام کی تیرہ سو برس کی شاندار روایتیں میرے ورثے میں آئی ہیں، میں تیار نہیں کہ اس کا کوئی چھوٹے سے چھوٹا حصہ بھی ضائع ہونے دوں، اسلام کی تعلیم، اسلام کی تاریخ، اسلام کے علوم وفنون، اسلام کی تہذیب میری دولت کا سرمایہ ہے اور میرا فرض ہے کہ اس کی حفاظت کروں، بحیثیت مسلمان ہونے کے میں مذہبی اور کلچرل دائرے میں اپنی ایک خاص ہستی رکھتا ہوں اور میں برداشت نہیں کرسکتا کہ اس میں کوئی مداخلت کرے؛ لیکن ان تمام احساسات کے ساتھ ایک اور احساس بھی رکھتا ہوں جسے میری زندگی کی حقیقتوں نے پیدا کیا ہے، اسلام کی روح مجھے اس سے نہیں روکتی وہ اس راہ میں میری راہنمائی کرتی ہے، میں فخر کے ساتھ محسوس کرتا ہوں کہ میں ہندوستانی ہوں میں ہندوستان کی ایک اور ناقابل تقسیم متحدہ قومیت کا ایک عنصر ہوں، میں اس متحدہ قومیت کا ایک ایسا اہم عنصر ہوں جس کے بغیر اس کی عظمت کا ہیکل ادھورا رہ جاتا ہے میں اس کی تکوین (بناوٹ) کا ایک ناگزیر حامل (Factor) ہوں میں اپنے اس دعوے سے کبھی دست بردار نہیں ہوسکتا۔

ہندوستان کے لئے قدرت کا یہ فیصلہ ہوچکا تھا کہ اس کی سرزمین انسان کی مختلف نسلوں مختلف تہذیبوں اور مختلف مذہبوں کے قافلوں کی منزل بنے، ابھی تاریخ کی صبح بھی نمودار نہیں ہوئی تھی کہ ان قافلوں کی آمد شروع ہوگئی اور پھر ایک کے بعد ایک سلسلہ جاری رہا۔ اس کی وسیع سرزمین سب کا استقبال کرتی رہی اور اس کی فیاض گود نے سب کیلئے جگہ نکالی، ان ہی قافلوں میں ایک آخری قافلہ ہم پیروانِ اسلام کا بھی تھا، یہ بھی پچھلے قافلوں کے نشانِ راہ پر چلتا ہوا یہاں پہنچا

اور ہمیشہ کے لئے بس گیا، یہ دنیا کی ''مختلف قوموں اور تہذیبوں کے دھاروں کا ملان تھا یہ گنگا اور جمنا کے دھاروں کی طرح پہلے ایک دوسرے سے الگ الگ بہتے رہے، لیکن پھر جیسا کہ قدرت کا اٹل قانون ہے دونوں کو ایک سنگم میں مل جانا پڑا، ان دونوں کا میل تاریخ کا ایک عظیم واقعہ تھا جس دن یہ واقعہ ظہور میں آیا اس دن سے قدرت کے مخفی ہاتھوں نے پرانے ہندوستان کی جگہ ایک نئے ہندوستان کے ڈھالنے کا کام شروع کر دیا۔

ہم اپنے ساتھ اپنا ذخیرہ لائے تھے، یہ سرزمین بھی اپنے ذخیروں سے مالا مال تھی ہم نے اپنی دولت اس کے حوالے کر دی اور اس نے اپنے خزانوں کے دروازے ہم پر کھول دیئے ہم نے اسے اسلام کے ذخیرے کی وہ سب سے زیادہ قیمتی چیز دے دی جس کی اسے سب سے زیادہ احتیاج تھی، ہم نے اسے جمہوریت اور انسانی مساوات کا پیام پہنچا دیا۔

تاریخ کی پوری گیارہ صدیاں اس واقعے پر گذر چکی ہیں، اب اسلام اس سرزمین پر ویسا ہی دعویٰ رکھتا ہے جیسا دعویٰ ہندو مذہب کا ہے اگر ہندو مذہب کئی ہزار برس سے اس سرزمین کے باشندوں کا مذہب رہا ہے تو اسلام بھی ایک ہزار برس سے اس کے باشندوں کا مذہب چلا آتا ہے۔

ہماری گیارہ صدیوں کی مشترک (ملی جلی) تاریخ نے ہماری ہندوستانی زندگی کے تمام گوشوں کو اپنے تعمیری سامانوں سے بھر دیا ہے، ہماری زبانیں ہماری شاعری، ہمارا ادب، ہماری معاشرت، ہمارا ذوق، ہمارا لباس، ہمارے رسم ورواج ہماری روزانہ زندگی کی بے شمار حقیقتیں کوئی گوشہ بھی ایسا نہیں ہے جس پر اس مشترک زندگی کی چھاپ نہ لگ گئی ہو، ہماری بولیاں الگ الگ تھیں مگر ہم ایک ہی زبان بولنے لگ گئے، ہمارے رسم ورواج ایک دوسرے سے بیگانہ تھے مگر انھوں نے مل جل کر ایک نیا سانچہ پیدا کر لیا، ہمارا پُرانا لباس تاریخ کی پرانی تصویروں میں دیکھا جاسکتا ہے مگر اب وہ ہمارے جسموں پر نہیں مل سکتا، یہ تمام مشترک سرمایہ ہماری متحدہ قومیت کی ایک دولت ہے اور ہم اسے چھوڑ کر اس زمانے کی طرف لوٹنا نہیں چاہتے، جب ہماری یہ ملی جلی زندگی شروع نہیں ہوئی تھی، ہم میں اگر ایسے ہندو دماغ ہیں جو چاہتے ہیں کہ ایک ہزار برس پہلے کی ہندو زندگی واپس لائیں، تو انہیں معلوم ہونا چاہئے کہ وہ ایک خواب دیکھ رہے ہیں اور وہ کبھی پورا ہونے والا نہیں۔

❁ ❁ ❁

نیٹ ورک مارکیٹنگ
اقتصادی اور اسلامی نقطۂ نظر

از: مولانا اشتیاق احمد قاسمی
دارالعلوم حیدرآباد

آج کے ترقی یافتہ دور میں ایجادات واختراعات کی کمی نہیں، مختلف شعبہ ہائے زندگی میں نت نئی تبدیلیاں ہورہی ہیں، تجارت ومعیشت کے فروغ کی بے شمار صورتیں وجود میں آگئی ہیں، جب کوئی نئی شکل سامنے آتی ہے تو اسے اختیار کرنے، یا نہ کرنے کے لیے ہر مسلمان جواز اور عدمِ جواز سے متعلق معلومات چاہتا ہے؛ کیوں کہ ان کی تعیین کے بغیر عملی زندگی میں ایک قدم چلنا بھی مشکل ہے، اہلِ فقہ وفتاویٰ کے لیے ان احکام کا بتانا تو مشکل نہیں ہوتا، جو قرآن، حدیث اور فقہ میں صراحت کے ساتھ لکھے ہوئے ہیں، لیکن تغیر زمانہ کی وجہ سے جو نئی صورتیں پیدا ہوتی ہیں، ان کا شرعی حکم بتانا، ذرا مشکل ہوتا ہے؛ اس لیے کہ حلت وحرمت کی تعیین کے لیے پہلے علت معلوم کرنی ہوتی ہے، یا نظائرِ فقہیہ کو دیکھ کر علتِ مشترکہ کی بنیاد پر حکم لگایا جاتا ہے، یہ بہت ہی نازک مرحلہ ہے؛ اس لیے کہ جس طرح کسی حرام کو حلال کہنا جائز نہیں، اسی طرح کسی حلال کو حرام کہنا بھی درست نہیں ہے، اس موڑ پر مسئلہ بتانے والا واقعتاً اپنے کو جنت اور جہنم کے درمیان محسوس کرنے لگتا ہے۔

معیشت کے انھیں جدید طریقوں میں نیٹ ورکنگ (Net working) طریقہ آج کل بہت عام ہورہا ہے، پہلے تو کمپنیاں کم تھیں، لیکن آج کل مختلف کمپنیاں اپنے کاروبار کو اس انداز پر پھیلا رہی ہیں، دارالافتاء میں اس طرح کے سوالات کثرت سے آرہے ہیں کہ ان کمپنیوں کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ آیا ان میں شرکت جائز ہے یا ناجائز؟ زیرِ قلم مقالہ میں اسی سے متعلق تفصیلی بحث پیش کی جارہی ہے، اس کی شرعی عقلی اور معیشتی حیثیت پر بحث کرنے سے پہلے اس طریقۂ تجارت کا تعارف پیش کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

تعارف:

''نیٹ ورک مارکیٹنگ'' یہ انگریزی تعبیر ہے، اس کا اردو ترجمہ ''بچھے ہوئے جال نما تجارت'' سے کرسکتے ہیں، اس تجارت میں ایک آدمی کمپنی کا ممبر بنتا ہے، پھر چند دوسروں کو ممبر بناتا ہے، پھر یہ سب بہت سارے لوگوں کو اپنے تحت ممبر بناتے ہیں تو ایک دوسرے سے سلسلہ وار ملی ہوئی تجارت کی یہ صورت ''جال'' کے مشابہ ہوجاتی ہے، اسے ملٹی لیول مارکیٹنگ (Multi Level Marketing) بھی کہتے ہیں، اس کو اردو میں ''مختلف السطح تجارت'' کہہ سکتے ہیں: اس لیے کہ اس میں ہر ممبر کی سطح اور اس کی حیثیت برابر نہیں ہوتی: بلکہ جو پہلے شامل ہوتے ہیں، ان کی اونچی، زیادہ نفع بخش اور بعد والے کی اس سے نیچی اور کم نفع والی سطح ہوتی ہے، اس میں پرامیڈ اسکیم (Pyramid scheme) کے نظریہ کے مطابق کام ہوتا ہے، پرامیڈ ''مخروطی'' اور ''اہرامی'' شکل کو کہتے ہیں، یعنی گاجر مولی کو اُلٹ کر جو صورت بنتی ہے، وہی شکل اس کی ہوتی ہے، یعنی پہلے ایک ممبر ہوتا ہے، پھر اس سے متصل ممبران بڑھتے اور پھیلتے چلے جاتے ہیں۔ اس کا طریقۂ کار یہ ہے کہ کمپنی کی مصنوعات کھلی مارکیٹ میں فروخت نہیں ہوتیں: بلکہ جو شخص کمپنی کا ممبر بنتا ہے، اسی کو کمپنی کی مصنوعات فراہم کی جاتی ہیں، خریدار کو خریدی ہوئی اشیاء تو ملتی ہیں، ساتھ ہی کمپنی اس کو ترغیب دیتی ہے کہ آپ اپنے تحت مزید ممبر بنائیے، کمپنی کا سامان فروخت کرنے میں تعاون کیجیے، لہٰذا خریدار جن لوگوں کو ممبر بناتا ہے، اور کمپنی سے سامان خریدنے کے لیے آمادہ کرتا ہے، اس پر کمپنی کمیشن (Commission) دیتی ہے، پھر یہ کمیشن صرف ان خریداروں تک محدود نہیں رہتا، جن کو اس نے خریدار بنایا ہے: بلکہ اس کے ذریعہ بنے ہوئے خریداروں سے آگے جتنے خریدار تیار ہوئے ہیں، ان کی خریداری پر بھی پہلے شخص کو کمیشن ملتا رہتا ہے، اور مرحلہ وار یہ سلسلہ بہت آگے تک چلا جاتا ہے، مثال کے طور پر اگر پہلے مرحلہ میں دو ممبر بنے، پھر ہر ایک نے دو دو لوگوں کو ممبر بنایا تو دوسرے مرحلہ میں چار ہوگئے، پھر ہر ایک نے دو دو ممبر بنائے تو تیسرے مرحلہ میں آٹھ ہوگئے، پھر ہر ایک نے دو دو ممبر بنائے تو چوتھے مرحلہ میں ممبروں کی تعداد سولہ تک پہنچ گئی، پہلے ممبر نے صرف دو ممبر خود بنائے تھے لیکن اس کو دوسرے تیسرے اور چوتھے مراحل میں بنے ہوئے سولہ ممبروں کی خریداری تک کا کمیشن ملتا رہے گا اور یہ سلسلہ آگے بھی بڑھے گا، وضاحت کے لیے ذیل کا نقشہ ملاحظہ ہو:



درج بالا نقشہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر مرحلہ میں ممبران کی تعداد اس سے اوپر کے مرحلہ کے مقابلہ میں دوگنی ہوتی ہے، اور آخری مرحلہ کے ممبران کی تعداد اوپر کے تمام مرحلوں کے ممبران کی مجموعی تعداد سے بھی کچھ بڑھی ہوئی ہوتی ہے، جیسا کہ مذکورہ نقشہ میں ہم دیکھتے ہیں کہ چوتھے مرحلہ میں ممبران کی تعداد سولہ ہے جب کہ اوپر کے سارے ممبران کی تعداد چودہ ہی ہے، اس طرح مجموعی تعداد تیس ہوگئی، اگر یہ سلسلہ جاری رہے تو دسویں مرحلہ میں ممبروں کی تعداد ایک ہزار چوبیس (۱۰۲۴) اور کل ممبران کی تعداد دو ہزار چھیالیس (۲۰۴۶) ہو جائے گی۔

اس طرح نیچے کے ممبروں کی خریداری کا کمیشن اوپر والے کو ملتا رہے گا، کمپنی کی ماہانہ خریداری جس طرح بڑھتی ہے، اسی طرح ممبروں کو دیے جانے والے کمیشن میں بھی ضابطہ کے مطابق فی صدی اضافہ ہوتا رہتا ہے۔

اور اس اضافہ کی حد بعض کمپنیوں میں متعین ہوتی ہے، مثلاً ایموے (Amway) میں اکیس فی صد (21%) تک ہی کمیشن پہنچتی ہے؛ البتہ غیر معمولی کارکردگی ظاہر ہونے اور خریداری کی ایک مخصوص اونچی سطح پر پہنچنے کی صورت میں کمپنی متعینہ کمیشن پر کچھ رقم اعزازی طور پر رائلٹی (Royalty) کے نام سے دیتی ہے۔

اپنے تحت مطلق ممبر بنانا ہی کمیشن پانے کے لیے کافی نہیں؛ بلکہ مخصوص تعداد کی شرط ہوتی ہے، مثلاً افراد کی مجموعی تعداد کم از کم نو اس طور پر ہونا کہ ہر مرحلہ میں کم از کم تین ممبر ہوں تب ہی کمپنی کمیشن جاری کرے گی، ایک بار کمیشن پا لینے کے بعد پھر نو ممبران کی زیادتی شرط ہوتی ہے۔ (سہ ماہی بحث ونظر ص:۱۶۵،۱۶۶) البتہ ہر کمپنی کے ضابطہ میں تعداد کا تفاوت ہونا بعید از قیاس نہیں ہے۔

اگر کوئی آدمی راست ممبر بننا چاہے تو بعض کمپنیوں میں اس کی اجازت نہیں ہوتی، اس کو بھی کسی کے تحت ہی ممبر بننا پڑتا ہے، اس طرح کی کمپنیوں میں اکثر ایسی ہی ہیں، جن کی مصنوعات

ممبر ہی کے توسط سے خرید ی جاسکتی ہیں، البتہ بعض کمپنیاں بغیر ممبر بنے بھی اپنی مصنوعات کے خریدے جانے کی سہولت دیتی ہیں، مگر رعایت ممبر ہی کے ساتھ خاص ہوتی ہے، ان کے یہاں بھی اوپر والے ممبران کو نیچے اور کافی نیچے والے ممبران کا کمیشن دینا اصول میں داخل ہوتا ہے۔

ممبر بننے کے وقت کمپنی کچھ سامان (ان کے بقول) رعایتی قیمت پر دیتی ہے، اور کچھ متعین روپے ممبری فیس، اور لٹریچر وغیرہ کا معاوضہ بتا کر لے لیتی ہے، رعایت کے نام پر جن پیسوں کو واپس کرنا چاہیے، درحقیقت انہیں کو فیس وغیرہ کے نام سے وصول کرلیتی ہے، گویا ضابطہ میں کمپنی کے پاس ممبر کا ایک روپیہ بھی نہیں رہتا جس کا وہ مطالبہ کرسکے۔

کمپنی میں ممبر شپ (Member ship) کی برقراری کے لیے سالانہ کچھ متعین رقم تجدیدی فیس کے طور پر ادا کرنی پڑتی ہے، اور بعض میں ہر مہینہ کم از کم سو روپے کا مال خریدنا شرط ہے؛ مثلاً R.C.M کمپنی۔

اس تجارت سے وابستہ لوگوں کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ عام طور پر مصنوعات کی تشہیر (Advertise) پر کافی اخراجات آتے ہیں، اس لیے کمپنی کی کوشش ہے، کہ جو رقم تشہیر پر خرچ ہوتی ہے، وہ اس کے بجائے خود گاہکوں (ممبروں) کو دی جائے، اس لیے ممبران کو کمیشن دیا جاتا ہے۔

حالانکہ یہ سفید جھوٹ ہے، اس لیے کہ یہ کمپنیاں تشہیر کے لیے لٹریچر چھاپتی اور تقریباً ہر ماہ ممبران کو بھیجتی ہیں، کیسٹ، اور سی ڈی بھی فراہم کرتی ہیں، ان کے علاوہ مختلف اوقات میں سیمینار کرواتی ہیں، کیا ان سب میں کچھ خرچ نہیں ہوتا؟ اگر مان لیا جائے کہ خرچ نہیں ہوتا تو ان کمپنیوں کے سامان نہایت سستے کیوں نہیں ملتے؟ یہ لوگ عام طور سے ٹھنڈے مشروب (Cold drink) کی مثال دیتے ہیں کہ اس میں ایک روپیہ صرفہ آتا ہے اور وہ دس روپے کے ملتے ہیں، اگر یہ صحیح ہے تو یہ کمپنیاں اپنے سامان کی قیمت بازاری بھاؤ سے دس گنی کم کیوں نہیں رکھتیں؟ حقیقت یہ ہے کہ یہ سب ممبر سازی کے ذریعہ روپے بٹورنے کے ڈھکوسلے ہیں، باقی کچھ نہیں۔

ہندوستان میں نیٹ ورک کمپنیاں:

ہندوستان میں غالباً سب سے پہلے ایموے انڈیا (Amway India) کمپنی ۱۹۹۵ء میں آئی، اور لوگوں کو اکٹھا کرکے بے تحاشا روپے بٹورنے لگی، اپنے ممبروں کو جلد سے جلد مالدار ہونے اور راتوں رات لکھ پتی بننے کا خواب دکھانے لگی، ۱۹۹۸ء میں یہ کمپنی بعض ذرائع سے

دیوبند کے عوام اور دارالعلوم دیوبند کے طلبہ میں متعارف ہوئی، اور بہت سے طلبہ جائز وناجائز کی تحقیق کیے بغیر، بظاہر جائز خیال کرکے اس کے جال میں پھنس گئے، ان میں بعض میرے احباب بھی تھے، اس کی شرعی صورت دریافت کرنے کے لیے میں نے اس کے تعارف نامے پڑھے اور پروگراموں میں کئی بار شرکت کی، مجھے چند بنیادی اشکالات ہوئے اور جواز پر انشراح نہیں ہوا، پھر دارالعلوم دیوبند کے دارالافتاء سے جو عدمِ جواز کا فتویٰ شائع ہوا، تو اس کمپنی میں بلاسوچے سمجھے شریک ہوجانے والے ساتھیوں کو افسوس ہوا، مجھے اس بات پر زیادہ افسوس تھا کہ کمپنی نے ہرا باغ دکھلاکر کئی لاکھ روپے طلبہ کے ہاتھوں سے لے لیے تھے، یہ تذکرہ اس لیے کیا کہ اچھے اچھے لوگ اس طرح کی کمپنیوں کے دامِ تزویر میں پھنس جاتے ہیں اور خاص کر بے روزگار نوجوانوں کے لیے ایسی کمپنیاں بہت ہی کشش کا باعث ہوتی ہیں، نوجوانوں کو جلد سے جلد کروڑ پتی بننے کا خواب نظر آنے لگتا ہے، اور نسخہ بھی اتنا آسان کہ جس میں نہ سرمایہ کاری کرنی پڑے اور نہ ہی زیادہ محنت ہو بلکہ بعض مراحل میں محنت بھی نہیں کرنی پڑتی اور سرمایہ تو کمپنی میں سرے سے باقی ہی نہیں ہے، گویا بے محنت و بے سرمایہ بہ عجلت مالداری کی ہوس دماغ میں بھرجاتی ہے۔

''ایموے انڈیا'' کے علاوہ آرسی، سی، ایم (R.C.M) وغیرہ دیگر کئی ناموں سے کافی تعداد میں کمپنیاں میدانِ عمل میں اتری ہوئی ہیں، اور جلد مالدار ہونے کا جھانسا دے کر ناعاقبت اندیش افراد سے سرمایہ جمع کررہی ہیں، اسی وجہ سے گذشتہ سالوں میں (غالبًا ۲۰۰۶ء میں) روزنامہ ''منصف'' حیدرآباد میں ہندوستان کے شعبۂ اقتصادیات کی طرف سے ایسی کمپنیوں کے دھوکے اور ضرر سے بچے رہنے کی تلقین وتاکید کی گئی تھی، اس لیے کہ ایسی کمپنیاں ملکی اقتصاد کے لیے زہرِ ہلاہل ہیں، ایک صاحب نے مجھے بتایا کہ کچھ عرصہ پہلے ''ایموے'' کا مالک سارے لوگوں کے پیسے جمع کرکے فرار ہوگیا تھا، جس سے اس کمپنی کے ممبران میں کافی تشویش پائی جارہی تھی، لیکن چند دنوں کے بعد ہی ازسرِ نو اس کمپنی نے سنبھالا لیا، تب جاکر ممبران کی جان میں جان آئی، اس لیے تعارف کراتے وقت اب اس کمپنی کا نام لینے میں وہ لوگ ہچکچاتے ہیں۔

دیگر ممالک میں:

''ملٹی لیول کمپنیاں'' ہندوستان میں تو بیسویں صدی کی آخری دہائی میں متعارف ہوئی ہیں، لیکن اس سے پہلے دیگر ممالک خاص کر یورپی ممالک میں یہ تجربہ کے مرحلے سے گذر چکی ہیں، خود

''ایموے'' کے پروگراموں میں بھی اس کی صراحت کی جاتی رہی ہے، تعارف کرانے والے اس انداز سے بیان بازی کرتے ہیں کہ جیسے یہ کمپنیاں ان ترقی یافتہ ممالک کو فیض یاب کرکے اب ہمارے ملک کو بھی فیض یاب کرنے آئی ہیں، حالانکہ بات ایسی نہیں ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ اِن کو اُن ممالک سے راندۂ درگاہ کردیا گیا ہے، وہاں کے ماہرینِ اقتصادیات نے انھیں مسترد کردیا ہے اور چونکہ اس کے بنیادی ساخت (System) میں دھوکہ اور تجارتی چال بازی (Busness fraud) ہے؛ اس لیے دنیا کے بیشتر ممالک میں اس پر پابندی عائد کردی گئی ہے، اور حکومتوں نے ان کے ضرر سے بچنے کی تلقین کی ہے، ان کے نعرے ضرور دلکش ہیں لیکن حقیقت میں پرفریب ہیں، انجام کار ساری رقوم ان کمپنیوں اور اداروں کے مالکان کی جھولی میں چلی جاتی ہیں، ممبران کو سوائے سراب اور دھوکہ کے کچھ ہاتھ نہیں آتا۔

پڑوسی ملک پاکستان میں بھی ملٹی لیول مارکیٹنگ کی دھوکہ بازی، غیراخلاقی اور ناجائز لین دین پر مشتمل ہونے کی وجہ سے شرکت سے گریز کرنے کی تلقین کی گئی ہے، تفصیل (SECP) کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ (بحوالہ سہ ماہی بحث ونظر ص:۳۶۱)

امریکہ میں اسی طرز کی ایک کمپنی اسکائی بزکوم (Skybiz.com) ہے، اس کمپنی کی شاخیں متعدد ممالک میں پھیلی ہوئی ہیں، مگر خود امریکی حکومت نے مذکورہ کمپنی پر عوام کے ساتھ دھوکہ دہی اور چال بازی (Fraud) کا الزام عائد کیا ہے، اسی کے پیش نظر ''اوکلاہوما اسٹیٹ'' کی عدالت نے کمپنی کی سرگرمیاں روک دینے، اور کمپنی کے کارکنوں اور ایجنٹ حضرات کا سرمایہ اور اجرت انھیں واپس کیے جانے کے پیش نظر اس کمپنی کے اثاثے منجمد کردینے کا فیصلہ کیا ہے۔ (دیکھئے امریکی وزارتِ تجارت کی ویب سائٹ: http://www.Ftc.gov/opa/2001/06sky.htm بحوالہ بحث ونظر شمارہ ۶۸، ۶۹ جنوری-جون ۲۰۰۵ء ص:۱۶۳)

جاپان اور چین میں ۱۹۹۸ء میں ایموے (Amway) اور اس طرز کی کمپنیوں پر پابندی لگ چکی ہے۔ (اخبار منصف: مینارۂ نور ۲۴/۳/۱۴۲۸ھ)

مصنوعات محض بطورِ حیلہ:

جب بھی اس کمپنی کے تعارفی پروگراموں میں سمجھنے کی نیت سے شرکت کا اتفاق ہوا، یا اس کمپنی کے ممبران کو نئے ممبر کی تشکیل کرتے ہوئے دیکھا تو ایک خاص چیز محسوس ہوئی کہ وہ نئے

افراد کی شمولیت سے حاصل ہونے والے کمیشن کا لالچ خوب دلاتے ہیں، اور حقیقت میں بھی نیٹ ورکنگ سسٹم میں کمیشن کی حیثیت ریڑھ کی ہڈی کی سی ہے، اور مصنوعات ثانوی درجہ رکھتی ہیں، نئے ممبر کو شمولیت پر راضی کرنے کے لیے خیالی کمیشن کا ذکر ہی کافی سمجھا جاتا ہے، اس کے بغیر مصنوعات کی مارکیٹنگ ناممکن ہے۔

(۱) مصنوعات کے ثانوی درجہ میں ہونے کی ایک واضح مثال یہ ہے کہ ''ایموے کمپنی'' جب شروع ہوئی تھی تو اس کی مصنوعات بہت تھوڑی تھیں اکثر دھونے پونچھنے کے سیال (Liquid) مواد ہی تھے، مثلاً شیمپو (Shampoo) کپڑا فرش اور کار دھونے کا سیال مادہ، ٹوتھ پیسٹ (Tooth paste)، کریم (Cream) وغیرہ اور ساری چیزیں نہایت مہنگی اور گراں قیمت تھیں، اکثر چیزیں بازاری قیمت سے تین، چار بلکہ چھ گنا مہنگی تھیں، اگر چہ یہ دعویٰ تھا کہ یہ چیزیں معیار میں اعلیٰ وارفع ہیں، لیکن وہ شامل ہونے والے ممبران کی معاشی حیثیت سے بھی نہایت ہی وراء الوراء اور بلند تھیں۔ وہ ممبران ایسی بھی چیز لائے تھے، جن کی انھیں کبھی ضرورت پیش نہ آئی، وہ ساری چیزیں دھری کی دھری رہ گئیں، مثلاً کار اور فرش دھونے والے قیمتی مواد وغیرہ یہ صورتِ حال اس بات کی واضح دلیل ہے کہ انھوں نے کمیشن حاصل کرنے ہی کے لیے شمولیت اختیار کی تھی، آج بھی یہ صورتِ حال باقی ہے کہ شامل ہونے والے محض کمیشن کی نیت سے شامل ہوتے ہیں، اگر انھیں لوگوں سے بالفرض یہ کہا جائے کہ بلا ممبر بنے محض مصنوعات استعمال کرنے کے لیے مذکورہ کمپنی کی اشیاء خریدیں تو وہ ہرگز نہیں خریدیں گے، بلکہ اس کے بالمقابل اسی جنس کی اشیاء دوسری کمپنی کی خریدیں گے، جو بہ نسبت معیاری اور معتدل قیمت کی ہوں گی، انھیں کو اپنے لیے مناسب حال سمجھیں گے، اسی طرح اگر ان کو یہ معلوم ہو جائے کہ ان کے ممبر بن جانے کے بعد کمپنی بند ہو جائے گی اور ان کو کمیشن ملنے کی نوبت نہیں آئے گی، تو بھی ایسی صورت میں وہ ہرگز ہرگز مذکورہ کمپنی کی مصنوعات نہیں خریدیں گے، یہ صورت بھی ببانگِ دُہل یہ پکار رہی ہے کہ ان کمپنیوں میں شامل ہونے والے کمیشن کو ہدف اور مقصدِ اصلی بناتے ہیں، مصنوعات محض بہانہ ہوتی ہیں۔

(۲) اور بالفرض مصنوعات اگر سستی بھی ہوں تو بھی ممبران کی نیت اور ان کا قصد وارادہ نئے ممبران بنا کر کمیشن حاصل کرنا ہی ہوتا ہے، اس لیے کہ معاشرہ میں کوئی بے عقل ہی ہوگا، جو ابتدائی مرحلہ میں ہی (بقول ان کے) رعایتی قیمت پر سامان حاصل کر لینے پر اکتفاء کرے اور

کمیشن بلکہ بے تحاشا کمیشن حاصل کرنے کی نیت نہ کرے، یہاں یہ بات بھی ملحوظ رہے کہ اشیاء کی محض جودت وعمدگی اور رعایت بتا کر ایک ممبر تیار کرنا بھی مشکل بلکہ محال ہوگا، اس لیے کہ دنیا کی ساری کمپنیاں اپنی مصنوعات کی عمدگی اور ارزانی ہی بتا کر اشتہار دیتی ہیں، ایسی صورت میں نیٹ ورک مارکیٹنگ کی سرے سے کوئی خصوصیت باقی نہیں رہ جائے گی۔

(۳) مصنوعات کی حیثیت ثانوی اور کمیشن کی اوّلی ہونے کی ایک مثال یہ بھی ہے کہ اس طرح کی کمپنیوں کے اصول وضوابط کا اکثر حصہ کمپنیوں میں شرکت اور اسی سے متعلق شرائط واحکام پر مشتمل ہوتا ہے، ان کے تعارف ناموں میں خریداری اور سامان کا ذکر چند فقرات میں ہی ہوتا ہے، اس جگہ یہ بات قابل غور ہے کہ کیا اس طرزِ عمل کا مقصد صرف مصنوعات کی خرید وفروخت ہے؟ اور شرکت وممبر سازی ضمنی ہے؟ یا معاملہ اس کے برعکس ہے؟

(۴) جیسا کہ ''تعارف'' میں یہ بتایا گیا تھا کہ اپنی ممبری باقی رکھنے کے لیے سالانہ متعین رقم جمع کرنی پڑتی ہے اور بعض میں ماہانہ متعین خریداری شرط ہے، یہ اس طرح کی کمپنیوں کے شرائط میں داخل ہے، ظاہر ہے کہ ادائیگی، مارکیٹنگ میں تسلسل باقی رکھنے کا عوض ہی ہے، یہ کوئی اور چیز نہیں ہے، اس لیے کہ مصنوعات کی خریداری اور اس کا معاوضہ تو ابتداء میں ہی پورا ہو چکا ہے، اگر مصنوعات کی فروخت مقصود ہوتی تو یہ رقم بلا سامان نہ لی جاتی۔

(۵) یہ بات بھی قابلِ غور ہے کہ یہ کمپنیاں ممبر سازی کے لیے پورا تعاون فراہم کرتی ہیں، لیکن مصنوعات کی فروخت میں ان کا کوئی کردار نہیں ہوتا، بلکہ کھلی مارکیٹ میں لاکر فروخت کرنا ضابطہ کے خلاف بتاتی ہیں، ظاہر ہے کہ جہاں کھلی مارکیٹ میں مصنوعات آئیں گی تو سارا بھانڈا پھوٹ جائے گا، لوگ جب دوسری کمپنیوں کی مصنوعات سے موازنہ کریں گے، تو ان کی حیثیت گھٹ جائے گی اور حقیقت کھل کر سامنے آجائے گی۔

(۶) ملٹی لیول کی بعض کمپنیاں خواہش مند حضرات کو مصنوعات خریدے بغیر بھی شرکت کی اجازت دیتی ہے، اگر مصنوعات کی فروخت ہی مقصود ہوتی تو ایسی اجازت ہرگز نہ دیتیں۔

(دیکھئے بحث ونظر، ص:۱۷۴،۱۷۵)

اوپر بیان کردہ ساری تفصیل کا حاصل یہ نکلا کہ اس طرح کی کمپنیوں کا مصنوعات فروخت کرنا درحقیقت پروگرام میں شریک ہونے کا حیلہ اور بہانہ ہے، اصل مقصد ممبر سازی کے ذریعہ کمیشن حاصل کرنا ہے۔

بنیادی خرابی:

بنیادی خرابی جس کی وجہ سے عالمی پیمانے پر اس کمپنی کو مسترد کیا جارہا ہے، وہ یہ ہے کہ اس نظام میں دوام واستمرار کی صلاحیت نہیں ہے، اس کے ابتدائی مراحل میں تو ممکن ہے کہ آسانی سے کچھ ممبر بن جائیں، لیکن چند مرحلوں کے بعد ممبر بنانا دشوار ہوجائے گا، اور ایک ایسا مرحلہ آئے گا کہ اس کے بعد مزید ممبر بنانے کی گنجائش باقی نہ رہے گی، مثال کے طور پر کسی شہر میں کمپنی ایسے کاروبار کا آغاز کرے اور مختلف گاہکوں کے ذریعہ پہلے مرحلہ کے خریدار ساڑھے چھ ہزار ہوجائیں، اور ہر ممبر کے ذمہ نو ممبر بنانے کی ذمہ داری ہو، جیسا کہ بعض کمپنیوں میں ہے تو چوتھے ہی مرحلہ میں ان کی تعداد چوہتر لاکھ اڑتیس ہزار پانچ سو (۷۴۳۸۵۰۰) ہوجاتی ہے، یہ اتنی بڑی تعداد ہے کہ ہندوستان کے چھ سات بڑے شہروں کو چھوڑ کر پورے شہر کا احاطہ کرتی ہے، ظاہر ہے کہ یہ بات عملاً ممکن نہیں کہ کوئی شہر پورا کا پورا اس اسکیم سے جڑ جائے۔ (مولانا خالد سیف اللہ رحمانی مدظلہ روزنامہ منصف حیدرآباد ۲۴/ربیع الاول ۱۴۲۸ھ ''مینارۂ نور'' ص:۱) تو نتیجہ یہ ہوگا کہ ایسی صورت میں اوپر کے لوگوں کو تو کثیر نفع حاصل ہوگا، لیکن آخری مرحلہ کے ممبران بلاکمیشن حاصل کیے گھاٹے میں رہ جائیں گے، حالانکہ اخیر کے مرحلہ میں اوپر کی بہ نسبت زیادہ ممبران ہوتے ہیں، یہ خرابی ایسی ہے کہ اسے ہر آدمی آسانی سے سمجھ سکتا ہے۔

لیکن غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ چونکہ اس طرح کی کمپنیوں میں کمیشن پانے کے لیے ممبروں کی تعداد اور مراحل کا آگے بڑھانا شرط ہوتا ہے، اس لیے جن کمپنیوں میں مثلاً تین مراحل میں نو ممبران کی شرط ہے، ان میں نیچے سے تین مرحلوں کے لوگ بلاکمیشن رہ جائیں گے، اور یہ خرابی ایسی ہے کہ جس وقت بھی کمپنی موقوف ہوگی، اس سے نیچے کے چند مراحل کے لوگ محروم رہ جائیں گے اور چونکہ نیچے کے مراحل میں ممبروں کی تعداد زیادہ ہوتی ہے، اس لیے ہر لمحہ اکثر ممبران گھاٹے میں رہتے ہیں، تجزیہ نگاروں کے مطابق اس کمپنی کے پانچ چھ فی صد لوگ تو بہت سارا نفع حاصل کرتے ہیں، بقیہ چورانوے فی صد لوگ امید وبیم میں رہ کر نقصان اٹھاتے ہیں یا یہ کہ اپنی اصل رقم سے بھی ہاتھ دھولیتے ہیں۔ حاصل یہ کہ چند ممبران کے منافع کی خاطر اکثر ممبران کا نقصان برداشت کرنا، اس نظام کی سب سے بڑی بنیادی خرابی ہے۔

اس نظام کی تائید کرنے کا مطلب یہی ہوگا کہ کمپنی کے ذمہ داران اور چند دیگر لوگوں کے

مفاد کی خاطر عوام کو دھوکہ میں مبتلا ہونے کی تائید کی جائے۔

نیٹ ورک مارکیٹنگ کا مدار ہی ''پھنسنے پھنسانے'' پر ہے، جہاں ایک آدمی ممبر بنتا ہے اور ممبری فیس کی ادئیگی کے ساتھ کچھ اور روپے سامان کی خریداری کے نام پر ہاتھ سے چلے جاتے ہیں؛ بس اُسے اپنے پیسے کی بازیابی اور مزید کی ہوس سوار ہوجاتی ہے، چونکہ کمپنی سے محض سامان حاصل کرنا مقصد نہیں ہوتا؛ بلکہ منافع اور کمیشن حاصل کرنا ہوتا ہے؛ اس لیے دوسروں کو مختلف انداز میں سچ اور جھوٹ بول کر پھانسنے کی کوشش کرنے لگتا ہے، پھر اگلا آدمی بھی اسی مرض کا شکار ہوجاتا ہے، کمپنی کی خرابیاں سامنے آنے کے باوجود منافع کے لالچ میں اپنی زبان مہر بند رکھتا ہے، تنقید کا ایک لفظ نہ تو بولتا ہے اور نہ ہی بولنے دیتا ہے، اگر مصنوعات کی خریداری ہی مقصود ہوتی تو بات یہاں تک نہ پہنچتی۔

بہت سے لوگ ممبر بن تو جاتے ہیں مگر چرب زبان اور لسّان نہیں ہوتے، یا جھوٹ سچ ملا کر بولنے کی عادت نہیں ہوتی، وہ ممبر بنانے سے یا تو بالکل عاجز رہتے ہیں یا ممبر کی مطلوبہ تعداد مہیا نہ کرنے کی صورت میں وہ کمیشن اور منافع سے محروم رہتے ہیں۔

ماہرینِ اقتصادیات کی رائے:

چونکہ یہ نظام ''سودی نظام'' سے بھی بدتر ہے؛ اس لیے کہ سودی نظام میں مخصوص محتاجوں اور سودی قرض لینے اور سودی معاملہ کرنے والوں کی دولت ساہوکاروں اور سودخوروں کے پاس آتی ہے، نیٹ ورک سسٹم نہ ہونے کی وجہ سے اتنے مرتب اور وسیع پیمانے پر سود اکٹھا نہیں ہوتا۔

نیٹ ورکنگ کے اس نظام میں کافی بڑے پیمانے پر دولت سمٹتی ہوئی، چند اوپر کے ممبران کے پاس مربوط انداز اور مخروطی (Pyramid) شکل میں جمع ہوتی رہتی ہے، نیچے کے ممبران منافع سے ہمیشہ محروم رہتے ہیں۔ دولت کی ترکیز دونوں میں ہے مگر نیٹ ورک مارکیٹنگ میں سودی نظام کی بہ نسبت زیادہ ہے، اس لیے عالمی پیمانے پر نیٹ ورک مارکیٹنگ کو مسترد کیا جارہا ہے۔

ماہرینِ اقتصادیات و معاشیات نے نیٹ ورکنگ سسٹم کو ''کینسر کی سوجن'' سے تشبیہ دی ہے کہ جس طرح کینسر آلود خلیہ بڑھتا رہتا ہے، یہاں تک کہ وہ پورے جسم کو مسموم کرکے جان لیوا ثابت ہوجاتا ہے، اسی طرح نیٹ ورک مارکیٹنگ میں ممبر سازی کے ذریعہ پورا معاشرہ لپیٹ میں آکر اقتصادی بحران کا شکار ہوجاتا ہے۔

''سودی نظام'' میں چونکہ بنیادی خرابی ترکیزِ دولت (Collection of wealth) ہے، اس میں مال دار زیادہ مال دار اور غریب زیادہ غریب ہوجاتا ہے؛ اس لیے اسلام نے اسے مسترد کردیا، تو ظاہر ہے کہ کوئی ایسا نظام یا ایسی معاشری صورت جس میں ترکیزِ دولت سودی نظام سے بھی زیادہ مہلک ہو، تو اس کی تائید اسلام کیسے کرسکتا ہے؟ اور جب خود سودی نظام نے ''نیٹ ورکنگ'' کو مسترد کردیا ہے، تو ''اسلامی نظامِ دولت'' اسے سینے سے لگالے، یہ بات سمجھ میں نہیں آتی۔

یہاں تک پوری گفتگو ''نیٹ ورک مارکیٹنگ'' کا تعارف، اس کے اقتصادی اور اخلاقی پہلو پر کی گئی، ماہرِ اقتصادیات کی آرا، اور عالمی پیمانے پر اس طریقۂ تجارت کی مخالفت کی وجوہات بیان کی گئیں، جن سے یہ بات کھل کر سامنے آگئی کہ اس طرز کی مارکیٹنگ کسی طرح بھی سرمایہ کاروں اور ملک کے حق میں مفید نہیں ہے، اس سے معاشرہ شدید مالی بحران کا شکار ہوگا، دولت سمٹ کر چند افراد کے ہاتھوں میں اکٹھی ہوجائے گی اور بس۔

شرعی حیثیت:

اسلام نے ہر اس معاملہ کو مسترد کردیا ہے، جس میں دغا فریب اور دھوکہ دھڑی پائی جاتی ہو؛ یا جس میں ملکی بدانتظامی اور لوگوں کی ضرر رسانی کا عنصر پایا جائے، یا جس میں مفادِ عامہ کی چیزوں پر چند افراد کے قبضہ کی صورت پائی جائے، یا جس میں خرید وفروخت کے ساتھ کوئی شرط لگادی جائے، یا وہ معاملہ ایسا ہو کہ جس میں بیع کے ساتھ کسی دوسرے معاملہ کا قصد کیا جاتا ہو اور بیع کا صرف بہانہ ہو، اسی طرح وہ معاملہ بھی شریعت کے مزاج سے ہم آہنگ نہیں، جس میں نزاع اور لڑائی کا احتمال ہو، جس میں دو معاملہ کو ایک کردیا گیا ہو وغیرہ وغیرہ۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے ''حجۃ اللہ البالغہ'' میں ایسے ''نو'' وجود بیان فرمائے ہیں، جن کی وجہ سے شریعت نے معاملات کو مکروہ وناجائز قرار دیا ہے۔ (تفصیل کے لیے دیکھئے رحمۃ اللہ الواسعہ ج:۲/۵۶۲ تا ۵۸۴)

نیٹ ورک مارکیٹنگ کا شرعی حکم دریافت کرنے کے لیے مذکورہ بالا اقتباس کو پڑھ کر اگر اس طرزِ تجارت پر نگاہ ڈالی جائے تو ادنیٰ تأمل کے بعد ہی اس کا عدمِ جواز کھل کر سامنے آجائے گا؛ اس لیے کہ اس میں عدمِ جواز کی متعدد وجوہ پائی جاتی ہیں۔

ذیل میں مزید تفصیل سے عدمِ جواز کی وجوہ بیان کی جاتی ہیں:

(۱) نفع حاصل کرنے کے لیے شریعت نے جو اصول بتائے ہیں، ان میں یا تو سرمایہ اور محنت

دونوں ہوتی ہیں، جیسے بیع وشرا؛ یا صرف محنت ہوتی ہے اور سرمایہ دوسرے کا ہوتا ہے، جیسے مضاربت وغیرہ، لیکن ایسی کوئی صورت شرعاً جائز نہیں ہے، جس میں نہ تو محنت ہو اور نہ ہی سرمایہ لگے۔

نیٹ ورٹ مارکیٹنگ میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں آدمی ممبر بنتا ہے تو کمپنی ممبری فیس لے لیتی ہے، اور اپنی مصنوعات دے کر ان کی قیمت الگ سے لیتی ہے، قانونی لحاظ سے کمپنی کے پاس ممبر کا کوئی رقمی مطالبہ نہیں رہ جاتا، گویا کمپنی میں رقم اور سرمایہ لگا ہوا نہیں ہے۔

پھر جب ممبر سازی ہوتی ہے، تو پہلے مرحلہ میں مان لیا جائے کہ اپنے تحت ممبر بنانے میں محنت ہوئی، صرف انھیں ممبران کی تشکیل کا معاوضہ اگر ملے تو اسے کسی درجہ میں جائز کہا جاسکتا ہے؛ اس لیے کہ سرمایہ نہیں لیکن محنت تو پائی گئی، لیکن دوسرے تیسرے اور بعد کے مراحل میں ممبر سازی میں اس کی کوئی محنت نہیں ہوئی تو بعد کے ممبران کا تشکیلی معاوضہ کس طرح جائز ہوگا، جب کہ وہاں نہ تو محنت ہے اور نہ ہی سرمایہ!

اس تجارت سے منسلک حضرات یہ کہتے ہیں کہ ''آئندہ مراحل میں بھی کارکنوں کے ساتھ تعاون کرنا پڑتا ہے، جیسے لوگوں کو سمجھانا، مال کی اہمیت بتانا، ان کے شکوک وشبہات کو دور کرنا وغیرہ'' لیکن تحقیق سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ پہلا ممبر براہِ راست ممبر بنانے کے بعد اگر آئندہ مرحلوں میں کوئی تعاون نہ کرے تب بھی وہ کمپنی کے اصول کے مطابق کمیشن کا مستحق قرار پاتا ہے، حاصل یہ کہ آئندہ مراحل میں بلا سرمایہ اور بلا محنت کمیشن آنا اس طرزِ تجارت کی سب سے بڑی خرابی ہے۔

پہلے مرحلہ کی ممبر سازی کا معاوضہ بھی درست نہیں:

اس طرح کی کمپنیوں میں ہر مرحلہ کی ممبر سازی کا معاوضہ الگ الگ نہیں دیا جاتا؛ بلکہ اپنے تحت چند مراحل میں مخصوص تعداد پورا کرنا ضروری ہوتا ہے، مثلاً بعض کمپنیوں میں یہ شرط ہے کہ جب ممبران کی تعداد ''نو'' ہوجائے اور وہ بھی تین مراحل میں ہوں تب ان سب کی خریداری کا متعین کمیشن اوپر کے ممبر کو دی جائے گی، ظاہر ہے کہ ایسی صورت میں اپنے ہی نہیں دوسروں کے بنائے ہوئے ممبران کا معاوضہ بھی ساتھ ہوکر ملے گا، اس لیے حلال وحرام میں اجتماع کی وجہ سے یہ معاوضہ لینا بھی حرام ہوگا۔

فقہ کا قاعدہ ہے: إذَا اجْتَمَعَ الْحَلاَلُ وَالْحَرَامُ غُلِّبَ الْحَرَامُ (الاشباہ والنظائر: ۱/۳۳۵)

ترجمہ: جب حلال وحرام جمع ہوجائیں تو حرام کو غالب مانا جاتا ہے۔

(۲) شریعت میں ''سود'' اس لیے حرام ہے کہ اس میں زر سے زر حاصل کرنے کا ذریعہ اور بہانہ بنایا جاتا ہے، اس میں نہ تو کوئی پیداوار سامنے آتی ہے اور نہ ہی محنت پائی جاتی ہے، اس طرح جب زر سے زر پیدا کرنے کی ریت چل پڑتی ہے، تو لوگ بنیادی ذرائع معاش مثلاً کھیتیاں اور کاریگریاں چھوڑ دیتے ہیں اور یہ مثل زبانِ حال سے دہرائی جانے لگتی ہے، ''جب روٹی ملے یوں، تو کھیتی کرے کیوں؟'' (رحمۃ اللہ الواسعہ: ۵۴۲/۴)

نیٹ ورک مارکیٹنگ میں بھی ممبری فیس کے طور پر تھوڑا سرمایہ لگا کر پیسوں سے پیسے حاصل کرنے کا حیلہ اختیار کیا جاتا ہے، ہر ممبر کی خواہش یہی ہوتی ہے کہ اپنے نیچے زیادہ سے زیادہ ممبران آجائیں تاکہ اچھی خاصی رقم کسی محنت ومشقت کے بغیر کمیشن کے طور پر ان کے پاس جمع ہوجائے؛ حالانکہ زر سے زر کشید کرنا سود ہے، اس طرز کی تجارت کو ربوا سے کافی مشابہت ہے، جسے قرآنِ پاک میں حرام فرمایا گیا ہے:

''أَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا'' (بقرہ: ۲۷۵)

ترجمہ: ''اللہ تعالیٰ نے خرید وفروخت کو حلال اور سود کو حرام قرار دیا ہے''

(۳) شرعی لحاظ سے ایک اور پہلو بھی قابلِ توجہ ہے، وہ یہ کہ اس کمپنی میں شریک ہونے والوں کا مقصد کمپنی کا سامان خریدنا نہیں ہوتا، بلکہ کمیشن اور نفع کمانا ہی مدِنظر رہتا ہے، گویا مقصود کمیشن ہے سامان نہیں، سامان کو ثانوی حیثیت حاصل ہوتی ہے؛ اس لیے شرعی حکم معلوم کرتے وقت مقصود اور غلبہ کا ہی اعتبار ہوگا، جیسا کہ فقہی قواعد اس کی طرف مشیر ہیں:

(الف) العِبرَةُ فِیْ الْعُقُوْدِ لِلْمَقَاصِدِ وَالْمَعَانِیْ لَا لِلْأَلْفَاظِ وَالْمَبَانِیْ. (قواعد الفقہ ص: ۹۱)

ترجمہ: ''معاملات میں مقاصد ومعانی ہی کا اعتبار ہوتا ہے، الفاظ وعبارت کا نہیں''

(ب) اَلْعِبْرَةَ لِلْغَالِبِ الشَّائِعِ لَا لِلنَّادِرِ. (ایضاً)

ترجمہ: ''رائج وغالب حیثیت کا ہی اعتبار ہوتا ہے، نادر وکم یاب کا نہیں''

(ج) التابِعُ لا يَتَقَدَّمُ عَلَى الْمَتْبُوعِ. (الاشباہ والنظائر ج: ۳۶۵/۱)

ترجمہ: تابع کو متبوع پر مقدم نہیں کیا جاسکتا۔

نیٹ ورک سسٹم میں شمولیت کا اصلی مقصد چونکہ کمیشن اور نفع حاصل کرنا ہی ہے، یہی پہلو

شریک ہونے والوں کے لیے باعثِ کشش ہے؛ اس لیے اس طرح بھی کہا جاسکتا ہے کہ آدمی ممبر بننے کی فیس دے کر امید وبیم کی کیفیت میں مبتلا ہوجاتا ہے، ہوسکتا ہے کہ اس بہانے کافی منافع ہاتھ آجائیں، اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ جو لگایا تھا وہ بھی ڈوب جائے یہی حقیقت ہے جوئے اور قمار کی۔

”هُوَ كُلُّ لَعِبٍ يُشْتَرَطُ فِيهِ غَالِبًا أن يَّأخُذَ الْغَالِبُ شَيْئًا مِنَ الْمَغْلُوبِ وَأَصْلُهٗ أن يَّأخُذَ الْوَاحِدُ مِنْ صَاحِبِهٖ شَيْئًا فَشَيْئًا فِي اللَّعِبِ“ (ص:۴۳۴)

ترجمہ: قمار (ہار جیت کا) ہر وہ کھیل ہے جس میں اکثر یہ شرط ہوتی ہے کہ جو غالب ہوگا، وہ مغلوب سے کچھ لے گا، اور اس کی حقیقت یہ ہے کہ ایک ساتھی دوسرے ساتھی سے کھیل میں تھوڑا تھوڑا کچھ لیتا رہتا ہے۔

اور قمار کی تعریف یوں لکھی ہے:

إِنَّهٗ تَعْلِيقُ الْمِلْكِ عَلَى الْخَطَرِ وَالْمَالُ فِي الْجَانِبَيْنِ. (قواعد الفقہ ص:۴۳۴، فتاوی ابن تیمیہ ۱۹/۲۸۴)

ترجمہ: ملکیت کو جوکھم پر معلق کرنا، جب کہ دونوں جانب مال ہو۔

حاصل یہ کہ قمار (جوا) میں معاملہ نفع وضرر کے درمیان دائر ہوتا ہے؛ احتمال یہ بھی ہوتا ہے کہ بہت سا مال مل جائے گا، اور یہ بھی کہ کچھ نہ ملے، اسی کو ”مخاطرہ“ اور قرآن کی اصطلاح میں ”میسر“ کہتے ہیں۔

جوئے کا مدار لالچ، جھوٹی آرزو اور فریب خوردگی کی پیروی پر ہے، جوا کمزوروں کے خون کا آخری قطرہ بھی چوس لیتا ہے، ہارنے والا اگر خاموش رہتا ہے تو محرومی اور غصہ میں خون کا گھونٹ پی کر خاموش رہتا ہے، اور اگر دوسرے فریق سے لڑتا ہے، تو اس کی کوئی نہیں سنتا کیوں کہ ”خود کردہ را علاجے نیست“ جوئے کا تمدن اور باہمی تعاون میں کچھ حصہ نہیں۔ (مستفاد از رحمۃ اللہ الواسعہ: ۴/۵۴۱)

مفتی بغداد، صاحبِ ”روح المعانی“ علامہ محمد آلوسیؒ نے میسر کی تشریح کرتے ہوئے لکھا ہے:

المَيْسِرُ... إمَّا من اليُسْرِ لأنهٗ أخذُ المال بِيُسْرٍ وَسُهُولَةٍ. (روح المعانی: ۲/۱۱۳)

یعنی ”میسر“ یا تو یُسر سے مشتق ہے، جس کے معنی ہیں، کسی کا مال آسانی اور سہولت سے مار لینا، میسر (جوا) کے ذریعہ لوگوں کے اموال آسانی سے جھپٹ لیے جاتے ہیں۔

نیٹ ورک مارکیٹنگ کی موجودہ شکل اگرچہ نئی ہے، لیکن بہرحال اس میں جوئے کی حقیقت پائی جارہی ہے، جیسا کہ غور کرنے والوں پر مخفی نہیں، جوئے کی حرمت سود کی طرح نص قطعی سے ثابت ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

یا أَیُّهَا الَّذِینَ آمنُوا إِنَّمَا الخمرُ وَالمَیْسِرُ والأنصابُ والأزلامُ رِجسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّیطانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُونَ. (مائدہ:۹۰)

ترجمہ: اے ایمان والو! بات یہی ہے کہ شراب اور جوا اور بت وغیرہ اور قرعہ کے تیر یہ سب گندی باتیں اور شیطانی کام ہیں، سو ان سے بالکل الگ ہوجاؤ، تاکہ تم کو فلاح ہو۔ (بیان القرآن)

(۴) نیٹ ورک مارکیٹنگ میں وہی آدمی کامیاب و بامراد ہوتا ہے، جو تیز طرار، باتونی اور لسّان ہو، سامنے والوں کو متأثر کرکے ممبر بنالیتا ہو، جو لوگ اس طرح کی شاطرانہ چال نہیں چلتے، یا یہ صلاحیت ان میں نہیں ہوتی، وہ اس میں کامیاب نہیں ہوتے ہیں، ان کی ساری امیدوں پر پانی پھرجاتا ہے اور وہ دھوکہ کھاکر مایوس ہوجاتے ہیں۔

ایسے دھوکہ کی بیع وشراء کو سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے: نَهی رسول الله صلی الله علیه وسلم عَنْ بَیْعِ الْغَرَرِ. (سنن ترمذی:۱/۲۳۳)

مبسوط میں علامہ سرخسیؒ نے غرر کی تعریف اس طرح کی ہے۔ الغَرَرُ ما یَکُونُ مَسْتُوْرَ الْعَاقِبَةِ. (المبسوط:۱۲/۱۹۴)

جس کا حاصل یہ ہے کہ غرر میں انجام معلوم نہیں ہوتا، مذکورہ طرزِ تجارت میں نفع ملنے اور نہ ملنے کا پتا نہیں ہوتا، گویا قمار (جوا) ہی کی دوسری تعبیر ''بیع غرر'' ہے۔

بعض لوگوں نے اس طرزِ تجارت کو لاٹری (Lottery) سے بھی بدتر بتایا ہے؛ اس لیے کہ لاٹری میں ٹکٹ خرید کر آدمی سکون سے انتظار کرتا ہے، لیکن اس میں ممبرشپ حاصل کرنے کے بعد ممبرسازی کے لیے خوب دوڑ دھوپ کرتا ہے، پیسے خرچ کرتا ہے پھر بھی ممبر نہ بنانے کی صورت میں اصل سرمایہ سے بھی ہاتھ دھولیتا ہے، اور کمپنی رُک جانے کے وقت نیچے کے تین درجوں کے لوگ یقیناً محروم رہ جاتے ہیں، اس لیے اس میں نفع کا چانس لاٹری سے بھی کم ہے، اگر یہ معلوم ہوجائے کہ وہی سلسلہ کا آخری آدمی ہوگا، تو ہرگز سامان خرید کردہ ممبر نہیں بنے گا، حقیقت یہ ہے کہ اس میں ''غرر کثیر'' ہے، جس سے باز رہنے کی تلقین سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی ہے۔ (بحث ونظر ص:۱۷۲)

(۵) اسلام نے اپنے تجارتی اصول میں ملکی مصلحت کا خیال رکھا ہے، مصنوعی رکاوٹ ملکی مصلحت کے لیے نہایت ہی مضر ثابت ہوتی ہے، اس سے اشیاء کی قیمتوں میں غیرمعمولی اضافہ ہوجاتا ہے، تجارت کا مال تمام شہریوں تک پہنچنے کے بجائے چند لوگوں کے پاس ہی سمٹ کر رہ جاتا ہے۔

زمانۂ جاہلیت میں جب کوئی دیہاتی سوداگر شہر میں اپنا سامانِ تجارت لے کر پہنچتا تھا، تو شہر کے بعض تُجّار اس سے کہتے کہ ابھی تم خود سے سامان نہ بیچو؛ اس لیے کہ ابھی بھاؤ کم ہے، سستا بک جائے گا؛ بلکہ تم ہمارے حوالے کردو! چند دنوں بعد تم کو ہم مہنگا بیچ کر دیں گے، اس میں بائع کا بھی ضرر ہوتا تھا؛ یہ تُجّار جھوٹی قیمت بتا دیتے تھے، اور عوام کو بھی اشیاء مہنگی ملتی تھی، اس کو اصطلاح میں ''بیع الحاضر للبادی'' کہتے ہیں۔

سرکارِ دوعالم ﷺ نے اس طرزِ تجارت سے منع فرمادیا تاکہ اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ نہ ہو، اور ''مصنوعی رکاوٹ'' کا رواج ختم ہوجائے۔ (سنن ترمذی: ۲۳۲/۱، ابواب البیوع، رحمۃ اللہ الواسعہ: ۵۷۶/۴، میں تفصیل ملاحظہ کیجیے)

زمانۂ جاہلیت میں اسی سے ملتی جلتی یہ شکل بھی تھی کہ جب کوئی تاجر دیہات سے شہر میں آتا تھا تو شہر کے بعض تجار شہر سے باہر نکل کر ان سے پہلے ہی ملتے، اور سارا مال خرید لیتے تھے تاکہ یہ مال شہر میں نہ آسکے اور سارے لوگ ان سے خریدنے پر مجبور ہوں، اس کو اصطلاح میں ''تلقیِ جلب'' کہا جاتا ہے، سرکارِ دوعالم ﷺ نے ان دونوں صورتوں کو اس لیے منع فرمایا ہے، (سنن ترمذی: ۲۳۲/۱) اس لیے کہ دونوں میں اشیاء چند آدمیوں کے ہاتھوں میں جاکر عوام کے لیے مہنگی ہوجاتی ہیں۔ (تفصیل کے لیے دیکھئے: الدر المختار مع رد المحتار: ۱۴۸/۴ رشیدیہ پاکستان)

نیٹ ورک مارکیٹنگ میں بھی یہ خرابی ہے کہ ہر آدمی ان کمپنیوں کے سامان نہیں خرید سکتا، صرف ممبران ہی خرید سکتے ہیں؛ اس لیے بھی اشیاء نہایت ہی گراں ہوتی ہیں۔

(۶) اس طرح کی کمپنیوں میں اشیاء کی قیمت عام مارکیٹ ریٹ (Market rate) کے مقابلہ میں تین گنا بلکہ چھ گنا زیادہ ہوتی ہے، اشیاء کی جودت وعمدگی کا دعویٰ بھی فضول معلوم ہوتا ہے؛ اس لیے کہ اگر وہی اشیاء عام مارکیٹ میں رکھی جائیں، تو لوگ ہرگز اتنی قیمت میں نہیں خریدیں گے، دوسری کمپنیوں کی مصنوعات ہی کو ترجیح دیں گے۔

خلاصہ یہ کہ یہ گرانی فقہ کی اصطلاح میں ''غبن فاحش'' کہلاتی ہے، جو مکروہ ہے، حتیٰ کہ شریعت نے مشتری کو غبنِ فاحش کی وجہ سے مبیع (خریدی ہوئی چیز) کے واپس کرنے کا حق دیا ہے۔ (رد المحتار: ۱۷۸/۴، رشیدیہ پاکستان)

(۷) حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے ''حجۃ اللہ البالغہ'' میں ممنوع معاملات کی جملہ ''نو'' وجوہ میں سے چوتھی وجہ یہ بیان فرمائی ہے:

”وَمِنهَا أن يُّقصَدَ بِهٰذَا البَيعِ مُعَامَلَةٌ أُخرىٰ يَترَقَّبُهَا فِی ضِمنِهٖ أو مَعَهٗ“ الخ

ترجمہ: اور ممانعت کی انھیں وجوہ میں سے یہ ہے کہ اس بیع سے کسی ایسے دوسرے معاملے کا قصد ہو، جس کا وہ بیع کے ضمن میں یا بیع کے ساتھ انتظار کرتا ہو۔

خرید وفروخت کو خالص رکھنا ضروری ہے، اگر خرید وفروخت کے ساتھ کسی اور معاملہ کا قصد ہوجائے تو بیع فاسد ہوجاتی ہے۔نیٹ ورک مارکیٹنگ میں بظاہر تو آدمی کمپنی کا سامان خریدتا ہے؛ لیکن مقصد ممبر سازی کے ذریعہ کمیشن کمانا ہوتا ہے، اس وجہ سے بھی تجارت کی یہ شکل ناجائز معلوم ہوتی ہے۔

(۸) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ”بیع بالشرط“ کو منع فرمایا ہے: أنَّ النَّبِیَّ صلی اللّٰہ علیہ و سلم نَھٰی عَنْ بَیْعٍ وَ شَرْطٍ. (مجمع الزوائد:۴/۸۵)

بیع اور شرط ایک ساتھ جمع کرنا جائز نہیں ہے؛ اس لیے کہ شرطوں کی وجہ سے آدمی معاملہ تو ضرورت کی وجہ سے کرتا ہے اور شرط نہ چاہتے ہوئے بھی مان لیتا ہے، نیٹ ورک مارکیٹنگ میں کمپنی کا مال خریدنے کے ساتھ ہی یہ شرط ہوتی ہے، کہ مثلاً:

(الف) کمپنی کا مال بازار میں رکھ کر بیچ نہیں سکتے۔

(ب) کمپنی کے مال یا اس کے طریقۂ کار کی خامیاں بیان نہیں کرسکتے۔

(ج) کمپنی کا سامان لینے کیلئے ایجنٹ اور ممبر بننا شرط ہے، ممبری فیس ضرور وصولی جائیگی۔

(د) بعض کمپنیوں میں رعایتی قیمت پر سامان لینے کے لیے ممبر ہونا اور ممبری فیس ادا کرنا ضروری ہے، بغیر ممبر بنے سامان خریدنے پر سامان مہنگا ملے گا۔

گویا اس طرزِ تجارت میں بیع کے ساتھ ایسی شرط؛ بلکہ چند شرطیں موجود ہوتی ہیں، جو مقتضائے عقد کے خلاف ہیں؛ اس لیے یہ معاملہ فاسد ہوگا، ہدایہ میں ہے: کُلُّ شَرطٍ لَا یَقتَضِیهِ العَقدُ وَفِیهِ مَنفَعَةٌ لِأَحدِ المُتَعَاقِدَینِ اَوْ لِلمَعقُودِ عَلَیهِ وَهُوَ مِنْ اَهلِ الِاستِحقَاقِ فَیُفسُدُ. (مع فتح القدیر:۳/۲۶، البحر الرائق:۵/۱۸۲)

(۹) نیٹ ورک مارکیٹنگ میں خرید وفروخت کے معاملہ کے ساتھ اجارہ (یعنی ایجنٹ بننے کی ملازمت) مشروط ہے؛ اس لیے ایسے عقدِ بیع اور عقدِ اجارہ کو دو معاملوں کا مجموعہ کہہ سکتے ہیں، اور یہ حدیث شریف کی رو سے ممنوع ہے، ترمذی شریف میں حضرت ابوہریرہؓ کی ایک روایت ہے:

نَھٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَنِ البَیعَتَینِ فِی بَیعَةٍ. (ترمذی:۱/۲۳۳، ابواب البیوع)

ترجمہ: ”آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک معاملہ میں دو معاملہ کرنے سے منع فرمایا ہے“۔

مسند احمد کی ایک روایت میں ہے:

نَهٰی رَسُوْلَ اللّٰه ﷺ عَنْ صَفْقَتَيْنِ فِيْ صَفْقَةٍ وَاحِدَةٍ. (مسند احمد حدیث نمبر:۳۷۷۴)

ترجمہ: ''آپ نے ایک معاملہ میں دو معاملہ کرنے سے منع فرمایا ہے''۔

(**نوٹ**: نیٹ ورک مارکیٹنگ کے ناجائز ہونے کی شرعی وجوہات میں سے ساتویں، آٹھویں اور نویں وجوہات ایک دوسرے سے ملتی جلتی ہیں۔اشتیاق)

(۱۰) نیٹ ورٹ مارکیٹنگ پر گہری نگاہ ڈالنے سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ اس میں درحقیقت لوگوں کو موہوم کمیشن کا لالچ دلا کر باطل اور ناجائز طریقے سے مال کھانے کا طرز اپنایا گیا ہے، اس طرزِ معاملہ کو ماہرینِ اقتصادیات ''تعاملِ صغریٰ'' (Zero sum game) کہتے ہیں، جس میں بعض افراد نفع پاتے ہیں اور اکثر خسارہ میں رہتے ہیں۔ (بحث ونظر ص:۱۷۰) اللہ تعالیٰ نے باطل طریقۂ کسب کو سختی سے منع فرمایا ہے:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَأْكُلُوْا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِنْكُمْ. (نساء:۲۹)

اے ایمان والو! آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق مت کھاؤ، لیکن کوئی تجارت ہو جو باہمی رضامندی سے واقع ہو۔

اہل فقہ وفتاویٰ کی آراء:

نیٹ ورک مارکیٹنگ چونکہ معاشی، اخلاقی اور شرعی ہر لحاظ سے ناقابلِ قبول ہے، اس لیے اکابرِ امت نے اس سے بچے رہنے کی تلقین فرمائی ہے، ذیل میں اختصار کے ساتھ چند اکابر اہلِ علم کے نام لکھے جاتے ہیں۔

عرب علماء میں:

شیخ محمد صالح المنجد، ڈاکٹر عبدالحئ یوسف، ڈاکٹر احمد بن موسیٰ (طائف) اور احمد خالد ابوبکر زید مجدہم۔

پاکستانی علماء میں:

مفتی محمد عصمت اللہ بتصدیق مفتی محمد تقی عثمانی زید مجدہما دارالعلوم کراچی، مفتی محمد ہلال صاحب زید مجدہ جامعۃ العلوم الاسلامیہ پاکستان، اور مفتی محمد نعیم صاحب زید مجدہ خیرالمدارس

ملتان۔ (تلخیص مقالات سولہواں فقہی سیمینار فقہ اکیڈمی انڈیا)

ہندوستانی علماء میں:

حضرت الاستاذ مفتی حبیب الرحمٰن خیرآبادی زیدمجدہ صدر مفتی دارالعلوم دیوبند، حضرت الاستاذ مفتی محمد ظفیر الدین صاحب زیدمجدہ مفتی دارالعلوم دیوبند، حضرت مفتی کفیل الرحمٰن نشاط صاحبؒ نائب مفتی دارالعلوم دیوبند، حضرت الاستاذ مفتی محمود حسن صاحب بلندشہری مفتی دارالعلوم دیوبند، حضرت الاستاذ مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری شیخ الحدیث زیدمجدہ دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا محمد برہان الدین سنبھلی زیدمجدہ، حضرت مفتی محمد ظہور صاحب زیدمجدہ دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ، حضرت الاستاذ مفتی محمد طاہر زیدمجدہ مفتی مظاہر علوم سہارنپور، حضرت مفتی محمد سلمان منصور پوری زیدمجدہ مفتی مدرسہ شاہی مرادآباد، حضرت مولانا ابوالمحاسن سجادؒ امارتِ شرعیہ پھلواری شریف پٹنہ، حضرت مولانا خالد سیف اللہ رحمانی المعہد العالی الاسلامی حیدرآباد، حضرت مفتی محمد جمال الدین صاحب دارالعلوم حیدرآباد، یہ فتاویٰ اور رائیں تو انفرادی طور پر ہیں، اسلامک فقہ اکیڈمی دہلی کے سولہویں سیمینار منعقدہ دارالعلوم مہذب پور اعظم گڑھ میں علماء اور مفتیان کرام کی ایک عظیم جماعت نے اتفاقِ رائے کے ساتھ عدمِ جواز کی تجویز پاس فرمائی ہے۔

دارالعلوم دیوبند کا فتویٰ: ''حوالہ (ب:۶۸۱)... یہ کاروبار نہ تو شرکتِ مضاربت پر مبنی ہے، نہ ہی شرکتِ عنان کے طریقہ پر ہے، بلکہ یہ کاروبار خالص قمار اور سٹے پر مبنی ہے، ۴۴۰۰ آدمی جمع کرتا ہے، اگر کمپنی کے مزاج کے مطابق ممبر سازی میں وہ کامیاب ہوگیا تو اُسے گھر بیٹھے بیٹھے ایک بہت بڑی رقم ملتی رہے گی، اور اگر ممبر سازی میں ناکام رہا تو اس کے روپے بھی سوخت ہوجاتے ہیں، جو کام نفع ونقصان کے درمیان دائر ہو اور مبہم ہو، وہ شریعت کی اصطلاح میں ''قمار اور جوا'' کہلاتا ہے، جو بنصِ قطعی حرام ہے، علاوہ اس کاروبار میں ''صَفْقَةٌ فِيْ صَفْقَتَيْنِ'' کی صورت بھی پائی جاتی ہے، اس میں ''بیع وشرط'' کے ایک ساتھ جمع ہونے کی بات بھی پائی جاتی ہے، جو ''نهى النبيُّ عن بَيْعٍ وَشَرْطٍ'' کے خلاف ہے، اس طرح کی متعدد خرابیاں پائی جاتی ہیں، مسلمانوں کے لیے ایسی کمپنی میں شرکت کرنا جائز نہیں فقط واللہ اعلم، حبیب الرحمٰن عفا اللہ عنہ، مفتی دارالعلوم دیوبند ۱۴۲۶/۶/۲ھ، الجواب صحیح: (دستخط) ''کفیل الرحمٰن نشاط، محمد ظفیر الدین عفی عنہ'' مع مہر دارالافتاء۔

مظاہر علوم سہارنپور کا فتویٰ: حوالہ: (۴۴۲)... ''ایم وے'' کمپنی کا لٹریچر ہم نے دیکھا ہے، اس کے طریقۂ تجارت میں بعض شرطیں مقتضائے عقد کے خلاف ہیں، مثلاً ایک

شرط یہ ہے کہ اس کمپنی کا ممبر کمپنی کے سامان کو بازار میں باقاعدہ دوکان لگا کر فروخت نہیں کرسکتا وغیرہ، جب کہ مقتضائے عقد کے خلاف شرط لگانے سے معاملہ بیع فاسد ہوجاتا ہے، نیز اس میں قمار کی بھی مشابہت ہے، اس لیے اس کمپنی میں شرکت ناجائز ہے، ذاتی خریداری کے لیے بھی اس کا ممبر بننا درست نہیں ہے، فقط واللہ اعلم حررہ العبد محمد طاہر عفا اللہ عنہ، مظاہر علوم سہارنپور ۲۰/۵/ ۱۴۲۶ھ، الجواب صحیح (دستخط) ''مقصود احمد ۲۲/۵/۱۴۲۶ھ'' مع مہر دارالافتاء۔

دارالعلوم ندوۃ العلماء کا فتویٰ: (۲۳۱۳۶-۱۷۴۵۴)... شرعی اعتبار سے ''ایموے کمپنی'' میں شرکت داری درست نہیں ہے، مسلمانوں کو اس میں شرکت سے احتراز کرنا ہوگا، فقط۔ محمد ظہور ندوی عفا اللہ عنہ، دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ ۱۸/۵/۱۴۲۶ھ، مع مہر دارالافتاء والاحکام۔

نوٹ: مذکورہ بالا فتاویٰ میں ''ایموے کمپنی'' کی صراحت سے یہ خیال نہ ہو کہ فتاویٰ صرف ایک کمپنی کے ساتھ خاص ہیں بلکہ یہ حکم ''نیٹ ورک'' طریقۂ تجارت کے مطابق چلنے والی ساری کمپنیوں کے لیے ہے؛ چونکہ ''استفتاء'' میں ''ایموے'' کی صراحت تھی، اس لیے فتاویٰ میں اسی لفظ کو دہرایا گیا ہے۔

امارتِ شرعیہ پٹنہ کا فتویٰ: حضرت مولانا ابوالمحاسن سجاد صاحبؒ نے کسی قسم کے ایک استفتاء کے جواب میں لکھا ہے کہ ''بفحوائے حدیث: نهى رسول الله ﷺ عن بَيْعِ الْغَرَرِ (مسلم، ابوداؤد: ۶۷۳۳) اور بحکم لَا ضَرَرَ وَلَا ضِرَارَ فِيْ الإسلامِ (الاشباہ والنظائر: ۲۷۳/۱) یہ معاملہ غیر شرعی اور یقینی طور پر سراسر باطل ہے، اگر کوئی اخیر کا ممبر اپنے ذریعہ سے کوئی ممبر نہ بنا سکا، تو اسے کوئی کمیشن یا فائدہ نہیں ملے گا، اور اس کی اصل فیس بھی نہیں ملے گی، تو یہ ایک طرح کا دھوکہ اور غرر ہے۔ (بحوالہ تلخیص مقالات سولھواں سمینار اسلامک فقہ اکیڈمی دہلی)

اشکال وجواب:

(۱) بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ ممبر بنانے پر کمپنی کا کمیشن دینا انعام ہے، راست ممبر بنانے پر تو دیا ہی جاتا ہے، نیچے کے ممبران کے بنائے ہوئے ممبران؛ چونکہ پہلے ممبر کے واسطے سے ہیں؛ اس لیے کمپنی اگر بعد میں بھی انعام کا سلسلہ جاری رکھتی ہے، تو اس میں کیا حرج ہے؟

جواب: نیچے کے افراد سے لے کر اوپر کے لوگوں کو فی صدی کمیشن (Commission) دینا ارتکازِ دولت اور مال ہتھیانے کا حیلہ ہے، یہ میسر کے مشابہ تو ہوسکتا ہے، انعام سے اس کا کوئی

واسطہ نہیں؛ اس لیے کہ انعام صلب بیع میں کبھی داخل اور مشروط نہیں ہوتا۔

(۲) جس طرح ایک کارِ خیر کے ثواب کا سلسلہ چلتا رہتا ہے، ایک آدمی نے کسی کو کسی نیک کام کی تلقین کی، دوسرے نے عمل کرنے کے ساتھ تیسرے کو تلقین کی، تو ظاہر ہے کہ بعد والے کا ثواب پہلے والے کو ضرور ملے گا، اسی طرح ''نیٹ ورک مارکیٹنگ'' میں بھی کمپنی کمیشن کا سلسلہ جاری رکھتی ہے، تو اس میں کیا حرج ہے؟

جواب: ثواب دینا اللہ تعالیٰ کا فضل اور احسان ہے، وہ اللہ تعالیٰ کی مرضی پر موقوف ہے، اللہ کا فضل کسی ضابطہ کا محتاج نہیں، مذکورہ کمپنی کو ثوابِ آخرت پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے؛ اس لیے کہ یہ دنیا کا معاملہ ہے اور بندوں کے ذریعہ تکمیل کو پہنچتا ہے، بندوں کو اللہ تعالیٰ نے قانون کا پابند بنایا ہے، اسی کے لیے شریعت نازل فرمائی ہے، اللہ تعالیٰ کسی قانون کے پابند نہیں، وہاں عدل کے ساتھ فضل کا ظہور ہوگا، بندوں کے معاملے اللہ تعالیٰ کے قانون سے سرِ مو تجاوز نہیں کر سکتے، ثواب کا معاملہ بالکل مختلف ہے۔

ہمیں ہمارے اساتذہ نے پڑھایا، ہم طلبہ کو پڑھاتے ہیں، وہ طلبہ دوسرے طلبہ کو پڑھاتے ہیں، ثواب تو نیچے والوں کا اوپر والوں کو ضرور ملتا ہے؛ لیکن نیچے والوں کی تنخواہ کا کوئی حصہ اُوپر والوں کو نہیں ملتا؛ آخر کیوں؟

(۳) ممبر سازی کی اُجرت دلالی کی طرح ہے، جس طرح دلال کو سامان خریدوانے اور بیچوانے کی اجرت ملتی ہے، اسی طرح یہاں بھی نئے ممبر بنانے پر اُجرت ملتی ہے، تو اس میں کیا خرابی رہ گئی؟

جواب: مذکورہ طرز تجارت اور دلالی میں کافی فرق ہے اس لیے کہ:

(الف) دلال کو سامان کی فروختگی پر اُجرت ملتی ہے، یہاں تو ایجنٹ بننے کے لیے خود ایجنٹ ہی اجرت ادا کرتا ہے، معلوم ہوا کہ یہاں معاملہ بالکل برعکس ہے، مذکورہ تجارت میں سامان فروخت کرنا، اصل مقصد نہیں ہوتا؛ بلکہ نئے ایجنٹ تیار کرنا ہی اہمیت رکھتا ہے۔

(ب) دلال کو کوئی گھاٹا نہیں ہوتا، وہ مال فروخت کراتا اور اجرت وکمیشن پاتا رہتا ہے؛ لیکن یہاں ہر آخری مرحلہ کا ایجنٹ یقینی طور پر گھاٹے میں رہتا ہے، ظاہر ہے کہ کمپنی کبھی نہ کبھی رُکے گی، جب بھی رکے گی، آخری مرحلہ کے ایجنٹ کو کچھ نہیں ملے گا، پھر ظلم یہ کہ ممبری فیس بھی سوخت ہوجائے گی، ''یک نہ شد دو شد''؛ اس لیے ان کمپنیوں کی ممبر سازی کی مہم کو دلالی سے تعبیر کرنا غلط ہے۔

خلاصۂ بحث:

نیٹ ورک مارکیٹنگ دولت اِکٹھا کرنے کی ایک اَہرامی اور مخروطی اسکیم ہے، اس میں مصنوعات بطورِ حیلہ فروخت کی جاتی ہیں، اصل مقصد ممبر سازی کے ذریعہ نفع کمانا ہوتا ہے، اس میں سود سے بھی زیادہ ارتکازِ دولت کی تدبیر موجود ہے، لاٹری (Lottery) اور جوے سے مشابہت ہے، دھوکہ اور غرار اتنا زیادہ ہے کہ دولت مندی کے لالچ میں پوری کی پوری آبادی کو مالی بحران کا شکار بنا سکتی ہے، اس میں چند لوگوں کو منافع پہنچانے کے لیے ایک کثیر تعداد زنجیر میں بندھی رہتی ہے، اخیر کے لواحقین وممبران ہمیشہ دھوکے اور گھاٹے میں رہتے ہیں بلکہ بعض صورتوں میں نیچے کے کئی مراحل بلاکمیشن منھ تکتے رہتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ ''سودی نظام'' کے ماہرین نے بھی اس طرزِ تجارت کو مسترد کردیا ہے، متعدد ممالک میں اس پر پابندی عائد کی گئی ہے، ساتھ ہی عوام کو اس میں پھنسنے سے متنبہ بھی کیا گیا ہے، یہ اخلاقی اور اقتصادی لحاظ سے بھی قابلِ قبول نہیں ہے، شرعی اور فقہی نقطۂ نظر سے اس میں سود وقمار سے مشابہت؛ بیع مع شرط کا وجود؛ دومعاملوں کو ایک میں جمع کرنا؛ خرید وفروخت کے بہانے دوسری چیز یعنی کمیشن کا ارادہ؛ باطل طریقے سے مال جمع کرنا؛ ملکی مصلحت کا فقدان اور بعض صورتوں میں ''غبن فاحش'' وغیرہ خرابیاں پائی جاتی ہیں؛ اس لیے اس میں شرکت جائز نہیں ہے، ہند وعرب کے مشاہیر علماء اور مفتیانِ کرام نے عدمِ جواز کے فتوے صادر فرمائے ہیں، اسلامک فقہ اکیڈمی دہلی کے سولہویں اجلاس میں اہل علم وفقہ کی ایک عظیم جماعت نے اس کی حرمت پر اتفاق کیا ہے۔

جس شخص کو راست ممبر بنایا جائے اس کی خریداری پر ملنے والا کمیشن اگرچہ فی نفسہ جائز ہوسکتا ہے، مگر وہ بھی چونکہ الگ کرکے نہیں دیا جاتا؛ بلکہ چند ممبران اور چند مرحلے گذرنے ضروری ہوتے ہیں، اور سب کا کمیشن ملاکر دیا جاتا ہے؛ اس لیے حرام وحلال کے ملنے کی وجہ سے پہلے مرحلہ کے ممبران کی وجہ سے آنے والا کمیشن بھی حرام ہوگا، محض مصنوعات خریدنے کے لیے ایسی کمپنیوں کا ممبر بننا بیع مع شرط کی وجہ سے ناجائز ہے، بلاممبر بنے سامان خریدنا جائز تو ہے، مگر ایسی کمپنیوں کا تعاون ہونے کی وجہ سے کراہت سے خالی نہیں، ایسی کمپنیاں نہ تو معاشی اور اقتصادی لحاظ سے فائدہ مند ہیں؛ نہ ہی اخلاقی اعتبار سے قابل شرکت اور نہ ہی اسلامی اصول کے تحت جائز ہیں، اس لیے ان کا ممبر بننا اور کمیشن حاصل کرنا، ناجائز اور حرام ہے۔

وصلی اللّٰہ تعالیٰ علی خیرِ خلقہٖ محمدٍ وّآلہ أجمعین، وَالحمد للّٰہ رب العالمین.

عورتوں کیلئے قرآنی دینی تعلیم کی اہمیت

از: محمد اسماعیل طورو
راولپنڈی، پاکستان

جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ اللہ سبحانہ تعالیٰ نے قرآن وسنت میں انسانوں اور جنوں کو صرف اور صرف اپنی عبادت کیلئے پیدا کیا اور پھر انسانوں میں مردوں اور عورتوں کو تخلیق فرمایا اور تخلیق کا مقصد بھی واضح فرمایا، ''مردوں اور عورتوں میں سے جس نے بھی حالت ایمان میں اعمال صالحہ سرانجام دیئے تو ہم انہیں پاکیزہ زندگی عطا کردیں گے۔ اوران کے عمل سے بھی بہت بدلہ انہیں دیں گے''۔ (سورۃ النحل آیت:۹۷)

اور پھر سورۃ آل عمران آیت ۱۹۵ میں بھی یہی بات کہی گئی اور پھر سورۃ بقرہ آیت ۲۲۸ میں بھی فرمادیا گیا کہ ''عورتوں کے حقوق اپنے دائرہ کار میں رہتے ہوئے مردوں کے حقوق کے برابر ہیں''۔

میری بات کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مرد ہو یا عورت ان کی حیات کا مقصد اپنی عبادت ہی بتایا ہے۔ ہر ہر شے اللہ سبحانہ تعالیٰ کی حمد وپاکی میں مشغول ہے، بالکل اسی طرح پیدا ہونے سے مرنے تک کا مختصر وقت ہمیں دیا گیا ہے تو محض اس لئے کہ دیکھا جاسکے کہ کون ''احسن عمل'' کرکے آتا ہے۔ اس بات کا ذکر سورۃ ملک میں موجود ہے۔

ہاں یہ بات ضرور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے عورت اور مرد کو مختلف بنایا ہے۔ یعنی دونوں کو مختلف دائرہ کار فراہم کئے ہیں۔ جیسے کائنات کی ہر شے ایک نظام اصول اور دائرہ کار میں موجود ہے۔ بالکل اسی طرح عورت اور مرد کیلئے دائرہ کار بنادیا گیا کہ اپنی اپنی حدود میں اصول شرعیہ کے ساتھ زندگی کو بسر کریں۔ مرد کیلئے گھر سے باہر اور عورت کیلئے گھر کے اندر رہنے کیلئے اصول ونظام بتایا، اور پھر اگر پوری کائنات پر غور کیا جائے، تو بعض کو بعض پر فضیلت دی گئی ہے۔ ہر شے اپنے دائرے اور حد میں لیکن کچھ کا کام اور ذمہ داری اس کی استطاعت کے مطابق زیادہ ہے اور کچھ کا

کم۔ کچھ کوامیر بنایا، کچھ کو غریب۔ کوئی بادشاہ ہے اور کوئی فقیر، لیکن اس تفریق کا ہرگز ہرگز مطلب یہ نہیں ہے کہ محض اس تفریق سے کوئی اعلیٰ یا افضل ہوگیا، یا کمتر ہوگیا بلکہ مقصد اس تفریق سے یہ ہے کہ یہ سب ایک دوسرے کو متوازن کرے۔ بہتر اور افضل تو صرف وہی ہے جو تقویٰ والا زیادہ ہے۔ (بلاشبہ) یعنی کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے دنیا کو ''دارالامتحان'' بنایا پھر واضح فرمادیا کہ دارالجزاء کے فیصلے کا معیار، ایمان اور اعمال صالحہ ہیں۔ پس عورت اور مرد کو مختلف دائرہ کار دیئے گئے اور پھر مرد کو امیر بنا کر فضیلت دی گئی یعنی کہ مرد کو استطاعت زیادہ دی گئی اور ذمہ داری بھی زیادہ دی گئی لیکن ساتھ ہی عورت کو اس کا مددگار بنایا گیا اور پھر دونوں کو ایک دوسرے کیلئے راحت کی شے بنادیا گیا۔ حدیث پاک میں ہے۔ ''طلب العلم فریضة علی کل مسلم'' کہ علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے۔ اتنا علم تو سبھی پر فرض ہوا کہ حلال وحرام، پاکی ناپاکی، جائز ناجائز کو جانا جاسکے؛ لیکن اس کے بعد جتنا بھی دینی علم ہے اس کیلئے یہ کہیں پر بھی نہیں کہا گیا کہ عورتیں حاصل نہ کریں جب کہ مردان کو ضرور حاصل کریں۔ اس کے بعد مقصودی علم تو ہر کوئی حاصل کرسکتا ہے۔ جسے شوق ولگن ہو، اگر عورتوں کیلئے مزید علم حاصل کرنا منع ہوتا تو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ''افقہ الناس'' اور ''حسن الناس'' نہ ہوتیں۔ عہد رسالت میں عورتوں کی دینی تعلیم کا باقاعدہ انتظام تھا۔ صحابیات رضی اللہ تعالیٰ عنہن کے خصوصی اجتماع میں رسول اللہ ﷺ تشریف لے جاکر تلقین و وعظ فرمایا کرتے تھے۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی طرح صحابیاتؓ بھی محدثہ، فقیہ، عالمہ، فاضلہ مفتیہ اور کاتبہ تھیں۔ ام المؤمنین حضرت عائشہؓ فقیہ الامت ہیں۔ ام المومنین ام سلمہؓ فقیہہ ومفتیہ تھیں۔ حضرت حفصہؓ لکھنا پڑھنا پڑھنا دونوں جانتی تھیں۔ حضرت خنساءؓ شاعرہ تھیں۔ اسی طرح پہلی اور دوسری صدی ہجری میں پورے عالم اسلام میں احادیث کی روایت وتدوین کا سلسلہ شروع ہوا جن خواتین کے پاس مجموعے تھے ان سے وہ حاصل کئے گئے۔ حدیث کی تحصیل کیلئے محدثین ورواۃ کی طرح محدثات وراویات نے بھی گھربار چھوڑ کر دور دراز ملکوں کا سفر کیا۔ اور ان محدثات وطالبات کیلئے محدثین وشیوخ کی درس گاہوں میں مخصوص جگہیں رہا کرتی تھیں، جس میں وہ مردوں سے الگ رہ کر سماع کرتی تھیں اور اسی طرح ان محدثات میں سے بہت سی حافظات، قاریات اور مفسرات تھیں وعظ وتذکیر میں نمایاں تھیں۔ رشد وہدایت، تزکیہ نفس، شعر وادب، خطاطی وکتاب وانشاء، اذکار کی تعلیم وتربیت میں بھی بہت زیادہ نمایاں تھیں اور رہیں۔

چوتھی صدی میں قرآنی مدارس کا انتظام ہوا۔ بنات الاسلام کی طرف سے سب سے پہلا قرآنی مدرسہ مغرب اقصیٰ کے شہر فاس میں ۲۴۵ھ میں قائم ہوا۔ جو آج بھی جامعہ قزوین کے نام سے موجود ہے۔ ایسی عورت جو علوم دینیہ کا شوق نہ رکھتی ہو، وہ کسی بھی حد تک اپنے شوہر کی معاون ہوسکے گی۔ کیا عورت کا وجود محض گھر کو صاف کرنا، کھانا پکانا اور بچے سنبھالنا (سنبھالنا کہا ہے تربیت نہیں) تک محدود نہیں رہ جائے گا؟ اور شوہر کو خوش رکھنا، کیا یہ محض اس لئے تو نہیں ہوگا کہ بہرحال شوہر کے گھر کے بعد عورت کیلئے معاشرتی پناہ کہیں اور نہیں ہوتی اور پھر رسول اللہ ﷺ کی امت کی زندگی تو بہت مختصر ہے نا، اس کی وجہ سے اجر بہت زیادہ ملتا ہے۔ نامہ اعمال کھلا ہی رہتا ہے۔ عورت کو صرف ان کاموں میں بند کرکے علمی و عملی کاموں کے اجر و ثواب سے محروم نہیں ہوجائے گی؟

اللہ تعالیٰ نے ساری کائنات کو اپنے امر سے بنایا اور صرف انسان کو اپنے دست مبارک سے پیدا کیا اور اپنا نائب بنایا۔ اللہ رب العزت اپنے بندے سے ایک ماں کی نسبت ستر گنا زیادہ محبت کرتے ہیں۔ اس لئے اللہ رب العزت ہی بہتر جانتے ہیں کہ مرد و عورت کی زندگی کو بہتر بنانے کے لئے کن علوم کی پہلے ضرورت ہے۔ چونکہ یہ کتاب خصوصاً عورتوں کیلئے لکھی گئی ہے۔ اس لئے ہم عورتوں کی دینی تعلیم کو بیان کرنا چاہیں گے۔ ارشاد ربانی ہے: "واذکر ما یتلی فی بیوتکن من آیات اللّٰہ والحکمۃ" (الآیۃ)

"اور یاد کرو اے عورتو! اللہ تعالیٰ کی باتوں کو جو تمہارے گھروں میں پڑھی جاتی ہیں اور دانائی کی باتوں کو۔"

سورہ نور میں چونکہ خواتین سے متعلق احکامات عفت، پردہ، استیذان وغیرہ قدرے تفصیل سے درج ہیں، اس لئے آنحضرت ﷺ نے خواتین کو سورۂ نور کی تعلیم دلانے کی خصوصی ترغیب دی (قرطبی)

اب سب سے پہلے اس امر کی ضرورت ہے کہ عورتیں قرآن کی بنیادی علوم سیکھیں کیونکہ قرآنی علوم کا سیکھنا فرض ہے۔ جبکہ ایسے علوم جن کا تعلق معیشت یا سائنسی ترقی سے ہے ان کا سیکھنا مسلمان عورتوں کیلئے ضروری نہیں۔ ہاں مردوں کیلئے اس کا سیکھنا لازم ہے بلکہ فرض کفایہ ہے بلکہ سارے فقہاء و مجتہدین نے لکھا ہے کہ ایسے علوم وفنون جن کی عوام کو ضرورت ہو اور مسلمانوں میں اس کے ماہرین نہ ہوں تو سارے مسلمان گناہ کبیرہ کے مرتکب ہوں گے۔ اسلام علوم جدیدہ کا بھی داعی ہے۔ (دیکھئے فتاویٰ عالمگیری، فتاوی سراجیہ)

آج کل عوموی ذہن یہ بنا ہوا ہے کہ موجودہ تعلیم کے بغیر بچی آداب زندگی Manner of life طرز معاشرت نہیں سیکھ سکتی اور امور خانہ داری کما حقہ سرانجام نہیں دے سکتی وغیرہ وغیرہ تو اس سلسلے میں گذارش ہے کہ شرم وحیا چھوٹوں بڑوں کا ادب، والدین اور بھائیوں بہنوں سے محبت حسن سلوک وغیرہ سیکھنے کیلئے اسکول کالج کے علوم نہیں؛ بلکہ آج کل اسکول کی بچیوں کا لباس، چال چلن، انداز، رفتار، گفتار اور مختلف موقعوں پر فحش ونیم عریاں لباس میں ملبوس اسٹیج ڈراموں نے بچیوں کو ادب کیا سکھایا؟ بلکہ الٹا انکو بے حیا بنادیا ہے (نعوذ باللّٰہ من ذلك) شرم وحیا اور ادب کیلئے تو سب سے بہتر قرآن وحدیث کی تعلیم ہے۔ اس میں اپنی زندگی بھی سنورے گی اور معاشرے کا بگاڑ بھی ختم ہوگا۔

متقدمین اور متاخرین دونوں علماء وفقہاء کرام کا اس بات پر اتفاق ہے کہ دینی علم حاصل کرنے کا عورت کو بھی بالکل اسی طرح حکم ہے جس طرح مرد کو ہے۔ اس کے دو سبب ہیں:

شرعی اور دینی احکام میں عورت مرد کی طرح ہے۔ اسی طرح آخرت میں سزا اور جزا کے اعتبار سے عورت مرد کی طرح ہے اس لئے کہ اسلام نے عورت پر تمام فرائض لازم کئے ہیں، اور مرد کی طرح عورت کو بھی ان کا مکلّف بنایا ہے جیسا کہ نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، نیکی، اطاعت، عدل وانصاف، حسن وسلوک اچھی باتوں کا حکم دینا اور برائی سے روکنا؛ لیکن بعض خصوصی حالات میں اسلام نے عورت سے کچھ فرائض کو اٹھالیا ہے یا تو اس وجہ سے کہ عورت مشقت وتکلیف میں گرفتار نہ ہوجائے یا اس کی صحت کی خرابی کی حالت جیسے ماہواری اور زچگی، حیض، نفاس میں عورت سے نماز کو معاف کرنا اور روزہ، سے رخصت دینا یا اس کی وجہ سے وہ کام عورت کی جسمانی وضع سے اور نسوانی طبیعت سے میل نہیں کھاتا مثلاً یہ کہ وہ میدان جنگ میں لڑائی کرے یا لوہاری یا معماری کرے اور وہ ذمہ داریاں اس سے چھوٹ جائیں جس کیلئے اسے پیدا کیا گیا ہے یا کوئی کام ایسا ہو جس کے کرنے سے کوئی خطرناک معاشرتی فساد مرتب ہو۔ اہل عقل وبصیرت والوں کے ہاں عورت کو اس کے دائرہ کار سے اٹھا کر دوسری جگہ پر لے جانا عورت کی قدر ومنزلت اور عزت کو گھٹانا ہے۔ ترمذی اور ابوداؤد کی روایت میں لڑکیوں کی تعلیم وتربیت کی طرف ترغیب دلانے کے بارے میں ارشاد ہے:

من كان له ثلاث بنات او ثلاث اخوات او بنتان او اختان فادبهن واحسن اليهن وزوجهن فله الجنه وايما رجل كانت عنده وليدة فعلمها فاحسن تعليمها وادبها فاحسن تاديبها ثم اعتقها فله اجران (ترمذی)

جس کی تین لڑکیاں یا بہنیں یا دولڑکیاں یا بہنیں ہوں اور وہ انہیں ادب سکھائے اوران کے ساتھ اچھا سلوک کرے اوران کی شادی کرے تواسکو جنت ملے گی۔

دوسری روایت کا ترجمہ ہے کہ جس شخص کے پاس کوئی باندی ہو وہ اسے تعلیم دے اوراچھی طرح پڑھائے اوراس کوادب سکھائے اور پھراسے آزاد کرکے اس سے شادی کرے تواس کے لئے دواجر ہیں۔اسی طرح صحیح بخاری ومسلم میں ہے کہ مسلمان عورتیں مقررہ دن جمع ہوکر نبی کریم ﷺ سے دین سیکھ لیا کرتی تھیں‘‘۔ام المومنین حضرت عائشہؓ بڑی محدثہ تھیں مرداورعورتیں ان سے سوالات کرتے تھے۔قاضی عیسیٰ بن مسکین صوفی وقت اپنی بچیوں اور پوتیوں کو پڑھایا کرتے تھے اورقاضی عیاضؒ عصر کے بعد بچیوں اور بھتیجیوں کو پڑھایا کرتے تھے۔چنانچہ فقہاء نے لکھاہے کہ جن احکام کی روزمرہ ضرورت پڑتی ہے ان کو حاصل کرنا فرض ہے۔ طلب العلم فریضة بقدر ما تحتاج الیه لامر لابد منه من احکام الوضو والصلوٰة وسائر الشرائع ولامور معاشه وما وراء ذلك لیس بفرض (فتاویٰ سراجیه)

ترجمہ:علم کا طلب کرنا فرض ہے اتنی مقدار جتنی کہ ضرورت پڑتی ہے ضروری طور پر ایسے معاملات کیلئے جن کا حاصل کرنا ضروری ہو وضواور نمازاور دیگر سارے شرائع اوراپنی معیشت کے امورکوسرانجام دینے کیلئے علوم حاصل کرنالازم ہے۔اس کے علاوہ علوم کا حاصل کرنا فرض نہیں۔

دینی تعلیم کے حصول کی شرائط

۱- سب سے پہلے اس بات کا خیال رکھا جائے کہ دینی تعلیم گھر کے کسی مرد سے حاصل کی جائے اگرایسا محرم نہ ہو جو دینی احکام سے واقف ہوتو وہ کسی محرم عالم سے احکام سیکھ کراور کتابیں پڑھ کرعورتوں کوسکھائے۔

۲- اگرایسی کوئی صورت نہ نکل سکے کہ گھر کے کسی فرد سے دینی احکام سیکھے جائیں تو ان آداب کا خیال رکھ کرکسی عالم کے پاس باہر نکلا جائے جن کا تذکرہ پہلے گذرچکا ہے۔

۳- دینی علوم دوقسم کے ہیں علوم عالیہ یعنی مقصدی علوم جو یہ ہیں قرآن، حدیث، فقہ وغیرہ۔علوم آلیہ وہ علوم ہیں جن کوقرآن وحدیث اورفقہ سمجھنے اور حاصل کرنے کے لئے ان کوآلہ کار بنایا جائے۔علوم آلیہ یہ ہیں: صرف،نحو،منطق،فلسفہ،علم معانی،علم ادب وغیرہ۔

ہرلڑکی پراس قدرعلم حاصل کرنا فرض ہے جن کا حصول روزمرہ زندگی کیلئے ضروری ہے مثال

کے طور پر وضو، غسل، ماہواری، زچگی، نماز، حج، زکوۃ وغیرہ کے مسائل، عورتیں اپنے مردوں سے سیکھیں یا کتابوں سے پڑھیں۔ اور اگر یہ صورتیں ممکن نہ ہوں تو پھر کسی عالمہ عورت سے معلوم کرے ان علوم (فرض عین) میں سے اچانک اگر عورت کو کسی مسئلہ کی ضرورت پڑی اور اپنا مرد مسئلہ پوچھ کر نہیں آتا یا اجازت نہیں دیتا اور عالمہ عورت نہ ہو تو اس کے حصول کیلئے عورت باپردہ بغیر مرد کی اجازت کے نیک معتمد عالم دین مفتی کے پاس جاسکتی ہے؛ لیکن علوم آلیہ پر کمال حاصل کرنا عورت کے لئے فرض نہیں۔

۴- صرف ان علوم کے حصول کیلئے گھر بار کو چھوڑ کر دوسری جگہ سکونت اختیار کرنا درست نہیں۔ کیونکہ یہ پرفتن دور ہے اور نئے نئے فتنے روزافزوں ابھر رہے ہیں۔ جب دینی مدارس کے بارے میں یہی حکم ہے تو دور جاکر اسکولوں اور یونیورسٹیوں کے بارے میں آپ حضرات خود فتویٰ لگائیں۔

یہ بات قابل غور ہے کہ لڑکیوں کیلئے اسکول کالج، یونیورسٹی اور دینی مدرسہ میں حافظہ عالمہ بننے کے لئے محرم رشتہ دار سمیت باہر جانا جائز ہے کوئی اس کو ناجائز نہیں کہہ سکتا، لیکن خارجی امور کو دیکھ کر پرفتن دور کو مدنظر رکھ کر عورت کا دائرہ کار سامنے لاکر یہ کہا جاتا ہے کہ اس طرح کی تعلیم جائز تو ہے (جس کی شرائط آگے آرہی ہیں) لیکن بہتر نہیں ہے۔

۵- پڑھانے والی استانیاں عالمات ہوں مرد نہ ہوں اگر عالمہ مل نہ سکے تو پھر مرد پردہ لٹکا کر یا دور بیٹھ کر لاؤڈ اسپیکر کے ذریعے سے پڑھائیں اور یہ دوسرا طریقہ بہتر اور فتنوں سے محفوظ ہے۔ لیکن ان امور کا خیال جامعہ کا منتظم کروائے کہ مرد سریلی آواز میں نہ پڑھائے، عشقیہ اشعار نہ کہے بلکہ علمی ضرورت کے علاوہ کوئی شعر نہ لکھے، طالبہ کا رول نمبر پکار کر حاضری لگائے نہ کہ نام لے کر، غیر ضروری اور غیر درسی باتوں سے اجتناب کرے، پڑھانے کے بعد وہاں بغیر ضرورت کے نہ ٹھہرے، افضل یہ ہے کہ شادی شدہ ہوں اور متقی با اعتبار عالم ہو۔ یہ پانچویں شرط صرف اسی صورت کے لئے ہے جبکہ علاقے میں ایسی کوئی عورت نہ ہو جو پوری عالمہ ہو اور عام عورتیں اس سے مسائل پوچھیں۔ جس طرح کہ مؤمنات صحابیات حضرت عائشہؓ سے پوچھتی تھیں۔ اگر علاقے میں کوئی مستند عالم، مفتی ہو تو اس کی بیوی کے ذریعے سے مسائل حل کرائے جائیں۔

اس صورت میں عالمہ بننے کی ضرورت نہیں اگرچہ فی نفسہ جائز ہے۔ اس لئے اس سے جو مقصد ہے وہ درست ہے۔

برصغیر میں صحابہ تابعین اور تبع تابعین کے اولین نقوش

از: (مولانا) حذیفہ وستانوی
استاذ جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم
اکل کوا، نندوربار (مہاراشٹر)

الحمدللہ! جس خطہ میں ہم اہل ہند آباد ہیں وہ ایک ایسا خطہ ہے جو ابتداء آفرینش سے ہی انبیاء اور رسولوں سے وابستہ ہے جس کی برکتوں سے اسلام اس دورِ پرفتن میں اپنی تمام تر رعنائیوں کے ساتھ مسلمانانِ ہند کے قلب وجگر میں آباد ہے۔ اور انشاء اللہ قیامت تک رہے گا۔ بعض احادیث کے مطابق حضرت سیدنا وابونا آدم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کا ہبوط سرزمین ہند پر ہوا اور بعض روایات کے مطابق آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام سرزمین مکہ پر اُتارے گئے، پھر بیت اللہ کی تعمیر کے بعد سرزمین ہند کی طرف تشریف لائے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ سرزمینِ ہند کو ابوالبشر حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قدم بوسی کا شرف حاصل ہے۔ صرف یہی نہیں چونکہ یہ خطہ تاریخ بشر کے آغاز ہی سے آباد ہوتا چلا آیا ہے اس سے آدم علیہ السلام کے بعد بھی انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی بعثت وقفہ وقفہ سے یہاں ہوتی رہی ہوگی جیسا کہ سرہند کے قریب ایک دیہات میں دونبیوں حضرت ابراہیم اور حضرت خضر علیہما الصلوٰۃ والسلام کی قبریں آج بھی موجود ہے، یہ دونوں مذکورہ انبیاء علیہما الصلوٰۃ والسلام والد اور صاحبزادے تھے، صرف اتنے ہی پر بس نہیں بلکہ نبی آخرالزماں علیہ الف الف تحیۃ وسلام کی بعثت کے ابتدائی مراحل ہی میں اسلام اہل ہند تک پہنچ چکا تھا جیسا کہ بعض تاریخی روایات سے معلوم ہوتا کہ ہندوستان کے شہر ''قنوج'' کا بادشاہ سربانک معجزۂ شق القمر کو دیکھ کر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اسلام قبول کیا، اسی طرح بعض روایات ہیں کہ ایک اور ہندی صحابی بابارتن ہندی کی ملاقات اور نبی کریم ﷺ سے چند احادیث کی روایت بھی ثابت ہے، آج بھی بابارتن ہندی کا مزار مشرقی پنجاب کے شہر بھنڈہ میں موجود ہے، اسی طرح ایک ہندوستانی بادشاہ کا نبی کریم ﷺ کی خدمت میں تحفہ بھیجنا بھی ثابت ہے جیسا کہ محدث کبیر حاکم نیشاپوری نے اپنی کتاب ''المستدرک'' میں اس

واقعہ کو ذکر کیا ہے، اسی طرح اہل سرندیپ نے بھی نبی کریم ﷺ کی خدمت میں ایک عقلمند، ذی شعور اور ذکی الفطرت شخص کو تعلیمات نبویہ کے مشاہدے کے لئے عرب تاجروں کے ساتھ روانہ کیا تھا، جب وہ مدینہ پہنچا تو نبی کریم ﷺ اس دارِفانی سے دارِ باقی کی طرف رحلت فرماچکے تھے اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بھی، اور حضرت عمر خلیفہ منتخب ہوچکے تھے، اس شخص نے اپنے وطن لوٹ کر تعلیمات اسلامیہ کی بہت تعریف کی، اہل سرندیپ اس سے بہت متأثر ہوئے، اس کی برکتیں ہیں جو آج مالدیپ مملکت اسلامیہ کی صورت میں آباد ہے، اس طرح جنگ یمامہ کے بعد حضرت علی کے حصہ میں آنے والی ایک خاتون ''خولہ سندیہ حنفیہ'' تھی، جس کے بطن سے آپ کے ایک صاحبزادے محمد بن حنفیہ پیدا ہوئے، علامہ بن خلکان نے اپنی معرکۃ الآرا تصنیف ''وفیات الاعیان'' میں خولہ کا ہندیہ ہونا ثابت کیا ہے، یہ تو وہ واقعات تھے جن سے بعض اہل ہند کا انفرادی طور پر اسلام میں داخل ہوکر السابقون الاولون کی فہرست میں شامل ہونے کا شرف حاصل کرنا ثابت ہوتا ہے۔

ہندوستان میں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی آمد:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو لباس نبوت و رسالت سے آراستہ کئے جانے کے بعد چوں کہ جزیرۃ العرب کے کافر ومشرک یہود ونصاریٰ کی جانب سے شدید مخالفت کا سامنا تھا، لہٰذا انہیں لوگوں کو اسلام میں داخل کرنے کی سعی میں مشغول رہے اور جس میں الحمدللہ آپ سو فیصدی ہی نہیں بلکہ ہزار اور لاکھ فیصدی کامیاب رہے کہ آں حضرت ﷺ کی ۲۳ رسالہ بے مثال جدوجہد کے نتیجہ میں پورا جزیرۃ العرب اسلام میں داخل ہوگیا، صرف داخل ہی نہیں بلکہ آپ کی صحبت کی برکت اور جانبین کی اخلاص کی وجہ سے مکمل طور پر تعلیمات نبویہ سے سرشار ہوگئے اور ہر اعتبار سے اسوۂ رسول ﷺ میں ڈھل گئے، یہاں تک کہ قرآن کریم میں اللہ رب العزت نے انہیں اپنی رضا کا پروانہ دے دیا اور رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ اور صحابہ جیسے عظیم القاب سے یاد کئے جانے لگے جو انبیاء کے بعد بنی آدم کے افضل ترین رتبہ پر فائز ہوگئے۔

نبی کریم ﷺ کے اس دارِفانی سے دارِ باقی کی طرف رحلت فرماجانے کے بعد تبلیغ کو انہوں نے اپنا مشن بنائے رکھا اور یہ تہیہ کرلیا کہ پیغامِ حق سے پوری دنیا کو سرشار کریں گے اور الحمدللہ ہمارے صحابہ یہ صرف کہا نہیں بلکہ کر دکھایا۔ اے اللہ! صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین پر اپنی بے پایاں رحمتیں نازل فرما اور ان کی محبت سے ہمارے قلوب کو سرشار فرما۔ آمین یارب العالمین!

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات حسرت آیات کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مسند خلافت پر متمکن ہوئے، مگر چونکہ آپ کا دور ''فتنۂ ارتداد'' سے دوچار رہا لہٰذا اس کی سرکوبی میں مختصر سا مگر بابرکت دور پورا ہوگیا اور آپ رضی اللہ عنہ کے دور میں ہندوستان کی جانب توجہ کا موقعہ نہیں مل سکا اور رفیقِ غار حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی اس دارِ فانی سے کوچ فرما گئے، رضی اللہ عنہ وارضاہ۔

خلیفۂ اول حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے انتقال پر ملال کے بعد حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسند خلافت پر جلوہ گر ہوئے، چونکہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے داخلی فتنوں کو اپنی حکمت عملی اور کامیاب تدابیر سے نسیاً منسیًا کردیا تھا، لہٰذا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اب کسی داخلی فتنہ سے خطرہ نہ تھا، لہٰذا آپ رضی اللہ عنہ نے اپنی مکمل توجہ دین اسلام کو اقوامِ عالم تک پہنچانے میں صرف کی اور الحمدللہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی اپنے ہدف کو حاصل کرنے یعنی دور دور علاقوں میں اقوامِ عالم تک دین اسلام کو پہنچانے میں کامیاب رہے۔

سرزمین ہند پر صحابہ کے اولین نقوش:

امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے منصب خلافت پر فائز ہونے کے چار سال بعد سن ۱۵ھ ہجری میں حضرت عثمان بن ابوالعاص کو بحرین اور عمان کا والی مقرر کیا، حضرتِ عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے برادر محترم ''**حضرت حکم بن ابی العاص رضی اللہ عنہ**'' کو ایک لشکر کا کمانڈر بنا کر ہندوستان کی بندرگاہ ''**تھانہ**'' اور ''**بھروچ**'' کے لئے روانہ کیا اور اپنے دوسرے بھائی ''**مغیرہ بن ابی العاص ثقفی رضی اللہ عنہ**'' کو فوج دے کر ''**دیبل (کراچی)**'' کے لئے روانہ کیا، مگر یہ غیر مستقل جھڑپیں تھیں، کوئی مستقل فوج کشی اور جنگ نہیں تھی، اس لئے عام تاریخ کی کتابوں میں اس کا ذکر نہیں ملتا، اسی طرح ''**مکران، کرمان، رن، بلوچستان، لس بیلا، ملات، ملتان، لاہور، بتوں، کوہاٹ**'' اور دیگر علاقوں میں صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی مقدس جماعت کا ورود مسعود تاریخ کی بعض روایات سے ثابت ہوتا ہے۔

مؤرخ اسلامی علامہ قاضی محمد اطہر مبارکپوری رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق کے مطابق سرزمین ہند کو سترہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی قدمبوسی کا شرف حاصل رہا ہے، جبکہ دورِ حاضر کے مؤرخ محمد اسحاق بھٹی کی تحقیق کے مطابق پچیس صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے اقدامِ مبارکہ کی قدم بوسی سرزمین ہند کو حاصل ہوئی، اس طرح قاضی اطہر مبارکپوری رحمۃ اللہ علیہ نے

تابعین کے ورودِ مسعود کا ذکر کرتے ہیں (خلافت راشدہ اور ہندوستان) اور محمد اسحاق بھٹی صاحب ۴۲/تابعین اور ۱۸/تبع تابعین کے ورودِ مسعود کا تذکرہ کرتے ہیں۔ (برصغیر میں اسلام کے اولین نقوش)

اب یہاں مناسب معلوم ہوتا ہیکہ ان صحابہ کے نام ہی ذکر کردیئے جائیں جن کا ورودِ مسعود ہندوستان کی سرزمین میں ہوا:

(۱)حَکَم بن ابی العاص (۲)حَکَمُ بن عمرو ثعلبی غفَاری (۳)حضرت خریت بن راشد ناجی سامی (٤)رُبَیَّعُ بن زیاد حارثی مَذْحَجِی (٥)سنان بن سلمه هذَلی (٦)حضرت سهل بن عدی خزرجی انصاری (٧)حضرت صحّار بن عباس عبدی (٨)حضرت عاصم بن عَمرو تمیمی (٩)عبدالله بن عبدالله بن عِتبان انصاری (١٠)عبدالله بن عمیر اَشجعی (١١)عبدالرحمن بن سمُره قرشی (١٢)عبیدالله بن معُمَر قرشی تیمی (١٣)عثمان بن ابی العاص ثقَفِی (١٤)حضرت عُمیر بن عثمان بن سعد (١٥)مجاشع بن مسعود سَلَمِی (١٦)حضرت مغیره بن ابی العاص ثقفی (١٧)حضرت منذر بن جارود عبدی (رضی اللہ عنہم اجمعین)۔ **اللهم اجزهم عنا هؤلاء الصحابة احسن ما جازیت به عبادك الصالحین و انزل علیهم شأبیب رحمتك و رضوانك و اجعلنا معهم یوم الحشر و الحساب و فی الجنه و وفقنا باتخاذهم قدوة لنا فی الدنیا. آمین یا رب العالمین!**

یہ سترہ اسماءِ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین وہ جس کو قاضی اطہر مبارکپوریؒ نے اپنی معرکۃ الآراء تالیف ''خلافت راشدہ اور ہندوستان'' میں تحریر فرمایا۔

اللہ رب العزت، قاضی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو بھی جزاءِ خیر عطا فرمائے کہ جنہوں نے بڑی جدوجہد اور کاوشوں کے بعد، ان صحابہ کے اسماءِ مبارکہ کو جمع کیا۔

اس کے علاوہ اور چند اسماءِ مبارکہ کو، محمد اسحاق بھٹی صاحب نے اپنی تالیف لطیف ''برصغیر میں اسلام کے اولین نقوش'' میں تحریر فرمایا ہے وہ یہ ہیں:

(١٨)شهاب بن مخارق بن شهاب تمیمی (١٩)نسیر بن دیسم بن ثور عجلی (٢٠)حکیم بن جبله اسدی (٢١)کلیب ابووائل (٢٢)مُهَلَّبُ بن ابوصفره ازدی عتکی (٢٣)عبدالله بن سوّار عبدی (٢٤)یاسر بن سوّار عبدی (٢٥)عبدالله سُوَیْد تمیمی (رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین)۔

ان میں بعض صحابہ کے بارے میں مؤرخین کا اختلاف ہے کہ وہ صحابی ہیں یا تابعی۔

صحابہ کے بعد امت کا بہترین طبقہ، تابعین کا ہے۔ اور الحمدللہ تابعین رحمہم اللہ بھی اعلاء کلمۃ اللہ کی غرض سے ہندوستان کی سرزمین پر تشریف لائے۔ تو آیئے اب ان تابعین کے نام معلوم کرتے چلیں:

(۱) حضرت ثاغر بن ذعر (۲) حضرت حارث بیلمانی (۳) حضرت حکیم بن جبلہ، قاضی صاحب نے ان کو تابعی اور محمد اسحاق بھٹی صاحب نے صحابہ میں شمار کیا ہے۔ (۴) حضرت حسن بن ابوالحسن یسار بصری (۵) حضرت سعید بن ہشام انصاری (۶) سعید بن کندیہ قشیری (۷) شہاب بن مخارق تمیمی (۸) صیفی بن فسیل شیبانی (۹) نسیر بن وسیم عجلی یہ بھی مختلف فیہ ہیں۔ محمد اسحاق بھٹی صاحب نے دیگر تابعین کے اسماء تحریر فرمائے ہیں وہ یہ ہیں: (۱۰) ابن اُسید بن اَخنس (۱۱) ابوشیبہ جوہری (۱۲) حاتم بن قبیصہ (۱۳) راشد بن عمروالجدیدی (۱۴) زائدۃ بن عمیر طائی (۱۵) زیاد بن حواری عمی (۱۶) ابوقیس زیاد بن رباح قیسی بصری (۱۷) حکم بن عوانہ کلبی (۱۸) معاویہ بن قرۃ مُزنی بصری (۱۹) مکحول بن عبداللہ سندھی (۲۰) عبدالرحمٰن بن عباس (۲۱) عبدالرحمٰن سندھی (۲۲) قطن بن مدرِک کلابی (۲۳) قیس بن ثعلبہ (۲۴) کمس بن حسن بصری (۲۵) یزید بن ابوکبشہ سکسکی دمشقی (۲۶) موسیٰ سیلانی (۲۷) موسیٰ بن یعقوب ثقفی (۲۸) عبدالرحمٰن کِندی (۲۹) عبدالرحمٰن بیلمانی (۳۰) عمر بن عبیداللہ قرشی تیمی (۳۱) شمر بن عطیہ اسدی (۳۲) سعید بن اسلم کلابی (۳۳) حباب بن فضالہ ذُہلی (۳۴) عبدالرحمٰن بن عبداللہ کواعشی (۳۵) حارث بن مرہ عبدی (۳۶) ایوب بن زید ہلالی (۳۷) حری بن حری باہلی (۳۸) عباد بن زیادہ اُموی (۳۹) یزید بن مفرغ حِمیری (۴۰) ربیع بن صبیح سُعدی بصری (۴۱) مجاعۃ بن سعر تمیمی (۴۲) عطیہ بن سعد عوفی (۴۳) ابوسالمہ زُطی (۴۴) محمد بن قاسم ثقفی (رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین)۔

یہ وہ نفوسِ قدسیہ تھے جنہوں نے اِعلاء کلمۃ اللہ اور ابلاغِ دین اسلام کے لئے اپنا سب کچھ قربان کردیا اور ہم اہل ہند کو اسلام کی تعلیماتِ صحیحہ سے روشناس کیا۔ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو بہترین بدلہ عطا فرمائے اور ہم لوگوں کو بھی جاہلیت قرن عشرین کی تاریکیوں سے محفوظ فرماکر، دوسروں کے لئے ہدایت کا باعث بنادے، ہمیں ہمارے اسلاف کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرما۔ آمین یارب العالمین!

سرزمین ہند کی جانب تبع تابعین:

(۱) اسرائیل بن موسیٰ بصری (۲) کرزُ بن ابوکرز عبدی (۳) معلّٰی بن راشد بصری (۴) جنید

بن عمرو العدوانی المکی (۵) محمد بن زید عبدی (۶) محمد بن غزان کلبی (۷) ابوعینیہ ازدی (۸) سندی بن شماس السمان بصری (۹) عبدالرحیم دیبلی سندھی (۱۰) عبدالرحمٰن بن عمرو اوزاعی (۱۱) عبدالرحمٰن بن السندی (۱۲) عمرو بن عبید بن باب السندی (۱۳) فتح بن عبداللہ سندھی (۱۴) قیس بن بسر سندی النصری (۱۵) ابومعشر نجیح بن عبدالرحمٰن سندھی مدنی (۱۶) محمد بن ابراہیم بیلمانی (۱۷) محمد بن حارث بیلمانی (۱۸) یزید بن عبداللہ قرشی سندھی۔ (برصغیر میں اسلام کے اولین نقوش)

اللہ رحمت نازل کند ایں عاشقانِ پاک طینت را۔ **اللهم نور قبورهم واسكنهم في جنات عدن تجري من تحتها الانهار خالدين فيها ابدا واجعل قبورهم روضات من رياض الجنة واجعلنا في زمرتهم مع النبيين و الصالحين والشهداء.**

مذکورہ تفصیل سے معلوم ہوتا ہے کہ اسلام صحابہؓ، تابعین، اور تبع تابعین کی انتھک محنتوں کے بعد برصغیر ہندوپاک تک پہنچا برصغیر میں اسلام دو طریقے سے پھیلا: (۱) تبلیغ کے ذریعہ۔ (۲) جہاد کے ذریعہ۔

سراندیپ، کلکپدیپ، مالدیپ، مالابارہ، جزیرہ جاوا، سُماٹرہ، سنگاپور، ملایا، کالیکٹ وغیرہ میں اسلام انصاف اور مساوات پر مشتمل تعلیمات کی وجہ اور علاقوں کے بادشاہوں کے زمانہ قدیم سے، اہلِ عرب سے تجارتی تعلقات کی وجہ سے بغیر کسی جہاد و جنگ کے بہت تیزی سے اسلام پھیلا۔ عرب کے تجاروں میں سے مشرف بن مالک اور مالک بن دینار اور مالک بن حبیب کا بھی ان علاقوں میں اسلام کی تبلیغ میں بڑا کردار رہا، مسلمانوں کی کثرت کو دیکھ کر، مالک بن دینار وغیرہ نے کدنکلور کالیکٹ میں، مسجد بھی تعمیر کروائی، ان مذکورہ مسلمان تاجروں کی محنت کے سبب اسلام ساحلی کارومنڈل تک پھیل گیا اور بکثرت مسجدیں بھی بنائی گئیں؛ گویا یہ تمام علاقے حضرت محمد بن قاسم ثقفیؒ کے ہندوستان پر حملہ آور ہونے سے قبل ہی اسلام میں داخل ہوگئے'' **ولله الحمد على ذالك**''۔ اللہ ہمارے ان مسلمان تاجروں کو اس کا بہترین بدلہ آخرت مین عطا رفرمائے۔ (آمین یارب العالمین) علاقۂ سندھ، جس کا اطلاق قدیم دور میں ایک عظیم مملکت پر ہوتا تھا، یہ مملکتِ سندھ، موجودہ سندھ سے مغرب میں مکران تک، جنوب میں بحرِعرب اور گجرات تک، مشرق میں مالوہ کے وسط اور راجپوتانہ تک، شمال میں ملتان سے اوپر گزر کر جنوبی پنجاب کے علاقہ تک پھیلا ہوا تھا۔ (فتوح الہند) جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا کہ سندھ میں مسلمانوں کی آمد کا آغاز عہدِ فاروقیؓ کے ابتدا ہی سے ہوچکا تھا، جس کے اولین محرک حضرت عثمان بن ابی العاصؓ تھے جنہوں نے اپنے دو بھائی حکم بن ابی العاص اور مغیرہ این ابی العاص کو اس خطہ میں روانہ کیا تھا، پھر حضرت عثمانؓ نے بھی

ہندوستان میں صدائے ''لاإله الله'' کی گونج کے لئے اور حالات دریافت کرنے کے لئے فوج روانہ کی، مگر جنگ کی نوبت نہ آئی، پھر حضرت علیؓ کے عہد میں حارث بن مرہ عبدی، سرہند پر حملہ آور ہوئے، پھر حضرت معاویہؓ کے عہد میں ۴۴ھ میں مہلب بن ابی صفرہ حملہ کرنے کی غرض سے آئے اور فاتح ہوئے، اسی لیے تاریخ فرشتہ کے مصنف نے اسلام پر پہلی منظّم جنگ کا شرف اُنہیں کے سر باندھا ہے۔ مگر یہ حملے چھوٹے چھوٹے تھے، بڑا حملہ حجاج کے اشارے پر محمد بن قاسم ہی نے ۹۲ھ میں کیا، اور اقل قلیل مدت میں وہ پورے سندھ کو فتح کرلیا، مگر بدقسمتی سے سلیمان بن عبد الملک نے حجاج کے ساتھ اپنے اختلافات میں، محمد بن قاسم جیسے جواں مرد اور نیک صفت مجاہد اسلام کو، بلی کا بکرا بنادیا ''إن لله وإنا اليه راجعون'' محمد بن قاسم نے دیبل کو فتح کرنے کے بعد، وہاں جامع مسجد تعمیر کروائی، چار ہزار عربوں کو وہیں ٹھہرنے کا حکم دے دیا، یہاں یہ بات قابل لحاظ رہے کہ ان فتوحات کے بعد بھی مسلمانوں نے اس بات کا حد سے زیادہ خیال رکھا کہ ہماری حکومت سے ملکِ سندھ کے کسی طبقہ کو بھی اذیت نہ پہنچے، مسلمانوں نے پست لوگوں کو اُبھارا توسہی، مگر بلند لوگوں کو پست نہیں کیا، جیسا کہ عام فاتحین کا طریقہ ہوتا ہے، جس کا ذکر قرآن کریم نے بلقیس کے واقعہ میں کیا ہے، کہ ملکہ سبا بلقیس نے اپنے مشیروں سے کہا ''إن الملوك إذا دخلوا قرية افسدوها و جعلوا اَعزة اهلها اذلة و كذالك يفعلون'' محمد بن قاسم نے ایسا زبردست انصاف کیا کہ تاریخ ہند میں اس کی مثال ملنا مشکل ہے۔ یہاں تک کہ مسلمانوں کے مقدمات کا فیصلہ قاضی کرتے تھے، لیکن ہندوؤں کے لئے ان کی پنچایتیں بدستور قائم رہیں۔

محمد بن قاسم کی یہی رواداری اور انصاف تھا، جس کی وجہ سے ان کی مخالفت کم ہوئی، کئی شہروں نے خود بخود ان کی اطاعت قبول کرلی، بلکہ بلاذوری تو لکھتا ہے، کہ جب محمد بن قاسم قید ہوکر عراق بھیجے گئے، تو ہندوستان کے لوگ روتے تھے اور علاقۂ کچھ گجرات کے لوگوں نے ان کا مجسمہ بنایا۔

محمد بن قاسم جیسے مردِ مجاہد کے بعد، سرزمین ہند پر اعلاء کلمۃ اللہ کے لیے یزید بن مہلب نے بھی اپنی خدمات انجام دیں، قبل اس کے ہم دیگر مجاہدین و مصلحین کا اجمالی تذکرہ کریں، قبیلہ ثقیف کی قابلِ قدر خدمات جو انہوں نے سرزمین ہند پر اسلام پہنچانے کے سلسلے میں کی، جس کا آغاز ۱۵ھ سے حضرت عثمان بن ابی العاص اور حکم بن ابی العاص اور مغیرہ بن ابی العاص الثقیفیونؓ سے ہوتا ہے اور اختتام حجاج بن یوسف اور محمد بن قاسمؒ پر ہوتا ہے؛ قبیلہ ثقیف کے اہل ہند پر احسان عظیم کے سلسلہ میں مؤرخ کبیر و محقق عظیم قاضی اطہر مبارکپوری کی عبارت پڑھنے کے قابل ہے۔

قاضی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''ہندوستان طائف اور اس کے قبیلہ بنوثقیف کا یہ

احسان کبھی نہیں بھول سکتا ہے، جس نے ہندوستان کو اپنی دینی وروحانی توجہ کا مرکز بنا کر جب بھی اسے اقتدار ملا اس کی طرف رخ کیا، عہد فاروقیؓ میں حضرت عثمانؓ نے بحرین وعمان کی گورنری پاتے ہی اپنے بھائیوں حکمؓ اور مغیرہؓ کو یہاں اسلام کی برکت دے کر روانہ کیا اور اُموی دورِ خلافت میں حجاج بن یوسف ثقفی نے عراق کی گورنری پا کر، اپنے جواں سال بھتیجے محمد بن قاسم کو خلافت کے زیر اہتمام باقاعدہ اسلامی فوج کے ساتھ ہندوستان روانہ کیا“۔ (عہد نبوی کا ہندوستان:۲۴۶)

مؤرخ کبیر رحمۃ اللہ علیہ کے قبیلہ بنوثقیف کے بارے میں، اہل ہند پر احسان عظیم ذکر کرنے کے ساتھ ہی ذہن اس واقعہ کی طرف منتقل ہوا، جو نبی کریم ﷺ کو امام ابن کثیرؒ کی تحقیق کے مطابق ہجرت سے تین سال قبل یعنی ۱۰/نبوی یا ۱۱/نبوی میں طائف کے سفر کے دوران پیش آیا، جب کہ طائف کے اوباشوں نے نبی کریم ﷺ کو ستایا تھا اور آپ ﷺ کو لہولہان کر دیا تھا، جس کے بارے میں خود نبی کریم ﷺ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے استفسار کرنے پر فرمایا تھا: **ما لقيت من قومك كان اشد منه يوم العقبة إذ عرضت نفسي على بن عبد ياليل بن عبد كلال فلم يجب إلى ما اردت**۔ (البدایہ النہایہ ج/۳:۱۱۰)

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں (جنگِ احد کے بعد) ایک روز رسول اللہ ﷺ سے میں نے دریافت کیا ”**هل أتىٰ عليك يوم كان اشد عليك من يوم احد**“۔ (البدایۃ والنہایۃ)۔۔۔ یارسول اللہ ﷺ کیا آپ، پر اُحد سے زیادہ سخت دن کوئی گذرا، تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہاں احد سے بھی زیادہ سخت دن مجھ پر وہ تھا جب کہ (قبیلہ بنوثقیف کے سردار) عبد یالیل اور عبد کلال کو اسلام کی دعوت دی، تو انھوں نے میرے گمان کے خلاف مجھے جواب دیا، جب محزون وملول واپس ہوا، اور مقام ”قرن ثعلب“ پر پہنچا، تو میں نے سر اٹھایا، تو اچانک کیا دیکھتا ہوں کہ بادل مجھ پر سایہ فگن ہے، پھر کچھ دیر بعد اسی بادل سے جبرئیل علیہ الصلاۃ السلام نے آواز دی اور کہنے لگے کہ اہلِ طائف نے آپ کے ساتھ جو سلوک کیا اللہ رب العزت نے اس کو دیکھا اور ملک الجبال کو آپ کی خدمت میں بھیجا ہے، آپ اس کو جو چاہے حکم دے دیں، پھر ”**ملك الجبال**“ نمودار ہوئے اور ”سلام“ کیا اور کہنے لگے، اللہ رب العزت نے مجھے آپ کی جانب ارسال فرمایا، اگر آپ حکم دیں تو اہلِ طائف اور قبیلۂ ثقیف کو دو پہاڑیوں کے درمیان پیس دیا جائے، مگر ہزار جان قربان رحمۃ للعالمین ﷺ پر کہ آپ ﷺ نے جواب دیا: ”**ارجو أن يخرج الله من أصلابهم من يعبد اللهَ ولايشرك به شيئاً**“ مجھے امید ہے کہ اللہ ان کی نسلوں سے ایسے لوگوں کو پیدا فرمائیں گے، جن کی زبان پر توحید کے زمزمے ہوں گے اور جن کے سینے شرک کی

آلائشوں سے صاف وشفاف ہوں گے، بس اللہ کے رسول ﷺ کی حیات طیبہ میں پیش آنے والا سخت ترین دن کی یہ دعا عرش معلیٰ تک پہنچ گئی۔

مؤمن کی دعا پَر نہیں مگر طاقتِ پرواز رکھتی ہیں، ایک تو نبی اکرم ﷺ کا دعا دینا ہی کافی تھا اور وہ بھی سخت غم اور حزن کی حالت میں بھلا ایسی دعا کی قبولیت میں کیا شک ہوسکتا ہے، اسی دعا کا نتیجہ تھا کہ حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ اور اخیر میں محمد بن قاسم نے، ہندوستان کی شرک وکفر کی مسموم فضاء میں توحید خالص کے زمزمے اور صدائیں بلند کرنے کا فیصلہ کیا اور یوں عرب کے ریگستان سے طویل مسافت پر واقع ملک ہندوستان میں قبیلۂ ثقیف اسلام کی بنیادیں قائم کرنے میں کامیاب ہوا، قیامت تک اہل ہند کے کارہائے خیر کا ثواب قبیلۂ ثقیف کے میزانِ حسنات میں لکھا جاتا رہے گا، انشاء اللہ۔ اہلِ ہند اس قبیلہ کا جتنا بھی شکر واحسان مانے کم ہے ''**جزاهم الله عنا خير الجزاء واحسن الجزاء في الدنيا و الآخرة**''۔ آمین یارب العالمین!

خلاصۂ کلام یہ کہ محمد بن قاسم الثقفی کی شہادت کے (مفتی شفیع صاحبؒ کی تحقیق کے مطابق) تین سو برس تک مسلمانوں نے ہندوستان پر کوئی بڑی جنگی کاروائی نہیں کی، البتہ اس دوران چھوٹے چھوٹے حملے ہوتے رہے، مثلاً محمد بن قاسم نے اپنے والد کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے، حکم کے دستِ راست بن کر فتوحات کا سلسلہ جاری رکھا، پھر اسی کے بعد خلافت بنوامیہ کا خاتمہ ہوگیا اور خلافت عباسیہ ۱۳۲ھ مطابق ۷۵۰ء میں قائم ہوئی۔ خلافتِ عباسیہ کے دور میں ہشام ۱۴۰ھ میں سندھ کے علاقہ میں آیا اور کاٹھیاوار کے علاقہ کو اس نے فتح کیا اور اور گجرات میں سب سے پہلی مسجد بنوائی پھر شمال میں کشمیر کے بعض علاقوں کو فتح کیا۔ صاحب ''آبِ کوثر'' شیخ اکرم... فرماتے ہیں کہ فتح سندھ کے سات سال تک تو عرب فاتحین کا پلہ بھاری رہا، مگر پھر یمنی اور حجازی آپسی عرب اختلاف کی وجہ سے غیروں فائدہ اٹھایا، چناں چہ جاٹوں نے شمالی سندھ میں اور جنوبی سندھ میں ''میڈ'' قوموں نے اپنا اثر ورسوخ قائم کرلیا اور ۲۳۷ھ مطابق ۸۵۴ء کے آنے تک پھر ہباری خاندان کی موروثی حکومت شروع ہوگئی پھر قرامطہ اسماعیلی شیعہ کا ۲۷۰ھ میں ملتان پر قبضہ ہوگیا، قرامطہ کے تسلط کے بعد سلطان محمد غزنوی ۳۶۷ھ ۹۹۷ء میں ہندوستان میں داخل ہوئے اور ایک عظیم اسلامی مملکت کی بنیاد ڈالی جو مختلف مراحل اور خاندانوں سے گذرتی ہوئی ۱۸۵۷ء تک باقی رہی سلطان ایک نیک دل عادل بادشاہ تھا سلطان غزنوی تاریخ اسلام کا ایک درخشندہ ستارہ ہے جس نے مملکت اور عیش کو مقصد نہیں بلکہ احیاء اسلام اور اعلاء کلمۃ اللہ اور جہاد فی سبیل اللہ کو زندگی کا مقصد بنایا اور وہ اس میں الحمدللہ کامیاب رہا ''**اللهم أنزل شآبيب حرمتك عليه**''۔

دہشت گرد-کون، کیوں، کیسے؟

از: جناب غلام رسول دیشمکھ
انجمن روڈ، بھساول

دہشت گرد کون ہیں؟ کیا یہ کسی تحریک یا نظریہ کا نام ہے؟ یا کسی فرد یا جماعت کا؟ یہ وقت کا اہم موضوع ہے۔ اس موضوع پر کئی سال غور کرنے کے باوجود یو۔این۔او (UNO) بھی اس کی تعریف متعین کرنے سے قاصر ہے۔ وہ جو بھی تعریف متعین کرتی ہے اس کی زد میں وقت کی سپر طاقتیں آجاتی ہیں۔ چونکہ UNO سُپر طاقتوں کی آلۂ کار ہے، اس لئے ان طاقتوں کی خواہش پر ملت اسلامیہ کو ہدف بنایا گیا۔ اور دہشت گردی کا ایک آسان نام ''اسلامی دہشت گردی'' ایجاد کرلیا گیا۔ تاکہ افغانستان، عراق وغیرہ پر حملوں کا جواز فراہم ہوجائے۔ اس طرح وقت کے سب سے بڑے دہشت گرد امریکہ نے اپنے جنگجو مقاصد کو حاصل کرنے کیلئے ان مسلم ممالک میں تباہی اور بربادی مچادی اور وہاں لوٹ گھسوٹ اور قتل وغارت گری کو اپنے لئے جائز قرار دیا۔

اس طرح فلسطین میں عربوں کا قتل عام، اسرائیل کررہا ہے۔ جسے آپ امریکہ کے بعد دہشت گرد ثانی بھی کہہ سکتے ہیں۔ جرمنی میں ہٹلر نے یہودیوں کا جو قتل عام کیا تھا (جسے لوہولوکاسٹ کے نام سے جانتے ہیں) اس کا بدلہ وہ عربوں سے لے رہے ہیں۔ ہٹلر نے جو سلوک ان کے ساتھ کیا تھا، اس سے بدتر سلوک وہ فلسطین میں عربوں کے ساتھ کررہے ہیں۔ چونکہ اسرائیل جرمنی سے بدلہ نہیں لے سکتا اور امریکی پالیسی ساز بھی اسرائیل کے ذریعے عربوں کو کچلنا چاہتے ہیں۔

دہشت گردی کے چند نمونے

❁ آزاد بھارت میں آزادی کے فوراً بعد تحریک آزادی کے رہنما مہاتما گاندھی کو دن کی روشنی میں قتل کردیا جاتا ہے۔ قاتل اعلیٰ ذات کا ہندو Nathuram Godse جو سنگھ پریوار کا فرد

تھا۔ گویا آزاد بھارت میں یہ دہشت گردی کا آغاز تھا۔

❁ ملک کی سابق وزیر اعظم اندرا گاندھی کا قتل اسی کے ایک سکھ محافظ کے ہاتھوں دن دہاڑے گولی مار کر ہوا۔

❁ سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کا قاتل، جنوبی ہند کا ایک ہندو شخص تھا۔

❁ آسٹریلیا کے عیسائی پادری گراہم اسٹینس اور اس کے بچوں کو زندہ جلادیا گیا۔ جلانے والے بجرنگ دل اور بے جے پی کے لوگ تھے۔

❁ نکسلائیٹ، الفا وغیرہ تنظیموں کے تشدد کے شکار آئے دن لوگ ہوتے رہتے ہیں۔ شمالی ہند میں نچلی ذاتوں کے لوگوں کی جان ومال، عزت وآبرو کو پامال کرنا اعلیٰ ذات کے انتہا پسندوں کا مشغلہ رہا ہے۔

❁ سنگھ پریوار نے مسٹر ایڈوانی کی قیادت میں تاریخی بابری مسجد کو شہید کردیا۔ باوجود اس کے کہ اس کا کیس سپریم کورٹ میں چل رہا تھا، اور اسی کورٹ میں یہ حلف نامہ داخل کرنے کے بعد کہ بابری مسجد کو نقصان نہیں پہنچائیں گے، قانون کو ہاتھ میں لیا گیا۔

❁ گودھرا میں مودی پیٹنٹ فارمولے کو اپنا کر اس کے تجربے سے گجرات میں مسلم اقلیت کی نسل کشی کی گئی۔

❁ مہاراشٹر میں ناندیڑ، پربھنی، پُرنا، جالنہ، عمرکھیڑ وغیرہ بم دھماکوں کے مجرم آج بھی آزاد گھوم رہے ہیں۔ ان کی آج تک خاطر خواہ تحقیقات نہیں کی گئی۔

❁ ممبئی میں گنپتی جلوس کے موقع پر ایک شخص کے پاس تھیلی میں بم ملے تھے، لیکن کوئی ناخوشگوار واقعہ ہونے سے قبل وہ پولس کی گرفت میں آگیا۔ اس واقعہ کی تحقیق ہونی چاہئے تھی۔ (اگر کوئی حادثہ وقوع پذیر ہوجاتا تو آپ سوچ سکتے ہیں کہ اس کی ذمہ داری کس پر ڈالی جاتی ؟)

مندرجہ بالا نمونے کے چند واقعات ہیں۔ کیا ان میں دہشت گردی نظر نہیں آتی ؟ ان کو دہشت کہنا تو دور رہا، کوئی انہیں صرف دہشت گرد کہنے کے لئے بھی آمادہ نہیں۔ یعنی یہ فقرہ صرف ملت اسلامیہ ہی سے وابستہ ہے۔

جرائم اور مذہب

زمانے کی یہ تسلیم شدہ حقیقت ہے کہ جرائم اور جرائم پیشہ افراد کا کوئی مذہب نہیں ہوتا اور نہ

کوئی ملک ہوتا ہے۔اسی طرح دہشت گرد کا بھی کوئی ذات، مذہب یا ملک نہیں ہوتا۔مگر جب ملت اسلامیہ کا تعلق آتا ہے،فوراً پیمانے بدل جاتے ہیں اوراس کی ہر حرکت وعمل کو مخصوص خوردبین سے دیکھا جاتا ہے کہ کس طرح اور کیسے اس کو بدنام کیا جائے اوراپنے مقاصد کی تکمیل کے لئے راستے ہموار کئے جائیں۔

اسامہ بن لادن کے گروپ کوامریکہ ہی نے روس کے خلاف افغانستان میں کام کرنے کی تربیت دے کر تیار کیا تھا۔طالبان کو جنم دینے والا بھی امریکہ ہی ہے۔جب ان لوگوں سے اس کا مقصد پورا ہوگیا تو وہ خودامریکہ کی نظر میں دہشت گرد بن گئے۔چونکہ اب وہ امریکہ کے کام کے نہیں رہے۔اس لئے امریکہ کا پروپیگنڈہ ہے کہ ان سے پوری دنیا کو خطرہ پیدا ہوگیا ہے۔اس طرح وہ اپنے ظالمانہ عزائم نیز ظلم وستم کو جائز قرار دینے کے لئے جواز فراہم کرلیتا ہے۔یہ تو سب ہی جانتے ہیں کہ امریکہ کی سی۔آئی۔اے اوراسرائیل کی موساد، انتہا پسندوں کی تیاری وتربیت کرکے پوری دنیا میں دہشت گردی کے لئے ان کا استعمال کرتی ہے۔

میڈیا اور پولس کارول

ملک میں جہاں بھی تشدد کا کوئی ناخوشگوار واقعہ ہو،حکومت کے پاس انتہا پسند گروپوں کے ناموں کی فہرست اوراستعمال کئے گئے سامان کی تفصیل پہلے ہی سے موجود رہتی ہے۔پولس اور میڈیا کی جانب سے مسلم نوجوانوں پرشک کی سوئیاں گھما کر،فرضی کہانیاں گھڑکرنوجوانوں کوگرفتار کیا جاتا ہے۔ان کوظلم وستم کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔اس طرح پوری مسلم قوم کومجرم ثابت کرنے کی سازش عمل میں آتی ہے۔پوٹا اورمکوکا جیسے قوانین تو بنائے ہی اس لئے گئے ہیں تاکہ اس کا بے دریغ استعمال مسلم اقلیت کے لئے کیا جاسکے۔چنانچہ یہ حقیقت ہے کہ آج تک ان قوانین کی دفعات کے تحت ملت کے نوجوانوں کو ہی گرفتار کیا گیا ہے۔

تعصب کی انتہا تو یہ ہے کہ مالیگاؤں،حیدرآباد،اجمیر وغیرہ کی مساجد میں ہونے والے بم دھماکوں کے سلسلے میں بھی ملت کے افراد ہی کوحراست میں لے کرٹارچر کیا جارہا ہے۔

ممکن ہے

بالفرض یہ تسلیم بھی کرلیا جائے کہ متذکرہ واقعات میں ہماری قوم کے کچھ نادان، ناسمجھ یا

جنونی نوجوان شامل ہیں تو ان کا تناسب بہت ہی کم ملے گا۔ ان کو کسی خاص مذہب سے جوڑ کر دیکھا نہیں جاسکتا۔ بلکہ دیگر مجرمین کی طرح ہی وہ بھی مجرم ہیں۔ ان معاملات میں انصاف کا تقاضا ہے کہ کسی کا جرم ثابت ہونے پر انہیں سخت سزا دی جائے۔ تاکہ لوگوں کے لئے باعث عبرت ہو۔

لائحۂ عمل

اس وقت ضرورت ہے ملت اسلامیہ کے سامنے حضرت محمد ﷺ کا اسوۂ حسنہ رکھا جائے کہ آپ نے نبوت کے ابتدائی ۱۵/سالوں میں کس طرح اخلاص کے ساتھ دعوت وتبلیغ کا کام انجام دیا اور اپنے عمل وکردار سے لوگوں کے دل جیت لئے۔ ان کے دلوں اور دماغوں پر حکومت کی۔ پراگندہ معاشرہ کو صالح معاشرہ میں تبدیل کردیا۔ اسلام ملت اسلامیہ سے یہی مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اپنے عمل وکردار سے لوگوں کے دلوں کو جیت لیں۔ دراصل یہی اس ملت کا مقصد وجود ہے۔ اس فریضہ سے غفلت کے نتائج دنیا اور آخرت دونوں جگہ خطرناک اور بھیانک ہوں گے۔

وقت کا تقاضا ہے کہ ملت اسلامیہ اپنا محاسبہ کرے کہ وہ اتنی بے اثر کیوں ہوگئی ہے؟ اس ملک میں ہم ۲۰ کروڑ ہیں جب کہ دنیا میں دوسو کروڑ۔ اس کے برخلاف بین الاقوامی سطح پر ہمارا کوئی وزن محسوس نہیں ہوتا۔ ہم کوڑا کرکٹ اور جھاگ کی مانند ہوکر رہ گئے ہیں۔

حدیث میں ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''عنقریب غیر مسلم قومیں تمہاری سرکوبی کے لئے ایک دوسرے کو بلائیں گی اور (پھر وہ سب مل کر) دھاوا بول دیں گی۔ جیسا کہ بہت سے کھانے والے افراد ایک دوسرے کو بلا کر دسترخوان پر ٹوٹ پڑتے ہیں۔ ایک آدمی نے عرض کیا: حضور! اس وقت کیا ہماری تعداد تھوڑی ہوگی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں، بلکہ اس وقت تم تعداد میں کثیر ہوں گے۔ لیکن تمہاری حیثیت سیلاب کے کوڑا کرکٹ اور جھاگ سے زیادہ نہ ہوگی۔ اس وقت اللہ تعالیٰ کا فیصلہ یہ ہوگا کہ دشمن قوموں کے دلوں سے تمہارا رعب ختم ہوجائے گا۔ اور تمہارے دل ''وہن'' کا شکار ہوجائیں گے۔ کسی نے پوچھا: یا رسول اللہ! وہن کسے کہتے ہیں آپ نے فرمایا: دنیا سے محبت اور موت سے نفرت۔ (ابوداؤد)

❁ ❁ ❁

بچوں کیلئے آدھا گھنٹہ آفس کیلئے ساڑھے بارہ گھنٹہ

از: ڈاکٹر ایم اجمل فاروقی
۱۵- گاندھی روڈ، دہرہ دون

ملکی اور بین الاقوامی پیمانہ پر گذشتہ دنوں لگاتار مخصوص طرح کے جرم پر مبنی خبروں کا تسلسل رہا جن کا تعلق جنسی جرائم کی خبیث ترین شکلوں سے تھا۔ بطور یاددہانی یاد کیا جاسکتا ہے آسٹریا کے شہر ایمسٹیٹن Amstetten کے قیدخانہ میں ایک ابلیس نما انسان نے اپنی سگی بیٹی الزبتھ کو تہہ خانہ میں ۲۴ سال تک قید رکھ کر جنسی تعلقات بنائے اور اس سے (۷) اولادیں ہوئیں۔ یوروپ میں ہی فرانس کے صدر نکولائی سرکوزی اپنی ''گرل فرینڈ'' کو لے کر دنیا بھر میں سرکاری دورہ کرتے رہے۔ ''اعتدال پسند مسلم ملک'' مصر کے رہنماؤں نے انھیں سرکاری آداب اور سہولیات مہیا کرائیں ہمارے یہاں بھی ان عیاش سربراہ حکومت کو آنا تھا اور ہماری حکومت پریشان تھی کہ سرکاری آداب ''پروٹوکول'' Protocol میں مہمانوں کے خانہ میں ''گرل فرینڈ'' کی کون سی شق پیدا کی جائے۔ کہ سرکوزی نے ہماری حکومت کی خود ہی مشکل آسان کردی کہ ''ناجائز'' مہمان کو ساتھ ہی نہیں لائے۔ اس مسئلہ پر اخبارات میں خصوصاً ہندی انگریزی پریس میں ہوئی بحث قابل تجزیہ بھی ہے اور آنے والے طوفان کے سگنل بھی دے رہی ہے۔ بے حیائی کی انتہا یہ ہے کہ صدر کی بیوی بننے کے بعد اس نے اپنے ماڈل گرل کے زمانہ کی عریاں فوٹوگراف اخبار کو چند لاکھ ڈالر میں فروخت کردی۔ یہ فوٹو آج فرانس میں سب سے زیادہ مقبول عام ہے۔ ہمارے ملک میں تو شاید اس طرح کے جرائم کی باڑھ آئی ہوئی ہے۔ مقامی خبروں کا کوئی کالم ایسا نہیں ہوگا جہاں جنسی جرائم، استحصال اور بدکاری کی خبیث ترین مثالیں نہ مل جائیں اور مقام عبرت یہ ہے کہ ''خیرامت'' کے افراد ان شیطانی جرائم میں پوری حصہ داری کررہے ہیں۔ یوپی کے جے، پی نگر کی خبر جس میں ایک گریجویٹ مسلم لڑکی نے اپنے عاشق کی مدد سے اپنے ماں باپ سمیت خاندان

کے ٦ قریب ترین لوگوں کو زہر دے کر بیہوش کر کے خود فون کر کے عاشق کو بلا کر ٦ قریب ترین افراد کے سر کٹوا دیئے۔ اس کے بعد نوئیڈا میں ہوئے آروشی قتل معاملہ کے ضمن میں مقتولہ کے ساتھ ساتھ اس کے والدین کا جو جنسی تعلقات کا ریکارڈ سامنے آرہا ہے وہ پورے سماج کے اندر کیا چل رہا ہے اس کی ہلکی سی تصویر بھر ہے۔ جس بے رحمی کے ساتھ فلمی داکارہ ماریا سوسائی راج نے اپنے ایک عاشق بحریہ کے افسر کے اتھ مل کر اپنے دوسرے عاشق کا قتل کر کے لاش کے ۳۰۰ سے زائد ٹکڑے کر کے انہیں پھینکا یہ بھی اسی مجرمانہ جنسی تعلقات اور شیطانی تہذیب کی پکڑ اور اشاعت کو ظاہر کر رہا ہے۔ حقوق نسواں اور آزادی نسواں کے فیوض و برکات وثمرات سامنے آرہے ہیں۔ مطلق آزادی کے نعرہ سے پیدا شدہ سماج کی کریہہ اور گھناؤنی تصویر نظر آرہی ہے، جہاں باپ اپنی سگی بیٹیوں کی عصمت تار تار کر رہے ہیں، اور مظفر نگر میں چھ بہنوں نے مل کر اپنے اس ابلیس صفت سگے بھائی کو قتل کر دیا جو انہیں باری باری نشہ کے ذریعہ ہوس کا نشانہ بناتا تھا۔ یہ سب مثالیں یا سماج کی اس گندگی پر کچھ کہنا لکھنا کوئی بہت خوش کن کام نہیں ہے، مگر آروشی ہتیا کانڈ کے بعد۔ ایک نرسنگ ہوم کی نرس نے جب یہ بتایا کہ ہمارے شہر کے ایک مقامی معروف سماجی کارکن ہمارے یہاں اپنی بیٹی کو لے کر آئے کہ اسقاط کرانا ہے اندر جب ڈاکٹر نے سختی سے لڑکی سے پوچھتا چھ کی تو اس نے بتایا کہ جو باریش بزرگ میرے ساتھ ہیں یہ میرے والد ہیں اور میری کوکھ میں پلنے والی اولاد میرے والد کا ہی نطفہ ہے۔ اور وہ میرے ساتھ یہ شیطانی حرکت بہت تسلسل سے کرتے رہتے ہیں۔ تب راقم السطور کو مجبور ہونا پڑا کہ اس ناسور کو پھیلنے سے روکنے کے لیے جو کچھ بھی ہو رہا ہے یا ہو سکتا ہے اس پر ثابت قدمی کے ساتھ، ساتھ دیا جائے قبل اس کے کہ اللہ کا عذاب یا موت مہلت عمل ہی ختم کر دے۔ اور آخرت میں ہم یہ عذر بھی پیش کرنے کے لائق نہ رہ جائیں کہ برائی سے اگر بازی نہ لے سکے تو کم سے کم سر تو دے سکے۔

پہلی مثال میں نے آسٹریا Austria کی دی تھی افسوسناک پہلو یہ ہے کہ یہ وہی سرزمین ہے جہاں سے موجودہ فحاشی، عریانی اور بے قید جنسی تعلقات کے موجد اولین سگمنڈ فرائڈ نے جنم لیا تھا۔ جس نے انسان پر اور انسانی معاشرہ اور انسانی تاریخ کی جو تعبیر بیان کی تھی وہ صرف یہ تھی کہ صرف جنس Sex میں ہے جو تمام کاموں اور رجحانوں اور قوانین کا محرک ہے۔ یعنی انسان کا وجود صرف جنس ہی ہے۔ اور آج اس شیطانی مشن کے ثمرات سامنے آرہے ہیں۔ جس کھلے سماج اور بے قید تعلقات کی آبیاری اور پیروی مغربی تہذیب نے پچھلے دو ڈھائی سو سالوں میں کی ہے آج

اس نے میخانہ میں پینے کی ہر رسم اٹھادی ہے۔نتیجہ سامنے ہے، یوروپ کے بیشتر مما لک میں سرڈھانک کر پبلک مقامات پر جانا ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ برطانیہ میں قانون بنایا گیا ہے کہ gay لوگوں (ہم جنسوں) کو برا بھلا کہنا قانوناً جرم ہے۔اور امریکہ میں لاکھوں لوگوں نے جلوس نکال کر ہم جنس پرستی کو قانونی شکل اور منظوری دینے کی بات کہی ہے۔ ہمارا ملک اور سماج کس سمت جارہا ہے اور یہ بین الاقوامی جنسی فساد اوراس کے مظاہر کس سمت اشارہ کررہے ہیں یہ سب اب ڈھکی چھپی بات نہیں ہے۔ دہلی پولس کے افسر نے بتایا کہ ۲۰۰۷ء میں دہلی میں درج ہوئے عصمت دری کے ۵۸۱ معاملوں میں ۹۸٪ مظلوموں کو ان کے رشتہ داروں نے ہی ہوس کا شکار بنایا۔ ۲۰۰۵ء کے ۶۵۸ عصمت دری کے معاملوں میں ۴۹٪ معاملوں ان کے جان پہچان اور رشتہ داروں نے ہی ہوس کا شکار بنایا۔(ہندوستان ایکسپریس ۳۰/۴/۲۰۰۸ء) اس کے علاوہ اگر آپ دنیا بھر میں جنسی جرائم اور خاندانی تعلقات خصوصاً نکاح اور طلاق کی تعداد پر نظر ڈالیں تو بھی اندازہ ہوگا کہ ہوا کدھر کی بہہ رہی ہے۔ یوروپ کے ۲۷ ملکوں میں سالانہ طلاق کی تعداد تقریباً بارہ لاکھ (۱۲ لاکھ) ہے جبکہ کل آبادی ۱۸ کروڑ کی ہوگی۔اسی طرح زنا اور جنسی زیادتی کے معاملات سکنڈوں کے حساب سے ہیں۔ برطانیہ میں ہر سال ۱۰-۱۵ کی تعداد میں ۱۲ سال کی عمر کی لڑکیاں حاملہ ہوتی ہیں۔ برطانیہ میں ہر سال (۱۹۳۷۷) اسقاط میں سے (۱۷۷۳) اسقاط ان لڑکیوں کے ہوتے ہیں جن کی عمر ۱۸ سال سے کم ہوتی ہے۔یوروپ میں ہر ۳۰ سکنڈ میں ایک طلاق اور ہر ۲۷ سکنڈ میں ایک حمل گرایا جارہا ہے۔(ایجنسیاں ۸/۵/۲۰۰۸ء)

غرضیکہ دنیا بھر میں ایک ماحول جو جنسی اشتعال انگیزی اور شہوت انگیزی کا طوفان منظّم سازشوں کے نتیجہ میں پیدا کیا گیا ہے اس کے نتائج سامنے آنے شروع ہوگئے ہیں۔اس کے بیشتر عوامل میں سے ایک نہایت اہم وجہ یہ ہے کہ نئی نسل کی تربیت کے لئے اس کی کردار سازی کے لئے ہمارے پاس وقت نہیں ہے۔آج والدین کے پاس وقت ہی نہیں ہے کہ وہ اپنی اولادوں کے ذہن اور فکر بناسکیں۔خصوصاً ماؤں پر معاش کی ذمہ داری ڈال کر سارا سماج صرف مادّہ پیدا کرنے میں لگ جاتا ہے انسان کی فکر کسی کو نہیں ہوتی۔ صنفی یکسانیت، صنفی توازن اور صنفی انصاف Gender justice کے نام پر عورت اور مرد دونوں کو گاڑی میں یکساں جوتنے کو ترقی کا نام دیدیا گیا ہے۔اب عورت کے پاس وقت نہیں ہے کہ وہ اپنی اولاد کو اپنا دودھ ہی پلا سکے، بمشکل ۳ ماہ چھٹی لے کر گذار سکتی ہے اس کے بعد ڈبہ کا دودھ ہی ساتھی ہوتا ہے۔دوسرے خواتین صنفی آزادی

یا حقوق نسواں کے نعرہ پر فریفتہ ہوکر خود بھی احساس کمتری کا شکار ہورہی ہیں۔ وہ نہ چاہ کر بھی اپنی خانگی ذمہ داریاں ادا کرنے کے بجائے بازار اور فیکٹریوں و آفسوں میں بھی حیران و پریشان ہورہی ہے اور گھر میں بھی احساس جرم کا شکار رہتی ہے کہ گھر والوں کے حقوق ادا نہیں ہورہے ہیں۔ امریکہ میں لاس اینجلس کی خاتون ڈاکٹر اسٹیفن پولٹر نے اپنی کتاب "The mother Factor" میں مسئلہ کے اس پہلو پر بہت زور دیا ہے کہ آج کی نسل کی مائیں اپنی اولاد کی ماں بننے کے بجائے اُس کی دوست بننا چاہتی ہیں اسی کی طرح فیشن کرتی ہیں اسی کی طرح جوان دکھنے کی ہر ممکن کوشش کرتی ہیں۔ دن بھر کام کرنے کے بعد والدین اولادوں سے الجھنا نہیں چاہتے اور دونوں اپنی اپنی مرضی کی زندگی گذارتے چلے جاتے ہیں۔ مگر اولادوں کو دوست ہی نہیں سرپرست بھی درکار ہوتے ہیں۔ اور اگر سرپرست (والد، والدہ) ہی دوست بن جائیں تو انہیں سمجھانے والا دنیا میں کون ہوگا؟ پولٹر کا کہنا ہے کہ آج اسی وجہ سے زیادہ تر نوجوان نشہ آور ادویّہ کے استعمال میں غرق ہیں۔ ڈاکٹر پولٹر نے ہالی وڈ کی متعدد مشہور ترین اداکاراؤں کے حوالہ سے بتایا کہ کس طرح وہ اور ان کی بیٹیاں نشہ کا شکار ہوئیں۔ ڈاکٹر پولٹر نے اپنی کتاب کے کامیاب اولادوں کے گھر کے لئے دس رہنما اصول میں بتایا:

(۱) کہ ماں کو ماں بننا چاہئے دوست نہیں۔

(۲) دوسرے گھر میں قوانین ہونے چاہئیں جن کی پابندی کی جائے۔ یہ کہنا کہ نئی نسل اپنے قوانین خود بنائے گی، بہت گمراہ کن ہے۔ ہندوستان میں حال ہی میں صنعتی تجارتی اداروں کی تنظیم اسوچیم (Assocham) نے ہندوستان کے ۳۰۰۰ کام کاجی جوڑوں کے انٹرویو لے کر بتایا ''ایک کام کاجی خاتون اوسطاً دس (۱۰) گھنٹہ آفس میں گذارتی ہے۔ ڈھائی گھنٹہ آنے جانے میں، ۶-۷ گھنٹہ سونے میں اور ۳ گھنٹہ گھر کا کام کرنے میں۔ اور اسے صرف ۳۰ منٹ بچوں کے لئے ملتے ہیں۔ چھٹی کے دن بھی وہ خرید وفروخت اور بجلی، پانی، فون، اسکول وغیرہ کے بلوں کی ادائیگی میں ہی لگے رہتے ہیں۔ اس کا لازمی نتیجہ ایک ''خلاء'' کی صورت میں پیدا ہوتا ہے۔ جب آنے والی نسل پیدائش سے ہی اپنائیت، محبت، خلوص اور چاہت و رہنمائی سے محروم رہے گی تو اس کی نفسیات میں یقیناً ٹیڑھ پیدا ہوگا۔ اور محرومی کی نفسیات میں گمراہی کے شیطانی ذرائع ٹی، وی، انٹرنیٹ، ریڈیو، موبائل، اخبارات میں سے ملنے والا فحش، بے حیاء اور عارضی مزہ والا مسالہ اسے بھکا دیتا ہے۔ آج کل IPL کرکٹ میں نوٹنکی کی طرح فحش عریاں نیم عریاں جسموں کی نمائش اور

انٹرنیٹ اور موبائل فونوں پر سہل الحصول فحس لٹریچر اور تصاویر کے کلچر نے اور سڑک، دوکان، مکان، اسکول، آفس، بس ٹرین ہر جگہ جس طرف فحاشی اور عریانی کو عام کیا ہے اس نے شرم، حیاء، قوانین، حرام حلال کے تمام شعور کو ہی ماؤف مسخ کردیا ہے۔ ایسے میں شیطان کا کام ذرا سا ایک محرک یا پیش قدمی بہت آسان بنا دیتا ہے کہ انسان بھٹک جائے اور شیطان کو بھی شرمندہ کردے۔ یہ دہلی پولس کی رپورٹ حقائق کی طرف صرف اشارہ کررہی ہے، حقیقت اس سے بھی زیادہ تشویشناک ہے۔ مشرقی ممالک کے معاشرے دوہری مار سے پریشان ہیں کیونکہ وہاں ۱۹ویں اور ۲۱ویں صدی ساتھ ساتھ چل رہی ہے ایک طرف انکل، آنٹی اور کزن کی آڑ میں بے روک ٹوک خلط ملط کی آزادی ہوتی ہے اور جب آزادی شیطانی صنفی تعلقات کے طور پر سامنے آتی ہے تو نتیش کٹارا کی طرح کی عزت کے لئے قتل کی وارداتیں ہوتی ہیں۔ ہولناک قتل اور رشتوں کی پامالی ہوتی ہے۔ ایسے تشویشناک حالات میں کیا صرف ''شریفانہ خاموشی'' یا اپنے ''کام سے کام'' رکھنے کی پالیسی سے سماج میں عزت، عصمت، حیاء باقی رہ پائے گی؟؟۔

❁ ❁ ❁

حامیانِ اُردو کی خدمت میں

ـــ: دَعوتِ فِکر وعَملْ :ـــ

از: اَلحاج حافظ منشی عبدالغفور
ناظم مدرسہ انوار القرآن نعمت پور، سہارنپور

اُردو ہندوستانی زبانوں میں سے ایک اہم زندہ وجاوید، دلکش وشیریں، خیرسگالی، اِتحاد پسندی، رواداری، آشتی اور انسانیت سے عبارت بھائی چارہ کی زبان تو ہے ہی زبانوں کی تاجدار بھی ہے، بقول ماہر تعلیم ولسانیات اور عظیم اردوداں پروفیسر گوپی چند نارنگ ''اردو زبانوں کا تاج محل ہے'' یہ کشادہ دل اور وسعت نظر زبان ہے، جس کا اعتراف سبھی لوگ کرتے ہیں، اس کا سب سے پہلا اخبار ''جام جہاں نما'' ۱۳/ مارچ ۱۸۲۲ء میں کلکتہ سے شائع ہوا تھا، اردو کی پہلی یونیورسٹی جامعہ عثمانیہ آندھراپردیش کی راجدھانی حیدرآباد میں ۱۹/۱۸/۱۸۱۷ء سالوں میں سے کسی بھی سال میں قائم ہوئی، آزادی سے قبل اردو ہر شعبۂ زندگی میں رائج تھی اور جنگ آزادی میں اس کا سب سے اہم اور نمایاں رول رہا ہے، آزادیٔ ہند کے ضمن میں اردو اور اردو شاعری نے جو خدمت کی ہے اس کی نظیر کوئی دوسری زبان پیش نہیں کرسکتی ''اِنقلاب زندہ باد'' جیسے تاریخ ساز جوش وولولہ پیدا کرنے والے نعرے نغمے اور مثالی حب الوطنی کے ترانے ''سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا'' جو ذہنوں میں گونجتے اور دلوں میں ہلچل پیدا کرتے تھے، اردو کی ہی دین ہے، سیاسی اور تہذیبی طور پر اردو پورے ملک کے رابطے اور اتحاد ویکجہتی کی زبان ہے، یہ یہیں پیدا ہوئی، یہیں پلی بڑھی اور جوان ہوئی؛ لیکن اب حال اس بے چاری کا یہ ہے کہ ؂

اَپنے گھر میں اَجنبی اردو ہے آج
اہلِ اُردو کاش رکھ لیں اِس کی لاج

کی صحیح مصداق ہے، باہمی میل ملاپ کی مستحکم زنجیر وعلامت ہے، یہ ہماری قومی ملکی مشترکہ گنگا جمنی تہذیب وتمدن کی ضامن ہے، اس کی جڑیں معاشرہ میں تہذیبی اخلاقیات اور ہندوستان کی عظیم جمہوری تاریخ میں پیوست ہیں، اردو کی معیاری اور ٹھوس تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ سماج اور معاشرہ میں آج بھی اپنا ایک مقام ووقار بنارہے ہیں اردو کا دائرہ کار ساری دنیا میں پھیلا ہوا ہے، عالمی زبانوں میں اس کا نمبر تیسرا ہے، شاید ہی دنیا کا کوئی ملک ایسا ہو جہاں اردو لکھنے، پڑھنے، بولنے اور سمجھنے والے افراد موجود نہ ہوں؛ لیکن افسوس اس پر ہے کہ آج اردو کے بڑے بڑے محقق، اُدبار، شعراء، نقاد ومبصرین کے بچے اردو سے نہ صرف ناآشنا ہی نہیں بلکہ انہیں اردو سے کوئی سروکار بھی نہیں ہے، یہ لوگ اپنے بچوں کو اردو میڈیم اِسکولوں میں پڑھنا تو دور کی بات اردو سکھاتے تک نہیں، عام طور پر نئی نسل کا اردو سے بتدریج لگاؤ کم تو ہو ہی رہا ہے، بیگانہ بھی ہوتی جارہی ہے اور نابلد طبقہ برابر بڑھ رہا ہے، اردو کے تئیں عدم دلچسپی، بے حسی، بے توجہی کی انتہا ہورہی ہے، اگر ہم نے اپنے بچوں تک اردو کی وِراثت نہ پہنچائی تو ہم مورد ِالزام ٹھہریں گے، اہل اردو کو اردو سے والہانہ تعلق ہونا چاہئے، اردو کے مایہ ناز پروفیسر رشید احمد صدیقی نے اپنے مخصوص انداز میں لکھا ہے کہ مغلیہ حکومت نے ہندوستان کو تین چیزیں دیں:

(۱) اُردو (۲) غالب (۳) اور تاج محل

حال ہی میں جموں کے نامور اردو کے صاحب طرز ادیب و پروفیسر آنند لہر صاحب نے وکلاء کے ایک خاص مجمع کو خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اردو دفتروں میں ہو نہ ہو لوگوں کے دلوں میں ضرور ہے، اردو اُن تمام لوگوں کی زبان ہے، جو اسے بولتے، سمجھتے اور جانتے ہیں، اس لیے نئی نسل میں اردو پڑھنے پڑھانے کا رُجحان پیدا کریں، تاکہ وہ اپنی ادبی وِراثت سے واقف ہوسکیں، حقیقت تو یہ ہے کہ زبانوں میں اردو نہ صرف سب سے زیادہ چاشنی والی زبان ہے، بلکہ سیکھنے میں بھی سب سے آسان ہے اردو میں جو کشش جاذبیت، جامعیت اور اختصاریت پائی جاتی ہے وہ دوسری زبانوں میں ناپید ہے، آنجہانی پنڈت جواہر لال نہرو آزاد بھارت کے پہلے وزیر اعظم اردو لکھتے پڑھتے بولتے تھے، ان کی مادری زبان اردو تھی موصوف کی تقریب شادی خانہ آبادی کا دعوت نامہ اردو میں مختصر اور انتہائی جامع شائع ہوا تھا، مگر افسوس کا مقام ہے کہ آج اپنے ہی وطن میں اردو بے یارومددگار ہے، یہ تو اپنی اندرونی طاقت اور حسن وکشش کے باعث ہنوز زندہ وتابندہ ہے، حال میں بھی عوام وخواص کے ایک بڑے طبقہ کی زبان ہے، بقول عزیز برنی (ایڈیٹر روزنامہ

راشٹریہ سہارا اردو) آج وہی اردو جو ۱۹۴۷ء تک پورے ملک کی قومی اور رابطہ کی زبان رہی ہے، محض ایک ووٹ کی کمی کی وجہ سے قومی زبان بننے سے رہ گئی تھی گویا اب ؂

ظلمات کی صلیب پہ عیسیٰ بنی ہوئی
زخموں سے چور میر کی اُردو زباں ہے آج

اِس لیے اردو کی اہمیت وافادیت نیز ضرورت کے پیش نظر اس کے فروغ و بقا ترویج واشاعت کی ذمہ داری آئینی اور اخلاقی نیز ملی اور سیاسی طور پر ہم سب اہل اردو پر عائد ہوتی ہے، ہمیں یہ ذمہ داری اپنا فرض جان کر بڑی مستعدی، تندہی اور دلچسپی سے نبھانی چاہئے اردو کی ہمہ جہت ترقی اور بقا کے لیے تن من دھن سے کوشاں رہیں چونکہ آگے آنے والی نسلوں کی اردو تعلیم و ترویج کا انحصار ہماری حال کی کوششوں پر ہے، مدارس عربیہ اردو کی فلاح و بہبود کے لیے بہت منظّم اور مؤثر طرز وطریق پر کام کررہے ہیں، ہمارے یہ مدارس پورے ملک میں پھیلے ہوئے ہیں، سب ہی محبّ وطن اور اردو دوست ہیں اس کی ترقی اور بقا کے لیے شب وروز کوشاں اورخواہاں ہیں، اب نہ صرف اردو والے کم ہورہے ہیں؛ بلکہ اردو کا شوق اردو کا چلن اور اردو کا تحفظ و تلفظ بھی کھوتے جارہے ہیں، اسکولوں میں جو بحیثیت اردو ٹیچرس لگے ہوئے ہیں وہ بھی ناقص اردو جاننے کے سبب غالب کو گالب، ذوق کو جوق، غلطی کو گلتی، ضرورت کو جرورت، حالات حاضرہ کو ہالات ہاجرہ، عارف انصاری کو آرف انساری لکھتے، پڑھتے، بولتے ہیں، گل اور غل نبات اور بنات کے تلفظ و معنی اور موقع محل میں کوئی فرق نہیں جانتے، اس لیے صحیح اردو کی ترویج و تعلیم کا جہاں تک تعلق ہے اس کے لیے ٹھوس اور گہری کاوشوں کی ضرورت ہے تا کہ اردو لکھنے پڑھنے والوں کی تعداد میں اضافہ اوراس کا دائرہ عمل زیادہ سے زیادہ وسیع ہو، اس لیے حامیان اردو سے گزارش ہے کہ اردو کی بہر نوع تنظیم و ترقی نیز اصلاحات واصطلاحات کے لیے حسب ذیل اُمور پر کمر بستہ ہوکر عمل پیرا ہوں:

(۱) تجربہ ہے کہ بچوں کی علمی صلاحیتیں مادری زبان میں بسہولت اُبھرتی ہیں چونکہ ہماری اور ہمارے بچوں کی مادری زبان اردو ہے، اس لیے اپنے بچوں کو بالخصوص ابتدائی تعلیم مادری زبان اردو میں دیں اور دلائیں۔

(۲) بچے اپنے گرد وپیش اور گھریلو ماحول سے بہت کچھ سیکھتے ہیں، نئی نسل کو اردو سے رُوشناس کرانے کے لیے اپنے گھروں میں اردو کی تعلیم کا بہترین بندوبست کریں، گفتگو بھی صاف وشستہ ردو میں کی جائے اس طرح اردو کو گھروں کے اندر بھی جاری اور ساری رکھیں۔

(۳) اُردو اخبارات و رسائل خرید کر پڑھیں، اردو کی کتابیں خرید کر ناشرین کتب کی حوصلہ افزائی کریں، گھر کے تمام افراد میں اردو اخبارات، دینی رسائل و جرائد کے مطالعہ کا رُجحان پیدا کریں۔

(۴) کاروباری اِداروں، کارخانوں، فیکٹریوں، ساریوں، رہائش گاہوں، دکانوں، مکانوں، بنگلوں، دفتروں نیز مارکیٹ اگر ذاتی ہوتو اس پر بھی نام وغیرہ کے سائن بورڈ و اشتہارات اور تختیاں وغیرہ اردو رسم الخط میں لکھوا کر لگائیں۔

(۵) وزیٹنگ کارڈ، لیٹر پیڈ پر اپنا نام و مکمل پتہ اَوّل اُردو میں لکھوائیں، خط و کتابت ہمیشہ اردو میں کریں، خطوط پر پتے پہلے اردو میں لکھیں، دستخط ہر جگہ اردو میں کریں۔

(۶) شادی بیاہ کی تقریبات، جلسہ و جلوس کے اِشتہارات و اِعلانات کے فولڈر و پوسٹر اور دعوت نامے اردو میں چھپوائیں۔

(۷) گھر اور دُکان کے سامان کی فہرست آمد و خرچ کا حساب اردو میں لکھیں۔

(۸) حامیانِ اُردو جذبہٴ ایثار سے بستی بستی، محلّہ محلّہ اردو کے تعلیمی سینٹر قائم کر کے رضا کارانہ طور پر اردو پڑھائیں، اردو پڑھاؤ تحریک پُرامن طور پر چلائیں۔

(۹) اِنگلش میڈیم اسکولوں میں پڑھنے والے بچوں کے والدین و سرپرستان اردو کو ایک مضمون کی حیثیت سے پڑھنے کا مطالبہ ذمہ دارانِ اسکول و کالج سے کریں اِن اسکولوں میں پڑھنے والے بچے خود بھی ذوق و شوق سے اردو پڑھیں لکھیں سمجھیں اور فخر سے بولیں۔

(۱۰) مردم شماری کے زمانہ میں مادری زبان کے خانے میں لفظ اردو اپنے سامنے پُر کروا کر بعدہ جانچ بھی کرلیں۔

(۱۱) اپنے بچوں کا داخلہ ایسے اسکول میں کرائیں جہاں اُردو کا مضمون بھی پڑھایا جاتا ہو۔

(۱۲) مرکزی اور ریاستی سرکاروں سے اُردو کے آئینی حقوق کے دائرہ میں رہتے ہوئے محکمہ تعلیمات کے وزیر وزراء، افسران و ذمہ داران سے مل کر اردو کی تعلیم و ترقی کے لیے اردو میڈیم اسکول کھولنے کی مانگ کریں اور قدیم اسکولوں میں مزید ماہر اردو اساتذہ پڑھانے پر بھی زور دیں جہاں اردو نہیں پڑھائی جاتی وہاں شعبہ اردو منظور و رائج کرائیں اردو کے اصحاب فکر و نظر کو اس بارے میں سعی بلیغ کرنی چاہیے تاکہ اردو کو شہرت عام اور بقائے دوام حاصل ہو اردو کی تنظیم و ترقی اور بقا میں حائل تمام تر دشواریوں کو دُور کرنے کرانے کی

جدوجہد کریں تاکہ اردو کا چلن عام ہوکر اس کی عظمتِ رَفتہ کی بازیابی ہو۔

(۱۳) ہر اردو داں اپنے حلقہ اثر میں ہر جاننے والے کو اُردو پڑھنے کی طرف راغب کرے، نیز اپنے اندر بے لوث خدمات وجذبات کے ساتھ اردو کے لیے کام کرنے کی خواہش وتڑپ پیدا کرے سبھی طبقات کے افراد کو اردو پڑھنے کی ترغیب دیں۔

(۱۴) ان تمام محکموں کے دفاتر میں جہاں اردو کے مترجم موجود ہیں درخواستیں اردو میں ہی دیں، اقلیتی فلاح و بہود کے دفاتر، اردو تنظیموں، اردو انجمنوں، اردو اکاڈمیوں، اردو قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان دہلی، غالب اکیڈمی جیسے اِداروں میں اردو زبان و اردو رسم الخط میں ہی لکھ کر اپنی عرضیاں پیش کریں۔

(۱۵) اردو کو روزی روٹی سے زیادہ جذبات سے جوڑنا ضروری تو ہے ہی مفید سے مفید تر بھی ہے، اِس لیے حامیانِ اردو، اردو کے فروغ کی خاطر کوشش تن من دھن سے کریں، توقع ہے کہ اردو کا ماضی جیسا شاندار و تابناک رہا ہے، اِنشاء اللہ مستقبل بھی ایسا ہی روشن ہوکر رہے گا۔

(۱۶) ہمارا بیشتر مذہبی اور ثقافتی تہذیبی اور تمدنی تاریخی اور تدریسی سرمایہ اردو زبان میں ہے، اِس لیے اردو کی نئی نسل تیار کرنا ہم سب کا ملی اور اَخلاقی فریضہ بنتا ہے، آنے والی نسل اگر اردو سے ناواقف رہی تو چونکہ ہمارا تمام تر تہذیبی ثقافتی اور دینی سرمایہ ہماری تاریخ ہمارا تشخص و تمدن اردو زبان میں ہے گویا اردو ہمارا ملی، قومی اور مذہبی اَثاثہ ہے، یہ سارے کا سارا اثاثہ ختم ہوکر رہ جائے گا، چنانچہ اردو ہمارے دین کی پہچان ہے، تہذیب وتمدن کی کان ہے، صلح وشرافت کی جان ہے، کتنی لذیذ وشیریں یہ اردو زبان ہے، اس لیے ہم اپنے بچوں کو اُردو سے آراستہ کرنا لازم جانیں۔

❁ ❁ ❁

دارالعلوم دیوبند کا ترجمان

ماہنامہ

دارُالعلوم

شمارہ: ۸ - ۹	شعبان - رمضان ۱۴۲۹ھ مطابق اگست - ستمبر ۲۰۰۸ء	جلد: ۹۲

مدیر	نگراں
حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب استاذ دارالعلوم دیوبند	حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند

ترسیل زر کا پتہ: دفتر ماہنامہ دارالعلوم دیوبند - ۲۴۷۵۵۴ یوپی

ہندوستان سے فی شمارہ -/۱۵ روپے، سالانہ -/۱۵۰ روپے

سعودی عرب، افریقہ، برطانیہ، امریکہ، کناڈا وغیرہ سے سالانہ -/۸۰۰ روپے

بنگلہ دیش سے سالانہ -/۲۰۰ روپے، پاکستان سے ہندوستانی رقم -/۲۰۰ روپے

Tel. : 01336-222429 Fax : 01336-222768
Mob. : 09411649303 *(Manager)*
Web : http://www.darululoom-deoband.com
www.darululoom-deoband.com/urdu/magazine
E-mail: info@darululoom-deoband.com

R. N. I. No. 2133/57

DARUL ULOOM Monthly (Urdu) Printed, Published by Maulana Marghubur Rahman, Owned by Darul Uloom Grush. Published From Deoband, Saharanpur, U.P.
Printed at Darul Uloom Printing Press Deoband, Saharanpur
Editor : Maulana Habibur Rahman Azmi

فہرست مضامین

نمبرشمار	نگارش	نگارش نگار	صفحہ
۱	حرفِ آغاز	حبیب الرحمٰن اعظمی	۳
۲	رسول اللہ ﷺ کے تصرفات کی مختلف حیثیتیں	مولانا محمد عارف جمیل مبارکپوری	۶
۳	قرآنی اعجازِ بیانی کے چند تراشے	مولانا محبوب فروغ احمد قاسمی	۳۳
۴	ترتیبِ حدیث کا تدریجی ارتقاء.....	مفتی شکیل منصور القاسمی	۴۴
۵	قرآن وحدیث کی روشنی میں خواتین کی تربیت	ڈاکٹر مسرت جمال	۵۶
۶	۱۸۵۷ء کا انقلاب حریت اور علماء اسلام	مولانا اختر امام عادل قاسمی	۷۰
۷	مزاح اور خوش طبعی اسلام کی نظر میں	....	۱۰۴
۸	مہتمم دارالعلوم کا مذمتی بیان......	......	۱۱۲

ختم خریداری کی اطلاع

○ یہاں پر اگر سرخ نشان ہے تو اس بات کی علامت ہے کہ آپ کی مدت خریداری ختم ہوگئی ہے۔

- ہندوستانی خریدار منی آرڈر سے اپنا چندہ دفتر کو روانہ کریں۔
- چونکہ رجسٹری فیس میں اضافہ ہوگیا ہے۔اس لیے وی پی میں صرفہ زائد ہوگا۔
- پاکستانی حضرات جناب مولانا شیر محمد صاحب ناظم جامعہ مدنیہ، کریم پارک، راوی روڈ، لاہور کو اپنا چندہ روانہ کریں۔
- ہندوستان وپاکستان کے تمام خریداروں کو خریداری نمبر کا حوالہ دینا ضروری ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حرفِ آغاز

حبیب الرحمن اعظمی

شعبان کا مہینہ ہمارے لئے اگر اس حیثیت سے اہمیت کا حامل ہے کہ یہ رمضان المبارک کی آمد کا منادی ہے اور ہر مرد مسلم کو دعوت دیتا ہے کہ ماہ رمضان (جو گلستان اسلام کا موسم بہار ہے) کے استقبال کے لئے اپنے آپ کو اچھی طرح تیار کرلو۔

وہیں یہ مہینہ اس اعتبار سے بھی علمی و دینی معاشرہ کے لے باعث اہمیت ہے کہ اسلامی دانش گاہوں کا تعلیمی سال اسی ماہِ عظیم میں اختتام پزیر ہوتا ہے۔ ہماری ان دینی تعلیم گاہوں کا تعلیمی وتربیتی آغاز ''شوال'' میں ہوتا ہے۔اس وقت ہزاروں کی تعداد میں طالبان علوم نبوت دینی مدارس میں داخل ہوتے ہیں اوران کے چشمۂ فیض سے اپنے اپنے ظرف وحوصلہ کے مطابق علم وآگہی اور فکروفن کے آبِ حیات سے سیراب ہوتے ہیں، ان طلبۂ علوم میں بہت سے وہ ہوتے ہیں جن کا تعلیمی سفر تعلیمی سال کے اس اختتامی مہینہ میں تکمیل کی منزل سے ہم کنار ہوجاتا ہے، جہاں سے ان کی زندگی کا ایک نیا سفر شروع ہوتا ہے۔

اس موقع پر ہمارے ان ہونہار نوجوانوں کو خوب اچھی طرح یہ بات ذہن نشین کرلینی چاہئے کہ ہماری تمام تر علمی ودینی کاوشوں اور محنت و ریاضت کا بارگاہ رب العزت میں شرف قبولیت سے بہرہ ور ہونا ہمارے حسنِ عمل واخلاص نیت پر موقوف ہے۔اگر آپ اپنے اندر اخلاص وللّٰہیت کی صفت پیدا کرنے میں کامیاب ہوگئے ہیں تو پھر یقین کرلیجئے کہ کامیابی وکامرانی کی کنجی آپ کے ہاتھ میں آگئی ہے،اور گوہر مقصود آپ کے قبضہ میں ہے۔

اوراگر ہمارا دل اخلاص سے عاری اور للّٰہیت سے ناآشنا ہے تو تمام تر علمی لیاقت وصلاحیت

کے باوجود ہم اپنے آپ کو نامرادی کے اس اندیشہ سے بہرحال محفوظ نہیں رکھ پائیں گے کہ

ترسم نہ رسی بکعبہ اے اَعرابی
کیں راہ تو می روی بترکستان است

تحصیل علوم دین کا مقصد واحد رضائے الٰہی ہونی چاہئے "من خرج فی طلب العلم فھو فی سبیل اللّٰہ" کی بشارت کا استحقاق اسی وقت ہوگا جبکہ تعلیم وتحصیل کا مقصود خوشنودیٔ رب کائنات ہو، اسی بناء پر امام بخاری رحمہ اللہ نے "الجامع الصحیح" میں سب سے پہلے حدیث پاک "انما الاعمال بالنیات" کو لاکر واضح اشاروں میں یہ بتادیا کہ تحصیل علوم کے میدان میں قدم رکھنے سے پہلے نیت کا جائزہ لے لینا ضروری ہے۔

آپ اس وقت اپنے تعلیمی سفر کی تکمیل کے بعد جہد وعمل، کے میدان میں قدم رکھنے کے لئے پر تول رہے ہیں تو اس اگلے سفر کو شروع کرنے سے پہلے خانۂ دل کو اخلاص وللّٰہیت سے معمور کرلیجئے، اور بغیر کسی خوف واندیشہ کے تعمیر وترقی کے میدان میں اتر جائیے کیونکہ اخلاص کی مضبوط ومستحکم بنیاد پر جو عمارت بھی قائم کیجائے گی وہ انشاء اللہ استوار و پائیدار ہوگی، بصورت دیگر یہی علوم ومعارف جو دونوں جہان کی صلاح وفلاح کا ضامن ہے ابدی حرمان وخسران کا سبب بن جاتا ہے۔ چنانچہ نبی صادق ومصدوق علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے "من طلب العلم لیجاری بہ العلماء، او لیماری بہ السفھاء، او یصرف بہ وجوہ الناس الیہ ادخلہ اللّٰہ النار" جسنے علم دین اس غرض سے حاصل کیا تاکہ اس کے ذریعہ علماء سے مقابلہ کرے گا، یا تاکہ اس کے ذریعہ احمقوں سے حجت بازی کرے گا، یا لوگوں کو اپنی جانب مائل کرے گا تو اللہ تعالیٰ اسے نار جہنم میں داخل کریں گے۔

میرے عزیزو! زندگی کے یہ لمحات بڑے اہم ہیں آپ کو اس وقت اچھی طرح اپنے دل کو ٹٹول لینا چاہئے، اگر اخلاص نیت کی جانب سے ذرا بھی بے اطمینانی ہو تو پہلے اس کی فکر کیجئے، اِسے قطعی طور سے مت بھولئے کہ اخلاص نیت اور جذبۂ قربانی کے بغیر صحیح طور پر دین واسلام کی خدمت انجام نہیں دی جاسکتی، اسلام کی پوری تاریخ اس بات کی شاہد عدل، اور سچی گواہ ہے کہ اسلام کی صحیح معنوں میں خدمت انجام دینے والے، اور اسلام ومسلمانوں پر جب بھی کوئی افتاد پڑی ہے، تو اس کی حفاظت و پاسبانی کا فریضہ انجام دینے والے خدا کے مخلصین بندے ہی تھے، اخلاص وایثار کے انہی پیکروں نے ہمیشہ ملت کی کشتی کو طوفانوں سے بچاکر امن وسلامتی کے

ساحل تک پہنچایا ہے، اپنے اسلاف واکابر کے تراجم اور حالات زندگی کا مطالعہ کیجئے، آپ کو صاف طور پر نظر آئے گا کہ ہمارے بزرگوں نے، تعلیم وتصنیف، تبلیغ وجہاد، دعوت وارشاد وغیرہا دین کے شعبوں میں جو گرانقدر اور تاریخ ساز کارنامے انجام دیئے ہیں، اس میں اصل کارفرمائی، اخلاص وایثار ہی کی تھی۔

آپ دینی تعلیم گاہوں سے اپنا تعلیمی نصاب مکمل کرکے جارہے ہیں، آپ انتہائی خوش قسمت ہیں کہ مالک کائنات نے آپ کو وارثین انبیاء کی صف میں شامل کردیا ہے، انسانی مقام ومرتبہ پر نبوت سے بالا وبلندتر کوئی مقام ودرجہ نہیں ہے۔ اس لئے لازمی طور پر وراثت نبوت سے بڑھ کر کوئی وراثت ہو ہی نہیں سکتی۔ یہ آپ کی انتہائی سعادت مندی ونیک بختی ہے کہ رب العالمین نے اس عظیم ترین وراثت کے لئے آپ کا انتخاب فرمایا ہے، فالحمد للہ علی ذلک اس لئے ہرگز ہرگز مایوسی واحساس کمتری کا ادنیٰ تصور بھی دل ودماغ کے گرد بھٹکنے نہ پائے، آپ سے عظیم تر دولت اس عالم دنیا میں کسی کے پاس نہیں ہے الا یہ کہ اس وراثت نبوت میں جو لوگ آپ کے شریک ہیں۔ پس اخلاص وایثار کے چراغ سے اپنے دل کو روشن کرلیجئے۔ دنیا آپ سے اکتساب نور کے لئے امنڈ پڑے گی اور ناکامی ونامرادی کے اندھیرے چراغ اخلاص کی ضیاپاشیوں سے اس طرح کافور ہوجائیں گے کہ دور دور تک ان کا نام ونشان بھی نہیں ملے گا۔

کسی ایسے شرر سے پھونک اپنے خرمن دل کو
کہ خورشید قیامت بھی ہو تیرے خوشہ چینوں میں

❁　❁　❁

رسول اللہ ﷺ کے تصرفات کی مختلف حیثیتیں

اور فقہی احکام پر ان کے اثرات

بہ قلم: محمد عارف جمیل مبارک پوری

رسول اللہ ﷺ کی ذات سے صادر ہونے والے افعال واقوال مختلف حیثیتوں کے حامل ہوا کرتے تھے، کبھی تو بہ حیثیت امام المسلمین کوئی حکم صادر فرماتے، کبھی بہ حیثیت مفتی، اور کبھی دوسری حیثیتوں سے۔ آپ ﷺ کی ذات بابرکات ان تمام حیثیتوں کی جامع تھی۔ ان حیثیتوں اور مقاصدِ شریعت کی واضح تعیین کے موضوع پر جن علمائے امت نے ابتدا میں کام کیا ان میں (بہ قول ابن عاشور) امام قرافی مالکی کا نام سرِفہرست آتا ہے۔ امام قرافی اسی سلسلہ میں رقم طراز ہیں:

''رسول اللہ ﷺ، امام اعظم، قاضی احکم، مفتی اعلم، امام الائمہ، قاضی قضاۃ، اور عالم العلما تھے، آپ ﷺ سبھی دینی مناصب کے اعلیٰ درجہ پر فائز تھے۔ آپ ﷺ کے تصرفات، فی الغالب، تبلیغ کی حیثیت سے تھے، اس لیے کہ آپ ﷺ پر رسالت کی صفت غالب تھی، بعد ازاں آپ ﷺ کے تصرفات کچھ تو بالاجماع، تبلیغ وفتوے کی حیثیت سے صادر ہوئے، کچھ بالاجماع، قاضی کی حیثیت سے، کچھ بالاجماع امامِ مسلمین ہونے کی حیثیت سے۔ اسی کے ساتھ کچھ تصرفات ایسے تھے جس کے بارےمیں قطعی طور پر کچھ کہنا مشکل تھا کہ وہ مذکورۃ الصدر کس حیثیت کے حامل تھے۔ اس طرح کے تصرفات میں بعض علمانے ایک حیثیت کو راجح قرار دیا تو بعض نے دوسری حیثیت کو''۔

قرافی آگے لکھتے ہیں:

''ان مختلف اوصاف کے حامل تصرفات کے، شریعت میں الگ الگ آثار ہیں۔ ظاہر ہے کہ آپ ﷺ کے وہ افعال واقوال جو بہ حیثیت تبلیغ کے صادر ہوئے، وہ تا قیامت، ثقلین کے لیے، ایک عمومی حکم متصور ہوں گے: اگر وہ مامور بہ ہوں گے تو ہر شخص اپنے طور پر، کسی سے اجازت لیے بغیر اس کا اقدام کرے گا، اور یہی حکم مباح کا بھی ہے۔ اور اگر وہ ممنوع ہو تو ہر شخص اپنے طور پر اس

سے پرہیز کرے گا۔لیکن اگر وہ تصرف بہ حیثیت امام کے ہے تو امام کی اجازت کے بغیر اسکا اقدام کرنا کسی کے لیے روانہ ہوگا۔اس لیے کہ آپ ﷺ کا تبلیغ کے بجائے بہ حیثیت امام تصرف کرنے کا یہی تقاضا ہے۔اورآپ ﷺ کا جوتصرف قاضی کی حیثیت سے ہے، اس کا اقدام کرنے کے لیے، قاضی کا فیصلہ ضروری ہے، اس کے بغیر کوئی اقدام نہیں کرسکتا۔اس لیے کہ بہ حیثیت قاضی آپ ﷺ نے جس وجہ سے اس میں تصرف فرمایا ہے، اس کا تقاضا یہی ہے۔“

آپ ﷺ کے افعال واقوال کی یہ تین حیثیتیں، امام قرافی نے بیان فرمائی ہیں، لیکن ان کے علاوہ اور بھی حیثیتیں ہیں، جن کا بیان آگے آئے گا۔صحابہ کرام، ان حیثیتوں کو بہ خوبی سمجھتے تھے، اور جہاں کہیں اشتباہ ہوا، آپ ﷺ سے دریافت کرنے میں دیر نہ کی۔اس کی بہت سی مثالیں کتب حدیث میں بہ آسانی مل سکتی ہیں، مثلاً:

۱-حضرت بریرہؓ، جو ایک باندی تھی، (اوران کے شوہر مغیث غلام تھے) اپنے مالکوں سے انھوں نے یہ معاملہ کرلیا کہ اتنی رقم دے کر آزاد ہوجائیں گی۔اس رقم کی ادائیگی میں مدد حاصل کرنے کے لیے وہ حضرت عائشہؓ کی خدمت میں حاضر ہوئی۔بخاری میں حضرت عائشہؓ کا بیان کہ بریرہ میرے پاس آئی کہ میں نے اپنے مالکوں سے، نو اوقیہ چاندی (سالانہ ایک اوقیہ) پر مکاتبت کرلی ہے۔آپ میری مدد کریں۔

حضرت مغیث کو، بریرہ سے بے حد محبت تھی، لیکن بریرہ کو ان سے اتنی ہی بددلی تھی۔شرعی طور پر آزادی کے بعد، بریرہ کو یہ حق حاصل تھا کہ اپنے نکاح کو قائم رکھیں یا توڑ دیں۔چنانچہ انھوں نے اپنے حق کو استعمال کرتے ہوئے، علاحدگی اختیار کرلی۔اس واقعہ سے حضرت مغیث کو بے حد صدمہ پہنچا۔وہ خدمت نبوی میں حاضر ہوئے، اور آپ ﷺ سے سفارش کی درخواست کی۔آپ ﷺ نے حضرت بریرہؓ سے بات کی، تو انھوں نے دریافت کیا کہ اللہ کے رسول! یہ آپ کا حکم ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ حکم نہیں؛ بلکہ سفارش ہے“۔یہ سن کر انھوں نے رجوع کرنے سے انکار کردیا۔ان کے اس طرزِ عمل پر، رسول اللہ یا صحابہ کرام کسی نے، ان کو برا بھلا نہیں کہا۔(۱)

۲-جنگ بدر کے موقع پر مسلمانوں کے قیام کے لیے جس جگہ کا آپ ﷺ نے انتخاب فرمایا، اس طرف کوئی چشمہ یا کنواں نہ تھا، زمین اس قدر ریتیلی تھی کہ اونٹ کے پاؤں زمین میں دھنس دھنس جاتے تھے، حضرت حباب بن منذر نے آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ جو مقام انتخاب کیا گیا ہے، وہ وحی کی رو سے ہے یا فوجی تدبیر؟ ارشاد ہوا کہ وحی نہیں۔حضرت حباب

نے عرض کیا کہ تو بہتر ہوگا کہ آگے بڑھ کر چشمہ پر قبضہ کرلیا جائے۔ اور آس پاس کے کنویں بے کار کردیے جائیں، حضرت حباب کے الفاظ تھے:

منزل انزلکه الله لیس لنا ان نتعداه، ولا نقصر عنه، ام هو الرای، والحرب والمکیدة (۲)

علماء اصولِ فقہ نے ''سنت نبوی'' کی بحث میں یہ لکھا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے وہ افعال جن کا تعلق فطرت و جبلت سے ہے، وہ تشریع کے باب میں نہیں آتے اور ظاہر ہے کہ اس فیصلہ میں انھوں نے یہی مدِنظر رکھا ہے کہ جو افعال، خلقت و جبلت کے اثر کا نتیجہ ہیں، وہ تشریع وارشاد کے باب میں داخل نہیں۔ ہاں جن افعال میں جبلت اور تشریع دونوں کے پہلو موجود ہوتے ہیں (مثلاً: اونٹ پر حج کرنا) ان کے بارے میں کوئی قطعی فیصلہ کرنا مشکل ہوتا ہے۔

اس دور میں فتویٰ کے باب میں جس تیزی کے ساتھ بے احتیاطی پھیلتی جارہی ہے، اور اس کے نتیجہ میں جس قدر غیر ذمہ دارانہ فتوے آئے دن دیکھنے میں آتے ہیں، نص شرعی کے حقیقی مقصد اور اس کے پس منظر کو نظر انداز کرکے آج کچھ لوگ بے خوف وخطر فتوے جاری کرتے، اور علماءِ سلف کو آڑے ہاتھوں لیتے نظر آتے ہیں، اس کے پیچھے مقاصد شریعت اور انہی حیثیتوں سے ناواقفیت، بڑی حد تک کارفرما ہے۔ اس کی ایک تازہ مثال عالم عرب میں ایک عالم کا یہ فتویٰ کہ عورتوں اور مردوں کا آفسوں اور دوسرے مقامات پر مخلوط شکل میں کام کرنا جائز ہے اور اس جواز کی شکل یہ ہے کہ عورت اپنے ''ساتھی'' کو دودھ پلادے، جس سے حرمتِ مصاہرت ثابت ہوجائے گی، اور وہ دونوں ''اجنبی کے ساتھ خلوت'' کی حرمت کے گناہ سے بچ جائیں گے۔ اور انھوں نے دلیل میں یہ روایت پیش کی ہے کہ سہلہ بنت سہیل خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! سالم جب میرے گھر میں آتا ہے تو میں ابوحذیفہ کے چہرہ میں خفگی پاتی ہوں، سالم ابوحذیفہ کا حلیف ہے۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: "ارضعیه" اسے دودھ پلادو۔ انھوں نے عرض کیا کہ اس کے دودھ کیسے پلاؤں، وہ تو جوان آدمی ہے۔ آپ ﷺ مسکرائے اور فرمایا: "قد علمت انه رجل کبیر" مجھے معلوم ہے کہ وہ جوان آدمی ہے۔

عمرو کی روایت میں یہ اضافہ ہے:

وہ بدر میں بھی حاضر ہوئے تھے۔ اور ابن ابی عمرو کی روایت میں ہے: آپ ﷺ ہنسے (۳)

اس روایت کی صحت میں کوئی کلام نہیں، لیکن کیا یہ تصرف ''تشریع'' کے طور پر تھا؟ جمہور علماء

نے اس حدیث کو عام تشریعی حکم نہیں، بلکہ حضرت سہلہ اور سالم کے ساتھ خاص قرار دیا ہے۔اور رضاعت کے ثبوت کے لیے، دوسری نصوص کی بنیاد پر، یہ شرط قرار دیا کہ وہ مدتِ رضاعت کے اندر ہو۔حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس کو ''تشریع'' قرار دیا تھا،لیکن تمام امہات المومنین ان کی اس رائے سے اختلاف کرتی تھیں۔اوراس واقعہ کوان کی خصوصیت قرار دیتی تھیں۔واقعہ کچھ اس طرح تھا کہ ابتداء میں حضرت ابوحذیفہ نے سالم کومنہ بولا بیٹا بنالیا تھا،جس کی وجہ سے وہ ان کے گھر میں آتے جاتے تھے۔لیکن جب حجاب کا حکم آگیا،اور''تبنی'' کا حکم منسوخ ہوگیا تو سہلہ کو اس میں دشواری محسوس ہوئی،جس کے بعد آپ ﷺ نے ان کے لیے یہ خصوصی رعایت اور رخصت عنایت فرمائی تھی۔اس حدیث کےاور بھی جوابات دیے گئے ہیں۔(۴)

قرافی نے تو صرف تین حالات اور حیثیتوں کی نشاندہی کی ہے؛لیکن ان کے علاوہ بھی ہیں، جن کی ابن عاشور نے وضاحت کی ہے۔ذیل میں ان کا ایک جائزہ اور فقہی احکام پر مرتب ہونے والے ان کے اثرات کے تجزیہ کی کوشش کی جارہی ہے۔لیکن اس سے پہلے ان مختلف حیثیتوں کی وضاحت ضروری ہے۔

۱-فتوے کی حیثیت سے آپ کا تصرف

اس میں اللہ تعالیٰ کا جو حکم آپ ﷺ کو، ادلہ شرعیہ میں نظر آتا ہے، آپ ﷺ اس کی خبر اور اطلاع دیتے ہیں،جیسا کہ ہم دوسرے مفتیان کے بارے میں یہی کہتے ہیں۔تبلیغ کی حیثیت سے آپ کا تصرف ہی رسالت کا تقاضا ہے،یعنی اس تبلیغ کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا حکم۔آپ ﷺ مقام رسالت میں حق تعالیٰ شانہ کی طرف سے، جو کچھ آپ تک پہنچتا ہے، اس کو مخلوق تک نقل کرتے ہیں۔آپ ﷺ اس مقام میں، رب العالمین کی طرف سے پہنچانے اور نقل کرنے والے ہیں۔جیسا کہ راویانِ حدیث، آپ ﷺ کی احادیث ہم تک نقل کرتے ہیں۔یہ مقام محدثین کو وراثت میں ملا، جیسا کہ مفتی کو، فتوے کا مقام وراثت میں ملا۔راوی اور مفتی کے درمیان یہ فرق معلوم ہونے کے بعد، آپ ﷺ کی مبلغ اور مفتی ہونے کی حیثیت میں فرق بھی واضح ہوگیا۔

۲-حکم اور فیصلہ کی حیثیت سے آپ کا تصرف

حکم اور فیصلہ کی حیثیت سے آپکا تصرف، رسالت اور فتوے کی حیثیت سے آپ کے تصرف سے مختلف ہے۔اس لیے کہ رسالت میں محض تبلیغ اور خالص اتباع ہوتا ہے۔اور حکم وفیصلہ: انشاء، الزام سے عبارت ہے۔جو اسباب اور حاجت کے تقاضے کے موافق ہوتا ہے۔اسی وجہ سے آپ

ﷺ نے ارشاد فرمایا:

انکم تختصمون الی، ولعل بعضکم أن یکون ألحن بحجته من بعض، فأقضی له علی نحو ما أسمع، فمن قطعت له من حق أخیه شیئا، فلا یأخذه، انما أقطع له به قطعة من النار (۵)

''تم لوگ میرے پاس مقدمات لے کر آتے ہو، بعض لوگوں میں قوتِ استدلال زیادہ ہوتی ہے، میں جو سنتا ہوں اسی کے موافق فیصلہ دیتا ہوں، اگر میں کسی کو اس کے بھائی کا حق دے دوں تو وہ نہ لے، میں اس کو آگ کا ایک ٹکڑا کاٹ کر دے رہا ہوں۔''

اس سے معلوم ہوا کہ قضاء و فیصلہ، حاجت وقوتِ استدلال کے تابع ہوتا ہے۔ اور اس صورت میں آپ ﷺ کی حیثیت، انشاء حکم کرنے والے کی ہوتی ہے۔ جب کہ فتوے اور رسالت میں آپ ﷺ کا کام تبلیغ اور اتباع ہے۔

حکم وقضاء میں بھی آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کے حکم کے متبع ہوتے ہیں کہ حاجت واسباب کے موافق، احکام کا انشاء کریں، کیوں کہ آپ ﷺ، اللہ تعالیٰ کی طرف سے، اس حکم کو نقل کرنے میں متبع ہیں، اس لیے کہ آپ ﷺ کو جس امر الٰہی کی تفویض ہوچکی ہے، وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے منقول نہیں ہوگا۔

حکم وفتوے میں ایک فرق یہ بھی ہے کہ فتوی قابلِ نسخ ہوتا ہے، نہ کہ حکم وفیصلہ کہ اس فیصلہ پر مرتب ہونے والے آثار کے ظہور کے بعد، وہ حکم وفیصلہ قابلِ نسخ نہیں۔ یہ تو عہدِ نبوی کی بات ہے، لیکن آپ ﷺ کے بعد، آپ کا فتویٰ بھی نا قابلِ نسخ ہے، کیونکہ شریعت کے احکام مقرر ہوچکے ہیں۔

''رسالت'' ذاتی طور پر نا قابلِ نسخ ہے۔ ''نبوت'' میں یہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی مخلوق کے پاس کسی چیز کے حکم کی وحی بھیجتے ہیں، جو اسی کے ساتھ خاص ہوتی ہے۔ جیسا کہ آپ ﷺ کے پاس یہ وحی آئی "اقرأ باسم ربك الذی خلق، خلق الانسان من علق (اقرا:۱-۲)'' (اے پیغمبر ﷺ) آپ پر (جو قرآن نازل ہوا کرے گا) اپنے رب کا نام لے کر پڑھا کیجیے۔ جس نے (مخلوقات کو) پیدا کیا، جس نے انسان کو خون کے لوتھڑے سے پیدا کیا۔''

یہ حکم آپ ﷺ کے ساتھ خاص ہے۔ علما کہتے ہیں کہ یہ نبوت ہے، رسالت نہیں۔ اس کے بعد جب یہ آیت نازل ہوئی: "یا أیها المدثر قم فانذر" (المدثر:۱-۲)'' اے کپڑے میں لپٹنے والے! اٹھو، اپھر ڈراؤ''

تو یہ رسالت ہوئی۔ اس لیے کہ یہ ایسے حکم کا مکلّف بنانا ہے، جس کا تعلق صاحبِ وحی کے علاوہ دوسروں سے ہے۔ اس وضاحت سے معلوم ہوگیا کہ ہر رسول نبی ہے، اس کے برعکس نہیں۔

۳- بہ حیثیت امام، آپ ﷺ کے تصرفات

بہ حیثیت امام، آپ ﷺ کے تصرفات، نبوت و رسالت، فتوی اور قضاء سے زائد ایک صفت ہے، اس کا مدار، تحقیق مصالح اور دفعِ مفاسد پر ہے۔ اور ظاہر ہے کہ یہ چیز، ماسبق کے مفہوم میں داخل نہیں۔ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے، محض کسی چیز کی خبر دے دینے سے، فتوے کی حیثیت پوری ہوجاتی ہے۔ اور نزاعات کے محض تصفیہ اور فیصلہ سے، حکم وقضاء کی حیثیت پوری ہوجاتی ہے۔ اس میں سیاست عامہ کو دخل نہیں۔ خصوصاً اگر کم زور قاضی، جو فیصلوں کو نافذ کرنے کی صلاحیت وقدرت نہیں رکھتا، اگر کسی جابر بادشاہ کے خلاف کوئی فیصلہ صادر بھی کردے، تو یہ محض ''انشاءِ الزام'' ہے، اس کے دل میں بھی یہ نہیں گزرتا کہ وہ اس کو نافذ کرنے کی کوشش کرے؛ کیوں کہ وہ ایسا کر بھی نہیں سکتا۔

اس سے معلوم ہوا کہ قاضی (بہ حیثیت قاضی) کو صرف ''انشاء'' (فیصلہ صادر کرنے) کا اختیار ہے۔ قوتِ تنفیذ یہ، اس کے منصب قضاء سے ایک زائد چیز ہے۔ لہٰذا ''سلطۂ عامہ'' (اعلیٰ اختیارات) جو امامت کی حقیقت ہے، قضا وفیصلہ سے (بہ حیثیت قضاء) مختلف چیز ہے۔

''رسالت'' میں صرف اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم رسانی ہے۔ اس میں ''سیاستِ عامہ'' کی تفویض لازم نہیں۔ اس کے بعد یہ عبارت غیر واضح ہے۔

رسالت وامامت کے درمیان فرق واضح ہونے کے بعد، ان دونوں اور نبوت کے درمیان فرق بھی واضح ہوگیا کہ نبوت صاحبِ وحی کے ساتھ خاص ہوتی ہے، دوسرے سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ (۶)

ان مختلف حیثیات سے آپ ﷺ کے تصرفات کا، شرعی احکام پر اثر ہوتا ہے۔ جیسا کہ ہم لکھ آئے ہیں کہ امام قرافی نے صرف تین حیثیتوں کا ذکر کیا ہے؛ لیکن ابن عاشور نے اور بھی دوسری حیثیتوں کی نشاندہی کی ہے، ذیل میں ہر ایک قدرے تفصیل اور ان کے مختلف اثرات کا تجزیہ پیش کیا جارہا ہے۔ جس سے حضرات سلف کے اختلافات کے اسباب کی وضاحت بھی ہوگی اور علمی و فقہی حیثیت سے کم یا بے مایہ حضرات کی فتوے کے باب میں عجلت بازی اور حضرات سلف کے ساتھ بدگمانی کی جو لہر چل پڑی ہے، اس پر شاید قدغن لگ سکے۔

(۱) تشریع کی حیثیت:

آپ ﷺ کی فی الغالب، حیثیت تشریع کی تھی؛ اس لیے کہ آپ کی بعثت کا مقصد ہی یہی تھا۔ جیسا کہ فرمانِ باری: وما محمد الا رسول (سورہ آل عمران/۱۴۴) ''محمد اللہ کے رسول ہی ہیں''

بہ حیثیت تشریع جو افعال واقوال صادر ہوتے ہیں، ان کے قرائن واضح ہیں، جیسا کہ حجۃ الوداع کے موقع پر آپ ﷺ نے چندلوگوں کو مقرر کردیا تھا کہ آپ ﷺ کی بات دور بیٹھے لوگوں تک پہنچائیں۔ نیز حجۃ الوداع کے موقع پر آپ ﷺ نے فرمایا: لتاخذوا عنی مناسککم(۷) ''مجھ سے حج کے احکام سیکھ لو''۔

اس کے بعد فرمایا: لیبلغ الشاھد الغائب(۸) ''جو لوگ اس وقت موجود ہیں، وہ ان لوگوں کو سنادیں، جو موجود نہیں''۔

(۲) فتوے کی حیثیت:

اس کی بھی کچھ علامتیں ہیں، جن سے اس کا اندازہ لگ جاتا ہے، مثلاً موطا وصحیحین میں حضرت عمرو بن العاص اور ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ حجۃ الوداع کے موقع پر آپ ﷺ منی میں اپنی اونٹنی پر رکے، لوگ آپ سے مسائل دریافت کررہے تھے، ایک شخص نے آکر دریافت کیا کہ میں نے رمی سے پہلے، قربانی کرلی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''رمی کرلو، کوئی حرج نہیں''۔

ایک دوسرے نے دریافت کیا کہ میں نے رمی سے پہلے، طوافِ افاضہ کرلیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''رمی کرلو، کوئی حرج نہیں''۔

اس موقع پر آپ سے کسی بھی ایسے امر سے متعلق جس کو بھول کر آدمی آگے یا پیچھے کرلے، دریافت کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ کرلو، کوئی حرج نہیں۔(۹)

اس کی ایک مثال حضرت ابوسفیان کی بیوی ہند کا واقعہ ہے۔ وہ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا کہ اللہ کے رسول! ابوسفیان بخیل ہیں، مجھے اتنا خرچ نہیں دیتے جو مجھ کو اور میرے بچوں کو کافی ہو مگر میں ان کے مال میں سے لے لیتی ہوں، اور ان کو خبر نہیں ہوتی۔ تو کیا مجھ پر اس کا گناہ ہوگا؟ آپ نے فرمایا کہ دستور کے مطابق جتنا تم کو اور تمہارے بچوں کو کافی ہو ان کے مال میں سے لے سکتی ہو۔(۱۰)

امام شافعی نے آپ ﷺ کے اس تصرف کو، فتوے کی حیثیت دی ہے: لہٰذا اگر کسی کو اپنا حق بجنسہ یا بغیر جنسہ (اگر بجنسہ نہ ملے) دوسرے کے پاس مل جائے، اور اس کو بتا کر لینا ممکن نہ ہو تو

بتائے بغیر اپنا حق وصول کرسکتا ہے۔ حنفیہ نے بھی اس کو فتوے کے باب میں شمار کیا ہے۔ امام مالک کی رائے اس کے خلاف ہے۔ انھوں نے اس کو قضا اور فیصلہ قرار دیا ہے، لہٰذا قاضی کے فیصلہ کے بغیر اپنا حق وصول نہیں کرسکتا۔ یہی رائے حنابلہ کی ہے، ابن قدامہ نے ''المغنی'' میں قضاء علی الغائب کے جواز پر اسی حدیث سے استدلال کیا ہے۔

بعض حضرات نے تو اس حدیث کو قضا علی الغائب کے باب میں اصول قرار دیا ہے۔ لیکن سبکی نے اس رائے کو ضعیف قرار دیا ہے اور وجہ یہ بتائی کہ ابوسفیان شہر میں موجود اور حاضر تھے، روپوش نہ تھے، اور آپ ﷺ کے مطالبہ پر، دربار میں حاضری سے ان کو گریز بھی نہ تھی۔ اور ایسی صورت میں ''صحیح مذہب شافعی'' میں قضا علی الغائب کی شکل نہیں بنتی۔ (۱۱)

(۳) قضاء و فیصلہ کی حیثیت:

فریقین کے درمیان تصفیہ کی حیثیت سے جو افعال صادر ہوئے، وہ اسی قبیل سے ہیں، مثلاً:

(الف) حضرت زبیرؓ کا بیان ہے کہ ان میں اور ایک انصاری صحابی (جو بدر کی لڑائی میں شریک بھی ہوئے تھے) مدینہ کی پتھریلی زمین کی نالی کے بارے میں جھگڑا ہوا، وہ اپنا مقدمہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں لے گئے۔ دونوں حضرات اس نالہ سے اپنا باغ سیراب کیا کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ زبیر! تم پہلے سیراب کرلو، پھر اپنے پڑوسی کو بھی سیراب کرنے دو، اس پر انصاری کو غصہ آگیا اور کہا کہ اے اللہ کے رسول! کیا اس وجہ سے کہ وہ آپ کی پھوپھی کے بیٹے ہیں؟ اس پر رسول اللہ ﷺ کے چہرے کا رنگ بدل گیا، اور آپ ﷺ نے فرمایا: ''اے زبیر! تم سیراب کرو اور پانی کو اپنے باغ میں اتنی دیر تک آنے دو کہ دیوار تک چڑھ جائے۔ اس مرتبہ آپ ﷺ نے زبیر کو ان کا پورا حق عطا فرمادیا۔ اس سے پہلے آپ ﷺ نے ایسا فیصلہ کیا تھا، جس میں حضرت زبیرؓ اور انصاری صحابی؛ دونوں کی رعایت تھی۔ لیکن جب انصاری نے رسول اللہ ﷺ کو غصہ دلایا تو آپ ﷺ نے زبیرؓ کو قانون کے مطابق پورا حق عطا فرمایا۔ (۱۲)

(ب) حضرت وائل بن حجر سے روایت ہے کہ ایک شخص ''حضرموت'' کا اور ایک شخص کندہ کا، رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرموت والے نے کہا: اے اللہ کے رسول! اس شخص نے میری زمین دبالی ہے، جو میرے باپ کی تھی۔ کندہ والے نے کہا کہ وہ میری زمین ہے، میں اس میں کھیتی کرتا ہوں، اس کا اس میں کچھ حق نہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرموت والے سے فرمایا کہ تمہارے پاس گواہ ہیں؟ وہ بولا: نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تو پھر اس سے قسم لے'' اس

نے کہا کہ اللہ کے رسول! وہ تو فاجر ہے۔ قسم کھانے میں اس کو باک نہیں۔ وہ کسی بات سے پرہیز نہیں کرتا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ قسم کے سوا اب تمہارا اس پر کوئی بس نہیں چلتا۔ پھر وہ قسم کھانے جارہا تھا اور اس نے پیٹھ موڑی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''دیکھو! اگر اس نے دوسرے کا مال اڑانے کے لیے، ناحق خدا کی قسم کھائی تو جب وہ اللہ تعالیٰ سے ملے گا تو اللہ تعالیٰ اس سے منھ پھیر لے گا''۔(۱۳)

بہرکیف ان دونوں واقعات میں رسول اللہ ﷺ نے فریقین کی موجودگی میں ایک حکم فرمایا؛ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ قضا اور فیصلہ کی قبیل سے ہے۔ اور اگر فریقین کی عدم موجودگی میں کوئی ایسا حکم آیا ہو تو وہ قضا وفیصلہ کے باب سے نہیں۔(۱۴)

قضاء کے باب سے ہونے کی ایک علامت یہ بھی ہے کہ ایک فریق رسول اللہ ﷺ سے عرض کرے کہ: اقض بیننا (ہمارے درمیان فیصلہ کردیجیے) اور آپ ﷺ فرمائیں: لاقضین بینکما (میں تمہارے درمیان فیصلہ کروں گا) اس کی مثال خالد بن زید جہنی کی روایت ہے کہ ایک دیہاتی اپنے فریق کے ساتھ آیا اور اس نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! ہمارے درمیان کتاب اللہ سے فیصلہ کردیجئے۔ دوسرے فریق (جو اس سے سمجھ دار تھا) نے کہا اس نے سچ کہا۔ ہمارے درمیان کتاب اللہ سے فیصلہ کردیجیے، اور مجھے بات کہنے کی اجازت دیں۔ (اس کے بعد ان دونوں نے اپنا واقعہ بیان کیا) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں تمہارے درمیان کتاب اللہ سے فیصلہ کردوں گا۔(۱۵)

(۴) امام وامیر ہونے کی حیثیت:

رسول اللہ ﷺ نے امام وامیر ہونے کی حیثیت سے جو تصرفات فرمائے ہیں، امام وامیر کی اجازت کے بغیر کوئی مسلمان وہ تصرف نہیں کرسکتا۔ یہ تو ایک طے شدہ امر ہے؛ لیکن آپ ﷺ کے بعض تصرفات کے بارے میں یہ فیصلہ کرنا مشکل ہوتا ہے کہ یہ تصرف بہ حیثیت امام وامیر کے ہے (کہ اس کے لیے امام وامیر کی اجازت درکار رہے) یا فتوے وتشریع کی حیثیت سے آپ ﷺ نے تصرف فرمایا کہ اس کے لیے امام کی اجازت لینے کی ضرورت نہیں۔

اس کی مثالیں:

۱- فرمان نبوی ہے: من احیا ارضا میتة فھی له (۱۶) ''جس نے کوئی غیر آباد زمین، آباد کی وہ اس کی ہے۔''

امام مالک اور امام شافعی فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ کا یہ تصرف بہ حیثیت فتوے کے ہے، اس لیے کوئی بھی امام کی اجازت کے بغیر ''احیاء ارض'' کرسکتا ہے۔ یہی رائے حنابلہ اور حنفیہ میں سے امام ابویوسف اور امام محمد کی بھی ہے، جب کہ امام ابوحنیفہ کہتے ہیں کہ یہ تصرف بہ حیثیت امام مسلمین کے ہے۔ اس لیے امام کی اجازت کے بغیر کوئی یہ تصرف نہیں کرسکتا۔ (۱۷)

۲- فرمانِ نبوی: من قتل قتیلا فله سلبه (۱۸)

'جس نے کسی کو قتل کیا اس کا سامان اسی کو ملے گا''۔

امام مالک کہتے ہیں کہ آپ ﷺ کا یہ تصرف، امام و امیر ہونے کی حیثیت سے تھا، لہٰذا امام کی اجازت کے بغیر، قاتل کو، مقتول کا ''سامان'' نہیں دیا جائے گا، یہی رائے امام ابوحنیفہ کی بھی ہے۔ جب کہ امام شافعی، ابوثور اور داود کی رائے ہے کہ یہ تصرف، فتوے اور تبلیغ کی حیثیت سے تھا، لہٰذا یہ قاتل کا حق ہے، امام کی اجازت پر موقوف نہیں۔ یہی رائے حنابلہ کی بھی ہے۔ (۱۹)

۳- غزوۂ خیبر میں رسول اللہ ﷺ نے شہری گدھے کے گوشت کھانے سے منع کردیا اور ان دیگچیوں کو انڈیل دینے کا حکم دیا جس میں گوشت پکایا گیا تھا۔ لیکن یہ ممانعت، بہ حیثیت تشریع، و تبلیغ کے تھی کہ آبادی کے گدھے بہ ہر صورت حرام ہوں گے۔ یا ممانعت کی وجہ یہ تھی کہ اس غزوہ میں سواری کے لیے گدھے استعمال کیے گئے تھے، لشکر کی مصلحت میں آپ ﷺ نے، بہ حیثیت امیر لشکر یہ حکم فرمایا تھا۔ صحابہ کرام میں یہ دونوں رائیں موجود تھیں۔

مسند ابوعوانہ میں، عبداللہ بن ابواوفی کی روایت ہے کہ

اصابتنا مجاعة ليالى خيبر فلما كان يوم خيبر وقعنا فى لحوم الحمر الاهلية فانتحرناها فلما غلت به القدور نادى منادى رسول الله صلى الله عليه وسلم ان اكفئوا القدور ولا تاكلوا من لحوم الحمر شيئا.

قال: فقال ناس: انما نهى عنها رسول الله صلى الله عليه وسلم لانها لم تخمس، وقال آخرون: حرمها البتة. (۲۰)

''غزوۂ خیبر کے موقع پر ایک رات ہم کو سخت بھوک لگی، جب دن ہوا تو ہم لوگ، شہری گدھوں پر ٹوٹ پڑے، اور ان کو ذبح کرنا شروع کردیا اور جب گوشت دیگچی میں ابلنے لگا تو آپ ﷺ کے منادی نے اعلان کیا کہ دیگچیوں کو الٹ دو اور گوشت ہرگز نہ کھاؤ۔

اب بعض لوگوں نے کہا کہ آپ ﷺ نے اس لیے منع فرمایا کہ ان گدھوں میں سے

''پانچواں حصہ'' نہیں نکالا گیا تھا (ان کی تقسیم نہیں ہوئی تھی) اور بعض لوگوں نے کہا کہ آپ ﷺ نے اسے قطعی طور پر حرام کردیا تھا۔

مسلم کی روایت میں حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ

لا ادری انما نهی عنه رسول الله ﷺ من اجل انه کان حمولة الناس فکره ان تهذهب حمولتهم او حرم فی یوم خیبر لحوم الحمر الاهلية(۲۱)

''مجھے یہ معلوم نہیں کہ آپ ﷺ نے اس وجہ سے ممنوع قرار دیا کہ وہ بار برداری کے کام آتے تھے اور کھانے کی اجازت سے بار برداری کے جانور ختم ہوجانے کا اندیشہ تھا یا خیبر کی لڑائی میں آپ ﷺ نے ''آبادی کے گدھوں'' کو بالکلیہ حرام قرار دیا تھا''۔(۲۲)

(۵) ہدی، وارشاد کی حیثیت:

یہ حیثیت، تشریع کی حیثیت سے آپ ﷺ کے تصرف کے مقابلہ میں عام ہے۔(۲۳) اس لیے کہ بسا اوقات آپ ﷺ کسی چیز کا حکم دیتے ہیں یا کسی چیز سے نہی فرماتے ہیں؛ لیکن مقصود ''عزم'' (سختی کے ساتھ حکم یا ممانعت) نہیں ہوتی؛ بلکہ اس سے نیکی وخیر کے راستوں کی رہنمائی مقصود ہوتی ہے۔ چناں چہ ترغیبی نصوص، جنتیوں کی نعمتوں کا بیان، اور اکثر مندوبات ومستحبات، اسی ''ارشاد'' کے باب سے ہیں۔ بہرکیف یہاں ''ہدی، ارشاد'' سے مراد: اعلیٰ اخلاق اور آداب صحبت کی رہنمائی ہے۔ اسی طرح ''صحیح عقیدہ'' کی رہنمائی بھی اسی کے تحت آتی ہے۔(۲۴)

مثالیں: ۱- فرمانِ نبوی: عبیدکم خولکم جعلهم الله تحت ایدیکم، فمن کان اخوه تحت یده فلیطعمه مما یاکل، ولیلبسه مما یلبس، ولا یکلفه من العمل مالا یطیق، فان کلفه فلیعنه.

قال الراوی: فلقیت أبا ذر وغلاما له وعلی غلامه حلة، فقلت لابی ذر: ماهذا فقال: تعال احدث: انی سابیت عبدا لی فعیرته بامه، فشکانی الی رسول الله، فقال رسول الله: "أعیرته بامه یا أباذر؟" قلت: نعم. قال: "انك امرؤ فیك جاهلیة، عبیدکم خولکم"(۲۵)

''تمہارے غلام بھی تمہارے بھائی ہیں، اگرچہ اللہ تعالیٰ نے انہیں تمہاری ماتحتی میں دے رکھا ہے۔ اس لیے جس کا بھی کوئی بھائی اس کے قبضہ میں ہو، اسے وہی کھلائے جو وہ خود کھاتا ہے، اور وہی پہنائے جو وہ خود پہنتا ہے۔ اور ان پر ان کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالے۔ لیکن اگر ان

کی طاقت سے زیادہ بوجھ ڈالے تو پھر ان کی خود مدد کردیا کرے۔‘‘

راوی کہتے ہیں کہ حضرت ابوذر سے میری ملاقات ہوئی، ان کے غلام کے بدن پر ایک جوڑا تھا۔ میں نے ان سے سبب پوچھا۔ تو انھوں نے بتایا کہ ایک دفعہ میری اپنے ایک غلام سے گالی گلوچ ہوگئی، میں نے اس کو اس کی ماں کی طرف سے عار دلایا۔ اس نے نبی کریم ﷺ سے میری شکایت کردی۔ آپ ﷺ نے مجھ سے پوچھا کہ کیا تم نے انہیں ان کی ماں کی طرف سے عار دلائی ہے؟ میں نے کہا ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ’’تم ایسے آدمی ہو، جس میں جاہلیت ہے۔ تمہارے غلام تمہارے بھائی ہیں۔‘‘

امام نووی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

’’آقا کو یہ حکم جو کھائے وہی غلام کو کھلائے، اور جو پہنے وہی اپنے غلام کو پہنائے؛ یہ حکم وجوب کے لئے نہیں؛ بلکہ استحباب پر محمول ہے۔ اس میں کسی کا اختلاف نہیں۔ جہاں تک حضرت ابوذر کا عمل ہے تو انھوں نے استحباب پر عمل فرمایا۔ ہاں آقا کا فرض ہے کہ وہ ہر شخص کو اس کے لحاظ سے، اور ہر شہر کے لحاظ سے، قاعدہ کے موافق کھانا اور کپڑا فراہم کرے، خواہ وہ اپنے جیسا ہو یا اس سے کم تر یا اس سے اعلیٰ۔ حتی کہ اگر آقا اپنے اوپر خلاف عادت تنگی کرے خواہ زہد کے جذبے سے یا بخل کے سبب؛ غلام کو اس پر مجبور نہیں کرسکتا، ہاں اگر غلام اس پر راضی ہو تو اور بات ہے‘‘۔ (۲۶)

ابن حجر اس کی شرح میں رقم طراز ہیں:

’’غلام کے ساتھ، اس امر میں، ہر لحاظ سے، مساوات اور برابری ضروری نہیں، البتہ مواسات اور ہم دردی ضروری ہے۔ اگر کوئی اعلیٰ درجہ کو اختیار کرے اور برابری کا سلوک کرے (جیسا کہ حضرت ابوذر نے کیا) تو یہی افضل ہے... موطا اور صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: للمملوك طعامه وكسوته بالمعروف، ولا يكلف من العمل مالا يطيق. ’’غلام کے لیے، دستور کے موافق کھانا اور کپڑا دیا جائے، اور طاقت سے زیادہ کام کا اس کو مکلّف نہ بنایا جائے‘‘۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس باب میں، عرف وعادت کو مدنظر رکھا جائے۔ اور اگر کوئی اس سے بڑھ کر کرے تو یہ تطوع اور نفل ہے۔ (۲۷)

(۶) مصالحت کی حیثیت:

مصالحت کی حیثیت، عدالتی فیصلہ سے الگ ہوتی ہے۔ اس کی کئی مثالیں کتب حدیث

میں ملتی ہیں:

۱- حضرت زبیرؓ کا بیان ہے کہ ان میں اور ایک انصاری صحابی (جو بدر کی لڑائی میں شریک بھی ہوئے تھے) مدینہ کی پتھریلی زمین کی نالی کے بارے میں جھگڑا ہوا، وہ اپنا مقدمہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں لے گئے۔ دونوں حضرات اس نالہ سے اپنا باغ سیراب کیا کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ زبیر! تم پہلے سیراب کرلو، پھر اپنے پڑوسی کو بھی سیراب کرنے دو، اس پر انصاری کو غصہ آگیا اور کہا کہ اے اللہ کے رسول! کیا اس وجہ سے کہ وہ آپ کی پھوپھی کے بیٹے ہیں؟ اس پر رسول اللہ ﷺ کے چہرے کا رنگ بدل گیا، اور آپ ﷺ نے فرمایا: ''اے زبیر! تم سیراب کرو اور پانی کو اپنے باغ میں اتنی دیر تک آنے دو کہ دیوار تک چڑھ جائے۔ اس مرتبہ آپ ﷺ نے زبیر کو ان کا پورا حق عطا فرمادیا۔ اس سے پہلے آپ ﷺ نے ایسا فیصلہ کیا تھا، جس میں حضرت زبیرؓ اور انصاری صحابی؛ دونوں کی رعایت تھی۔ لیکن جب انصاری نے رسول اللہ ﷺ کو غصہ دلایا تو آپ ﷺ نے زبیرؓ کو قانون کے مطابق پورا حق عطا فرمایا۔ (۲۸)

۲- حضرت عبداللہ بن ابی حدرد پر، کعب بن مالک کا قرض تھا، انھوں نے مسجد میں، اس کا مطالبہ کردیا اور ان دونوں کی آوازیں بلند ہوگئیں۔ آپ ﷺ باہر تشریف لائے اور آپ نے ہاتھ کے اشارہ سے فرمایا کہ آدھا کردو۔ حضرت کعب اس پر راضی ہوگئے اور آدھا قرضہ وصول کرلیا۔ (۲۹)

(۷) مشورہ کی حیثیت:

بسا اوقات آپ ﷺ کے تصرفات، حتمی امر و نہی کی حیثیت سے نہیں؛ بلکہ کسی کو مشورہ کی حیثیت سے ہوا کرتے تھے۔ اس کی بھی کئی مثالیں، احادیث میں ملتی ہیں، مثلاً:

۱- حضرت عمرؓ نے ایک گھوڑا، اللہ کے راستہ میں صدقہ کردیا۔ لیکن جس شخص کو یہ گھوڑا ملا، اس نے اس کی خبر گیری نہ کرکے، اس کو ضائع کردیا۔ اور اس کو فروخت کرنے لگا۔ حضرت عمرؓ نے اس کو خریدنا چاہا۔ اور انھوں نے یہ سمجھا کہ وہ اسے سستے میں فروخت کردے گا۔ انھوں نے آپ ﷺ سے اس کے بارے میں دریافت کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: لاتشتره وان اعطیته بدرهم فان مثل العائد فی صدقته کمثل الکلف یعود فی قیئه. ''اگر ایک درہم میں بھی ملے تو بھی نہ خریدو، اس لیے کہ اپنے صدقہ کو واپس لینے والے کی مثال ایسی ہے، جیسے کتا قئ کرکے دوبارہ اس کو کھاتا ہے۔'' (۳۰)

آپ ﷺ نے مشورہ کے طور پر، حضرت عمرؓ سے یہ فرمایا تھا، ورنہ کھلے طور پر اسکی ممانعت

نہیں ملتی، اسی وجہ سے جمہور علماء نے اس کو ''نہی تنزیہی'' پر محمول کیا ہے۔ تاکہ صدقہ کرنے کے بعد آدمی کا دل اس کی طرف لگا نہ رہے۔ امام مالک سے پوچھا گیا کہ اگر کوئی صدقہ کرنے کے بعد اسی چیز کو خریدنا چاہے تو کیا حکم ہے؟ تو فرمایا کہ نہ خریدے تو بہتر ہے۔ (۳۱)

لیکن بعض مالکیہ نے اس کو ''نہی تحریمی'' پر محمول کیا ہے۔ اس کے باوجود انھوں نے یہ نہیں کہا کہ اگر بیع ہوگئی تو فسخ کردی جائے گی حالاں کہ اگر یہ ''نہی تحریمی'' ہوتی تو بیع کو فسخ کرنا واجب تھا۔ اس لیے کہ مذہب مالکی کا اصول یہ ہے کہ نہی، فساد کی متقاضی ہے، الا یہ کہ کوئی دلیل اس کے خلاف ہو۔ حنابلہ نے بھی اس کو نہی تحریمی قرار دیا ہے۔ (۳۲)

۲- حضرت بریرہؓ کے مالکوں نے ان کو فروخت کرنا چاہا اور حضرت عائشہؓ نے ان کو خریدنا چاہا۔ لیکن مالکوں کی یہ شرط تھی کہ حق ''ولاء'' ان کو ہی حاصل رہے گا۔ حضرت عائشہ کو یہ شرط منظور نہ تھی، انھوں نے آپ ﷺ سے اس کے بارے میں مشورہ کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: لاعليك ان تشترطي لهم الولاء. ''کوئی حرج نہیں کہ تم ان کے لیے ''ولاء'' کی شرط لگالو''

ایک روایت کے الفاظ ہیں: "خذيها واشترطي لهم الولاء، فانما الولاء لمن اعتق. ''اسے لے لو اور ولاء کی شرط انھی کے لیے کردو، کیوں کہ ولاء تو اسی کو ملے گا جو آزاد کرے''

حضرت عائشہؓ نے یہ معاملہ کرلیا۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے لوگوں کے سامنے ایک خطبہ دیا اور فرمایا: ما بال اقوام يشترطون شروطا ليست في كتاب الله. ''کیا بات ہے کہ لوگ وہ شرطیں لگاتے ہیں، جو کتاب اللہ میں نہیں''۔

آخیر میں آپ ﷺ نے فرمایا: " انما الولاء لمن اعتق" ولاء تو اسی کو ملے گا جو آزاد کرے'' (۳۳)

اب اگر حضرت عائشہؓ کے ساتھ آپ ﷺ کی گفتگو، تشریع یا فتوے کے باب سے مانی جائے، تو یہ شرط پوری ہوئی تھی اور پھر آپ ﷺ نے لوگوں کے سامنے خطبہ میں جو یہ فرمایا کہ انما الولاء لمن اعتق کے یہ بالکل برخلاف ہوگی۔ لہٰذا واقعہ یہی ہے کہ حضرت عائشہؓ کے ساتھ آپ کی گفتگو اس حیثیت سے تھی کہ آپ نے ان کو ایک شرعی حق کا مشورہ دیا تاکہ وہ اس کو حاصل کرسکیں اور بریرہ کی خریداری اور اس کی آزادی کی ان کی خواہش بھی پوری ہوجائے۔ (۳۴)

۳- بخاری میں زید بن ثابت سے روایت ہے کہ عہد رسالت میں لوگ پھل خرید لیا کرتے تھے، اور جب پھل توڑنے کا وقت آتا اور مالک ان کے پاس (قیمت کا تقاضا کرنے آتے تو

خریدار یہ عذر کرتے کہ پہلے ہی اس کا گابھا خراب اور کالا ہوگیا۔ اس کو بیماری لگ گئی، یہ تو ٹھٹھر گیا۔ بہت ہی کم پھل آئے، اسی طرح مختلف آفتوں کو بیان کرکے مالکوں سے جھگڑتے (تاکہ قیمت کم کرالیں) جب رسول اللہ ﷺ کے پاس اس طرح کے مقدمات کثرت سے آنے لگے تو آپ ﷺ نے فرمایا: فاما لا تتبايعوا حتى يبدو صلاح الثمر ''جب اس طرح جھگڑے ختم نہیں ہوسکتے تو تم لوگ بھی میوہ کے پکنے سے پہلے ان کو نہ بیچا کرو''

زید بن ثابت نے کہا کہ گویا مقدمات کی کثرت کی وجہ سے آپ نے یہ بطور مشورہ فرمایا تھا۔(۳۵)

اس حدیث کو اگر صلاح ومشورہ کے طور پر آپ ﷺ کا تصرف مانا جائے تو اس بیع کے جواز میں کوئی حرج نہیں۔ ابن حجر اس کی شرح میں لکھتے ہیں۔

''اس میں کئی اقوال ہیں'':

۱- مطلقاً باطل ہے: اس کے قائل: ابن ابولیلیٰ اور ثوری ہیں۔ وہم کی وجہ سے کسی نے اس کے بطلان پر اجماع نقل کردیا ہے۔

۲- مطلقاً جائز ہے (گو پھل درخت پر باقی رکھنے کی شرط کے ساتھ ہو) یہ یزید بن حبیب کا قول ہے۔ اس پر بھی وہم کی وجہ سے کسی نے اجماع نقل کردیا ہے۔

۳- اگر کاٹنے کی شرط لگادے تو باطل نہیں ورنہ باطل ہے: یہ قول امام شافعی، احمد اور جمہور کا ہے۔ اور امام مالک سے بھی مروی ہے۔

۴- اگر درخت پر باقی رکھنے کی شرط نہ لگائے تو بیع صحیح ہے۔ اور حدیث میں ممانعت اس صورت کے ساتھ خاص ہے کہ ابھی پھل آیا ہی نہ ہو۔ یہ اکثر حنفیہ کا قول ہے۔

۵- حدیث اپنے ظاہر پر ہے۔ اور ''نہی'' تنزیہی کے لیے ہے۔(۳۶)

(۸) نصیحت کی حیثیت:

بسا اوقات آپ ﷺ کوئی تصرف، نصیحت کے طور پر فرماتے ہیں، مثلاً:

۱- نعمان بن بشیر کے والد حضرت بشیر بن سعد نے اپنے لڑکے (نعمان) کو ایک عطیہ دیا، انھوں نے اپنے دوسرے لڑکوں کو یہ عطیہ نہیں دیا تھا۔ ان کی اہلیہ: عمرہ بنت رواحہ (نعمان کی ماں) نے ان سے کہا کہ جب تک اس پر رسول اللہ ﷺ کو گواہ نہیں بنالیتے، میں راضی نہیں۔ چناں چہ بشیرؓ آپ ﷺ کی خدمت میں پہنچے اور واقعہ بیان کیا۔ آپ ﷺ نے دریافت فرمایا: "اكل ولدك نحلت مثله"؟ ''کیا تم نے اپنی تمام اولاد کو اسی طرح عطیہ دیا؟'' انھوں نے عرض کیا کہ نہیں۔

آپ ﷺ نے فرمایا: "لاتشهدني علی جور" "مجھے ناانصافی پر گواہ نہ بناؤ"

ایک روایت کے الفاظ ہیں: أیسرك أن یکونوا في البر سواء؟ "کیا تم یہ پسند کرتے ہو کہ وہ تمہارے ساتھ حسن سلوک برابر کریں"؟ انھوں نے عرض کیا کہ ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "فلا اذا" تو ایسا نہ کرو۔ (۳۷)

امام ابوحنیفہ، مالک اور شافعی نے کہا کہ آپ ﷺ نے اولاد کے ساتھ حسن سلوک اور صلہ رحمی کے پیش نظر، حضرت بشیر کو اس سے منع فرمایا۔ آپ کا مقصد، اس کو حرام قرار دینا اور اس کو باطل کرنا نہ تھا۔ اسی وجہ سے امام مالک کہتے ہیں کہ اگر کسی نے اپنی کسی ایک اولاد کو کوئی عطیہ دیا تو جائز ہے۔ ان حضرات کے پیش نظر یہی ہے کہ چوں کہ آپ ﷺ سے، شہرت کے ساتھ اس کی ممانعت منقول نہیں، اس سے معلوم ہوا کہ یہ ممانعت، خاندان کے کمال اصلاح کے لیے، نصیحت کے طور پر تھی۔ اس پر پابندی عائد کرنا مقصد نہیں تھا۔ اس کی تائید بعض روایات کے ان الفاظ سے ہوتی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: "أشهد غیري" (۳۸) "کسی اور کو گواہ بنالو"۔

طاووس، اسحاق بن راہویہ، احمد بن حنبل، سفیان اور داود کی رائے ہے کہ اس طرح کا عطیہ حرام ہے، ان لوگوں نے ظاہر نص کو اختیار کیا ہے اور اس کے مقصد میں گھسنے کی کوشش نہیں کی۔ (۳۹)

۲- فاطمہ بنت قیس خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا کہ مجھے، معاویہ بن سفیان اور ابوجہم نے نکاح کا پیغام دیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "اما ابوجهم فلا یضع عصاه عن عاتقه واما معاویه فصعلوك لامال له" (۴۰) "ابوجہم تو اپنی لاٹھی اپنے کندھے سے نہیں اتارتا اور معاویہ بن ابوسفیان مفلس آدمی ہے، اس کے پاس مال نہیں"۔

ظاہر ہے کہ یہ حدیث اس بات کی دلیل نہیں کہ فقیر سے شادی کرنا جائز نہیں، البتہ انھوں نے آپ ﷺ سے مشورہ کیا تو آپ ﷺ نے ان کو ایسا مشورہ دیا جس میں ان کے لیے بہتر تھا۔ (۴۱)

(۹) نفس کو اکمل درجہ پر لانے کی حیثیت:

"رسول اللہ ﷺ نے بہت سے مواقع پر ایسے اوامر ونواہی ارشاد فرمائے جن کا تعلق صحابہ کرام کے نفوس کی تکمیل اور ان کو ان کے دینی مرتبہ کے شایان شان، اعلیٰ معیار پر آمادہ کرنے سے تھا کہ اگر عام امت کو اس پر آمادہ کیا جائے تو اس میں ان کے لیے حرج ومشقت ہوگی۔

آپ ﷺ صحابہ کرام کے لیے، خصوصی طور پر صاحب تشریع تھے، آپ ﷺ ان کو اعلیٰ معیار اختیار کرنے پر آمادہ کرتے تھے مثلاً: نہایت نمایاں شکل میں اسلامی اخوت کے رشتہ کو مضبوط قائم

رکھنا، دنیاوی ٹیپ ٹاپ کی زندگی سے صرفِ نظر کرنا اور دین اور دین کی فہم کی طرف ہمہ تن متوجہ ہونا؛ اس لیے کہ ان کو اسی لیے تیار کیا گیا تھا کہ وہ دین متین کے حامل اور اس کے علم بردار ہوں، اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ان کی تعریف میں فرمایا: محمد رسول اللّٰہ والذین معہ اشداء علی الکفار رحماء بینھم (فتح/۲۹) ''محمد، اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ آپ کے صحبت یافتہ ہیں وہ کافروں کے مقابلہ میں تیز ہیں اور آپس میں مہربان ہیں۔''

رسول اللہ ﷺ نے ان کے متعلق فرمایا: لو انفق احدکم مثل احد ذھبا مابلغ مداحدھم (۳۷) بخاری کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ (۳۶۷۳) ''اگر تم میں سے کوئی شخص احد پہاڑ کے برابر بھی سونا (اللہ کی راہ میں) خرچ کرڈالے تو ان کے ایک مد غلہ کے برابر بھی نہیں ہوسکتا اور نہ ان کے آدھے مد کے برابر''

فتح مکہ کے موقع پر، مکہ مکرمہ میں آپ ﷺ نے سعد بن ابووقاص کے مریض ہونے پر فرمایا: ''اللّٰھم امض لاصحابی ھجرتھم ولا تردھم علی اعقابھم، لکن البائس سعد بن خولۃ، یرثی لہ رسول اللّٰہ ﷺ بمکۃ'' (۴۲) ''اے اللہ میرے صحابہ کی ہجرت پوری کردے اور انھیں الٹے پاؤں واپس نہ کر (کہ وہ ہجرت کو چھوڑ کر اپنے گھروں کو واپس آجائیں) البتہ سعد بن خولہ نقصان میں پڑ گئے۔''

ان کی وفات مکہ میں ہوگئی تھی، افسوس کے طور پر آپ ﷺ نے فرمایا تھا۔ آپ ﷺ کی خواہش تھی کہ ان کو موت وحیات دونوں حالتوں میں درجہ کمال حاصل رہے۔ حالاں کہ اگر مہاجر مکہ میں وفات کرجائے، تو بھی اس کی ہجرت ختم نہیں ہوتی۔

۲- حضرت براء بن عازبؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہم کو سات چیزوں کا حکم دیا اور سات چیزوں سے روکا۔ جن سات چیزوں کا حکم دیا وہ یہ ہیں: مریض کی عیادت کرنا، جنازہ کے پیچھے جانا، چھینکنے والے کے جواب میں ''یرحمک اللہ'' کہنا، قسم پوری کرنا، مظلوم کی مدد کرنا، سلام کو عام کرنا اور دعوت قبول کرنا۔ اور جن سات چیزوں سے ممانعت فرمائی وہ یہ ہیں: سونے کی انگوٹھی پہننے سے، چاندی کے برتن، سرخ زین پوش (جو ریشمی ہو) قسی (ایک قسم کا ریشمی کپڑا) استبرق، دیبا اور ریشم کے استعمال کرنے سے۔ (۴۳)

اس حدیث میں مختلف قسم کی مامور بہ اور ممنوعہ چیزوں کا ذکر کیا گیا ہے، اس میں بعض (جیسے قدرت ہونے پر مظلوم کی مدد کرنا) کا واجب ہونا، اور بعض (چاندی کے برتن میں پینا) کا حرام

ہونا معلوم ہے۔ جب کہ بعض ماموات (چھینکنے والے کے جواب میں یرحمک اللہ، کہنا اور قسم کو پورا کرنا) کے بارے میں معلوم ہے کہ یہ واجب نہیں۔ اسی طرح زین پوش اور ''قسی'' کے بارے میں معلوم ہے کہ حرام نہیں۔ اس کے باوجود آپ ﷺ نے اپنے صحابہ کو ان سے منع فرمایا تو اس کا مقصد ان کو آشائش، ٹیپ ٹاپ کے مظاہر اور غیر مانوس رنگوں کو زینت کے طور پر استعمال سے دور رکھنا ہے۔(۴۴)

اس کی تائید حضرت علیؓ کی اس روایت سے ہوتی ہے کہ انھوں نے فرمایا: نهى رسول الله ﷺ عن لبس القسى، عن لبس المعصفر، وعن تختم الذهب، وعن القراءة فى الركوع، والسجود، ولا اقول: نهاكم"(۴۵) ''رسول اللہ ﷺ نے ''قسی'' (ایک خاص ریشمی کپڑا) اور گیروے رنگ میں رنگے ہوئے کپڑا، سونے کی انگوٹھی پہننے اور رکوع وسجدہ میں قرآن کی تلاوت سے منع فرمایا، میں یہ نہیں کہتا کہ تم کو منع کیا''۔ یعنی ان امور سے ممانعت، پوری امت کے لیے نہیں؛ بلکہ خاص طور پر حضرت علیؓ کے لیے تھی۔(۴۶)

۳- حضرت ابورافع سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: الجار احق بصقبه(۴۷) ''پڑوسی اپنے پڑوس کا زیادہ حق دار ہے''۔

مالکیہ، شافعیہ اور حنابلہ نے آپ ﷺ کے اس تصرف کو ''تشریع'' نہیں؛ بلکہ اس حیثیت سے قرار دیا ہے کہ آپ ﷺ صحابہ کرام کے اندر ہم دردی اور بھائی چارہ کا جذبہ پیدا کرنا اور اس پر عمل پیرا دیکھنا چاہتے تھے۔ حنفیہ کی رائے ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا یہ تصرف بہ حیثیت تشریع کے تھا، چناں چہ ہر پڑوسی کو ''حق شفعہ'' حاصل ہے۔(۴۸)

۴- حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: لايمنع احدكم جاره خشبة يغرزها فى جداره(۴۹) ''کوئی شخص اپنے پڑوسی کو اپنی دیوار میں کھونٹی گاڑنے سے نہ روکے''۔

حضرت ابوہریرہ یہ حدیث بیان کرکے کہا کرتے تھے: ''کیا بات ہے کہ میں تمھیں اس سے منہ پھیرنے والا پاتا ہوں، قسم اللہ کی! میں اس حدیث کا تمھارے سامنے برابر اعلان کرتا رہوں گا''۔

حضرت ابوہریرہؓ اس حدیث کو تشریع پر محمول کرتے تھے، امام شافعی، ابوثور وغیرہ کی رائے ہے کہ یہ واجب ہے، اگر دیوار کے مالک کا اس میں کوئی ضرر نہ ہو، امام مالک اس کو مندوب قرار دیتے تھے۔(۵۰)

۵-حضرت رافع بن خدیج اپنے چچا ظہیر بن رافع سے روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ایک بات کا حکم دیا تھا، جس میں ہمارا فائدہ تھا۔

رافع کہتے ہیں کہ میں نے پوچھا وہ کیا ہے؟ آپ ﷺ نے جو فرمایا، سچ ہے۔ انھوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے پوچھا کہ ''تم اپنے کھیتوں کو کیا کرتے ہو''؟ میں نے عرض کیا کہ ان کو کرایہ پر چلاتے ہیں اور وہ کرایہ یہ ہے کہ جو نہر پر پیداوار ہو اس کو لیتے ہیں، یا چند وسق کھجور کے یا جو کے۔

آپ ﷺ نے فرمایا: فلا تفعلوا، ازرعوها او أزرعوها أو أمسكوها'' ایسا مت کرو، یا تو تم خود ان میں کھیتی کرو، یا دوسروں کو کھیتی کے لیے دو (بلا کرایہ) یا یوں ہی رہنے دو''۔ (۵۱)

اکثر علما نے اس حدیث کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ آپ ﷺ صحابہ کو ایک دوسرے کے ساتھ ہم دردی و مواسات کا سلوک کرنے کا حکم دیتے تھے۔ اسی وجہ سے امام بخاری نے اس حدیث پر یہ ترجمۃ الباب قائم کیا ہے: باب ما کان اصحاب رسول اللہ ﷺ یواسی بعضهم بعضا۔ (۵۲)

یہ تو عام علما کی رائے ہے؛ لیکن ربیعہ کی رائے تھی کہ سونے چاندی کے علاوہ کسی چیز کو عوض زمین کرایہ پر نہیں چلائی جاسکتی، ابن حزم کی رائے تھی کہ زمین کو کرایہ پر دینا جائز نہیں۔ ان لوگوں نے آپ ﷺ کے اس تصرف کو تشریع پر محمول کیا ہے۔ (۵۳)

(۱۰) اعلیٰ حقائق کی تعلیم دینے کی حیثیت:

بسا اوقات آپ ﷺ مسلمانوں، خاص طور پر صحابہ کرام کو اعلیٰ حقائق کی تعلیم دینے کے طور پر تصرف فرماتے تھے، مثلاً: ۱- ایک بار آپ ﷺ نے حضرت ابوذرؓ سے فرمایا: یا أباذر! وأتبصر أحدا''؟ ''ابوذر! احد پہاڑ دیکھ رہے ہو؟ ابوذرؓ نے عرض کیا کہ جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ماأحب ان لی مثل أحد ذهبا أنفقه كله الا ثلاثة دنانير'' اگر میرے پاس احد پہاڑ کے برابر سونا ہو تو بھی مجھے صرف یہی پسند ہے کہ محض تین دینار بچا کر تمام (اللہ کے راستے میں) دے ڈالوں''۔ (۵۴)

حضرت ابوذرؓ نے اس تصرف کو عام امت کے لیے ایک عمومی حکم و تشریع قرار دیا اور اسی وجہ سے وہ مال جمع کرنے سے روکتے تھے۔ حضرت عثمانؓ نے ان کے اس نقطۂ نظر پر نکیر کی تھی، جس کی تفصیل آگے آئے گی۔ (۵۵)

(۱۱) ادب دینے کی حیثیت:

بعض اوقات آپ ﷺ کے تصرفات، ادب سکھانے کی حیثیت سے ہوا کرتے تھے، ان کا ''مقصد تشریع'' نہیں ہوتا تھا۔ لیکن اس طرح کے تصرفات میں بڑے احتیاط کے ساتھ، غور وفکر کے بعد کوئی پہلو معین کرنا چاہیے۔ اس طرح کے تصرفات میں، دھمکی دینے کے مقصد سے، مبالغہ شامل حال ہوتا ہے۔ لہٰذا ایک فقیہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ یہ طے کرنے کی کوشش کرے کہ کس تصرف کے ساتھ تشریع کا مقصد مناسب ہے اور کس تصرف کے ساتھ، بذاتِ خود تو دھمکی اور تہدید کا مقصد مناسب ہے گو کہ اس میں بھی تادیب کے ضمن میں ایک گونہ تشریع کا پہلو ہوتا ہے۔ (۵۱) مقاصد الشریعہ حوالہ بالا۔

اس کی مثالیں: ۱- حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

والذی نفسی بیده لقد هممت ان آمر بحطب فيحطب، ثم آمر بالصلاة فيؤذن لها، ثم آمر رجلا فيؤم الناس، ثم أخالف الى رجال فأحرق عليهم بيوتهم. والذی نفسی بیده لو يعلم احدهم انه يجد عظما سمينا او مر ماتين حسنتين لشهد العشاء

''اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے! میں نے ارادہ کیا ہے کہ لکڑیاں جمع کرنے کا حکم دوں، پھر نماز کا حکم دوں، اس کے لیے اذان ہو، پھر کسی کو حکم دوں کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائے۔ پھر ایسے لوگوں کے پاس جاؤں (جو نماز باجماعت میں حاضر نہیں ہوتے) اور ان کے گھروں سمیت جلادوں۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے! اگر یہ لوگ جان لیں کہ مسجد میں ایک اچھے قسم کی گوشت والی ہڈی مل جائے گی یا دو عمدہ کھر ہی مل جائیں گے تو یہ عشاء کی جماعت کے (مسجد میں) ضرور ضرور حاضر ہوجائیں۔''

ابن عاشور کہتے ہیں: ''بلاشبہ آپ ﷺ مسلمانوں کے گھروں کو اس وجہ سے جلانے والے تھے کہ وہ عشاء کی جماعت میں شریک نہیں ہوتے۔ البتہ آپ ﷺ نے یہ بات ادب سکھانے کے لیے، دھمکی آمیز انداز سے ذکر فرمائی۔ یا یہ کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو بتادیا ہو کہ یہ لوگ منافق تھے۔ اور آپ کو اجازت دے دی تھی کہ اگر چاہیں تو ان کے گھروں کو جلادیں۔ (۵۷)

۲- ابوشریح سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: "والله لايؤمن، والله لايؤمن" ''وہ ایمان والا نہیں، وہ ایمان والا نہیں''۔ ہم نے عرض کیا: کون اے اللہ کے رسول! آپ ﷺ نے فرمایا: "من لا يأمن جاره بوائقه"۔ (۵۸) ''جس کے شر سے اس کا پڑوسی محفوظ نہ ہو''۔

اس حدیث کا مقصد، پڑوسی کے ساتھ بدسلوکی کی نزاکت کو بیان کرنا ہے، حتی کہ اس سے

ایمان سلب ہونے کا خدشہ ہے۔ اور اس سے مراد ''ایمان کامل'' کی نفی ہے۔ (۵۹)

ابن حجر اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

''اس حدیث میں، اس شخص سے ایمان کی نفی کی گئی ہے، جو اپنے پڑوسی کو اپنے قول یا فعل سے اذیت پہنچاتا ہے۔ امام نووی نے اس طرح کے موقع پر ایمان کی جو نفی آئی ہے، اس کے دو جواب لکھے ہیں: (۱) یہ اس شخص کے بارے میں ہے جو پڑوسی کی ایذاء رسانی کو جائز و حلال سمجھتا ہے۔ (۲) مطلب یہ ہے کہ وہ مومن کامل نہیں۔ اور جہاں جنت میں داخلہ کی نفی آئی ہے اس سے مراد: یہ ہے کہ مومنوں کو جنت میں داخل کیا جائے گا، تو یہ اول وہلہ میں جنت میں داخل نہ ہوگا۔ اور ہوسکتا ہے کہ یہ زجر و تغلیظ کے طور پر ہو۔ (۶۰)

(۱۲) غیر ارشادی حیثیت:

''اس سے مراد وہ امور ہیں جن کا تعلق، تشریع، تدین، تہذیب نفس اور جماعت کے انتظامی امور سے نہیں؛ بلکہ یہ ایسے امور ہیں جن کا تعلق فطرت و جبلت اور مادی زندگی کے تقاضوں سے ہے۔ آپ ﷺ اپنے گھریلو امور اور روزمرہ کی زندگی سے متعلق جو امور انجام دیتے تھے، ان کا مقصود نہ تو تشریع تھا اور نہ دوسروں کو اس پر عمل پیرا کرانا تھا۔ اصول فقہ میں یہ بات آچکی ہے کہ آپ ﷺ کے وہ افعال جن کا تعلق جبلت و فطرت سے ہے، امت اس پر عمل پیرا ہونے کی پابند نہیں۔ بلکہ ہر شخص اپنے حسب حال اس کو انجام دے۔ جیسے کھانا پینے، لباس، لیٹنے، چلنے اور سواری وغیرہ۔ خواہ یہ شرعی امور سے خارج ہوں جیسے: راستہ چلنا، سفر میں سواری کرنا؛ یا وہ امور شرعیہ میں داخل ہوں جیسے: حج میں اونٹ کی سواری۔

اس کی مثالیں: ۱- حجۃ الوداع کے موقع پر آپ ﷺ نے ''محصب'' میں قیام فرمایا، وہاں ظہر، عصر، مغرب اور عشاء کی نماز ادا فرمائی، پھر تھوڑی دیر لیٹ گئے، اس کے بعد لوگوں کے ساتھ طوافِ وداع کے لیے مکہ مکرمہ واپس آئے۔

حضرت عبداللہ بن عمر اس کو تشریع کے باب سے مانتے تھے اور وہ پابندی کے ساتھ اس کو بجالاتے۔ اس کے برعکس حضرت عائشہؓ اس کو تشریع کے باب سے نہیں مانتی تھیں، چناں چہ وہ کہتی تھیں ''انما کان منزل ینزله النبی ﷺ لیکون اسمح لخروجه'' ''یہاں آپ ﷺ صرف اس لئے اترے کہ مدینہ نکلنے میں آسانی ہے۔''

حضرت ابن عباسؓ کی بھی یہی رائے تھی وہ کہتے تھے: لیس التحصب بشیء وانما هو

منزل نزله رسول الله ﷺ "محصب" میں اترنا حج کی کوئی عبادت نہیں، یہ تو صرف رسول اللہ ﷺ کے قیام کی جگہ تھی۔(۶۱)

۲-حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اذا سجد احدکم فلا یبرك کما یبرك البعیر ولیضع یدیه قبل رکبتیه.(۶۲) "جب کوئی سجدہ میں جائے تو اونٹ کی طرح نہ جائے، پہلے ہاتھ رکھے پھر اپنے گھٹنے رکھے۔"

امام مالک نے (ایک روایت میں) اس حدیث کو تشریع پر محمول کیا ہے، اوران کے نزدیک سجدہ میں جاتے ہوئے پہلے ہاتھ زمین پر رکھے پھر گھٹنے۔ لیکن حنفیہ، شافعیہ اور امام مالک (دوسری روایت میں) کے نزدیک پہلے گھٹنے زمین پر رکھے پھر ہاتھ۔ ان کے نزدیک دوسری احادیث ہیں، اورانھوں نے اس حدیث کے کئی جوابات دیے ہیں، ان میں ایک یہ کہ یہ اس وقت کا واقعہ ہے جب آپ کا جسم اطہر بھاری ہوگیا تھا اور آپ ﷺ کی عمر زیادہ ہوگئی تھی۔ حنابلہ کے یہاں بھی دونوں روایتیں ملتی ہیں۔(۶۳)

۳-حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ ان رسول الله ﷺ طاف بالبیت وهو علی بعیر (۶۴) "آپ ﷺ نے ایک اونٹ پر سوار ہوکر بیت اللہ کا طواف کیا"۔

حنفیہ نے آپ ﷺ کے اس تصرف کو "تشریع" نہیں قرار دیا، لہٰذا ان کے نزدیک بلا عذر سوار ہوکر طواف کرنا جائز نہیں۔ آپ ﷺ کے سوار ہوکر طواف کی وجہ یہ تھی کہ آپ مریض تھے جیسا کہ امام بخاری نے اس حدیث پر یہی باب قائم کیا ہے، یا لوگوں کی تعلیم کے لیے آپ نے ایسا کیا، یا اس وقت کی بات ہے جب آپ کی عمر زیادہ ہوگئی تھی۔ یہ ساری وجوہات بھی ہوسکتی ہیں۔ یہی مالکیہ کی بھی رائے ہے۔ شافعیہ نے اس تصرف کو تشریع پر محمول کیا ہے، لہٰذا ان کے نزدیک بلا عذر سواری کی حالت میں طواف جائز ہے۔ حنابلہ کے یہاں دونوں روایتیں ہیں۔(۶۵)

۴-حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ جب موذن صبح کی پہلی اذان دے کر چپ ہوجاتا تو رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوتے اور صبح روشن ہوجانے کے بعد، فرض سے پہلے دو رکعت ہلکی ادا کرتے، پھر داہنی کروٹ پر لیٹ جاتے۔ یہاں تک موذن تکبیر کی اطلاع دینے کے لیے آپ کے پاس آتا۔(۶۶)

سنتِ صبح کے بعد لیٹنا تشریع کے طور پر تھا۔ یہی رائے ابن حزم کی تھی، ان کے نزدیک نماز فجر سے پہلے لیٹنا شرط ہے۔ امام نووی نے اس کو سنت قرار دیا ہے۔ حضرت عائشہؓ اس کو "تشریع"

نہیں قرار دیتی تھیں، ان کا کہنا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سنت ہونے کی حیثیت سے نہیں لیٹتے تھے؛ بلکہ اس وجہ سے کہ آپ رات میں عبادت کرتے تھے، اس لیے سنت فجر کے بعد آرام کے لیے لیٹ جاتے تھے۔(٦٧)

شوکانی نے سنت فجر کے بعد لیٹنے کے بارے میں چھ اقوال نقل کیے ہیں، وہ رقم طراز ہیں:

(١) یہ استحباب کے طور پر مشروع ہے، عراقی نے کہا کہ صحابہ کرام میں: ابوموسی اشعری، رافع بن خدیج، انس بن مالک، اور ابوہریرہ کا اس پر عمل یا فتویٰ تھا۔ ابن عمر سے روایت میں اختلاف ہے۔ ائمہ میں امام شافعی اس کے استحباب کے قائل تھے۔

(٢) یہ عمل فرض و واجب ہے۔ یہ ابن حزم کا قول ہے۔

(٣) یہ مکروہ اور بدعت ہے۔ اس کے قائل: ابن مسعودؓ ہیں، ایک قول ابن عمر کا بھی یہی ہے۔ ابن مسعود کہتے تھے کہ کیا بات ہے کہ آدمی سنت فجر پڑھنے کے بعد، گدھے کی طرح پڑ جاتا ہے۔ امام مالک اسی کے قائل تھے۔ قاضی عیاض نے اس کو جمہور کا قول نقل کیا ہے۔

(٤) یہ خلافِ اولیٰ ہے۔ یہ حسن کا قول ہے۔

(٥) تہجد گزار کے لیے مستحب ہے، دوسرے کے لیے نہیں۔ اس کے قائل ابن عربی ہیں۔ حضرت عائشہؓ کے سابقہ قول سے اس کی تائید ہوتی ہے۔

(٦) لیٹنا مقصود بالذات نہیں، بلکہ سنت اور فرض کی درمیان فصل کرنا مقصود ہے۔(٦٨)

٥- جنگ بدر کے موقع پر مسلمانوں کے قیام کے لیے جس جگہ کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انتخاب فرمایا، اس طرف کوئی چشمہ یا کنواں نہ تھا، زمین اس قدر ریتیلی تھی کہ اونٹ کے پاؤں زمین میں دھنس جاتے تھے، حضرت حباب بن منذر نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ جو مقام انتخاب کیا گیا ہے، وہ وحی کی رو سے ہے یا فوجی تدبیر؟ ارشاد ہوا کہ وحی نہیں۔ حضرت حباب نے عرض کیا کہ تو بہتر ہوگا کہ آگے بڑھ کر چشمہ پر قبضہ کرلیا جائے۔ اور آس پاس کے کنویں بیکار کردیے جائیں۔ حضرت حباب کے الفاظ تھے: منزل أنزلكه الله ليس لنا ان نتعداه، ولا نقصر عنه، ام هو الراى، والحرب والمكيدة(٦٩)

٦- حضرت طلحہؓ سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کچھ لوگوں پر گزرا، جو کھجور کے درخت پر تھے، آپ نے فرمایا: یہ لوگ کیا کرتے ہیں؟ لوگوں نے عرض کیا: پیوند لگاتے ہیں یعنی نر کو مادہ میں رکھتے ہیں، وہ گابھہ ہوجاتی ہے۔ آپ نے فرمایا: ما اظن يغنى ذلك شيئا میں

سمجھتا ہوں کہ اس میں کچھ فائدہ نہیں۔

یہ خبران لوگوں کو ہوئی تو انھوں نے پیوند کرنا چھوڑ دیا، اس کے بعد آپ ﷺ کو یہ خبر پہنچی تو آپ نے فرمایا:

ان كان ينفعهم ذلك فليصنعوه فانى انما ظننت ظنا فلا تواخذونى بالظن ولكن اذا حدثتكم عن الله فخذوه فانى لن اكذب على الله عزوجل.

اگر اس میں ان کو فائدہ ہے تو وہ کریں۔ میں نے تو ایک خیال کیا تھا تو مت مواخذہ کرو میرے خیال پر۔ لیکن جب میں اللہ کی طرف سے کوئی حکم بیان کروں تو اس پر عمل کرو، اس لیے کہ میں اللہ پر جھوٹ بولنے والا نہیں۔

ایک روایت کے الفاظ ہیں: انما انا بشر اذا امرتكم بشیء من دينكم فخذوه واذا امرتكم بشیء من رايى فانما انا بشر. آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں تو آدمی ہوں، جب میں تم کو دین کی کوئی بات بتاؤں، تو اس پر چلو، اور جب کوئی بات میں اپنے رائے سے کہوں تو آخر میں آدمی ہوں۔

حضرت انس کی روایت کے الفاظ ہیں: لولم يفعلو الصلح، فخرج شيصا فمر بهم فقال: ما لنخلكم؟ قالوا: قلت كذا وكذا. قال: انتم اعلم بامر دنياكم. آپ نے فرمایا کہ اگر نہ کرو تو بہتر ہوگا۔ (انھوں نے نہ کیا) آخر کھجور خراب نکلی، آپ ادھر سے گذرے اور لوگوں سے پوچھا کہ تمہارے درختوں کو کیا ہوا؟ انھوں نے کہا کہ آپ نے ایسا فرمایا تھا۔ (کہ گابھا نہ کرو) ہم نے نہیں کیا۔ اس وجہ سے خراب کھجور نکلی۔ آپ نے فرمایا کہ تم اپنے دنیا کے کاموں کو مجھ سے بہتر جانتے ہو۔ (۷۰)

ظاہر ہے کہ آپ ﷺ کا یہ تصرف ''تشریع'' کے طور پر نہیں۔ اور نہ کسی نے اس کو تشریع کے باب میں داخل کیا ہے۔

❁ ❁ ❁

حواشی

(۱) بخاری کتاب الطلاق باب شفاعۃ النبی ﷺ فی زوج بریرہ ۲۰۲۳/۵ (۴۹۷۹)

(۲) اسد الغابۃ از ابن اثیر جزری محدث ۲۱۳/۱ ط: دار المعرفہ، ۱۹۹۷ء۔

(۳) مسلم کتاب الرضاعۃ باب رضاعۃ الکبیر ۱۰۷۶/۲ (۱۴۵۳)

(۴) حاشیہ ابن عابدین ۶/۴؛ شرح النووی علی صحیح مسلم ۳۱/۱۰؛ فتح الباری ۱۴۹/۹؛ شرح الزرقانی ۳۱۶/۳؛ المبدع ۱۶۶/۸۔

(۵) صحیح مسلم کتاب الاقضیة باب الحکم بالظاھر واللحن بالحجة ۳/۱۳۳۷(۱۷۱۳)

(۶) الابہاج ازعلی بن عبدالکافی سبکی ۳/۹۴۲ ومابعد (وفات ۷۵۶) ط: دارالکتب العلمیہ، بیروت

(۷) مسلم کتاب الحج باب استحباب رمی جمرة العقبة ...۲/۹۴۳(۱۲۹۷)

(۸) مسلم کتاب القسامة والمحاربین باب تغلیظ تحریم الدماء والاعراض والاموال ۳/۱۳۰۵(۱۶۷۹)

(۹) موطا مالک کتاب الحج باب جامع الحج ۱/۴۲۱(۹۴۱) ط: داراحیاء التراث العربی، مصر؛ الابہاج ۳/۲۴۹

(۱۰) مسلم کتاب الاقضیہ باب قضیة ہند ۳/۱۳۳۸(۱۷۱۴)

(۱۱) الابہاج ازسبکی ۲/۲۵۱؛ بدائع الصنائع ازعلاء الدین کاسانی ۴/۲۶ ط: دارالکتاب العربی، بیروت؛ المغنی ۱۰/۱۳۸۔

(۱۲) بخاری کتاب الصلح باب اذا اشار الامام بالصلح ۲/۹۶۴(۲۵۶۱)

(۱۳) مسلم کتاب الایمان باب وعید من اقتطع حق المسلم ....۱/۱۲۳(۱۳۹)

(۱۴) ابن عاشور: مقاصد الشریعہ ۲۱۳۔

(۱۵) موطا مالک کتاب الحدود ۲/۸۲۲(۱۵۰۲)؛ بخاری کتاب الشروط باب الشروط التی لاتحل فی الحدود ۲/۹۷۱(۲۵۷۶)؛ مسلم کتاب الحدود باب من اعترف علی نفسہ بالزنا ۳/۱۳۲۵(۱۶۹۷)

(۱۶) سنن ابوداود فی الخراج والامارة والفیٔ باب فی احیاء الموات ۳/۱۷۸(۳۰۷۳)

(۱۷) شرح معانی الآثار ۳/۲۶۸؛ الکافی فی فقہ ابن حنبل ازعبداللہ بن قدامہ ابومحمد المقدسی ۲/۴۳۵ ط: مکتب اسلامی، بیروت؛ موطا مالک ۲/۷۴۴ ط: داراحیاء التراث العربی، مصر؛ المدونة الکبری ۱۵/۱۹۵ ط: دارصادر، بیروت؛ الام از امام شافعی ۷/۲۳۰ ط: دارالمعرفة، بیروت۔

(۱۸) بخاری ابواب الخمس باب من لم یخمس الاسلاب ومن قتل قتیلا...۳/۱۱۴۴(۲۹۷۲)

(۱۹) بدایة المبتدی ازعلی بن ابوبکر مرغینانی ۱/۱۱۷ ط: مطبعة محمد علی صبیح، مصر؛ کفایة الطالب ازابوالحسن مالکی ۲/۱۹؛ الام ۴/۱۴۳؛ المغنی ازابن قدامہ ۹/۱۹۲ ط: دارالفکر، بیروت۔

(۲۰) مسند ابوعوانہ ۵/۳۰۔

(۲۱) مسلم کتاب الصید والذبائح باب تحریم اکل لحم الحمر الاہلیة ۳/۱۵۳۹(۱۹۳۹)

(۲۲) مقاصد الشریعة الاسلامیة ازمحمد طاہر بن عاشور ۲۱۵ ط: دارالنفائس، اردن۔

(۲۳) یہاں ''تشریع'' سے مراد: آپ ﷺ کا وہ قول یا فعل جس سے بہ ظاہر حرمت یا وجوب سمجھ میں آرہا ہو؛ لیکن مقصود حرمت یا وجوب نہ ہو۔ ورنہ ''ہدی وارشاد'' سے بھی کسی نہ کسی درجہ میں، مشروعیت سمجھ میں آتی ہے۔

(۲۴) ابن عاشور: مقاصد الشریعة ۲۱۶۔

(۲۵) بخاری کتاب العتق (۲۷۰۸)

(۲۶) شرح نووی علی صحیح مسلم ۱۱/۱۳۳ ط: داراحیاء التراث العربی، بیروت۔

(۲۷) فتح الباری ۵/۱۷۵ ط: دارالمعرفہ، بیروت۔

(۲۸) بخاری کتاب الصلح باب اذا اشار الامام بالصلح ۲/۹۶۴(۲۵۶۱)

(۲۹) بخاری کتاب الصلح باب الصلح بالدین ۲/۹۶۵(۲۵۶۳)

(۳۰) موطا مالک ۱/۲۸۲؛ بخاری کتاب الزکاة باب ھل یشتری صدقتہ...۲/۵۴۲(۱۴۱۹)؛ مسلم کتاب الھبات باب کراہیة شراء الانسان ماتصدق بہ ممن تصدق علیہ (۱۶۲۰)

(۳۱) موطا مالک ۱/۲۸۲؛ المنہج القویم ازہیثمی شافعی ۱/۵۰۱ ط: بدون۔

(۳۲) منارالسبیل ازابراہیم محمد بن سالم بن ضویان ۱/ ۱۹۷ط: مکتبۃ المعارف، ریاض۔
(۳۳) بخاری کتاب البیوع باب اذا اشترط وطافی البیع لاتحل ۲/ ۷۵۹ (۲۰۶۰)
(۳۴) ابن عاشور: مقاصد الشریعۃ ۲۱۹۔
(۳۵) بخاری کتاب باب بیع الثمار قبل ان یبدو صلاحہ ۲/ ۷۶۵ (۲۰۸۱)
(۳۶) فتح الباری ۴/ ۳۹۴؛ تفصیلات کے لیے دیکھئے: ابن عابدین ۴/ ۵۵۶؛ المغنی ۴/ ۲۷؛ مواہب الجلیل از محمد بن عبدالرحمٰن المغربی ۴/ ۵۰۷ط: دارالفکر، بیروت۔
(۳۷) موطا کتاب الاقضیۃ باب مالا یجوز من النحل ۲/ ۷۵۱؛ بخاری کتاب (۳۹) بدائع الصنائع ۶/ ۱۲۷؛ سرح الزرقانی ۴/ ۵۴؛ اختلاف الحدیث از امام شافعی ۱/ ۱۵۹ط: موسسہ کتب ثقافیہ، بیروت؛ المغنی ۵/ ۳۸۷؛ مقاصد الشریعہ ۲۲۰ باب الھبۃ للولد... ۲/ ۹۱۳ (۲۴۴۶)؛ مسلم کتاب الھبات باب کراہۃ تفضیل بعض الاولاد فی الھبۃ (۱۶۲۳)
(۳۸) مسند ابوعوانہ ۳/ ۴۵۷ (۵۶۷۹)
(۳۹) بدائع الصنائع ۶/ ۱۲۷؛ شرح الزرقانی ۴/ ۵۴؛ اختلاف الحدیث از امام شافعی ۱/ ۱۵۹ط: موسسہ کتب ثقافیہ، بیروت؛ المغنی ۵/ ۳۸۷؛ مقاصد الشریعہ ۲۲۰۔
(۴۰) مسلم کتاب الطلاق باب المطلقۃ ثلاثا لانفقۃ لہا ۲/ ۱۱۱۴ (۱۴۸۰)
(۴۱) ابن عاشور ۲۲۱۔
(۴۲) مسلم کتاب الوصیۃ باب الوصیۃ بالثلث ۳/ ۱۲۵۱ (۱۶۲۸)
(۴۳) بخاری کتاب اللباس باب المثیرۃ الحمراء (۵۸۴۹) مسلم کتاب اللباس والزینۃ باب تحریم استعمال اناء الذہب والفضۃ... ۳/ ۱۶۳۵ (۲۰۶۶)
(۴۴) مقاصد الشریعہ ۲۲۲۔
(۴۵) سنن ابوداود کتاب اللباس (۴۰۴۴-۴۰۴۶)
(۴۶) مقاصد الشریعہ ۲۲۳۔
(۴۷) بخاری کتاب الحیل باب فی الحبۃ والشفعۃ ۶/ ۲۵۵۹ (۶۵۷۶)
(۴۸) احکام القرآن از جصاص ۳/ ۱۶۲؛ بدایۃ المجتہد ۲/ ۱۹۳؛ الام ۷/ ۱۱۰؛ کشاف القناع ۴/ ۱۳۸۔
(۴۹) موطا کتاب الاقضیۃ باب القضاء فی المرفق ۲/ ۷۴۵ (۱۴۲۷)؛ بخاری کتاب المظالم باب لایمنع جارہ ان یغرز خشبہ فی جدارہ ۲/ ۸۶۹ (۳۴۶۳)؛ مسلم کتاب المساقاۃ باب غرز الخشب فی جدار الجار ۳/ ۱۲۰۳ (۱۶۰۹)
(۵۰) التاج والاکلیل ۵/ ۱۷۵؛ مغنی المحتاج ۲/ ۱۸۷؛ منارالسبیل ۱/ ۳۵۰۔
(۵۱) مسلم کتاب البیوع باب کراء الارض بالذہب والورق ۳/ ۱۱۸۳ (۱۵۴۸)
(۵۲) بخاری کتاب المزارعہ باب (۱۵) ۲/ ۸۲۴؛ مقاصد الشریعہ ۲۲۴۔
(۵۳) فتح الباری ۵/ ۲۵۔
(۵۴) بخاری کتاب الزکاۃ باب ما ادی زکاتہ فلیس بکنز... ۲/ ۵۱۰ (۱۳۴۲)؛ مسلم کتاب الزکاۃ باب فی الکنازین للاموال... ۲/ ۶۰۹ (۹۹۲)
(۵۵) مقاصد الشریعہ ۲۲۴۔
(۵۶) موطا کتاب الصلاۃ باب فضل صلاۃ الجماعۃ؛ بخاری کتاب الجماعۃ والامامۃ باب فضل صلاۃ الجماعۃ ۱/ ۲۳۱ (۶۱۹) مسلم کتاب المساجد ومواضع الصلاۃ باب فضل صلاۃ الجمعۃ... ۱/ ۴۵۱ (۶۵۱)

(۵۷) مقاصد الشریعہ حوالہ بالا۔

(۵۸) بخاری کتاب الادب باب اثم من لایأ من جارہ بوائقہ (۲۰۱۶) مسلم کتاب الایمان (۴۶)

(۵۹) مقاصد الشریعہ ۲۲۶۔

(۶۰) فتح الباری ۱۰/۴۴۴۔

(۶۱) بخاری کتاب الحج باب الحصب ۲/۶۲۶ (۱۶۷۶-۱۶۷۷)

(۶۲) سنن ابواود کتاب الصلاۃ باب کیف یضع رکبتیہ قبل یدیہ ۱/۲۲۲ (۸۴۰)

(۶۳) مقاصد الشریعہ ص ۲۲۶؛ المبسوط ۱/۳۱؛ بدایۃ المجتہد ۱/۱۰۰؛ المبدع ۴/۱۵۲؛ المہذب ۳/۶۷۔

(۶۴) بخاری کتاب الحج باب المریض یطوف راکبا ۲/۵۸۸ (۱۵۵۱)

(۶۵) بدائع الصنائع ۲/۱۳۰؛ شرح النووی علی مسلم ۹/۱۸؛ المغنی ۳/۲۱۱؛ کفایۃ الطالب ۱/۶۶۷۔

(۶۶) بخاری کتاب الاذان باب من انتظر الاقامۃ ۱/۲۲۵ (۶۶۰)

(۶۷) فتح الباری ۳/۴۳؛ مصنف عبدالرزاق ۳/۴۳ (۴۷۲۲)

(۶۸) نیل الاوطار ۳/۲۷۔

(۶۹) اسد الغابۃ از ابن اثیر جزری محدث ۱/۴۱۳ ط: دارالمعرفہ ۱۹۹۷۔

(۷۰) مسلم کتاب الفضائل باب وجوب امتثال ما قالہ شرعا...۴/۱۸۳۵ (۲۳۶۱-۲۳۶۳)

❁ ❁ ❁

قرآنی اعجازِ بیانی کے چند تراشے

از: مولانا محبوب فروغ احمد قاسمی
مدرسہ حسینیہ کیرلا، الہند

قرآنِ کریم معجزہ ہے جو آخری نبی محمد عربی ﷺ پر جستہ جستہ ۲۳ سالوں میں نازل ہوا، معجزہ کی شان ہی یہ ہوتی ہے کہ انسانی بس اور قدرت سے باہر ہو، لہٰذا قرآن کی مثیل ونظیر بھی انسانی قدرت وطاقت سے ماوراء ہے۔

نیز یہ ایسا معجزہ ہے جو رہتی دنیا تک کی خلقت کو اپنے لانے والے کی صداقت کا یقین کراتا رہے گا، نتیجتاً لوگ حلقۂ اسلام سے روز افزوں وابستہ ہوتے رہیں گے، رسول اللہ ﷺ نے ایک حدیث میں اسی حقیقت کا انکشاف کیا ہے۔

ما من الانبياء نبي إلا أعطي ما مثله آمن عليه البشر، وإنما كان الذي أوتيت وحيًا أوحاه الله إلي، وأرجو أن أكون أكثرهم تابعًا يوم القيامة(۱)

(ہر نبی کو ایسا معجزہ دیا گیا جس کا مشاہدہ کرکے انسانیت ایمان لاتی رہی، مجھے اللہ پاک نے ایسا معجزہ وحی کی شکل میں دیا ہے (اس میں غور وفکر کرکے قیامت تک لوگ ایمان لاتے رہیں گے) مجھے امید ہے کہ روزِ قیامت میرے متبعین زیادہ ہوں گے)

لیکن دین کے باغی اور فطرتِ انسانی سے منہ موڑنے والوں نے تکذیب کو اپنا وطیرہ بنایا اور اس معجزۂ قرآن سے متعلق مختلف قیاس آرائیاں کرنے لگے، تو قرآن نے مرحلہ وار تین قسطوں میں ان سے چیلنج کیا اور مطالبہ کیا کہ اگر اس کلامِ الٰہی کی حقانیت میں تمھیں شک ہے تو اس جیسا قرآن نہیں تو دس سورتیں، یا پھر ایک چھوٹی یا بڑی سورت ہی بنالاؤ، ہم تمہاری بکواسوں کو تسلیم کرلیں گے، لیکن بلند وبانگ ڈینگیں ہانکنے والے ششدر رہ گئے، انھوں نے اپنی غیرت نیلام کردی، بہو بیٹیاں دشمنوں کے حوالے کردیں، گردنیں کٹوائیں، حملے بھی کیے اور حملے کا جواب

بھی دیا، سب کچھ گوارہ لیکن یہ نہ ہوسکا کہ صرف ایک آیت ہی بناڈالتے، روز روز کا جھگڑا منٹوں اور سکنڈوں میں مٹ جاتا، قرآن اپنے نزول سے لے کر ہنوز چیلنج کررہا ہے لیکن کوئی اس کا معارضہ ومقابلہ کرنے والا آج تک پیدا نہ ہوسکا جو اپنے مقابلے سے اس کی اعتباریت میں فرق پیدا کرسکے۔

بہرحال قرآن معجزہ ہے جس کا مقابلہ محال ہے، لیکن وجہ اعجاز کیا ہے، صاحب مناہل العرفان کل چوبیس وجوہ: بعض وجوہِ صحیحہ اور بعض وجوہِ معلومہ ذکر کرتے ہیں (۲)

لیکن اکثر اہل علم حضرات کی رائے ہے کہ قرآن پاک اپنی فصاحت وبلاغت یا بزبان دیگر ''حسن بیان'' میں معجزہ ہے، علامہ خطابی فرماتے ہیں:

ذهب الأكثرون من علماء النظر إلى أن وجه الإعجاز فيه من جهة البلاغة(۳)

(اکثر اہل فکرودانش علماء کی رائے ہے کہ وجہ اعجاز بلاغت کی جہت سے ہے)

قریب قریب یہی بات اکثر علماء کے کلام میں پائی جاتی ہے، نیز منطقی لحاظ سے قرینِ قیاس بھی ہے، کیوں کہ یہ کلام جن عربوں میں نازل ہوا وہ ہر علم وفن سے بے بہرہ تھے لیکن فصاحت وبلاغت میں اوج کمال پر پہنچے ہوئے تھے۔ گویا کہ شعروشاعری، زبان وادب، اور تعبیر وبیان ان کے گھر کی لونڈی ہیں۔ اس لیے ان سے کچھ عذر نہ ہوسکا کہ ہم تو اس فن کو جانتے ہی نہیں، جاننے والوں کو چیلنج کرو، احمد حسن الزیات رقم طراز ہیں:

من قائل أنه الفصاحة الرائعة المذهب الواضح والأسلوب الموثق ونحن إلى هذا الرأى أميل؛ فإن القوم الذين تحدوا به لم يكونوا فلاسفة ولا فقهاء حتى يكون عجزهم عن الإتيان بمثله معجزة، إنما كانوا بلغاء مصادع وخطباء مصاقع وشعراء فحولاً، وفي القرآن من دقة التشبيه والتمثيل وبلاغة الإجمال والتفصيل وروعة الأسلوب وقوة الحجاج ما يعجز طوق البشر ويرمي المعارضين بالسُّكات والحَصَر.(۴)

(بعض حضرات اس بات کے قائل ہیں کہ اس قرآن میں شاندار فصاحت، واضح فکر ونظریہ اور مستحکم اسلوب پائے جاتے ہیں میری یہی رائے ہے کیوں کہ جس قوم کو للکارا گیا وہ نہ تو منطقی نہ موشگافیوں سے واقف تھے نہ ہی فہم وفراست کے حامل کہ ان کا اس جیسا کلام پیش کرنے سے عاجز رہنا معجزہ ہوتا، ہاں وہ میدان بلاغت کے ہیرو، بلند پایہ مقرر، اور قادرالکلام شاعر تھے، نیز قرآن میں دقیق تشبیہ وتمثیل، ایجاز واطناب، حسین اسلوب اور قوت استدلال نے انسانی قوت کو

درماندہ کردیا اور مخالفین پر سکتہ وسناٹا طاری کردیا)۔

اعجازِ بیانی کا امتیاز

بہرحال ایک طبقہ اس پر مصر ہے کہ قرآن کا اعجاز فصاحت وبلاغت کی وجہ سے ہے لیکن علماء کے مختلف اقوال سے یہ بات بھی مترشح ہوتی ہے کہ قرآن کی ہر جہت معجزہ ہے، اس لیے کہ اس کے مخاطبین جہاں عرب کے فصحاء و بلغاء ہیں اسی طرح رہتی دنیا تک کی اقوام ہیں، ان میں یہود و نصاریٰ جیسے دینی پیشوائی کے دعوے دار بھی ہیں اور فلاسفۂ یونان سے لے کر ہندوستان کے ہندو جوگ بھی، یہی وجہ ہے کہ آج اتنی صدیاں گزر گئیں، زمانے نے نہ جانے کتنے پلٹن کھائے، انقلابات کے کیسے کیسے دور آئے اور گزر گئے، سائنس وٹکنالوجی نے کتنی ترقیاں کیں لیکن آج تک کوئی ایسا شخص پیدا نہ ہوسکا جو قرآن کی کسی جہتِ اعجاز کو بے اعتبار کرسکا ہو۔

ہاں اتنی بات ضرور ہے کہ قرآنِ کریم کا بلیغانہ وفصیحانہ اسلوب ایسا اعجاز سدابہار ہے جس میں کوئی آسمانی کتاب تک شریک وسہیم نہیں، بیانی اعجاز کی یہ جہت اتنی نمایاں ہے کہ جو بھی سنا خواہ وہ عربی زبان وبیان میں پہچان رکھتا ہو یا عربی کی الف با سے بھی واقف نہ ہو لیکن اس کا جذب اندرون پکار اٹھتا ہے۔

واللّٰہ إنه يقوله الذي يقول حلاوة وإن عليه لطلاوة... وإنه ليعلو وما يعلى (۵)

(خدا کی قسم جو یہ کلام بولتے ہیں اس میں بلا کی شیرینی اور رونق ہے، اور یہ کلام غالب ہی رہتا ہے مغلوب نہیں ہوتا ہے)

اعجازِ بیانی کا معجزانہ امتیاز

اعجاز کی معرفت کے لیے کوئی معیار قائم کرنا تقریباً محال ہے، ہرچند کہ بعض علماء نے کوشش کی ہے کہ کوئی منضبط قاعدہ وضابطہ کے تحت اعجازِ بیانی کو داخل کردیا جائے، ان میں غالباً سب سے پہلا نام علامہ خطابی کا ہے جن کی پیروی کرتے ہوئے مختلف مفسرین نے بھی اختیار کیا ہے، علامہ خطابی کے قول کا خلاصہ یہ ہے کہ:

بلغاء وفصحاء کے کلام تین قسم کے ہوتے ہیں: (۱) اعلیٰ درجے کا فصیح وبلیغ (۲) معمولی فصیح وبلیغ (۳) بالکل سادہ وسلیس۔ قرآن پاک کا امتیاز ہے کہ ہر ایک سے اپنے مخاطب کی رعایت

کرتے ہوئے وافر حصہ لیتا ہے جو قرآن ہی کا حق ہے۔(۶)

لیکن علامہ خطابی اپنی کوشش میں کس حد تک کامیاب ہیں یہ کہنا مشکل ہے، کیوں کہ کسی قدر قاعدہ وضابطہ کو متعین کرلیں لیکن آخری فیصلہ تو ذوق ووجدان ہی کو کرنا پڑتا ہے یہ تو اس خوشبو کی مانند ہے جو پھول کی پنکھڑیوں میں پنہاں ہوتی ہے، جس کو محسوس کیا جاسکتا ہے لیکن لفظوں میں بیان نہیں کیا جاسکتا ہے۔

اس لیے اس کے اعجاز کی شہادت کیلئے یہی کافی ہے کہ اتنا عرصہ گزرنے کے بعد بھی کوئی چیلنج قبول نہ کرسکا، بلکہ اپنی درماندگی کا اعتراف ہر صاحب ذوق کو خواہ دبے لفظوں میں ہی سہی کرنا پڑا۔

تاہم ایسے اصول وضوابط کا جائزہ لینا ضروری ہے جن کی رعایت کرنے سے کلام کی شان نرالی ہوتی ہے اور ''تاثیر'' میں چار چاند لگ جاتا ہے۔ دراصل کلام کا مؤثر ہونا ہی بیان کی غرض و غایت ہے، نیز کلام کا مؤثر ہونا چند وجوہ کی بنا پر ہوتا ہے، اس لحاظ سے قرآن کے اعجازِ بیانی کو چار خانوں میں تقسیم کرسکتے ہیں۔

(۱) مفردات کا اعجاز (۲) جملوں اور ترکیبوں کا اعجاز (۳) اسلوب کا اعجاز (۴) نظم وربط بین الآیات کا اعجاز۔

مفردات کا اعجاز

مفردات کے لحاظ سے اگر قرآن پر غور کیا جائے تو اس کا ہر لفظ اپنی جگہ اتنا فصیح معلوم ہوتا ہے کہ اس کی جگہ دوسرے کلمے کو خواہ اسی معنی ومفہوم کا ہو نہیں رکھ سکتے ہیں، اس کے برخلاف زبان دانی کے دعوے کرنے والوں کے کلام میں مختلف خامیاں پائی جاتی ہیں۔ مثلاً متنبّی عربی زبان کا مشہور شاعر ہے، اس کو اپنی زبان دانی پر ناز بھی تھا اسی لیے دعوۂ نبوت بھی کر بیٹھا حالانکہ اس کا سارا کمال قرآن سے ہی مستفاد تھا جیسا کہ اس کی تاریخ حیات سے معلوم ہوتا ہے۔ اس کے کلام کا اگر موازنہ کیا جائے تو بہت سارا نقص نظر آئے گا اور ایسا محسوس ہوگا کہ اگر اس لفظ کے بجائے یہ لفظ ہوتا تو زیادہ اچھا ہوتا مثلاً اس کا ایک شعر ہے:

إن القتيل مضرجاً بدموعه مثل القتيل مضرجاً بدمائه(۷)

شہید محبت شہید جنگ کی طرح ہوتا ہے۔

لیکن ذرا ''مثل'' کو ہٹا کر ''فوق'' رکھدیں تو دیکھئے حسن کتنا دوبالا ہوتا ہے۔

إن القتیل مضرجاً بدموعه فوق القتیل مضرجاً بدمائه

شہید محبت کا مقام جنگی شہید سے بڑھا ہوتا ہے۔

لیکن قرآن نے لفظ ''مثل'' کو تقریباً چالیس جگہ استعمال کیا ہے۔ کسی ایک جگہ بھی ادھرادھر نہیں کرسکتے ہیں۔

یہ صرف ''مثل'' کے ساتھ خاص نہیں ہے بلکہ قرآن کے جس لفظ کو بھی لے لیں اس کی جگہ دوسرا لفظ حتی کہ اسی معنی کا متبادل ومترادف لفظ بھی نہیں رکھ سکتے ہیں۔ ایسا کرنے سے کلام کا مقصود باقی نہیں رہ سکتا ہے مثال کے طور پر قرآن میں ہے:

أتدعون بعلا وتذرون أحسن الخالقین

تم لوگ بت کو پکارتے ہو اور احسن الخالقین کو چھوڑتے ہو۔

خیال ہوسکتا ہے کہ اگر ''تذرون'' کی جگہ ''تدعُون'' ہو تو معنی میں کچھ فرق نہیں ہوگا؛ بلکہ صنعت جناس کا اضافہ بھی ہوگا۔

لیکن معاملہ ایسا نہیں ہے، وذر، اور ودع بیشک ہم معنی ہیں لیکن دونوں میں بنیادی فرق بھی ہے۔ وذر میں بالقصد چھوڑنا ملحوظ ہے؛ جبکہ ودع میں بالقصد کی کوئی قید نہیں، قرآن تو کہنا چاہتا ہے کہ تم لوگ بالقصد اپنے خالق کو ترک کررہے ہو، ظاہر بات ہے کہ یہ معنی ''ودع'' سے پیدا نہیں ہوسکتا۔

مفرداتِ قرآن میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ بہت سے ایسے الفاظ کا اضافہ ہے جو پہلے سے اس معنی میں معہود ومعروف نہیں ہیں، مثلاً موت کے لیے عرب میں ۲۴ الفاظ استعمال ہوتے تھے، سب میں عرب کے قدیم نظریۂ کفر کی غمازی تھی، لیکن قرآن نے موت کے معنی کے لیے لفظ ''توفی'' استعمال کیا جس کے معنی پورا پورا لینے کے ہیں۔ قرینہ کے اضافے سے موت کا معنی پیدا ہوگا، جو صرف قرآن کا عطا کردہ ہے۔(۸)

بعض معانی کے لیے الفاظ ثقیل ہی استعمال ہوتے ہیں جو کہ فصاحت کے لیے عیب ہے۔ قرآن نے ایسے تمام الفاظ کو چھوڑ دیا اور ضرورت کے وقت ایسا لفظ استعمال کیا جو سنتا ہے عش عش کیے بغیر نہیں رہ سکتا، مثلاً پکی اینٹ کے لیے تین لفظ عربوں میں مستعمل تھے آجرّ، قرمد، طوب، اور تینوں ثقیل سمجھے جاتے تھے۔ قرآن نے اس معنی میں استعمال کیا:

فاوقد لي یا ھامان علی الطین فاجعل لی صرحاً. اے ہامان گیلی مٹی پر آگ روشن

کر کے میرے لیے ایک محل تعمیر کرو۔

اسی طرح "ارض" کی جمع اراضی و ارضون دونوں ثقیل سمجھے جاتے ہیں، قرآن نے ہر دو کو چھوڑ دیا، اوران کی جگہ استعمال کیا۔

الله الذی خلق سبع سماوات ومن الارض مثلهن

اللہ وہ ہے جس نے سات آسمان پیدا کیے اور زمین بھی اتنی ہی۔

ترکیب کا اعجاز

مفردات کے بعد جملوں کی بندش اور ترکیب کی شوکت وسلاست کا نمبر آتا ہے اس حوالے سے اتنا ہی کہنا کافی ہوگا کہ پڑھنے والا محسوس کرتا ہے کہ زبان از خود ایک جملے سے دوسرے جملے کی طرف پھسلتی جارہی ہے، کہیں اٹکاؤ نہیں یوں لگتا ہے کہ ہموار زمین ہے یا پھر ٹھہرے سمندر کی سطح آب۔

علاوہ ازیں مختلف ترکیبیں قرآن نے ایسی استعمال کی ہے کہ جن سے مختلف گتھیاں سلجھ گئیں، مثلاً قاتل سے انتقام لینا ایک کمال سمجھا جاتا تھا۔اس پر برانگیختہ کرنے کے لیے مختلف جملے زبان زد تھے القتل أنفى للقتل (قتل سے قتل کی روک تھام ہوتی ہے) القتل إحياء للجميع (قتل اجتماعی زندگی ہے) أكثروا القتل ليقل القتل (قتل زیادہ کرو، قتل کی وارداتیں کم ہوجائیں گی)

لیکن قرآن نے اس کے لیے استعمال کیا ولکم فی القصاص حیوۃ اور تمہارے لیے قصاص میں زندگی، ترکیب مختصر سی لیکن معانی کا ایک سمندر پنہاں ہے۔

کسی چیز کی وسعت کو بیان کرنے کے لیے مختلف جملے تھے، لیکن ساری وسعتوں کی ایک انتہا تھی۔قرآن نے جہنم کی وسعت بیان کرتے ہوئے کہا۔

یوم نقول لجهنم هل امتلئت وتقول "هل من مزيد"

جس روز ہم جہنم سے پوچھیں گے: کیا تو سیر ہوگئی تو وہ پکار اٹھے گی ''کیا کچھ اور ہے'' اس وسعت کی نہ کوئی حد ہے اور نہ انتہا۔

بتوں کی عظمت وہیبت دلوں میں اتنی جاں گزیں تھی کہ اپنی قسمت کا فیصلہ کروانے بھی ان ہی کے پاس جاتے، ان کے ناموں کے احترام اور عقیدت مندانہ جذبات سے ان کے دل لبریز

تھے۔لیکن قرآن نے صرف ایک جملے میں سب کو پاش پاش کردیا: إن هي الا اسماء سميتموها أنتم و آباء کم یہ محض تمہارے اور تمہارے پرکھوں کے رکھے ہوئے نام ہیں۔ان سے حقیقت کا کچھ واسطہ نہیں اور نہ ہی کوئی نفع ونقصان ان سے متعلق ہے۔

اسلوب کا اعجاز

اسلوب میں سب سے اچھا اسلوب، عربوں کے نزدیک ہی نہیں ہر صاحب ذوق کے یہاں ''شعری اسلوب'' ہے؛ کیوں کہ اشعار کے سنتے وقت غیر محسوس طور پر انسان حلاوت محسوس کرتا ہے؛ لیکن علماء کا اتفاق ہے کہ قرآن کا اسلوب شعر نہیں ہے۔حضرت شاہ ولی اللہ علیہ الرحمہ نے ''الفوز الکبیر'' میں بڑی تفصیل سے اس پر بحث کی ہے۔جس کا حاصل یہ ہے کہ:

اس کا اسلوب ہے تو نثر ،لیکن شعر کی لذت سے بڑھ کر اس میں لذت موجود ہے۔کیوں کہ شعر کی لذت اور حلاوت کا سارا مدار ''متوازن صوتی آہنگ'' کا کان سے ٹکرانا ہے،لیکن یہ آہنگ پیدا کیسے ہوتی ہے اس کے لیے مختلف ذوق ومزاج ہیں،اور مختلف اصول وضوابط ہیں،عربی اشعار کا سارا دارومدار خلیل بن احمد کی تخلیق کردہ اوزان پھر ردیف کی یکسانیت اور قوافی کی رعایت پر ہے،لیکن فارسی ذوق اس سے الگ ہے،اس میں اوزان کی نئی بحریں بھی ہیں، پھر حرکات وسکنات کی خاص ہم آہنگی بھی،عربی میں ''کبیر'' و''قبور'' ہم وزن ہیں جبکہ فارسی میں مخل فصاحت،عربی میں زحافات اتنی زیادہ ہیں کہ وزن کا باقی رکھنا مشکل ہوتا ہے۔فارسی میں ایسا نہیں۔

اس کے برخلاف ہندی مزاج کا ذوق دوسرا ہے،اس میں تعدادِ حروف پر دارومدار ہے، پھر بسا اوقات تعدادِ حروف میں کافی تفاوت ہوتا ہے۔

قرآنِ کریم نے ان اصولوں کو نظر انداز کردیا اور صرف ''متوازن صوتی ہم آہنگی'' کو باقی رکھا جو ہر ذوق و مذاق میں قدرِ مشترک ہے،لہٰذا قرآن کو اگر شعر نہیں کہہ سکتے تو نثر محض بھی نہیں، یہی وجہ ہے کہ عربوں نے جب اول وہلہ میں سنا تو شعر کہنے لگے،لیکن چوں کہ شعر کے نوک و پلک اور اصول وضوابط سے خوب واقف تھے،اس لیے اس نظریہ سے منحرف ہوئے سو کہا۔پھر نہ جانے کون کون سے لیبل چسپاں کرنے لگے۔(۹)

پھر علمائے بلاغت کے مطابق اسلوب کی تین قسمیں ہیں: خطابی، ادبی، علمی۔تینوں کی خصوصیات الگ الگ ہیں اور دائرۂ عمل بھی جداگانہ،لیکن قرآن ایک ہی عبارت میں تینوں

اسلوب کو جمع کرتا ہے، کہ علم کی سنجیدگی بھی ہوتی ہے، خطابت کا زور بھی تو ادب کی شگفتگی بھی۔

ہر شاعر و ادیب کا میدان الگ الگ ہے۔ ایک میدان کا مرد دوسرے میدان میں بالکل ناکام ثابت ہوتا ہے مثلاً امرء القیس رزم و بزم، اور غزل کا امام ہے۔ اس سے خوف و ہیبت کا مضمون ادا نہیں ہوسکتا، یہ تو نابغہ ذبیانی کا کام ہے۔ لیکن نابغہ سے حسن طلب نہیں ہوسکتا یہ تو اعشٰی کا کام ہے۔

اسی طرح فارسی شعراء میں نظامی و فردوسی رزم و بزم میں، سعدی وعظ و پند میں تفوق رکھتا ہے۔ ایک فن کا امام و شہ نشیں دوسرے فن میں حیران و خاک نشیں معلوم ہوتا ہے۔

لیکن قربان جایئے قرآن کے اسلوب پر ہر مضمون کو بلیغانہ و فصیحانہ اسلوب میں بیان کرتا ہے خواہ وہ ترغیب و ترہیب ہو، یا رزم و بزم، جنت و جہنم کا بیان ہو یا پھر دنیا کی مذمت کا ذکر، انبیاء و صالحین کے کردار کا تذکرہ ہو یا پھر گزرے ہوئے سرکشوں اور باغیوں کی عبرت آموز داستانِ حیات، ہر ایک کو اسی مضمون کے مناسب جوش و خروش اور پرشوکت و پرعظمت لفظ و نظم میں بیان کرتا ہے۔

پھر مخاطب بھی ہر قسم کے ہیں۔ اعلیٰ درجے کے ماہرین فنون بھی، تو متوسط طبقہ کے فصیح و بلیغ نیز الھڑ قسم کے انسان بھی، قرآن کریم باوجود کہ بیان کی جملہ اقسام پر مشتمل ہے لیکن اس کے تینوں قسموں کے مخاطب بیک وقت متاثر ہوتے ہیں اور ہر کوئی سمجھنے پر مجبور ہوتا ہے کہ قرآن کا اصل خطاب اسی سے ہے۔

ربط بین الآیات کا اعجاز

قرآنِ کریم ہدایت کا اتنا جامع مجموعہ اور مختلف الانواع مضامین پر مشتمل ہونے کے باوجود ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ہر مضمون دوسرے مضمون سے مربوط ہے، بلکہ بسا اوقات دو متضاد مضمون کو اکٹھا کرتا ہے اور انسانی دماغ حیران رہ جاتا ہے کہ خروج کہاں سے ہے اور دخول کہاں پر ہے، بلکہ یوں محسوس ہوتا ہے کہ یہ دونوں کبھی متضاد رہے ہی نہیں ہیں۔

لیکن اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہے کہ اگر ماقبل کا مضمون سامنے نہ ہو تو مابعد کی آیات غیر مربوط معلوم ہوں گی، بلکہ ہر آیت ماقبل سے مربوط ہونے کے باوجود مستقل مضمون کی حیثیت بھی رکھتی ہے۔ یہی محمل ہے ان علماء کے کلام کا جنھوں نے ربط بین الآیات کا انکار کیا ہے۔

خلاصہ یہ کہ قرآن کریم کا اعجاز ذوقی ووجدانی ہے، لیکن اصول وضوابط کا اگر پابند بھی تسلیم کرلیا جائے تو ہر اعتبار سے اس کا اعجاز ٹکسالی ہے، بلکہ جو ادیب وشاعر ایک فن میں کامل دسترس رکھتا ہے۔ اگر اس کے کلام کا موازنہ کیا جائے تو بے اختیار زبان پر آجائے گا ''چہ نسبت خاک را باعالم پاک'' اور این الثری من الثریا۔ اس دعوے کی تصدیق کے لیے ایک مثال بطور موازنہ پیش کی جاتی ہے۔

ایک تقابلی جائزہ

امرء القیس عرب کا مشہور شاعر، رزم و بزم کی تصویر کشی کا ماہر پوری عرب برادری میں مافوق العادت قوت کا حامل تصور کیا جاتا ہے۔ اپنے رزمیہ اشعار میں گھوڑے کی تعریف کرتے ہوئے کہتا ہے:

(الف) مِكَرّ مِفَرّ مقبل مُدْبِر معًا كجُلمود صَخْر حطّه السيل من عَلٍ

وہ گھوڑا حملہ کرنے والا، بھاگنے والا، آگے آنے والا، پیچھے کو مڑنے والا سب ایک وقت میں، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ایک پتھر ہے جس کو سیلاب نے اوپر سے لڑھکا دیا ہے۔

(ب) كُمَيت يُزلّ اللِبْد عن حال متنه كما ذَلّت الصفواءُ بالمتنزّل

وہ گھوڑا سیاہی وسفیدی مائل چتکبرا ہے، اس کی پیٹھ ایسی صاف ہے کہ نمدہ اپنی پشت کے وسط سے اس طرح پھسلا تا ہے جیسا کہ صاف چکنا پتھر اپنے اترنے کی جگہ سے پھسل کر گرتا ہے۔

(ج) على الذَبْل جَيّاش كأن اهتزامه إذا جاش فيه حميُه غليُ مرجلٍ

وہ دبلا پتلا ہے لیکن جوش ایسا کہ اس کے چلنے کی آواز گرمیٔ نشاط کے جوش میں دیگ کے ابلنے کی آواز معلوم ہوتی ہے۔

(د) إذا ما السابحات على الونى أثرن الغبار بالكَدِيد المُوَكّل

جس وقت تیز رفتار گھوڑے تھک ہار کر پامال شدہ زمین پر غبار اڑاتے ہیں وہ گھوڑا بدستور بارش کی مانند تیز چلتا ہے۔

(ھ) يُزلّ الغلامَ الخِفّ عن صَهواته ويُلوي بأثواب العنيف المثقل

ہلکے پھلکے اناڑی نوجوان کو اپنی پیٹھ سے پھسلا دیتا ہے، اور بھاری بھرکم تجربہ کار شہ سواروں کے کپڑے گرا دیتا ہے۔ (۱۰)

یہ پانچ اشعار ہیں جن میں اکیاون الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔ جو گھوڑے کی تعریف میں مقصود بنا کر کہے گئے ہیں۔ یقیناً سننے والا فصاحت و بلاغت کی داد دیئے بغیر نہیں رہ سکتا، لیکن قرآن نے ضمناً گھوڑے کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے۔

والعٰدیٰت ضبحاً، فالموریٰت قدحًا، فالمغیرات صبحًا، فأثرن به نقعًا، فوسطن به جمعًا.

قسم ہے دوڑتے ہانپتے گھوڑوں کی جو ٹاپ مار کر آگ جھاڑتے ہیں، پھر صبح کے وقت تاخت و تاراج کرتے ہیں، پھر اس وقت غبار اڑاتے ہیں، پھر اس وقت دشمنوں کی جماعت میں جا گھستے ہیں۔

ان آیات میں صرف بارہ (۱۲) الفاظ ہیں اور گھوڑے کی ان میں واقعاتی و حقیقی صفات بیان کی گئی ہیں، جب کہ اشعار میں محض تخیلات ہیں۔ شاعر نے گھوڑے کی تعریف کرتے ہوئے اس کے فرار کی بھی تعریف کی ہے حالانکہ ''فرار'' خواہ کسی وجہ سے ہو عیب ہے، کمال نہیں۔ گھوڑے کی پیش قدمی کو دیگ کی آواز سے تشبیہ دی گئی جو کہ واضح نہیں جب کہ آیات میں نہ تو فرار کا ذکر ہے اور نہ گھوڑے کے دوڑنے کا، بلکہ ہانپنے کا بیان ہے جو بالکل واضح ہے۔

اشعار میں کبھی موٹاپے کا بیان ہو رہا ہے تو کبھی لاغری کا جو کہ تعارض ہے اور جھوٹ بھی۔ آیات میں کوئی تعارض نہیں۔ نیز گھوڑے کا پامال شدہ زمین سے مٹی کا اڑانا کوئی کمال نہیں بلکہ اصل کمال تو جب ہے کہ زمین تر بتر ہو پھر تیز چلنے سے غبار اڑے۔

اشعار میں تجربہ کار و ناتجربہ کار دونوں کو یا تو گرا دیتے ہیں یا پھر اس کے سامان کو ضائع کر دیتے ہیں، اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اپنے مالک کا وفادار نہیں ہے، جبکہ آیات میں گھوڑے اپنے آپ کو جوکھم میں ڈال کر منزل کی طرف رواں دواں رہتے ہیں جو وفاداری کی دلیل ہے۔

مذکورہ بالا تفصیل قرآنِ کریم کے اعجاز بیانی کو سمجھنے کے لیے کافی ہے۔ قاضی ابوبکر باقلانی نے اپنی کتاب اعجاز القرآن میں بلاغت کے دس وجوہ ذکر کر کے ہر نوع کے اعجاز کو ثابت کیا ہے وہ دس وجوہ حسب ذیل ہیں:

(۱) الایجاز (۲) التشبیه (۳) الاستعاره (٤) التلائوم (٥) الفواصل (٦) التجانس (٧) التصریف (٨) التضمین (٩) المبالغه (١٠) حسن البیان۔(۱۱)

خلاصہ یہی ہے کہ قرآن معجزہ ہے جو اپنے مقصد میں پورے طور پر کامیاب رہا۔ اس نے

پوری دنیا میں انقلاب عظیم برپا کیا۔ سوئی انسانیت کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا۔ منتشر اقوام کو متحد کیا اور راہِ راست سے منحرف جماعت کو صحیح راہ پر لگا دیا، اور یہ سب طفیل ہے اس کے اعجاز گراں مایہ قدر کا۔

❁ ❁ ❁

حواشی:

(۱) بخاری شریف:۲/۷۴۴، کتاب فضائل القرآن، باب: کیف نزل الوحی۔

(۲) مناہل العرفان للزرقانی:۲/۲۶۱-۳۲۴، المبحث السابع عشر فی اعجاز القرآن

(۳) الاتقان فی علوم القرآن للسیوطی:۲/۱۲۱۔

(۴) تاریخ الادب العربی:۸۹

(۵) الخصائص الکبری:۱/۱۱۳

(۶) روح المعانی:۱/۳۱-۳۲۔ الاتقان فی علوم القرآن:۲/۱۲۱

(۷) شرح دیوان المتنبی:۱/۱۳۲ شارح: عبدالرحمان البرقوتی مطبوعہ: بیروت ۱۴۰۷ھ

(۸) یتیمۃ البیان للبنوری مقدمہ مشکلات القرآن ۸۸-۸۹

(۹) ماخوذ از العون الکبیر مع الفوز الکبیر:۲۱۶-۲۳۰، الفصل الثانی

(۱۰) سبع معلقات:۸۔ التوضیحات:۲۱-۲۳

(۱۱) اعجاز القرآن للباقلانی علی ہامش الاتقان فی علوم القرآن للسیوطی:۲/۱۶۰

❁ ❁ ❁

ترتیبِ حدیث کا تدریجی ارتقاء

طبقات کتبِ حدیث-مراتب واحکام

از: مفتی شکیل منصور القاسمی
استاذِ حدیث وادب عربی
مجمع عین المعارف للدّ راسات الاسلامیہ، کنور، کیرالہ

کتابتِ حدیث بلکہ مستقل کتاب کی تالیف کا سلسلہ حضور اکرم ﷺ کے عہدِ مبارک ہی میں شروع ہو چکا تھا، صحابۂ کرامؓ کی ایک بڑی جماعت کے متعلق منقول ہے کہ انھوں نے مختلف تعداد اور متعدد صورتوں میں احادیثِ طیبہ کو تحریری طور پر جمع کر رکھا تھا۔ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ کا مرتب کردہ مجموعۂ حدیث ''صادقہ'' اہلِ نظر کی نظر سے مخفی نہیں ہے، جو کم وبیش ایک ہزار حدیثوں پر مشتمل ہے۔ حضرت سعد بن عبادہؓ، حضرت عبداللہ بن ابی اوفیؓ، حضرت سمرۃ بن جندبؓ اور حضرت جابر بن عبداللہ کے تحریری مجموعوں اور صحائف کا تذکرہ معتمد کتابوں میں موجود ہے۔ نبی کریم ﷺ کی وفات کے بعد حضرت ابوہریرہؓ بہت سے صحائف لکھے۔ جن میں سے ایک صحیفہ ان کے ممتاز شاگرد ہمام بن منبّہ نے ''صحیفہ ہمام بن منبہ'' مرتب کیا، جس کا مستقل نسخہ آج بھی دستیاب ہے، نیز حضور ﷺ نے تحریری صورت میں جو کچھ بھی لکھوایا وہ بھی اس سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ خاص طور پر وہ نوشتے جن میں کسی قسم کے احکام آپ ﷺ نے لکھوائے۔ مثلاً عمرو بن حزم کے نام آپ ﷺ کا گرامی نامہ- حاصل یہ کہ کتبِ حدیث کی ترتیب وتدوین کا سلسلہ آپ ﷺ کی زندگی ہی میں شروع ہو چکا تھا۔ البتہ ابتداءِ اسلام میں جب کہ عام طور پر مسلمانوں کو قرآنِ کریم کے ساتھ خاص ممارست حاصل نہ ہوئی تھی، اور قرآن کے وجوہِ اعجاز اور حقائق ومعارف پر پوری طرح مطلع نہیں ہوئے، اور انہیں کلام اللہ اور کلام الرسول ﷺ میں فرق وامتیاز پر کامل دسترس حاصل نہیں تھی تو اندیشۂ اختلاط کی بناء پر کتابتِ حدیث سے منع کر دیا گیا تھا۔ لیکن بعد میں جب یہ اسباب مرتفع ہوگئے اور اس طرح کا کوئی خدشہ باقی نہیں رہا تو آپ ﷺ نے کتابتِ حدیث کی

اجازت مرحمت فرمادی، اور ”لاتکتبوا عنّی“ کا سابقہ حکم منسوخ ہوگیا۔

پھر تدوینِ حدیث کا یہ سلسلہ حضراتِ تابعین میں بھی جاری رہا، اور اکابرِ تابعین مثلاً حضرت سعید بن مسیّبؒ، شعبیؒ، مجاہدؒ، سعید بن جبیرؒ، عطاءؒ، قتادہ وغیرہم بھی کتابتِ حدیث میں پورے دم خم کے ساتھ مشغولِ کار رہے۔ ہاں اتنا ضرور تھا کہ ترتیب وتدوین کا یہ سلسلہ صرف انفرادی طور پر ہوتا رہا۔ اس کے لئے کوئی باقاعدہ منظّم شکل نہیں تھی۔ حتی کہ پہلی صدی ہجری کے آخر میں فتنوں کی کثرت کے پیش نظر ضیاعِ حدیث کا خطرہ شدید وقوی ہوگیا تو ۹۹ھ میں خلیفۂ راشد حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے حدیثِ رسول ﷺ باضابطہ مرتب کرنے کے لئے سرکاری احکام نافذ کئے، چنانچہ والیِ مدینہ ابوبکر بن حزم کے علاوہ دیگر علماءِ دین نے بھی خلیفۂ مذکور کے تعمیل وامتثالِ حکم میں ترتیبِ حدیث کا کام شروع کردیا۔ اس سلسلہ میں سب سے پہلے امت مسلمہ کے ہاتھوں جو کتاب آئی وہ امام ابن شہاب زہری متوفی ۱۲۳ھ کی کتاب ہے، جس کو انھوں نے حضرت عمر بن عبدالعزیز کے زمانہ میں تصنیف کی تھی۔ پھر ان کی اتباع میں مختلف شہروں کے بڑے بڑے جلیل القدر محدثین بھی تدوینِ حدیث کے مقدس کام میں مشغول ہوگئے۔ چنانچہ مکہ معظّمہ میں ابن جریج متوفی ۱۵۰ھ، مدینہ منورہ میں امام دارالہجرت امام مالک بن انس متوفی ۱۷۹ھ اور محمد بن اسحاق متوفی ۱۵۱ھ صاحب المغازی، بصرہ میں ربیع بن صبیح متوفی ۱۶۰ھ، سعد بن ابی عروبۃ متوفی ۱۵۶ھ اور حماد بن سلمہ متوفی ۱۶۷ھ، کوفہ میں سفیان ثوری متوفی ۱۶۱ھ، شام میں امام اوزاعی متوفی ۱۵۸ھ۔ یمن میں معمر متوفی ۱۵۳ھ۔ مصر میں لیث بن سعد متوفی ۱۷۵ھ۔ واسط میں ہشیم متوفی ۱۸۳ھ۔ رَی میں جریر بن عبدالحمید متوفی ۱۸۸ھ۔ خراسان میں عبداللہ بن مبارک متوفی ۱۸۱ھ جیسے جہاندیدہ وقت نے تدوین وترتیب حدیث کے باب میں جو کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں وہ سنہرے حرفوں سے لکھے جانے کے قابل ہیں۔ اس سرسری تاریخی حقائق سے معلوم ہوتا ہے کہ حدیث کی باقاعدہ تصنیف وتدوین پہلی صدی کے آخر اور دوسری صدی کی ابتداء میں ہوئی۔ اور یہ سلسلہ دوسری صدی کے اواخر تک جاری رہا۔ تدوین وترتیب حدیث کا یہ پہلا دور تھا، اس دور کے مدوّنات میں سے ہم تک صرف ”موطا امام مالکؒ“ پہنچی ہے۔ اس دور میں دو قسم کی تصنیفیں عمل میں آئیں۔ ایک قسم وہ ہے جس میں صحیح اسناد کا التزام نہیں کیا گیا، بلکہ جو حدیث پہنچی وہ درج کردی گئی۔ دوسری قسم وہ ہے جس میں صحت کا التزام تو کیا گیا، مگر مرفوع ﴿وہ حدیث جس میں کوئی صحابی رسول اللہ ﷺ کے قول یا فعل کی خبر دے﴾ حدیث کے اندراج کا التزام نہیں رہا۔ بلکہ منقطع

﴿وہ حدیث جس کی سند میں سے متعدد راوی مختلف مقامات سے حذف ہوں﴾، مرسل ﴿وہ حدیث جس میں تابعی پہلے صحابی راوی کا ذکر نہ کرے﴾، آثارِ صحابہ حتی کہ مقطوع ﴿اقوالِ تابعین﴾ کو بھی مرفوع کے ساتھ مخلوط وممزوج کردیا گیا۔ چنانچہ ابن جریج متوفی ۱۵۰ھ، ابن اسحاق متوفی ۱۵۱ھ، ربیع بن صبیح متوفی ۱۶۱ھ، سفیان ثوری متوفی ۱۶۱ھ، امام اوزاعی متوفی ۱۵۶ھ، ابن مبارک متوفی ۱۸۱ھ وغیرہم تدوین حدیث کے سلسلہ میں جو بیش بہا خدمات انجام دیئے ہیں وہ سب اسی انداز کے تھے۔ اس دور میں چونکہ علماء وفقہاء کے نزدیک مرسل حدیث مستقل حجت تھی۔ اس لیے مرسل کو مرفوع سے علیحدہ کرنے کی کوئی ضرورت نہیں سمجھی گئی۔ بعد میں سب سے پہلے جب حضرت امام شافعیؒ نے مرسل کی حجیت سے انکار کیا اور پھر ان کے دیکھا دیکھی عام محدثین میں بھی یہ خیال زور پکڑا تو اب اس کی ضرورت محسوس کی جانے لگی کہ اب ایسی تصانیف عمل میں لائی جائیں جن میں یہ نقص نہ ہو، بلکہ حدیثِ مرفوع کو مراسیل و آثار سے بالکل ممیّز کردیا جائے۔ اس زمانہ کے علماء نے اس ضرورت کے پیش نظر جدید طرز اور انتہائی نئے انداز پر تصانیف مرتب کرنا شروع کردی، اور تیسری صدی کی ابتداء سے تدوینِ حدیث کا یہ دوسرا دور شروع ہوا۔ اس دور کی تصانیف میں احادیثِ مرفوعہ کو دوسری تمام چیزوں سے ممیّز ومحص کردیا گیا، اور احادیث کو صحابہ کی ترتیب پر جمع کیا گیا، جس کی وجہ سے ''مسانید'' کی تالیف کی نوبت آئی۔ مسانید کی تالیف کے اس دور میں بھی بڑے بڑے علماء نے اپنا جوہرِ فن دکھایا۔ چنانچہ کوفہ میں عبداللہ بن موسی۔ بصرہ میں مسدّد بن مسرہد اور مصر میں یعقوب بن شیبہ مالکی نے تو اتنا ضخیم مسند تیار کیا کہ اگر وہ پایۂ تکمیل کو پہنچ جاتا تو تقریباً دوسو جلدوں کا ذخیرہ تیار ہوجاتا۔ اسی طرح سمرقند میں حافظ حسن بن احمد بن محمد نے کئی مسانید لکھیں۔ امام ذہبیؒ کا بیان ہے کہ انھوں نے اتنی بڑی کتاب لکھی تھی کہ جس میں ایک لاکھ بیس ہزار احادیث کا ذخیرہ تھا۔ اسی قبیل سے مسند الامام احمد بن حنبل بھی ہے۔ جس میں انھوں نے اپنی یادداشت سے سترہ لاکھ پچاس ہزار حدیثوں میں سے ایک لاکھ چالیس ہزار احادیث منتخب کرکے جمع کردیں۔ امام ابوحنیفہؒ اور امام شافعیؒ کی جانب بھی بعض مسانید منسوب ہیں، لیکن یہ ان کا تصنیف کردہ مجموعہ نہیں ہے، بلکہ ان سے مروی احادیث کا مجموعہ ہے۔ ترتیب مسانید کے دور میں اتنی بلیغ کوششیں ہوئیں لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ اُس دور کی تصانیف میں اس وقت صرف مسندِ احمد بن حنبل شائع اور دستیاب ہے۔ میری ناقص معلومات کی حد تک دوسرے مسانید کا صرف کتب تاریخ میں تذکرہ ملتا ہے۔

بہرحال اس دور کی تصانیف مرفوع اور غیر مرفوع حدیث سے علیحدہ اور ممتاز تو ہوگئیں لیکن محدثین کی نظر میں ایک نقص اب بھی باقی رہ گیا تھا کہ ان کتابوں میں صحیح اور سقیم سب حدیثیں مخلوط تھیں، جس کی واضح نظیر مسند احمد ہے۔ یعنی اس دور کی تصانیف بھی ایسی نہیں تھی کہ آنکھ موند کے پورے اعتماد و وثوق کے ساتھ ان پر عمل کرلیا جائے اس لیے امت کیلئے ایک ایسی تصنیف کی ضرورت بہرحال باقی تھی کہ جس میں فقط احادیث مرفوع جمع کی جائیں اور احادیث مرفوع کے ساتھ احادیث غیر مرفوعہ مخلوط نہ کئے جائیں جیسا کہ دور اوّل کی تصانیف میں ہوا۔ نیز احادیث مرفوعہ کی تخریج میں صحت کا پورا التزام کیا جائے۔ اور صرف وہی حدیث مرفوع جمع کی جائیں جو اسنادی حیثیت سے بالکل بے غبار ہو۔ صحیح کے ساتھ غیر صحیح کو مخلوط نہ کیا جائے جیسا کہ دور ثانی میں ہوا۔ تیسری صدی کے نصف میں تصنیف و تالیفِ حدیث کے اس طرز کا آغاز ہوا اور اس سے تالیف کتب حدیث کا تیسرا دور شروع ہوتا ہے۔ اس دور میں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے امام بخاری کو اس خدمت کیلئے قبول کیا۔ وہ اس جہد وسعی میں مصروف ہوئے، رحمتِ خداوندی ساتھ تھی۔ وہ پوری طرح کامیاب رہے۔ ان کے گہربار نوکِ قلم سے ایسی بیش بہا کتاب امتِ مسلمہ کو ملی جو قیامت تک کیلئے بے نظیر رہے گی۔ ان کے بعد ان کی اتباع میں پھر امام مسلمؒ نے ایک انوکھے طرز کی کتاب لکھی۔ ان دونوں کتابوں کو علماء نے ''صحیحین'' کے لقب سے یاد کیا۔ اور ساری امت ان دونوں کتابوں کے قبول واستناد پر متفق ہوگئیں۔ پھر ان ہی کے قریب قریب صحاح ستہ میں سے سنن ابوداؤد، ترمذی شریف، نسائی شریف، ابن ماجہ وغیرہ مفید کتابیں بھی مدون ہوئیں۔

طبقات کتب حدیث:

احادیث کی جامع کتابوں کی مختلف مراتب ومنازل میں شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ نے صحت وقوت کے اعتبار سے کتب حدیث کے پانچ طبقات بتائے ہیں۔

طبقۂ اولی: وہ کتابیں ہیں جن کی جملہ احادیث حجت اور قابل استدلال ہیں بلکہ رتبۂ صحت کو پہنچی ہوئی ہیں، جو حدیث قوی کا سب سے اعلیٰ درجہ ہے۔ اس طبقہ میں تقریباً وہ تمام کتابیں داخل ہیں جو اسمِ صحیح کے ساتھ موسوم ہیں۔ اور بعض ان کے علاوہ ہیں۔ جیسے صحیح امام بخاری، صحیح امام مسلم، موطا امام مالک، صحیح بن خزیمہ متوفی ۳۱۱ھ، صحیح بن حبان متوفی ۳۵۴ھ، صحیح ابی عوانہ الاسفرائنی متوفی ۳۱۶ھ اور صحیح محمد بن عبدالواحد المقدسی الحنبلی ۶۳۴ھ وغیرہ۔

طبقۂ ثانیہ: وہ کتابیں ہیں جن کی احادیث اخذ واستدلال کے قابل ہیں، اگرچہ ساری حدیث صحت کے درجہ کو نہ پہنچی ہوں اور کسی حدیث کے حجت ہونے کے لئے اس کا رتبۂ صحت کو پہنچا ضروری بھی نہیں ہے۔ کیونکہ حدیث حسن بھی حجت اور قابل استدلال ہے۔ اس طبقہ میں یہ کتابیں ہیں: ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی متوفی ۲۷۵ھ کی ''سنن ابی داؤد''۔ ابوعیسی محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ کی جامع (سنن ترمذی)۔ امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی متوفی ۳۰۳ھ کی ''مجتبیٰ''، جس کو ''سنن صغریٰ'' اور مطلق نسائی بھی کہتے ہیں۔ مسند احمد حنبلؒ بھی اسی طبقہ میں ہے۔ اس لیے کہ اس میں جو بعض روایتیں ضعیف ہیں وہ حسن کے قریب ہیں۔

طبقۂ ثالثہ: ان کتابوں کا ہے جس میں صحیح، حسن، ضعیف، معروف، شاذ، منکر، خطاء، صواب، ثابت اور مقلوب سب قسم کی حدیث ملتی ہیں۔ اور ان کتابوں کو علماء کے درمیان زیادہ شہرت ومقبولیت حاصل نہ ہوئی ہو۔ ان کتابوں کی بعض روایتیں قابل استدلال ملتی ہیں اور بعض ناقابل استدلال۔ جیسے سنن ابن ماجہ متوفی ۲۷۳ھ۔ مسند ابوداؤد طیالسی متوفی ۲۰۳ھ، مسند ابویعلی الموصلی متوفی ۳۰۷ھ، مسند البزار، مصنَّف عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ، مصنف ابوبکر بن شیبہ متوفی ۲۳۵ھ، سلیمان بن احمد طبرانی متوفی ۳۶۰ھ کی تینوں معاجم: المعجم الکبیر، (مطبوعہ) المعجم الصغیر (مطبوعہ) ''المعجم الوسیط'' (غیر مطبوعہ) احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ کی کتابیں: ''السنن الکبریٰ''، دس جلدوں میں۔ (مطبوعہ) ''السنن الصغری'' (ناپید ہے) ''الجامع المصنف فی شعب الایمان'' جو صرف شعب الایمان سے مشہور ہے (مطبوعہ ہے) سنن دارقطنی متوفی ۳۸۵ھ۔ ابونعیم کی ''الحلیہ''، ''تفسیر بن مردویہ'' اور ''الدرالمنثور'' وغیرہ۔ ان حضرات کا مقصد ان تمام روایتوں کو جمع کرنا ہے جو اُن کو مل جائیں، تلخیص وتہذیب، اور قابل عمل روایات کا انتخاب ان کا مقصد نہیں۔

طبقۂ رابعہ: ان کتابوں کا ہے جن کی ہر حدیث پر ضعف کا حکم لگایا جائے گا بشرطیکہ وہ حدیث صرف اس کتاب میں ہو۔ اوپر کے طبقات کی کتب میں نہ ہو، جیسے شیرویہ بن شہردار متوفی ۵۰۹ھ کی کتاب ''فردوس الاخیار'' جس کا اختصار ان کے صاحبزادے شہردار بن شیرویہ بن شہردار متوفی ۵۵۸ھ نے کیا ہے۔ جس کا نام مسند الدیلمی ہے، جو مطبوعہ ہے۔ خطیب بغدادا ابوبکر احمد بن علی متوفی ۴۶۳ھ کی کتابیں: تاریخ بغداد، الکفایۃ فی علم الروایۃ، (اصول حدیث میں) اقتضاء العلم والعمل، ''موضح اوہام الجمع والتفریق'' وغیرہ۔ ابونعیم احمد بن عبداللہ اصبہانی متوفی ۴۰۳ھ کی

کتابیں: ''حلیۃ الاولیاء'' ''طبقات الاصفیاء'' اور ''دلائل النبوۃ'' (مطبوعہ) وغیرہ۔ ابواسحاق جُوزجانی احمد بن عبداللہ محدث شام متوفی ۲۵۹ھ کی کتابیں: ''کتاب فی الجرح والتعدیل''، ''کتاب الضعفاء'' (غیر مطبوعہ) وغیرہ۔ حکیم ترمذی کی ''نوادر الاصول'' ابن عدی کی ''الکامل'' عقیلی کی ''کتاب الضعفاء'' ''تاریخ الخلفاء'' اور تاریخ ابن عساکر وغیرہ۔

طبقۂ خامسہ: موضوعات کی کتابوں کا ہے، جن میں صرف احادیث موضوعہ ہی ذکر کی جاتی ہیں۔ علماء محققین، محدثین وناقدین نے بہت سی ایسی کتابیں لکھی ہیں جن میں وہ صرف احادیثِ موضوعہ کو تلاش کرکے لائے ہیں تاکہ عام اہلِ علم ان سے باخبر ہوکر دھوکہ میں آنے سے بچیں۔ چنانچہ علامہ ابن الجوزی کی ''الموضوعات الکبریٰ'' اس سلسلہ کی مشہور کتاب ہے۔ اور جیسے امام سیوطیؒ کی ''اللآلی المصنوعۃ فی الاحادیث الضعیفہ'' ملاعلی قاریؒ کی ''الموضوعات الکبریٰ'' اور ''المصنوع فی معرفۃ الموضوع'' شیخ طاہر پٹنی کی ''تذکرۃ الموضوعات'' ابن عُراق کی ''تنزیہ الشریعۃ عن الاخبار الشنیعۃ'' علامہ شوکانیؒ کی ''الفوائد المجموعۃ'' ابن ابی الدنیا متوفی ۲۸۱ھ کی کتاب ''کتاب ذم الدنیا''، علامہ قزوینیؒ کی کتاب ''موضوعات المصابیح'' وغیرہ۔

اوپر کی تفصیلات سے واضح ہے کہ صحاح ستہ میں سے صحیحین اور موطا امام مالک طبقۂ اول میں داخل ہیں اور سنن ابن ماجہ طبقہ ثالث میں اور سنن ثلاثہ (ابوداؤد، ترمذی، نسائی) طبقہ ثانیہ میں۔ صحاح ستہ میں کوئی کتاب طبقۂ رابعہ میں نہیں ہے۔

صحاح ستہ کے مابین فرق مراتب اور تعداد حدیث

جمہور علماء کا اتفاق ہے کہ اصح السنۃ صحیح بخاری شریف ہے۔ اس کے بعد مسلم شریف کا درجہ ہے۔ پھر اس کے بعد ابوداؤد کا، پھر ترمذی کا، پھر نسائی کا، بعض علماء کے نزدیک نسائی کا درجہ ترمذی سے بھی اونچا ہے۔ سب سے آخر میں سنن ابن ماجہ کا درجہ ہے۔ متقدمین کے یہاں سنن ابن ماجہ اصول وامہات کتب میں شامل نہیں ہے۔ ان کے یہاں ''صحاح ستہ'' کی بجائے ''صحاح خمسہ'' ہے۔ یعنی بخاری، مسلم، ترمذی، ابوداؤد، سنن نسائی، ابن ماجہ کو انھوں نے نہیں لیا۔ ابن ماجہ کو صحیح ستہ میں سب سے پہلے علامہ ابن طاہر مقدسی نے داخل کیا ہے۔ بعض محدثین نے ابن ماجہ کی بجائے موطا امام مالکؒ کو ''سادس ستہ'' قرار دیا۔ جیسا کہ رزین بن معاویہ نے ''تجرید الصحاح'' میں۔ اور ابن الاثیر جزری نے ''جامع الاصول'' میں۔ ابن ماجہ کی جگہ موطا مالک کو لیا ہے۔ صحاہ ستہ

کا یہ ''تعارفی نوٹ'' یقیناً ناقص ہوگا جب تک کہ اس کے ساتھ ان کے مؤلفین کا ''سوانحی خاکہ'' سامنے نہ آئے، اس لئے قارئین کرام ایک نگاہ ادھر بھی ڈالتے چلئے۔

امام بخاری

آپؒ کا اصل نام محمد بن اسماعیل البخاری ہے۔ ۱۳/ یا ۱۶/ شوال ۱۹۴ھ کو بخارہ میں آپ کی ولادت ہوئی۔ کم وبیش ایک ہزار شیوخ سے علم حدیث حاصل کئے۔ آپ نے بیشمار کتابیں لکھیں، جن میں ذیل کی کتابیں آپ کے ''انمٹ نقوش'' ہیں۔

(۱) کتاب الجامع الصحیح، (۲) کتاب الادب المفرد، (۳) کتاب برّ الوالدین، (۴) کتاب الھبہ، (۵) کتاب القراءۃ خلف الامام، (۶) کتاب رفع الیدین فی الصلوٰۃ، (۷) کتاب خلق افعال العبد، (۸) کتاب التاریخ الکبیر، (۹) کتاب التاریخ الاوسط، (۱۰) کتاب التاریخ الصغیر، (۱۱) کتاب الجامع الکبیر، (۱۲) کتاب المسند الکبیر، (۱۳) کتاب التفسیر الکبیر، (۱۴) کتاب الاشربۃ، (۱۵) کتاب العلل، (۱۶) کتاب اسامی الصحابۃ، (۱۷) کتاب الوحدان، (۱۸) کتاب المبسوط، (۱۹) کتاب الکنیٰ، (۲۰) کتاب الفوائد۔

ان کتابوں میں سب سے عظیم اور جلیل القدر تصنیف آپ کی ''جامع بخاری'' ہے، جس کو تمام دنیائے اسلام میں شہرت دوام حاصل ہے۔ آپ نے اپنی اس ''صحیح'' کا انتخاب چھ لاکھ احادیث سے فرمایا ہے، اور اس کتاب میں صرف انہی حدیثوں کو جگہ دیتے ہیں جن کے رواۃ پر نقد وجرح اور عدل وضبط کی حیثیت سے آپ کو شرح صدر اور کامل وثوق حاصل تھا۔ اس طرح یہ کتاب دنیائے اسلام میں اپنے نہج کی سب سے پہلی کتاب قرار پائی مکررات کے علاوہ آپ کی جامع کی حدیث کی تعداد ۲۶۰۲ ہے۔ اور اگر مکررات کو شامل کرلیا جائے تو اب یہ تعداد بڑھ کر ۷۳۹۷ ہوجائیں گی۔ (الحطۃ)

بخاری کی سب سے بڑی کمائی ان کے تراجم میں ہے۔ تراجم میں لطیف اشارات، اور دقیق استنباط پائے جاتے ہیں، جس سے حضرت امام بخاری کی باریک بینی، بالغ نظری، اور اجتہادی شان ظاہر ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بخاری شریف کے تراجم حل کرنے کیلئے محدثین کو باقاعدہ اصول وضوابط بنانے پڑے۔ سمرقند کے ایک چھوٹے سے گاؤں ''خرتنک'' میں ۲۵۶ھ میں وفات ہوئی۔

امام مسلم:

مسلم شریف کے مصنف مسلم بن الحجاج القشیر ی النیشا پوری ہیں: آپ کی ولادت ''نیشاپور'' میں ۲۰۴ھ کو ہوئی۔آپ کا سب سے اہم اور عظیم کارنامہ ''جامع صحیح مسلم'' ہے۔جو حسن ترتیب، جودت نظم، اور دقائق اسناد میں بخاری سے بھی اونچی ہے۔ایک مضمون کی جملہ روایتوں کو بجمیع طرقہا یکجا، نہایت سلیقہ، اور عمدگی کے ساتھ بیان کردیتے ہیں۔تاہم صحت وقوت میں بخاری شریف سے نیچے ہے۔مکررات کے علاوہ کل حدیث چار ہزار اور مکررات کے ساتھ ۷۲۷۵ احادیث ہیں۔

امام ابوداؤد

سنن ابی داؤد کے مصنف سلیمان بن الاشعث الازدی السجستانی ہیں۔۲۰۲ھ میں آپ کی ولادت ہوئی، پانچ لاکھ حدیثوں میں سے چار ہزار آٹھ سو حدیثوں کا انتخاب کرکے اپنی سنن میں ذکر کیا۔سنن ابی داؤد کی منجملہ دیگر خصوصیات کے سب سے اہم خصوصیت ''قال ابوداؤد'' ہے۔ اس لفظ سے امام ممدوح کا جو اختلاف رواۃ، یا اختلاف رواۃ فی الالفاظ کی طرف باریک ترین اشارہ ہوتا ہے اس کا سمجھنا ایک انتہائی اہم کام ہوتا ہے۔اس سنن کے علاوہ آپ کی اور بھی دوسری تصانیف ہیں، جو درجِ ذیل ہیں:

(۱) مراسیل ابی داؤد، یہ مختصر سا رسالہ ہے۔جس میں آپ مرسل روایات ذکر کرتے ہیں۔ یہ کتاب سنن ابی داؤد کے بعض نسخوں کے ساتھ بھی ملحق ہے۔

(۲) الردّ علی القدریہ، (۳) الناسخ والمنسوخ، (۴) ماتفرد بہ اہل الامصار، (۵) فضائل الانصار، (۶) مسند مالک بن انس، (۷) المسائل، (دیکھئے تہذیب) لیکن آپ کی جملہ تصانیف میں ''سنن ابی داؤد'' سب سے اعلیٰ وافضل ہے۔۲۷۵ھ میں بمقام بصرہ آپ کی وفات ہوئی۔

امام ترمذی

جامع ترمذی کے مصنف محمد بن عیسیٰ الترمذی ہیں۔۲۰۹ھ میں بمقام ''ترمذ'' آپ کی ولادت ہوئی۔آپ نے حدیث پاک کی مستند ومعتبر ترین کتاب ''جامع ترمذی'' لکھی۔اس کتاب

کے تین نام ہیں: (۱) جامع ترمذی:- جامع اس لئے کہتے ہیں کہ اس میں حدیث کے آٹھوں ابواب ﴿سیرت نبوی، آدابِ اسلامی، تفسیر، عقائد، احادیث فتن، علامات قیامت، احکام اور مناقب﴾ کی روایتیں موجود ہے۔ (۲) سنن ترمذی: سنن اس لئے کہتے ہیں کہ اس میں احکام شرعیہ سے تعلق رکھنے والی حدیثیں یعنی مستدلاتِ فقہاء بیان کئے گئے ہیں۔ (۳) الجامع المعلّل: معلّل اس لئے کہتے ہیں کہ اس میں ایسی احادیث کی اسناد پر بحث کی گئی ہے جن میں کوئی خرابی پائی جاتی ہے۔ اصل نام جامع ترمذی ہی ہے۔ لیکن سنن ترمذی سے مشہور ہے۔ اس کتاب کی سب سے بڑی خصوصیت روایات کی تخریج ہے۔ یعنی جب وہ کہتے ہیں کہ "وفی الباب عن فلان" تو جن روایتوں کا وہ حوالہ دیتے ہیں، ان کا مقام ومرتبہ جاننا اور ان کی تخریج کرنا بہت اہم کام ہے۔

امام نسائی:

سنن نسائی کے مصنف احمد بن شعیب النسائی ہیں۔ ولادت ۲۱۵ھ میں خراسان کے ایک شہر "نساء" میں ہوئی۔ آپ کی سنن کی خصوصیت یہ ہے کہ آپ نے اس میں روایتوں پر جو نقد کیا ہے اس کے مقابل کو سمجھنا بہت اہم ہے۔ مثلاً جب آپ فرماتے ہیں کہ "هذا الحديث خطأ" تو اس کا جاننا مشکل ہوتا ہے کہ اس کا مقابل "صواب" کیا ہے؟ اس کے علاوہ آپ کے تراجم بھی بڑے اہم اور باریک ہوتے ہیں۔ ۳۱۳ھ میں آپ وفات پائے۔

امام ابن ماجہ

سنن ابن ماجہ کے مصنف ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ ہے۔ ۲۰۹ھ میں آپ کی ولادت ہے۔ آپ نے جو سنن لکھی ہے، اس کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں بہت سی نادر اور غریب حدیثیں موجود ہیں۔ اس میں بعض روایتیں ضعیف بھی ہیں۔ اسلئے متقدمین نے اس کو "صحاح ستہ" میں شامل نہیں کیا ہے۔ ۲۷/رمضان ۲۷۳ھ بروز دوشنبہ آپ کی وفات ہوئی۔

پانچوں طبقات کی کتابوں کے احکام

مسند الہند حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلویؒ لکھتے ہیں کہ: پہلے اور دوسرے طبقہ کی کتابوں پر محدثین کا اعتماد ہے، اور حضرات محدثینؒ انہی دو کتابوں پر زیادہ قناعت کرتے ہیں۔

تیسرے طبقہ سے وہی لوگ برائے عمل روایات منتخب کرسکتے ہیں جو حاذق و ناقد ہیں۔ جن کو راویوں کے حالات اور اسانید کی خرابیاں معلوم ہیں اور اس طبقہ کی کتابوں سے کبھی شواہد و متابعات لئے جاتے ہیں۔ چوتھے طبقہ کی روایتوں میں مشغول ہونا، ان کو جمع کرنا، اور ان سے مسائل مستنبط کرنا متأخرین کا ایک طرح کا غلو اور تعمق ہے۔ اور سچی بات یہ ہے کہ گمراہ لوگوں مثلاً روافض اور معتزلہ کو انہی کتابوں سے مواد ہاتھ آتا ہے۔ لہٰذا اس طبقہ کی کتابوں سے علمی معرکوں میں استمداد و استدلال درست نہیں ہے۔ پانچویں درجہ کی کتابوں کی روایات دراصل دین میں بڑا فتنہ ہے جس سے بچنا بیحد ضروری ہے۔''

مذکورہ بالا تفاصیل سے یہ بات واضح ہوگئی کہ حدیث پاک کی مختلف کتابیں ہیں، لیکن ان میں سب سے زیادہ مستند و معتبر صحاح ستہ ہیں۔ ان کے علاوہ دیگر کتب حدیث بھی معتبر و قابل قدر ہیں۔ جن طبقات کی کتابوں کی روایتیں علماء کے یہاں مستند و معتبر ہیں انہیں حدیث نہ سمجھنا جہالت و تحکم ہے، کیوں کہ تمام صحیح حدیثوں کا احصار صحیحین یا صحاح ستہ میں نہیں ہے۔ ان کے علاوہ بھی صحیح حدیثوں کا بیش بہا ذخیرہ موجود ہے۔

کتب حدیث کی تالیف کے مشہور طریقے

پھر مختلف ادوار میں حدیث پاک کی جو کتابیں لکھی گئیں تو ان کی ترتیب و تالیف کے طریقے بھی الگ اور جداگانہ تھے اور پھر ہر ایک قسم کی کتاب کا ایک مخصوص اصطلاحی نام ہے۔ تعمیم فائدہ کیلئے ہم تمام اقسام کی کتابوں کا مختصر تعارف پیش کردیتے ہیں۔

۱- **صحیح**: فن اصولِ حدیث کا ایک خاص اصطلاحی نام ہے۔ یہ اس کتاب کو کہتے ہیں جس کا مصنف اس کا التزام کر رکھا ہو کہ وہ صرف اپنی کتاب میں صحیح، مرفوع اور متصل السند حدیثیں ہی نقل کریں گے۔

۲- **جامع**: یہ اس کتاب کو کہتے ہیں جس میں آٹھ ابواب کی حدیثیں درج کی گئی ہوں۔ (اوپر جامع ترمذی کے تعارف میں آٹھوں مضامین مذکور ہیں)۔

۳- **سنن**: یہ وہ کتابیں ہیں جن میں احادیث رسول کو ابواب فقہیہ کی ترتیب پر جمع کیا گیا ہو جیسے سنن ثلاثہ، اور سنن دارقطنی وغیرہ۔

۴- **مسند**: یہ وہ کتاب ہے جس میں ایک صحابی کی تمام مرویات ایک جگہ جمع کردی گئی ہوں

چاہے وہ کسی بھی باب سے متعلق ہوں۔ جیسے مسند احمد، مسند حمیدی وغیرہ۔

۵- **معجم**: اس کتاب کو کہتے ہیں جس میں محدث اپنے ایک شیخ کی تمام مرویات بیان کرکے دوسرے شیخ کی مرویات بیان کرے۔ جیسے طبرانی کی معجم کبیر، معجم اوسط، معجم صغیر۔

۶- **مستدرک**: یہ وہ کتاب ہے جس میں کسی کتاب کی ایسی چھوٹی ہوئی حدیثوں کو ذکر کیا گیا ہو جو اس کتاب کی شرط پر پوری اترتی ہوں۔ جیسے مستدرک حاکم علی الصحیحین۔

۷- **مستخرج**: وہ کتاب ہے جس میں کسی دوسری کتاب کی حدیثوں کو اپنی ایسی سند سے روایت کی جائے جس میں مصنف کا واسطہ نہ آئے۔ جیسے مستخرج اسماعیلی علی البخاری۔

۸- **جزء**: اس کتاب کو کہتے ہیں جس میں ایک ہی مسئلہ کی تمام روایتیں جمع کردی گئی ہوں جیسے امام بخاری کی جزء القراءۃ خلف الامام وغیرہ۔

۹- **افراد وغرائب**: وہ کتاب ہے جس میں کسی ایک محدث کے تمام تفردات کو یکجا کردیا گیا ہو، جیسے دارقطنیؒ نے ایک کتاب میں امام مالک کے غرائب جمع کئے ہیں۔

۱۰- **تجرید**: وہ کتاب ہے جس میں کسی کتاب کی سند یا مکررات کو حذف کرکے صرف صحابی کا نام لے کر احادیث لکھے گئے ہوں۔ جیسے زبیدی کی تجرید بخاری، اور قرطبی کی تجرید مسلم۔

۱۱- **تخریج**: وہ کتاب ہے جس میں کسی دوسری کتاب کی بےحوالہ حدیثوں کی سند اور حوالہ جات درج کئے گئے ہوں۔ جیسے زیلعیؒ کی نصب الرایہ لتخریج احادیث الہدایہ۔

۱۲- **جمع**: وہ کتاب ہے جس میں مختلف کتابوں کی احادیث بحذفِ السند جمع کردیئے گئے ہوں۔ جیسے ابن الاثیر کی جامع الاصول۔

۱۳- **اطراف**: وہ کتاب ہے جس میں احادیث کے صرف اول حصہ ذکر کرکے اس کی تمام سندوں کو جمع کردیا گیا ہو۔ یا کتابوں کی تقیید کے ساتھ اسانید جمع کی گئی ہوں۔ جیسے امام مزّی کی تحفۃ الاشراف۔

۱۴- **فہارس**: وہ کتاب کہلاتی ہیں جن میں کسی ایک یا متعدد کتابوں کی احادیث کی فہرست بنادی گئی ہو تاکہ حدیث کی تلاش آسان ہوسکے۔ جیسے مفتاح کنوز السنۃ، اور المعجم المفہرس لالفاظ الحدیث۔

۱۵- **اربعین**: وہ کتاب ہے جس میں ایک موضوع یا مختلف موضوعات کی کم وبیش چالیس حدیثیں بیان کی گئی ہوں۔ جیسے امام نووی کی مشہور کتاب ''الاربعین''۔

۱۶- **موضوعات**: وہ کتابیں ہیں جن میں صرف موضوع احادیث یکجا کی گئی ہوں تاکہ لوگ دھوکہ میں آنے سے بچیں۔ جیسے ملاعلی قاری کی الموضوعات الکبری، اور ''المصنوع فی الاحادیث الموضوع۔

۱۷- **کتب احادیث مشہورہ**: وہ کتابیں ہیں جن میں عام طور پر مشہور اور زبان زد حدیثوں کی تحقیق کی جاتی ہے۔ جیسے علامہ سخاویؒ کی ''المقاصد الحسنۃ فی الاحادیث المشتہرۃ وغیرہ۔

۱۸- **غریب الحدیث**: وہ کتابیں ہیں جن میں کلمات حدیث کے لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کئے جاتے ہیں، جیسے جزریؒ کی ''النہایۃ فی غریب الحدیث'' اور طاہر پٹنی کی ''جمع بحارالانوار''

۱۹- **علل**: وہ کتابیں ہیں جن میں متکلم فی السند روایتیں ذکر کی جاتی ہیں جیسے امام ترمذیؒ کی ''کتاب العلل الکبیر'' اور ابن ابی حاتم رازی کی ''الجرح والتعدیل'' وغیرہ۔

۲۰- **اذکار**: وہ کتابیں ہیں جن میں آنحضور ﷺ سے منقول دعائیں اور اذکار جمع کئے گئے ہوں جیسے ابن الجزری کی ''الحصن الحصین'' اور نوویؒ کی ''الاذکار''۔

۲۱- **زوائد**: وہ کتابیں ہیں جن میں کسی کتاب کی صرف وہ حدیثیں لی جاتی ہیں جو کسی دوسری کتاب سے زائد ہیں۔ جیسے حافظ ابن حجرؒ کی ''المطالب العالیہ بزوائد المسانید الثمانیہ'' اور جیسے علامہ نورالدین ہیثمیؒ کی ''مجمع الزوائد ومنبع الفوائد'' جس میں مسند احمد، مسند بزار، مسند ابی یعلی، معاجم ثلاثہ طبرانی کی وہ زائد حدیثیں یکجا ہیں جو صحاح ستہ میں نہیں ہیں۔

ترتیب وتالیف کتب حدیث کے یہ مشہور طریقے تھے۔ اس کے علاوہ اور دوسرے طریقوں سے بھی کتابیں لکھی جاتی ہیں، لیکن وہ طریقے مشہور نہیں ہیں۔ واللہ اعلم

❁ ❁ ❁

قرآن وحدیث کی روشنی میں خواتین کی تربیت

از: ڈاکٹر مسرت جمال
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ عربی، پشاور یونیورسٹی

اللہ کا ہمیشہ بنی نوع انسان پر یہ احسان رہا کہ وہ اسکی ہدایت وراہنمائی کا انتظام کرتا رہا۔ قرآن عظیم ان انتظامات کی کڑیوں مین سے ایک ایسی مضبوط؛ کڑی ہے جو رہتی دنیا تک لوگوں کو روشنی فراہم کرتا رہے گا۔ قران شاہد ہے کہ:

إن هذا القرآن يهدى للتى هى أقوم(۱)

قرآن کریم سچائیوں پر مبنی علوم کی ایک ایسی درس گاہ ہے جو تمام نسل آدم کو دُنیا میں امن و سکون اور ترقی حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ آخرت کے دائمی نقصانات اور تکالیف سے بچنے اور محفوظ رہنے کے طریقے بھی بتاتی ہے یہ ہدایت ہے، نور مبین، حبل متین ہے جس نے اس کے سوا دوسری کتاب سے طلب کیا وہ حکم الٰہی سے گمراہ ہوا۔ یہ احکام کی تربیت گاہ ہے جو اپنے سیکھنے والوں کی ایسی راہنمائی کرتی ہے کہ انہیں غلامی سے سرداری، دشمنی سے دوستی، تکبر سے عاجزی، جنگ سے امن، نفرت سے محبت، اندھیرے سے روشنی اور سب سے بڑھ کر عدم کو وجود عطا کرتی ہے۔

یہ کتاب ہمیں بتاتی ہے کہ نظامِ کائنات کو فاطرِ کائنات نے اس اصول پر بنایا ہے کہ اس کے تمام اجزاء وعناصر ایک دوسرے کے لئے محتاج اور محتاج الیہ بن گئے۔ ان میں سے ہر ایک کسی پہلو سے ناقص اور کسی پہلو سے مستغنی ہے۔ ہر ایک کسی اعتبار سے مطلوب اور کسی اعتبار سے طالب بھی ہے اور اپنی باہمی سازگاری اور تعاون سے یہ اپنے اپنے خلا کو بھرتے اور اپنے اپنے نقص کی تلافی کرتے ہیں۔ ان میں سے کسی کو یہ دعویٰ کرنے کا حق نہیں ہے کہ اس نظامِ کائنات میں جو مقام اس کا ہے کسی دوسرے کا نہیں ہے یا جو مقصد اس کے ذریعے سے پورا ہو رہا ہے وہ کسی درجے میں اور کسی نوعیت سے اس مقصد سے ارفع ہے جو دوسرے کے ذریعے سے پورا ہو رہا ہے(۲)۔

ٹھیک اسی اصول پر عورت اور مرد، دونوں مساوی ہیں لیکن دونوں کے عمل اور حدود الگ الگ ہیں۔ معاشرے کا حفظ و بقاء اسی میں مضمر ہے کہ دونوں کو یکساں عزت و احترام کا مستحق سمجھا جائے، دونوں کی ذمہ داریوں اور حقوق اپنے اپنے میدان میں مساوی سمجھے جائیں۔ ان میں سے کسی ایک کی برتری کا احساس دوسرے کی کہتری کا سبب بن سکتا ہے جبکہ قرآن نے دونوں کے میادین کی تعیّن کردی ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے اور اس حقیقت میں مرد و عورت، دونوں میں سے کسی کے لئے بھی کوئی ہیٹے پن اور حقارت کا پہلو نہیں۔ ان میں سے ہر ایک بعض کاموں کے لئے موزوں اور بعض کاموں کے لئے ناموزوں ہے۔

عادلانہ طرزِ تفکر جو کہ مذہبی ثقافت اور قرآنی تدبر سے عبارت ہے۔ وہ عورت کی اصل اور جوہر وہی انسانی جوہر ثابت کرتا ہے جو مرد میں ہے۔ اس لحاظ سے عورت انسانی معاشرے میں اپنے مختلف پہلوؤں کی بناء پر ایک اہم اکائی کی حیثیت رکھتی ہے۔ اسلام نے ہمیشہ عورت کی قدر و منزلت پر بھرپور توجہ دی۔ اس کی بہترین تربیت کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہ دیا۔

خواتین کو درپیش مشکلات کا حل، ان کی پس ماندگی کا خاتمہ اور انہیں ان کا حقیقی معاشرتی مقام و مرتبہ دوبارہ واپس لانے کا مسئلہ جتنا اہم ہے اس قدر وہ نہایت ہی گہرا اور نازک بھی ہے۔ اس ضمن میں معمولی سی لاپرواہی یا اسے سادہ و آسان سمجھنا ایک ناقابل تلافی نقصان کا سبب بن سکتا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ موجودہ انسانی معاشروں میں ''عورتوں'' کے بڑھتے ہوئے مسائل کی اصل وجہ ان کے بارے میں مذہبی ثقافت کے سانچے میں ڈھلے ہوئے صحیح اور حقیقی تفکر کا فقدان ہے اور ان مشکلات کا مشترک سبب ایک فکری بحران ہے، عورت کی شخصیت کی پہچان ایک شعور بھی ہے اور تفکر و معرفت کا ایک ذریعہ بھی۔ قرآن و حدیث کی نظر میں عورت وہ افضل و برتر وجود ہے جو خود کو بھی اور پورے معاشرے کو بھی سعادت اور نیک نامی کے ساتھ ساتھ عظمت و نیک بختی کی راہ پر گامزن کرسکتی ہے۔ قرآن کی نگاہ میں یہ عورت ہی ہے جو براہ راست اپنی موجودگی سے بیوی کے شایانِ شان کردار اور بچوں کی صحیح تربیت کے ذریعے انسانیت کے مستقبل کی سمت کے تعین میں سنگ میل ثابت ہوسکتی ہے (۳)۔

قرآن مجید نے عورت کو ذلت و رسوائی کی پستیوں سے نکال کر عزت و احترام کا وہ بلند مقام بخشا جو اس کی اصل اور فطرت کے عین مطابق ہے۔ احکام دین کی بجا آوری میں اجر و ثواب کے اعتبار سے مرد و عورت کی کوئی شرط نہ رکھی، کوئی حد یا میدان مقرر نہ کیا کیونکہ دونوں کے ساتھ

کامیابی اور جنت کا وعدہ ہے۔ارشادِ خداوندی ہے:

”وَمَنْ يَعْمَلْ مِنَ الصّالحاتِ مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاؤلٰئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّـةَ“(۴)۔

پھراسی مفہوم کو مختلف الفاظ کے ساتھ کئی آیات میں بیان کیا جیسے:

”مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِنْ ذَكَرٍ أَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤمِنٌ فَلَنُحْيِيَنّه حَيٰوةً طَيِّبَـةً“(۵)

”وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِنْ ذَكَرٍ أَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤمِنٌ فَاؤلٰئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّـةَ يُرْزَقُوْنَ فِيْهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ“(۶)

”وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤمِنِيْنَ وَالْمُؤمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسٰكِنَ طَيِّبَـةً فِىْ جَنّٰتِ عَدْنٍ وَرِضْوَانٌ مِنَ اللّٰهِ اَكْبَرُط ذٰلِكَ هُوَالْفَوْزُالْعَظِيْمُ“(۷)۔

اس کے علاوہ الرعد ، الزخرف، الفتح، الحدید الاحزاب، محمد، البقرة، القصص، ال عمران میں اس کے لئے اجرو کامیابی کا وعدہ کیا ہے(۸)۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان کامیابیوں تک کیسے رسائی حاصل کی جائے؟ ان کے حصول کا طریقۂ کار کیا ہو؟ اس گتھی کو بھی اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے خود ہی سلجھادیا۔ان مقامات تک پہنچنے کے تمام طریقے اوران طریقوں کو اختیار کرنے کے تمام مراحل خود ہی متعین کردیئے۔اس کے لئے باقاعدہ تربیتی منہج مقرر کرکے اسے ایک مکمل اور جامع لائحہ عمل دے دیا اوراس لائحہ عمل کی تطبیق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ کی صورت میں عطا کردی۔

قرآن عورت کی تربیت کس کس انداز سے کرتا ہے اور کہاں کہاں اس کے لئے راہیں متعین کرتا ہے اس کی وضاحت ملاحظہ ہو۔

تربیت:

لغت میں تربیت ربَّى يُرَبِّي تُرْبِيَّةً وربيّت فلاناً تربية مصدر ہے باب تفعیل سے،جس کے معنی ''بچہ کی پرورش کرنا' پالنا' مہذب بنانا ہیں(۹)۔اوراصطلاح میں اس سے مرادانسان کے اندر کچھ خاص افکار وخیالات کا بیج بودیا جائے،اوراس کے جذبات ومیلانات کوایک خاص رخ عطا کیا جائے۔اس طور پر کہ کچھ مخصوص رجحانات کی آبیاری ہوسکے اوراس کے اخلاق وکردارایک مخصوص سانچے میں ڈھل جائیں(۱۰) دورجاہلیت مین بدوی عورت کو خاص طور پر منتخب کیا جاتا

تا کہ بچہ کی پرورش اسکی گود میں ہو(۱۱)۔

تربیت دراصل دعوت کی تیاری ہے کیونکہ قرآن اس دعوت کا داعی اور اس تربیت کا مربی ہے۔لہٰذا وہ اپنی تربیت کا سب سے عظیم نمونہ ہمیں نبی اکرم ﷺ کی صورت میں عطا کرتا ہے۔ جن کو نہ صرف قرآن ''اسوۂ حسنہ'' گردانتا ہے بلکہ تمام عالم اس حقیقت کا معترف ہے کہ قرآن کی تربیت سے پرورش پانے والی یہ ہستی قیامت تک کیلئے تمام لوگوں کے لئے ایک بہترین اخلاقی نمونہ ہے۔

تربیت میں قرآن کا طرزِ عمل انتہائی حد تک فطری اور نفسیات کے عین مطابق ہے۔قرآن نے ہر دو اصناف آدم مرد و عورت کی اپنے اپنے دائرہ عمل میں بہترین تربیت کی،اب ہم دیکھتے ہیں کہ وہ عورت کی تربیت کس نہج پر کرتا ہے۔کیونکہ وہ انداز گفتگو سے لے کر ہر طرح کے معاملات میں قدم قدم پر اس کی اصلاح کرتا ہے۔اس کی راہنمائی کرتا ہے۔اس کی سوچ و فکر کی تثقیف کرتا ہے۔اس کے کردار و افعال کی حفاظت کرتا ہے۔اسے شرور و آفات سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔ تربیت کا سب سے پہلا مرحلہ:

عقائد کی ثقافت:-

قرآن کی سب سے پہلی کوششیں عقائد کی صفائی ہے۔اس لئے وہ عورت سے بھی سب سے پہلا عہد یہی لیتا ہے کہ

''لَا یُشْرِکْنَ بِاللّٰہِ شَیْئًا''(۱۲)

جب عقیدۂ توحید راسخ ہو جائے تو باقی معاملات خود بخود درست ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ اس لئے نبی ﷺ بھی قبول اسلام کے ضمن میں پہلا عہد عقیدہ توحید پر لیتے تھے(۱۳)۔کیونکہ یہی وہ بنیاد ہے جو معاشرے کو درست سمت عطا کرتی ہے۔اس کے بعد معاملات کی طرف قدم بڑھایا جاتا ہے کہ:

اجتناب عن السرقۃ:-

''وَلَا یَسْرِقْنَ'' (۱۴) کے کلمات سے ہر قسم کی جانی و مالی چوری سے اجتناب کا عہد لیا جاتا ہے۔تا کہ معاشرہ اخلاقی برائیوں سے نجات پا سکے۔

اجتناب عن الزنا:-

زنا سے مکمل طور پر بچنا ہے۔ کیونکہ یہ ایک ایسا اجتماعی جرم ہے جو نسلوں کو برباد کرتا ہے۔ اس لئے "وَلَا یَزْنِیْنَ" (۱۵) کا حکم لگا کر اسے ہر قسم کے زنا سے روک دیا گیا ہے۔ تا کہ اسے قلبی وفکری طہارت کے ساتھ ساتھ جسمانی پاکیزگی بھی حاصل ہو سکے۔

منع عن قتل النفس:-

اولاد کے قتل سے روکنے کیلئے چاہے وہ "خَشْیة إملاق" ہو(۱۶) یا "خشیة العمران" (۱۷) ہو، سختی سے روک دیا گیا ہے۔ کیونکہ کسی جان کو بغیر کسی جرم کے قتل کرنا حرام ہے۔ فرمادیا گیا:

وَلَا یَقْتُلْنَ أَوْلَادَهُنَّ (۱۸):

گویا قرآن وہ اخلاقی تربیت گاہ ہے جس نے ہر قسم کے قتل اولاد پر آج سے ۱۵ اسو سال پہلے پابندی لگا دی تھی تا کہ وہ بعد کے جدید ادوار میں بھی ناجائز طریقوں کو بروئے کار لا کر نسل انسانی کا خاتمہ نہ کر پائے۔

بہتان تراشی:-

بہتان تراشی چونکہ ایک گھناؤنا جرم ہے اسلئے اسلام نے اسے کبائر میں شامل کر کے شدید نفرت دلائی ہے اور کھلے الفاظ میں کہہ دیا کہ: "ولا یأتین ببھتان یفترینه بین أیدیھن وأرجلھن" (۱۹)

ان عقائد ومعاملات پر ان سے عہد لینے کے بعد قرآن تربیت کے مزید مدارج طے کرواتا ہے۔ اسے ایک سنجیدہ انداز زندگی عطا کرتا ہے۔ تا کہ وہ لوگوں کے ساتھ تعلقات کے قیام میں محتاط رہے۔ کیونکہ اسے معاشرے میں اپنی بقا کیلئے لوگوں سے کسی نہ کسی مقام پر ضرور آمنا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس صورت حال کا مقابلہ اسے کیسے کرنا ہوگا اسے قرآن بہت ہی خوبصورت انداز میں پیش کرتا ہے:

بناؤ سنگار کی ممانعت:-

قرآن عورت کو ضرورت کے پیش نظر گھر سے باہر نکلنے کی اجازت تو دیتا ہے لیکن ساتھ ہی

ساتھ ہر ممکن خطرات سے بچاؤ کی تدابیر بھی کرتا ہے۔ وہ اس بات کی سختی سے مذمت کرتا ہے کہ عورت گھر سے باہر بن سنور کر نکلے اور نہ صرف خود کو بلکہ پورے اسلامی معاشرے کو خطرات سے دوچار کرے۔ لہٰذا تربیتی انداز سے راہنمائی کرتے ہوئے کہتا ہے کہ "وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُولٰى "(۲۰)۔

جیسے کہ ظہور اسلام سے قبل عورتوں میں بن سنور کر بازاروں میں گھومنے کی عادت تھی۔ لہٰذا اسلام نے اس عادتِ قبیحہ کے خلاف واشگاف الفاظ میں علم جہاد بلند کر کے عورت کو عزت واحترام کا لباس بنایا۔

افسوس صد افسوس کہ آج اسلامی معاشرے کی اخلاقی حالت پھر اس مقام پر پہنچ چکی ہے کہ تربیت کے اس حکم کو ذکرِ زبان زدِ خاص وعام کیا جائے تاکہ خواتین میں تبرج کی عادت ختم کی جاسکے۔

نگاہ کی پاکیزگی:-

قرآن نے عورت کی تربیت کے مراحل میں ایک ایک نکتہ پر گہری نظر رکھی ہے لہٰذا اس چھوٹے سے چھوٹے سوراخ کو بھی بند کر دیا جو معاشرتی فساد کا پیش خیمہ ثابت ہوسکتا ہے۔ چونکہ عورت ضرورتاً گھر کی چاردیواری سے بازار کے ماحول میں قدم رکھتی ہے اور وہاں جگہ جگہ شیطان گھات لگا کر بیٹھا ہے لہٰذا بہت ہی مفکرانہ انداز میں عورت کو حکم دیتا ہے کہ "يَغْضُضْنَ مِنْ أَبْصَارِهِنَّ" جیسے کہ مرد کو جائز نہیں کہ وہ عورت کو دیکھے، اسی طرح عورت کو جائز نہیں کہ وہ مرد کو دیکھے(۲۱)۔

غض بصر کی تعمیل کے ساتھ ہی ذہنی وقلبی خطرات کا سدِّ باب ہوجاتا ہے۔ اس وقت معاشرے میں خواتین کو جو مسائل درپیش ہیں۔ اُن میں ایک بڑا مسئلہ اسی نگاہ کی پاکیزگی کے اہتمام کا فقدان ہے۔ جس کے نتیجے میں وہ سماجی مسائل دن بدن جنم لے رہے ہیں۔ جن کو قابو کرنا مشکل ہورہا ہے اور اس کی اصل وجہ قرآن کے اس پیغام سے روگردانی ہے۔ کچھ شک نہیں اگر خواتین نگاہ کی پاکیزگی کا اہتمام کرلیں تو معاشرے کے آدھے مسائل خود بخود حل ہوجائیں اور سب سے بڑھ کر یہ کہ خود اللہ تعالیٰ قٰصِرَاتُ الطَّرْفِ کو پسند فرماتا ہے۔ حورانِ جنت کی تعریف بھی انہی الفاظ سے کی گئی ہے۔

عفت وحیاء :-

قرآن عورت کی تربیت شرم وحیاء کے اُن خطوط پر کرتا ہے جوعورت کو ایک من پسند قابل احترام ہستی بنادیتے ہیں۔ ہر اُٹھنے والی بے راہ رو نگاہ ان کے احترام میں جھک جاتی ہے وہ ”وَیَحفَظنَ فُرُوجَهنَّ وَلاَ یُبدِینَ زِینَتَهُنَّ“(۲۲) کے الفاظ کے ساتھ عورت کو ایک ایسی پاک دامن اور باحیا تصویر فراہم کردیتا ہے جو نہ صرف اسلامی معاشرے کے لئے بلکہ دوسری تہذیبوں کے لئے بھی ایک قابل ستائش پیکر ہے۔

معاشرے کی گرتی ہوئی اخلاقی حالت اس بات کی نشان دہی کرتی ہے کہ عورت نے اپنے مربی کے پیغام کو بھلا کر خود کو ایک ایسا سجاوٹی سامان (show piece) بنالیا ہے جو نگاہ کو تو خیرہ کرسکتا ہے لیکن گھر کی زینت نہیں بنایا جاسکتا۔ کیونکہ عفت وحیا ایک ایسا زیور ہے جو نہ صرف عورت کو حسن عطا کرتا ہے بلکہ اس کے وقار میں اضافہ بھی کرتا ہے۔

باوقار چال :-

عورت پر قرآن کی کرم نوازیاں دیکھنے کے قابل ہیں۔ انتہائی محبت سے اس کے قدم رکھنے کے انداز کو بھی وضع کرتا ہے کہ ایسا نہ ہو یہ نازک آ بگینے ٹوٹ جائیں اور کہیں ایسا نہ ہو کہ جس وجود کو شیطانی نگاہوں سے محفوظ رکھنے کیلئے جو احتیاطی اقدام اُٹھائے جارہے ہیں۔ وہ ظاہر نہ ہوجائے لہٰذا اپنے تربیتی منہج میں سے ایک اور عمل نجات مرحمت فرماتے ہوئے کہتا ہے: ”وَلاَ یضرِبنَ بِاَرجُلِهِنَّ لِیُعلَمَ مَا یُخفِینَ مِن زِینَتِهِنَّ“(۲۳)۔

چلتے ہوئے قدم دھیرے دھیرے رکھو۔ زور سے یا چھلانگیں لگا کر بازاروں سے نہ گزرو۔ ایک تو دیکھنے میں نگاہ کو بُرا لگتا ہے اور دوسرے وہ اسرار آشکارہ ہونے کا احتمال ہوتا ہے جن کی پوشیدگیوں کی خاص کوشش کی گئی۔ عورت کی نازکی کا جو اہتمام اس آیت میں ہے۔ انسانی عقل اس کا ادراک نہیں کرسکتی۔ قرآن چاہتا ہے کہ عورت کے قدموں کی چاپ بھی کسی کان میں جانے نہ پائے گویا عفت وحیاء کے قیام کے اہتمام میں انتہا کردی۔

اندازِ گفتگو :-

قرآن کی شان دیکھئے کہ وہ کس انداز سے کائنات کے اس حسین وجود کی تربیت کرتا ہے۔

ایک معصوم بچے کی طرح پیار ومحبت سے اُسے بات کرنے کا طریقہ سکھاتے ہوئے سمجھاتا ہے کہ جب بوقت ضرورت صنفِ مخالف سے بات کرنی پڑی تو "فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ" (۲۴)۔

گفتگو میں لوچ اور نزاکت پیدا کرنے کی کوشش نہ کریں بلکہ سیدھے سادھے الفاظ میں اصل بات کہہ کر گفتگو ختم کی جائے تاکہ جنس مخالف کو کسی قسم کا شیطانی خیال دل میں نہ گزرے اور وہ کوئی اُمید لگا کر نہ بیٹھ جائے۔

آج خواتین جس ناز وادا سے مردوں سے محوِ گفتگو رہتی ہے وہ اخلاقی گراوٹ کے اسباب میں سے ایک ایسا عظیم سبب ہے جو معاشرے کو پستیوں کی اس دلدل میں دھکیل دیتا ہے جہاں سے نکلنا ناممکن ہوتا ہے۔

پردہ:-

قرآن وہ مربی ہے جو اپنی تربیت گاہ میں تیار ہونے والوں کی ایک ایک نقل و حرکت کو نظر میں رکھتا ہے۔ خالقِ کون ومکان نے اپنی اس آخری سماوی کتاب کو بنی نوع انسان کی ہدایت کے لئے ایک ایسا مرقع نور بنادیا ہے کہ جس کی ضیاء پاشیوں سے لوگ قیامت تک راہنمائی پاتے رہیں گے۔ اس عظیم مرتبت کتاب نے پردہ اور حدودِ پردہ متعین کرکے عورت کو گھر کے اندر اور گھر سے باہر دونوں جگہ بھرپور تحفظ فراہم کرتے ہوئے فرمایا:

"يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ" (۲۵) اور پھر اُن محرموں کی پوری فہرست فراہم کردی جن کا داخلہ گھر کے اندر ہونے کی صورت میں ہر ممکنہ خطرات سے بچنے کے لئے اُن سے پردے کا حکم دے دیا گیا تاکہ وہ ہر طرح کے شیطانی خطرات سے محفوظ رہ کر پوری تندہی سے اپنی خدمات سرانجام دے سکے۔ صرف ان مذکورہ اشخاص کے سامنے وہ اپنی آرائش کا اظہار کرسکتی ہے:

"بُعُوْلَتِهِنَّ أَوْ اٰبَآئِهِنَّ أَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ أَوْ أَبْنَائِهِنَّ أَوْ أَبْنَاءِ بُعُوْلَتِهِنَّ ...... الخ" (۲۶)۔

آج ہم خواتین قرآن کے ان احکام سے جس طرح غافل ہیں اس کی مثال امت مسلمہ کی تاریخ میں نہیں ملتی اور ہم آج جن اخلاقی فسادات کی زد میں ہیں اس کا سدِّ باب قرآن کے اس پیغام پر عمل کے سوا دوسرے کسی راستے کو اختیار کرنے میں نہیں۔ اگر اب بھی اس پیغام کو نہ سمجھا گیا تو گزشتہ امتوں کی طرح ایک قصہ پارینہ بن کر رہ جائیں گے کوئی ہم پر آنسو بہانے والا بھی نہیں ہوگا۔

تمسخر کی ممانعت:-

اللہ تعالیٰ نے تمام اولادِ آدم کو اشرف المخلوقات کے درجے پر فائز کر کے اُسے سب سے اکرم بنادیا اور اس بات کی سختی سے مذمت کی کہ کوئی کسی کو حقیر نہ جانے اور نہ کوئی کسی کا مذاق اُڑائے۔ کیونکہ یہ عمل اللہ کے ہاں انتہائی حد تک ناپسندیدہ ہے؛ فرمایا: ”یآیھا الذین اٰمنوا لا یسخر قوم من قوم عسی ان یکونوا خیرا منھم ولا نسآء من نسآء عسی ان یکنّ خیراً منھنّ“(۲۷)۔

روحانی واخلاقی تربیت کے بعد قرآن عورت کو عائلی ذمہ داریاں تفویض کرتا ہے۔ تاکہ قرآن کی درس گاہ سے تربیت حاصل کرنے کے بعد وہ معاشرے کا ایک فعّال رکن بن سکے۔

حدیث نبوی ﷺ ہے:” الدنیا متاعٌ و خیرُ متاعِ الدنیا المرأۃُ الصالحۃ“(۲۸)۔

جس دین میں عورت دُنیا کی بہترین نعمت ہو اس میں بھلا یہ کیونکر برداشت کیا جاسکتا ہے کہ اُسے ایک بے کار پرزہ سمجھ کر نظر انداز کیا جائے۔ بلکہ یہ سوال اُٹھتا ہے کہ ”نیک عورت بہترین پونجی، کیوں ہے؛ اگر غور کیا جائے تو یہ مسلمہ حقیقت خود بخود منکشف ہوجاتی ہے کہ گھر کا تمام نظام اس کے دم سے منظّم ہے۔ شوہر کی تسکین اور بچوں کی تربیت جیسے اہم امور اسی کی کاوشوں سے انجام پاتے ہیں۔ قرآن سے تربیت پانے والی خواتین کی ذمہ داریاں اور ان کا مقام بھی قرآن ہی متعین کرتا ہے۔

ماں:-

ماں کو قرآن نے انتہائی اہم ذمہ داری سونپی ہے ایک تو وہ جسمانی طور پر اولاد کا بوجھ اُٹھائے پھرتی ہے اور درد پر درد اُٹھائے اسے جنم دیتی ہے۔ پھر اس کی رضاعت کرتی ہے اور سب سے اہم فریضہ جو نسلوں کی آبیاری کرنا ہے وہ تربیت کا ہے اور اسلام نے ماں کی گود کو پہلا مدرسہ قرار دے کر تربیت کے فریضہ کو اور حساس بنادیا ہے۔ تربیت کی ذمہ داری ماں کو سونپی بھی اس لئے گئی ہے کہ اس کے اندر وہ حوصلہ، صبر، برداشت پیدا کردی گئی ہے جو اولاد کی تربیت کے لئے ضروری ہے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اُسے کفالت کی ذمہ داریوں سے بری الذمہ قرار دیکر مکمل طور پر یکسو ہوکر اولاد کی تربیت کرسکے اور اولاد کو اس کی اطاعت کا حکم دیا کہ:

"اِنَّ اللّٰہ حرّمَ عَلَیْکُمْ عقوق الامھات"(۲۹)۔ پھر فرمایا: "وَ وَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْہِ اِحْسَانًا"(۳۰)۔

اوران کی جانب سے ہر قسم کے رویے پر صبر کرنا اوران کے ساتھ سختی کرنے سے روکا گیا حتی کہ فرمایا:

"فَلَا تَقُلْ لَّهُمَا اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا"(۳۱)۔

اور اُسے اولاد کے لئے اُس مقام پر فائز کردیا جس پر عظمتوں کی انتہاء ہوجاتی ہے یعنی "اَلْجَنَّةُ تَحْتَ اَقْدَامِ الْاُمَّهَاتِ"(۳۲)۔

بیوی:-

بیوی کو اسلام نے شوہر کی امین بنادیا ہے کہ وہ میاں کی موجودگی اور عدم موجودگی ہر دو صورتوں میں اس کے مال اور عزت کی حفاظت کرے گی۔ کیونکہ "هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ"(۳۳) کے مطابق دونوں ایک دوسرے کا لباس ہیں اور دونوں لے لئے اس لباس کو ہر غلاظت و گندگی سے پاک رکھنا ہے اور عورت کے لئے مرد کو بہترین معاشرت کا حکم دیا ہے کہ "وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ"(۳۴)۔ ہم نبی اکرم ﷺ کو بہترین شوہر اور امہات کو بہترین ازواج کی ایک جیتی جاگتی تصویر پاتے ہیں۔ آپ کا فرمان ہے:

"خیر کم خیر کم لاھلہ وانا خیر کم لاھلی"(۳۵)۔

گھریلو ناچاکی یا غلط فہمیوں کی صورت میں اختلاف پیدا ہونے کا احتمال رہتا ہے۔ لہٰذا اس صورت میں عورت کو قدم قدم پر سوچنے، اپنی اصلاح کرنے اور بُرائی سے بچنے کا موقع فراہم کیا اور انتہائی تدریجی انداز میں جیسے کہ قرآن کا طریقۂ کار ہے اُسے میاں کے ساتھ رہنے کی تلقین کی ہے الا کہ حالات ناگزیر ہوجائیں۔

نشوز کی صورت میں اس کے لئے انتہائی نرم انداز اختیار کیا ہے کہ: "واللّتي تخافون نشوزھنّ فعظوھنّ...."(۳۶)۔

یعنی جہاں تک ممکن ہو سمجھوتہ کرے کیونکہ جدائی کی صورت میں بہت سے گھرانے مصائب سے گزریں گے۔ لیکن اگر صلح کی کوئی صورت نہ بن پائے بلکہ مزید بگاڑ کا خدشہ ہو تو پھر تفریق کو ترجیح دی کہ: "و ان یتفرقا یغن اللّٰہ کلا من سعتہ وکان اللّٰہ واسعا حکیما"(۳۷)۔

باوجود یہ کہ شارح قرآن نے واضح الفاظ میں طلاق کو حلال چیزوں میں مبغوض ترین چیز قرار دیا ہے۔

ارشاد نبوی ﷺ ہے: "أبغضُ الحلال الی اللّٰہ الطلاق"(۳۸)۔

اور یہ صرف اس صورت میں ہے کہ ہر دو فریق صلح کے تمام طریقے آزما چکے ہوں اور سمجھوتے کی کوئی صورت ممکن دکھائی نہ دیتی ہو تو اس میں اللہ کی وسعتوں پر تکیہ کرکے فیصلہ کیا جائے گا۔ جیسے کہ ہم تاریخ میں ایسے بین واقعات پاتے ہیں جہاں دونوں فریق کی طلاق کی صورت میں اللہ نے انہیں بہترین ساتھی عطا فرمائے (۳۹)۔

اس کے علاوہ عورت کے لئے موقع محل کی مناسبت سے تربیتی منہج کے مطابق وقتاً فوقتاً احکام نازل ہوتے رہے تاکہ معاشرے میں نسلوں کی آبیاری ایسے ہاتھوں سے ہوسکے جو امت کو وہ تربیت گاہ فراہم کرسکیں جو خالصتاً نبی اکرم ﷺ کے سائے میں پروان چڑھی۔ ان میں چند ایک ماؤں کی مثالیں پیش خدمت ہیں۔

امہات المؤمنین:۔

قرآن کا پہلا بہترین مدرسہ جس کی تربیت شارح قرآن ﷺ نے کی وہ زوجات النبی ﷺ ہیں انہوں نے امت کی جس طرح تربیت کی تاریخ عالم ان کی مثال لانے سے قاصر ہے۔ انہوں نے خود بھوکے رہ کر دوسرے کو کھلایا۔ اپنے ہاتھوں کی کمائی سے صدقات دیجئے (۴۰) اور جب دُنیا کی طرف معمولی سا میلان ظاہر کیا تو فوراً حکم ہوا۔

"اِن کُنتن تردن الحیوۃ الدنیا وزینتھا فتعالین امتعکن واسرحکن سراحاً جمیلاً "(۴۱)۔

اس آیت کے نزول کے ساتھ ہی زوجات النبی ﷺ نے فوراً اپنی معمولی خواہشات سے بھی برأت ظاہر کردی تاکہ وہ امت کے لئے شرمندگی کا سبب نہ بنیں۔ جن بیبیوں نے ایسی تربیت پائی ہو۔ بھلا وہ امت کی بہترین مائیں ثابت نہ ہوں گی تو کون ہوگا؟

صحابیات وتابعیات:۔

قرآن کی تربیت کا نظارہ صحابیات کے ہاں عجیب منظر پیش کرتا ہے۔ ماں کی آنکھوں کے

سامنے اس کے جگر گوشے جام شہادت نوش کرتے ہیں۔لیکن اس ماں کی ہمت وحوصلہ دیکھنے کے قابل ہے جب وہ ان کی لاشوں کو سولی پر لٹکے پاتی ہے تو کہتی ہے یہ ''شہسوار ابھی تک سواری سے نہیں اترا'' (۴۲)۔

ان ماؤں (۴۳)، بہنوں اور بیٹیوں کو قرآن نے صراط مستقیم کی جانب جو رہنمائی دی اور پھر نسلوں کی تربیت کا منصب جس طرح ان کے ہاتھ میں دیا کہ انہیں نمونہ بنادیا۔اُسے قلم رقم کرنے سے قاصر ہیں۔کیونکہ ان کا مربی قرآن ہے اس لئے قرآن نے اپنے شارح کے سائے میں وہ منارہ نور تیار کیے ہیں کہ خود قرآن ان کے درجات متعین کرتا ہے کہ:

"فاستجاب لهم ربّهم انّى لا اضيعُ عمل عاملٍ منكم من ذكرٍ أو انثى بعضكم من بعض فالذين هاجروا واخرجوا من ديارهم و اوذوا فى سبيلى وقتلوا لاكفرنّ عنهم سيئاتهم ولا دخلتهم جنّٰت تجرى من تحتها الانهار ثوابا من عندالله ط والله عنده حسن الثواب". (۴۴)۔

گویا کہ قرآن وحدیث کردار سازی کی ایک ایسی تربیت گاہ ہے جو امتوں کی تعمیر میں انتہائی اہم کردار ادا کرتی ہے اور اپنے تربیت یافتہ کو نہ صرف معاشرے میں فخر سے جینا سکھاتی ہے بلکہ زندگی کے ہر مرحلے میں اسے کافی وشافی بھی ہوتی ہے۔

❀ ❀ ❀

حواشی ومراجع:

القرآن۔

۱- الإسرآء: ۹-،أنظر للتفسير:اعراب القرآن وبيانه : محى الدين الدرويش : ۳۲۸/۴. اليمامه للطاعة والنشر والتوزيع . دار ابن كثير. للطاعة والنشر والتوزيع .۱۹۹۹م ۱۴۱۹ھ۔

۲- اسلامی معاشرے میں عورت کا مقام: أمین أحسن اصلاحی:ص:۸۷۔فاران فاؤنڈیشن۔لاہور، پاکستان۔

۳- مسلمان عورت نمونۂ عمل: دفتر ثقافی نمائندہ اسلامی جمہوریہ ایران، اسلام آباد،ص:۷،۸۔طبع: اکتوبر ۱۹۹۷۔

۴- النساء:۱۲۴،أنظر للتفسير: تفسير الرازی، عبدالرحمٰن بن محمد:۱۰۷۲/۴،مکتبہ نزار مصطفیٰ باز۔ المملكة العربية السعودية . ۱۴۱۷ھ/۱۹۹۷-

۵- النحل:۹۷، أنظر للتفسير: فی ظلال القرآن، سید قطب:۱۲۹۳/۴، دار الشروق، بیروت. ۱۳۹۶ھ/۱۹۷۲م-

۶- المؤمن:۴۰۔أنظر للتفسير: صفوة التفاسير: محمد علی الصابونی:۱۰۲/۳- دار القرآن القرآن الکریم۔بیروت،۱۴۰۲ھ/۱۹۸۱م-

۷- التوبۃ:۷۲،۲۳،۷۰،۵،۱۲،۷۳،۳۵،۱۹،۲۲۸،۷،۱۹۵-

۸- تفسیر ابن کثیر: عمادالدین بن کثیر: ۳۶۶/۲، شمع بک ایجنسی، یوسف مارکیٹ اردو بازار، لاہور ۲۰۰۲ء

۹- لسان العرب: ابن منظور، أبوالفضل جمال الدین: ۳۰۷/۱۴. دار صادر بیروت۔ ۱۳۸۸ھ/۱۹۶۸م۔

۱۰- فطری تربیت کے اہم تقاضے: ڈاکٹر یوسف القرضاوی، ص: ۲۹۷، اسلامک پبلشرز لمیٹڈ، لاہور۔

۱۱- التربیة الاسلامیة وفلاسفتها: محمد عطیه الابراشی: ص: ۷. مطبعة عیسیٰ البابی الحلبی وشرکاہ بمصر، ۱۳۹۵ھ/۱۹۷۵م۔

۱۲- الممتحنة: ۱۱، أنظر للتفسیر: أحکام القرآن: مولانا محمد ادریس کاندھلوی: ۵۔۵۸/۴۔

۱۳- سیر الصحابیات: مولانا عبدالحلیم الندوی، ادارۂ اسلامیات: ۱۱۷/۶، انارکلی لاہور. پاکستان.

۱۴- الممتحنة: ۱۱، أنظر للتفسیر: أحکام القرآن: مولانا محمد ادریس کاندھلوی: ۵۔۵۷/۴۔

۱۵- الجامع لأحکام القرآن: القرطبی محمد بن أحمد الانصاری: ۷۲/۹۔ انتشارات ناصر خسرو، طهران، ایران۔

۱۶- الاسراء: ۳۱۔ أنظر للتفسیر: صفوة التفاسیر: محمد علی الصابونی: ۱۵۸/۲۔

۱۷- آبادی کے خوف سے بچہ ضائع کرانا۔ ضبط ولادت، عقلی وشرعی حیثیت: محمد تقی عثمانی: ص: ۴۷. کتب خانہ دارالاشاعت، کراچی. ۱۹۶۱۔

۱۸- ممتحنہ: ۱۲. الجامع لأحکام القرآن: القرطبی محمد بن أحمد الانصاری: ۷۲/۹۔

۱۹- معارف القرآن: مولانا مفتی محمد شفیع: ۴۱۸/۸، ۱۰ ادارۃ المعارف، کراچی. پاکستان ضبط ولادت، عقلی وشرعی حیثیت: ص: ۳۴.

۲۰- الاحزاب: ۳۳۔ أنظر للتفسیر: صفوة التفاسیر: محمد علی الصابونی: ۵۲۵/۲۔

۲۱- النور: ۳۱۔ أنظر للتفسیر: صفوة التفاسیر: محمد علی الصابونی: ۳۳۵/۲۔

۲۲- تفسیر عثمانی: مولانا محمود الحسن. مولانا شبیر احمد عثمانی: ۱۹۱/۲۔ رحمانیہ، اقرا سینٹر، غزنی سینٹر، اردو بازار لاہور۔

۲۳- جس عورت نے پائل کی آواز مردوں کو سنانے کیلیے پاؤں زور سے زمین پر مارا تو یہ حرام ہے۔ الجامع لأحکام القرآن: القرطبی محمد بن أحمد الانصاری: ۱۳۷۶/۳۔

۲۴- الاحزاب: ۳۲. الجامع لأحکام القرآن: القرطبی محمد بن أحمد الانصاری: ۱۳۷۷/۳۔

۲۵- ألاحزاب: ۵۹. معارف القرآن: مولانا مفتی محمد شفیع: ۲۳۲/۷۔

۲۶- النور: ۳۱. أحکام القرآن: ابن عربی، أبوبکر محمد بن عبداللہ. تحقیق علی محمد البجاوی۔ دار احیاء التراث العربی - بیروت لبنان.: ۱۳۷۵/۳۔

۲۷- الحجرات: ۱۱، أنظر للتفسیر: صفوة التفاسیر: ۳۳۵/۳۔

۲۸- صحیح المسلم: أبوالحسن مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیری: کتاب الرضاع: ۴۰۸/۲، مکتبہ رحمانیہ، اقرا سینٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار لاہور۔

۲۹- صحیح البخاری: محمد بن اسماعیل البخاری: باب عقوق الوالدین: ۴۳۹/۳۔ مکتبہ رحمانیہ، اقرا سینٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار لاہور۔

۳۰- عنکبوت: ۸، أنظر للتفسیر: صفوة التفاسیر: ۴۵۲/۲۔

۳۱- الاسراء: ۲۳، تفسیر المراغی: أحمد مصطفیٰ المراغی: ۳۶/۵-۳۲

۳۲- کنز العمال في سنن الاقوال و الافعال: العلامة علاء الدین علی المتقی بن حسام الدین: الباب الثامن في برّ الوالدین: ۴۶۱/۱۶، مؤسسة الرسالة. بیروت. ۱۹۸۵۔

۳۳- البقرة: ۱۸۷، الأساس في التفسیر: سعید حوّی: ۴۱۹/۱۔ دار السلام۔ بیروت، ۱۹۷۳۔

۳۴- النساء:۱۹۔ التبیان في تفسیر القرآن : الطوسی، أبوجعفر محمد بن الحسن:۱۵۰/۳.داراحیاء التراث العربی۔

۳۵- سنن ترمذی:امام أبوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ: کتاب المناقب:۴۶۴/۲۔اسلامی کتب خانہ فضل الٰہی مارکیٹ، چوک اردو بازار لاہور۔

۳۶- النساء: ۳۴، التفسیر الکبیر: ابن تیمیہ، علامہ تقی الدین، تحقیق: د/عبدالرحمٰن :۲۲۸/۲.دارالباز للنشر والتوزیع عباس أحمد الباز. مکۃ المکرّمۃ۔

۳۷- النساء: ۱۳۰.التبیان في تفسیر القرآن: الطّوسی:۱۵۰/۳.داراحیاء التراث العربی- بیروت لبنان.

۳۸- ابوداؤد: حافظ المنذری ۔ کتاب الطلاق ۔ باب فی کراہیۃ الطلاق ۔(۲۰۹۱):۹۱/۳.المکتبہ الاثریۃ، سانگلہ ہل پاکستان. ۱۹۷۹م/۱۳۹۹ھ.

۳۹- حضرت زیداور حضرت زینب کا واقعہ سورہ احزاب آیۃ :۳۷ میں ذکر کیا گیا ہے۔

۴۰- حضرت سودہؓ صفیہؓ،ام ایمنؓ،ام رومانؓ،ام عمارہؓ اورام ہانیؓ وغیرہ: سیر الصحابیات: -۲۰/۶۔۳۰۔۱۱۷۔۱۳۵.

۴۱- الاحزاب:۲۸۔معارف القرآن: مولانا مفتی محمد شفیع:۱۲۸/۷۔

۴۲- حضرت اسماءؓ کے بیٹے کو شہید کیا گیا۔ أسد الغابة في معرفة الصحابة : ابن أثیر:۱۶۳/۳۔ داراحیاء التراث العربی۔ بیروت لبنان۔

۴۳- اورحضرت خنساءؓ کے چار بیٹے جنگ قادسیہ میں شہید ہوئے۔موسوعۃ حیات الصحابیات: محمد سعید مبیّض : ۱۸۷، مکتبہ دارالفتح قطر۔دوحۃ ۔۲۰۰۰م،۱۴۲۱ھ، أسدالغابۃ فی معرفۃ الصحابۃ: ابن أثیر:۴۴۲/۵، داراحیاء التراث العربی۔ بیروت لبنان۔

۴۴- آل عمران:۱۹۵،الأساس فی التفسیر: سعید حوّیٰ:۹۶۴/۲، دارالسلام، ۱۹۸۹۔

❁ ❁ ❁

۱۸۵۷ء کا انقلاب حریت اور علماء اسلام

از: مولانا اختر امام عادل قاسمی
جامعہ ربانی منوروا شریف، سمستی پور بہار

ہندوستان پر مسلمانوں نے صدیوں حکومت کی، اوراس کو اپنی حسن نیت، خلوص ومحنت، اور حکمت وتدبر سے جنتِ نظیر بنادیا، یہ پورا وسیع خطۂ ارضی سونے کی چڑیا کہلانے لگا، ساری دنیا کے اہل کمال اور اصحاب علم وفن اس ملک کی طرف کھینچ کھینچ کرآنے لگے، انگریز بھی اس ملک کی ترقیات اورخوشحالی سے متاثر ہوئے اور ہندوستان کی اسلامی حکومت سے اجازت لے کرتجارت کی غرض سے اس ملک میں داخل ہوئے، اور پھر رفتہ رفتہ انھوں نے اپنے بال وپر پھیلانے شروع کئے اور کاروبار وسیاست میں حصہ لینے لگے، ۱۷۵۷ء میں پلاسی کی جنگ میں نواب سراج الدولہ کو شکست دینے کے بعد عملاً پورے ملک میں ان کی دھاک بیٹھ گئی، پھر رفتہ رفتہ دہلی کی بساطِ سیاست پر وہ چھاگئے، پورے ملک کی بساط پہلے ہی پلٹ دی تھی، اب دہلی کا سلطان بھی ان کی مرضی کے بغیر کچھ نہیں کرسکتا تھا، نقارہ کی چوٹ پر اعلان کیا جاتا تھا:

''خلقت خدا کی، ملک بادشاہ کا، حکم سرکار کمپنی بہادر کا''

یہ سیاسی تبدیلیاں ہندوستانیوں کے لئے یقیناً خلاف توقع تھیں، جس ملک پر اب تک انھوں نے تقریباً تین سو سال سے خاندان تیمور کو حکومت کرتے دیکھا تھا، اور پورے ہندوستان میں اس خاندان کے زندہ وتابندہ نقوش پھیلے ہوئے تھے، اور ملک کی تعمیر وترقی میں اس خاندان نے اہم رول ادا کیا تھا، ہر شخص اس کا ممنون کرم اور دل سے ان کی خدمت کا قدرداں تھا، آج اس ملک پر ایک بدیسی قوم حکومت کررہی تھی، جس کے پاس نہ کوئی ضابطۂ اخلاق تھا اور نہ کوئی تہذیبی نظام، اس کے پاس دماغ تو تھا مگر دل کی طاقت اور روح کی بالیدگی سے محروم تھی، جو رنگ ونسل اور زبان کسی لحاظ سے ہندوستانی اقوام سے میل نہیں کھاتی تھی۔

دوسری طرف انگریزوں کی آمد سے ملک جس افراتفری کا شکار ہوگیا تھا اس کی کوئی مثال

ہندوستان کی پچھلی تاریخ میں نہیں ملتی، ملی، تہذیبی، تمدنی، اقتصادی اور اخلاقی تمام قدریں متزلزل ہوکر رہ گئیں، ۱۸۵۷ء کا عہد اس زوال پذیر دور کا نقطۂ عروج تھا۔

معاشی بدحالی

اس دور کے حالات کے ذاتی مشاہد، انگریزوں کے وفادار، مگر ملک وملت کے غمگسار سرسید احمد مرحوم کی شہادت شاید اس سلسلے میں سب سے زیادہ معتبر مانی جائے، وہ اپنی مشہور کتاب ''اسباب بغاوت ہند'' میں اقتصادی تبدیلیوں پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''میں نہیں بیان کرسکتا کہ ہندوستانیوں کو کس قدر ناراضگی اور دلی رنج اور ہماری گورنمنٹ کی بدخواہی اور نیز کتنی مصیبت اور تنگئ معاش اس سبب سے ان کو تھی کہ بہت سی معافیات صدہا سال سے چلی آتی تھیں، جو ادنی ادنی حیلہ پر ضبط ہوگئیں، ہندوستانی خیال کرتے تھے کہ سرکار نے خود تو ہماری پرورش نہیں کی، بلکہ جو جاگیر ہم کو اور ہمارے بزرگوں کو ان کے بادشاہوں نے دی تھی وہ بھی گورنمنٹ نے چھین لی، پھر ہم کو اور کیا توقع گورنمنٹ سے ہے۔'' (اسباب بغاوت ہند:۲۶)

''ابتداء عملداری سے آج تک شاید کوئی گاؤں ایسا ہوگا جس میں تھوڑا بہت انتقال (ردوبدل) نہ ہوا، ابتداء میں ان نیلاموں نے ایسی بے ترتیبی سے کثرت پکڑی کہ تمام ملک الٹ پلٹ ہوگیا۔'' (حوالۂ بالا:۲۸)

''اہل حرفہ کا روزگار بسبب جاری اور رائج ہونے اشیاء تجارت ولایت کے بالکل جاتا رہا، یہاں تک کہ ہندوستان میں کوئی سوئی بنانے والا اور دیا سلائی بنانے والے کو بھی نہیں پوچھتا تھا، پارچہ بافوں کا تار تو بالکل ٹوٹ گیا تھا۔'' (حوالۂ بالا:۳۶)

حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب دیوبندی اپنی مشہور کتاب ''علماء ہند کا شاندار ماضی'' میں رقم طراز ہیں:

''پس یہ حقیقت ہے کہ ۱۸۵۷ء کا یہ خونیں حادثہ... مٹی ہوئی جاگیرشاہی کی انگڑائی نہیں بلکہ ایک قوم کی بڑھتی ہوئی جاگیرشاہی کے مقابلے میں دوسری قوم کی حرکت مذبوحانہ تھی۔''

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہوجاتے ہیں بدنام
وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

یہ بحث طویل ہے، اس کا ہر ایک گوشہ ایک داستان رکھتا ہے، تنخواہوں کا تفاوت، مال گزاری کا اضافہ، وصولی مال گزاری کیلئے جائدادوں کا نیلام، نیلام کے دل آزار توہین آمیز طریقے، سود اور

سود در سود کا رواج وغیرہ، غرض ہر ایک باب داستانِ الم ہے“ (علماء ہند کا شاندار ماضی: ۴/ ۲۷)

سر سیّد مرحوم نہایت جوش سے لکھتے ہیں:

”غرض کہ ملک ہر طرح سے مفلس ہوگیا تھا، ان کے خاندان جن کو ہزاروں کا مقصدور تھا، معاش سے بھی تنگ آگئے تھے۔“ (اسباب بغاوت ہند: ۳۶)

شیخ محمد اکرام نے ڈاکٹر ہنٹر کی کتاب ”آور انڈین مسلمانز“ کے حوالے سے لکھا ہے:

”اگر کوئی سیاست داں دارالعلوم میں سنسنی پیدا کرنا چاہے تو اس کے لئے کافی ہے کہ وہ بنگال کے مسلمان خاندانوں کے سچے سچے حالات بیان کردے، یہی لوگ کسی زمانے میں محلوں میں رہتے تھے، گھوڑے گاڑیاں نوکر چاکر موجود تھے، اب یہ حالت ہے کہ ان کے گھروں میں جوان بیٹے، پوتے اور پوتیاں، اور بھتیجے اور بھتیجیاں بھرے پڑے ہیں اور ان بھوکوں کے لئے ان میں سے کسی ایک کو زندگی میں کچھ کرنے کا موقع نہیں، وہ منہدم اور حرمت شدہ مکانوں اور خستہ برآمدوں میں قابل رحم زندگی کے دن کاٹ رہے ہیں، اور روز بروز قرض کی دلدل میں زیادہ دھنستے جاتے ہیں، حتی کہ کوئی ہمسایہ ہندو قرض خواہ ان پر نالش کرتا ہے، اور مکان اور زمینیں جو باقی تھیں ان کے قبضے سے نکل جاتی ہیں، اور یہ قدیمی مسلمان خاندان ہمیشہ کے لئے ختم ہوجاتا ہے۔“ (موج کوثر: ۷۵)

عدل اور انصاف کی صورت حال:

عدل وانصاف کی صورت حال کے بارے میں سرسیّد لکھتے ہیں:

”اور پھر اس پر اضافہ یہ ہوا کہ باوجود ہندوستانیوں کی مفلسی کے عدالت کی چارہ جوئی پر اسٹامپ لگادیا گیا جو ناقابل برداشت تھا۔“ (موج کوثر: ۷۵)

تعصّبات، تنگ نظری اور ناانصافی کے احوال ڈاکٹر ہنٹر کی زبانی سنئے:

”مسلمانوں کی بدقسمتی کا صحیح نقشہ ان محکموں میں دیکھا جاسکتا ہے، جن میں ملازمتوں کی تقسیم پر لوگوں کی اتنی نظر نہیں ہوتی، ۱۸۶۹ء میں ان محکموں کا یہ حال تھا کہ اسسٹنٹ انجینئروں کے تین درجنوں میں چودہ ہندو اور مسلمان صفر، امیدواروں میں چار ہندو، دو انگریز اور مسلمان صفر، سب انجینئروں اور سپروائزروں میں چوبیس ہندو اور ایک مسلمان اوورسیروں میں تریسٹھ ہندو اور دو مسلمان، اکاؤنٹس ڈپارٹمنٹ میں پچاس ہندو اور مسلمان معدوم، وغیرہ۔“

سرکاری ملازمتوں کے علاوہ ہائی کورٹ کے وکیلوں کی فہرست بڑی عبرت آموز تھی، ایک زمانہ تھا کہ یہ پیشہ بالکل مسلمانوں کے ہاتھ میں تھا، اس کے بعد بھی ۱۸۵۱ء تک مسلمانوں کی

حالت اچھی رہی اور مسلمان وکلاء کی تعداد ہندوؤں اور انگریزوں کی مجموعی تعداد سے کم نہ تھی، لیکن ۱۸۵۱ء سے تبدیلی شروع ہوئی، اب نئی طرز کے آدمی آنے شروع ہوئے اور امتحانات کا طریقہ بھی بدل دیا گیا،۱۸۵۲ء سے ۱۸۶۸ء تک جن ہندوستانیوں کو وکالت کے لائسنس ملے ان میں ۲۳۹ ہندو تھے اور ایک مسلمان۔

انھوں نے کلکتہ کے ایک اخبار کی شکایت نقل کی کہ: اب یہ حالت ہے کہ حکومت سرکاری گزٹ میں مسلمانوں کو سرکاری ملازمتوں سے علیحدہ رکھنے کا کھلم کھلا اعلان کرتی ہے، چند دن ہوئے کمشنر صاحب نے تصریح کردی کہ یہ ملازمتیں ہندوؤں کے سوا کسی کو نہ ملیں گی۔'' (موج کوثر:۷۶)

سماجی حیثیت کی پامالی:

مسلمانوں کی عزت وشرافت کا حال کتنا ابتر تھا، اس کے بارے میں سرسیّد لکھتے ہیں:

''کیا ہماری گورنمنٹ کو نہیں معلوم ہے کہ بڑے سے بڑا ذی عزت ہندوستانی حکام سے لرزاں اور بے عزتی کے خوف سے ترساں نہ تھا اور کیا یہ بات چھپی ہوئی ہے کہ ایک اشراف اہل کار صاحب کے سامنے مثل پڑھ رہا ہے اور ہاتھ جوڑ جوڑ کر باتیں کررہا ہے اور صاحب کی بدمزاجی اور سخت کلامی بلکہ دشنام دہی سے دل میں روتا جاتا ہے اور کہتا ہے کہ ہائے افسوس روٹی اور کہیں نہیں ملتی، اس نوکری سے تو گھانس کھودنی بہتر ہے۔

بلاشبہ تمام رعایا ہندوستان کی اس بات کی شاکی ہے کہ ہماری گورنمنٹ نے ان کو نہایت بے قدر اور بے وقار کردیا ہے، ہندوستان کے اشراف آدمی کی ایک چھوٹے سے یورپین کے سامنے ایسی بھی قدر نہیں ہے، جیسی ایک چھوٹے یورپین کی۔'' (اسباب بغاوت ہند:۴۲)

مذہبی وتہذیبی اقدار کو خطرہ:

سب سے بڑا خطرہ مذہبی اور ملی تشخصات اور تہذیبی اقدار اور روایات کو تھا، سرسیّد اس وقت کے عام احساسات کے بارے میں رقم طراز ہیں:

''کچھ شبہ نہیں کہ تمام لوگ جاہل وقابل، اعلیٰ اور ادنیٰ یقین جانتے تھے کہ ہماری گورنمنٹ کا دلی ارادہ ہے کہ مذہب اور رسم ورواج میں مداخلت کرے اور سب کو کیا ہندو کیا مسلمان، عیسائی مذہب اور اپنے ملک کے رسم ورواج پر لاڈالے... سب کو یقین تھا کہ ہماری گورنمنٹ اعلانیہ جبر مذہب بدلنے پر نہیں کرے گی، بلکہ خفیہ تدبیریں کرکے مثل نابود کردینے علم عربی وسنسکرت کے اور

مفلس ومحتاج کردینے ملک کے اورلوگوں کو جوان کا مذہب ہے، اس کے مسائل سے ناواقف کر کے اوراپنے دین ومذہب کی کتابیں اور مسائل اور وعظ کو پھیلا کرنوکریوں کا لالچ دے کرلوگوں کو بے دین کردیں گے... ہندوستان میں وعظ اور کتھا کا دستور یہ ہے کہ اپنے اپنے معبد یا مکان پر بیٹھ کر کہتے ہیں، جس کا دل چاہے اور جس کو رغبت ہو وہاں جا کر سنے، پادری صاحبوں کا طریقہ اس کے برخلاف تھا، وہ خود غیر مذہب کے مجمع یا تیرتھ اور میلہ میں جا کر وعظ کہتے تھے اور کوئی شخص حکام وغیرہ کے ڈر سے مانع نہ ہوتا تھا، بعض ضلعوں میں یہ رواج نکلا کہ پادری صاحب کے ساتھ تھانہ کا چپراسی جانے لگا، پادری صاحب وعظ میں صرف انجیل مقدس ہی کے بیان پر اکتفا نہیں کرتے تھے، بلکہ غیر مذہب کے مقدس لوگوں کو اور مقدس مقاموں کو بہت برائی اور ہتک سے یاد کرتے تھے، جس سے سننے والوں کو نہایت رنج اور دلی تکلیف پہنچتی تھی... دیہاتی مکتبوں کے مقرر ہونے سے سب یقین سمجھتے تھے کہ صرف عیسائی بنانے کو یہ مکتب جاری ہوئے ہیں... جس گاؤں میں پرگنہ وزیر یا ڈپٹی انسپکٹر پہنچا اور گنواروں میں چرچا ہوا کہ ''کالا پادری'' آیا، عوام الناس یوں خیال کرتے تھے کہ یہ عیسائی مکتب ہیں اور کرسٹان بنانے کو بٹھاتے ہیں۔

یہ سب خرابیاں لوگوں کے دلوں میں پیدا ہورہی تھیں کہ دفعتاً ۱۸۵۵ء میں پادری اے ایڈمنڈ نے دارالامارت کلکتہ سے عموماً اور خصوصاً سرکاری معزز نوکروں کے پاس چٹھیاں بھیجیں، جن کا مطلب یہ تھا کہ:

اب تمام ہندوستان میں ایک عملداری ہوگئی، تار برقی سے سب جگہ کی خبر ایک ہوگئی، ریلوے سڑک سے سب جگہ کی آمد ورفت ایک ہوگئی، مذہب بھی ایک چاہئے، اس لئے مناسب ہے کہ تم لوگ بھی عیسائی ایک مذہب ہوجاؤ۔

میں سچ کہتا ہوں کہ ان چٹھیات کے آنے کے بعد خوف کے مارے سب کی آنکھوں میں اندھیرا آگیا، پاؤں تلے کی مٹی نکل گئی، سب کو یقین ہوگیا کہ ہندوستانی جس وقت کے منتظر تھے وہ وقت اب آگیا اب جتنے سرکاری نوکر ہیں اوّل ان کو کرسٹان ہونا پڑے گا اور پھر تمام رعیت کو، سب لوگ بیشک سمجھتے تھے کہ یہ چٹھیاں گورنمنٹ کے حکم سے آئی ہیں۔ (اسباب بغاوت ہند: ۱۷-۲۳)

خوفناک سناٹا:

خصوصاً اس وقت جب کہ حضرت سیّد احمد شہیدؒ کی تحریک کے بعد پورے ملک میں بالعموم موت کا سناٹا چھا چکا تھا، مشہور مبصر مولانا محمد میاں صاحب کے بقول:

اس دور کے متعلق یہ تو نہیں کہا جاسکتا کہ لوگوں نے انگریزوں کو پہچاننا چھوڑ دیا تھا، البتہ یہ درست ہے کہ وہ خود اپنے آپ سے غافل ہوگئے تھے، اور انھوں نے اپنے مستقبل کو پہچاننا چھوڑ دیا تھا، اس کا نتیجہ یہ تھا کہ انگریزوں کو پہچان لینے کے باوجود وہ نہیں کیا یا نہیں کرسکے جو کرنا چاہئے تھا، خود پرستی نے خودغرضی اور ذاتی مفاد کی ہوسنا کی جو قومی عظمت و وقار اور حیات اجتماعی کے لئے سرطان اور پلیگ سے بھی زیادہ مہلک امراض ہیں، اور جن کی بنا پر طوائف الملو کی عروج پاتی ہے، انہیں امراض نے ارباب اقتدار کی چشم کو نابینا اور گوش سخن نیوش کو اصم اور مدہوش بنادیا تھا۔

فانها لاتعمى الأبصار ولكن تعمى القلوب التي في الصدور: یہ عجیب فلسفہ ہے کہ انسان جتنا زیادہ اپنی پرستش میں مشغول ہوتا ہے اتنا ہی زیادہ خودفراموش ہوجاتا ہے، ذاتی مفاد اور خود پرستی کے شوالے جو دکن، بنگال اور اودھ میں تعمیر کئے گئے تھے، ان کی خصوصیت یہ تھی کہ ان کے پجاری انگریزوں کو پہچاننے، سمجھنے اور بوجھنے کے باوجود اس پر مجبور تھے کہ سنی کو ان سنی اور دیدہ کو نادیدہ بنادیں، کیوں کہ وہ اغراض جن کے آب وگل سے یہ شوالے تعمیر ہوئے تھے ان کا تقاضا ہی یہ تھا ورنہ یہ شوالے مسمار ہورہے تھے:

درد ہے جاں کے عوض ہر رگ و پے میں ساری
چارہ گر ہم نہیں ہونے کے جو درماں ہوگا

۱۸۵۷ء کے حالات:

یہ حالات تو وہ ہیں جو ایک اجنبی حکومت کے ناجائز امتداد اور ان کے منصوبہ بند پروگراموں نے پیدا کئے تھے، ۱۸۵۷ء میں کچھ نئے حالات پیدا ہوئے، اور ان کی وجہ سے عوامی بے چینی نے جنم لیا، امن وامان کی صورت حال بگڑی اور پورے ملک کی فضا خراب ہوگئی، اس عہد کی لکھی گئی اکثر کتابوں میں ان حالات ومسائل کی طرف اشارہ کیا گیا ہے، جن کی بنا پر ۱۸۵۷ء کی مسلح تحریک آزادی رونما ہوئی، ہم منشی ذکاء اللہ کی مشہور کتاب ''تاریخ عروج انگلش'' اور حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب کی شاہکار کتاب ''علماء ہند کا شاندار ماضی'' سے اس وقت درپیش بعض اہم حالات پیش کرتے ہیں۔

۞ الحاق کا مسئلہ اس وقت کا انتہائی حساس ترین مسئلہ تھا، اس کا مطلب یہ بیان کیا جاتا ہے کہ کسی صوبہ کا ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت کے ساتھ الحاق دراصل شہریوں کو عیسائی بنانے کی مہم کا حصہ ہے، کہ اس طرح لالچ یا ڈر کے ذریعہ لوگوں کا عیسائی بنانا آسان ہوجاتا۔

❁ لاخراجی زمینیں ضبط کرلی جاتی تھیں، ان کی تشریح ملک کے مذہبی اوقاف کے خاتمہ سے کی جاتی تھی۔

❁ سرکاری قانون اس طرح کا جاری کیا گیا کہ ہندو اور مسلمان دونوں کے مذہبی تشخیصات فنا ہو جائیں۔

❁ جیل خانوں میں تمام قیدیوں کے لئے ایک قسم کا کھانا دیا جانے لگا، جو ہندو مذہب کے لحاظ سے انتہائی غلط بات تھی۔

❁ اسی زمانے میں خوراک میں آمیزش کی کہانی بھی بڑی تیزی کے ساتھ مشتہر ہوئی کہ برٹش گورنمنٹ کے حکم سے پسی ہوئی ہڈیاں، آٹے اور نمک میں ملادی گئی ہیں، اور وہ بازار میں فروخت ہو رہی ہیں، گھی میں جانوروں کی چربی ملادی گئی ہے، شکر کو جلی ہوئی ہڈیوں سے صاف کیا جاتا ہے، کنوؤں میں سور اور گائے کا گوشت ڈلوادیا گیا ہے، ان افواہوں کا نتیجہ یہ نکلا کہ بازاروں میں آٹا اور اس سے پکی ہوئی روٹیوں کی فروخت موقوف ہوگئی، خاص طور پر میرٹھ کے علاقے میں یہ خبر جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی اور تمام فوجی چھاؤنیاں اس افواہ کی لپیٹ میں آگئیں۔

❁ انھی دنوں مختلف علاقوں میں روٹیوں کی خفیہ تقسیم کا قضیہ بھی سامنے آیا، کہا جاتا ہے کہ اس کا آغاز بنارس سے ہوا، گوالیار اور اندور میں بھی اسی طرح روٹیوں کی تقسیم کی گئی، یہ روٹیاں خاموشی کے ساتھ گاؤں گاؤں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کی جاتی تھیں، اور کوئی نہیں جانتا تھا کہ یہ روٹیاں کہاں سے آئی ہیں اور ان کے پیچھے کیا مقاصد کارفرما ہیں، لوگوں نے اپنے طور پر مختلف قیاس آرائیاں کیں، کہ یہ متحدہ بغاوت کی دعوت ہے، بیماریوں اور بلاؤں کی تقسیم کی علامت ہے، کسی نے اس کی تشریح کی کہ ان کی خوراک کے وسائل چھین لئے جائیں گے، ایک خیال یہ تھا کہ ان کے اندر فتنہ انگیز خطوط چھپے رہتے تھے۔ (تاریخ عروج عہد انگلشیہ: ۳۴۲-۳۴۵)

حضرت مولانا میاں صاحب لکھتے ہیں:

''چپاتیاں بٹنے کا واقعہ ہندوستان میں نیا نہیں تھا، سنتھالیوں کی بغاوت سے پہلے سال کے درخت کی ٹہنیاں گاؤں گاؤں بھیجی گئی تھیں، مرہٹوں نے جب شمالی علاقے پر حملے کئے تو اس سے پہلے روٹی پر جوار کی ٹہنی رکھ کر بانٹی گئی تھی... بعض جگہ ان پر بکری کے گوشت کی بوٹیاں بھی رکھ دیتے تھے، کہا جاتا ہے کہ ہندوؤں کے محاورات میں چپاتیاں بٹنا اور کچے گوشت کا اس پر رکھا ہونا، قلع قمع کر دینے کچا چبا ڈالنے اور کلی طور پر استیصال کی علامت مانی جاتی ہے۔''

ساورکر کا خیال یہی ہے کہ مختلف طبقات میں ہم آہنگی پیدا کرنے کے لئے یہ صورت اختیار

کی گئی تھی، بنگال میں یہ طریقہ اختیار کیا گیا کہ ایک خاص قاصد ہر ایک چھاؤنی میں جاتا، سب سے بڑے ہندوستانی افسر سے ملتا اور اسے سرخ کنول کا پھول دکھاتا، افسر وہ پھول پاس کے سپاہی کو دے دیتا، اور اسی طرح پھول ایک ایک سپاہی کے ہاتھ میں پہنچتا یہ پھول نشان تھا صفائی، پاکیزگی، فتح اور شادابی کا۔ (علماء ہند کا شاندار ماضی: ج۴ ص:۸۱-۸۲)

❁ ایک بڑی شکایت فوجیوں میں یہ پیدا ہوئی کہ ان فیلڈ رائفلوں کے لئے جو کارتوس بنائے جاتے ہیں، ان میں گائے اور سور کی چربی ہے، ظاہر ہے کہ یہ ایک ناقابل برداشت بات تھی۔

جب کسی قوم سے نفرت پیدا ہوتی ہے تو کسی بھی غلط بات پر لوگ یقین کرنے کے لئے تیار ہوجاتے ہیں۔

ظاہر ہے کہ یہ تمام باتیں جن کا ذکر اوپر کیا گیا وہ سب کی سب من وعن درست نہیں تھیں، ان میں کچھ افواہوں کا عنصر بھی ضرور شامل تھا، مگر برٹش حکومت کی طرف سے ہندوستانیوں کے خلاف مختلف محاذوں پر جو بدترین مظالم کا سلسلہ جاری تھا ان کے پیش نظر ان افواہ آمیز خبروں کو حقیقت سمجھنا کچھ مشکل نہ تھا، بالخصوص انگریزوں کے غرور آمیز لب ولہجہ اور ہندوستانیوں کے ساتھ توہین آمیز سلوک نے لوگوں کو ایسا متنفر کر دیا تھا کہ وہ اس طرح کی ہر بات کو قرین قیاس سمجھنے میں حق بجانب تھے، دوسری طرف انگریزوں کو اپنی طاقت پر اتنا غرور تھا کہ وہ اس طرح کی شکایات کو سننے کے لئے تیار نہ تھے، انفرادی طور پر مختلف حلقوں سے حکومت کو اس قسم کے مظالم اور شکایات سے بارہا آگاہ کیا گیا، مگر قوت کے جنون میں انھوں نے ان کو نظر انداز کیا۔

انگریز کے خلاف بے چینی کا آغاز:

بالآخر وہی ہوا جو اس قسم کے حالات میں ہمیشہ ہوتا آیا ہے، عوامی بے چینی پیدا ہوئی اور پورے ملک میں ایک زلزلہ برپا ہوگیا۔

کہا جاتا ہے کہ سب سے پہلے اس بے چینی نے ۲۲/جنوری ۱۸۵۷ء کو دم دم (کلکتہ) میں عملی شکل اختیار کی، دم دم میں مقیم دیسی سپاہیوں نے اپنے انگریز سے کارتوس کے قصے کی شکایت کی، مگر حکومت کی طرف سے یقین دہانی کرائی گئی کہ کارتوسوں میں کوئی ناجائز چیز استعمال نہیں کی جارہی ہے، حکومت مطمئن تھی کہ بے چینی ختم ہوگئی، مگر ایسا نہیں ہوا، کلکتہ سے ۱۶/میل دور بارک پور کے فوجیوں کے بہرام پور (بارک پور سے ۱۰۰/میل دور) کی انیسویں رجمنٹ میں بے چینی کا بیج بو دیا، ۱۹/فروری کی رات اس رجمنٹ نے مظاہرہ شروع کر دیا، کرنل مجل نے فوجیوں

سے اس مظاہرہ کا سبب دریافت کیا تو فوجیوں نے کہا کہ:

''سرکار ہمارا دین بگاڑ رہی ہے، کرنل نے فوجیوں کے سامنے تقریر کی اور سمجھ لیا کہ بات ختم ہوگئی، مگر یہ سلسلہ اندر اندر چلتا رہا، ایک دن بارک پور کی چونتیسویں رجمنٹ کے ایک فوجی نے پریڈ کے وقت ''دین دین'' کا نعرہ لگاتے ہوئے اپنے ساتھیوں کو فرنگیوں کے خلاف جنگ پر اکسایا، سارجنٹ میجر موقع پر پہنچ گیا، اس فوجی نے اس پر گولی چلادی وہ بال بال بچ گیا، بغاوت کے آثار پا کر جنرل ہرسی موقع پر پہنچ گیا، حالات پر قابو پالیا گیا۔

''یہ دین دین'' کا نعرہ لگانے والا ایک برہمن تھا، ''منگل پانڈے'' ۶/اپریل کو منگل پانڈے پر مقدمہ شروع ہوا، ۷/کو پھانسی کی سزا تجویز کی گئی اور ۸/کو اسے پھانسی پر لٹکا دیا گیا، ۲۱/اپریل کو اس کے ایک ساتھی ایشوری پانڈے کو پھانسی دے دی گئی، اس کا جرم یہ تھا کہ منگل پانڈے جب فائر کی تیاری کررہا تھا اور ایشوری سے کہا گیا تھا کہ منگل پانڈے کو گرفتار کرلے تو ایشوری نے تعمیل میں لاپرواہی برتی تھی، جب دوبارہ اس کو حکم دیا گیا تو کہہ دیا، منگل پانڈے تو پاگل ہوگیا ہے۔

بارک پور کی خبریں کسی قدر مبالغہ کے ساتھ شمال ہند تک پہنچیں، اپریل ۱۸۵۷ء کے آخری ہفتہ میں میرٹھ میں ہندوستانی سپاہیوں نے بے چینی کا مظاہرہ کیا، میرٹھ میں انگریزی سپاہیوں کی ایک پوری رجمنٹ موجود تھی، اور یہاں کا توپ خانہ پورے ملک میں سب سے بہتر توپ خانہ تھا، اس لئے یہاں کے فوجی حکام مطمئن تھے، کہ یہاں کسی کو پر مارنے کی مجال نہ ہوگی، ۲۳/اپریل کو پریڈ کا حکم نافذ کیا گیا، ۲۴/کو دیسی فوج نے پریڈ کی، پریڈ کے بعد حوالدار میجر اور اس کے اردلی نے ان کارتوسوں کو چلایا جن کے متعلق خیال تھا کہ ان کے چلاتے وقت دانتوں سے کاٹنا پڑتا ہے، پریڈ ختم ہوئی، دیسی سپاہی اپنی بارکوں میں چلے گئے، اسی رات اردلی کے خیمہ کے خیمہ کو آگ لگادی گئی، اگلے دن دیسی سپاہیوں نے کارتوس لینے سے انکار کردیا، مگر انگیز افسروں کی طرف سے فہمائش کے بعد بظاہر ہر بات دب گئی مگر اندر اندر سلگتی رہی، ۶/مئی کو میرٹھ چھاؤنی میں پریڈ کرائی گئی، ہر ایک فوج سے پندرہ پندرہ آدمی منتخب کئے گئے، کل نوے آدمی پریڈ میں موجود تھے، کارتوسوں کی تقسیم کا حکم دیا گیا، پانچ کے سوا سب نے انکار کردیا، جن میں انچاس ۴۹ مسلمان تھے، اور ۳۶ غیر مسلم... ۹/مئی کو ان باغیوں کے خلاف بلند آواز سے دس دس سال قید بامشقت کی سزا سنائی گئی اور پھر فوراً ہی فوجی نشان چھین لئے گئے، ان کی وردیاں پشت کی طرف سے پھاڑ دی گئیں، اور ان کو ہتھکڑیوں میں جکڑ دیا گیا، اور ان پچاسی جوانوں کو پاپیادہ شہر کے جیل خانہ میں پہنچادیا گیا، مظلوموں کے اس جلوس نے بغاوت کے شعلوں کو ہوا دی، اور اس کی چنگاری دور دور

تک پہنچ گئی اوراس طرح دیکھتے دیکھتے ملک کے مختلف حصوں میں بالخصوص شمالی ہندوستان میں ہر طرف بغاوت کے شعلے بھڑکنے لگے، قصہ طویل ہے، خلاصہ یہ ہے کہ ہر طرف سے ایک آواز آئی تھی کہ دہلی چلو، اور ''خاندان تیموریہ'' کے ظل ہمایونی میں ایک منظم تحریک بنانے کا آغاز کرو، تاکہ غیرملکی سامراج سے ملک وملت کو آزادی دلائی جاسکے، ۳۱/مئی کی تاریخ متحدہ بغاوت کے لئے مقرر کی گئی، مگر کوئی مضبوط اور تجربہ کار سرپرست نہ ہونے کے سبب وقت سے قبل ہی مختلف علاقوں میں الگ الگ بغاوت کی آگ بھڑکنے لگی، اس طرح جو کام ایک وقت میں مکمل اجتماعی قوت کے ساتھ کرنے کا تھا وہ الگ الگ اور غیر مربوط طور پر سامنے آنے لگا، اور یہی سبب بنا تحریک آزادی کی ناکامی کا، انگریزوں کو سنبھلنے کا موقعہ ملا اور انھوں نے اپنی پوری فوجی طاقت اس بغاوت کو فرو کرنے کے لئے جھونک دی۔

دہلی میں انقلابیوں کی آمد:

غرض ۱۰/مئی ہی سے بغاوت کا آغاز ہوگیا، ہر طرف سے مجاہدوں نے طے کیا کہ جلد سے جلد دہلی پہنچیں حالانکہ دہلی میں فوج کی اتنی بڑی جمعیت تھی کہ باغیوں پر دہلی کے دروازے بند کرسکتی تھی، لیکن میرٹھ سے اطلاع ان کو دیر سے دی گئی، اور دہلی تار پہنچا تو دہلی کا ریزیڈنٹ سائمن فریٹر رینڈ پا نشہ میں ایسا بے خود تھا کہ تار کو بغیر پڑھے جیب میں رکھ کر سوگیا، مجاہدین کو کوئی رکاوٹ پیش نہیں آئی اور وہ بآسانی دہلی پہنچ گئے۔

حضرت مولانا محمد میاں صاحب نے دہلی میں انقلابی افواج کی آمد کی منظر کشی اس طرح کی ہے:

''۱۱/مئی ۱۸۵۷ء مطابق ۱۶/رمضان ۱۲۷۴ھ دوشنبہ کے دن صبح کے سہانے وقت جمنا کے ایک کنارے لال قلعہ سرخ وسپید پر جہاں، اور ان کے سنہرے کلس آفتابی کی کرنوں سے شوخیاں کررہے تھے، اور دوسرے کنارہ پر جوش وخروش سے دلرفتہ انقلابی فوج بے چینی سے گزرگاہ تلاش کررہی تھی۔''

اسی کنارہ پر پرمٹ کی چوکی تھی، باغی فوج نے اس میں آگ لگائی کلکٹر کو مارا، پھر کشتیوں کے پل پر پہنچے، محکمہ تار کا انگریز افسر جس کا نام ٹاڈ تھا، سامنے آیا، اس کو قتل کیا، کلکتہ دروازہ جو کشتیوں کے پل کے قریب تھا، (موجودہ ریلوے لائن سے شمال کی طرف) اس نے ان سرفروش انقلابیوں کے استقبال میں تامل کیا، تو سامنے راج گھاٹ کے کھلے دروازے نے اپنی طرف اشارہ کرکے داخلہ کی اجازت دے دی، پیادہ اور سواروں کی بھیڑ قلعہ معلیٰ کے جھروکوں کے نیچے سے گزرتی ہوئی آگے

بڑھی اور راج گھاٹ کے دروازے سے شہر میں داخل ہوئی، اب داخل ہونے والی فوج کے داہنے جانب قلعہ تھا، اور بائیں جانب کسی قدر فاصلہ سے دریا گنج، جہاں کچھ انگریزوں کے بنگلے تھے، فوج قلعہ کی طرف بڑھی، پھاٹک پر سنتری موجود تھے، مگر اشاروں ہی اشاروں میں ایسی باتیں ہوئیں کہ انقلابی فوج بلا مزاحمت قلعہ میں داخل ہوکر بادشاہ کے حضور میں پہنچ گئی۔ (علماء ہند کا شاندار ماضی ۹۱/۴)

انقلاب کے لئے بادشاہ کی شخصیت کا استعمال

بادشاہ کی حیثیت اس دور میں بظاہر برٹش گورنمنٹ کے ایک وظیفہ خوار سے زیادہ نہ تھی، اس کے پاس کوئی اختیار نہ تھا، لیکن بے معنی ہی سہی عوام میں اس کو جو اعتماد و وقار حاصل تھا وہ شاید پورے ملک میں کسی ایک شخص کو حاصل نہیں تھا، ہزار کمزوریوں کے باوجود بلاتفریق مذہب وملت لوگوں کو ایک نقطہ پر متحد کرنے کے لئے مغل بادشاہ کے نام کا سکہ جس طرح چل سکتا تھا پورے ہندوستان میں کوئی دوسرا ادارہ یا فرد اس شان کا موجود نہیں تھا، اس لئے مجاہدین نے بجا طور پر یہ فیصلہ کیا کہ اس تحریک کی سرپرستی کے لئے بادشاہ سے درخواست کی جائے، بادشاہ شروع میں گھبرایا، لیکن آخر اس کی رگوں میں خاندانِ تیمور کا خون گردش کررہا تھا، اس کے خاندان نے صدیوں اس ملک کی خدمت کی تھی، اور یہاں کے عوام کے ہر درد وغم کو اپنا درد وغم سمجھا تھا، بادشاہ نے مجاہدین کی درخواست پر تھوڑے دنوں کے بعد تحریک آزادی کی سرپرستی قبول کرلی۔

بادشاہ کی طرف سے مجاہدین کی حوصلہ افزائی کے بعد تحریک جہاد کو کافی فروغ ملا، اور ملک کے تمام حصوں میں یہ تحریک پوری قوت کے ساتھ پھیل گئی، ہر علاقے کے ہندو مسلمان انگریزوں کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے، یوپی اور بہار سے تلنگوں کی جماعت اس تحریک میں سب سے پیش پیش تھی، میرٹھ، مظفرنگر، سہارنپور، پنجاب، بنگال ہر طرف اس تحریک کے شعلے آسمان کو چھونے لگے، اور انگریزوں کے خلاف پورے ملک کی فضا ایسی خراب ہوگئی کہ ان کے لئے بظاہر اس ملک کی سرزمین تنگ ہوگئی، اگر اس تحریک کو مضبوط اور منظّم قیادت مل جاتی اور اس عوامی تحریکی قوت کو انگریزوں کے خلاف سلیقہ کے ساتھ استعمال کیا جاتا تو ۱۸۵۷ء ہی میں اس ملک سے انگریزوں کا خاتمہ ہوجاتا، لیکن افسوس ایک تو بادشاہ بہادر شاہ ظفر کی عمر کافی ہوچکی تھی، جس کی وجہ سے اس کی خوداعتمادی اور قوت فیصلہ کمزور ہوچکی تھی، دوسرے اس کے اردگرد ایسے نااہل، عافیت پسند اور بعض منافقین کی ایسی جماعت اکٹھی ہوگئی تھی، جو ایسی عظیم تحریک کی قیادت نہیں کرسکتے تھے، چنانچہ چار ماہ کی طاقتور جدوجہد کے بعد اس تحریک میں کمزوری کے آثار پیدا ہوئے، انگریزوں کا

دفاع منظّم اور منصوبہ بند تھا، وہ تو... خرید و فروخت کے اصول پر گامزن تھے، کتنے ہی ہندوستانی چند مفادات کے لئے انگریزوں کے وفادار ہوگئے، اچھے اچھے لوگوں سے اچھے مستقبل کی امید میں اس تحریک کے بجائے انگریزوں کا ساتھ دیا۔

بالآخر تحریک اس وقت بکھر کر رہ گئی اور ملک کی آزادی قریب ایک صدی کیلئے پیچھے ہوگئی۔

جہاد کا فتویٰ:

اس تحریک آزادی میں علماء اور مذہبی قائدین نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، بلکہ سچ یہ ہے کہ علماء کے فتوئ جہاد ہی کی بنا پر اس تحریک کو قوت ملی، اگر مذہبی جوش اور جہاد کا پاک جذبہ شامل نہ ہوتا تو انگریزوں کی مضبوط حکومت سے ٹکر لینے کی جسارت آسان بات نہ تھی، اس لئے اس تحریک کو تمام تر غذا علماء کے طبقہ سے ملی، اور عوام اور مجاہدین نے اس کو بڑھایا اور پھیلایا۔

سب سے پہلا فتویٰ جہاد ۱۸۵۷ء کی تحریک آزادی سے پچاس سال قبل حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے دیا تھا، جس میں کہا گیا تھا کہ:

اس اطراف میں اور یہاں سے لے کر کلکتہ تک نصاریٰ کا حکم جاری ہے، وہ بلا روک ٹوک جو کچھ چاہتے ہیں کرتے ہیں، عبادت گاہوں تک مسمار کرڈالتے ہیں، مذہب کا کوئی احترام ان کی نظر میں نہیں ہے۔ (فتاویٰ عزیزیہ، شاندار ماضی: ۱۶۴/۴)

اسی فتوی پر عمل کرتے ہوئے آپ کے مرید خاص اور اس تحریک کے سب سے بڑے علمبردار حضرت سید احمد شہید نے مہاراجہ گوالیار سے امداد کی اپیل کی تھی اور شکوہ کیا تھا کہ:

''بیگانگان بعید الوطن ملوک زمین وزماں گردیدہ وتاجران متاع فروش بپایۂ سلطنت رسیدہ''

یعنی سات سمندر پار کے اجنبی، زمین وزماں کے مالک بن گئے ہیں اور بیچنے والے سوداگر منصب حکومت تک پہنچ گئے ہیں۔ (علماء ہند کا شاندار ماضی: ۱۶۵/۴)

حضرت شاہ عبدالعزیز کا یہ فتویٰ پورے ملک میں مشہور اور متفق علیہ تھا۔

اسی لئے انگریزوں کی غلط حکمت عملی، توہین آمیز سلوک اور ملک کی مجموعی ابتری کے وقت جب تحریک جہاد شروع ہوئی تو کسی حلقے سے یہ سوال نہیں اٹھایا گیا کہ انگریزوں کے خلاف جہاد کرنا جائز ہے یا نہیں، ابھی تیس سال قبل ہی تو سید احمد شہید کی تحریک جہاد کا سلسلہ بالاکوٹ کی گھاٹیوں میں ختم ہوا تھا اور ابھی ان پہاڑوں کی چٹانوں سے ان شہدا کے خون کے نشانات مٹے بھی نہ تھے کہ ۱۸۵۷ء کی تحریک جہاد شروع ہوگئی، اس لئے بالاتفاق ہر طرف اس آواز کو قبولیت حاصل

ہوئی، اور ملک کے ہر حصے میں جہاد کے علمبر دار کھڑے ہوگئے، البتہ انگریزوں کے دوسرے بہت سے جنگی حربوں کی طرح جھوٹے فتووٴں کا حربہ بھی استعمال کیا اور عوام میں اس کے بالمقابل ایک دوسرے جھوٹے فتوے کا پروپیگنڈہ کیا گیا کہ:

''انگریز حاکمِ وقت ہے، مسلمان اس کی پناہ میں ہیں (مستامن ہیں) پس اطاعت واجب ہے اور غدر حرام'' (شاندار ماضی:۱۶۵)

حالانکہ یہ بالکل غلط بات تھی، انگریز نہ جائز حکمراں تھے اور نہ مسلمانوں نے کبھی ان کی حکومت کو بجان ودل قبول کیا تھا، وہ غاصب اور ظالم تھے، اور طاقت کی بدولت مسلمانوں کی حکومت چھین لی تھی، غاصبانہ حکومت کو جائز حکومت کبھی نہیں قرار دیا جاسکتا تھا، اور نہ ایسی حکومت کی حفاظت کے لئے کوشش کرنا درست تھا، مگر انگریزوں کا پروپیگنڈہ اتنا طاقتور تھا اور ان کے ذرائع ابلاغ اتنے وسیع اور مضبوط تھے کہ بہت سے مسلمان اور ہندوستانی لوگ اس دام میں آگئے۔

دوسری طرف انگریزوں کی جنگی طاقت کا رعب لوگوں پر اتنا زیادہ تھا اور ان کے مقابلے میں مسلمانوں کے وسائل حرب بہت محدود تھے، کہ جہاد ایک طرح سے احمقانہ خودکشی معلوم پڑتی تھی۔

تیسری طرف مسلمانوں میں قیادت کا ایسا زبردست خلا تھا، اور جو تھا اس میں اتنا انتشار تھا کہ شرائط جہاد کی تکمیل کا مسئلہ کھڑا ہوگیا تھا، کہ بغیر کسی امیر کے جہاد درست ہے یا نہیں؟

دہلی میں علماء کا اجتماع:

یہی وہ حالات تھے جن کی بنا پر ضرورت پڑی کہ دوبارہ علماء کا اجتماع بلایا جائے، اور اس مسئلہ کو پھر سے منقح کرلیا جائے کہ فی زمانہ جہاد کی شرعی اہمیت کیا ہے؟ مسلمانوں کے لئے انگریزوں کے خلاف جہاد کے لئے اٹھ کھڑا ہونا درست ہے یا نہیں؟ اور شرائط جہاد کی تکمیل ہورہی ہے یا نہیں؟

یہ نیک کام اللہ پاک نے جنرل بخت خاں کی آمد کے ذریعہ کرایا، جو سلطان پور لکھنؤ کا رہنے والا تھا، اور اودھ کے شاہی خاندان سے رشتہ داری رکھتا تھا، اس کے پیر ومرشد مولانا سرفراز علی خاں حضرت سید احمد شہید سے وابستہ تھے، بادشاہ سے جب اس کی ملاقات ہوئی اور بادشاہ کو اس کی صلاحیت کا اندازہ ہوا، تو بادشاہ نے اس کو تمام افواج کا سپہ سالارِ اعظم بنادیا، اور اس طرح حسن انتظام اور حسن عقیدہ کا جو خلا لال قلعہ میں پایا جاتا تھا، پُر ہوگیا، اب سوال صرف یہ رہ گیا کہ کیا ہمارے پاس دشمن سے مقابلہ کی طاقت ہے یا نہیں؟ بہت سے علماء کو اس باب میں شبہ تھا، دہلی میں مولانا محبوب علی صاحب اور تھانہ بھون میں شیخ محمد تھانویؒ وغیرہ کئی علماء اسی قسم کے تذبذب میں مبتلا تھے، جامع مسجد میں علماء کا ایک بڑا اجتماع بلایا گیا اور استفتا پیش کیا گیا، جس کی عبارت یہ تھی:

فتویٰ جہاد کی تجدید:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین؟ اس امر میں کہ اب جو انگریز دلی پر چڑھ آئے اور اہل اسلام کی جان و مال کا ارادہ رکھتے ہیں، اس صورت میں اب شہر والوں پر جہاد فرض ہے یا نہیں؟ اور اگر فرض ہے تو وہ فرض عین ہے یا نہیں؟ اور لوگ جو اور شہروں اور بستیوں والے ہیں ان کو بھی جہاد چاہیے یا نہیں؟ بیان کرو، اللہ تم کو جزائے خیر دے۔

جواب: درصورت مرقومہ فرض عین ہے، اور او پر تمام اس شہر کے لوگوں کے اور استطاعت ضرور ہے، اس کی فرضیت کے واسطے چنانچہ اب اس شہر والوں کو طاقت مقابلہ اور لڑائی کی ہے بسبب کثرت اجتماع افواج کے اور مہیا اور موجود ہونے آلات حرب کے تو فرض عین ہونے میں کیا شک رہا اور اطراف واحوال کے لوگوں پر جو دور ہیں باوجود خبر کے فرض کفایہ ہیں، ہاں اگر اس شہر کے لوگ باہر ہو جائیں مقابلے سے یا سستی کریں اور مقابلہ نہ کریں تو اس صورت میں ان پر بھی فرض ہو جاویگا اور اسی طرح اور اسی ترتیب سے سارے اہل زمین پر شرقاً اور غرباً فرض عین ہوگا، اور جو عدو اور بستیوں پر ہجوم اور قتل و غارت کا ارادہ کریں تو اس بستی والوں پر بھی فرض عین ہو جائے گا بشرط ان کی طاقت کے۔ (العبد المجیب احقر، نور جمال عفی عنہ)

اس فتویٰ پر درج ذیل علماء نے دستخط کئے اور مہریں لگائیں:

(۱) سید محمد نذیر حسین (۲) رحمت اللہ (۳) مفتی محمد صدر الدین (۴) مفتی اکرام الدین معروف سید رحمت علی (۵) محمد ضیاء الدین (۶) عبدالقادر (۷) فقیر احمد سعید احمدی (۸) محمد میر خاں (یا میر محمد یا میر خان محمد) (۹) محمد عبدالکریم (۱۰) فقیر سکندر علی (۱۱) محمد کریم اللہ (۱۲) مولوی عبدالغنی (۱۳) خادم العلماء محمد عبدالغنی (۱۴) فرید الدین (۱۵) محمد سرفراز علی (۱۶) سید محبوب علی جعفری (۱۷) ابو احمد محمد حامی الدین (۱۸) سید احمد علی (۱۹) الٰہی بخش (۲۰) محمد مصطفیٰ خاں ولد حیدر شاہ نقشبندی (۲۱) محمد انصار علی (۲۲) مولوی سعید الدین (۲۳) حفیظ اللہ خان (۲۴) محمد نور الحق عفی عنہ (۲۵) سراج العلماء ضیاء الفقہاء مفتی عدالت عالیہ محمد رحمت علی خاں (۲۶) واللہ الغنی وانتم الفقراء (۲۷) حیدر علی (۲۸) سیف الرحمٰن (۲۹) سید عبدالحمید عفی اللہ عنہ (۳۰) یا سید حافظ (۳۲) محمد امداد علی عفی عنہ (۳۳) خادم شریف رسول الیقین قاضی القضاۃ محمد علی حسین۔ اس فتویٰ کا عکس جو سوتنتر دہلی اور نوائے آزادی میں شائع ہوا ہے۔ (علماء ہند کا شاندار ماضی: ۴/۱۶۸-۱۶۹)

سوال و جواب کے پڑھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ علماء کے سامنے اصل مسئلہ یہ نہیں تھا کہ

انگریزوں سے جہاد جائز ہے یا نہیں، بلکہ اصل مسئلہ یہ تھا کہ اسلام نے مشروعیت جہاد کی جو شرطیں مقرر کی ہیں وہ پوری ہورہی ہیں یا نہیں؟

غلط بیانی:

بہت ہی افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ سرسیّد احمد خان اور منشی ذکاء اللہ نے اس فتویٰ اوراس کے پس منظر کی غلط ترجمانی کی ہے، علماء کے موقف کو مسخ کرنے کی کوشش کی ہے اور تحریک جہاد اور مجاہدین کی خلافِ واقعہ تصویر پیش کی ہے، سرسیّد صاحب کی مشہور کتاب ''اسباب بغاوت ہند'' سے دو اقتباسات پیش ہیں:

''اور یہ جو ہر ضلع میں پاجی اور جاہلوں کی طرف سے جہاد کا نام ہوا، اگر ہم اس کو جہاد ہی فرض کریں تو بھی اس کی سازش اصلاح قبل دسویں مئی ۱۸۵۷ء مطلق نہ تھی، غور کرنا چاہئے کہ اس زمانہ میں جن لوگوں نے جھنڈا جہاد کا بلند کیا، ایسے خراب اور بدرویہ اور بداطوار آدمی تھے کہ بجز شراب خوری اور تماش بینی اور ناچ ورنگ دیکھنے کے کچھ وظیفہ ان کا نہ تھا، بھلا یہ کیوں کر پیشوا اور مقتدا جہاد کے گنے جاسکتے تھے، اس ہنگامے میں کوئی بات بھی مذہب کے مطابق نہیں ہوگی۔

دہلی میں جو فتویٰ جہاد کا چھپا وہ ایک عمدہ دلیل جہاد کی سمجھی جاتی ہے، مگر میں نے تحقیق سے سنا ہے اوراس کے اثبات پر بہت دلیلیں ہیں، کہ وہ محض بے اصل ہے، میں نے سنا ہے کہ جب فوج نمک حرام میرٹھ سے دہلی میں گئی، تو کسی نے جہاد کے باب میں فتویٰ چاہا، سب نے فتویٰ دیا کہ جہاد نہیں ہوسکتا، اگر چہ اس سے پہلے فتویٰ کی میں نے نقل نہیں دیکھی ہے، مگر جب کہ وہ اصل فتویٰ معدوم ہے، تو میں اس نقل کو نہیں کہہ سکتا کہ وہ کہاں تک لائق اعتماد کے ہے، مگر جب بریلی کی فوج دہلی میں پہنچی اور دوبارہ فتویٰ ہوا، جو مشہور ہے اور جس میں جہاد کرنا واجب لکھا ہے، بلاشبہ اصل نہیں، چھاپنے والے اس فتویٰ کے نے جو ایک مفسد اور نہایت قدیمی بدذات آدمی تھا، جاہلوں کے بہکانے اور ورغلانے کو لوگوں کے نام لکھ کر اور چھاپ کر اس کو رونق دی تھی، بلکہ ایک آدھ مہر ایسے شخص کی چھاپ دی تھی جو قبل غدر مرچکا تھا، مگر مشہور ہے کہ چند آدمیوں نے فوج باغی بریلی اوراس کے مفسد ہمراہیوں کے جبر اور ظلم سے مہریں بھی کی تھیں۔'' (اسباب بغاوت ہند:۷-۱۰)

منشی ذکاءُ اللہ لکھتے ہیں:

''جب تک دہلی میں بخت خاں نہیں آیا، جہاد کے فتویٰ کا چرچا شہر میں بہت کم تھا، مساجد میں ممبروں پر جہاد کا وعظ کمتر ہوتا تھا، دلی کے مولوی اور اکثر مسلمان خاندان تیموریہ کو ایسا خولہ حبطہ

جانتے تھے کہ وہ ناممکن سمجھتے تھے کہ اس خاندان کی بادشاہی ہندوستان میں ہو مگر اس کے ساتھ جاہل مسلمانوں کو یہ یقین تھا کہ انگریزی سلطنت کے بدن میں یہ ایسا پھوڑا نکلا کہ وہ جانبر نہیں ہوگی۔"

یہ کام لچے شہدے مسلمانوں کا تھا کہ وہ جہاد جہاد پکارتے پھرتے تھے، مگر جب بخت خاں، جس کا نام اہل شہر نے کم بخت خاں، رکھا تھا، دلی میں آیا تو اس نے یہ فتویٰ لکھایا کہ مسلمانوں پر جہاد اس لئے فرض ہے کہ اگر کافروں کی فتح ہوگی تو وہ ان کے بیوی بچوں کو قتل کرڈالیں گے، اس نے جامع مسجد میں مولویوں کو جمع کرکے جہاد کے فتوے پر دستخط ومہریں ان کی کرالیں اور مفتی صدرالدین نے بھی ان کے جبر سے اپنی جعلی مہر کردی لیکن مولوی محبوب علی اور خواجہ ضیاء الدین نے فتویٰ پر مہریں نہیں کیں، اور بے باکانہ کہہ دیا تھا کہ شرائط جہاد موافق مذہب اہل اسلام موجود نہیں۔

اس فتویٰ کا اثر یہ تھا کہ جاہل مسلمانوں کا جوش مذہبی زیادہ ہوگیا، جن مولویوں نے فتویٰ پر مہریں کی تھیں، وہ کبھی پہاڑی پر انگریزوں سے لڑنے نہیں گئے، مولانا نذیر حسین جو وہابیوں کے مقتدا اور پیشوا تھے، ان کے گھر میں ایک میم چھپی بیٹھی تھی اس فتویٰ پر کچھ مہریں اصلی اور کچھ جعلی تھیں، ایک مولوی کی مہر تھی جو غدر سے پہلے قبر میں سو چکا تھا۔ (تاریخ عروج عہد انگلشیہ: ۶۷۵)

سرسید مرحوم اور مفتی ذکاء اللہ دونوں کے درج بالا بیانات غلط اور خلاف واقعہ ہیں، اصل واقعہ وہی ہے جو اوپر مذکور ہوا، حضرت مولانا محمد میاں صاحب نے ان دونوں حضرات کے بیانات کا احتساب کرکے ان کو غلط ثابت کیا ہے۔ (ملاحظہ ہو علماء ہند کا شاندار ماضی: ۱۶۴/۴-۱۷۵)

"ایک طرف علماء کے فتویٰ سے مسلمانوں میں جذبۂ حریت پیدا ہوا، تو دوسری طرف پنڈتوں نے بھی ہندوؤں میں انگریزوں کے خلاف نفرت کا ماحول بنایا، منشی ذکاء اللہ خان کا بیان ہے:

ہندوؤں کے پنڈت، مسلمانوں کے مولویوں کی نسبت انگریزوں سے عداوت کرنے میں کچھ کم نہیں تھے، کئی دفعہ انھوں نے پتروں کو دیکھ بھال کر لڑنے کی شبھ مہورت نکال کر تلنگوں کو بتلائے اور ان کو یقین دلایا کہ ان میں اگر لڑنے جاؤ گے تو فتح پاؤ گے، ایک عجیب تماشا چاندی چوک اور بازاروں میں یہ دیکھنے میں آتا تھا کہ پنڈتوں کے ہاتھ میں پوتھیاں ہیں اور وہ ہندوؤں کو دھرم شاستروں کے احکام سنا رہے ہیں کہ انگریز ملکشوں سے لڑنا چاہئے، جب لڑائیوں میں تلنگوں کی لاشیں چارپائیوں پر ان کے سامنے آئیں تو وہ ہندوؤں کو اپدیش دیتے کہ ان سرگ باشیوں کی طرح سرگ میں چلے جاؤ، جن کے لئے نہ ارتھی کی ضرورت تھی نہ کرم کریا کی۔ (تاریخ عروج عہد انگلشیہ: ۶۷۶)

مگر اس جنگ میں ہندوؤں کی تعداد مسلمانوں سے کم تھی، جب کہ ملک میں ان کی تعداد زیادہ تھی، مگر یہ جنگ مسلمان لڑ رہے تھے، ملک ان کے ہاتھوں سے چھینا گیا تھا، اس لئے قدرتی طور پر ان

میں زیادہ طبقہ تھا، ہندو تو پہلے بھی عام شہری تھے اور اب بھی تھے، ان کا کچھ زیادہ نقصان نہیں تھا۔

اس موقع پر مسلم شعراء نے بھی جہاد کی اسپرٹ پیدا کرنے میں نمایاں حصہ لیا، اس دور میں حضرت مولانا لیاقت علی صاحب کی یہ چھوٹی سی نظم کافی مشہور ہوئی تھی:

واسطے دین کے لڑنا نہ پئے طمع بلاد
اہل اسلام اسے شرع میں کہتے ہیں جہاد

مال و اولاد اور گھر کی محبت چھوڑو
راہِ مولیٰ میں خوشی ہو کے شتابی دوڑو

گر پھرے جیتے تو گھر بار میں پھر آؤ گے
اور گئے مارے تو جنت کو چلے جاؤ گے

(تاریخ بغاوت ہند: ۳۰۰، بحوالہ شاندار ماضی: ۴/ ۱۹۷)

غرض تمام اسلامی جنگوں کی طرح مسلمانوں نے اور بالخصوص علماء نے اس جنگ میں سب سے زیادہ نمایاں حصہ لیا ہے۔

اب ان چند علماء کا تذکرہ کیا جارہا ہے، جو ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں صف اوّل میں نظر آتے ہیں، یوں گمنام مجاہدین اور شہدا کی تعداد ہزاروں اور لاکھوں سے متجاوز ہوگی، جن کا علم رب العالمین کے سوا دنیا میں کسی کو نہیں ہے، اور جن کو شایان شان اجر مالک یوم الدین کے سوا کوئی نہیں دے سکتا ہے۔

حضرت مولانا مفتی صدرالدین خاں کشمیری آزردہؔ

والد ماجد کا نام مولانا لطف اللہ کشمیری ہے، حدیث کی اجازت شاہ محمد اسحاق دہلوی سے ملی، علوم عقلیہ مولوی فضل امام خیرآبادی سے پڑھے، تمام علوم وفنون میں یگانۂ روزگار تھے، ایام جنگ میں آپ دہلی میں صدرالصدور کے عہدہ پر فائز تھے، آپ ان مخصوص علماء وزعماء میں ہیں جنھوں نے جامع مسجد میں ہونے والے فقہی اجتماع کے فتویٔ جہاد پر دستخط کئے تھے، آپ کے مکان پر بادشاہ کے علاوہ تمام اکابر واعیان اور علماء وشعراء حاضری دیتے تھے، ہر وقت دربار کا سماں رہتا تھا، فصاحت وبلاغت اور اخلاق واحسان میں بے نظیر تھے، ۱۸۵۷ء کی جنگ میں آپ کی آنکھ سخت زخمی ہوگئی، روزگار جاتا رہا، املاک وجائداد جو تیس سال کی ملازمت سے حاصل کی تھی ضبط کرلی گئی، کئی ماہ جیل کی سلاخوں کے پیچھے گزارے، رہائی ملی، تو لاہور چلے گئے، پھر دہلی میں اپنی جائداد کی واپسی کی کوشش کی تو جائداد غیرمنقولہ واپس مل سکی، بستی حضرت نظام الدین میں کچھ دن رہے، پھر اپنی حویلی میں خلوت نشیں ہوگئے۔

شروع میں مفتی صاحب کے انگریزی حکومت سے بڑے اچھے تعلقات تھے، اسی لئے بڑے اونچے مناصب پر فائز رہے، لیکن جب یہ تحریک جہاد شروع ہوئی تو اس کے بھی بنیادی رکن قرار پائے۔

انقلاب ۱۸۵۷ء کے بعد مفتی صاحب کا ایک اہم کارنامہ قابل ذکر ہے، کہ انقلاب کے موقعہ پر دہلی کی جامع مسجد پر انگریزوں نے قبضہ کرلیا تھا، دو سال تک ان کا قبضہ برقرار رہا، اور یہ عظیم الشان مسجد سجدوں سے محروم رہی، مفتی صاحب نے شاہی خاندان کے ایک فرد مسند الٰہی بخش اور دیگر علماء دین شہر کے ساتھ مسجد کی واگزاشت کی کوشش کی، چنانچہ گورنمنٹ نے یہ مسجد مسلمانوں کے حوالہ کی، اور اکابر شہر کی ایک مختصر سی انتظامیہ کمیٹی بنادی گئی، اس کمیٹی میں مفتی صاحب اور مولانا اکرام اللہ خان بھی شامل تھے۔ (غدر کے چند علماء، از مفتی انتظام اللہ شہابی: ۸۳)

آخر عمر میں ایک دو سال فالج میں مبتلا رہے، اکیاسی (۸۱) سال کی عمر میں یوم پنجشنبہ ۲۴؍ربیع الاوّل ۱۲۸۵ھ میں انتقال فرمایا۔ (حدائق الحنفیہ: ۴۸۲)

نواب مصطفی خان شیفتہ

والد کا نام نوب مرتضیٰ خان بہادر، دہلی میں ۱۸۰۶ء میں پیدا ہوئے، عظیم الدولہ، اور ''سرفراز ملک'' آپ کے خطابات تھے، ''شیفتہ'' تخلص کرتے تھے، بقول سرسید ''علمی قابلیت میں بدر منیر، اور ماہ تاباں، تقوی، طہارت اور خداپرستی میں زاہد شب زندہ دار تھے'' دہلی کے کامل فن اساتذہ سے عربی اور فارسی کی تکمیل کی، مولانا حاجی نور محمد صاحب دہلوی سے حدیث وقرأت کی کتابیں پڑھیں۔ شعروشاعری میں مومن خاں مومنؔ کے شاگرد ہیں۔

مجددی نقشبندی سلسلہ میں بیعت تھے، بڑے پابند شرع اور منکرات سے بچنے والے، آپ کے زمانہ میں نواب اور رئیس تو کیا مشائخ کے یہاں بھی سماع اور قوالی کا رواج تھا، مگر آپ کی احتیاط کا عالم یہ تھا کہ ترنم کے ساتھ اشعار سننا بھی پسند نہیں کرتے تھے، خود آپ کا قول ہے:

ڈر ہے کہ نہ ہو شوق مزامیر شیفتہؔ
ورنہ کبھی سماعِ مجرد سنا کروں

۱۸۵۷ء کے انقلاب میں آپ پیش پیش تھے، اس سلسلے میں نواب ولی داد خاں رئیس مالا گڈھ سے وابستہ تھے، بادشاہ سے خط وکتابت کا کام آپ ہی کے سپرد تھا، تحریک ناکام ہوئی تو آپ گرفتار کرلئے گئے، مگر رعایت یہ ہوئی کہ سات سال قید کی سزا ہوئی، پھر نواب صدیق حسن خاں والی بھوپال کی جان توڑ کوششوں کے نتیجے میں قید سے رہائی ملی، لیکن وظائف سرکاری بند اور ذاتی جائداد کا نصف حصہ بھی ضبط کرلیا گیا۔

ذیابیطس کا عارضہ تھا، آخر میں سرطان میں بھی مبتلا ہوگئے تھے، بڑی تکلیفیں جھیلنے کے بعد ترسٹھ سال کی عمر میں ۱۸۶۹ء میں انتقال فرمایا، اور درگاہ حضرت نظام الدین میں مدفون ہوئے۔

(شاندار ماضی: ۲۳۲/۴-۲۳۵)

مولانا امام بخش صہبائی شہید

والد کا نام مولانا محمد بخش تھانیسری تھا، سلسلۂ نسب والد کی طرف سے حضرت فاروق اعظم سے اور والدہ کی طرف سے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی سے ملتا ہے، دلی کالج میں فارسی کے مدرس تھے، خطاطی میں یدطولیٰ رکھتے تھے، ان کے ہاتھ کے لکھے ہوئے حرف سونے چاندی کے عوض خریدے جاتے تھے، وہ بھکاری فقیروں کو ایک حرف لکھ کردے دیتے تھے جو ایک روپیہ کے نوٹ کی طرح ہر جگہ ایک روپیہ کا بکتا تھا۔ دلی کے کوچۂ چیلان میں قیام تھا، اسی محلّہ میں حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی اور حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کا گھرانا بھی آباد تھا، سرسید خان کا گھر بھی اسی محلّہ میں تھا، مولانا مملوک علی نانوتوی نے بھی اسی محلّہ میں مکان لیا تھا، مولانا قاسم نانوتوی کا قیام دہلی بھی اسی محلّہ میں تھا، بعد کے دور میں مولانا مفتی کفایت اللہ اور سحبان الہند مولانا احمد سعید دہلوی بھی اسی محلّہ میں رہتے تھے، غرض یہ ایک تاریخی محلّہ تھا، اسی لئے دہلی میں سب سے زیادہ مصیبت اسی محلّہ کے باشیوں پر آئی، پورے محلّہ کے تمام مردوں کو قتل کردیا گیا یا گرفتار کرکے حاکم کے حکم سے دریا کے کنارے ان کو گولیوں سے بھون دیا گیا، مولانا صہبائی انہی گرفتار شدہ شہیدوں میں ہیں، جن کا خون دریا کی ریت میں جذب ہوگیا، مولانا کے خاندان کے اکیس افراد اس دن شہید کئے گئے، مولانا صہبائی کی شہادت کوئی معمولی بات نہیں تھی، جب یہ خبر آپ کے ہم عصر مفتی صدرالدین آزردہ کو ملی تو بے ساختہ ان کی زبان سے یہ شعر نکلا

کیوں کر آزردہ نکل جائے نہ سودائی ہو
قتل اس طرح سے بے جرم جو صہبائی ہو

دہلی کے اتنے علماء اور اہل کمال شہید ہوئے کہ علامہ حالی نے اس کو ''دہلی مرحوم'' کا نام دے دیا تھا، حالی نے ایک پورا مرثیہ ہی دہلی کا لکھ ڈالا، چند اشعار پیش ہیں:

تذکرہ دہلی مرحوم کا اے دوس نہ چھیڑ
نہ سنا جائے گا ہم سے یہ فسانہ ہرگز

کبھی اے علم و ہنر گھر تھا تمہارا دلی
ہم کو بھولے ہو تو گھر بھول نہ جانا ہرگز

چپہ چپہ پہ ہیں یہاں گوہر یکتا تہ خاک
دفن ہوگا کہیں اتنا نہ خزانہ ہرگز
غالبؔ و شیفتہؔ نیرؔ و آزردہؔ و ذوقؔ
اب دکھائے گا یہ شکلیں نہ زمانہ ہرگز
مومنؔ و علویؔ و صہبائی ومنونؔ کے بعد
شعر کا نام نہ لے گا کوئی دانا ہرگز
بزم ماتم تو نہیں ، بزم سخن ہے حالیؔ
ہاں مناسب نہیں رو رو کے رلانا ہرگز

اور یہ معاملہ صرف دہلی تک ہی محدود نہ تھا، پورا ملک اس جذبہ آزادی سے سرشار تھا، اور ہر علاقہ کے مسلمان اہل علم اور اصحاب کمال بڑھ چڑھ کر اس میں حصہ لیتے تھے۔

مولانا رحمت اللہ کیرانوی

والد ماجد کا نام مولانا نجیب اللہ ہے، والد صاحب میرٹھ میں میر منشی کا کام کرتے تھے، اجداد کا اصل وطن پانی پت تھا، ۱۲۳۳ھ مطابق ۱۸۱۸ء میں پیدا ہوئے، ابتدائی تعلیم کیرانہ میں حاصل کی، پھر دہلی گئے، لال قلعہ کے پاس مولانا محمد حیات کے مدرسہ میں داخل ہوئے، اور تعلیم کی تکمیل کی، ۲۴؍رمضان ۱۳۰۸ھ مطابق ۲؍مئی ۱۸۹۱ء کو مدینہ منورہ میں وفات پائی، اور وہیں مدفون ہوئے۔

مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ کے بارے میں منشی ذکاء اللہ نے لکھا ہے:

سب سے اول مولوی رحمت اللہ کیرانہ سے اس ٹوہ میں آئے کہ دہلی میں جہاد کی کیا صورت ہے؟ وہ بڑے عالم فاضل تھے، عیسائی مذہب کے رد میں صاحب تصنیف تھے، وہ قلعہ کے پاس مولوی محمد حیات کی مسجد میں اترے، اس دانش مند مولوی کے نزدیک دہلی میں جہاد کی کوئی صورت نہ تھی، بلکہ ایک ہنگامہ فساد برپا تھا، وہ پھر کر اپنے وطن چلا گیا۔ (تاریخ عہد عروج انگلشیہ)

مگر یہ منشی جی کی غلط بیانی ہے، گرشتہ صفحات میں علماء کے جس فتویٰ کا ہم نے تذکرہ کیا ہے، اس پر ایک دستخط محمد رحمت اللہ کے بھی ہیں، زیادہ قرین قیاس یہ ہے کہ مولانا رحمت اللہ کیرانوی ہی ہیں، اس لئے کہ اس دور میں اتنے بڑے علمی اجتماع میں آپ سے زیادہ بہتر نمائندگی کرنے والا اور شہرت رکھنے والا اس نام کا اور کوئی عالم نہیں ملتا۔

مولانا محمد میاں صاحب نے شاندار ماضی میں مولانا کیرانویؒ کے پڑپوتے مولانا عارف الاسلام کے مضمون کا ذکر کیا ہے، جس میں مولانا کی شرکت جہاد کی پوری تفصیل ذکر کی گئی ہے،

خلاصۂ مضمون یہ ہے کہ مولانا نے اپنی جدوجہد کا مرکز کیرانہ ہی کو بنایا اور وہیں سے جہادی کام کا آغاز کیا، دراصل ہندوستان کے مختلف علاقوں میں پھیلی ہوئی یہ ساری سرگرمیاں دہلی سے مربوط تھیں اور بادشاہ تیمور کی سرپرستی اور مولانا سرفراز علی اور جنرل بخت کی زیرنگرانی انجام پارہی تھیں، مگر چوں کہ اس وقت کے قانون کے مطابق یہ بغاوت تھی، اس لئے یہ تمام سرگرمیاں باہم مربوط ہونے کے باوجود منتشر دکھائی پڑتی ہیں، ان میں کچھ وسائل کی کمی کا بھی دخل تھا، سرکار کی ناتجربہ کاری اور ناپختہ کاری کا بھی اور کچھ دشمنوں کی عیاری وچالاکی کا بھی اور غالباً اسی وجہ سے اتنی بڑی عظیم الشان تحریک چندماہ کے اندر ہی دم توڑ بیٹھی، تحریک کی ناکامی کے بعد جب گرفتاریاں شروع ہوئیں تو مولانا کے نام بھی وارنٹ جاری ہوا، مولانا بچتے بچاتے پنج سیٹھ کے مکھیا کے یہاں روپوش ہوئے، حکومت کو اطلاع ہوئی تو پوری فوج ادھر چل پڑی، مولانا مکھیا کے مشورہ پر کھرپا، لے کر گاؤں سے باہر کھیت میں گھاس کاٹنے بیٹھ گئے، فوج مولانا کے پاس سے گزری پورے گاؤں کا محاصرہ کرلیا گیا، مکھیا گرفتار ہوا، مگر آپ دستیاب نہ ہوسکے، آپ کو مفرور باغی قرار دے کر گرفتاری پر ایک ہزار روپے کے انعام کا اعلان ہوا۔

مولانا نے اپنا نام مصلح الدین بدل کر پاپیادہ دہلی کے لئے روانہ ہوئے، پھر دہلی سے جے پور اور جودھ پور کے مہیب ریگستان کو پیدل عبور کرتے ہوئے بندرگاہ سورت پہنچے، اس زمانہ میں سورت بندرگاہ سے بھی جہاز کا سفر آسان نہ تھا، بادبانی جہاز سال بھر میں صرف ایک مرتبہ ہوا کی موافقت کے زمانے میں سورت سے روانہ ہوتا اور اسی طرح جدہ سے آتا تھا، مولانا کسی طرح جدہ اور پھر مکہ مکرمہ پہنچ گئے، آپ اور آپ کے خاندان کی ساری جائداد جو لاکھوں کی تھی، ضبط کرکے چند کوڑیوں میں نیلام کردی گئی، مولانا نے مکہ مکرمہ میں مدرسہ صولتیہ کی بنیاد ڈالی، جو آپ کی نہایت عظیم الشان یادگار ہے، فرحم اللہ رحمۃ واسعۃ۔

ڈاکٹر وزیر خاں

آپ کے خاندانی حالات کا پتہ نہیں، صرف اس قدر معلوم ہے کہ وہ بہار کے رہنے والے تھے، یورپ کا سفر کیا تھا، انگریزی کے علاوہ یونانی اور عربی زبانوں میں بھی کافی درک رکھتے تھے، یورپ سے واپس آکر آگرہ میں مستقل سکونت اختیار کرلی تھی، تاج محل کے قریب محلّہ کا غذیان میں آپ کی سکونت تھی، یہیں حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانوی سے تعارف ہوا اور ذہنی وفکری ہم آہنگی نے دونوں عظیم ہستیوں کو انگریزوں کے مدمقابل لا کھڑا کیا، رجب ۱۲۷۲ھ مطابق مارچ ۱۸۵۶ء کا مناظرہ کافی مشہور ہے، پورے ملک میں اس تاریخی مناظرہ کی دھوم مچی تھی، پادری

فنڈر جو یورپ سے آیا تھا، کی بدترین شکست اسی مناظرہ میں ہوئی، جس کے بعد فنڈر کے لئے ہندوستان میں منہ دکھانا مشکل ہوگیا، وہ یہاں سے فرار ہوکر قسطنطنیہ چلا گیا، فنڈر کو شکست دینے والے مولانا رحمت اللہ کیرانوی، اور آپ کے رفیق خاص یہی ڈاکٹر وزیر خان ہیں، اور یہ عجیب اتفاق ہے کہ جب فنڈر نے ترکی میں مسلمانوں کو چیلنج دیا، تو سلطان ترکی نے مکہ معظّمہ سے اس کا مقابلہ کرنے کے لئے جن شخصیتوں کا انتخاب کیا وہ مولانا رحمت اللہ کیرانوی اور ڈاکٹر وزیر علی خان ہی تھے، جو اس سے قبل ہجرت کرکے مکہ معظّمہ پہنچ چکے تھے۔

ڈاکٹر وزیر خان ۱۸۵۷ء کے انقلاب میں دہلی میں تھے، بہادر شاہ ظفر اور جنرل بخت خاں کی طرف سے آپ کو جنگی خدمات بھی سپرد کی گئی تھی، جنرل بخت خاں نے آپ کو لارڈ آف آگرہ بھی بنا دیا تھا، پھر جنرل بخت خاں کے ساتھ آپ لکھنؤ تشریف لے گئے، پھر جب ہر طرف ناکامی ہوئی تو چھپتے چھپاتے آپ مکہ معظّمہ پہنچ گئے، اور یہاں ڈاکٹری شروع کردی، جس میں آپ کی بڑی شہرت ہوئی، اور یہی آپ کی حفاظت کا ذریعہ بھی بنی، جس کی تفصیل مولانا محمد میاں صاحب نے شاندار ماضی میں اس طرح بیان کی ہے۔

کسی بدوی شیخ کی بیوی بیمار ہوئی، مرض لاعلاج تھا، اطباء مایوس ہوچکے تھے، بدوی رئیس نے سب سے مایوس ہوکر ڈاکٹر صاحب سے رجوع کیا، ڈاکٹر صاحب کے علاج سے اللہ تعالیٰ نے مریضہ کو شفا بخشی، یہ بدوی شیخ ڈاکٹر صاحب کا بہت ممنون ہوا، کچھ عرصہ بعد حکومتِ برطانیہ نے حکومت ترکیہ سے گفتگو کرکے ڈاکٹر صاحب کی حوالگی کی پروانہ حاصل کرلیا، جب بدوی سردار کو علم ہوا تو اس نے شریف مکہ کے پاس پیغام پہنچایا کہ ڈاکٹر وزیر خان میری امان میں ہیں، جب تک میرے قبیلے کے بیس ہزار (۲۰۰۰۰) افراد کٹ نہ جائیں گے، ڈاکٹر وزیر صاحب کو حوالہ نہیں کیا جاسکتا، شریف مکہ نے یہ رپورٹ حکومت ترکیہ کو پیش کردی، باب عالی (مرکزی حکومتِ ترکیہ) نے یہ پروانہ منسوخ کردیا۔ (ایسٹ انڈیا کمپنی اور باغی علماء، علماء ہند کا شاندار ماضی: ۴/۳۱۳)

حضرت حاجی امداد اللہ ”مہاجر مکی“

آپ کی ولادت تھانہ بھون میں ۲۳/صفر ۱۲۳۳ھ مطابق ۳/جنوری ۱۸۱۸ء میں ہوئی، تاریخ وفات ۱۳/جمادی الاول ۱۳۱۷ھ ہے، والدین نے آپ کا نام ”امداد حسین“ رکھا تھا، ۲۷/سال کی عمر میں جب حج بیت اللہ کو تشریف لے گئے، تو حضرت مولانا شاہ محمد اسحاق صاحب نے آپ کا نام بدل کر ”امداد اللہ“ رکھ دیا۔

حاجی امداد اللہ کسی ایک فرد کا نہیں بلکہ ایک پورے عہد کا نام ہے، ۱۸۵۷ء کی اس تحریک

میں آپ کا زبردست حصہ ہے، جس کی مختصر تفصیل یہ ہے کہ انگریزوں کے مظالم کا سلسلہ تو پورے ملک میں برسوں سے جاری تھا، اور ہر جگہ انگریزوں کے خلاف ہر چھوٹی بڑی تحریک کو کچلا جارہا تھا، اسی دوران تھانہ بھون کے رئیس قاضی عنایت علی کے بھائی کا قصہ پیش آگیا، وہ ہاتھی خریدنے کے لئے سہارنپور تشریف لے گئے، کسی نے مخبری کردی اور مسٹر سپینکی (Spankie) مجسٹریٹ سہارنپور نے ان کو گرفتار کرکے پھانسی پر لٹکوادیا، قصہ طویل ہے تفصیل کتابوں میں مذکور ہے۔

(علماء ہند کا شاندار ماضی: ۴/۲۶۹-۲۷۰)

اس واقعہ سے پورے علاقے میں انگریزوں سے نفرت کی آگ جو پہلے سے دبی دبی سی تھی اچانک بھڑک اٹھی دہلی، میرٹھ اور دیگر علاقوں میں تحریک جہاد شروع ہوچکی تھی، اس مقامی واقعہ نے اس علاقہ میں بھی اس کے اسباب پیدا کردیئے، حضرت حاجی امداداللہ کی تحریک جہاد بھی اسی کا ایک حصہ ہے، تھانہ بھون میں ایک اجتماع بلایا گیا، جس میں حضرت حاجی صاحب کے علاوہ حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی، حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی، حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانوی، حضرت مولانا حافظ ضامن شہید، حضرت مولانا منیر نانوتوی، حضرت مولانا شیخ محمد تھانوی، اور بہت سے علماء شریک ہوئے، مسئلہ زیر بحث یہ نہیں تھا کہ انگریزوں کے خلاف جہاد جائز ہے یا نہیں، بلکہ اصل مسئلہ یہ درپیش تھا کہ موجودہ حالات میں موجودہ وسائل کے ساتھ جہاد کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ اسلام کے مطابق شرائط جہاد موجود ہیں یا نہیں؟ اس سلسلے میں معلوم حد تک صرف حضرت مولانا محبوب علی اور حضرت مولانا شیخ محمد تھانوی کو تذبذب تھا، حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی اور حضرت مولانا شیخ محمد تھانوی کا مکالمہ دیوبند سے متعلق اکثر کتابوں میں مذکور ہے، حضرت شیخ محمد تھانوی جو حضرت حاجی امداداللہ کے پیر بھائی تھے، ان کو بنیادی طور پر دو اعتراض تھے۔

ایک تو یہ کہ ہمارے پاس وسائل نہیں ہیں، دوسرے ہمارے پاس امارت نہیں ہے، جس کی نگرانی میں یہ کام کیا جائے، حضرت مولانا نانوتوی نے دونوں باتوں کا جواب دیا، کہ کیا ہمارے پاس بدر سے بھی کم وسائل ہیں؟ اور جہاں تک امارت کا مسئلہ ہے تو حضرت حاجی امداداللہ مہاجر مکی کے ہاتھ پر بیعت کرلی جائے، اور ایک علاقائی امارت قائم کرلی جائے، اس پر حضرت مولانا شیخ محمد تھانوی خاموش ہوگئے اور ایک امارت قائم ہوگئی، امارت قائم ہونے کے بعد پہلے حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانوی کو حالات کے جائزہ کے لئے بھیجا گیا، دہلی مرکز سے رابطہ کرنے کے لئے نواب شبیر علی مرادآبادی کو جو بادشاہ ظفر کے مقربین اور بے تکلف مصاحبین میں تھے، دہلی بھیجا گیا، ظاہر ہے کہ دہلی خبر کرنے کا مقصد اس کے سوا کیا ہوسکتا ہے کہ اس مقامی امارت کو مرکز کے اتحاد سے

جوڑا جائے، اس سلسلے میں حلقۂ دیوبند کی مختلف کتابوں میں مختلف توجیہات کی گئی ہیں، لیکن ان حالات میں یہ بالکل واضح سی بات ہے کہ دہلی میں بادشاہ کی سرپرستی میں جو مرکزی امارت قائم ہوئی تھی، اس کا مقصد یہ تھا کہ اس مقامی امارت کو اس مرکزی امارت سے جوڑا جائے، تاکہ شرائط جہاد کی تکمیل ہوسکے، اور متحدہ قوت بنائی جائے، اور غالبًا اسی چیز کی پیروی بعد کے ادوار میں حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندی نے کی تھی، انھوں نے بھی اپنی تحریک آزادی کے لئے افغانستان اور ترکی سے رابطہ کرنے کی کوشش کی تھی، جس کا قصہ بہت مشہور ہے۔

مقامی امارت کو دہلی کی مرکزی امارت سے مربوط کرنے کے بعد تھانہ بھون سے کارروائی کا آغاز کیا گیا، حضرت حاجی صاحب امیر، حضرت مولانا قاسم نانوتوی سپہ سالارِ افواج، حضرت مولانا گنگوہی کو قاضی اور دیگر حضرات کو بعض دیگر ذمہ داریاں دی گئیں، اور پھر انگریزوں کے خلاف باقاعدہ مہم شروع ہوئی، سہارن پور سے ایک انگریزی پلٹن شاملی آرہی تھی، جس میں توپخانہ اور جنگ کا بھاری ساز وسامان تھا، حضرت مولانا گنگوہی کی قیادت میں ایک فوجی دستہ روانہ ہوا، اور انگریزی پلٹن پر کامیاب چھاپہ ماری کی گئی، اور سارا ساز وسامان ضبط کرلیا گیا، پھر شاملی کا قلعہ فتح کیا گیا، لیکن اس کے بعد دہلی کی ناکامی کے بعد یہاں کا محاذ بھی ٹوٹ گیا، سارا قافلۂ جہاد منتشر ہوگیا، اور مجاہدین کے خلاف پکڑ دھکڑ شروع ہوگئی، حضرت مولانا گنگوہی گرفتار ہوئے، اور چھ ماہ جیل کی تکلیف اٹھائی، باقی حضرات روپوش رہے، حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی تو امیر جماعت ہی تھے، آپ تھانہ بھون سے نکل کر مختلف مقامات پر روپوش رہے، کچھ دنوں پنجلاسہ ضلع انبالہ کے رئیس راؤ عبداللہ خان کے یہاں مقیم رہے، اس کے اصطبل کے ایک چھوٹے سے کمرہ میں قیام تھا، انگریزوں کو خبر ہوگئی، تلاشی ہوئی، مگر حضرت کی کرامت کہ آپ ان دشمنوں کی نگاہ سے محفوظ رہے، قصہ بہت مشہور ہے، کچھ دنوں گڑھی پختہ ضلع سہارنپور میں روپوش رہے، یہاں بھی کرامت کا واقعہ پیش آیا، آخر ۱۲۷۶ھ میں ہجرت فرمائی، اور سندھ کے راستے سے کراچی پہنچے اور بحری جہاز سے مکہ معظّمہ کے لئے روانہ ہوگئے، اور پھر وہاں سے آپ نے وہ عظیم الشان کام انجام دیئے جن کے فیوض آج تک جاری ہیں۔

حجة الاسلام مولانا محمد قاسم نانوتوی

حضرت نانوتوی اس انقلاب میں سب سے پیش پیش تھے، آپ کی شجاعت وبصیرت کے بہت سے واقعات مشہور ہیں، تحریک کی ناکامی کے بعد آپ کے نام بھی وارنٹ جاری ہوا، دوست احباب نے آپ کو روپوش ہوجانے کا مشورہ دیا اور ایک علیحدہ جگہ آپ کو پہنچادیا، مگر تین روز کے

بعد آپ باہر چلے آئے اور فرمایا کہ غارثور میں حضور ﷺ صرف تین دن ہی روپوش رہے تھے، اس سے سنت پوری ہوگئی، اس کے بعد آپ کبھی روپوش نہیں رہے، دوستوں نے لاکھ کہا، مگر آپ آزاد رہے، مگر خدائی حفاظت اور آپ کی حکمت عملی کی آپ دشمنوں کی دسترس سے ہمیشہ محفوظ رہے۔

ایک بار چھتہ کی مسجد میں تھے کہ پولیس پہنچ گئی، آپ نے جوتیاں اٹھائیں اور باہر نکلنے لگے، کپتان پولیس نے خود آپ سے پوچھا، مولانا محمد قاسم کہاں ہیں؟ آپ ایک قدم اور آگے بڑھے اور پیچھے کی طرف اشارہ کرکے فرمایا ابھی یہاں تھے، اور یہ کہہ کر مسجد شاہ عزالدین کی طرف چلے گئے، پولیس اندر گئی تو وہاں کوئی موجود نہیں تھا۔ (سوانح قاسمی: ۲/۱۷۷)

حضرت خفیہ طور پر اپنے شیخ حضرت حاجی صاحب سے بھی ملتے رہے، حضرت نانوتوی اپنے شیخ کی طرح ہجرت کرنا چاہتے تھے مگر حضرت حاجی صاحب نے آپ کو روک دیا، نہیں، آپ کو ہندوستان ہی میں رہنا ہے، پھر اللہ نے آپ کے ذریعہ دارالعلوم دیوبند قائم کرایا، جس سے ہندوستان میں اشاعت علم دین کا بے مثال کام انجام پایا۔

حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی

حضرت گنگوہی بھی اس انقلاب کے اہم ترین رکن تھے، تحریک کی ناکامی کے بعد داروگیر کا بازار گرم ہوا، ملکۂ وکٹوریہ کی طرف سے معافی کے اعلان عام کے ۹ ماہ بعد جبکہ حضرت گنگوہی اپنے تحفظ کی ہر ممکن تدبیر فرمارہے تھے ایک گاؤں منہیاران جہاں آپ روپوش تھے، گرفتار کرلئے گئے، چھ ماہ جیل کی تکلیف اٹھائی، جمادی الثانیہ ۱۲۷۶ھ مطابق ۱۸۶۰ء میں آپ کی رہائی عمل میں آئی، رہائی کے بعد آپ نے حدیث وفقہ، اور تصوف وروحانیت کا وہ درس شروع فرمایا جس کے فیوض سے ایک عالم نے استفادہ کیا۔

مولانا محمد مظہر نانوتوی

والد ماجد کا نام حافظ لطف علی تھا، والد ماجد سے قرآن شریف حفظ کیا، مولانا مملوک علی، مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری اور حضرت شاہ عبدالغنی صاحب مجددی، وغیرہ سے علوم متداولہ کی تکمیل کی، بخاری شریف حضرت شاہ مولانا محمد اسحاق سے پڑھی، جہاد شاملی میں شریک رہے، پاؤں میں گولی لگی، علاج معالجہ کے بعد بھی پاؤں پر اس کا نشان باقی رہا تحریک کی ناکامی کے بعد آپ مسلسل روپوش رہے، جب خطرات سے آزاد ہوئے تو منظر عام پر آئے اور سہارنپور میں مدرسہ مظاہر علوم کا آغاز فرمایا، جو آپ کی زبردست علمی یادگار ہے۔ حضرت گنگوہی سے پانچ سال بڑے تھے۔

۲۴/ذی الحجہ ۱۳۰۲ھ مطابق ۱۸۸۶ء کی شب میں آٹھ بجے آپ نے انتقال فرمایا۔ (علماء

ہند کا شاندار ماضی: ۴/۳۰۴-۳۰۵)

مولانا محمد منیر نانوتوی

مولانا مظہر نانوتوی کے چھوٹے بھائی ہیں، شاملی کی جنگ میں حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی کی حفاظت کی نگرانی بھی آپ کے ذمہ تھی، تحریک کی ناکامی کے بعد جب داروگیر کا بادل چھٹا تو آپ نے ۱۸۶۱ء میں بریلی کالج کی ملازمت اختیار کرلی اور وہاں مطبع صدیقی کے کام میں اپنے بھائی مولانا محمد احسن نانوتوی کے شریک ومعاون ہوگئے، آپ دارالعلوم دیوبند کے دوسال مہتمم بھی رہے۔

حافظ ضامن شہید

آپ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کے پیر بھائی اوراس انقلاب کے خاص رکن تھے، شاملی کی جنگ میں انگریزوں کی گولیوں سے آپ کی شہادت ہوئی، آپ کی شہادت کے حادثہ کے ساتھ ہی دہلی، میرٹھ، اور مختلف علاقوں سے بری خبریں آنے لگیں۔

حضرت مولانا محمد میاں صاحب تحریر فرماتے ہیں:

''حضرت حافظ ضامن کا شہید ہونا تھا کہ معاملہ بالکل ٹھنڈا پڑ گیا، ان کی شہادت سے پہلے روزانہ خبر آتی تھی کہ آج فلاں مقام انگریزوں سے چھین لیا گیا، آج فلاں مقام پر ہندوستانیوں کا قبضہ ہوا، مگر حافظ صاحب کی شہادت کے بعد پہلے پہل خبر آئی کہ دہلی پر انگریزوں کا قبضہ ہوگیا، اور یہی حال ہر جگہ کی خبروں کا تھا، اس سے پہلے گورے فوجی چھپتے پھرتے تھے، ایک ایک سپاہی گوروں کی جماعت کو بھگائے پھرتا تھا، مگر بعد میں معاملہ برعکس ہوگیا، پہلے کسی کھیت میں گورا چھپا ہوا تھا تو کاشتکار عورت نے اسے کھرپے سے قتل کرڈالا، مگر بعد میں معاملات الٹ ہوگئے۔

حضرت شیخ الہندؒ فرماتے تھے کہ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ یہ تمام معاملہ جوش وخروش، جنگ وجدال کا حضرت حافظ محمد ضامنؒ کی شہادت کے لئے کیا گیا تھا۔ (علماء ہند کا شاندار ماضی: ۴/۲۸۰-۲۸۱)

مولانا عبدالجلیل شہید

آپ کے والد ماجد مولانا ریاض الدین (شارح قصیدہ بردہ) حضرت مولانا شاہ اسحاق صاحب دہلوی کے شاگرد رشید جامع مسجد علی گڑھ کے امام تھے، نہایت متقی اور پرہیزگار اور عوام میں مرکز عقیدت تھے، انگریز آپ سے ملنے کے آرزومند رہتے تھے، مگر آپ کو انگریزوں سے ایسی نفرت تھی کہ بہت کم ملاقات کی اجازت دیتے تھے۔

انقلاب کے دوران علی گڑھ کی زمامِ قیادت آپ ہی کے ہاتھ میں رہی، وہیں سے آپ نے

انگریزوں کے خلاف جنگیں لڑیں، اور علی گڑھ سے انگریزوں کو مار بھگایا، آخر مڈراک کی سڑک پر انگریزوں سے لڑتے ہوئے آپ شہید ہوگئے، اس دن آپ کے بہتر ساتھی شہید ہوئے، یہ تمام شہداء کو جامع مسجد لایا گیا اور شمالی دروازہ کے قریب دفن کیا گیا، مولانا عبدالجلیل کی شہادت کے بعد انگریزوں نے علی گڑھ پر قبضہ کرلیا، اور قتل عام شروع کردیا، مولانا کے بچوں کو وہاں سے نکال کر علی گڑھ سے تین میل دور ایک گاؤں رسول پور میں چھپادیا گیا، ادھر انگریزوں نے مولانا شہیدؒ کے مکان اور جائداد کو مسمار کرڈالا، بعد میں مولانا کے بڑے صاحبزادے مولانا محمد اسماعیل، حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی کے شاگرد ہوئے، اور بڑے علماء میں شمار کیے گئے۔ (شاندار ماضی: ۴/ ۳۱۷)

مولانا فیض احمد بدایونی

آپ کے والد ماجد کا نام حکیم غلام احمد تھا، بدایوں میں ۱۲۲۳ھ مطابق ۱۸۰۸ء میں پیدا ہوئے، تین سال کے تھے کہ والد ماجد کا انتقال ہوگیا، والدہ نے تربیت کا کام انجام دیا، غضب کی ذکاوت وذہانت کے حامل تھے، صرف چودہ سال کی عمر میں تمام علوم منقول ومعقول حاصل کرلئے تھے، تھوڑی عمر ہی میں زبردست شہرت حاصل کرلی تھی، آپ اپنے نانا حضرت مولانا شاہ عبدالحمید صاحب سے بیعت ہوئے، اور مسند رشد وہدایت تک پہنچے، پادری فنڈر سے مناظرہ میں مولانا رحمت اللہ اور ڈاکٹر وزیرخان کے ساتھ آپ بھی شریک تھے۔

۱۸۵۷ء کے انقلاب میں آپ نے اہم رول ادا کیا، جنرل بخت خاں نے آپ کو خصوصی ذمہ داری دی، تحریک کی ناکامی کے بعد جب جنرل بخت خاں دہلی سے لکھنؤ روانہ ہوا تو مولانا بھی آپ کے ساتھ تھے، لکھنؤ میں مولانا شاہ احمد اللہ صاحب داد شجاعت دے رہے تھے، آپ ان کے ساتھ شامل ہوگئے، بدایوں اور نکرالہ کے معرکوں میں بھی آپ نے اپنی بہادری کا سکہ جمایا، مولانا شاہ احمد اللہ صاحب کی شہادت کے بعد ایسے روپوش ہوئے کہ آپ کے ماموں مولانا فضل رسول نے آپ کی تلاش میں قسطنطنیہ تک سفر کیا مگر کہیں سراغ نہ لگ سکا۔

منشی ذوالفقار الدین

والد کا نام وہاب الدین ہے، بدایوں کے مقوی خاندان سے ہیں، صاحب حیثیت تھے، انگریزوں سے خاص تعلق تھا، مگر جب اس انقلاب کی ہوا چلی تو آپ نے بھرپور حصہ لیا، بعد میں جب آپ گرفتار ہوئے تو جس انگریز کے یہاں آپ منشی کا کام کرتے تھے اس نے بہت اصرار کیا کہ منشی جی اپنے جرم سے انکار کردیں، تو رہا کردیئے جائیں گے، مگر مولانا نے جان دے دی مگر جھوٹ نہیں بولے۔ (شاندار ماضی: ۴/ ۳۶۳)

مولوی رضی الدین

بدایوں کے صدیقی شیخ تھے، انقلاب کے بعد گرفتار ہوئے، جج نے کہا کہ اگر شرکت کا انکار کردو چھوڑ دیا جائے گا، اور کئی دن تک اس نے یہی کہہ کر مہلت دی، مگر آپ نے جان دے دی لیکن آخر وقت تک صداقت پر قائم رہے۔

مولوی تفضّل حسین

قاضی ٹولہ بدایوں کے تحصیلدار تھے، جرم بغاوت میں آپ کو گولی مار کر شہید کر دیا گیا۔

حکیم تفضّل حسین

مولوی ٹولہ بدایوں کے رہنے والے تھے، مقدمہ چلا اور رہائی پائی۔

چودھری تفضّل حسین

محلّہ چودھری سرائے بدایوں کے رہنے والے تھے، والد کا نام چودھری محمد عظیم فاروقی ہے، انگریزی تسلط کے بعد عام معافی تک روپوش رہے، گھر جائداد سب ضبط کرلی گئی۔ ۱۸۹۲ء میں انتقال کیا۔

شیخ مسیح الدین

والد کا نام شیخ غلام محمد ہے، ہنگامۂ انقلاب سے قبل مختاری کرتے تھے، الزام بغاوت میں گرفتار ہوئے، ساٹھ بید لگے، آخری ضرب بید پر اللہ اللہ کہا، اس پر ظالم نے دس بید اور لگوائے، بے ہوش ہوگئے، ۱۹۲۲ء میں انتقال کیا۔ (شاندار ماضی: ۳۶۵/۴)

جنرل نیاز محمد خان

نہایت دلیر اور بہادر تھے، انقلاب ختم ہونے کے بعد بھاگ کر مکہ معظّمہ چلے گئے تھے، پھر کسی ضرورت سے بمبئی آئے اور گرفتار کر لئے گئے، بدایوں میں مقدمہ چلا، اور سزائے موت کا فیصلہ ہوا، پھر آپ کی اپیل پر اس سزا کو حبس دوام بعبور دریائے شور میں بدل دیا گیا۔

بدر الاسلام عباسی

بدایوں کے رہنے والے تھے، ۱۸۵۷ء کے انقلاب میں آپ نے اپنی شاعری سے لوگوں میں جذبۂ جہاد جگایا، آپ نے ایک نظم لکھی تھی، جس کا ایک مصرعہ تھا:

ع سر کمپنی کا کٹ کے بِکا پاؤ آنہ میں

اس جرم میں سزائے موت دی گئی۔

نواب مجو خان

اصل نام مجد الدین عرف مجو خان والد کا نام محمد الدین احمد خان تھا، آپ کے جد امجد قاضی

عصمت اللہ فاروقی عہد عالمگیری میں امیر تھے، اور مختلف صوبوں کے حاکم رہے، نواب صاحب مرادآباد کے عمائدین میں تھے، آپ کے گھر پر اصحاب علم وفن کا اجتماع رہتا تھا، مرزا غالب مراد آباد گئے تو انہی کے یہاں قیام رہا، انقلاب کے بعد آپ کو گرفتار کیا گیا اور موت کی سزا تجویز ہوئی، کہا جاتا ہے کہ ان کو چولے کی بھٹی میں جلادیا گیا، ساری جائداد ضبط کرلی گئی۔

چودھری عبدالقادر عرب

نواب مجو خاں کے دوست تھے، آپ کی کُشتی کی شہرت دور دور تک تھی، انقلاب کے بعد آپ کو بھی موت کی سزا دی گئی۔

مولانا کفایت علی صاحب کافی شہید

مرادآباد کے خانوادۂ سادات کے رکن تھے، بڑے عالم، فاضل، طبیب اور قادر الکلام شاعر تھے، حضرت شاہ ابوسعید مجددی سے علم حدیث کی تکمیل کی، حدیث اور سیرت پاک سے عشق کی حد تک لگاؤ تھا، کئی کتابوں کے مصنف ہیں، ۱۸۵۷ء کی جنگ مرادآباد میں شروع ہوئی، تو آپ صف اول کے مجاہدین میں تھے، انقلاب کے دوران مرادآباد میں نواب مجو خاں کی حکومت قائم ہوئی تو آپ کو صدرالشریعہ کا عہدہ دیا گیا تھا، آپ نے انگریزوں کے خلاف فتویٰ جہاد مرتب کیا اور اس کی نقلیں مختلف مقامات پر بھجوائیں، بلکہ بعض مقامات پر آپ خود تشریف لے گئے، آنولہ ضلع بریلی میں خاص اسی مقصد کے لئے ایک ہفتہ سے زیادہ قیام فرمایا، جنرل بخت خان اور مولانا سرفراز علی صاحب سے آپ کی خصوصی مشاورت رہتی تھی، ۲۵/اپریل ۱۸۵۸ء کو مرادآباد پر انگریزوں کا دوبارہ قبضہ ہوا، مولانا کافی کچھ دنوں محفوظ رہے، ۳۰/اپریل ۱۸۵۸ء مطابق ۱۶/رمضان المبارک ۱۲۷۴ھ کو مولانا گرفتار ہوئے، مولانا پر مختلف الزامات عائد کرکے ضابطہ کی کارروائی کی گئی، پھانسی کا حکم صادر کیا گیا، مولانا کافی کو جب پھانسی کے لئے لیجایا گیا تو آپ کی زبان پر ایک تازہ نظم تھی، جو بڑے ترنم سے بلند آواز سے پڑھ رہے تھے، نظم یہ ہے:

کوئی گل باقی رہے گا نے چمن رہ جائے گا
پر رسول اللہ کا دینِ حسن رہ جائے گا

ہم صفیر و باغ میں ہے کوئی دم کا چہچہا
بلبلیں اڑ جائیں گی سونا چمن رہ جائے گا

اطلس و کمخواب کی پوشاک پر نازاں نہ ہو
اس تنِ بے جان پر خاکی کفن رہ جائے گا

نامِ شاہانِ جہاں مٹ جائیں گے لیکن یہاں
حشر تک نام ونشانِ پنجتن رہ جائے گا

جو پڑھے گا صاحب لولاک کے اوپر درود
آگ سے محفوظ اس کا تن بدن رہ جائے گا

سب فنا ہوجائیں گے کافی ولیکن حشر تک
نعت حضرت کا زبانوں پر سخن رہ جائے گا

مولانا کافی کو مرادآباد کے پاس مجمع عام کے سامنے پھانسی دی گئی اور وہیں تدفین عمل میں آئی۔ (شاندار ماضی: ۴/ ۳۷۷-۳۳۹)

مولانا وہاج الدین مرادآبادی

والد ماجد کا نام مولوی جمیل الدین ہے، نہایت فیاض، مہمان نواز، زاہد، شب زندہ دار، اور باا ثر رئیس تھے، عربی، فارسی، اردو، انگریزی چاروں زبانوں میں مہارت تھی، آپ کے یہاں روزانہ شہر کے شرفاء اور اہل علم جمع ہوا کرتے تھے، علماء میں قابل ذکر نام یہ ہیں۔

مولانا کافی صاحب، مولانا سرفراز علی صاحب، سید اکبر علی صاحب، سید گلزار علی صاحب، اور مولوی وزیر علی صاحب وغیرہ۔

۱۸۵۷ء کی جنگ میں آپ کا کردار نمایاں رہا، مرادآباد کے علاقہ میں آپ نے قائدانہ خدمات انجام دی، انقلاب کے خاتمہ پر جب داروگیر کا سلسلہ شروع ہوا، تو مولانا وہاج الدین کی قیام گاہ کا ایک ان کے اپنے دسترخوان کے نمک خوار کی مخبری پر محاصرہ کیا گیا، مولانا تنہا تھے، مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہوئے، مولانا کی ساری جائیداد ضبط کرلی گئی۔ (شاندار ماضی: ۴/ ۳۸۳-۳۸۵)

شاہ غلام بھولن سیوہاروی

مرادآباد کے مشہور قادری بزرگ ہیں، آپ کا مولد ومسکن سیوہارہ ضلع بجنور تھا، آپ کا لنگرخانہ سفرۂ ہر خاص وعام تھا، آپ سب کی مدد کرتے تھے، اس انقلاب میں آپ کی خدمات بھی بڑی اہم ہیں، ایک نمک خوار معتقد کی مخبری پر آپ کو گرفتار کیا گیا، اور جزیرۂ انڈمان بھیج دیا گیا، اور وہیں ۲/ ربیع الاول ۱۲۷۶ھ کو انتقال فرمایا۔ (انوارالعارفین: ۵۴۷، مطبوعہ مطبع صدیقی دہلی، شاندار ماضی: ۴/ ۴۰۴-۴۰۶)

مولانا احمد اللہ شاہ شہید

مولانا سید احمد میاں نے آپ کا خوبصورت تذکرہ اس انداز میں شروع کیا ہے:

’’عزم وہمت، حمیت ملی اور غیرت وطن کا وہ شعلۂ جوالہ، جو ’’چنیاپٹن‘‘ سے اٹھا، دہلی اور

آگرہ میں چمکا، سرزمین اودھ میں چٹخا، روہیل کھنڈ میں شعلہ افشاں ہوا، پھر اسی کے ایک گوشہ میں محوسکون ہوگیا، اس کو ۱۸۵۷ء کی جان مضطرب کہا جائے یا شہدا، ۱۸۵۷ء کا سرتاج، دونوں درست۔ (شاندار ماضی:۴/۴۱۰)

مولانا احمد اللہ شاہ کے والد کا نام سید محمد علی نواب چنیاپٹن ہے، جو سلطان ٹیپو کے مصاحب تھے، اصل نام احمد علی ہے، مگر احمد اللہ شاہ سے شہرت ہوئی تعلیم وتربیت کے بعد روحانی طور پر حضرت قربان علی شاہ سے بیعت ہوئے، پھر گوالیار میں ایک بزرگ محراب شاہ قلندر سے مرید ہوئے، جنھوں نے جہاد کی شرط لگائی، جس کو انھوں نے بسروچشم قبول کیا، روحانی مدارج طے کرنے کے بعد سیاسی طور پر ملک کے حالات کی طرف توجہ کی، اور دہلی کو اپنی سیاسی سرگرمیوں کا مرکز بنایا، دہلی کے بعد آگرہ، اور آگرہ کے بعد کانپور اور پھر لکھنؤ آپ کی سرگرمیوں کا مرکز رہے، آپ کو بڑی عوامی مقبولیت حاصل ہوئی، انگریز آپ کی مخالفانہ سرگرمیوں سے واقف تھے، مگر عوامی مقبولیت کی بنا پر ہاتھ نہیں ڈال سکتے تھے، بالآخر آپ کے مصاحبین کو رشوت وبدعنوانی اور دیگر مقدمات لگا کر پراگندہ کردیا گیا، پھر ایک مقابلے میں آپ کو زخمی حالات میں جیل بھیج دیا گیا، مئی ۱۸۵۷ء کی تحریک شروع ہوئی، تو آپ فیض آباد جیل میں تھے، مولانا سکندر شاہ فیض آباد میں مجاہدین کے قائد تھے، انھوں نے فیض آباد جیل پر دھاوا بول کر مولانا احمد اللہ شاہ کو رہا کرایا، لیکن خود گرفتار ہوگئے، مولانا احمد اللہ شاہ نے وہاں سے نکل کر پورے ملک میں آگ لگادی، اور فدایان وطن کو ساتھ لے کر لکھنؤ کا رخ کیا، لکھنؤ میں سخت معرکے ہوئے، یہاں کی ناکامی کے بعد شاہ جہاں پور آئے، پھر وہاں سے قصبہ محمدی میں اپنی حکومت قائم کی، اور اپنا سکہ جاری کیا، کابینہ کے ارکان درج ذیل تھے:

جنرل بخت خاں وزیر جنگ

مولانا سرفراز علی قاضی القضاۃ

ناناراؤ پیشوا (دیوان وزیر مالی)

مولانا لیاقت علی صاحب الہ آبادی، ڈاکٹر وزیر خاں صاحب اکبرآبادی، مولانا فیض اللہ صاحب بدایونی، شاہزادہ فیروز شاہ، ارکان حکومت، لیکن ابھی حکومت پوری طرح جمنے بھی نہ پائی تھی کہ انگریزوں نے قصبہ محمدی پر حملہ کردیا، شاہ صاحب وہاں سے نکلے اور پوائیں کے راجہ کا رخ کیا، مگر اس نے غداری کی اور گفتگو کے نام پر اپنی گڈھی، میں بلوا کر گولیوں کی بوچھار کرادی، شہید ہوئے، صبح آپ کا سر کاٹ کر انگریز کلکٹر شاہ جہاں پور کو بھیج دیا، جو عرصہ تک کوتوالی پر لٹکا رہا، نعش کو آگ میں جھونک دیا گیا، سرکار برطانیہ کی طرف سے راجہ کو اس کے انعام میں پچاس ہزار روپے

نقد اور خلعت فاخرہ کا انعام ملا، مولانا احمد اللہ شاہ کی شہادت ۵/جون ۱۸۵۸ء مطابق ۱۳/ذیقعدہ ۱۲۷۵ھ کو ہوئی، آپ کے ساتھ بہت سے علماء اور اصحاب کمال نے جام شہادت نوش کیا، یا انڈمان بھیجے گئے، ان کے نام یہ ہیں:

امیر احمد، شاہ آفاق، قطب شہید، رستم علی، اسماعیل خان، غلام محمد خان، کفایت اللہ تلہری، فرقان علی، محمد شاہ خان سعد اللہ خان شہید، نور احمد، احمد یار خاں تحصیلدار، نواب غلام قادر خان بٹول، عبدالرؤف خان، مولوی شیخ اعتقاد علی بیگ صاحب، مولوی امام بخش، سید باقر علی، مولوی نورالحسن صاحب، سید مراتب علی، خواجہ تراب علی، سید حسن علی، رحمت علی، مفتی ریاض الدین، مولوی غلام جیلانی، غلام مرتضی، شیخ محمد شفیع، مولوی عبدالصمد، مولوی منصب علی، مولوی محمد عظیم الدین حسن، رسول بخش، باسط علی صاحب، مومن علی صاحب، مولانا محمد قاسم صاحب دانا پوری، معین الدین صاحب، مولوی کریم اللہ خان صاحب، صدر الصدور وقاضی محمد کاظم صاحب، تاج الدین صاحب، طفیل احمد صاحب خیرآبادی، مولانا غلام امام شہید، مفتی عبدالوہاب گویا مئوی، ڈاکٹر وزیر خان، مولوی فیض احمد بدایونی، مفتی انعام الدین وغیرہ۔ (شاندار ماضی: ۴/۴۱۰-۴۳۴)

مولانا مفتی عنایت احمد کاکوریؒ

والد ماجد کا نام مفتی محمد بخش ہے، آپ کا خاندان بغداد سے دیوہ آکر آباد ہوا، پھر سسرالی نسبت سے آپ کے دادا کاکوری چلے آئے، مفتی صاحب ۹/شوال ۱۲۲۸ھ کو دیوہ میں پیدا ہوئے، ابتدائی تعلیم کاکوری میں حاصل کی، پھر رام پور گئے اور علوم کی تکمیل کی، دہلی جاکر شاہ اسحاق صاحب محدث دہلویؒ سے کتب حدیث سبقاً سبقاً پڑھیں اور سند حدیث حاصل کی، مفتی صاحب بلند مناصب پر فائز رہے، مفتی، قاضی، صدر امین، صدر اعلیٰ کے مناصب حاصل ہوئے اور ان کے ساتھ درس و تدریس اور تصنیف و تالیف کا سلسلہ بھی جاری رہا، بے شمار شاگرد ہوئے، بہت سی کتابیں لکھیں۔

۱۸۵۷ء کی جنگ شروع ہوئی، تو روہیل کھنڈ کے علاقے میں آپ نے بھرپور حصہ لیا، تحریک کے خاتمہ پر مفتی صاحب پر مقدمہ چلا اور عبور دریائے شور کی سزا تجویز ہوئی، جزیرۂ انڈمان میں بھی تصنیف و تالیف کا سلسلہ جاری رہا، ایک انگریز کی فرمائش پر کتاب تقویم البلدان کا ترجمہ کیا، جو دو برس میں مکمل ہوا، اور وہی سبب رہائی بنا، رہا ہونے کے بعد کانپور آکر مدرسہ فیض عام قائم کیا، مفتی صاحب اپنے مصارف سے بہت سے طلبہ کی کفالت کرتے تھے، مفتی صاحب حج کے لئے جارہے تھے کہ جدہ کے قریب جہاز پہاڑ سے ٹکرا کر ڈوب گیا، مفتی صاحب بحالتِ نماز احرام باندھے ہوئے غریق و شہید ہوئے، یہ واقعہ ۷/شوال ۱۲۷۹ھ کا ہے، صرف ۵۲/برس کی عمر میں انتقال فرمایا۔

علامہ فضل حق خیرآبادی

والد ماجد کا نام مولانا فضل امام ہے، ۱۲۱۲ھ مطابق ۱۷۹۷ء میں خیرآباد میں پیدا ہوئے، آپ کے والد مولانا فضل امام دہلی میں صدرالصدور تھے، آپ ہی کے زیر سایہ علوم کی تکمیل کی، حضرت مولانا شاہ عبدالقادر اور حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز سے علم حدیث حاصل کیا، تیرہ سال کی عمر میں تمام عقلی ونقلی علوم کی تکمیل کرلی، چار ماہ اور چندروز میں قرآن مجید حفظ کرلیا، والد ماجد کے انتقال کے وقت علامہ کی عمر اٹھائیس سال تھی، علامہ بے پناہ علم وفضل اور شہرت وعظمت کے مالک تھے، لکھنؤ میں صدرالصدور تھے، ۱۸۵۷ء میں تحریک میں شروع میں تامل کیا، مگر مولانا احمد اللہ شاہ کی ملاقات کے بعد صدرالصدور سے استعفیٰ دے کر تحریک میں شامل ہوگئے، اور قائدانہ حصہ لیا، تحریک کے خاتمے پر روپوش رہے، پھر ملکہ وکٹوریہ کی عام معافی کے بعد مولانا اپنے وطن خیرآباد پہنچ گئے، مگر دوروز کے بعد ہی ایک مخبر کی مخبری پر گرفتار کئے گئے، اور عبور دریائے شور کی سزا تجویز کی گئی اور تمام مال واسباب حتی کہ کتابیں بھی ضبط کرلی گئیں، مولانا کو جیل میں بدترین اذیتوں کا سامنا کرنا پڑا، جس کی دردناک تفصیل انھوں نے اپنی کتاب ''الشورۃ الندیہ'' (باغی ہندوستان) میں لکھی ہے، آخر میں رہائی کا پروانہ آگیا تھا، مگر پروانہ پہنچنے سے قبل ہی داعیٔ اجل کو لبیک کہا، ۱۲/صفر ۱۲۷۸ھ مطابق ۲۰/اگست ۱۸۶۱ء کو انتقال ہوا۔

جنرل بخت خاں

سلطان پور کا رہنے والا تھا، تحریک کا سب سے زبردست نقیب یہی جنرل بخت خان تھا، اس نے آخری دم تک ہندوستان کو انگریزوں کی غلامی سے نجات دلانے کی کوشش کی، یہی وہ شخص ہے جس نے پورے ملک کے لوگوں میں انقلاب کی آگ جلائی اور بڑی حدتک اس انقلاب کو منظّم کرنے کی کوشش کی، اللہ اسے کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے۔

مولانا شاہ عبداللہ

آپ میرے پڑدادا حضرت مولانا عبدالشکور آہ مظفرپوری کے جدامجد ہیں، مولانا عبدالشکور آہ مظفرپوری حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندی کے اخص تلامذہ میں تھے، مولانا عبداللہ کے لائق فرزند مولانا نصیرالدین کا شمار بہار کے مشہور ممتاز علماء وشعراء میں ہوتا ہے، مولانا عبداللہ صاحب کے بارے میں ہمارے خاندان میں یہ روایت مشہور ہے کہ وہ دہلی کے مضافات میں رہتے تھے، اور بڑے صاحب علم وکمال تھے، ان کا خاندان برسوں قبل سمرقند سے ہجرت کرکے دہلی میں آکر آباد ہوا تھا، ۱۸۵۷ء کے انقلاب کے بعد جب افراتفری مچی اور سلسلہ داروگیر شروع

ہوا، تو آپ چھپتے چھپاتے بہار پہنچے اور وہاں مظفر پور میں اقامت اختیار کی، آپ کے خاندان کے کچھ لوگ اب بھی مظفر پور میں آباد ہیں، لیکن خاندان کا وہ حصہ جو حضرت مولانا احمد حسن موردادی فرزند حضرت مولانا عبدالشکور آہ مظفر پوری سے چلا وہ اب بہار کے ضلع سمستی پور کے منورواشریف گاؤں میں آباد ہے، اوران کی دینی خدمات کا سلسلہ جاری ہے، ساتھ ہی حضرت منوروی کا روحانی سلسلہ آپ کے خلف صالح اور جانشین حضرت مولانا محفوظ الرحمٰن صاحب کے ذریعہ جاری وساری ہے، اللہ تعالیٰ اس سلسلہ کو قائم رکھے۔

شاهزاده فیروز شاه

یہ صاحب عالم مرزا ناظم بخت کا فرزند ارجمند تھا، جس نے بابر کی یاد تازہ کردی، اپنے والد کے زیر نگرانی علوم مروجہ کی تکمیل کی، اورفوجی تربیت حاصل کی، اسے حج بیت اللہ کی سعادت حاصل ہوئی، جب ہندوستان واپس پہنچا تو یہاں جنگ کے شعلے بھڑک رہے تھے، اس نے بھرپور حصہ لیا، اور مجاہدین کی قیادت کی، دہلی میں ناکامی کے بعد لکھنؤ میں مقابلہ کیا، لکھنؤ خالی ہوا تو اپریل ۱۸۵۸ء میں مولانا احمد اللہ شاہ صاحب کے پاس شاہجہاں پور پہنچا، اوران کے ساتھ جنگ میں شریک ہوا، غرض اس نے ہر طرح سے اس ملک کو بچانے کی کوشش کی، اور کسی موڑ پر بزدلی کا مظاہرہ نہیں کیا، جب ہر طرف سے ناکامی ہوئی، تو بڑی تکلیفیں اٹھانے کے بعد روس ہوتے ہوئے حجاز مقدس چلا گیا، اور مکہ معظّمہ میں اقامت اختیار کی، ۱۸۹۵ء میں انتقال کیا۔ (شاندار ماضی: ۴/۴۶۲-۴۶۶)

یہ تو گنتی کے چند نام ہیں، جن کا تذکرہ اس مختصر سے مقالہ میں کیا گیا، ورنہ نامعلوم کتنے گمنام مجاہدین ہیں، جنھوں نے اس انقلاب میں حصہ لیا، اوراپنا آخری قطرۂ خون بھی ملک وملت کے لئے نچھاور کردیا، جن کو رب العالمین کے سوا کوئی نہیں جانتا، لیکن ان کی قربانیوں اورخونِ شہادت کی لکیروں نے تاریخیں بنائیں، اورقریب ایک صدی تک یہ تحریک آزادی کسی نہ کسی درجہ میں جاری رہی، جس کے نتیجہ میں ۱۹۴۷ء میں اس ملک کو آزادی ملی، اور یہاں کے لوگوں کو آزادی کی شام وسحر نصیب ہوئی، اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ یہ سب کچھ ہمارے بزرگوں نے کسی دنیوی مفاد کے لئے نہیں کیا، بلکہ محض اللہ کی رضا کے لئے عبادت سمجھ کر کیا۔

سو بار سنوارا ہے ہم نے اس ملک کے گیسوئے برہم کو
تاریخ بتائے گی تم کو کیا ہم نے دیا ہے عالم کو

❁ ❁ ❁

مزاح اور خوش طبعی اسلام کی نظر میں

اسلام ایک کامل ومکمل دین ہے۔ جو دنیائے انسانیت کے لئے خالق کائنات کا ایک حسین تحفہ اور بے مثال نذرانہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے بنفس نفیس اس کے احکام وقوانین وضع فرمائے ہیں۔ اور یہ احکام وقوانین عین انسانی فطرت سے ہم آہنگ اور موافق ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ خالق انسانیت ہے۔ اسی نے انسانی فطرت اور مزاج تخلیق فرمایا ہے۔ لہٰذا اس سے زیادہ انسان کا مزاج شناش اور فطرت شناش اور کون ہوسکتا ہے؟ یہی وجہ ہے کہ اسلامی احکام اور قوانین میں جو انسانی مزاج اور فطرت کی رعایت نظر آتی ہے۔ بلاشک وشبہ اس کی نظیر اور مثال دنیائے انسانیت کے کسی قانون اور دستور میں دستیاب نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ خود ساختہ انسانی قوانین کا ردوبدل اور ترمیم و تنسیخ کے بھینٹ چڑھنا ہمارا روزمرہ کا مشاہدہ بنا ہوا ہے مگر قوانین اسلام میں اس کی کوئی گنجائش نظر نہیں آتی بلکہ وہ ہر ملک کے باسی اور ہر صدی کے پیدائشی انسان کے مزاج اور فطرت کے موافق و مطابق ہیں۔ فطرت سلیمہ نے کسی قانونِ شرعی میں ردوبدل کا نہ کبھی مطالبہ کیا ہے اور نہ کرے گی (انشاء اللہ) ہاں فطرتِ خبیثہ رذیلہ اس کا مطالبہ کرتی رہتی ہے۔ مگر اس کی وجہ یہ نہیں ہے کہ کسی حکم شرعی میں کوئی نقص یا خامی ہے بلکہ اس کی وجہ خود مطالبہ کرنے والی فطرت کا نقص اور کجی ہے۔ الغرض اسلام نے وضع قانون میں انسانی مزاج اور فطرت کی بدرجۂ اتم رعایت برتی ہے۔ خوشی ہو یا غمی، صحت ہو یا مرض، بچپن ہو یا جوانی یا بڑھاپا۔ شریعت نے ہر حال، ہر آن اور ہر مرحلہ پر انسانی مزاج کے موافق احکام وقوانین مقرر کیئے ہیں۔

مزاح اور خوش طبعی

مزاح اور خوش طبعی یا مذاق اور دل لگی ایک ایسی پرکیف اور سرور آگیں کیفیت ہے جو اللہ تعالیٰ نے تقریباً ہر انسان میں ودیعت فرمائی ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ یہ مادہ کسی میں کم تو کسی میں کوٹ کوٹ کر رکھا ہے سرور وانبساط کے موقع پر انسان سے بکثرت اس کا ظہور ہوتا رہتا ہے۔ بلاشبہ ایک

ایک عظیم نعمتِ خداوندی ہے۔ جو دلوں کی پژمردگی کو دور کرکے ان کو سرور وانبساط کی کیفیت سے ہمکنار کرتا ہے۔ عقل وفہم کے تعب وتکان کو زائل کرکے نشاط اور چشتی سے معمور کرتا ہے۔ جسمانی اضمحلال کو ختم کرکے فرحت وراحت سے آشنا کرتا ہے۔ روحانی تکدر اور آلودگی کو مٹا کر آسودگی کی نعمت سے روشناس کراتا ہے۔ بارہا دیکھا گیا ہے کہ غمزدہ اور مصیبت کے مارے انسان کے سر سے غم واندوہ کے بادلوں کو ہٹانے اور چھٹانے کے لئے اسی نعمت سے کام لیا جاتا ہے۔

الغرض مزاح اور دل لگی انسانی فطرت کا ایک لازمی حصہ ہے جو خود خالق ومالک نے اس میں ودیعت فرمایا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر فردِ بشر میں یہ مادہ معتد بہ مقدار میں پایا جاتا ہے۔ جو شخص اس عطائے الٰہی کو منجمد نہیں رہنے دیتا اس کو بروئے کار لاتا ہے وہ صحیح معنی میں فوائدِ کثیرہ اور منافعِ عظیمہ حاصل کرتا ہے۔ چنانچہ تجربہ شاہد ہے کہ جو شخص اس ودیعت الٰہی سے استفادہ نہیں کرتا بلکہ بہ تکلف اسکو دباتا ہے۔ اپنے اوپر وقار اور سنجیدگی کا خول چڑھالیتا ہے اور اپنے آپ کو وقار اور تمکنت کا مجسم پیکر بنا کر لوگوں کے سامنے پیش کرتا ہے۔ اسے مغرور، متکبر، بدمزاج، بدخلق، نک چڑھا جیسے القابِ بے بہا سے نوازا جاتا ہے۔ اس کے لئے افادہ اور استفادہ امر محال بن جاتے ہیں وہ چاہے کثیر وعظیم علوم کا امین ہو اور دیگر بہت سے خواص کا حامل ہو مگر اس کے ان خواص سے اہل عالم کما حقہ استفادہ نہیں کرپاتے اس کے برخلاف جو انسان اس نعمت خداوندی کو بروئے کار لاتا ہے۔ اسے منجمد نہیں رہنے دیتا اہل دنیا اسے متواضع، منکسر المزاج، خوش اخلاق، خوش طبع، خوش مزاج جیسے القاب سے نوازتے ہیں، اپنے متعلقین ومتوسلین میں وہ بڑا ہی مقبول ومحبوب ہوتا ہے۔ دنیا میں وہ ہر دلعزیز بن کر زندگی بسر کرتا ہے کثیر تعداد میں لوگ اس سے استفادہ کرتے ہیں نتیجتاً اس کی صلاحیتوں اور استعداد کو جلاء ملتی جاتی ہے اور اس کی قابلیتیں نکھر کر سامنے آتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام بہ ہمہ وجوہ امت کے فکر وغم میں مستغرق ہونے کے باوجود ان میں بھی ایک فطری جذبہ ہے۔ موقع اور محل کی مناسبت سے انسان سے اس کا صدور مطلوب ہے اور محمود بھی۔ جب شریعتِ اسلامیہ عین فطرتِ انسانیہ کے موافق ہے تو اس میں اس فطری جذبے یعنی مزاح وخوش طبعی کے احکام نہ ہوں۔ یہ ناممکن ہے۔

مزاح کا شرعی حکم

ہماری شریعت تمام امور میں اعتدال پسند واقع ہوئی ہے، لہٰذا مزاح اور خوش طبعی میں بھی

اعتدال کوملحوظ رکھا ہے۔ چنانچہ موقع اور محل کی مناسبت سے احیاناً مزاح مباح بلکہ مستحب ہے۔ تواس کی کثرت اوراس پر مداومت مذموم قرار دی گئی ہے۔

علامہ نووی فرماتے ہیں:

اعلم ان المزاح المنهی عنه هو الذی فیه افراط ویداوم علیه فانه یورث الضحك وقسوة القلب ویشغل عن ذکر الله والفکر فی مهمات الدینِ ویؤول فی کثیر من الاوقاتِ الی الایذاء ویورث الاحقاد ویسقط المهابة والوقار فاما من سلم من هذه الامور فهو المباح الذی کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یفعله علی الندرة لمصلحةٍ تطیب نفس المخاطب وموانسة وهو سنة مستحبة. (مرقاۃ ج۸ص۶۱۷)

(جان لوکہ مزاح وہ ممنوع ہے جوحد سے زیادہ ہواوراس پر مداومت کی جائے کیونکہ یہ بہت زیادہ ہنسنے اور دل کے سخت ہونے کا باعث ہے، ذکر الٰہی سے غافل کردیتا ہے اوراہم دینی امور میں غوروفکر سے باز رکھتا ہے۔ بسا اوقات ایذا رسانی تک پہنچاتا ہے۔ بغض وعناد پیدا کرتا ہے رعب وداب ختم ہوجاتا ہے لیکن جو شخص ان امور سے محفوظ ہوتو اس کے لئے مباح ہے جوخود رسول اللہ ﷺ نے کبھی کبھار کسی مصلحت کے پیش نظر مخاطب کو بے تکلف اور مانوس بنانے کے لئے انجام دیا اور یہ سنتِ مستحبہ ہے۔)

علامہ نووی کے اس کلام سے مزاح ممنوع ومستحب اور مذموم وممدوح کی تعیین ہوجاتی ہے کہ کثرتِ مزاح چونکہ بہت زیادہ ہنسنے، قلب کے سخت اور بے حس ہونے، ذکر الٰہی سے غافل ہونے وغیرہ امورِ مذمومہ کا باعث ہے اس لئے وہ ممنوع ہے اوراحیاناً مزاح سے یہ امورِ شنیعہ پیدا نہیں ہوتے اس لئے وہ سنتِ مستحبہ ہے۔ چنانچہ حضرت عبداللہ بن حارث سے مروی ہے ما رأیت احداً اکثر مزاحاً من رسول الله صلّی الله علیه وسلم (مظاہر حق ج۵ص۴۸۵) کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے زیادہ کثیر المزاح کسی کونہیں پایا۔ چونکہ رسول اللہ ﷺ کثرتِ مزاح کے ان مفاسد سے محفوظ تھے لہٰذا آپ کے لئے وہ مباح تھا۔

ہمارے اکابر میں سے بہت سے حضرات اس وصف کے حامل رہے ہیں چنانچہ حضرت حافظ ضامن شہیدؒ کا کثرت مزاح معروف ومشہور ہے۔ حضرت تھانویؒ فرماتے ہیں کہ آپ نہایت خوش مزاج تھے چنانچہ جب کوئی ان کے پاس آتا تو فرماتے دیکھ بھائی اگر تجھے کوئی مسئلہ پوچھنا ہے تو وہ (مولانا شیخ محمدؒ کی طرف اشارہ کرکے) بیٹھے ہیں مولوی صاحب ان سے پوچھ لے اوراگر

تجھے مرید ہونا ہے تو وہ (حضرت حاجی امداد اللہؒ کی طرف اشارہ کرکے) بیٹھے ہیں حاجی صاحب ان سے مرید ہوجا اور اگر حقہ پینا ہے تو یاروں کے پاس بیٹھ جا۔

اور حد یہ کہ شہادت کے بعد بھی مزاح کی یہ فطرت جوں کی توں باقی رہی۔ چنانچہ ایک صاحبِ کشف حضرت کی قبر پر فاتحہ پڑھنے گئے بعد فاتحہ کہنے لگے کہ بھائی یہ کون بزرگ ہیں بڑے دل لگی باز ہیں جب میں فاتحہ پڑھنے لگا تو مجھ سے فرمانے لگے جاؤ فاتحہ کسی مردہ پر پڑھیو یہاں زندہ پر فاتحہ پڑھنے آگئے ہو۔ یہ کیا بات ہے جب لوگوں نے بتایا کہ یہ شہید ہیں۔ (حکایاتِ اولیا ص ۲۲۲)

الغرض مزاح کی کثرت اور اس پر مداومت جس کے لئے مضر نہ ہو اس کے لئے سنتِ مستحبہ ہے اور جس کے لئے مضر ہو اس کے لئے ممنوع ہے مگر احیاناً مزاح ہر شخص کیلئے سنتِ مستحبہ ہے۔

پھر مزاح میں یہ امر بھی ملحوظ رہنا ضروری ہے کہ اس سے کسی کو ایذاء نہ پہنچے۔ کسی کی دل شکنی نہ ہو کیونکہ مزاح کہتے ہی ہیں ایسی دل لگی کو جس میں ایذاء رسانی اور دل شکنی نہ ہو۔ ثم المزاح انبساط مع الغير من غير ايذاءٍ فان بلغ الايذاء يكون سخرية (مرقات ج ۸ ص ۶۱۷) (پھر مزاح کسی کے ساتھ بغیر ایذاء پہنچائے دل لگی کرنا ہے اگر یہ ایذاء کی حد کو پہنچ جائے تو وہ سخریہ اور ٹھٹھا ہے) اور سخریہ اور ٹھٹھا منہی عنہ ہے چنانچہ ارشاد باری ہے: يا ايها الذين آمنو لا يسخر قوم من قومٍ. الايه (پارہ ۲۶ سورہ حجرات) ''اے ایمان والو کوئی قوم کسی قوم کا مذاق نہ اڑائے'' لہٰذا اس چیز کا خیال رکھنا از حد ضروری ہے۔

پھر مزاح کا مبنی بر صدق وحق ہونا بھی ضروری ہے۔ چنانچہ ارشاد نبوی ہے:

عن ابی هريرةؓ قال قالوا يارسول الله اِنّكَ تداعبنا قال رسول الله صلّى الله عليه وسلم انی لا اقول الاّ حقاً (مشکوٰۃ ص ۴۱۶)

(صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ بھی ہمارے ساتھ دل لگی فرماتے ہیں تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں صرف حق بات کہتا ہوں)

یعنی اگر میں تم لوگوں سے مزاح اور دل لگی کرتا ہوں تو وہ بھی مبنی بر حق وصدق ہوتا ہے۔ جھوٹ پر مبنی نہیں ہوا کرتا۔

یہاں حضور ﷺ کے کچھ مزاحی واقعات نقل کئے جاتے ہیں تا کہ عاشقانِ رسول ﷺ کو مزاح کا سنت طریقہ معلوم ہوجائے اور متبعین سنت کے لئے یہ فطری جذبہ بھی دیگر متعدد فطری جذبات کی طرح عبادت بن جائے۔

عن انسٍ رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ ان رجلاً استحمل رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلم فقال انی حاملك علی ولد ناقةٍ فقال ما اصنع بولد الناقةِ فقال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم وھل تلد الابل الا النوق (مشکوٰۃ ص۴۱۶)

(حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ ایک آدمی نے رسول ﷺ سے سواری طلب کی تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں تمہیں سواری کے لئے اونٹنی کا بچہ دوں گا تو سائل نے عرض کیا کہ میں اونٹنی کے بچے کا کیا کروں گا تو رسول ﷺ نے فرمایا کیا اونٹنی اونٹ کے علاوہ بھی کسی کو جنتی ہے؟)

ملاحظہ فرمایئے۔ رسول اللہ ﷺ نے یہاں سائل سے مزاح بھی فرمایا اور اس میں حق اور سچائی کی رعایت بھی فرمائی سواری طلب کرنے پر آپ نے جب اونٹنی کا بچہ مرحمت فرمانے کا وعدہ فرمایا تو سائل کو تعجب ہوا کہ مجھے سواری کی ضرورت ہے اور اونٹنی کا بچہ اس قابل نہیں ہوتا کہ اس پر سواری کی جائے تو آپ ﷺ نے اس کے تعجب کو دور کرتے ہوئے اور اپنے مزاح کا انکشاف کرتے ہوئے فرمایا کہ بھائی میں تجھے سواری کے قابل اونٹ ہی دے رہا ہوں مگر وہ بھی تو اونٹنی ہی کا بچہ ہے۔

عن انسؓ ان النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال لہ یاذاالاذنین (مشکوٰۃ ص۴۱۶)

(حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا اے دو کان والے)

رسول اللہ ﷺ کا حضرت انسؓ سے ''اے دو کان والے'' کہنا بھی ظرافت اور خوش طبعی کے طور پر تھا۔ اور ظرافت کا یہ انداز تو ہمارے عرف میں بھی رائج ہے مثلاً کبھی اپنے بے تکلف دوست سے یا ذہین طالب علم سے ناراضگی کا اظہار اس انداز میں کیا جاتا ہے کہ ایک چپت رسید کروں گا تو تمہارا سر دو کانوں کے درمیان ہو جائے گا۔ حالانکہ وہ پہلے سے وہیں پر ہوتا ہے۔

عن انسؓ عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال لامرأةٍ عجوزٍ انہ لاتدخل الجنة عجوزٌ فقالت مالھن وکانت تقرء القرآن فقال لھا ما تقرئین القرآن اِنّا انشئاناھن انشاءً فجعلنٰھنّ ابکارًا (مشکوٰۃ ص۴۱۶)

(حضرت انس حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ایک بوڑھی عورت سے فرمایا کہ بڑھیا جنت میں داخل نہیں ہوگی۔ وہ عورت قرآن پڑھی ہوئی تھی اس نے عرض کیا بوڑھی کے لئے کیا چیز دخولِ جنت سے مانع ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا کیا تم نے قرآن میں نہیں پڑھا ہم جنتی عورتوں کو پیدا کریں گے پس ہم ان کو کنواریاں بنادیں گے۔)

ایک اور روایت میں یہ واقعہ مزید تفصیل کے ساتھ وارد ہوا ہے کہ اس صحابیہ عورت نے جو بوڑھی تھیں آپ سے دخولِ جنت کی دعا کی درخواست کی تو اس پر آپ نے مزاحاً فرمایا کہ بڑھیا تو جنت میں داخل نہیں ہوگی، یہ سن کر بڑھیا کو بڑا رنج ہوا اور روتے ہوئے واپس چلی گئیں تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ جاکر اس عورت کو کہہ دو کہ عورتیں بڑھاپے کے ساتھ جنت میں داخل نہیں ہوں گی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے "اِنَّا انشئناهن انشاءً فجعلنٰهنّ ابكارًا"، حضور ﷺ کا مزاح اس واقعہ میں بھی مبنی برحق تھا مگر آپ نے ایک سچی بات کو مزاحیہ انداز میں بیان کرکے امت کو یہ تعلیم دی کہ کبھی کبھار مذاق اور دل لگی بھی کر لینی چاہئے۔

اور حضور ﷺ کے ایک مزاحی واقعہ پر تو مر مٹنے کو جی چاہتا ہے اور بے اختیار دل سے نکلتا ہے کہ کاش حضور ﷺ کا مذاق بننے والے اس صحابی کی جگہ یہ ناپاک ہوتا۔ حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ ایک بدوی صحابی زاہر بن حرام حضور ﷺ کے لئے کچھ دیہاتی اشیاء بطور ہدیہ لایا کرتے تھے حضور ﷺ بھی واپسی پر اسے کچھ شہری اشیاء ہدیۃً عنایت فرماتے تھے حضور ﷺ فرمایا کرتے تھے زاہر ہمارا باہر کا گماشتہ ہے اور ہم اس کے شہر کے گماشتہ ہیں آپ ﷺ زاہر سے بڑی محبت فرماتے تھے ویسے زاہر ایک بدصورت آدمی تھے ایک دن آپ ﷺ بازار تشریف لے گئے تو زاہر کو اپنا سامان بیچتے ہوئے پایا آپ ﷺ نے اس کو پیچھے سے اپنے ساتھ اس طرح چمٹا لیا کہ اپنے دونوں ہاتھ اس کے بغلوں کے نیچے سے لیجا کر اس کی آنکھوں پر رکھ دیئے تاکہ وہ پہچان نہ پائے (یہ افتاد دیکھ کر) زاہر نے کہا کہ کون ہے؟ چھوڑ مجھے۔ (پھر اس نے کوشش کرکے) مڑ کر دیکھا تو نبی کریم ﷺ کو پہچان لیا (اور پہچانتے ہی) اپنی پیٹھ نبی ﷺ کے سینۂ مبارک سے مزید چمٹانے لگا ادھر نبی کریم ﷺ یہ صدا بلند کرنے لگے کہ ارے کوئی اس غلام کا خریدار ہے؟ اس پر زاہر نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول بخدا آپ مجھے کھوٹا سکّہ پائیں گے، اس پر نبی کریم ﷺ نے فرمایا لیکن تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک کھوٹا سکّہ نہیں ہے۔ (مشکوٰۃ ص۴۱۶) سبحان اللہ دو جہانوں کے سردار اور اللہ کے محبوب ہونے کے باوجود آپ کی یہ سادگی؟ اور ذرا سوچئے اس طرح کے بے تکلّفانہ رویہ پر حضرت زاہر کا دل بلیوں نہ اچھلنے لگا ہوگا؟ سیروں خون نہ بڑھ گیا ہوگا؟

عن عوف بن مالك الاشجعي قال اتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم فى غزوة تبوك وهو فى قبةٍ من ادمٍ فسلمت فردّ علىّ وقال فقلت أكلى يا رسول الله قال كلّك فدخلت (مشکوٰۃ ص۴۱۷)

(حضرت عوف بن مالک اشجعیؓ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ غزوۂ تبوک کے دوران میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم چمڑے کے خیمہ میں تشریف فرما تھے میں نے آپ کو سلام کیا آپ نے جواب دیا اور فرمایا کہ اندر آجاؤ میں نے (مزاح کے طور پر) عرض کیا اے اللہ کے رسول کیا میں پورا اندر داخل ہوجاؤ؟ تو آپ نے فرمایا ہاں پورے داخل ہوجاؤ، چنانچہ میں داخل ہوگیا)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ سے اسقدر بے تکلف تھے کہ صحابہ آپ سے مزاح بھی کرلیا کرتے تھے۔

ایک انصاری صحابیہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا جا جلدی سے اپنے خاوند کے پاس اس کی آنکھوں میں سفیدی ہے وہ ایک دم گھبرا کر خاوند کے پاس پہنچی تو خاوند نے پوچھا کیا مصیبت ہے؟ اس طرح گھبرا کر دوڑی کیوں چلی آئی؟ اس نے کہا کہ مجھے میرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی ہے کہ تمہاری آنکھوں میں سفیدی ہے اس نے کہا ٹھیک ہے مگر سیاہی بھی تو ہے تب اسے اندازہ ہوا کہ یہ مزاح تھا اور ہنس کر خوش ہوئی اور فخر محسوس کیا کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے اس قدر بے تکلف ہوئے کہ میرے ساتھ مزاح فرمایا (لطائف علمیہ ص۱۰) اس کے علاوہ بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مزاح کے بہت سے واقعات کتب احادیث میں موجود ہیں جو مزاح کے سنتِ مستحبہ ہونے پر دال ہیں۔ لیکن یہ تمام واقعات اس بات پر شاہد ہیں کہ مزاح مبنی برصدق ہونا چاہئے اور اس میں ایذا رسانی اور دل شکنی کا پہلو نہ ہونا چاہئے بلکہ مخاطب کی دلجوئی اور نشاط آوری مقصود ہونی چاہئے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صحابہ سے بھی مزاح کے بے شمار واقعات مروی ہیں۔ ایک مرتبہ حضرت ابوبکر صدیقؓ، فاروق اعظمؓ اور علی مرتضیٰؓ ایک دوسرے کے گلے میں ہاتھ ڈالے اس طرح چلے جارہے تھے کہ حضرت علیؓ بیچ میں تھے اور دونوں حضرات دونوں طرف۔ حضرت علیؓ ان دونوں کے مقابلہ میں کچھ پستہ قد تھے، حضرت عمرؓ نے مزاحاً فرمایا: ”عليٌّ بيننا كالنون في لنا“ یعنی علی ہم دونوں کے بیچ میں ایسے ہیں جیسے ”لنا“ کے درمیان نون ہے یعنی لنا کے ایک طرف کا لام اور دوسری طرف کا الف لمبے اور درمیان میں کا نون پستہ قد ہے اس طرح ہم دونوں طویل القامت اور بیچ میں علیؓ پستہ قامت ہیں۔ اس پر حضرت علیؓ نے برجستہ جواب دیا: ”لولا كنت بينكما لكنتما لا“ یعنی ”اگر میں تمہارے درمیان نہ ہوتا تو تم لا ہوجاتے اور کچھ بھی نہ رہتے“ کیونکہ لنا

کے بیچ سے نون ہٹا دیا جائے تو وہ ''لا'' رہ جاتا ہے۔

خلاصۂ کلام یہ کہ مزاح ایک فطری جذبہ ہے انسان سے اس کا صدور مذموم اور قبیح نہیں بلکہ ممدوح اور مقصود ہے اس کا صدور انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام سے بھی ہوا ہے صحابہ کرام سے بھی اور اولیائے کرام سے بھی۔ حضرت غوثِ اعظم پیرانِ پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی جلالتِ شان سے کون ناواقف ہے؟ کسی نے آپ کو ایک بہت ہی قیمتی چینی آئینہ ہدیۃً دیا تھا حضرت کبھی کبھی اس میں اپنا چہرہ دیکھ لیا کرتے تھے اتفاقاً وہ آئینہ خادم کے ہاتھ سے گر کر ٹوٹ گیا اس کو بڑا ہی ڈر ہوا کہ حضرتؒ عتاب فرمائیں گے اس نے ڈرتے ڈرتے حضرت سے عرض کیا از قضاء آئینۂ چینی شکست (قضاء وقدر کی وجہ سے وہ چینی آئینہ ٹوٹ گیا) تو حضرت نے یہ سن کر فی البدیہ فرمایا خوب شد اسبابِ خود بینی شکست (اچھا ہوا کہ خود بینی کا ذریعہ اور سبب ٹوٹ گیا) (حضرت تھانوی کے پسندیدہ واقعات ص ۵۰)

الغرض مزاح ایک سنتِ مستحبہ ہے جو لوگ اسے اپنی وقار اور شان کے خلاف سمجھتے ہیں وہ بہت بڑی غلطی پر ہیں جبکہ یہ شان نبوت کے خلاف نہیں۔ شانِ صحابیت کے خلاف نہیں۔ شانِ ولایت کے خلاف نہیں۔ تو ہما شما کی شان کے خلاف کیسے ہوسکتا ہے؟

البتہ یہ خیال ضرور رہے کہ ہمارا مزاح اور دل لگی کسی کی دل شکنی اور ایذاء رسانی کا سبب نہ ہو۔ اس سے آج کل کے مروجہ اپریل فل کا حکم بھی واضح ہوجاتا ہے کہ وہ ناجائز اور حرام ہے ایک تو اس وجہ سے کہ اس میں اتباع بالغیر اور تشبہ بالغیر لازم آتا ہے اور دوم اس وجہ سے کہ اس میں جو مزاح اور مذاق ہوتا ہے اس میں ایذاء رسانی اور لوگوں کو پریشان کرنا ہوتا ہے۔ اسی طرح جو مزاح مبنی برحق ہو لیکن اس میں ایذاء رسانی کا خطرہ ہو تو وہ بھی ناجائز کے زمرے میں آجائے گا۔ مثلاً کوئی سائیکل یا موٹر سائیکل سوار گذر رہا ہے اس کو کہا کہ آپ کی سائیکل کے پچھلے پہیّے گوم رہے ہیں حالانکہ یہ مزاح مبنی برحق ہے کہ واقعتاً پچھلے پہیّے گھوم رہے ہیں، مگر سوار غلط فہمی میں مبتلا ہو کر پیچھے مڑ کر دیکھتا ہے اور نتیجتاً زمین بوس ہوجاتا ہے ایسے مزاح سے پرہیز کرنا چاہئے واللہ تعالیٰ اعلم.

اللہ تعالیٰ ہمیں جملہ امور میں اتباعِ سنت کی دولت سے سرفراز فرمائے، (آمین)

راجستھان، کرناٹک اور گجرات کے بم دھماکے سوچی سمجھی سازش کا حملہ

مہتمم دارالعلوم مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب کا مذمتی بیان

مرنے والوں کو معاوضہ دینے کی اپیل

دیوبند ۲۹/جولائی:-

مہتمم دارالعلوم حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب نے راجستھان، کرناٹک اور گجرات میں سلسلہ وار ہوئے بم دھماکوں کو ایک سوچی سمجھی سازش کا حصہ بتایا ہے۔ آپ نے کہا کہ یہ تینوں وہ ریاستیں ہیں جہاں بی جے پی کی حکومت ہے، ان دھماکوں کے فوراً بعد ایل کے اڈوانی کا یہ بیان آیا کہ ملک میں پوٹا قانون کا دوبارہ سے نفاذ عمل میں لایا جائے، ان سب باتوں سے دھماکوں کی غرض وغایت واضح ہوجاتی ہے۔ آنے والے سال میں لوک سبھا اور ریاستی اسمبلیوں کے انتخابات ہونے والے ہیں۔ ان دھماکوں سے یہ واضح ہے کہ آتنک وادی پورے ملک میں پھیلے ہوئے ہیں۔ وزیر امور داخلہ ہمیشہ سے ان کی مذمت کرتے چلے آرہے ہیں، خفیہ ایجنسیوں کا یہ مزاج بن گیا ہے کہ جہاں کہیں اور جب بھی کوئی بم دھماکہ ہوا تو شک کی سوئی لشکر طیبہ فوجی ہوجی اور نہ معلوم کن کن تنظیموں کی طرف چلی جاتی ہے۔ وزیر اعظم بار بار کہتے آرہے ہیں کہ ''دہشت گردی کا کوئی مذہب نہیں''۔ ان دھماکوں کا ایک خاص انداز سامنے آرہا ہے کہ بم دھماکے بہت زیادہ شدت کے ساتھ نہیں ہوتے اور ان میں سائیکلوں کا استعمال ہورہا ہے، ان واقعات سے بخوبی واضح ہے کہ اس دہشت گردی کی جڑیں اندرون ملک خاص سیاسی مقاصد کے حصول کے لیے مضبوط سے مضبوط تر کی جارہی ہیں اور کم خرچ پر زیادہ سے زیادہ نقصان ہورہا ہے۔ اس سے ہماری داخلی انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان قائم ہورہا ہے۔ حالیہ دو بم دھماکوں میں ۵۰/ سے زیادہ افراد کے مرنے کی اطلاع ہے، زخمی ہونے والوں کی تعداد کہیں زیادہ ہے۔ سورت اور احمد آباد میں بموں کو ناکارہ بنایا جارہا ہے، کیرالہ، چنئی اور دلی میں ہائی الرٹ کردیا گیا ہے۔ ان حالات میں ملک میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے لیے خطرات پیدا کردیے ہیں، اس سلسلے میں مرکزی سرکار اور ریاسی سرکاریں شبہات کے گھیرے میں آرہی ہیں، سلامتی افواج کی ناکامی سے دہشت پسندوں کے حوصلے بلند ہوں گے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ احمد آباد میں بم دھماکے بنگلور میں ہوئے بم دھماکوں کے ایک روز بعد ہوئے جب کہ ریاستی انتظامیہ کو چوکس کردیا گیا تھا۔ یہ سب ایسے حالات ہیں کہ ہمارے سیاست دانوں اور رہنماؤں کو بخوبی سمجھ لینے چاہئیں۔

سردست تو مرنے والوں اور زخمیوں کو بڑی رقومات بطورِ امداد ملنی چاہیے اور اصل مجرموں کا پتہ لگا کر ان کو منظر عام پر لانا چاہیے، نیز یہ سب کام ذمہ داری سے انجام دیئے جانے چاہئیں تاکہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہوسکے۔ بلاشبہ یہ دھماکے ملک کی قومی یک جہتی کیلئے خطرہ ہیں انکی جس قدر مذمت کی جائے کم ہے۔

جاری کردہ: دفتر اہتمام دارالعلوم دیوبند

دارالعلوم دیوبند کا ترجمان

ماہنا□

دارُالعُلوم

شمارہ□□ -□	شوال-ذیقعدہ□□□ھ مطا□ اکتو□-نومبر□□□ء	جلد□□

نگراں
حضرت مولا□ □غوب الرحمٰن صا□ □
مہتمم دارالعلوم دیوبند

مد□
حضرت مولا□ حبیب الرحمٰن صا□ □
ا□ذ دارالعلوم دیوبند

□سیل زر کا پتہ□ دفتر ماہنا□ دارالعلوم دیوبند- ۲۴۷۵۵۴ □ □□

ہندو□ان سے فی شمارہ-□□روپے، سالا□-□□□روپے
□دی عرب، افریقہ، □طا□، ا□یکہ، □ڈا و□ہ سے سالا□-□□□روپے
بنگلہ دیش سے سالا□-□□□روپے، □کستان سے ہندو□انی رقم-□□□روپے

Tel. : 01336-222429 Fax : 01336-222768
Mob. : 09411649303 *(Manager)*
Web : http://www.darululoom-deoband.com
www.darululoom-deoband.com/urdu/magazine
E-mail: info@darululoom-deoband.com

R. N. I. No. 2133/57

DARUL ULOOM Monthly (Urdu) Printed, Published by Maulana Marghubur Rahman,
Owned by Darul Uloom Grush. Published From Deoband, Saharanpur, U.P.
Printed at Darul Uloom Printing Press Deoband, Saharanpur
Editor : Maulana Habibur Rahman Azmi

فہر مضامین

نمبرشمار	نگارش	نگارش نگار	صفحہ
۱	حرفِ آغاز	حبیب الرحمٰن اعظمی	۳
۲	احکام الٰہی اور حقوق انسانی کا جامع منشور خط حجۃ الوداع	ڈاکٹر مفتی محمد شمیم اختر قاسمی	۷
۳	نگاہِ نبوت کی ضی	محمد حنیف ای	۲۶
۴	تحقیق الکلام فی بیان اللب لوجوب الاحکام	رشید احمد فری ی	۳۱
۵	اسلام، امن عالم اور احترام انسا س	سہیل اختر اڑ	۷۲
۶	دارالاسلام و دارالکفر ...	مولا یفہ و نوی	۸۱
۷	ای غاصب ری کا وجود....	محمد مونس قاسمی	۶۸
۸	ہندوتوا- دیتے ہیں دھوکا یہ زی کھلا	غلام رسول دیشمکھ	۹۱
۹	عالمی، غذائی، تو ئی، ماحو تی بحران کا مجرم...	ڈاکٹرا فاروقی	۹۵
۱۰	شیخ الحدی والتفسیر مولا ا سلمہ شفیع احمد بہاریؒ...	مولا رشید احمد فری ی	۱۰۰

ختم خریداری کی اطلاع

○ یہاں ا سرخ نشان ہے تو اس ت کی علامس ہے کہ آپ کی مدت یاری ختم ہوگئی ہے۔

- ہندو نی یار آرڈر سے اپنا چندہ دفتر کو روا کر ۔
- چونکہ رجسٹری میں اضافہ ہوگیا ہے۔اس لیے وی میں صرفہ زا ہوگا۔
- کستانی حضرات جناب مولا شیر محمد صا ظم جامعہ مد ،کر رک، راوی روڈ، لاہور کو اپنا چندہ روا کر ۔
- ہندو ن کستان کے تمام یاروں کو یاری نمبر کا حوا دینا ضروری ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حرفِ آغاز

حبیب الرحمن اعظمی

یہ ت روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ آر.ایس.یس کو میں عمولی دلچسپی ہے۔ ہندو ان آئینی اعتبار سے کیسا ملک ہو، اس کے د ری ڈھانچہ کی شکل کیا ہو، ملک کی سی و اقتصادی لیسی کس نوعیت کی ہو و ہ کے تمام شعبوں کے رے میں اس تنظیم کے اپنے مخصوص نظر یات طے شدہ منصو اور متعینہ اصول ہیں جن کا اظہار اس کے سرسنگھ چالک اور دیگر اہم لوگ موقع موقع کرتے رہتے ہیں۔ اس کے وجود بھی اَ وہ سی تو پھر سی کسے کہا جائیگا۔

پھر یہ بھی ای زہ حقیقت ہے کہ یہ تنظیم رے طور فارشسٹ سی نظر یات سے متا ر ی کی بجائے آ ی کی حامی رہی ہے اور مضبوط ریخی شواہد بتاتے ہیں کہ اس کے رہنماؤں نے ہٹلر اور مسولینی کے قومی و سی نظر یات سے اہ را ا دہ کیا ہے اور ان سے بیحد متا ہیں۔ اس کے ے روں نے اٹلی اور جا کر فاشزم کی تعلیم و بیت حاصل کی ہے۔ چناں چہ ہندو سماج کو فوجی بیت دینے کی ضرورت و اہمیت کوا ں نے اٹلی و کے ماڈلوں کو دیکھنے کے بعد ہی محسوس کی آج ملک میں اس کی شا ؤں کا جو جال ہوا ہے، وہ درحقیقت اسی فاشسٹ ذہنیت کی آبیاری کرتے ہیں اور ا شا ؤں کے ذریعہ ہندو فاشزم کے زہریلے اثیم نسل کے ا رسرا کیے جاتے ہیں۔

و میموریل میوز لا ی دلی میں ا متعدد ریکارڈ محفوظ ہیں جن میں ہٹلر اور مسولینی سے ان کے تعلقات کے ثبوت ہیں۔ اس ریکارڈ کے مطا سنگھ کے نی ہیڈ ار کے قریبی ساتھی، دو اور مشہور ہندو وادی .ایس نجے ہندو ن کے اولیں ر ہیں جن کا اٹلی و کے ان فاشسٹ حکمرانوں سے رابطہ ہوا۔ فروری، مارچ ء میں گول میز کانفرنس سے وا نجے نے

اٹلی کا سفر کیا۔ اور وہاں کے اہم فوجی اسکولوں اور اداروں کا بغور جائزہ لیا۔ اور اٹلی کے ڈکٹیٹر مسولینی سے بھی ملاقات کی۔ اٹلی میں فاشزم کی تعلیم و تربیت کے لیے جو تنظیمیں اس وقت سرگرم عمل تھیں انھیں بھی قریب سے دیکھا چناں چہ مونجے اپنی ڈائری میں ان تنظیموں کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ان میں بلِلّہ تنظیم کا ڈھانچہ اور اس کا نظریہ مجھے پسند آیا اور میں اس سے بیحد متاثر ہوا۔

اس موقع پر یہ بات ذہن نشین رہنی چاہیے کہ اٹلی کی فوجی تنظیم نو کے لیے مسولینی نے خود اس تنظیم کو تشکیل دیا تھا۔ آگے مونجے لکھتے ہیں فاشزم کا نظریہ کس طرح لوگوں کو اتحاد کے بندھن میں باندھ سکتا ہے اس کا پتہ اس تنظیم کے دیکھنے سے اچھی طرح لگ جاتا ہے۔ ہندوستان، خاص کر ہندو بھارت کو بھی ایسی تنظیموں کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر ہیڈگیوار کی قیادت میں ہماری تنظیم راشٹریہ سویم سیوک سنگھ بھی اسی طرز پر بنی ہے۔ ڈاکٹر ہیڈگیوار کی اس تنظیم کی ترقی اور مہاراشٹر اور اس سے باہر اس کی توسیع کے لیے میں تاحیات سرگرم عمل رہوں گا۔

یہ بات اہل نظر سے مخفی نہیں ہے کہ آر.ایس.ایس اور مسولینی کی بلِلّہ تنظیم کے طریقۂ کار میں کافی حد تک مماثلت پائی جاتی ہے۔ بلِلّہ تنظیم میں سے سال کے لڑکے لڑکیاں شامل کی جاتی ہیں۔ ان کی ہفتہ وار میٹنگیں ہوتی ہیں جہاں وہ لوگ جسمانی ورزش اور فوجی مشقیں کرتے ہیں۔ آر.ایس.ایس کی شاخاؤں میں بھی یہی سب کچھ ہوتا ہے۔

مونجے اپنی ڈائری میں یہ بھی انکشاف کرتے ہیں کہ

مارچ ء کو سہ پہر بجے میں مسولینی سے ملنے گیا۔ دروازہ پر آکر انھوں نے میرا پرتپاک استقبال کیا۔ دوران گفتگو انھوں نے مجھ سے دریافت کیا کہ کیا میں نے ان کی تنظیمیں دیکھی، میں نے بتایا کہ میں ان کی قائم کردہ بلِلّہ تنظیم سے کافی متاثر ہوا ہوں، اور میں مانتا ہوں کہ اٹلی کو ایسی تنظیموں کی ضرورت ہے اور ہمارے ملک ہندوستان کو بھی۔ میں نے انھیں مقاصد کے تحت اپنے ملک میں بھی ایسی تنظیمیں قائم کی ہیں۔

ہندوستان واپس آکر مونجے نے اپنے دوست ہیڈگیوار کو کافی متاثر کیا جس کے نتیجے میں آر.ایس.ایس نے اپنے پلیٹ فارم سے مونجے کو فاشسٹ نظریات کی اشاعت و تبلیغ کی کھلی چھوٹ دے دی۔ چناں چہ اسی سلسلہ میں جنوری ء کو "فاشزم اور مسولینی" کے عنوان سے ایک کانفرنس منعقد کی گئی جس کی صدارت خود ہیڈگیوار نے کی تھی اور مونجے نے اس میں افتتاحی تقریر کی تھی۔

اس کانفرنس کے چند ماہ بعد مارچ ء کو مونجے، ہیڈگیوار اور لالو گوکھلے کی ایک خفیہ

□ ہوئی، جس میں گوکھلے نے یہ سوال اٹھا□ کہ ہندوؤں کو کس □بیر سے منظّم کیا جاسکتا ہے؟ اس کے جواب میں □نجے نے کہا کہ ہندوؤں کی مذہبی کتا□ں میں اس اتحاد کی بنیاد □ئی جاتی ہیں لیکن انھیں □وئے کار لانے کے لیے ضروری ہے کہ قد□ زمانے کے ''شیواجی'' □ □□ دور کے مسولینی□ ہٹلر جیسے کسی ہندو ڈکٹیٹر کے □تھوں میں ہندو□ ان کی □گ ڈور ہو۔ ہمیں اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے ای□ منصو□□تیب دے کر اس کی تشہیر و تبلیغ کے لیے سر□م عمل ہو جا□ چاہیے۔ اسی منصو□ کے مطا□ □نجے اور ان کے ساتھیوں کی کوششوں سے □□□□ء میں مسولینی کے فکری و عملی طرز □ بھونسلا ملٹری اسکول قائم کیا گیا اور دی سینٹرل ہندو ملٹری ایجوکیشن سوسائٹی کی تشکیل کے لیے فضا ہموار کرنے کا کام شروع کرد□ گیا۔

آر.ایس.ایس کے □نی ہیڈ □ار □□□□ء سے □□□□ء تک □جس ہندو □ سبھا کے سکریٹری رہے □□□□ء سے □□□□ء تک □''ساورکر'' اس کے صدر رہے۔ جو اٹلی کے مسولینی کے مقابلہ میں □ □ کے ہٹلر سے ز□ دہ متا□ تھے انھیں کے زما□ میں □ سبھا کی مسلم □لفت کھل کر سامنے آئی اور ی□ت واضح ہوگئی کہ ان فاشسٹ تنظیموں کے نظریہ کے مطا□ مادرِ وطن کے مبینہ دشمن کون ہیں۔

□/اکتو□ □□□□ء کو مالیگاؤں میں تقر□ کرتے ہوئے ساورکر نے ہٹلر کی یہود دشمن □ لیسی کو در □ قرار دیتے ہوئے کہا ''ملک کی تعمیر اس کے اکثریتی فرقہ کو لے کر ہوتی ہے □ کہ اقلیتی فرقہ کو لے کر اس لیے □ □ میں یہود□ں کا کیا کام؟ اچھا ہوا کہ اقلیت ہونے کی بنا□ انھیں ملک □ر کرد□ گیا۔'' اس کے تقریباً دو ماہ بعد □/دسمبر □□□□ء کو ای□ موقع □ا□ں نے کہا۔ ''□ □ میں □ن لوگوں کی تحری□ قومی تحری□ ہے. □ کہ یہود□ں کی تحری□ فرقہ □ □□بنی ہے۔''

ان بی□ت کی روشنی میں ہندو□نی اقلیتوں کے سلسلہ میں ان کے نظریہ کو بخو□ سمجھا جاسکتا ہے۔

ہندو قوم □ □ں کے فاشسٹ نظریہ کی وضا□ □ و میموریل میں محفوظ □نجے کے اس خط سے بھی ہوتی ہے جو ا□ں نے '' □ ے'' کو لکھا تھا۔ اس میں □نجے □ی صرا□ سے لکھتے ہیں□

''مسلمان شرارت پسند ہوگئے ہیں کانگریس ان کا مقابلہ کرنے کی بجائے ان کے آگے سرِ تسلیم خم کیے ہوئے ہے۔ اس لیے ہمیں گا□ھی اور مسلمان دونوں سے لڑ□ ہوگا، اس کے لیے آر.ایس.ایس کا استعمال آسان اور مفید ہوسکتا ہے □ □ کا مقابلہ آ□ کار رائفل سے ہی کر□ ہوگا۔''

ی□ ریخی شواہد صاف بتا رہے ہیں کہ آر.ایس.ایس اور ہندو □ سبھا جیسی تنظیمیں خالص

سیاسی پارٹیاں ہیں اور یہ تنظیمیں ہٹلر اور مسولینی جیسے ڈکٹیٹروں کو جنھیں ساری دنیا نے مسترد کردیا ہے اپنا آئیڈیل مانتی ہیں اور تشدد و جارحیت کے ذریعہ ہندوستانی اقلیتوں کو پامال اور مادر وطن سے انھیں باہر نکال پھینکنا ان کا بنیادی مقصد ہے۔

اس سلسلے میں یہ بات بھی پیش نظر رہنا چاہیے کہ کل کی جن سنگھ اور آج کی بھارتیہ جنتا پارٹی بھی دراصل آر.ایس.ایس ہی کا سیاسی حصہ ہے۔ ہندوستان کی سیاسی پارٹیوں کی تاریخ سے واقفیت رکھنے والوں سے یہ حقیقت مخفی نہیں ہے کہ ڈی، جے، پی کے بانی ڈاکٹر شیاما پرشاد مکھرجی نے نہرو کابینہ سے مستعفی ہوکر ایک قومی سیاسی پارٹی بنانے کا فیصلہ کیا تو انھوں نے اس وقت کے آر.ایس.ایس کے سرسنگھ چالک گورو جی ہی سے کارکن مانگے تھے چناں چہ انھیں سوئم سیوکوں کو لے کر مکھرجی نے باضابطہ طور پر بھارتیہ جن سنگھ کی تشکیل کی جس کے وہ خود صدر بنے اور پنڈت دین دیال اپادھیائے جنرل سکریٹری مقرر ہوئے۔ بعد میں کشمیر آندولن کے دوران گرفتار ڈاکٹر مکھرجی کی جیل میں موت واقع ہوگئی تو لگتا تھا کہ یہ نوزائیدہ پارٹی دم توڑ دے گی تو اس وقت آر.ایس.ایس کے سوئم سیوکوں ہی کو یہ ذمہ داری سونپی گئی کہ وہ اس پارٹی کو زندہ رکھنے اور اسے بڑھانے کی بھرپور کوشش کریں۔

بھارتیہ جنتا پارٹی کی اپنی یہ ابتدائی تاریخ یہی بتاتی ہے کہ اس کا جنم آر.ایس.ایس ہی کے توسط سے ہوا ہے۔ علاوہ ازیں خود آر.ایس.ایس بھی اسے اپنی ہی پارٹی مانتی ہے۔ چنانچہ آر.ایس.ایس کے اشاعتی ادارہ سروچی پرکاشن سے شائع کتاب ''آر.ایس.ایس ایک تعارف'' میں جن پچیس تنظیموں کو اس نظریاتی تنظیم بتایا گیا ہے اس میں ایک نام بھارتیہ جنتا پارٹی کا بھی ہے۔

اپنی غلطیوں کی بنا پر اقتدار کی کرسی سے بید خل ہوجانے کے بعد بھارتیہ جنتا پارٹی نے آج کل اپنے جنم داتا آر.ایس.ایس کے حکم پر اڈوانی کو پھر سے پارٹی میں اولیت دی جارہی ہے، اڈوانی جی فرقہ پرستی، تنگ نظری، اقلیت دشمنی اور فسادات کروانے ہی میں اپنی ایک خاص پہچان رکھتے ہیں، آر.ایس.ایس پریوار کا خیال یہی ہے کہ اڈوانی ماضی کی طرح اس وقت بھی ملک کو فرقہ پرستی کی آگ میں جھونک کر پھر سے اقتدار کی کرسی کو حاصل کرنے میں کامیاب ہوجائیں گے۔

اس وقت ہندوستان کے افق پر دہشت گردی اور فرقہ پرستی کے جو بادل منڈلا رہے ہیں وہ اسی پالیسی کا نتیجہ ہے۔

نہ سمجھوگے تو مٹ جاؤگے اے ہندوستان والو

احکام الٰہی اور حقوق انسانی کا جامع منشور

خطبہ حجۃ الوداع

ڈاکٹر مفتی محمد شمیم اختر قاسمی

نبی اکرم کی زندگی کے آخری رسال جس میں آپ نے کار نبوت انجام دیا، اس میں بھی بالخصوص مکی زندگی بڑی صبر آزما اور تکلیفوں سے بھری ہوئی ہے۔ اس عرصے میں ایسی ایسی مشکلیں اور ال سامنے آئیں، جن کا آپ نے خندہ پیشانی اور حکمت سے مقابلہ کیا۔ چوں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ کو اپنا آخری نبی منتخب کیا تھا اور ری د کے لیے اسوہ و بنایا تھا۔ اس لیے آزمائشیں بھی آپ کی زندگی کا گئی تھیں۔ کار نبوت انجام دیتے ہوئے جتنے کٹھن احل سے آپ کو ا، اتنا انبیائے سابقین میں سے کسی کے بھی حصہ میں آیا۔ اس لیے اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ کے مقام و رتبہ کو تمام انبیا سے بلند کر دیا ورفعنا لك ذكرك اور اسی وجہ سے آپ کو ’رحمۃ للعالمین‘ کے خطاب سے بھی نوازا۔

نبی اکرم نے اپنی وفات سے سال قبل کار نبوت کا آغاز ’کوہ صفا‘ سے کیا تھا۔ آپ کی لگی اہل مکہ کے کانوں پہنچیں تو وہ آپ کے لف اور جان کے دشمن گئے۔ پھر بھی آپ نے اپنے فرائض کو انجام دینے میں کسی طرح کی کوئی کمی کی۔ لفت کی انتہا ہوگئی تو دل نخواستہ آپ کو اپنے اصحاب کے ساتھ مدینہ ہجرت کرنا ا۔ لیکن یہ عجیب ت ہے کہ جس کام کا آغاز آپ نے مکہ کے کوہ صفا سے کیا تھا اور شدید ری کی بنا اللہ کے حکم سے نقل مکانی کیا تھا، اس کی تکمیل بھی وہیں آکر ہوئی اور ٹھیک اسی مقام ہوئی، میدان عرفات کہا جاتا ہے۔ یہیں آپ نے اپنا ریخ ساز خطبہ دیا، ’’حجۃ الوداع‘‘ کہا جاتا ہے۔ اس خطبہ کے

رکن ادارۂ تحقیق و اسلامی، نبی نگر، دھوررا، علی ھ

بعد قرآن کر□ کی مندرجہ ذیل آ□□ □زل ہوئی جس میں تکمیل د□ کی صرا□ □ کی گئی ہے:

”الْيَوْمَ □ كْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَ□تْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الإِسْلَامَ دِيناً۔“(المائدہ:۳)

□ آج ہم نے تمہارے د□ کو تمہارے لیے مکمل کرد□ اور اپنی نعمت تم □ تمام کردی اور تمہارے لیے اسلام کو د□ کی حیثیت سے قبول کر□ ہے۔□

□ رسال کی مدت میں قرآن کر□ □زل ہوا۔ اس میں ان تمام احکام کو بیان کرد□ جن سے انسا□ ہدا□ □ ورہنمائی حاصل کرسکتی اور نشان راہ متعین کرسکتی ہے۔ اس میں ان چیزوں کی بھی نشان دہی کردی گئی ہے جن سے د□ میں عروج وزوال اور انقلاب □□ ہوگا۔ گو□ کہ یہ □را عرصہ احکام □او□ی کے □ول کا □ زما□ ہے۔ اس میں اللہ کے رسول □ کا عمل یہ □ کہ جو کچھ □ا کی طرف سے □زل ہو□ پہلے خود اس □ عمل کرتے پھر اسے اس کے بندوں □ جوں کا توں پہنچادیتے۔

احکام □او□ی کا □ول حسب ضرورت گاہے گاہے ہو□ □ ہے۔ فتح مکہ کے بعد قر□ □ قر□ □ کار نبوت کی تکمیل بھی ہوگئی تھی۔ اس کے بعد□□ ھ میں آپ □ صحا□ کرام کی ا□ □ □ی □ □ کے ساتھ حج ادا کیا اور آپ □ نے انسانی حقوق کے تحفظ کا عالمی وا□ی خطبہ د□ جس میں □ری □□ رسا□ تعلیمات الٰہی کا خلاصہ آگیا ہے۔ آپ □ نے جس عہد، ماحول اور حالات میں خطبہ د□ وہ آج کے عہد سے □ لکل مختلف تھا۔ امتداد زما□ کے ساتھ اس کی اہمیت وافاد□ □ میں اضافہ ہی ہو□ جا□ ہے اور معنو□ □ □ھتی جارہی ہے۔ اس وقت د□ کی جو حا□ □ تھی اس کا ا□ازہ مندرجہ ذیل اقتباس سے بخو□ لگا□ جاسکتا ہے:

”آج سے □□□ رسو□ں پہلے □ □ کہ □ انسا□ □ نے اپنا خطبہ انقلاب ارشاد فرما□ تھا، اس وقت کی آ□ د د□ بہرحال آج کل کی طرح وسیع □ تھی۔ ا□ یکہ کے دونوں □ اعظم ہنوز گوشۂ □می میں تھے۔ آ□ یلیا در□ فت □ ہوا تھا، افریقہ کے □ے حصے □ آفتاب تمدن کی روشنی □ پہنچ سکی تھی، ایشیا و□رپ کے انتہائی شمالی علاقے اجاڑ اور □آ□ د تھے۔ □ں ا□ عرب، چین، ہندو□ن، ا□ان، عراق، شام، مصر، مغرب اقصیٰ، حبشہ، □□ن، اطالیہ، فرانس، اسپین، جنو□ روس، بحیرۂ □لٹک کا مشرقی اور جنو□ حصہ. □ لینڈ، اسکینڈے نیو□ اور □طا□ و□ ہ میں ا□ چہ تہذ□ □ و تمدن کی روشنی

موجود تھی، کہیں زیادہ کہیں مدھم۔ یعنی یہ ظاہر ہے کہ ہر جگہ تہذیبی ترقی یکساں ہوئی تھی نہ تمدن، مذہب، اور اخلاق ومعاشرت کا حال ایک جیسا تھا۔"[1]

ایک روایت کے مطابق ایک لاکھ سے زائد افراد نے اس خطبے کو سنا۔ اس اجتماع میں نہ صرف انتہائی ادنیٰ قسم کے دیہاتی و بدوی موجود تھے۔ بلکہ وہ لوگ بھی تھے جو عرب کے انتہائی اعلیٰ واشرف شمار کیے جاتے تھے اور جو خود اپنے قبیلے یا خاندان کے سربراہ وسردار تھے۔ اس میں وہ لوگ بھی تھے جو علم وتقویٰ میں بڑی بلندی پر فائز تھے اور درِ رسول کے ساختہ، پرداختہ اور تربیت یافتہ تھے۔ اس تمام خطبہ کو سارے مجمع نے بیک آواز سنا اور کہا بے شک آپ نے اللہ کے احکام کو ہم تک پہنچادیا اور اسے ہم دوسروں تک پہنچائیں گے۔ اس اقرار کا عملی ثبوت بھی آپ کے اصحاب نے آپ کی زندگی میں اور آپ کے دنیا سے رحلت کر جانے کے بعد پیش کیا، جس کی وجہ سے اسلام مختصر مدت میں دنیا کے انتہائی دور دراز خطوں میں پہنچ گیا، جس کی ایک جھلک مندرجہ ذیل اقتباس میں دیکھی جاسکتی ہے۔ قاضی اطہر مبارکپوری لکھتے ہیں:

"دوسری صدی ہجری کے آغاز ہی میں اسلام مغرب میں اندلس تک اور مشرق میں ہندوستان اور سندھ تک پہنچ چکا تھا۔ ایشیا، افریقہ اور یورپ تینوں برّ اعظموں پر اس کا سایہ پڑ رہا تھا اور ان کے شہروں سے لے کر میدانوں تک میں یقین وعمل کی بیداری پیدا ہو رہی تھی، مجاہدینِ اسلام اپنے جھنڈوں کے سایہ میں آگے بڑھ رہے تھے، ان کے پیچھے علمائے اسلام کتاب وسنت اور اپنی علوم کی بساط بچھاتے جاتے تھے اور عوام اسلام کے زیر سایہ امن وامان کی زندگی بسر کر رہے تھے۔ ہر طرف اسلامی قدریں ابھر رہی تھیں، شہروں اور آبادیوں میں اسلامی تہذیب وثقافت کا چرچا ہو رہا تھا۔ عباد و زہاد کا مشغلہ زہد وتقویٰ، علماء ومحدثین کا حلقہ درس، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا زور، کفر وشرک کے اندھیروں میں توحید ورسالت کی روشنی اور مشرق سے لے کر مغرب تک ایک قوم کا وجود، یہ تمام چیزیں ساری دنیا کو اقبال مندی کا مژدہ سنا رہی تھیں اور اس دور میں مسلمانوں کی دینی، علمی، فکری، ایمانی اور اسلامی قدریں پورے التزام ونشاط کے ساتھ ابھر رہی تھیں، مغرب اقصی اور اندلس سے لے کر خطا اور سندھ تک امت واحدہ کی تشکیل ہو رہی تھی، سندھ سے گزر کے ہندوستان کے بہت سے علاقے پہلی صدی ہجری کے آخر تک اسلام

کے ز آچکے تھے۔ بنی امیہ کے حکام وعمال اور ان کے بعد بنو عباسیہ کے حکمراں سندھ قا ودخیل تھے اور یہ علاقہ اسلامی خلافت کے ماتحت عالم اسلام کا ای قانونی حصہ قرار چکا تھا‘‘۔

اس ای منشور خطبہ حجۃ الوداع کے فذ ہوتے ہی قوموں وملکوں کی حا ل گئی۔ تہذی وتمدن نے جلوے دیکھے اور ذہن وفکر کو روشنی ملی۔ لیکن ریخ اسلامی کے طویل عرصہ کے بعد حالات نے رخ لا، لوگوں کے اردو کی جا محبت اور خودغرضی آئی اور طل حکومتوں کا وجود عمل میں آی تو اس الٰہی ونبوی منشور جس میں صرف حقوق انسانی کا احترام ملحوظ ہے بلکہ ومعا ت اور عبادات کے معیار کو بھی متعین وواضح کیا گیا ہے کی خلاف ورزی کی گئی اور طرح طرح کے اعتراضات کیے گئے۔ عوام کی توجہ اپنی طرف وز کرنے کے لیے مختلف ملکوں نے اپنے اپنے مفاد کے تحت متعدد منشور تیار کیے اور اس میں حقوق انسانی کا جس از میں استحصال کیا ہے وہ عیاں ہیں، بلکہ ان نکات میں جو مثبت شامل ہیں ان بھی عمل کم ہی کیا جا ہے۔ آ میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے ردسمبر ء میں حقوق انسانی کا چار تیار کیا د کا عالمی منشور قرار وہ بھی عیوب ونقائص اور خودغر وں سے خالی ہے، چہ جائے کہ اس کے قبول کرنے اور کرنے کے سلسلہ میں بظاہر اس کی رائے مختلف ہے۔ اس منشور کے ای دانش ور نے جو تبصرہ کیا ہے، وہ قابل حظہ ہے:

> ’’اس نقطہ کی اہمیت ومعنو ان لوگوں کے ذہنوں میں ز دہ اجاگر ہوسکے گی جو یہ جانتے ہیں کہ حاضر کی وہ د وی جو حقوق انسانی کی نقیب سمجھی جاتی ہے اور اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے ردسمبر ء کو منظور کیا تھا، تجوی وسفارش سے ز دہ اہمیت تھی اور کسی مملکت کے لیے (Universal Declaration of Human Rights) کا تسلیم کر لازمی ولا ی ہے۔ ای کے بقول یہ منشور تحفظ حقوق انسانی کے معاملے میں لکل کارہ اور قابل اعتماد د وی ہے اس منشور کی حیثیت سراسر اخلاقی ہے۔ قانونی نقطۂ نظر سے اس کا کوئی وزن ومقام ہے۔ اس منشور کی رو سے جو معاشی اور سماجی حقوق منظو کیے گئے ہیں وہ ای لغ نظر مبصر کے مطا ، اس کے تسلیم شدہ مفہوم کی رو سے حقوق ہی ہیں۔ یہ تو سماجی اور معاشی لیسیوں کے محض اصول ہیں۔ بلکہ کمیشن ائے

انسانی حقوق میں □□ء کو طے کیے جانے والے اصول کی روشنی میں گو□ منشور کے اعلان سے ای□ سال قبل ہی یہ طے ہوگیا کہ اس کی کوئی قانونی حیثیت □ ہوگی، کوئی ملک چاہے تو اس منشور □ از خود رضا کارا□ طور □ عمل درآمد کرسکتا ہے اور چاہے تو ردی کی ٹوکری میں پھینک سکتا ہے۔''۱۳

قرآن کر□ کی تعلیمات اور حضور □ کے اقوال وافعال اس □ ت □ عادل وشاہد ہیں کہ اسلام میں جبر واکراہ کی گنجائش □ ۔ د □ کے معاملے میں ہر کوئی آزاد ہے۔ اس میں جو کچھ بھی بیان ہوا ہے وہ □ ری انسا س□ کے لیے ہدای□ ورحمت ہے۔ اس طغیانی دور میں بھی جو کوئی اس □ عمل کرے گا بلکہ عمل کرنے کی شدی□ ضرورت ہے تو عزت وبلندی کا مقام حاصل کرے گا اور کبھی بھی کسی کے سامنے اور کہیں بھی ذلیل ورسوا □ ہوگا۔ آپ □ نے اپنے اول اور آ□ ی حج میں جو خطبہ د□ ی وہ احکام الٰہی کا خلاصہ اور نچوڑ ہے، جو □ ری انسا س□ کی فطرت اور ضرورت کے عین مطا □ ہے۔

□ ں تو □ را قرآن ہی انسا س□ کے لیے ہدای□ ورحمت اور شفا ہے، □ اللہ کے رسول □ لوگوں □ پہنچاتے اور احکام الٰہی سے متعارف کراتے رہے۔ اس میں □ صرف انسا س□ کے مقصد تخلیق کو واضح کیا گیا ہے بلکہ اس کے ساتھ نماز، روزہ، ز□ ۃ، حج کی ادا □ کے مطالبہ کے ساتھ توحید کے اقرار کو لازم قرار د□ گیا ہے، جس کے □ کوئی مومن ہی □ ہوسکتا۔ اس میں سماجی ومعاشرتی احکام بھی ملتے ہیں تو روز و□ ب□ ارنے کا پیما□ بھی متعین کیا گیا ہے۔ جا□ □ جا□ اور □ ل وحرام کی تمیز کرائی گئی ہے تو معا□ ت کو بھی اس میں متعین کیا گیا ہے۔ اَ□ جنگ و □ ال کا حکم □ □ صورت میں د□ گیا ہے تو اس کے ساتھ مومن کی اچھی صفت یہ بیان کردی گئی ہے کہ وہ معاف کرنے والا ہو۔ شوہر اور بیوی کے حقوق وتعلقات کو ظاہر کیا گیا ہے تو ماں □ پ کے ساتھ اچھا □ ؤ کرنے کو حصول درجات کا ذریعہ بتا□ گیا ہے۔ اَ□ اولاد کو اور مال کو فتنہ کہا ہے تو اسے عزی□ نعمت قرار دینے میں قرآن پیچھے □ ہے۔ وقت اور حا □ کے تحت دونوں کے مقام و □ تبہ کا لحاظ کیا گیا ہے۔ اعزاء واقارب اور □ وسیوں کے ساتھ حسنِ سلوک کی تعلیم ملتی ہے تو اس میں اللہ کی دوسری مخلوق □ بھی ر□ وکرم کرنے □ زور د□ گیا ہے۔ اَ□ اس میں تعلیم □ وعلم کی اہمیت کو اجا□ کیا گیا ہے تو تقویٰ کو شعار بنانے □ بھی زور د□ گیا ہے۔ اَ□ اس کا تعلق □ م سابقہ سے ہے تو عہد حاضر کو بھی نظر ا□ از □ کیا گیا ہے اور آئندہ رونما ہونے والے واقعات کی بھی اس میں نشان دہی کی گئی

ہے۔گو کہ را قرآن سر ہدای اور معلومات کا ا ا ہے جس کے مثل کوئی کتاب ہو ہی سکی۔اسی قرآنی ہدای کی تعلیمات کو اللہ کے رسول نے اپنے خطبہ میں ا ر کے ساتھ بیان کیا ہے۔جس کی طرف توجہ وز کرنے کی شدی ضرورت ہے۔

فتح مکہ کے ساتھ اسلام رے خطہ عرب میں قری قری پہنچ گیا تھا۔اسے ں بھی کہا جاسکتا ہے کہ اللہ کے رسول کے اس کام کی تکمیل ہوگئی تھی جس کے لیے اللہ نے آپ کو آ ی نبی بنا کر تھا۔کیوں کہ یہیں اسلام کا وہ عظیم تھا جہاں لوگ پہنچ کر ادا حج کرتے تھے۔ اہل اسلام کو مدینہ پہنچنے کے بعد مکہ آنے کا موقع کہ ادا حج کی سعادت حاصل کر ،اس لیے وہ چین و مضطرب رہتے تھے۔ حدیبیہ کا واقعہ اسی منظر میں رونما ہوا تھا۔پھر کفار مکہ کی طرف سے اس کی خلاف ورزی ہوتے ہی آپ نے مکہ ھائی کردی اور اسے فتح کر جو ھ کا واقعہ ہے۔فتح مکہ کے بعد آپ مدینہ چلے آئے۔اگلے سال مسلمانوں کی ی حضرت ابکر رضی اللہ عنہ کی قیادت میں فر حج کی ادا کے لیے مکہ گئی اور آپ مدینہ ہی میں رہے۔بعض سیرت نگاروں کے مطا اس وقت ارکان حج کی تکمیل ہوئی تھی اور اس کے احکام کا ول مکمل ہوا تھا۔ . اس کا ول ہوگیا تو آپ حج کرنے کے لیے عازم سفر ہوئے۔نبوت کے بعد آپ نے اپنا پہلا اور آ ی حج اسی سال یعنی ھ میں ادا کیا۔اس کے لیے آپ اپنے اصحاب کے ساتھ ر ذی قعد ھ ر مارچ ء کو مدینہ سے روا ہوئے۔جوں جوں آپ آگے ھتے جاتے لوگوں کا قافلہ آپ کے ساتھ ہو جا جو خوشی و مسرت سے سرشار تھے۔ لآ یہ قافلہ ر ذی الحجہ ھ ر مارچ ء میں اتوار کے دن مکہ پہنچا۔وہیں لوگ قیام ہوئے۔یہاں کہ ر ذی الحجہ کو نبی اکرم منیٰ کے لیے روا ہوئے ،ں سے ر ذی الحجہ کو نکلے تو ہ سے ر کر عرفات پہنچے اور یہاں وقوف فرما۔یہیں آپ نے اپنا ریخ ساز خطبہ دی۔ابتدائے حج اور خطبہ دینے کے حالات کا ذکر کرتے ہوئے اصح السیر کے لکھتے ہیں:

”وہ سے ا کر حضور نے مکہ سے ہر قیام فرما اور تمام اصحاب م الترویہ یعنی ر ذی الحجہ آپ کے ساتھ وہیں رہے۔اتوار، پیر، منگل، ھ یہ چار روز آپ نے ں قیام فرما اور اس درمیان میں ا نماز قصر ادا کرتے رہے۔ جمعرات کے روز یعنی ر ذی الحجہ کو صبح کے وقت آفتاب بلند ہونے کے بعد تمام

اصحاب کے ساتھ منیٰ کی طرف روا ہوئے۔ جو لوگ ل ہو گئے تھے انہوں نے یہیں سے رذی الحجہ کا احرام ھا۔ احرام کے لیے یہ لوگ مسجد گئے، بلکہ مکہ سے ہر ہی احرام ھا۔ منیٰ میں پہنچ کر آپ نے ظہر اور کی نماز ھی اور رات کو وہیں رہے۔ یہ کی رات تھی۔ پھر کے روز آفتاب طلوع ہوا تو ضب کے را سے عرفہ کی جا روا ہوئے۔ را میں بعض اصحاب تلبیہ کہتے تھے، بعض تکبیر۔ آپ سنتے تھے کسی کو منع کرتے تھے۔ عرفات کے رب کی جا اس وقت ای قریہ تھا، جس کا م ہ تھا، آپ کے حکم سے وہیں آپ کا قبہ نصب ہوا تھا، اس میں آپ ا ے۔ آفتاب ڈھلنے کے بعد آپ کا قہ قصویٰ آ یا، اس آپ سوار ہوئے اور ں سے عرفہ کے وادی میں آئے اور ں او ہی وہ خطبہ عظیمہ ارشاد فرما جو اسلام کی سے ی دو ہے۔''

خطبہ حجۃ الوداع کا کرہ ہوتے ہی عام طور سے ذہن میں اس کا وہ حصہ دش کرنے ہے، جس میں چند بنیادی توں کے ساتھ انسا کا احترام اور اس کے حقوق کی حفاظت کا ذکر ملتا ہے۔ یہی حصہ کتب متون اور سیر میں بھی ملتا ہے۔ حالاں کہ یہ خطبہ اس سے بھی زیادہ طویل ہے جس میں اسا ت اسلام، اجتماعات، دینیات، عبادات اور معا ت کی تعلیم مختصر اور جامع ا از میں دی گئی ہے۔ اس موقع آپ نے خطبے ارشاد فرمائے تھے۔ پہلا رذی الحجہ کو عرفات کے میدان میں، دوسر رذی الحجہ کو منیٰ میں اور تیسرا بھی رذی الحجہ کو منیٰ میں د۔ لیکن ان تینوں میں عرفات کا خطبہ زیادہ اہم ہے۔ تعجب کی ت ہے یہ خطبات یکجا کسی کتاب میں موجود ہیں۔ ا اس کے ا ار مختلف کتا ں میں منتشر ضرور ہیں۔ بعد کے زما میں سیرت رسول جو کام ہوا ہے اس میں بھی رے خطبات ملتے۔ کچھ سالوں قبل کستان سے ماہ نقوش کا خصوصی شمارہ ''رسول نمبر'' کے م سے شائع ہوا تھا جو ضخیم جلدوں مشتمل ہے، اسکی تکمیل کیلئے علمی د کی اہم شخصیات کی مدد لی گئی تھی، اس میں بھی را خطبہ ملتا۔ ا مولا غلام رسول حوم نے کافی حد اسکی تلافی کرنے کی کوشش کی ہے ہم وہ بھی مکمل ہے۔ اس کمی کا احساس راقم کو پہلے سے تھا۔ کیوں کہ میں نے ء میں علی ھ مسلم نیور کے ''سیرت ا '' کے مقابلہ ان نو نوان ''انسانی حقوق کا تحفظ خطبہ حجۃ الوداع کی روشنی'' میں حصہ، تو اس کی تیاری میں بہت سی کتا ں کا مطالعہ کیا، کہیں مکمل خطبہ

۔سیرت نبوی ا سعد کی ت ی اہم مانی جاتی ہے اس میں بھی رے خطبہ کا ذکر ہے۔اس وقت سے ہی اس کی تلاش جاری تھی۔ چند دنوں قبل ای کتاب ''حجۃ الوداع'' نظر ی جو بیت ا لاہور سے ء سے شائع ہوئی ہے، تو ی خوشی ہوئی کہ اس کمی کا ازا ہوگیا۔کتاب کے وفیسر ڈاکٹر نثار احمد صا سا رئیس کلیہ ن وصدر اسلامی ریخ جامعہ کراچی ہیں۔انھوں نے رے خطبہ کومختلف ما کے مدد سے مع حوا دفعات کی شکل میں جمع کر ہے۔اس سے خطبہ کی افادی ھ جاتی ہے اور علم وتحقیق کی د میں ای چیز کا اضافہ ہوگیا ہے۔اس کے علاوہ اسی عنوان سے ای کتابچہ بھی شائع ہوا ہے، جس کے مولا فضل الرحمٰن اعظمی ہیں جو افریقہ میں ر مات انجام دے رہے ہیں، اس میں بھی تشنگی موجود ہے، جس سے قاری مطمئن ہو۔ وفیسر مذکور کی کتاب سے خطبے کا عر متن کرنے کے بجائے اس کا اردو جمہ یہاں نقل کیا جا ہے کہ اس کی اہمیت کا صرف ا ازہ لگا جاسکے بلکہ اس سے ری طرح ا دہ کیا جاسکے۔کیوں کہ بقول ای سیرت نگا

''ای عظیم الشان بین الاقوامی د وی ہے، جو صرف اپنے دور میں آ گے پیچھے کی کوئی مثال رکھتی، بلکہ آج بھی انسا کے س ا عظیم منشور حقوق موجود ہے، دینی تقدس کے ساتھ فذ کرنے کے لیے ای عالمی امس کام کرنے کے لیے تیار کی گئی۔اس کے بعض ا ار دور میں دوسروں کی د وی ات میں بھی ملتے ہیں۔ ان کاغذی پھولوں میں عمل کی خوشبو کبھی پیدا ہوسکی۔ پھر حجۃ الوداع کے اساسی عقا کے علاوہ بعض اہم ا ار ا ہیں جن کی قدرو سے ہماری آج کی د آشنا ہی ۔''۵

اس خطبہ نے انسانی د جوا ات ڈالے ہیں اور اس سے قوموں وملکوں کی حا زار میں جو تبدیلی واقع ہوئی ہے اس کا ذکر کرتے ہوئے اسی سیرت نگار نے یہ بھی تحر کیا ہے

''خطبہ حجۃ الوداع ی ہی خو سے اس حقیقت کو اجا کر دیتا ہے کہ اب کے دو ہزار سا دو ریخ میں حضور آ الزماں وہ پہلی مبارک ہیں جو ساری انسا کے لیے وسیع اور جامع پیغام لے کر آئے اور اس پیغام کو ای تحر ی کی شکل میں جاری کیا، اس مبنی قائم کی اور اسے د کی تمام اقوام پہنچانے کے لیے شہدا علی الناس کی ای قائم کر دی۔''۶

خطبہ حجۃ الوداع

حصہ الف دیباچہ

تعریف اللہ کے لیے، ہم اس کی حمد وثنا کرتے ہیں اور اسی سے مغفرت طلب کرتے ہیں، اسی کی طرف رجوع کرتے ہیں اور اسی کے دامن میں اپنے نفس کی شرارتوں اور ے اعمال سے پناہ چاہتے ہیں، جس کو اللہ ہدای عطا کرے اس کو کوئی گمراہ کرسکتا اور جس کو وہ گمراہ کردے اسے کوئی ہدای دے سکتا اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اس کے سوا کوئی معبود ، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی سہیم وشری اور گواہی دیتا ہوں کہ محمد اس کے بندے اور رسول ہیں۔ اما بعد

الف لوگو

میری ت اچھی طرح سن لو، سمجھ لو، کیا خبر، شا اس سال کے بعد اس میری تمہاری قات کبھی ہو سکے۔

ب بندگان ا

آج کے بعد واللہ مجھے معلوم، شا میں تم سے اس مقام کبھی ل سکوں گا۔

ج لوگو

خاموش ہوجاؤ، تم لوگ اس سال کے بعد شا مجھے دیکھ سکو۔

لوگو

سن میں تمہیں وضا کے ساتھ کچھ بتادینا چاہتا ہوں، کیوں کہ شا اس سال کے بعد پھر کبھی تم سے ل سکوں۔

لوگو

حج کے مسئلے ئل مجھ سے سیکھ لو، میں جانتا، شا اس کے بعد مجھے دوسرے حج کی نو آئے۔

اللہ اسے زہ اور شاداب رکھے جس نے میری سنیں اور ا دوسروں پہنچا، بعض اوقات سننے والا سمجھ دار ہو اور کبھی جس کو پہنچا جائے، وہ اس سے

زدہ سمجھ دار نکلتا ہے۔

لوگو

تم لوگ شا مجھ سے آئندہ اس حال میں ل سکو جس حال میں اب مل رہے ہو۔

حصہ ب اسا ت

دفعہ لوگو

۔ تمہارا رب ا ہے اور تمہار پ ا ہے، تم آدم علیہ السلام کی اولاد ہو اور آدم علیہ السلام مٹی سے بنے تھے۔

۔ تم میں سے اللہ کے د معزز وہ ہے جو زدہ تقویٰ شعار ہے، شک اللہ علیم وخبیر ہے۔

۔ دیکھو کسی عر کو کسی عجمی اور کسی عجمی کو کسی عر اور کسی کالے کو کسی سرخ اور کسی سرخ کو کسی کالے، ہ کوئی فضلت وامتیاز ، ں تقویٰ کے س۔

دفعہ بندگان میں تمہیں تقویٰ شعاری اللہ سے ڈرنے کی وصیت کر ہوں اور تمہیں اس کی اطا کا حکم دیتا ہوں کیوں کہ تم اللہ کے سوا کسی اور کے بندے اور اپنے خطبے کا آغاز ت سے کر ہوں۔

دفعہ جان لو جاہلیت کی ہر چیز میرے قدموں تلے رو ی گئی ہے۔

اب تمام آ ر جاہلیت کالعدم اور ساقط ہو گئے ہیں۔

۔ خبردا اہل جاہلیت کی ہر چیز میرے ان دونوں قدموں کے نیچے ہے۔

۔ سن لو جاہلیت کا ہر خون انتقام مال اور آ ر جاہلیت خا انی، موروثی مفا میرے قدموں تلے قیا س کالعدم ٹھرائے جاتے ہیں۔

۔ اور جاہلیت کے تمام فخر وغرور عہدے آ ومفا ختم کیے جاتے ہیں، صرف سدا کعبہ کی نگرانی ونگہبانی اور سقایہ حاجیوں کو نی پلانے کے عہدے ق رہیں گے۔ قتل عمد کا قصاص جائے گا، قتل عمد کے مشا وہ قتل ہے جو لاٹھی پتھر سے وقوع میں آئے اور اس کی د سو او مقرر ہے۔ اس سے ز دہ جو طلب کرے گا وہ اہل جاہلیت میں شمار ہو گا۔

۔ اور ہر قسم کا سود آج ممنوع قرار ہے، ا تمہیں اپنی اصل رقم لینے کا حق ہے، جس میں

اوروں کا نقصان ہے اور تمہارا نقصان، اللہ نے یہ ت طے کردی ہے کہ سود کی گنجائش ہے۔

۔ اور زما جاہلیت کے تمام سود سودی کار ر اب طل ہیں ۔ اور جہاں ۔ کہ عباس عبدالمطلب کے سود کا تعلق ہے تو وہ تمام کا تمام ساقط ہے ۔

۔ اور زما جاہلیت کے تمام خون کے لے، انتقام اب کالعدم ہیں ۔ اور اپنے خا ان میں سے پہلا انتقام میں معاف کرتا ہوں ربیعہ الحارث عبدالمطلب کے بچے کا ہے، جس کی رضا بنی لیث میں ہورہی تھی کہ بنو ہذیل نے اسے قتل کردیا تھا، میں پہل کرتے ہوئے انتقام ئے جاہلیت میں سے خون کا معاف کرتا ہوں۔

۔ لوگو

الف شک ئی مہینوں کو اپنی سے ہٹا دینا ازدیاد کفر کا ہی ہے۔ اس سے کافر گمراہی میں جاتے ہیں کہ ای سال تو اپنی نفسانی غرض سے اسے ل ٹھہراتے ہیں، پھر دوسرے سال کوئی ذاتی غرض ہو اس کو حرام کردیتے ہیں کہ اللہ نے جو کنتی حرام مہینوں کی مقرر کررکھی ہے اسے را کرلیں۔ اس طرح وہ اللہ کے حرام کیے ہوئے مہینے کو ل اور اس کے ل کیے ہوئے کو حرام کرلیتے ہیں۔

ب دیکھو

اور اب زما گھوم پھر کر اسی آگیا ہے جہاں سے کائنات کی پیدائش کا دن شروع ہوا تھا۔ مہینوں کی گنتی تعداد اللہ کے دی سال میں رہ ہے۔ ان میں سے چار محترم، حرام ہیں کہ ذی قعدہ، ذی الحجہ اور محرم تو متوا ہیں اور ای الگ آتا ہے، یعنی ر. جو شہر مضر کہلاتا ہے اور جو دی الثانی اور شعبان کے بیچ ہے اور مہینہ انتیس دن کا بھی ہوتا ہے، تیس کا بھی۔

کہا میں نے اپنی ت تم پہنچا دی ہے؟ تو مجمع نے کہا شک۔ آپ نے فرمایا اے اللہ گواہ رہنا

ج سن لو حج قیامت اب ذی الحجہ کے مہینے کے ساتھ مخصوص رہے گا۔

دفعہ لوگو تمہیں معلوم ہے کہ تم کون سا مہینہ سایہ فگن ہے؟ تم کس دن میں یہاں جمع

ہو؟ کس شہر میں موجود ہو؟ نے کہا محترم شہر اور محترم مہینے میں آپ نے فرمایا

بے شک تمہارا خون ایک دوسرے پر حرام ہے۔

دفعہ اور تمہارا مال و

دفعہ تمہاری عزت و آبرو

دفعہ تمہاری کھال جلد، جسم، ان بھی ایک دوسرے کے لیے معزز و محترم ہے۔

